76. And when they meet those who believe [like Salman, Miqdad, Abu Zarr, and Ammar], they say, "We have believed” [in Nabuwat & Imamat]; but when they are alone with one another, they say, "Do you talk to them about what Allah has revealed to you so they can argue with you about it before your Rabb?" Then will you not reason?
77. But do they not know that Allah knows what they conceal [opposition of the Haqq in their hearts] and what they declare [fake faith]?
78. And among them are illiterates [like a baby] who do not know the Book except wishful thinking [i.e. hear say], but they are only conjecturing [doing Taqleed of their leaders opposing Wilayat e Ali swsa].
79. So woe to those who write the book with their own hands [with alteration in the merits of the Masumeen swsa], then say, "This is from Allah," in order to exchange it for a small price. Therefore woe to them for what their hands have written and woe to them for what they earn [by making people firm on opposition of Wilayat of Mohammad sawaw and Ali swsa].

وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ ٱلَّذِينَ ٱعْتَدَوْا۟ مِنكُمْ فِى ٱلسَّبْتِ فَقُلْنَا
لَهُمْ كُونُوا۟ قِرَدَةً خَـٰسِـِٔينَ (٦٥) فَجَعَلْنَـٰهَا نَكَـٰلًا
لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِينَ
(٦٦) وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِۦٓ إِنَّ ٱللَّهَ يَأْمُرُكُمْ
أَن تَذْبَحُوا۟ بَقَرَةً ۖ قَالُوٓا۟ أَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ۖ قَالَ أَعُوذُ
بِٱللَّهِ أَنْ أَكُونَ مِنَ ٱلْجَـٰهِلِينَ (٦٧) قَالُوا۟ ٱدْعُ لَنَا
رَبَّكَ يُبَيِّن لَّنَا مَا هِىَ ۚ قَالَ إِنَّهُۥ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ
لَّا فَارِضٌ وَلَا بِكْرٌ عَوَانٌۢ بَيْنَ ذَٰلِكَ ۖ فَٱفْعَلُوا۟ مَا
تُؤْمَرُونَ (٦٨) قَالُوا۟ ٱدْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّن لَّنَا مَا
لَوْنُهَا ۚ قَالَ إِنَّهُۥ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَآءُ فَاقِعٌ
لَّوْنُهَا تَسُرُّ ٱلنَّـٰظِرِينَ (٦٩) قَالُوا۟ ٱدْعُ لَنَا رَبَّكَ
يُبَيِّن لَّنَا مَا هِىَ إِنَّ ٱلْبَقَرَ تَشَـٰبَهَ عَلَيْنَا وَإِنَّآ إِن
شَآءَ ٱللَّهُ لَمُهْتَدُونَ (٧٠) قَالَ إِنَّهُۥ يَقُولُ إِنَّهَا
بَقَرَةٌ لَّا ذَلُولٌ تُثِيرُ ٱلْأَرْضَ وَلَا تَسْقِى ٱلْحَرْثَ
مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيهَا ۚ قَالُوا۟ ٱلْـَٔـٰنَ جِئْتَ بِٱلْحَقِّ ۚ
فَذَبَحُوهَا وَمَا كَادُوا۟ يَفْعَلُونَ (٧١) وَإِذْ قَتَلْتُمْ
نَفْسًا فَٱدَّٰرَٰٔتُمْ فِيهَا ۖ وَٱللَّهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنتُمْ
تَكْتُمُونَ (٧٢) فَقُلْنَا ٱضْرِبُوهُ بِبَعْضِهَا ۚ كَذَٰلِكَ
يُحْىِ ٱللَّهُ ٱلْمَوْتَىٰ وَيُرِيكُمْ ءَايَـٰتِهِۦ لَعَلَّكُمْ
تَعْقِلُونَ (٧٣) ثُمَّ قَسَتْ قُلُوبُكُم مِّنۢ بَعْدِ ذَٰلِكَ
فَهِىَ كَٱلْحِجَارَةِ أَوْ أَشَدُّ قَسْوَةً ۚ وَإِنَّ مِنَ ٱلْحِجَارَةِ
لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ ٱلْأَنْهَـٰرُ ۚ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ
فَيَخْرُجُ مِنْهُ ٱلْمَآءُ ۚ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ
خَشْيَةِ ٱللَّهِ ۗ وَمَا ٱللَّهُ بِغَـٰفِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ (٧٤)
۞ أَفَتَطْمَعُونَ أَن يُؤْمِنُوا۟ لَكُمْ وَقَدْ كَانَ فَرِيقٌ
مِّنْهُمْ يَسْمَعُونَ كَلَـٰمَ ٱللَّهِ ثُمَّ يُحَرِّفُونَهُۥ مِنۢ بَعْدِ
مَا عَقَلُوهُ وَهُمْ يَعْلَمُونَ (٧٥) وَإِذَا لَقُوا۟ ٱلَّذِينَ
ءَامَنُوا۟ قَالُوٓا۟ ءَامَنَّا وَإِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ إِلَىٰ
بَعْضٍ قَالُوٓا۟ أَتُحَدِّثُونَهُم بِمَا فَتَحَ ٱللَّهُ عَلَيْكُمْ
لِيُحَآجُّوكُم بِهِۦ عِندَ رَبِّكُمْ ۚ أَفَلَا تَعْقِلُونَ (٧٦)
أَوَلَا يَعْلَمُونَ أَنَّ ٱللَّهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَمَا
يُعْلِنُونَ (٧٧) وَمِنْهُمْ أُمِّيُّونَ لَا يَعْلَمُونَ ٱلْكِتَـٰبَ
إِلَّآ أَمَانِىَّ وَإِنْ هُمْ إِلَّا يَظُنُّونَ (٧٨) فَوَيْلٌ
لِّلَّذِينَ يَكْتُبُونَ ٱلْكِتَـٰبَ بِأَيْدِيهِمْ ثُمَّ يَقُولُونَ هَـٰذَا
مِنْ عِندِ ٱللَّهِ لِيَشْتَرُوا۟ بِهِۦ ثَمَنًا قَلِيلًا ۖ فَوَيْلٌ لَّهُم
مِّمَّا كَتَبَتْ أَيْدِيهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُم مِّمَّا يَكْسِبُونَ
(٧٩)

اور یقیناً تمہیں علم ہے کہ تم میں سے جن لوگوں نے سبت (ہفتےکے دن مچھلی کے شکار کی ممانعت کے قانون) کی خلاف ورزی کی پس ہم نے ان سے کہا: ذلیل ہو کر (مسخ شدہ) بندر بن جاؤ۔ تو ہم نے ان کواس زمانے والوں اور ان کے بعد آنے والوں کیلئے عبرت اور متقین کیلئے نصیحت بنا دیا۔ اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا: بیشک اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ تم ایک گائے ذبح کرو (قبیلے کے ایک مقتول کومذبوح گائے کا ٹکڑا مار کر زندہ کرکے اسکے نامعلوم قاتل کا پتہ لگانے کیلئے)؛ انہوں نے کہا: کیا تم ہمارا مذاق اڑاتے ہو؟ اس نے کہا: میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں کہ میں جاہلوں میں سے ہو جاؤں۔ انہوں نے کہا: اپنے رب سے ہمارے لئے دعا کرو کہ وہ ہمیں تفصیل سے بیان کرے کہ وہ (گائے) کیسی ہو؟ اس نے کہا: وہ کہتا ہے تحقیق وہ گائے نہ بوڑھی ہو نہ کنواری اس کے درمیانی (عمر) کی ہو، پس تمہیں جو امر کیا جاتا ہے اسے کرو۔ انہوں نے کہا: اپنے رب سے ہمارے لئے دعا کرو کہ وہ ہمارے لئے بیان کرے کہ اس کا رنگ کیسا ہو؟ اس نے کہا: وہ کہتا ہے کہ وہ گائے زرد رنگ کی ہو اس کا رنگ شوخ ہو کہ دیکھنے والوں کو خوش کرے۔ انہوں نے کہا: اپنے رب سے ہمارے لئے دعا کرو کہ وہ ہمارے لئے بیان کرے کہ وہ کیسی ہے کیونکہ گائیں ہمیں ملتی جلتی لگتی ہیں، اور بیشک اگر اللہ نے چاہا تو ہم ضرور ہدایت پا جائیں گے۔ اس نے کہا: وہ کہتا ہے کہ وہ گائے کام کرنے والی نہیں کہ جو زمین جوتتی ہو اور نہ وہ کھیتوں کو پانی دیتی ہے، صحیح سالم ہے اس پر کوئی داغ نہیں ہے؛ انہوں نے کہا: اب تم حق (صحیح بات) لائے ہو؛ پھر انہوں نے اسے ذبح کیا ورنہ قریب نہ تھا کہ وہ (ایسا) کرتے۔ اور جب تم نے ایک شخص کو قتل کر دیا پھر اس بارے میں ایک دوسرے پر الزام لگانے لگے؛ اور اللہ ظاہر کرنے والا تھا جو کچھ تم چھپاتے تھے۔ پھر ہم نے کہا: اس (گائے) کے ایک حصے سے اسے (مقتول) ضرب لگاؤ، اس طرح اللہ مردوں کو زندگی بخشتا ہے، اور تمہیں اپنی آیات (انبیاءؑ کی نبوت اور آئمہؑ کی امامت کے دلائل) دکھاتا ہے تاکہ تم عقل سے کام لو۔ پھر اس کے بعد تمہارے دل سخت (خیر اور انسانیت سے خالی) ہو گئے کہ وہ پتھروں کی مانند یا (اس سے بھی) زیادہ سخت؛ اور یقیناً پتھروں میں سے تو کوئی ایسا بھی ہوتا ہے جس سے چشمے پھوٹ نکلتے ہیں اور ان میں سے (کوئی ایسا بھی ہوتا ہے) جو پھٹتا ہے تو اس میں سے پانی نکل آتا ہے؛ اور ان میں سے کوئی اللہ کے خوف سے گر پڑتا ہے (یہودیوں کے مطالبہ پر رسول اللہؐ نے یہ معجزات کر کے دکھائے: پہاڑ نے کلمہ پڑھا، اسکی چٹان سے پانی کر چشمہ پھوٹا اور ایک چٹان نیچے لڑھک گئی)؛ اور اللہ ان سے غافل نہیں ہے جو اعمال تم کر رہے ہو۔ کیا پھر بھی تم طمع رکھتے ہو کہ وہ تمہاری بات پر ایمان لے آئیں حالانکہ ان میں سے ایک فریق ایسا بھی ہے جو اللہ کا کلام سنتے ہیں بھراس کو سمجھ لینے کے بعد اسکی تحریف کر دیتے ہیں حالانکہ وہ جانتے ہوتے تھے۔ اور جب وہ ان لوگوں سے ملتے ہیں جو ایمان لائے ہیں (سلمان، مقداد، ابوذر، اور عمار) تو کہتے ہیں: ہم بھی ایمان لائے ہیں (نبوت و امامت پر)، اور جب وہ ایک دوسرے کے ساتھ تخلیے میں ہوتے ہیں تو کہتے ہیں: کیا تم ان کو وہ باتیں بتاتے ہو جو اللہ نے تم پر کھولی ہیں تاکہ وہ اس سے تم پر تمہارے رب کے نزدیک حجت قائم کردیں؛ کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے؟ کیا انہیں علم نہیں یقیناً اللہ کے علم میں ہے جو وہ (دلوں میں حق کی مخالفت) چھپاتے ہیں اور جو وہ (بناوٹی ایمان) ظاہر کرتے ہیں۔ اور ان میں سے کچھ لوگ (نومولود کی طرح) بےعلم ہیں جو کتاب کا علم نہیں رکھتے سوائے جھوٹی آرزؤں (سنی سنائی باتوں) کے اور وہ ظنِ (اجتہادی) کے سوا کچھ نہیں کرتے (ولایت محمدؐ وآل محمدؐ کی مخالفت میں اپنے رہبروں کی تقلید کرتے ہیں جو حرام ہے)۔ پس ان لوگوں کیلئے ہلاکت ہے جو اپنے ہاتھوں سے کتاب لکھتے ہیں (جس میں فضائلِ معصومینؑ تحریف کرکے لکھتے ہیں) پھر وہ کہتے ہیں کہ یہ اللہ کی طرف سے ہے تاکہ اس کے ذریعے قلیل قیمت حاصل کریں؛ پس ان کیلئے ہلاکت ہے اسکی وجہ سے جو انہوں نے اپنے ہاتھوں سے لکھی اور ان کیلئے (پھرمزید) ہلاکت ہے اس کمائی (عوام کو ولایت محمدؐ و علیؑ کی مخالفت پر پکا کرنے) کی وجہ سے جو وہ کر رہے ہیں۔

80. And they say, "Never will the Fire touch us, except for [a few] numbered days." Say, "Have you taken a covenant with Allah? For Allah will never break His covenant. Or do you say about Allah that which you do not know?"
81. Why not, whoever earns evil [by denying Wilayat e Ali swsa] and his sins [opposition of Wilayat] have encompassed him – so those are the companions of the Fire [i.e. those who hold the Wilayat of opponents of Ali swsa]; they will abide therein eternally.
82. And those who believe [and their leader is Amirul Momineen swsa] and do righteous deeds – those are the companions of Paradise; they will abide therein eternally.
83. And [recall] when We took the covenant from the Children of Israel, "Do not worship except Allah; and to parents do good and to relatives, orphans, and the needy [Highest parents are Mohammad sawaw & Ali swsa, highest relatives are Aal-e-Mohammad swsa, and orphan is who has no knowledge of the Imam, so teach him what is Wilayat]. And speak to people good [words] and establish Salaat and give Zakaat." Then you turned away, except a few of you, and you were refusing.
84. And [recall] when We took your covenant, [saying], "Do not shed your [i.e. each other's] blood or exile one another from your homes." Then you acknowledged [verbally] while you were witnessing.
85. Then, you are those who are killing one another [who murdered Aal-e-Mohammad swsa are the Jews of this Ummah] and evicting a party of your people from their homes [as Abu Zarr was exiled in the desert of Rabzah], cooperating against them in sin and aggression. And if they come to you as captives, you ransom them, although their eviction was forbidden to you. So do you believe in part of the Book and disbelieve in part? Then what is the reward for those who do that among you except disgrace in worldly life; and on the Day of Qiyamah they will be sent back to the severest of punishment. And Allah is not unaware of what you do.
86. Those are the ones who have bought the life of this world [in exchange] for the Hereafter, so the punishment will not be lightened for them, nor will they be helped.
87. And We did certainly give Musa the Book [the Tauraat in which merits of Mohammad o Aal e Mohammad swsa are written] and We sent after him Rasools one after the other. And We gave Esa, the son of Mariyam, clear proofs [miracles e.g. resurrecting the dead, curing the leper] and supported him with Roohil Quds (the Holy Spirit who took him from the room to the heavens). But is it [not] that every time a Rasool came to you, [with supreme aim & object: Wilayat of Mohammad o Aal e Mohammad sawaw], with what your souls did not desire, you were arrogant? Then some [of the Rasools] you denied and some you killed.
88. And they said, "Our hearts are wrapped." But, [in fact], Allah has cursed them for their disbelief, so little is it that they believe.
89. And when there came to them a Book [the Qur'an] from Allah confirming that which was with them [Tauraat in which Mohammad sawaw and Ali swsa are mentioned] – although before they used to pray [for the sake of Mohammad o Aal e Mohammad sawaw] for victory against those who disbelieved – but when there came to them (the Nabi sawaw) that which they recognized [by his attributes], they disbelieved in him; so the curse of Allah is upon the disbelievers.
90. How evil is that for which they sold themselves – that they would disbelieve rebelliously in what Allah has revealed [about merits of Ali swsa] that Allah would send down His Fazl (Grace) upon whom [i.e. Ali swsa] He wills from among His Ibaad. So they [i.e. Banu Umayyad] are covered by wrath upon wrath. And for the disbelievers [enemies of the Masumeen swsa] is a humiliating punishment.

وَقَالُواْ لَن تَمَسَّنَا ٱلنَّارُ إِلَّآ أَيَّامًا مَّعۡدُودَةً ۚ قُلۡ
أَتَّخَذۡتُمۡ عِندَ ٱللَّهِ عَهۡدًا فَلَن يُخۡلِفَ ٱللَّهُ عَهۡدَهُۥٓ ۖ أَمۡ
تَقُولُونَ عَلَى ٱللَّهِ مَا لَا تَعۡلَمُونَ (٨٠) بَلَىٰ مَن
كَسَبَ سَيِّئَةً وَأَحَٰطَتۡ بِهِۦ خَطِيٓـَٔتُهُۥ فَأُوْلَٰٓئِكَ
أَصۡحَٰبُ ٱلنَّارِ ۖ هُمۡ فِيهَا خَٰلِدُونَ (٨١) وَٱلَّذِينَ
ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ أُوْلَٰٓئِكَ أَصۡحَٰبُ
ٱلۡجَنَّةِ ۖ هُمۡ فِيهَا خَٰلِدُونَ (٨٢) وَإِذۡ أَخَذۡنَا مِيثَٰقَ
بَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ لَا تَعۡبُدُونَ إِلَّا ٱللَّهَ وَبِٱلۡوَٰلِدَيۡنِ
إِحۡسَٰنًا وَذِي ٱلۡقُرۡبَىٰ وَٱلۡيَتَٰمَىٰ وَٱلۡمَسَٰكِينِ
وَقُولُواْ لِلنَّاسِ حُسۡنًا وَأَقِيمُواْ ٱلصَّلَوٰةَ وَءَاتُواْ
ٱلزَّكَوٰةَ ثُمَّ تَوَلَّيۡتُمۡ إِلَّا قَلِيلًا مِّنكُمۡ وَأَنتُم
مُّعۡرِضُونَ (٨٣) وَإِذۡ أَخَذۡنَا مِيثَٰقَكُمۡ لَا
تَسۡفِكُونَ دِمَآءَكُمۡ وَلَا تُخۡرِجُونَ أَنفُسَكُم مِّن
دِيَٰرِكُمۡ ثُمَّ أَقۡرَرۡتُمۡ وَأَنتُمۡ تَشۡهَدُونَ (٨٤) ثُمَّ أَنتُمۡ
هَٰٓؤُلَآءِ تَقۡتُلُونَ أَنفُسَكُمۡ وَتُخۡرِجُونَ فَرِيقًا مِّنكُم
مِّن دِيَٰرِهِمۡ تَظَٰهَرُونَ عَلَيۡهِم بِٱلۡإِثۡمِ وَٱلۡعُدۡوَٰنِ
وَإِن يَأۡتُوكُمۡ أُسَٰرَىٰ تُفَٰدُوهُمۡ وَهُوَ مُحَرَّمٌ
عَلَيۡكُمۡ إِخۡرَاجُهُمۡ ۚ أَفَتُؤۡمِنُونَ بِبَعۡضِ ٱلۡكِتَٰبِ
وَتَكۡفُرُونَ بِبَعۡضٍ ۚ فَمَا جَزَآءُ مَن يَفۡعَلُ ذَٰلِكَ
مِنكُمۡ إِلَّا خِزۡيٌ فِي ٱلۡحَيَوٰةِ ٱلدُّنۡيَا ۖ وَيَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِ
يُرَدُّونَ إِلَىٰٓ أَشَدِّ ٱلۡعَذَابِ ۗ وَمَا ٱللَّهُ بِغَٰفِلٍ عَمَّا
تَعۡمَلُونَ (٨٥) أُوْلَٰٓئِكَ ٱلَّذِينَ ٱشۡتَرَوُاْ ٱلۡحَيَوٰةَ
ٱلدُّنۡيَا بِٱلۡأٓخِرَةِ ۖ فَلَا يُخَفَّفُ عَنۡهُمُ ٱلۡعَذَابُ وَلَا هُمۡ
يُنصَرُونَ (٨٦) وَلَقَدۡ ءَاتَيۡنَا مُوسَى ٱلۡكِتَٰبَ
وَقَفَّيۡنَا مِنۢ بَعۡدِهِۦ بِٱلرُّسُلِ ۖ وَءَاتَيۡنَا عِيسَى ٱبۡنَ
مَرۡيَمَ ٱلۡبَيِّنَٰتِ وَأَيَّدۡنَٰهُ بِرُوحِ ٱلۡقُدُسِ ۗ أَفَكُلَّمَا
جَآءَكُمۡ رَسُولُۢ بِمَا لَا تَهۡوَىٰٓ أَنفُسُكُمُ ٱسۡتَكۡبَرۡتُمۡ
فَفَرِيقًا كَذَّبۡتُمۡ وَفَرِيقًا تَقۡتُلُونَ (٨٧) وَقَالُواْ
قُلُوبُنَا غُلۡفُۢ ۚ بَل لَّعَنَهُمُ ٱللَّهُ بِكُفۡرِهِمۡ فَقَلِيلًا مَّا
يُؤۡمِنُونَ (٨٨) وَلَمَّا جَآءَهُمۡ كِتَٰبٌ مِّنۡ عِندِ ٱللَّهِ
مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمۡ وَكَانُواْ مِن قَبۡلُ يَسۡتَفۡتِحُونَ
عَلَى ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ فَلَمَّا جَآءَهُم مَّا عَرَفُواْ
كَفَرُواْ بِهِۦ ۚ فَلَعۡنَةُ ٱللَّهِ عَلَى ٱلۡكَٰفِرِينَ (٨٩)
بِئۡسَمَا ٱشۡتَرَوۡاْ بِهِۦٓ أَنفُسَهُمۡ أَن يَكۡفُرُواْ بِمَآ
أَنزَلَ ٱللَّهُ بَغۡيًا أَن يُنَزِّلَ ٱللَّهُ مِن فَضۡلِهِۦ عَلَىٰ
مَن يَشَآءُ مِنۡ عِبَادِهِۦ ۖ فَبَآءُو بِغَضَبٍ عَلَىٰ
غَضَبٖ ۚ وَلِلۡكَٰفِرِينَ عَذَابٞ مُّهِينٞ (٩٠)

اور وہ کہتے ہیں: ہمیں (جہنم کی) نار ہرگز مس نہیں کرے گی سوائے معدود (چند گنےچنے) ایام کے؛ ان سے کہو: کیا تم نے اللہ سے کوئی عہد لیا ہے کہ اللہ اپنے عہد کی ہرگز خلاف ورزی نہیں کرے گا یا تم اللہ کے ذمے ایسی بات کہتے ہو جس کا تمہیں علم نہیں ہے؟ کیوں نہیں! جو بھی (ولایتِ علیؑ کا کفر کرکے) بدی کمائے گا اور اسکی خطاکاری (ولایت علیؑ سے جھگڑا) اسکا احاطہ کر لے گی، پس وہی (دشمنانِ علیؑ کی ولایت والے) لوگ اہل نار ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور جو لوگ ایمان لائے (جن کے امیر امیرالمؤمنین علیؑ ہیں) اور انہوں نے عملِ صالح کئے وہی لوگ اہل جنت ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور جب ہم نے بنی اسرائیل سے میثاق لیا کہ تم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہیں کرو گے، اور حسن سلوک کرو گے والدین (مؤمنین کے افضل ترین والدین محمدؐ اور علیؑ ہیں) اور قرابت داروں (افضل ترین قرابتدار آل محمدؐ ہیں) اور یتیموں (جو معرفتِ امامؑ نہیں رکھتے انکو تعلیم دو) اور مسکینوں کے ساتھ، اور تم لوگوں سے اچھی بات کہنا اور صلاۃ قائم کرنا اور زکاۃ دینا؛ پھر تم میں سے قلیل کے سوا سب پھر گئے اور تم منہ پھیرنے والے ہو۔ اور جب ہم نے تم سے میثاق لیا کہ تم اپنوں کا خون نہیں بہاؤگے اور نہ تم اپنے لوگوں کو اپنے گھروں سے نکالو گے، تو تم نے اقرار کیا اور تم گواہ بھی ہو۔ پھر تم ایسے لوگ ہو جو اپنوں کو قتل کرتے ہو (آل محمدؐ کو قتل کرنے والے اس امت کے یہودی ہیں) اور اپنے ہی ایک فریق کو ان کی بستیوں سے نکالتے ہو (جیسے ابوذرؓ کو ربذہ کے صحرا میں ملک بدر کیا)، تم ان کے خلاف ظلم اور زیادتی کے ساتھ (ایک دوسرے کی) پشت پناہی کرتے ہو؛ اور اگر وہ تمہارے پاس قیدی بن کر آئیں تو تم ان کا فدیہ دیتے ہو حالانکہ انہیں نکالنا ہی تم پر حرام تھا؛ کیا تم کتاب کے بعض حصے پر ایمان لاتے ہو اور بعض حصے کا تم انکار کرتے ہو؟ پس تم میں سے جو ایسا کریں ان کی جزا اس دنیا کی حیات میں رسوائی کے سوا کچھ نہیں اور یوم قیامت وہ شدید ترین عذاب کی طرف پھیر دیئے جائیں گے؛ اور اللہ اس سے غافل نہیں ہے جو عمل تم کر رہے ہو۔ یہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے دنیا کی زندگی کو آخرت کے بدلے خرید لیا ہے، پس ان پر عذاب میں تخفیف نہیں کی جائے گی اور نہ ہی ان کی نصرت کی جائے گی۔ اور تحقیق ہم نے موسیٰ کو کتاب (تورات جس میں محمدؐ وآل محمدؐ کے فضائل درج تھے) عطا کی اور اس کے بعد پے در پے رسول بھیجے، اور ہم نے عیسیٰ ابن مریم کو بینات (معجزات مثلاً مردہ زندہ کرنا، مبروص کو شفا دینا وغیرہ) دیں اور روح القدس سے اس کی مدد کی (روشندان کے راستے نکال کر آسمان پر لے گیا)؛ کیا جب بھی کوئی رسول تمہارے پاس اس (ولایت محمدؐ وآل محمدؐ جو اعلیٰ ترین غرض اور افضل ترین مراد ہے) کو لے کر آیا جسے تمہارے دل نہیں چاہتے تھے تو تم نے تکبر کیا، تو تم نے (معصومینؑ کے) ایک فریق کو جھٹلایا اور ایک فریق کو تم نے قتل کیا۔ اور انہوں نے کہا کہ ہمارے قلوب پر غلاف ہے؛ بلکہ ان کے کفر کی وجہ سے ان پر اللہ کی لعنت ہے اسلئے جو وہ ایمان لاتے ہیں بہت قلیل ہے۔ اور جب ان پاس اللہ کی طرف سے کتاب (قرآن) آ گئی ہے جو اس (تورات) کی تصدیق کرتی ہے جو ان کے پاس ہے (جس میں محمدؐ و علیؑ کا ذکر ہے)، اور اس (محمدؐ کے ظہور) سے قبل وہ (بحقِ محمدؐ وآل محمدؐ) فتح پانے کی دعائیں مانگا کرتے تھے ان لوگوں پر جنہوں نے کفر کیا، پس جب وہ ان کے پاس آ گیا جسے انہوں نے (نعت وصفات محمدی سے) پہچان لیا تو انہوں نے اسے ماننے سے انکار کر دیا، پس اللہ کی لعنت ہے کافروں پر۔ کیا ہی بری ہے وہ چیز جس کے بدلے میں انہوں نے اپنے نفسوں کو بیچ دیا ہے کہ وہ اس چیز کا جو اللہ نے (فضائلِ علیؑ میں) نازل کی ہے اس ضد پر انکار کرتے ہیں کہ اللہ اپنا فضل اپنے عباد میں سے جس پر چاہتا ہے (یعنی علیؑ پر) نازل کرتا ہے، پس وہ (بنو امیہ) غضب پر غضب میں گھر گئے ہیں؛ اور کافروں (دشمنانِ معصومینؑ) کیلئے ذلیل کرنے والا عذاب ہے۔

91. And when it is said to them, "Believe in what Allah has revealed [upon Mohammad sawaw]," they say, "We believe [only] in what was revealed to us [in Torah]." And they disbelieve in what came after it, while it is the truth confirming that which is with them. Say, "Then why did you kill the prophets of Allah before, if you were [indeed] believers?"
92. And Musa had certainly brought you clear proofs [of his Nabuwat and merits of Mohammad sawaw]. Then you took the calf [in worship] after him [i.e. in his absence], and you were wrongdoers.
93. And [recall] when We took your covenant and raised over you the mountain, [saying], "Take what We have given you with determination and listen." They said [instead], "We hear [what you say] and disobey [what you order]." And their hearts absorbed [the love of] the calf because of their disbelief. Say, "How evil is that [denial of Wilayat] which your faith commands you, if you were believers."
94. Say, [O Mohammad sawaw], "If the home of the Hereafter [paradise] with Allah is for you alone and not the [other] people, then wish for death, if you are truthful."
95. But never will they wish for it, ever, because of what their hands have put forth [i.e. denial of Mohammad o Aal e Mohammad sawaw]. And Allah is all Knower of the wrongdoers.
96. And you will surely find them [i.e. Jews] the greediest of people for life – [even] more than those [Majoos] who associate others with Allah. One of them wishes that he could be granted life a thousand years, but it would not save him from the punishment even if he would be granted life. And Allah is Seeing of what they do.
97. Say, "Whoever is an enemy to Gabriel [because he is helper of Mohammad sawaw & Ali swsa, and kills their enemies] – it is [none but] he who has brought it [i.e. the Qur'an] down upon your heart, [O Mohammad sawaw], by permission of Allah, confirming that which was before it [Torah, Bible, Psalms, scriptures of Ibraheem a.s., etc] and as guidance and good tidings for the believers [i.e. Shias of Mohammad sawaw & Ali swsa]."
98. Whoever is an enemy to Allah and His angels and His Rasools and Jibraeel and Mekaeel [who support Ali swsa] – then indeed, Allah is an enemy to the disbelievers.
99. And We have certainly revealed to you verses [which are] clear proofs [of Nabuwat & Imamat], and no one would deny them except the defiantly disobedient [Nasbi] ones.
100. Is it not [true] that every time they took a covenant a party of them threw it away? But, [in fact], most of them [Jews & Nawasib] do not believe.
101. And when a Rasool from Allah came to them confirming that which was with them, a party of those who had been given the Book threw the Book of Allah behind their backs as if they did not know [i.e. they did not practice the book due to jealousy towards Mohammad sawaw & Ali swsa].
102. And they followed [instead] what the Shaitans uttered during the reign of Sulaiman [Nawasib thought Sulaiman governed due to sorcery and similar are the miracles of Mohammad sawaw which he is teaching to Ali swsa as well]. It was not Sulaiman who disbelieved, but the Shaitans disbelieved, teaching people magic and that which was revealed to the two angels at Babylon, Haroot and Maroot. But they [i.e. the two angels] do not teach anyone unless they say, "We are a trial, so do not disbelieve [by practicing magic]." [and they taught how to nullify the bad effects of magic]. And [yet] they learn from them that by which they cause separation between a man and his wife. But they cannot harm anyone through it except by permission of Allah. And they [i.e. people] learn what harms them and does not benefit them. But they [i.e. the Children of Israel] certainly knew that whoever purchased it [i.e. magic] would not have in the Hereafter any share [paradise]. And evil is that for which they sold themselves, if they would have known.

وَإِذَا قِيلَ لَهُمۡ ءَامِنُواْ بِمَآ أَنزَلَ ٱللَّهُ قَالُواْ نُؤۡمِنُ
بِمَآ أُنزِلَ عَلَيۡنَا وَيَكۡفُرُونَ بِمَا وَرَآءَهُۥ وَهُوَ
ٱلۡحَقُّ مُصَدِّقٗا لِّمَا مَعَهُمۡۗ قُلۡ فَلِمَ تَقۡتُلُونَ أَنۢبِيَآءَ
ٱللَّهِ مِن قَبۡلُ إِن كُنتُم مُّؤۡمِنِينَ (٩١) ۞ وَلَقَدۡ
جَآءَكُم مُّوسَىٰ بِٱلۡبَيِّنَٰتِ ثُمَّ ٱتَّخَذۡتُمُ ٱلۡعِجۡلَ مِنۢ
بَعۡدِهِۦ وَأَنتُمۡ ظَٰلِمُونَ (٩٢) وَإِذۡ أَخَذۡنَا مِيثَٰقَكُمۡ
وَرَفَعۡنَا فَوۡقَكُمُ ٱلطُّورَ خُذُواْ مَآ ءَاتَيۡنَٰكُم
بِقُوَّةٖ وَٱسۡمَعُواْۖ قَالُواْ سَمِعۡنَا وَعَصَيۡنَا وَأُشۡرِبُواْ
فِي قُلُوبِهِمُ ٱلۡعِجۡلَ بِكُفۡرِهِمۡۚ قُلۡ بِئۡسَمَا
يَأۡمُرُكُم بِهِۦٓ إِيمَٰنُكُمۡ إِن كُنتُم مُّؤۡمِنِينَ (٩٣)
قُلۡ إِن كَانَتۡ لَكُمُ ٱلدَّارُ ٱلۡأٓخِرَةُ عِندَ ٱللَّهِ
خَالِصَةٗ مِّن دُونِ ٱلنَّاسِ فَتَمَنَّوُاْ ٱلۡمَوۡتَ إِن
كُنتُمۡ صَٰدِقِينَ (٩٤) وَلَن يَتَمَنَّوۡهُ أَبَدَۢا بِمَا
قَدَّمَتۡ أَيۡدِيهِمۡۗ وَٱللَّهُ عَلِيمُۢ بِٱلظَّٰلِمِينَ (٩٥)
وَلَتَجِدَنَّهُمۡ أَحۡرَصَ ٱلنَّاسِ عَلَىٰ حَيَوٰةٖ وَمِنَ
ٱلَّذِينَ أَشۡرَكُواْۚ يَوَدُّ أَحَدُهُمۡ لَوۡ يُعَمَّرُ أَلۡفَ سَنَةٖ
وَمَا هُوَ بِمُزَحۡزِحِهِۦ مِنَ ٱلۡعَذَابِ أَن يُعَمَّرَۗ وَٱللَّهُ
بَصِيرُۢ بِمَا يَعۡمَلُونَ (٩٦) قُلۡ مَن كَانَ عَدُوّٗا
لِّجِبۡرِيلَ فَإِنَّهُۥ نَزَّلَهُۥ عَلَىٰ قَلۡبِكَ بِإِذۡنِ ٱللَّهِ
مُصَدِّقٗا لِّمَا بَيۡنَ يَدَيۡهِ وَهُدٗى وَبُشۡرَىٰ لِلۡمُؤۡمِنِينَ
(٩٧) مَن كَانَ عَدُوّٗا لِّلَّهِ وَمَلَٰٓئِكَتِهِۦ وَرُسُلِهِۦ
وَجِبۡرِيلَ وَمِيكَىٰلَ فَإِنَّ ٱللَّهَ عَدُوّٞ لِّلۡكَٰفِرِينَ (٩٨)
وَلَقَدۡ أَنزَلۡنَآ إِلَيۡكَ ءَايَٰتِۭ بَيِّنَٰتٖۖ وَمَا يَكۡفُرُ بِهَآ إِلَّا
ٱلۡفَٰسِقُونَ (٩٩) أَوَكُلَّمَا عَٰهَدُواْ عَهۡدٗا نَّبَذَهُۥ
فَرِيقٞ مِّنۡهُمۚ بَلۡ أَكۡثَرُهُمۡ لَا يُؤۡمِنُونَ (١٠٠)
وَلَمَّا جَآءَهُمۡ رَسُولٞ مِّنۡ عِندِ ٱللَّهِ مُصَدِّقٞ لِّمَا
مَعَهُمۡ نَبَذَ فَرِيقٞ مِّنَ ٱلَّذِينَ أُوتُواْ ٱلۡكِتَٰبَ كِتَٰبَ
ٱللَّهِ وَرَآءَ ظُهُورِهِمۡ كَأَنَّهُمۡ لَا يَعۡلَمُونَ (١٠١)
وَٱتَّبَعُواْ مَا تَتۡلُواْ ٱلشَّيَٰطِينُ عَلَىٰ مُلۡكِ سُلَيۡمَٰنَۖ
وَمَا كَفَرَ سُلَيۡمَٰنُ وَلَٰكِنَّ ٱلشَّيَٰطِينَ كَفَرُواْ
يُعَلِّمُونَ ٱلنَّاسَ ٱلسِّحۡرَ وَمَآ أُنزِلَ عَلَى
ٱلۡمَلَكَيۡنِ بِبَابِلَ هَٰرُوتَ وَمَٰرُوتَۚ وَمَا يُعَلِّمَانِ
مِنۡ أَحَدٍ حَتَّىٰ يَقُولَآ إِنَّمَا نَحۡنُ فِتۡنَةٞ فَلَا تَكۡفُرۡۖ
فَيَتَعَلَّمُونَ مِنۡهُمَا مَا يُفَرِّقُونَ بِهِۦ بَيۡنَ ٱلۡمَرۡءِ
وَزَوۡجِهِۦۚ وَمَا هُم بِضَآرِّينَ بِهِۦ مِنۡ أَحَدٍ إِلَّا
بِإِذۡنِ ٱللَّهِۚ وَيَتَعَلَّمُونَ مَا يَضُرُّهُمۡ وَلَا يَنفَعُهُمۡۚ
وَلَقَدۡ عَلِمُواْ لَمَنِ ٱشۡتَرَىٰهُ مَا لَهُۥ فِي ٱلۡأٓخِرَةِ
مِنۡ خَلَٰقٖۚ وَلَبِئۡسَ مَا شَرَوۡاْ بِهِۦٓ أَنفُسَهُمۡۚ لَوۡ
كَانُواْ يَعۡلَمُونَ (١٠٢)

اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اس پر ایمان لاؤ جو اللہ نے (محمدؐ پر) نازل کیا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ ہم اس پر ایمان لاتے ہیں جو ہماری طرف (تورات میں) نازل کیا گیا ہے اور وہ انکار کرتے ہیں جو کچھ اس کے علاوہ ہے، حالانکہ وہ حق ہے جو اس کی تصدیق کرتا ہے جو انکے پاس ہے؛ ان سے کہو کہ پھر تم کیوں اللہ کے نبیوں کو اس سے قبل قتل کرتے رہے اگر تم مؤمنین ہو۔ اور تحقیق تمہارے پاس موسیٰؑ (اپنی نبوت اورمحمدؐ کے فضل و شرف کے) واضح دلائل لے کر آیا پھر تم نے اس کے بعد بچھڑے کو معبود بنا لیا اور تم ظلم کرنے والے تھے۔ اور جب ہم نے تم سے میثاق لیا اور تمہارے اوپر طور کو بلند کیا؛ (اور کہا) جو کچھ ہم نے تمہیں دیا ہے اسے مضبوطی کے ساتھ پکڑو اور سنو؛ انہوں نے کہا: ہم نے سنا (تمہارا قول) اور ہم نے نافرمانی کی (تمہارے حکم کی)؛ اور ان کے کفر کی وجہ سے ان کے قلوب میں بچھڑا رچ بس گیا تھا؛ کہہ دو: بہت بری ہے وہ (انکارِ ولایتِ محمدؐ وآل محمدؐ) جس کا تمہیں تمہارا ایمان حکم دیتا ہے اگر تم مؤمنین ہو۔ کہہ دو: اگر اللہ کے ہاں دارِ آخرت (جنت) دوسرے لوگوں کی بجائے خالص تمہارے لئے ہے تو موت کی تمنا کرو اگر تم صادق ہو۔ اور وہ ہرگز کبھی بھی اس کی تمنا نہیں کریں گے ان (کرتوتوں یعنی انکارِ محمدؐ و آل محمدؐ) کی وجہ سے جو انہوں نے اپنے ہاتھوں آگے بھیجے ہیں؛ اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے۔ اور تم ان (یہودیوں) کو سب لوگوں سے زیادہ زندگی کا حریص پاؤ گے، اور ان (مجوسی) لوگوں سے (بھی زیادہ) جنہوں نے شرک کیا ہے، ان میں سے ہر ایک چاہتا ہے کہ کاش اسے ہزار سال عمر دے دی جائے، اور اگر یہ عمر بھی اسے دی جائے تو یہ اسے عذاب سے بچانے والی نہیں ہے؛ اور اللہ دیکھ رہا ہے جو کچھ وہ کر رہے ہیں۔ (اے میرے حبیبؐ) کہہ دو کہ جو بھی جبرائیلؑ کا دشمن ہے (کہ وہ محمدؐ و علیؑ کا معاون ہے اور ان کے دشمنوں کو ہلاک کرتا ہے، وہ جان لے کہ) بیشک جبرائیلؑ نے اس قرآن کو اللہ کے اذن سے آپؐ کے قلب پر نازل کیا ہے جو اس سے پہلے موجود (تورات، انجیل، زبور، صحف ابراھیمؑ اور دیگر انبیاء کی کتب) کی تصدیق کرتا ہے اور مؤمنین (شیعانِ محمدؐ و علیؑ) کیلئے ھدایت اور بشارت ہے۔ جو بھی اللہ اور اسکے ملائکہ اور اسکے رسولوں اور جبرائیل اور میکائیل (جو سب علیؑ کی تایید کرتے ہیں) کا دشمن ہے تو بیشک اللہ (ان سب) کافروں کا دشمن ہے۔ اور تحقیق ہم نے (اے حبیبؐ) تمہاری طرف (نبوت و امامت پر دال) واضح آیات نازل کی ہیں، اور ان کا انکار نہیں کرتے مگر فاسق (ناصبی) لوگ۔ کیا جب بھی انہوں نے کوئی عہد کیا تو ان میں سے ایک فریق نے اسے پھینک دیا، بلکہ ان میں سے اکثر (یہود ونواصب) ایمان نہیں لاتے۔ اور جب ان کے پاس اللہ کی طرف سے کوئی رسول اس چیز کی تصدیق کرتا ہوا آیا جو ان کے پاس پہلے سے موجود تھی تو ان لوگوں میں سے ایک فریق نے جنہیں کتاب دی گئی تھی، اللہ کی کتاب کو اپنی پیٹھوں پیچھے پھینک دیا (یعنی محمدؐ و علیؑ کے حسد میں اسے متروک العمل کر دیا) گویا کہ وہ اسے جانتے ہی نہیں۔ اور اس چیز کا اتباع کرنے لگے جو سلیمانؑ کے عہد حکومت میں شیاطین پڑھتے تھے (ناصبیوں نے سمجھا کہ سلیمانؑ جادو کے زور پر حکومت کرتے تھے، اسی طرح محمدؐ معجزات دکھاتے ہیں اور علیؑ کو سکھا رہے ہیں)، حالانکہ سلیمانؑ نے کفر نہیں کیا بلکہ شیاطین نے ہی کفر کیا وہ لوگوں کو جادو سکھاتے تھے، اور جو کچھ بابل میں دو ملائکہ ہاروت ماروت پر نازل کیا گیا (اس کے پیچھے پڑ گئے)؛ اور وہ کسی ایک کو بھی نہیں سکھاتے تھے حتیٰ کہ اس سے کہتے کہ ہم صرف ایک آزمائش ہیں پس تم کفر نہ کرو(یعنی جادو کے نتائج سے ڈرانے اور سحر کو زائل کرنے کیلئے علم دیتے)؛ پس وہ لوگ ان دونوں سے سیکھتے جس سے شوہر اور زوجہ کے مابین جدائی ڈالی جا سکے؛ حالانکہ وہ اس سے اللہ کے اذن (علم) کے بغیر کسی ایک کو بھی ضرر پہنچانے والے نہ تھے، اور وہ سیکھتے تھے جو ان کو ضرر پہنچائے اور فائدہ نہ دے؛ اور تحقیق انہیں معلوم تھا کہ جو بھی اس کا خریدار بنے گا اس کیلئے آخرت میں کوئی حصہ (جنت) نہیں؛ اور بہت بری چیز ہے جس کے بدلے میں انہوں نے اپنے نفسوں کو بیچ ڈالا؛ کاش کہ وہ جانتے ہوتے۔

103. And if they had believed and feared Allah, then the reward from Allah would have been [far] better, if they would have known.
104. O you who believe, you must not say [to Allah's Rasool], “Ra’ina" [i.e. take care of us, but in Jews slang it meant “hear me but you should not be heard” so they started to say it purposely] but say, “Unzurna” [have mercy on us] and listen. And for the disbelievers is a painful punishment.
105. Neither those who disbelieve from the People of the Book [i.e. the Jews and Christians] nor the polytheists wish that any good [verses about merits of Mohammad o Aal e Mohammad sawaw and miracles] should be sent down to you from your Rabb. But Allah selects for His mercy [Islam and devotion of the Masumeen swsa] whom He wills, and Allah is the possessor of great bounty.
106. We do not repeal (recall) an Ayat or cause it to be forgotten, We bring Khair (best one which is) from it and similar to it [i.e. after one Imam another Imam from his progeny is there who is similar to the previous]. Don’t you know that Allah has power over all things?
107. Don’t you know that to Allah belongs the kingdom of the heavens and the earth and [that] you have not besides Allah any Wali (guardian) or any Naseer (helper)?
108. Or do you intend to ask your Rasool as Musa was asked before [vain questions]? And whoever exchanges faith for disbelief has certainly strayed from the right path.
109. Many of the People of the Book wish they could turn you back to disbelief after you have believed, out of envy [to the merits of the Masumeen swsa] from themselves after the Haqq [the truth] has become clear to them [by miracles]. So pardon and overlook until Allah delivers His command [i.e. pardon lack of knowledge and reject Batil with proof]. Indeed, Allah has power over all things.
110. And establish Salaat [with Salawat on the Masumeen swsa] and give Zakaat [to one who is not an enemy of the Masumeen swsa], and whatever from Khair (good) you put forward for yourselves – you will find it with Allah [for the sake of highness of Mohammad sawaw, Ali swsa, and their Aal swsa]. Indeed Allah is Seeing what you do.
111. And they say, "None will enter Paradise except one who is a Jew or a Christian." That is [merely] their wishful thinking [without proof]. Say, "Produce your proof, if you are truthful [as Rasool Allah sawaw brought undeniable proofs].”
112. Yes, [on the contrary], whoever submits his face [i.e. self] to Allah and he is Mohsin [doer of good] he will have his reward with his Rabb. And there will be no fear upon them [like the disbelievers on seeing punishment], nor will they grieve [because of getting good news of paradise at the time of death].
113. And the Jews say, "The Christians are [based] on nothing,” and the Christians say, "The Jews are [based] on nothing [i.e. declaring each other’s Deen as Batil],” although they recite the Book [i.e. instead of taking guidance they started doing Taqleed without proof, declaring each other as Kafir]. Similarly those who know not [i.e. the polytheists] speak the same as their words. So Allah will judge between them on the Day of Qiyamah concerning that over which they used to differ.
114. And who is more unjust than him who prevents the Ism [name] of Allah from being mentioned in His mosques and strives to ruin them. Those are it is not for them that they enter them except in fear. For them in this world is disgrace, and they will have in the Hereafter a great punishment.
115. And to Allah belongs the East and the West. So wherever you [might] turn, there is Wajhullah [the Face of Allah]. Indeed, Allah is all-Encompassing all-Knowing.

وَلَوْ أَنَّهُمْ ءَامَنُواْ وَٱتَّقَوْاْ لَمَثُوبَةٌ مِّنْ عِندِ ٱللَّهِ خَيْرٌ ۖ لَّوْ كَانُواْ يَعْلَمُونَ (١٠٣) يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَا تَقُولُواْ رَٰعِنَا وَقُولُواْ ٱنظُرْنَا وَٱسْمَعُواْ ۗ وَلِلْكَـٰفِرِينَ عَذَابٌ أَلِيمٌ (١٠٤) مَّا يَوَدُّ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ مِنْ أَهْلِ ٱلْكِتَـٰبِ وَلَا ٱلْمُشْرِكِينَ أَن يُنَزَّلَ عَلَيْكُم مِّنْ خَيْرٍ مِّن رَّبِّكُمْ ۗ وَٱللَّهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهِۦ مَن يَشَآءُ ۚ وَٱللَّهُ ذُو ٱلْفَضْلِ ٱلْعَظِيمِ (١٠٥) ۞ مَا نَنسَخْ مِنْ ءَايَةٍ أَوْ نُنسِهَا نَأْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ أَوْ مِثْلِهَآ ۗ أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ ٱللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ (١٠٦) أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ ٱللَّهَ لَهُۥ مُلْكُ ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ ۗ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ ٱللَّهِ مِن وَلِىٍّ وَلَا نَصِيرٍ (١٠٧) أَمْ تُرِيدُونَ أَن تَسْـَٔلُواْ رَسُولَكُمْ كَمَا سُئِلَ مُوسَىٰ مِن قَبْلُ ۗ وَمَن يَتَبَدَّلِ ٱلْكُفْرَ بِٱلْإِيمَـٰنِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ ٱلسَّبِيلِ (١٠٨) وَدَّ كَثِيرٌ مِّنْ أَهْلِ ٱلْكِتَـٰبِ لَوْ يَرُدُّونَكُم مِّنۢ بَعْدِ إِيمَـٰنِكُمْ كُفَّارًا حَسَدًا مِّنْ عِندِ أَنفُسِهِم مِّنۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ ٱلْحَقُّ ۖ فَٱعْفُواْ وَٱصْفَحُواْ حَتَّىٰ يَأْتِىَ ٱللَّهُ بِأَمْرِهِۦٓ ۗ إِنَّ ٱللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ (١٠٩) وَأَقِيمُواْ ٱلصَّلَوٰةَ وَءَاتُواْ ٱلزَّكَوٰةَ ۚ وَمَا تُقَدِّمُواْ لِأَنفُسِكُم مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِندَ ٱللَّهِ ۗ إِنَّ ٱللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ (١١٠) وَقَالُواْ لَن يَدْخُلَ ٱلْجَنَّةَ إِلَّا مَن كَانَ هُودًا أَوْ نَصَـٰرَىٰ ۗ تِلْكَ أَمَانِيُّهُمْ ۗ قُلْ هَاتُواْ بُرْهَـٰنَكُمْ إِن كُنتُمْ صَـٰدِقِينَ (١١١) بَلَىٰ مَنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُۥ لِلَّهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهُۥٓ أَجْرُهُۥ عِندَ رَبِّهِۦ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ (١١٢) وَقَالَتِ ٱلْيَهُودُ لَيْسَتِ ٱلنَّصَـٰرَىٰ عَلَىٰ شَىْءٍ وَقَالَتِ ٱلنَّصَـٰرَىٰ لَيْسَتِ ٱلْيَهُودُ عَلَىٰ شَىْءٍ وَهُمْ يَتْلُونَ ٱلْكِتَـٰبَ ۗ كَذَٰلِكَ قَالَ ٱلَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ مِثْلَ قَوْلِهِمْ ۚ فَٱللَّهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ ٱلْقِيَـٰمَةِ فِيمَا كَانُواْ فِيهِ يَخْتَلِفُونَ (١١٣) وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّن مَّنَعَ مَسَـٰجِدَ ٱللَّهِ أَن يُذْكَرَ فِيهَا ٱسْمُهُۥ وَسَعَىٰ فِى خَرَابِهَآ ۚ أُو۟لَـٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ أَن يَدْخُلُوهَآ إِلَّا خَآئِفِينَ ۚ لَهُمْ فِى ٱلدُّنْيَا خِزْىٌ وَلَهُمْ فِى ٱلْـَٔاخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ (١١٤) وَلِلَّهِ ٱلْمَشْرِقُ وَٱلْمَغْرِبُ ۚ فَأَيْنَمَا تُوَلُّواْ فَثَمَّ وَجْهُ ٱللَّهِ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ وَٰسِعٌ عَلِيمٌ (١١٥)

اور اگر وہ ایمان لاتے اور تقویٰ اختیار کرتے تو اللہ کی طرف سے بہتر ثواب ملتا؛ کاش وہ جانتے ہوتے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو " راعنا " نہ کہا کرو (یعنی ہمارے حال کا خیال کریں، لیکن یہود کی زبان میں میری سن تیری نہ سنی جائے، تو یہود نے جان بوجھ کر راعنا کہنا شروع کر دیا) بلکہ " انظرنا " کہا کرو (یعنی ہم پر نظرِ کرم کریں) اور (توجہ سے) سنا کرو؛ اور کافروں کیلئے دردناک عذاب ہے۔ اہل کتاب میں سے جن لوگوں نے (حق ماننے سے) انکار کیا ہے وہ پسند نہیں کرتے اور نہ ہی مشرکین کہ تم پر تمہارے رب کی طرف سے کوئی خیر (محمدؐ و آل محمدؐ کے فضل و شرف میں آیات و معجزات) نازل ہو مگر اللہ جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت (دینِ اسلام اور موالاتِ محمدؐ و علیؑ) کیلئے مخصوص کر لیتا ہے؛ اور اللہ عظیم فضل والا ہے۔ ہم آیات میں سے کوئی (آیت) نہ منسوخ کرتے ہیں اور (نہ ہی) ہم بھلا دیتے ہیں، ہم اسی میں سے خیر لاتے ہیں اور اسی کی مثل (یعنی ایک امامؑ کے دنیا سے پردہ پوش ہونے کے بعد اسی کے صلب سے اسی کے مثل دوسرا امامؑ موجود ہوتا ہے)؛ کیا تم نہیں جانتے بیشک اللہ ہر شئ پر قادر ہے۔ کیا تم نہیں جانتے بیشک آسمانوں اور زمین کی مملکت اللہ کیلئے ہے؛ اور اللہ کے علاوہ تمہارا کوئی ولی اور نصیر نہیں ہے۔ کیا تم ارادہ کرتے ہو کہ اپنے رسولؐ سے تم اسی طرح (فضول) سوال کرو جسطرح اس سے قبل موسیٰ سے سوال کیئے گئے تھے؛ اور جو ایمان کو کفر سے تبدیل کر لے تو یقیناً وہ متوازن سبیل سے بھٹک گیا۔ اہل کتاب میں سے اکثر چاہتے ہیں کہ کاش وہ تمہیں تمہارے ایمان کے بعد کفار میں واپس لے جائیں، اپنے دلوں میں (فضائلِ محمدؐ و آل محمدؐ سے) حسد کرتے ہوئے، اس کے بعد کہ ان پر (معجزات سے) حق واضح ہو چکا ہے، پس تم درگذر کرو اور نظر انداز کرو(یعنی جہالت سے درگذر اور باطل کو دلیل سے رد کرو) حتیٰ کہ اللہ اپنا امر لے آئے؛ بیشک اللہ ہر شئ پر قادر ہے۔ اور صلاۃ قائم کرو (معصومینؑ پر صلوات کے ساتھ) اور زکاۃ دو (اسکو جو دشمنِ معصومؑ نہ ہو)؛ اور جو خیر تم اپنے نفسوں کیلئے آگے بھیجو گے تم اسے (جاہِ محمدؐ و علیؑ و آلھماؑ کے صدقے) اللہ کے ہاں پا لو گے؛ بیشک اللہ دیکھ رہا ہے جو اعمال تم کر رہے ہو۔ اور وہ کہتے ہیں کہ جنت میں ہرگز کوئی داخل نہیں ہو گا مگر جو یہودی ہو یا نصرانی؛ یہ انکی تمنائیں ہیں (بغیر دلیل کے)؛ (اے میرے حبیبؐ) کہہ دو اپنی کوئی دلیل لاؤ اگر تم صادق ہو (جیسے رسول اللہؐ براھین لے کر آئے)۔ کیوں نہیں، جو بھی (برھان و حجت پر) اللہ کیلئے اپنا چہرہ جھکا دے اور وہ محسن ہو (اعمال اللہ کیلئے کرے) تو اس کا اجر اس کے رب کے پاس ہے، اور ان پر کوئی خوف نہیں ہو گا (کافروں کی طرح عذاب دیکھ کر) اور نہ وہ محزون ہوں گے (موت کے وقت بشارتِ جنت پا کر)۔ اور یہود نے کہا کہ نصاریٰ کسی شئ پر نہیں ہیں، اور نصاریٰ نے کہا کہ یہود کسی شئ پر نہیں ہیں (یعنی ایک دوسرے کے دین کو باطل اور کفر قرار دیا)، حالانکہ وہ (دونوں) کتاب پڑھتے ہیں (یعنی کتاب سے گمراہی سے نکلنے کی ھدایت لینے کی بجائے بلا دلیل تقلید شروع کردی اور ایک دوسرے کو کافر کہنا شروع کر دیا)؛ اسی طرح ان کے قول کے مثل ان لوگوں نے بھی کہا جو (حق کا) علم نہیں رکھتے، پس اللہ یومِ قیامت ان کے مابین اس چیز کا فیصلہ کرے گا جس میں وہ اختلاف کر رہے ہیں۔ اور اس شخص سے بڑا ظالم کون ہے جو اللہ کی مساجد میں اس کے اسم کا ذکر کرنے سے منع کرے اور ان کو ویران کرنے کی کوشش کرے؛ وہ لوگ اس قابل نہیں ہیں کہ ان میں داخل بھی ہوں مگر خائف ہو کر؛ ان کیلئے دنیا میں رسوائی ہے اور ان کیلئے آخرت میں عذابِ عظیم ہے۔ اور اللہ کیلئے مشرق اور مغرب ہیں، پس جس طرف بھی تم منہ کرو گے تو اس طرف وجہ اللہ پاؤگے، بیشک اللہ وسعت والا علیم ہے۔

116. They say, "Allah has taken a son." Exalted is He. Rather, to Him belongs whatever is in the heavens and the earth. All are devoutly obedient to Him.
117. Originator of the heavens and the earth. When He decrees a matter, He only says to it, "Be," and it is.
118. Those who do not know say, "Why does Allah not speak to us or there come to us a sign?" Similarly spoke those before them like their words. Their hearts resemble each other. We have shown clearly the signs to a people who are certain [in faith].
119. Indeed, We have sent you, [O Mohammad sawaw], with the Haqq [the truth] as a bringer of good tidings and a warner, and you will not be asked about the companions of Hellfire.
120. And never will the Jews and the Christians be pleased with you until you follow their religion. Say, "Indeed, the guidance of Allah is the [only] guidance." And if you follow their desires after what has come to you of knowledge, you will have no Wali [guardian] from Allah nor helper.
121. Those [the Masumeen swsa] to whom We have given the Book recite it as it ought to be recited. They [are the ones who] believe in it. And whoever disbelieves in it – it is they who are the losers.
122. O Children of Israel, remember My favour which I have bestowed upon you and that I preferred you over the worlds.
123. And be protective for a Day when no soul will suffice for another soul at all, and no compensation will be accepted from it, nor will any intercession benefit it, nor will they be helped.
124. And [recall], when Ibraheem was tried by his Rabb with words and he fulfilled them [i.e. he supplicated to Allah for the sake of all Masumeen from Mohammad sawaw to Qaim swsa]. [Allah] said, "Indeed, I will make you an Imam [leader] for the people.[Ibraheem] said, "And of my descendants?" [Allah] said, “My covenant does not reach the wrongdoers [i.e an Imam cannot be unjust, and Imamat will be in the progeny of Ibraheem a.s.].”
125. And [recall] when We made the House [i.e. the Ka’bah] a place of return for the people and [a place of] security. And make from the standing place of Ibraheem a place of Salaat [to offer two Rakat Salaat there during Hajj & Umrah]. And We enjoined Ibraheem and Ismaeel, "Purify My House for those who perform Tawaaf (circumambulation) and do Ehtakaaf and bow down and prostrate.”
126. And [recall] when Ibraheem said, "My Rabb, make this a secure city and provide its people with fruits – whoever of them believes in Allah and the Last Day." [Allah] said, “And whoever disbelieves – I will grant him enjoyment for a little; then I will force him to the punishment of the Fire, and it is an evil destination.”
127. And [recall] when Ibraheem was raising the foundations of the House and [with him] Ismaeel, [saying], "Our Rabb, accept [this] from us. Indeed, You are all-Hearing, all-Knowing.
128. Our Rabb, and make both of us Muslims [submitted to Wilayat] to You and from our descendants a Muslim Ummah [expressing Wilayat] for You. And show us our rites [rituals of Hajj, Umrah, etc] and accept our repentance. Indeed, You are the Accepting of repentance, the Merciful.
129. Our Rabb, and send among them a Rasool from themselves [Muslim descendants of Ismaeel a.s.] who will recite to them Your verses and teach them the Book and wisdom and purify them. Indeed, You are the Exalted in Might, the Wise.”

وَقَالُواْ ٱتَّخَذَ ٱللَّهُ وَلَدًاۗ سُبۡحَـٰنَهُۥۖ بَل لَّهُۥ مَا فِى
ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِۖ كُلٌّ لَّهُۥ قَـٰنِتُونَ (١١٦)
بَدِيعُ ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِۖ وَإِذَا قَضَىٰٓ أَمۡرًا
فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُۥ كُن فَيَكُونُ (١١٧) وَقَالَ ٱلَّذِينَ
لَا يَعۡلَمُونَ لَوۡلَا يُكَلِّمُنَا ٱللَّهُ أَوۡ تَأۡتِينَآ ءَايَةٌۗ كَذَٰلِكَ
قَالَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِم مِّثۡلَ قَوۡلِهِمۡۘ تَشَـٰبَهَتۡ قُلُوبُهُمۡۗ
قَدۡ بَيَّنَّا ٱلۡأٓيَـٰتِ لِقَوۡمٍ يُوقِنُونَ (١١٨) إِنَّآ
أَرۡسَلۡنَـٰكَ بِٱلۡحَقِّ بَشِيرًا وَنَذِيرًاۖ وَلَا تُسۡـَٔلُ عَنۡ
أَصۡحَـٰبِ ٱلۡجَحِيمِ (١١٩) وَلَن تَرۡضَىٰ عَنكَ
ٱلۡيَهُودُ وَلَا ٱلنَّصَـٰرَىٰ حَتَّىٰ تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمۡۗ قُلۡ إِنَّ
هُدَى ٱللَّهِ هُوَ ٱلۡهُدَىٰۗ وَلَئِنِ ٱتَّبَعۡتَ أَهۡوَآءَهُم بَعۡدَ
ٱلَّذِى جَآءَكَ مِنَ ٱلۡعِلۡمِ مَا لَكَ مِنَ ٱللَّهِ مِن وَلِىٍّ
وَلَا نَصِيرٍ (١٢٠) ٱلَّذِينَ ءَاتَيۡنَـٰهُمُ ٱلۡكِتَـٰبَ
يَتۡلُونَهُۥ حَقَّ تِلَاوَتِهِۦٓۚ أُوْلَـٰٓئِكَ يُؤۡمِنُونَ بِهِۦۗ وَمَن
يَكۡفُرۡ بِهِۦ فَأُوْلَـٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡخَـٰسِرُونَ (١٢١)
يَـٰبَنِىٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ ٱذۡكُرُواْ نِعۡمَتِىَ ٱلَّتِىٓ أَنۡعَمۡتُ
عَلَيۡكُمۡ وَأَنِّى فَضَّلۡتُكُمۡ عَلَى ٱلۡعَـٰلَمِينَ (١٢٢)
وَٱتَّقُواْ يَوۡمًا لَّا تَجۡزِى نَفۡسٌ عَن نَّفۡسٍ شَيۡـًٔا وَلَا
يُقۡبَلُ مِنۡهَا عَدۡلٌ وَلَا تَنفَعُهَا شَفَـٰعَةٌ وَلَا هُمۡ
يُنصَرُونَ (١٢٣) ۞ وَإِذِ ٱبۡتَلَىٰٓ إِبۡرَٰهِـۧمَ
رَبُّهُۥ بِكَلِمَـٰتٍ فَأَتَمَّهُنَّۖ قَالَ إِنِّى جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ
إِمَامًاۖ قَالَ وَمِن ذُرِّيَّتِىۖ قَالَ لَا يَنَالُ عَهۡدِى
ٱلظَّـٰلِمِينَ (١٢٤) وَإِذۡ جَعَلۡنَا ٱلۡبَيۡتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ
وَأَمۡنًا وَٱتَّخِذُواْ مِن مَّقَامِ إِبۡرَٰهِـۧمَ مُصَلًّىۖ
وَعَهِدۡنَآ إِلَىٰٓ إِبۡرَٰهِـۧمَ وَإِسۡمَـٰعِيلَ أَن طَهِّرَا بَيۡتِىَ
لِلطَّآئِفِينَ وَٱلۡعَـٰكِفِينَ وَٱلرُّكَّعِ ٱلسُّجُودِ (١٢٥)
وَإِذۡ قَالَ إِبۡرَٰهِـۧمُ رَبِّ ٱجۡعَلۡ هَـٰذَا بَلَدًا ءَامِنًا
وَٱرۡزُقۡ أَهۡلَهُۥ مِنَ ٱلثَّمَرَٰتِ مَنۡ ءَامَنَ مِنۡهُم
بِٱللَّهِ وَٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأٓخِرِۖ قَالَ وَمَن كَفَرَ فَأُمَتِّعُهُۥ قَلِيلًا
ثُمَّ أَضۡطَرُّهُۥٓ إِلَىٰ عَذَابِ ٱلنَّارِۖ وَبِئۡسَ ٱلۡمَصِيرُ
(١٢٦) وَإِذۡ يَرۡفَعُ إِبۡرَٰهِـۧمُ ٱلۡقَوَاعِدَ مِنَ ٱلۡبَيۡتِ
وَإِسۡمَـٰعِيلُ رَبَّنَا تَقَبَّلۡ مِنَّآۖ إِنَّكَ أَنتَ ٱلسَّمِيعُ
ٱلۡعَلِيمُ (١٢٧) رَبَّنَا وَٱجۡعَلۡنَا مُسۡلِمَيۡنِ لَكَ وَمِن
ذُرِّيَّتِنَآ أُمَّةً مُّسۡلِمَةً لَّكَ وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبۡ
عَلَيۡنَآۖ إِنَّكَ أَنتَ ٱلتَّوَّابُ ٱلرَّحِيمُ (١٢٨) رَبَّنَا
وَٱبۡعَثۡ فِيهِمۡ رَسُولًا مِّنۡهُمۡ يَتۡلُواْ عَلَيۡهِمۡ ءَايَـٰتِكَ
وَيُعَلِّمُهُمُ ٱلۡكِتَـٰبَ وَٱلۡحِكۡمَةَ وَيُزَكِّيهِمۡۚ إِنَّكَ أَنتَ
ٱلۡعَزِيزُ ٱلۡحَكِيمُ (١٢٩)

اور انہوں نے کہا کہ اللہ اولاد رکھتا ہے، وہ منزہ ہے؛ بلکہ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اسی کا ہے؛ سب اس کے تابع فرمان ہیں۔ وہ آسمانوں اور زمین کا موجد ہے؛ اور جب وہ کسی امر کا فیصلہ کر لیتا ہے تو صرف اس کیلئے یہ کہتا ہے کن (ہو جا) پس وہ ہو جاتا ہے۔ اور ان لوگوں نے جو علم نہیں رکھتے کہا کہ اللہ ہم سے خود کلام کیوں نہیں کرتا یا ہمارے پاس کوئی آیت (کیوں نہیں آتی؛ اسی طرح ان کے قول کی مثل ان لوگوں نے بھی کہا تھا جو ان سے قبل تھے، ان کے قلوب ایک دوسرے کے مشابہ ہیں؛ یقیناً ہم نے یقین کرنے والی قوم کیلئے آیات واضح کر دی ہیں۔ بیشک ہم نے تمہیں حق کے ساتھ بشیر اور نذیر بنا کر بھیجا ہے، اور اہل جحیم کے متعلق تم سے پوچھ (جواب طلبی) نہیں کی جائے گی۔ اور یہودی تم سے ہرگز راضی نہ ہوں گے اور نہ ہی نصرانی حتیٰ کہ تم ان کی ملت کا اتباع کرنے لگو؛ (اے میرے حبیبؐ) کہہ دو بیشک اللہ کی ھدایت ہی (اصل) ھدایت ہے؛ اور اگر تم نے ان کی خواہشات کا اتباع کیا اس کے بعد جو علم تمہارے پاس آچکا ہے، تو اللہ کی طرف سے تمہارے لئے کوئی ولی نہ ہو گا اور نہ ہی نصیر۔ جن لوگوں (یعنی آئمہ طاہرینؑ) کو ہم نے کتاب دی ہے وہ اسے اسطرح تلاوت کرتے ہیں جسطرح اسکی تلاوت کرنے کا حق ہے؛ وہ اس پر ایمان رکھتے ہیں؛ اور جو اس کا کفر کرتے ہیں پس وہی خسارہ پانے والے ہیں۔ اے بنی اسرائیل میری اس نعمت کا ذکر کرو جو میں نے تم پر انعام کی ہے اور یہ کہ میں نے تمہیں عالمین پر فضیلت دی ہے۔ اور ڈرو اس یوم سے جس دن کوئی نفس کسی نفس کو کچھ جزا نہیں دے سکے گا اور نہ کسی سے بدلہ قبول کیا جائے گا اور نہ کسی کو شفاعت فائدہ دے گی اور نہ ان کی نصرت کی جا سکے گی۔ اور جب ابراھیمؑ کو اس کے رب نے کلمات کے ساتھ آزمایا تو اس نے ان کو پورا کر دیا (یعنی تمام معصومینؑ کے قائمؑ تک نام لے کر ان کے حق کا واسطہ دے کر اللہ سے دعا کی)؛ اللہ نے کہا: بیشک میں تم کو لوگوں کا امام بنانے والا ہوں؛ اس نے کہا: اور میری اولاد میں سے بھی؛ اللہ نے کہا: میرا عہد ظالموں کو نہیں پہنچتا (یعنی تاقیامت کوئی ظالم امام نہیں ہو سکتا اور امامت ذریتِ ابراھیمؑ میں ہی ہو گی)۔ اور جب ہم نے بیت اللہ کو لوگوں کیلئے مرکزِ ثواب اور جائے امن بنایا: اور (کہا) مقامِ ابراھیمؑ کو صلاۃ کی جگہ بناؤ (حج و عمرہ میں وہاں دو رکعت صلاۃ پڑھو)؛ اور ہم نے ابراھیمؑ اور اسمٰعیلؑ کو حکم دیا کہ میرے بیت کو طواف کرنے والوں اور اعتکاف کرنے والوں اور رکوع و سجود کرنے والوں کیلئے طاہر کرو۔ اور جب ابراھیمؑ نے کہا: اے میرے رب اس بلد کو امن والا شہر بنا دے اور اس کے باشندوں میں سے جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان لائیں انہیں پھلوں سے رزق دے؛ اللہ نے کہا: اور جو کفر کرے گا اسے میں قلیل سروسامان دوں گا پھر اسے نار کے عذاب کی طرف مجبور کر دوں گا؛ اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے۔ اور جب ابراھیمؑ اور اسمٰعیلؑ بیت اللہ کی بنیادیں اٹھا رہے تھے؛ (تو انہوں نے دعا کی) اے ہمارے رب ہم سے قبول کر لے، بیشک تو ہی سب کچھ سننے والا اور جاننے والا ہے۔ اے ہمارے رب ہمیں اپنا مسلم بنا لے اور ہماری ذریت میں سے بھی اپنے لئے ایک مسلم امت بنا دے، اور ہمیں اپنی عبادت کرنے کے مناسک (طریقے) دکھا دے اور ہم پر توجہ رکھ، بیشک تو ہی توبہ قبول کرنے والا رحیم ہے۔ اے ہمارے رب اور ان لوگوں (مسلم امت ذریتِ اسمٰعیلؑ) میں انہی میں سے ایک رسولؐ مبعوث فرما جو انہیں تیری آیات تلاوت کرکے سنائے اور انہیں کتاب اور حکمت کی تعلیم دے اور ان کا تزکیہ کرے؛ بیشک تو ہی غالب حکمت والا ہے۔

130. And who would turn away from the religion of Ibraheem except one who makes a fool of himself. And certainly We had chosen him in this world, and indeed he, in the Hereafter, will be among the righteous [the Masumeen swsa].
131. When his Rabb said to him, "Submit," he said, "I have submitted to the Rabb of Aalameen."
132. And Ibraheem instructed his sons [about Wilayat e Ali swsa] and [so did] Yaqoob, [saying], "O my sons, indeed Allah has chosen for you this religion, so do not die except while you are Muslims [submissive to Wilayat]."
133. Or were you witnesses when death approached Yaqoob, when he said to his sons, "What will you worship after me?" They said, "We will worship your God and the God of your fathers, Ibraheem and Ismaeel and Is'haaq – one God. And we are Muslims [in submission] to Him."
134. That was a nation which has passed on. It will have [the consequence of] what it earned, and you will have what you have earned. And you will not be asked about what they used to do.
135. They say, "Be Jews or Christians [so] you will be guided." Say, "Rather, [follow] the religion of Ibraheem, inclining toward Truth, and he was not of the polytheists."
136. Say, "We have believed in Allah and what has been revealed to us [Aal e Mohammad swsa] and what has been revealed to Ibraheem and Ismaeel and Is'haaq and Yaqoob and the Descendants [al-Asbaat] and what was given to Musa and Esa and what was given to the prophets from their Rabb. We make no distinction between any of them, and we are Muslims [in submission] to Him."
137. So if they [people] believe in the same as you [i.e. the Masumeen swsa] believe in, then they have been [rightly] guided; but if they turn away, they are only in dissension, so Allah will be sufficient for you against them. And He is all-Hearing, all-Knowing.
138. Sibqhatullah [the Colour of Allah: the covenant of Wilayat e Ali swsa]. And who is better than Allah in colour? And we are worshippers of Him."
139. Say, [O Mohammad sawaw], "Do you argue with us about Allah while He is our Rabb and your Rabb? For us are our deeds, and for you are your deeds. And we are sincere to Him."
140. Or do you say that Ibraheem and Ismaeel and Is'haaq and Yaqoob and the Descendants were Jews or Christians? Say, "Are you more knowing or is Allah?" And who is more unjust than one who conceals a Testimony he has from Allah [and speaks against Wilayat e Ali swsa]? And Allah is not unaware of what you do.
141. That is a nation which has passed on. It will have [the consequence of] what it earned, and you will have what you have earned. And you will not be asked about what they used to do.

وَمَن يَرۡغَبُ عَن مِّلَّةِ إِبۡرَٰهِـۧمَ إِلَّا مَن سَفِهَ
نَفۡسَهُۥۚ وَلَقَدِ ٱصۡطَفَيۡنَٰهُ فِى ٱلدُّنۡيَاۖ وَإِنَّهُۥ فِى
ٱلۡأَخِرَةِ لَمِنَ ٱلصَّٰلِحِينَ (١٣٠) إِذۡ قَالَ لَهُۥ
رَبُّهُۥٓ أَسۡلِمۡۖ قَالَ أَسۡلَمۡتُ لِرَبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ (١٣١)
وَوَصَّىٰ بِهَآ إِبۡرَٰهِـۧمُ بَنِيهِ وَيَعۡقُوبُ يَٰبَنِىَّ إِنَّ ٱللَّهَ
ٱصۡطَفَىٰ لَكُمُ ٱلدِّينَ فَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا وَأَنتُم
مُّسۡلِمُونَ (١٣٢) أَمۡ كُنتُمۡ شُهَدَآءَ إِذۡ حَضَرَ
يَعۡقُوبَ ٱلۡمَوۡتُ إِذۡ قَالَ لِبَنِيهِ مَا تَعۡبُدُونَ مِنۢ
بَعۡدِى قَالُواْ نَعۡبُدُ إِلَٰهَكَ وَإِلَٰهَ ءَابَآئِكَ إِبۡرَٰهِـۧمَ
وَإِسۡمَٰعِيلَ وَإِسۡحَٰقَ إِلَٰهًا وَٰحِدًا وَنَحۡنُ لَهُۥ
مُسۡلِمُونَ (١٣٣) تِلۡكَ أُمَّةٌ قَدۡ خَلَتۡۖ لَهَا مَا
كَسَبَتۡ وَلَكُم مَّا كَسَبۡتُمۡۖ وَلَا تُسۡـَٔلُونَ عَمَّا كَانُواْ
يَعۡمَلُونَ (١٣٤) وَقَالُواْ كُونُواْ هُودًا أَوۡ
نَصَٰرَىٰ تَهۡتَدُواْۗ قُلۡ بَلۡ مِلَّةَ إِبۡرَٰهِـۧمَ حَنِيفًاۖ وَمَا
كَانَ مِنَ ٱلۡمُشۡرِكِينَ (١٣٥) قُولُوٓاْ ءَامَنَّا بِٱللَّهِ
وَمَآ أُنزِلَ إِلَيۡنَا وَمَآ أُنزِلَ إِلَىٰٓ إِبۡرَٰهِـۧمَ
وَإِسۡمَٰعِيلَ وَإِسۡحَٰقَ وَيَعۡقُوبَ وَٱلۡأَسۡبَاطِ وَمَآ
أُوتِىَ مُوسَىٰ وَعِيسَىٰ وَمَآ أُوتِىَ ٱلنَّبِيُّونَ مِن
رَّبِّهِمۡ لَا نُفَرِّقُ بَيۡنَ أَحَدٍ مِّنۡهُمۡ وَنَحۡنُ لَهُۥ
مُسۡلِمُونَ (١٣٦) فَإِنۡ ءَامَنُواْ بِمِثۡلِ مَآ ءَامَنتُم
بِهِۦ فَقَدِ ٱهۡتَدَواْۖ وَّإِن تَوَلَّوۡاْ فَإِنَّمَا هُمۡ فِى شِقَاقٍۖ
فَسَيَكۡفِيكَهُمُ ٱللَّهُۚ وَهُوَ ٱلسَّمِيعُ ٱلۡعَلِيمُ (١٣٧)
صِبۡغَةَ ٱللَّهِۖ وَمَنۡ أَحۡسَنُ مِنَ ٱللَّهِ صِبۡغَةً وَنَحۡنُ
لَهُۥ عَٰبِدُونَ (١٣٨) قُلۡ أَتُحَآجُّونَنَا فِى ٱللَّهِ
وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمۡ وَلَنَآ أَعۡمَٰلُنَا وَلَكُمۡ أَعۡمَٰلُكُمۡ
وَنَحۡنُ لَهُۥ مُخۡلِصُونَ (١٣٩) أَمۡ تَقُولُونَ إِنَّ
إِبۡرَٰهِـۧمَ وَإِسۡمَٰعِيلَ وَإِسۡحَٰقَ وَيَعۡقُوبَ
وَٱلۡأَسۡبَاطَ كَانُواْ هُودًا أَوۡ نَصَٰرَىٰۗ قُلۡ ءَأَنتُمۡ
أَعۡلَمُ أَمِ ٱللَّهُۗ وَمَنۡ أَظۡلَمُ مِمَّن كَتَمَ شَهَٰدَةً عِندَهُۥ
مِنَ ٱللَّهِۗ وَمَا ٱللَّهُ بِغَٰفِلٍ عَمَّا تَعۡمَلُونَ (١٤٠)
تِلۡكَ أُمَّةٌ قَدۡ خَلَتۡۖ لَهَا مَا كَسَبَتۡ وَلَكُم مَّا كَسَبۡتُمۡۖ
وَلَا تُسۡـَٔلُونَ عَمَّا كَانُواْ يَعۡمَلُونَ (١٤١)

اور کون ہے جو ابراہیمؑ کی ملت (دین) سے منہ موڑے سوائے اس کے جو اپنے نفس کو حماقت میں مبتلا کرے؛ اور تحقیق ہم نے اسے دنیا میں چن لیا اور بیشک وہ آخرت میں صالحین (محمدؐ و آل محمدؐ) میں سے ہے۔ جب اسے اس کے رب نے کہا: مطیع ہو جا، اس نے کہا: میں عالمین کے رب کا مطیع ہوا۔ اور اس بات (یعنی ولایتِ علیؑ) کی ابراہیمؑ نے اپنے بیٹوں کو وصیت کی اور یعقوبؑ نے بھی: اے میرے بیٹو اللہ نے تمہارے لئے دین منتخب کیا ہے پس تم نہ مرنا مگر (اس حال میں کہ) تم مسلم ہو (یعنی ولایت کے سامنے سرِ تسلیم خم ہو)۔ کیا تم اس وقت موجود تھے جب یعقوبؑ کی موت کا وقت آیا، جب اس نے اپنے بیٹوں سے کہا: تم میرے بعد کس کی عبادت کرو گے؟ انہوں نے کہا: ہم تیرے اور تیرے آباء و اجداد ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ اور اسحاقؑ کے معبود کی عبادت کریں گے جو واحد معبود ہے، اور ہم اس کے مسلم ہیں۔ وہ ایک امت تھی جو گذر چکی، اس کیلئے ہے جو اس نے کمایا اور تمہارے لئے ہے جو تم نے کمایا، اور جو کچھ وہ کرتے رہے تھے اس کے متعلق تم سے سوال نہیں کیا جائے گا۔ اور انہوں نے کہا: یہودی یا نصرانی بن جاؤ تو تم ہدایت پاؤ گے؛ کہہ دو: بلکہ ابراہیمؑ کا دین (اپناؤ) جو حنیف (حق کی طرف مڑا ہوا) تھا اور وہ مشرکین میں سے نہ تھا۔ کہو: ہم ایمان لائے اللہ پر اور جو ہماری طرف نازل ہوا (یعنی آل محمدؐ پر) اور جو ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ اور اسحٰقؑ اور یعقوبؑ اور ان کے نواسوں پر نازل ہوا اور جو موسٰیؑ اور عیسٰیؑ کو دیا گیا اور جو نبیوںؑ کو ان کے رب کی طرف سے دیا گیا، ہم ان میں سے کسی کے درمیان تفریق نہیں کرتے اور ہم اس کے مسلم ہیں۔ پس اگر وہ (یعنی تمام لوگ) اس طرح ایمان لائیں جس طرح تم لائے (یعنی سنتِ معصومینؑ کے مطابق) تو وہ ہدایت پا گئے، اور اگر وہ منہ موڑیں تو صرف وہ نزاع و تفریق (کفر) میں مبتلا ہیں، پس عنقریب اللہ ان (سے نمٹنے) کیلئے کافی ہے، اور وہ سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے۔ صبغۃ اللہ (اللہ کا رنگ اختیار کرو، میثاقِ ولایتِ علیؑ)، اور اللہ کے رنگ سے زیادہ اچھا اور کس کا رنگ ہو گا، اور ہم اسی کی عبادت کرتے ہیں۔ کہہ دو: کیا تم ہم سے اللہ کے بارے میں جھگڑتے ہو حالانکہ وہ ہمارا رب بھی ہے اور تمہارا رب بھی، اور ہمارے اعمال ہمارے لئے ہیں اور تمہارے اعمال تمہارے لئے، اور ہم اس کے مخلص (بندے) ہیں۔ کیا تم کہتے ہو کہ ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ اور اسحٰقؑ اور یعقوبؑ اور ان کے نواسے یہودی یا نصرانی تھے؟ کہہ دو: کیا تم زیادہ جانتے ہو یا اللہ؟ اور اس شخص (جو ولایتِ علیؑ کے خلاف کھسرپھسر کرے) سے بڑھ کر زیادہ ظالم اور کون ہو سکتا ہے جو اس شہادت (گواہی) کو چھپائے جو اللہ کی طرف سے اس کے پاس ہے؛ اور اللہ غافل نہیں ہے جو تم کر رہے ہو۔ وہ ایک امت تھی جو گذر چکی، اس کیلئے ہے جو اس نے کمایا اور تمہارے لئے ہے جو تم نے کمایا، اور جو کچھ وہ کرتے رہے اس کے متعلق تم سے سوال نہیں کیا جائے گا۔

142. The foolish among the people [Jews and others] will say, "What has turned them away from their Qiblah [Baitul Muqaddas] which they used to face?" Say, "To Allah belongs the East and the West. He guides whom He wills to the straight path."
143. And thus We have made you [i.e. the infallible Imams] Ummatanw Wasatan (Central Ummah) that you will be witnesses over [all] the people and the Rasool [sawaw] will be a witness over you. And We did not make the Qiblah which you used to face except that We might make evident who would follow the Rasool [sawaw] from who would turn back on his heels. And indeed, it was difficult except for those whom Allah has guided. And never would Allah have caused you to lose your faith [previous Salaats]. Indeed Allah is, to the people, Kind and Merciful.
144. We have certainly seen the turning of your face, [O Mohammad sawaw], towards the heaven, and We will surely turn you to a Qiblah which you like. So turn your face [i.e. yourself] towards al-Masjid al-Haraam. And wherever you [believers] are, turn your faces [i.e. yourselves] towards it [for Salaat]. And indeed, those who have been given the Book [Torah & Bible] certainly know that it is the truth from their Rabb. And Allah is not unaware of what they do.
145. And if you brought to those who were given the Book every sign, they would not follow your Qiblah. And you are not a follower of their Qiblah. Nor would they be followers of one another's Qiblah. And if you will follow their desires after what has come to you of knowledge, indeed, you would then be among the wrongdoers.
146. Those to whom We gave the Book recognize him [Prophet Mohammad sawaw] as they recognize their own sons. But indeed, a party of them conceal the truth while they know [it].
147. The truth [Nabuwat of Mohammad sawaw] is from your Rabb, so never be among the doubters.
148. For everyone is a direction toward which it turns [face]. So excel to do Khairat [good works: Wilayat]. Wherever you [As'hab e Qaim swsa] may be, Allah will bring you all together. Indeed, Allah has power over all things.
149. And from wherever you go out [for Salaat], turn your face toward al-Masjid al-Haraam, and indeed, it is the truth from your Rabb. And Allah is not unaware of what you do.
150. And from wherever you go out, turn your face toward al-Masjid al-Haraam. And wherever you may be, turn your faces toward it in order that the people will not have any argument against you, except for those of them who commit wrong; and don't be afraid of them but fear Me. And so that I may complete My Ne'mat [favour] upon you and that you may be guided.
151. Just as We have sent among you a Rasool among you reciting to you Our verses and purifying you and teaching you the Book and wisdom and teaching you that which you did not know.
152. So remember Me; I will remember you. And be thankful to Me and do not deny [ungrateful to] Me.
153. O you who believe, seek help through Sabr [Mohammad sawaw] and Salaat [Ali swsa]. Indeed, Allah is with the patient ones.

۞ سَيَقُولُ ٱلسُّفَهَآءُ مِنَ ٱلنَّاسِ مَا وَلَّىٰهُمۡ عَن
قِبۡلَتِهِمُ ٱلَّتِي كَانُواْ عَلَيۡهَاۚ قُل لِّلَّهِ ٱلۡمَشۡرِقُ
وَٱلۡمَغۡرِبُۚ يَهۡدِي مَن يَشَآءُ إِلَىٰ صِرَٰطٖ مُّسۡتَقِيمٖ
(١٤٢) وَكَذَٰلِكَ جَعَلۡنَٰكُمۡ أُمَّةٗ وَسَطٗا لِّتَكُونُواْ
شُهَدَآءَ عَلَى ٱلنَّاسِ وَيَكُونَ ٱلرَّسُولُ عَلَيۡكُمۡ
شَهِيدٗاۗ وَمَا جَعَلۡنَا ٱلۡقِبۡلَةَ ٱلَّتِي كُنتَ عَلَيۡهَآ إِلَّا
لِنَعۡلَمَ مَن يَتَّبِعُ ٱلرَّسُولَ مِمَّن يَنقَلِبُ عَلَىٰ عَقِبَيۡهِۚ
وَإِن كَانَتۡ لَكَبِيرَةً إِلَّا عَلَى ٱلَّذِينَ هَدَى ٱللَّهُۗ وَمَا
كَانَ ٱللَّهُ لِيُضِيعَ إِيمَٰنَكُمۡۚ إِنَّ ٱللَّهَ بِٱلنَّاسِ لَرَءُوفٞ
رَّحِيمٞ (١٤٣) قَدۡ نَرَىٰ تَقَلُّبَ وَجۡهِكَ فِي
ٱلسَّمَآءِۖ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبۡلَةٗ تَرۡضَىٰهَاۚ فَوَلِّ وَجۡهَكَ
شَطۡرَ ٱلۡمَسۡجِدِ ٱلۡحَرَامِۚ وَحَيۡثُ مَا كُنتُمۡ فَوَلُّواْ
وُجُوهَكُمۡ شَطۡرَهُۥۗ وَإِنَّ ٱلَّذِينَ أُوتُواْ ٱلۡكِتَٰبَ
لَيَعۡلَمُونَ أَنَّهُ ٱلۡحَقُّ مِن رَّبِّهِمۡۗ وَمَا ٱللَّهُ بِغَٰفِلٍ
عَمَّا يَعۡمَلُونَ (١٤٤) وَلَئِنۡ أَتَيۡتَ ٱلَّذِينَ أُوتُواْ
ٱلۡكِتَٰبَ بِكُلِّ ءَايَةٖ مَّا تَبِعُواْ قِبۡلَتَكَۚ وَمَآ أَنتَ
بِتَابِعٖ قِبۡلَتَهُمۡۚ وَمَا بَعۡضُهُم بِتَابِعٖ قِبۡلَةَ بَعۡضٖۚ
وَلَئِنِ ٱتَّبَعۡتَ أَهۡوَآءَهُم مِّنۢ بَعۡدِ مَا جَآءَكَ مِنَ
ٱلۡعِلۡمِ إِنَّكَ إِذٗا لَّمِنَ ٱلظَّٰلِمِينَ (١٤٥) ٱلَّذِينَ
ءَاتَيۡنَٰهُمُ ٱلۡكِتَٰبَ يَعۡرِفُونَهُۥ كَمَا يَعۡرِفُونَ
أَبۡنَآءَهُمۡۖ وَإِنَّ فَرِيقٗا مِّنۡهُمۡ لَيَكۡتُمُونَ ٱلۡحَقَّ وَهُمۡ
يَعۡلَمُونَ (١٤٦) ٱلۡحَقُّ مِن رَّبِّكَۖ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ
ٱلۡمُمۡتَرِينَ (١٤٧) وَلِكُلّٖ وِجۡهَةٌ هُوَ مُوَلِّيهَاۖ
فَٱسۡتَبِقُواْ ٱلۡخَيۡرَٰتِۚ أَيۡنَ مَا تَكُونُواْ يَأۡتِ بِكُمُ ٱللَّهُ
جَمِيعًاۚ إِنَّ ٱللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ قَدِيرٞ (١٤٨)
وَمِنۡ حَيۡثُ خَرَجۡتَ فَوَلِّ وَجۡهَكَ شَطۡرَ ٱلۡمَسۡجِدِ
ٱلۡحَرَامِۖ وَإِنَّهُۥ لَلۡحَقُّ مِن رَّبِّكَۗ وَمَا ٱللَّهُ بِغَٰفِلٍ
عَمَّا تَعۡمَلُونَ (١٤٩) وَمِنۡ حَيۡثُ خَرَجۡتَ فَوَلِّ
وَجۡهَكَ شَطۡرَ ٱلۡمَسۡجِدِ ٱلۡحَرَامِۚ وَحَيۡثُ مَا كُنتُمۡ
فَوَلُّواْ وُجُوهَكُمۡ شَطۡرَهُۥ لِئَلَّا يَكُونَ لِلنَّاسِ
عَلَيۡكُمۡ حُجَّةٌ إِلَّا ٱلَّذِينَ ظَلَمُواْ مِنۡهُمۡ فَلَا تَخۡشَوۡهُمۡ
وَٱخۡشَوۡنِي وَلِأُتِمَّ نِعۡمَتِي عَلَيۡكُمۡ وَلَعَلَّكُمۡ تَهۡتَدُونَ
(١٥٠) كَمَآ أَرۡسَلۡنَا فِيكُمۡ رَسُولٗا مِّنكُمۡ يَتۡلُواْ
عَلَيۡكُمۡ ءَايَٰتِنَا وَيُزَكِّيكُمۡ وَيُعَلِّمُكُمُ ٱلۡكِتَٰبَ
وَٱلۡحِكۡمَةَ وَيُعَلِّمُكُم مَّا لَمۡ تَكُونُواْ تَعۡلَمُونَ
(١٥١) فَٱذۡكُرُونِيٓ أَذۡكُرۡكُمۡ وَٱشۡكُرُواْ لِي وَلَا
تَكۡفُرُونِ (١٥٢) يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ ٱسۡتَعِينُواْ
بِٱلصَّبۡرِ وَٱلصَّلَوٰةِۚ إِنَّ ٱللَّهَ مَعَ ٱلصَّٰبِرِينَ
(١٥٣)

اب لوگوں میں سے احمق (یہود اور دوسرے) کہیں گے کہ ان لوگوں کو اس قبلہ (بیت المقدس) سے جس پر تھے کس چیز نے ہٹا دیا؛ کہہ دو کہ مشرق اور مغرب اللہ ہی کیلئے ہے وہ جسے چاہتا ہے صراط مستقیم کی طرف ھدایت دیتا ہے۔ اور اسی طرح ہم نے تم (ائمۃ معصومینؑ) کو امتِ وسطیٰ بنایا ہے تاکہ تم لوگوں پر گواہ ہو اور رسولؐ تم پر گواہ ہو؛ اور ہم نے اسے قبلہ نہیں بنایا جس پر تم تھے مگر اسلئے کہ ہم معلوم (ظاہر) کریں کہ کون رسولؐ کا اتباع کرتا ہے ان لوگوں میں سے جو اپنی ایڑیوں پر واپس پلٹ جاتے ہیں؛ اور بیشک یہ بڑی گراں بات تھی سوائے ان لوگوں کے جن کو اللہ نے ھدایت دی ہے؛ اور اللہ تمہارے ایمان (ماضی کی صلاتوں) کو ضائع نہیں کرے گا؛ بیشک اللہ لوگوں کے ساتھ رؤف و رحیم ہے۔ یقیناً ہم تمہارے چہرے کا بار بار آسمان کی طرف اٹھنا دیکھ رہے ہیں، پس ہم تمہیں اس قبلے کی طرف موڑ دیں جسے تم پسند کرتے ہو، تو اپنا چہرہ تم مسجدِ حرام کی طرف موڑ لو؛ اور جہاں کہیں تم ہو تو اسی طرف اپنے منہ موڑ لیا کرو؛ اور بیشک جن لوگوں کو کتاب (تورات وانجیل) دی گئی ہے وہ ضرور جانتے ہیں کہ بیشک یہ ان کے رب کی طرف سے حق ہے؛ اور اللہ اس سے غافل نہیں ہے جو وہ کر رہے ہیں۔ اور اگر تم ان لوگوں کے سامنے جن کو کتاب دی گئی ہے ہر طرح کی آیات لے آؤ تو پھر بھی وہ تمہارے قبلے کا اتباع نہیں کریں گے، اور نہ تم ان کے قبلہ کے تابع ہو، اور نہ وہ ایک دوسرے کے قبلہ کے تابع ہیں، اور اگر تم نے ان کی خواہشات کا اتباع کیا اس علم کے بعد جو تمہارے پاس آ چکا ہے، تب یقیناً تم ظالموں میں سے ہو گے۔ جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ اس (اللہ کے رسولؐ) کو پہچانتے ہیں جسطرح وہ اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں؛ اور بیشک ان میں سے ایک فریق یقیناً حق کو چھپاتا ہے حالانکہ وہ جانتے بھی ہیں۔ حق (آپؐ کی رسالت) تمہارے رب کی طرف سے ہے پس تم شک کرنے والوں میں سے نہ ہو جانا۔ اور ہر ایک کیلئے ایک سمت ہے جس کی طرف وہ رخ کرتا ہے پس تم خیر (ولایت) کی طرف سبقت کرو؛ جہاں کہیں بھی تم (اصحابِ قائمؑ) ہو گے اللہ تم سب کو لے آئے گا؛ بیشک اللہ ہر شئ پر قادر ہے۔ اور جہاں کہیں سے بھی تم نکلو پس اپنا چہرہ مسجدِ حرام کی طرف موڑ لیا کرو؛ اور بیشک وہ یقیناً حق ہے تمہارے رب کی طرف سے؛ اور اللہ اس سے غافل نہیں ہے جو کچھ تم کر رہے ہو۔ اور جہاں کہیں سے بھی تم نکلو تو اپنا چہرہ مسجدِ حرام کی طرف موڑ لیا کرو؛ اور جہاں کہیں تم ہو پس اپنا چہرہ اسی کی جانب موڑو، تاکہ لوگوں کیلئے تمہارے خلاف کوئی حجت باقی نہ رہے، مگر جو ان میں سے ظلم کرنے والے ہیں، پس تم ان سے نہ ڈرو بلکہ مجھ سے ڈرو، اور تاکہ میں اپنی نعمت تم پر تمام کروں اور تاکہ تم ھدایت پا سکو۔ جیسا کہ ہم نے تمہارے درمیان تم میں سے ایک رسول بھیجا ہے جو تمہارے لئے ہماری آیات تلاوت کرتا ہے اور وہ تمہارا تزکیہ کرتا ہے اور وہ تمہیں کتاب اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے اور وہ تمہیں ان باتوں کی تعلیم دیتا ہے جو تم نہیں جانتے تھے۔ پس تم میرا ذکر کرو میں تمہارا ذکر کرتا ہوں اور میرے لئے شکر کرو اور تم میرا کفر نہ کرو۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو صبر (مولا محمدؐ) اور صلاۃ (مولا علیؑ) سے استعانت (مدد) مانگو؛ بیشک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

154. And do not say about those who are killed in the way of Allah, "They are dead." Rather, they are alive, but you don't perceive [it].
155. And We will surely test you [O Momineen before Zahoor of Qaim swsa] with something of fear and hunger and a loss of wealth and lives and fruits, but give good tidings [of Zahoor] to the patient,
156. Who, when disaster strikes them, say, "Indeed we belong to Allah, and indeed to Him we will return."
157. Those are the ones upon whom are Salawat from their Rabb and mercy. And it is those who are the [rightly] guided.
158. Indeed, as-Safa and al-Marwah are among the symbols of Allah. So whoever performs Hajj [pilgrimage] of the House or performs Umrah – there is no objection on him that he goes around them both. And whoever volunteers good – then indeed, Allah is Grateful all-Knowing.
159. Indeed, those who conceal what We sent down [about Ali swsa] of clear proofs and guidance after We made it clear for the people in the Book – those are cursed by Allah and cursed by those [i.e. the Masumeen swsa] who curse,
160. Except for those who repent [not to hide merits anymore] and correct themselves and make evident [the right of Wilayat of Mohammad sawaw & Ali swsa]. Those – I will accept their repentance, and I am the Accepting of repentance, the Merciful.
161. Indeed, those who disbelieve [in Nabuwat of Mohammad sawaw and Wilayat of Ali swsa] and die while they are disbelievers – upon them is the curse of Allah and of the angels and the people, all together [i.e. even Kufaar curse upon themselves],
162. Abiding eternally therein. The punishment will not be lightened for them, nor will they be reprieved.
163. And your god is one God. There is no God [worthy of worship] except Him, the Entirely Merciful, the Especially Merciful.
164. Indeed, in the creation of the heavens and the earth, and the alternation of the night and the day, and the ships which sail in the sea that which benefits people, and what Allah has sent down from the heavens of rain, giving life thereby to the earth after its lifelessness and dispersing therein every [kind of] moving creature, and [His] directing of the winds and the clouds controlled between the heaven and earth are signs for a people who understand.
165. And among the people are those who take other than Allah as equals [to Him][i.e. they appoint fallible imams]. They love them as they [should] love Allah. But those who believe are stronger in love for Allah [and Aal e Mohammad swsa]. And if they [i.e. self-appointed imams and their followers] who have wronged would visualize [now] what they will on seeing the punishment, that all power belongs to Allah and that Allah is severe in punishment.
166. When those [Rahber, Peer] who have been followed will disassociate themselves from those [Muqallideen] who followed [them], and they [all] see the punishment, and their means [ties] will be cut off,
167. Those [Muqallideen, Mureed] who followed will say, "If we would have another turn [at worldly life] then we will disassociate ourselves from them as they have disassociated themselves from us." Like this Allah will show them their deeds as regrets upon them. And they [both parties] are never to emerge from the Fire.
168. O mankind, eat from whatever is on earth [which is] Halaal and good and do not follow the footsteps of Shaitan [i.e. whatever is not from Allah]. Indeed, he is to you an open enemy.

وَلَا تَقُولُواْ لِمَن يُقۡتَلُ فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ أَمۡوَٰتُۢۚ بَلۡ
أَحۡيَآءٞ وَلَٰكِن لَّا تَشۡعُرُونَ (١٥٤) وَلَنَبۡلُوَنَّكُم
بِشَيۡءٖ مِّنَ ٱلۡخَوۡفِ وَٱلۡجُوعِ وَنَقۡصٖ مِّنَ
ٱلۡأَمۡوَٰلِ وَٱلۡأَنفُسِ وَٱلثَّمَرَٰتِۗ وَبَشِّرِ ٱلصَّٰبِرِينَ
(١٥٥) ٱلَّذِينَ إِذَآ أَصَٰبَتۡهُم مُّصِيبَةٞ قَالُوٓاْ إِنَّا لِلَّهِ
وَإِنَّآ إِلَيۡهِ رَٰجِعُونَ (١٥٦) أُوْلَٰٓئِكَ عَلَيۡهِمۡ
صَلَوَٰتٞ مِّن رَّبِّهِمۡ وَرَحۡمَةٞۖ وَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ
ٱلۡمُهۡتَدُونَ (١٥٧) ۞ إِنَّ ٱلصَّفَا وَٱلۡمَرۡوَةَ مِن
شَعَآئِرِ ٱللَّهِۖ فَمَنۡ حَجَّ ٱلۡبَيۡتَ أَوِ ٱعۡتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ
عَلَيۡهِ أَن يَطَّوَّفَ بِهِمَاۚ وَمَن تَطَوَّعَ خَيۡرٗا فَإِنَّ
ٱللَّهَ شَاكِرٌ عَلِيمٌ (١٥٨) إِنَّ ٱلَّذِينَ يَكۡتُمُونَ مَآ
أَنزَلۡنَا مِنَ ٱلۡبَيِّنَٰتِ وَٱلۡهُدَىٰ مِنۢ بَعۡدِ مَا بَيَّنَّٰهُ
لِلنَّاسِ فِي ٱلۡكِتَٰبِ أُوْلَٰٓئِكَ يَلۡعَنُهُمُ ٱللَّهُ وَيَلۡعَنُهُمُ
ٱللَّٰعِنُونَ (١٥٩) إِلَّا ٱلَّذِينَ تَابُواْ وَأَصۡلَحُواْ
وَبَيَّنُواْ فَأُوْلَٰٓئِكَ أَتُوبُ عَلَيۡهِمۡۚ وَأَنَا ٱلتَّوَّابُ
ٱلرَّحِيمُ (١٦٠) إِنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ وَمَاتُواْ وَهُمۡ
كُفَّارٌ أُوْلَٰٓئِكَ عَلَيۡهِمۡ لَعۡنَةُ ٱللَّهِ وَٱلۡمَلَٰٓئِكَةِ وَٱلنَّاسِ
أَجۡمَعِينَ (١٦١) خَٰلِدِينَ فِيهَاۖ لَا يُخَفَّفُ عَنۡهُمُ
ٱلۡعَذَابُ وَلَا هُمۡ يُنظَرُونَ (١٦٢) وَإِلَٰهُكُمۡ إِلَٰهٞ
وَٰحِدٞۖ لَّآ إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ٱلرَّحۡمَٰنُ ٱلرَّحِيمُ (١٦٣)
إِنَّ فِي خَلۡقِ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ وَٱخۡتِلَٰفِ
ٱلَّيۡلِ وَٱلنَّهَارِ وَٱلۡفُلۡكِ ٱلَّتِي تَجۡرِي فِي ٱلۡبَحۡرِ بِمَا
يَنفَعُ ٱلنَّاسَ وَمَآ أَنزَلَ ٱللَّهُ مِنَ ٱلسَّمَآءِ مِن مَّآءٖ
فَأَحۡيَا بِهِ ٱلۡأَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِهَا وَبَثَّ فِيهَا مِن
كُلِّ دَآبَّةٖ وَتَصۡرِيفِ ٱلرِّيَٰحِ وَٱلسَّحَابِ
ٱلۡمُسَخَّرِ بَيۡنَ ٱلسَّمَآءِ وَٱلۡأَرۡضِ لَأٓيَٰتٖ لِّقَوۡمٖ
يَعۡقِلُونَ (١٦٤) وَمِنَ ٱلنَّاسِ مَن يَتَّخِذُ مِن دُونِ
ٱللَّهِ أَندَادٗا يُحِبُّونَهُمۡ كَحُبِّ ٱللَّهِۖ وَٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ
أَشَدُّ حُبّٗا لِّلَّهِۗ وَلَوۡ يَرَى ٱلَّذِينَ ظَلَمُوٓاْ إِذۡ يَرَوۡنَ
ٱلۡعَذَابَ أَنَّ ٱلۡقُوَّةَ لِلَّهِ جَمِيعٗا وَأَنَّ ٱللَّهَ شَدِيدُ
ٱلۡعَذَابِ (١٦٥) إِذۡ تَبَرَّأَ ٱلَّذِينَ ٱتُّبِعُواْ مِنَ ٱلَّذِينَ
ٱتَّبَعُواْ وَرَأَوُاْ ٱلۡعَذَابَ وَتَقَطَّعَتۡ بِهِمُ ٱلۡأَسۡبَابُ
(١٦٦) وَقَالَ ٱلَّذِينَ ٱتَّبَعُواْ لَوۡ أَنَّ لَنَا كَرَّةٗ
فَنَتَبَرَّأَ مِنۡهُمۡ كَمَا تَبَرَّءُواْ مِنَّاۗ كَذَٰلِكَ يُرِيهِمُ ٱللَّهُ
أَعۡمَٰلَهُمۡ حَسَرَٰتٍ عَلَيۡهِمۡۖ وَمَا هُم بِخَٰرِجِينَ مِنَ
ٱلنَّارِ (١٦٧) يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ كُلُواْ مِمَّا فِي
ٱلۡأَرۡضِ حَلَٰلٗا طَيِّبٗا وَلَا تَتَّبِعُواْ خُطُوَٰتِ
ٱلشَّيۡطَٰنِۚ إِنَّهُۥ لَكُمۡ عَدُوّٞ مُّبِينٌ (١٦٨)

اور جو اللہ کی سبیل میں قتل ہو جاتے ہیں انہیں تم مردہ نہ کہو؛ بلکہ وہ حیات ہیں لیکن تم شعور نہیں رکھتے۔ اور ہم تمہیں (اے مؤمنین) ضرور آزمائیں گے (ظہور سے پہلے) کسی قدر خوف اور بھوک اور اموال و نفوس و ثمرات میں نقصان سے؛ اور بشارت دو (ظہورِ قائمؑ کی) صابرین کو۔ جو لوگ جب ان پر مصیبت آتی ہے تو وہ کہتے ہیں بیشک ہم اللہ ہی کیلئے ہیں اور بیشک ہم اسی کی طرف رجوع کرنے والے ہیں۔ وہی ہیں کہ ان پر ان کے رب کی طرف سے صلوات اور رحمت ہے، اور وہی ہیں کہ وہ ہدایت یافتہ ہیں۔ بیشک صفا اور مروہ شعائراللہ میں سے ہیں، پس جو بیت اللہ کا حج کرے یا عمرہ کرے تو اس پر کوئی حرج نہیں کہ ان کا طواف کرے؛ اور جو طوعاً (اپنی مرضی سے) خیر کرے، تو بیشک اللہ شاکر (بڑا قدردان) علیم ہے۔ بیشک جو لوگ ان بینات اور ہدایت کو چھپاتے ہیں جو ہم نے (علیؑ کے بارے میں) نازل کی ہیں بعد اس کے کہ ہم نے وہ کتاب میں لوگوں کیلئے کھول کر بیان کر دی ہیں، وہی ہیں کہ ان پر اللہ لعنت کرتا ہے اور ان پر سب لعنت کرنے والے (یعنی معصومینؑ) لعنت کرتے ہیں۔ مگر جن لوگوں نے (فضائل چھپانے سے) توبہ کر لی اور (اپنے اعمال کی) اصلاح کر لی اور (محمدؐ و علیؑ کی ولایت کا حق) بیان کر دیا پس وہی ہیں کہ ان کی میں توبہ قبول کرتا ہوں، اور میں توبہ قبول کرنے والا رحیم ہوں۔ بیشک جن لوگوں نے (نبوتِ محمدؐ اور ولایتِ علیؑ سے) کفر کیا اور وہ مر گئے جبکہ وہ کفار تھے وہی ہیں کہ ان پر اللہ اور ملائکہ اور سب لوگوں کی اجتماعی لعنت ہے (یعنی کفار بھی اپنے اوپر لعنت کرتے ہیں)۔ وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے، ان پر عذاب میں تخفیف نہیں کی جائے گی اور نہ ہی ان کو مہلت دی جائے گی۔ اور تمہارا معبود معبودِ واحد ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں جو رحمان و رحیم ہے۔ بیشک آسمانوں اور زمین کی تخلیق میں اور لیل و نہار کے آنے جانے میں اور کشتیاں جو بحر میں چلتی ہیں جو لوگوں کو منافع دیتی ہیں اور جو اللہ نے آسمان سے نازل کیا پانی میں سے تو اس سے زمین کو حیات دی اس کی موت کے بعد اور اس میں ہر قسم کے چلنے والے پھیلا دیئے، اور ہواؤں کی گردش میں اور ان بادلوں میں جو آسمان اور زمین کے درمیان تابع فرمان ہیں یقیناً آیات ہیں عقل کرنے والی قوم کیلئے۔ اور کچھ لوگ ایسے ہیں جو اللہ کے علاوہ (دوسروں کو اس کا) مد مقابل بناتے ہیں (یعنی خود ساختہ امام بنا کر) وہ ان سے ایسی محبت کرتے ہیں جیسی اللہ سے محبت؛ اور جو لوگ ایمان لائے ہیں انکی سب سے زیادہ محبت اللہ کیلئے (اور آلِ محمدؐ کیلئے) ہے؛ اور کاش جو لوگ ظلم کرتے ہیں وہ دیکھ لیں (اب سمجھ لیں وہ خود ساختہ امام اور ان کے شیعہ) جب وہ عذاب دیکھیں گے (تو سمجھ آئے گی)، کہ بیشک تمام قوت مجموعی طور پر اللہ کیلئے ہے، اور بیشک اللہ شدید عذاب دینے والا ہے۔ جب وہ (پیر، رہبر) لوگ جن کا اتباع (پیروی، تقلید) کیا گیا تھا ان لوگوں سے جنہوں نے انکا اتباع کیا تھا برآت (تبرا) کریں گے اور وہ عذاب دیکھیں گے اور ان کے اسباب (ذرائع، تعلقات) قطع ہو جائیں گے۔ اور وہ (مرید، مقلد) لوگ جنہوں نے ان کا اتباع کیا تھا کہیں گے: کاش کہ ہمارے لئے (دنیا میں) ایک دفعہ واپس جانا ممکن ہو تو ہم بھی ان سے اسی طرح برآت کریں جس طرح انہوں نے ہم سے برآت کی ہے؛ اسی طرح اللہ انکے اعمال ان کیلئے حسرتیں بنا کر انہیں دکھائے گا؛ اور وہ (دشمنانِ علیؑ) نار سے نہیں نکل سکیں گے۔ اے لوگو کھاؤ زمین پر ان چیزوں میں سے جو حلال اور طیب ہیں، اور شیطان کے نقشِ قدم (ہر چیز جو اللہ کی طرف سے نہ ہو) کا اتباع نہ کرو؛ بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔

169. He only orders you evil [opposition of Wilayat] and immorality and to say about Allah what you do not know [i.e. to appoint someone imam who is not from Allah].
170. And when it is said to them, "Follow what Allah has revealed," they say, "Rather, we will follow that which we found our fathers upon." Even though their fathers understood nothing, nor were they guided?
171. The example of those who disbelieve is like that of one who shouts at what hears nothing but calls and cries [i.e. cattle or sheep] – deaf, dumb and blind, so they do not understand.
172. O you who believe, eat from the good [i.e. lawful] things which We have provided for you and be grateful to Allah [for knowing the Masumeen swsa] if it is [indeed] Him that you worship [and obey the Masumeen swsa].
173. He has only forbidden to you dead animals, the blood, the flesh of swine, and that which has been dedicated to other than Allah. But whoever is forced [by necessity], neither rebellious [to the Imam swsa] nor transgressing [usurper of the Haqq], there is no sin upon him. Indeed, Allah is Forgiving and Merciful.
174. Indeed, they who conceal [the merits of Mohammad sawaw and Ali swsa] what Allah has sent down of the Book and exchange it for a small price [wealth & power] – those eat nothing into their bellies except the Fire [of Hell]. And Allah will not speak to them on the Day of Qiyamah [except cursing], nor will He purify them [from sins]. And they will have a painful punishment.
175. Those are the ones who have exchanged guidance for error and forgiveness for punishment. How patient they are for the Fire [by following self-appointed fallible imams] !
176. That is because Allah has sent down the Book with the Haqq. And indeed, those who differ over the Book are in extreme dissension [conflict with the Haqq: Wilayat e Ali swsa].
177. Righteousness is not that you turn your faces toward the east or the west, but righteousness is [in] one who believes in Allah, the Last Day, the angels, the Book, and the prophets and gives wealth, in His love, to relatives, orphans, the needy, the traveler, those who ask [for help], and for freeing captives; establishes Salaat and gives Zakaat; fulfill their promise when they promise; and [those who] are patient in poverty and hardship and during battle. Those are the ones who have been true, and it is those who are the righteous.
178. O you who believe, prescribed for you is retribution [penalty] for those murdered – the free for the free, the slave for the slave, and the female for the female. But whoever is forgiven from his brother [i.e. the murdered] anything, then follow the suitable standard and payment to him [i.e. the deceased's heir] with good conduct. This is an alleviation from your Rabb and mercy. But whoever transgresses after that will have a painful punishment.
179. And there is for you in legal retribution [saving of] life, O people of understanding [i.e. then people will be afraid to murder], that you may become righteous.
180. Prescribed for you when death approaches [any] one of you if he leaves wealth [then he should make] a bequest for the parents and near relatives according to what is acceptable standard – a duty upon the righteous.

إِنَّمَا يَأۡمُرُكُم بِٱلسُّوٓءِ وَٱلۡفَحۡشَآءِ وَأَن تَقُولُواْ
عَلَى ٱللَّهِ مَا لَا تَعۡلَمُونَ (١٦٩) وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ
ٱتَّبِعُواْ مَآ أَنزَلَ ٱللَّهُ قَالُواْ بَلۡ نَتَّبِعُ مَآ أَلۡفَيۡنَا عَلَيۡهِ
ءَابَآءَنَآۗ أَوَلَوۡ كَانَ ءَابَآؤُهُمۡ لَا يَعۡقِلُونَ شَيۡـٔٗا وَلَا
يَهۡتَدُونَ (١٧٠) وَمَثَلُ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ كَمَثَلِ
ٱلَّذِي يَنۡعِقُ بِمَا لَا يَسۡمَعُ إِلَّا دُعَآءٗ وَنِدَآءٗۚ صُمُّۢ
بُكۡمٌ عُمۡيٞ فَهُمۡ لَا يَعۡقِلُونَ (١٧١) يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ
ءَامَنُواْ كُلُواْ مِن طَيِّبَٰتِ مَا رَزَقۡنَٰكُمۡ
وَٱشۡكُرُواْ لِلَّهِ إِن كُنتُمۡ إِيَّاهُ تَعۡبُدُونَ (١٧٢)
إِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيۡكُمُ ٱلۡمَيۡتَةَ وَٱلدَّمَ وَلَحۡمَ ٱلۡخِنزِيرِ
وَمَآ أُهِلَّ بِهِۦ لِغَيۡرِ ٱللَّهِۖ فَمَنِ ٱضۡطُرَّ غَيۡرَ بَاغٖ
وَلَا عَادٖ فَلَآ إِثۡمَ عَلَيۡهِۚ إِنَّ ٱللَّهَ غَفُورٞ رَّحِيمٌ
(١٧٣) إِنَّ ٱلَّذِينَ يَكۡتُمُونَ مَآ أَنزَلَ ٱللَّهُ مِنَ
ٱلۡكِتَٰبِ وَيَشۡتَرُونَ بِهِۦ ثَمَنٗا قَلِيلًاۙ أُوْلَٰٓئِكَ مَا
يَأۡكُلُونَ فِي بُطُونِهِمۡ إِلَّا ٱلنَّارَ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ ٱللَّهُ
يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمۡ وَلَهُمۡ عَذَابٌ أَلِيمٌ
(١٧٤) أُوْلَٰٓئِكَ ٱلَّذِينَ ٱشۡتَرَوُاْ ٱلضَّلَٰلَةَ بِٱلۡهُدَىٰ
وَٱلۡعَذَابَ بِٱلۡمَغۡفِرَةِۚ فَمَآ أَصۡبَرَهُمۡ عَلَى ٱلنَّارِ
(١٧٥) ذَٰلِكَ بِأَنَّ ٱللَّهَ نَزَّلَ ٱلۡكِتَٰبَ بِٱلۡحَقِّۗ
وَإِنَّ ٱلَّذِينَ ٱخۡتَلَفُواْ فِي ٱلۡكِتَٰبِ لَفِي شِقَاقِۭ بَعِيدٖ
(١٧٦) ۞ لَّيۡسَ ٱلۡبِرَّ أَن تُوَلُّواْ وُجُوهَكُمۡ قِبَلَ
ٱلۡمَشۡرِقِ وَٱلۡمَغۡرِبِ وَلَٰكِنَّ ٱلۡبِرَّ مَنۡ ءَامَنَ بِٱللَّهِ
وَٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأٓخِرِ وَٱلۡمَلَٰٓئِكَةِ وَٱلۡكِتَٰبِ وَٱلنَّبِيِّـۧنَ
وَءَاتَى ٱلۡمَالَ عَلَىٰ حُبِّهِۦ ذَوِي ٱلۡقُرۡبَىٰ وَٱلۡيَتَٰمَىٰ
وَٱلۡمَسَٰكِينَ وَٱبۡنَ ٱلسَّبِيلِ وَٱلسَّآئِلِينَ وَفِي
ٱلرِّقَابِ وَأَقَامَ ٱلصَّلَوٰةَ وَءَاتَى ٱلزَّكَوٰةَ
وَٱلۡمُوفُونَ بِعَهۡدِهِمۡ إِذَا عَٰهَدُواْۖ وَٱلصَّٰبِرِينَ فِي
ٱلۡبَأۡسَآءِ وَٱلضَّرَّآءِ وَحِينَ ٱلۡبَأۡسِۗ أُوْلَٰٓئِكَ ٱلَّذِينَ
صَدَقُواْۖ وَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡمُتَّقُونَ (١٧٧) يَٰٓأَيُّهَا
ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ كُتِبَ عَلَيۡكُمُ ٱلۡقِصَاصُ فِي ٱلۡقَتۡلَىۖ
ٱلۡحُرُّ بِٱلۡحُرِّ وَٱلۡعَبۡدُ بِٱلۡعَبۡدِ وَٱلۡأُنثَىٰ بِٱلۡأُنثَىٰۚ فَمَنۡ
عُفِيَ لَهُۥ مِنۡ أَخِيهِ شَيۡءٞ فَٱتِّبَاعُۢ بِٱلۡمَعۡرُوفِ
وَأَدَآءٌ إِلَيۡهِ بِإِحۡسَٰنٖۗ ذَٰلِكَ تَخۡفِيفٞ مِّن رَّبِّكُمۡ
وَرَحۡمَةٞۗ فَمَنِ ٱعۡتَدَىٰ بَعۡدَ ذَٰلِكَ فَلَهُۥ عَذَابٌ أَلِيمٞ
(١٧٨) وَلَكُمۡ فِي ٱلۡقِصَاصِ حَيَوٰةٞ يَٰٓأُوْلِي
ٱلۡأَلۡبَٰبِ لَعَلَّكُمۡ تَتَّقُونَ (١٧٩) كُتِبَ عَلَيۡكُمۡ إِذَا
حَضَرَ أَحَدَكُمُ ٱلۡمَوۡتُ إِن تَرَكَ خَيۡرًا ٱلۡوَصِيَّةُ
لِلۡوَٰلِدَيۡنِ وَٱلۡأَقۡرَبِينَ بِٱلۡمَعۡرُوفِۖ حَقًّا عَلَى
ٱلۡمُتَّقِينَ (١٨٠)

وہ صرف تمہیں برائی (ولایتِ معصومینؑ کی مخالفت) اور فحش کاموں کا امر کرتا ہے اور یہ کہ تم اللہ کے متعلق وہ باتیں کہو جو تم نہیں جانتے (یعنی کسی کو امام بنا لینا جس کو اللہ نے نہیں بنایا)۔ اور جب انہیں کہا جاتا ہے کہ اتباع کرو جو اللہ نے نازل کیا ہے تو وہ کہتے ہیں بلکہ ہم اس کا اتباع کریں گے جس پر ہم نے اپنے آباءواجداد کو پایا؛ کیا اگر ان کے آباءواجداد کچھ بھی عقل سے کام نہ لیتے ہوں اور نہ ہی وہ ہدایت یافتہ ہوں؟ اور ان لوگوں کی مثال جنہوں نے کفر کیا ہے اس کی طرح ہے جو انکو پکارتا ہے جو پکار اور آواز کے سوا کچھ نہیں سنتے؛ بہرے گونگے اندھے اسلئے وہ کچھ نہیں سمجھتے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو طیب چیزوں میں سے کھاؤ جو ہم نے تمہیں رزق میں دیں ہیں اور اللہ کیلئے شکر ادا کرو (رزقِ معرفتِ معصومینؑ کا) اگر تم اسی کی عبادت کرتے ہو(یعنی معصومینؑ کی اطاعت کرتے ہو)۔ صرف اس نے تم پر مردار اور خون اور خنزیر کا گوشت اور جو (ذبیحہ) اللہ کے غیر سے منسوب ہو حرام کیا ہے، پس جو شخص مجبور ہو جائے وہ باغی (مخالفِ امامؑ) نہ ہو اور نہ ہی حد سے بڑھنے والا (غاصبِ حق) تو اس پر کوئی گناہ نہیں؛ بیشک اللہ غفور و رحیم ہے۔ بیشک جو لوگ اس (فضیلتِ محمدؐ و علیؑ) کو چھپاتے ہیں جو اللہ نے الکتاب میں سے نازل کیا ہے اور اس کے بدلے قلیل قیمت (دنیا میں ریاست ومال) حاصل کرتے ہیں، وہی لوگ اپنے پیٹوں میں نہیں بھرتے سوائے (یومِ قیامت دوزخ کی) نار کے اور اللہ ان سے یوم قیامت کلام نہیں کرے گا (سوائے لعنت کے) اور نہ ہی ان کا (گناہوں سے) تزکیہ کرے گا، اور ان کیلئے دردناک عذاب ہے۔ وہی لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی کو خرید لیا ہے اور مغفرت کے بدلے عذاب کو، پس وہ (غیرمعصوم کا اتباع کرکے) کتنا صبر کر رہے ہیں نار پر۔ وہ (عذاب) اسلئے کہ اللہ نے کتاب کو حق کے ساتھ نازل کیا؛ اور بیشک جن لوگوں نے کتاب میں اختلاف کیا یقیناً وہ جھگڑے میں دور (شدید مخالفِ ولایتِ معصومینؑ) ہیں۔ نیکی یہ نہیں ہے کہ تم اپنے چہرے مشرق اور مغرب کی طرف موڑ لو بلکہ نیکی یہ ہے جو اللہ اور یوم آخر اور ملائکہ اور کتاب اور نبیوں پر ایمان لائے، اور مال اس کی محبت پر قرابت داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں اور سائلوں اور (غلاموں کی) گردنیں آزاد کرانے پر دے، اور صلاۃ قائم کرے اور زکاۃ دے، اور جب وہ عہد کریں تو اپنے عہد وفا کریں، اور تنگدستی اور مصیبت میں اور جنگ کے وقت صابرین ہوں، وہی لوگ ہیں جنہوں نے صداقت کی؛ اور وہی لوگ متقین ہیں۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو تم پر مقتولوں کے متعلق قصاص کی حکم لکھ دیا گیا ہے؛ آزاد کے بدلے آزاد اور غلام کے بدلے غلام اور عورت کے بدلے عورت؛ اور جس شخص کو اس (مقتول) کے بھائی کی طرف سے کچھ معاف کر دیا جائے تو معروف طریقے سے (قصاص کی وصولی کی) پیروی کرو اور اچھے طریقے سے اس (وارث) کو ادا کرو؛ وہ تمہارے رب کی طرف سے تخفیف ہے اور رحمت؛ پس جو اس کے بعد زیادتی کرے تو اس کیلئے دردناک عذاب ہے۔ اور تمہارے لئے قصاص میں حیات ہے (یعنی پھر لوگ کسی کو قتل کرنے سے ڈریں گے) اے صاحبانِ عقل تا کہ تم تقویٰ اختیار کرو۔ جب تم میں سے کسی کی موت کا وقت آ جائے تو تم پر فرض کیا گیا ہے کہ اگر کوئی مال چھوڑ رہا ہو تو والدین اور قریبی رشتہ داروں کیلئے معروف طریقے سے وصیت کرے، یہ متقین پر حق (فرض) ہے۔

181. Then whoever alters it [i.e. the bequest] after he has heard it – the sin is only upon those who have altered it. Indeed, Allah is all-Hearing all-Knowing.
182. But if one fears from the bequeather [some] error or sin and corrects that which is between them [heirs], there is no sin upon him. Indeed, Allah is Forgiving Merciful.
183. O you who believe, prescribed upon you is fasting as it was prescribed upon those before you that you may become righteous.
184. [Fasting for] a limited number of days. So whoever among you is ill or on a journey [during them] – then an equal number of other days [are to be made up]. And upon those who are able [to fast, but with hardship] – a ransom [as substitute] of feeding a poor person [each day]. And whoever volunteers good [i.e. excess] – it is better for him. But to fast is best for you, if you know.
185. The month of Ramazan [is that] in which was revealed the Qur'an, a guidance for the people and clear proofs of guidance and distinction [between the Haqq & the Batil]. So whoever among you is present in the month, then he should fast in it; and whoever is ill or on a journey – then an equal number of other days. Allah intends for you ease [Wilayat e Ali swsa] and does not intend for you hardship [Wilayat of fallible] and [wants] for you to complete the period and to exalt the Greatness of Allah for [Wilayat] which He has guided you; and perhaps you will be grateful.
186. And when My servants ask you, [O Mohammad sawaw], concerning Me – indeed I am near. I respond to the invocation of the supplicant when he calls upon Me. So let them respond to Me and believe in Me that they may be [rightly] guided.
187. It has been made permissible for you the night of fasting to go to your wives. They are clothing for you and you are clothing for them. Allah knows that you used to deceive yourselves, so He accepted your repentance and forgave you. So now, have relations with them and seek that which Allah has decreed for you. And eat and drink until the white thread of dawn becomes distinct to you from the black thread [of night]. Then complete the fast until the night. And do not have relations with them as long as you are staying for worship in the mosques. These are the limits of Allah, so do not approach them. Thus does Allah make clear His verses to the people that they may become righteous.
188. And do not consume one another's wealth unjustly or send it [in bribery] to the rulers in order that [they might aid] you [to] consume a portion of the wealth of the people in sin, while you know [it is unlawful].
189. They ask you, [O Mohammad sawaw], about the new moons. Say, "They are measurements of time for the people and for Hajj." And it is not righteousness to enter houses from the back, but righteousness is [in] one who fears Allah; and enter houses [Mohammad o Aal e Mohammad sawaw] from their doors [by paying allegiance and testifying Wilayat]. And fear Allah that you may succeed.
190. Fight in the way of Allah those who fight you but do not transgress. Indeed, Allah does not like transgressors.

فَمَنۢ بَدَّلَهُۥ بَعۡدَمَا سَمِعَهُۥ فَإِنَّمَآ إِثۡمُهُۥ عَلَى
ٱلَّذِينَ يُبَدِّلُونَهُۥٓۚ إِنَّ ٱللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٞ (١٨١)
فَمَنۡ خَافَ مِن مُّوصٍ جَنَفًا أَوۡ إِثۡمٗا فَأَصۡلَحَ
بَيۡنَهُمۡ فَلَآ إِثۡمَ عَلَيۡهِۚ إِنَّ ٱللَّهَ غَفُورٞ رَّحِيمٞ (١٨٢)
يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ كُتِبَ عَلَيۡكُمُ ٱلصِّيَامُ كَمَا
كُتِبَ عَلَى ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِكُمۡ لَعَلَّكُمۡ تَتَّقُونَ
(١٨٣) أَيَّامٗا مَّعۡدُودَٰتٖۚ فَمَن كَانَ مِنكُم
مَّرِيضًا أَوۡ عَلَىٰ سَفَرٖ فَعِدَّةٞ مِّنۡ أَيَّامٍ أُخَرَۚ وَعَلَى
ٱلَّذِينَ يُطِيقُونَهُۥ فِدۡيَةٞ طَعَامُ مِسۡكِينٖۖ فَمَن تَطَوَّعَ
خَيۡرٗا فَهُوَ خَيۡرٞ لَّهُۥۚ وَأَن تَصُومُواْ خَيۡرٞ لَّكُمۡۖ
إِن كُنتُمۡ تَعۡلَمُونَ (١٨٤) شَهۡرُ رَمَضَانَ ٱلَّذِيٓ
أُنزِلَ فِيهِ ٱلۡقُرۡءَانُ هُدٗى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنَٰتٖ مِّنَ
ٱلۡهُدَىٰ وَٱلۡفُرۡقَانِۚ فَمَن شَهِدَ مِنكُمُ ٱلشَّهۡرَ
فَلۡيَصُمۡهُۖ وَمَن كَانَ مَرِيضًا أَوۡ عَلَىٰ سَفَرٖ
فَعِدَّةٞ مِّنۡ أَيَّامٍ أُخَرَۗ يُرِيدُ ٱللَّهُ بِكُمُ ٱلۡيُسۡرَ وَلَا
يُرِيدُ بِكُمُ ٱلۡعُسۡرَ وَلِتُكۡمِلُواْ ٱلۡعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُواْ
ٱللَّهَ عَلَىٰ مَا هَدَىٰكُمۡ وَلَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُونَ (١٨٥)
وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌۖ أُجِيبُ
دَعۡوَةَ ٱلدَّاعِ إِذَا دَعَانِۖ فَلۡيَسۡتَجِيبُواْ لِي وَلۡيُؤۡمِنُواْ
بِي لَعَلَّهُمۡ يَرۡشُدُونَ (١٨٦) أُحِلَّ لَكُمۡ لَيۡلَةَ
ٱلصِّيَامِ ٱلرَّفَثُ إِلَىٰ نِسَآئِكُمۡۚ هُنَّ لِبَاسٞ لَّكُمۡ وَأَنتُمۡ
لِبَاسٞ لَّهُنَّۗ عَلِمَ ٱللَّهُ أَنَّكُمۡ كُنتُمۡ تَخۡتَانُونَ
أَنفُسَكُمۡ فَتَابَ عَلَيۡكُمۡ وَعَفَا عَنكُمۡۖ فَٱلۡـَٰٔنَ
بَٰشِرُوهُنَّ وَٱبۡتَغُواْ مَا كَتَبَ ٱللَّهُ لَكُمۡۚ وَكُلُواْ
وَٱشۡرَبُواْ حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَكُمُ ٱلۡخَيۡطُ ٱلۡأَبۡيَضُ مِنَ
ٱلۡخَيۡطِ ٱلۡأَسۡوَدِ مِنَ ٱلۡفَجۡرِۖ ثُمَّ أَتِمُّواْ ٱلصِّيَامَ إِلَى
ٱلَّيۡلِۚ وَلَا تُبَٰشِرُوهُنَّ وَأَنتُمۡ عَٰكِفُونَ فِي
ٱلۡمَسَٰجِدِۗ تِلۡكَ حُدُودُ ٱللَّهِ فَلَا تَقۡرَبُوهَاۗ كَذَٰلِكَ
يُبَيِّنُ ٱللَّهُ ءَايَٰتِهِۦ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمۡ يَتَّقُونَ (١٨٧)
وَلَا تَأۡكُلُوٓاْ أَمۡوَٰلَكُم بَيۡنَكُم بِٱلۡبَٰطِلِ وَتُدۡلُواْ بِهَآ
إِلَى ٱلۡحُكَّامِ لِتَأۡكُلُواْ فَرِيقٗا مِّنۡ أَمۡوَٰلِ ٱلنَّاسِ
بِٱلۡإِثۡمِ وَأَنتُمۡ تَعۡلَمُونَ (١٨٨) ۞ يَسۡـَٔلُونَكَ عَنِ
ٱلۡأَهِلَّةِۖ قُلۡ هِيَ مَوَٰقِيتُ لِلنَّاسِ وَٱلۡحَجِّۗ وَلَيۡسَ
ٱلۡبِرُّ بِأَن تَأۡتُواْ ٱلۡبُيُوتَ مِن ظُهُورِهَا وَلَٰكِنَّ
ٱلۡبِرَّ مَنِ ٱتَّقَىٰۗ وَأۡتُواْ ٱلۡبُيُوتَ مِنۡ أَبۡوَٰبِهَاۚ وَٱتَّقُواْ
ٱللَّهَ لَعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُونَ (١٨٩) وَقَٰتِلُواْ فِي سَبِيلِ
ٱللَّهِ ٱلَّذِينَ يُقَٰتِلُونَكُمۡ وَلَا تَعۡتَدُوٓاْۚ إِنَّ ٱللَّهَ لَا يُحِبُّ
ٱلۡمُعۡتَدِينَ (١٩٠)

پس جو اس (وصیت) کو سننے کو بعد بدل دیں تو اس کا گناہ صرف ان لوگوں پر ہے جو اسے بدلتے ہیں؛ بیشک اللہ سمیع و علیم ہے۔ پس جس کو وصیت کرنے والے کی طرف سے غلطی یا گناہ کا خوف ہو تو ان (ورثا) کے مابین اصلاح کر دے تو اس پر کوئی گناہ نہیں ہے؛ بیشک اللہ غفور و رحیم ہے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو تم پر صیام فرض کئے گئے ہیں جسطرح تم سے قبل لوگوں پر فرض کئے گئے شاید کہ تم تقویٰ اختیار کرو۔ معدود ایام؛ پس جو تم میں مریض ہو یا سفر پر ہو تو وہ دوسرے ایام میں تعداد پوری کرے؛ اور جو (کھلانے کی) طاقت رکھتے ہیں ان پر (ایک صوم کی قضا کا) فدیہ ایک مسکین کا طعام ہے؛ پس جس نے طوعاً نیکی کی تو وہ اس کیلئے بہتر ہے؛ اور اگر تم صوم رکھو تو تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانتے ہو۔ رمضان کا مہینہ وہ ہے جس میں قرآن نازل کیا گیا جو انسانوں کیلئے ہدایت ہے اور (اس میں) ہدایت کے واضح دلائل اور فرقان (حق و باطل میں فرق دکھانے والا) ہیں، پس جو تم میں سے اس مہینے میں حاضر ہو تو وہ اس کے صوم رکھے؛ اور جو مریض ہو یا سفر پر ہو تو دوسرے ایام سے تعداد پوری کرے؛ اللہ تمہارے ساتھ آسانی (ولایتِ علیؑ) کا ارادہ رکھتا ہے اور تمہارے ساتھ سختی (ولایتِ غیرِ معصوم) کا ارادہ نہیں رکھتا، اور تاکہ تم تعداد مکمل کرو اور جو ہدایت (ولایت) اس نے تمہیں دی ہے اس پر اللہ کی بڑائی کرو اور تاکہ تم شکر ادا کرو۔ اور جب تجھ سے میرے بندے میرے متعلق سوال کریں تو بیشک میں قریب ہوں؛ میں پکارنے والے کی دعا کا جواب دیتا ہوں جب وہ مجھے پکارتا ہے، پس ان کو چاہیئے کہ میرے حکم کو مانیں اور چاہیئے وہ مجھ پر ایمان لائیں تاکہ وہ راہِ راست پا لیں۔ تمہارے لئے صیام کی رات میں اپنی بیویوں کے پاس جانا حلال کر دیا گیا ہے؛ وہ تمہارے لئے لباس ہیں اور تم ان کیلئے لباس ہو؛ اللہ کو معلوم ہے بیشک تم اپنے آپ سے خیانت کرتے تھے تو اس نے تم پر توجہ کی اور تم سے درگذر فرمائی، پس اب تم ان سے مباشرت کرو اور حاصل کرو جو اللہ نے تمہارے لئے لکھ دیا ہے، اور کھاؤ اور پیو حتیٰ کہ فجر کی سفید دھاری سیاہ دھاری سے نمایاں ہو جائے، پھر صیام رات تک تمام کرو، اور اپنی بیویوں سے مباشرت نہ کرو جبکہ تم مساجد میں اعتکاف کر رہے ہو؛ وہ اللہ کی حدود ہیں پس ان کے قریب بھی نہ جاؤ؛ اسی طرح اللہ اپنی آیات لوگوں کیلئے واضح کرتا ہے تاکہ وہ تقویٰ اختیار کریں۔ اور تم آپس میں ایک دوسرے کے اموال باطل طریقے سے نہ کھاؤ اور ان کو حاکموں کے سامنے اسلئے پیش نہ کرو تاکہ تم لوگوں کے اموال کا کچھ حصہ گناہ کے ساتھ کھا جاؤ جبکہ تم جانتے بھی ہو۔ (اے میرے حبیبؐ) وہ تم سے نئے چاندوں (ہلال) کے متعلق سوال کرتے ہیں؛ کہہ دو کہ یہ لوگوں کیلئے اوقات ہیں اور حج کیلئے؛ اور یہ نیکی نہیں کہ تم گھروں میں ان کے پچھواڑے سے آؤ بلکہ نیکی ہے جو تقویٰ کرے، اور گھروں (محمدؐ وآل محمدؐ) میں ان کے دروازوں (معصومینؑ کی بیعت اور اقرارِ ولایت) سے آؤ، اور اللہ سے ڈرو تاکہ تم فلاح پا جاؤ۔ اور اللہ کی سبیل میں ان لوگوں سے لڑو جو تم سے لڑیں اور حد سے نہ بڑھو؛ بیشک اللہ حد سے بڑھنے والوں سے محبت نہیں کرتا۔

191. And kill them wherever you overtake them and expel them from wherever they have expelled you, and persecution [mutiny] is worse than killing. And do not fight them near al-Masjid al-Haraam until they fight you in there. But if they fight you, then kill them. Such is the recompense of the disbelievers.
192. And if they cease, then indeed, Allah is Forgiving, Merciful.
193. Fight them until there is no [more] persecution [Shirk] and religion is [only] for Allah. But if they cease, then there is to be no aggression [i.e. assault] except against the oppressors [i.e. the progeny of the murderers of Maola Hussain swsa].
194. [Fighting in] the sacred month is for [aggression committed in] the sacred month, and for [violation] of sacred things is legal retribution. So whoever has assaulted you, then assault him in the same way that he has assaulted you. And fear Allah and know that Allah is with those who fear Him.
195. And spend in the way of Allah and do not throw [yourselves] with your [own] hands into destruction [by refraining]. And do good; indeed, Allah loves the doers of good.
196. And complete the Hajj and Umrah for Allah. But if you are prevented, then [offer] what can be obtained with ease of sacrificial animals. And do not shave your heads until the sacrificial animal has reached its place of slaughter. And whoever among you is ill or has an ailment of the head [and shaves his head, must offer] a ransom of fasting or charity or sacrifice. And when you are secure, then whoever performs Umrah Tamattu followed by Hajj [offers] what can be obtained with ease of sacrificial animals. And whoever cannot find [or afford such an animal] – then a fast of three days during Hajj [in Zil Hijjah] and of seven when you have returned [home]. Those are ten complete [days]. This is for those whose family is not in the area of al-Masjid al-Haraam. And fear Allah and know that Allah is severe in penalty.
197. Hajj is [during] well-known months [Shawwal, Zil Qa'dah, Zil Hijjah], so whoever has made Hajj obligatory upon himself therein [by entering the state of Eh'ram], there is no sexual relations and no disobedience [lying, abusing, etc] and no disputing [swearing, boasting, etc] during Hajj. And whatever good you do – Allah knows it. And take provisions, but indeed, the best provision is Taqwa. And fear Me, O men of understanding.
198. There is no blame upon you for seeking bounty from your Rabb [during Hajj]. But when you depart from Arafaat, remember Allah at al-Mash'ar al-Haraam. And remember Him, as He has guided you, for indeed, you were before that among those astray.
199. Then depart from the place from where [all] the people depart and ask forgiveness of Allah. Indeed, Allah is Forgiving, Merciful.
200. And when you have completed your rites, remember Allah like your [previous] remembrance of your fathers, rather greater remembrance. And among the people is he who says, "Our Rabb, give us in this world," and he will have in the Hereafter no share.
201. But among them is he who says, "Our Rabb, give us in this world good and in the Hereafter good and protect us from the punishment of the Fire."

وَٱقۡتُلُوهُمۡ حَيۡثُ ثَقِفۡتُمُوهُمۡ وَأَخۡرِجُوهُم مِّنۡ
حَيۡثُ أَخۡرَجُوكُمۡۚ وَٱلۡفِتۡنَةُ أَشَدُّ مِنَ ٱلۡقَتۡلِۚ وَلَا
تُقَٰتِلُوهُمۡ عِندَ ٱلۡمَسۡجِدِ ٱلۡحَرَامِ حَتَّىٰ يُقَٰتِلُوكُمۡ
فِيهِۖ فَإِن قَٰتَلُوكُمۡ فَٱقۡتُلُوهُمۡۗ كَذَٰلِكَ جَزَآءُ
ٱلۡكَٰفِرِينَ (١٩١) فَإِنِ ٱنتَهَوۡاْ فَإِنَّ ٱللَّهَ غَفُورٞ
رَّحِيمٞ (١٩٢) وَقَٰتِلُوهُمۡ حَتَّىٰ لَا تَكُونَ فِتۡنَةٞ
وَيَكُونَ ٱلدِّينُ لِلَّهِۖ فَإِنِ ٱنتَهَوۡاْ فَلَا عُدۡوَٰنَ إِلَّا
عَلَى ٱلظَّٰلِمِينَ (١٩٣) ٱلشَّهۡرُ ٱلۡحَرَامُ بِٱلشَّهۡرِ
ٱلۡحَرَامِ وَٱلۡحُرُمَٰتُ قِصَاصٞۚ فَمَنِ ٱعۡتَدَىٰ عَلَيۡكُمۡ
فَٱعۡتَدُواْ عَلَيۡهِ بِمِثۡلِ مَا ٱعۡتَدَىٰ عَلَيۡكُمۡۚ وَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ
وَٱعۡلَمُوٓاْ أَنَّ ٱللَّهَ مَعَ ٱلۡمُتَّقِينَ (١٩٤) وَأَنفِقُواْ
فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ وَلَا تُلۡقُواْ بِأَيۡدِيكُمۡ إِلَى ٱلتَّهۡلُكَةِۛ
وَأَحۡسِنُوٓاْۚ إِنَّ ٱللَّهَ يُحِبُّ ٱلۡمُحۡسِنِينَ (١٩٥)
وَأَتِمُّواْ ٱلۡحَجَّ وَٱلۡعُمۡرَةَ لِلَّهِۚ فَإِنۡ أُحۡصِرۡتُمۡ فَمَا
ٱسۡتَيۡسَرَ مِنَ ٱلۡهَدۡيِۖ وَلَا تَحۡلِقُواْ رُءُوسَكُمۡ حَتَّىٰ
يَبۡلُغَ ٱلۡهَدۡيُ مَحِلَّهُۥۚ فَمَن كَانَ مِنكُم مَّرِيضًا أَوۡ
بِهِۦٓ أَذٗى مِّن رَّأۡسِهِۦ فَفِدۡيَةٞ مِّن صِيَامٍ أَوۡ صَدَقَةٍ
أَوۡ نُسُكٖۚ فَإِذَآ أَمِنتُمۡ فَمَن تَمَتَّعَ بِٱلۡعُمۡرَةِ إِلَى
ٱلۡحَجِّ فَمَا ٱسۡتَيۡسَرَ مِنَ ٱلۡهَدۡيِۚ فَمَن لَّمۡ يَجِدۡ
فَصِيَامُ ثَلَٰثَةِ أَيَّامٖ فِي ٱلۡحَجِّ وَسَبۡعَةٍ إِذَا رَجَعۡتُمۡۗ
تِلۡكَ عَشَرَةٞ كَامِلَةٞۗ ذَٰلِكَ لِمَن لَّمۡ يَكُنۡ أَهۡلُهُۥ
حَاضِرِي ٱلۡمَسۡجِدِ ٱلۡحَرَامِۚ وَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ وَٱعۡلَمُوٓاْ
أَنَّ ٱللَّهَ شَدِيدُ ٱلۡعِقَابِ (١٩٦) ٱلۡحَجُّ أَشۡهُرٞ
مَّعۡلُومَٰتٞۚ فَمَن فَرَضَ فِيهِنَّ ٱلۡحَجَّ فَلَا رَفَثَ
وَلَا فُسُوقَ وَلَا جِدَالَ فِي ٱلۡحَجِّۗ وَمَا تَفۡعَلُواْ مِنۡ
خَيۡرٖ يَعۡلَمۡهُ ٱللَّهُۗ وَتَزَوَّدُواْ فَإِنَّ خَيۡرَ ٱلزَّادِ
ٱلتَّقۡوَىٰۚ وَٱتَّقُونِ يَٰٓأُوْلِي ٱلۡأَلۡبَٰبِ (١٩٧) لَيۡسَ
عَلَيۡكُمۡ جُنَاحٌ أَن تَبۡتَغُواْ فَضۡلٗا مِّن رَّبِّكُمۡۚ فَإِذَآ
أَفَضۡتُم مِّنۡ عَرَفَٰتٖ فَٱذۡكُرُواْ ٱللَّهَ عِندَ ٱلۡمَشۡعَرِ
ٱلۡحَرَامِۖ وَٱذۡكُرُوهُ كَمَا هَدَىٰكُمۡ وَإِن كُنتُم مِّن
قَبۡلِهِۦ لَمِنَ ٱلضَّآلِّينَ (١٩٨) ثُمَّ أَفِيضُواْ مِنۡ
حَيۡثُ أَفَاضَ ٱلنَّاسُ وَٱسۡتَغۡفِرُواْ ٱللَّهَۚ إِنَّ ٱللَّهَ
غَفُورٞ رَّحِيمٞ (١٩٩) فَإِذَا قَضَيۡتُم مَّنَٰسِكَكُمۡ
فَٱذۡكُرُواْ ٱللَّهَ كَذِكۡرِكُمۡ ءَابَآءَكُمۡ أَوۡ أَشَدَّ
ذِكۡرٗاۗ فَمِنَ ٱلنَّاسِ مَن يَقُولُ رَبَّنَآ ءَاتِنَا فِي
ٱلدُّنۡيَا وَمَا لَهُۥ فِي ٱلۡأٓخِرَةِ مِنۡ خَلَٰقٖ (٢٠٠)
وَمِنۡهُم مَّن يَقُولُ رَبَّنَآ ءَاتِنَا فِي ٱلدُّنۡيَا حَسَنَةٗ
وَفِي ٱلۡأٓخِرَةِ حَسَنَةٗ وَقِنَا عَذَابَ ٱلنَّارِ (٢٠١)

اور ان کو قتل کرو جہاں کہیں تم ان کو پاؤ اور ان کو وہاں سے نکالو جہاں سے انہوں نے تم کو نکالا ہے اور فتنہ قتل سے شدید برا ہے، اور ان سے مسجدِ حرام کے قریب نہ لڑو حتیٰ کہ وہ اس میں تم سے لڑیں، پس اگر وہ تم سے لڑیں تو ان کو قتل کرو؛ اسی طرح کافروں کی جزا ہے۔ پھر اگر وہ باز آجائیں تو اللہ غفور و رحیم ہے۔ اور ان سے لڑو حتیٰ کہ کوئی فتنہ (شرک) نہ رہے اور دین (صرف) اللہ کیلئے ہو جائے؛ پھر اگر وہ باز آجائیں تو کوئی حملہ نہیں سوائے ظالموں (قاتلانِ حسینؑ کی نسل) پر۔ ماہِ حرام (میں حملے) کا بدلہ ماہِ حرام (میں جوابی لڑائی) ہے اور حرمتوں (کی پامالی کے بدلے) کیلئے قصاص ہے؛ پس جو تم پر زیادتی کرے تو اس پر جواباً اسی طرح زیادتی کرو جس طرح اس نے تم پر زیادتی کی ہے، اور اللہ سے ڈرو اور جان لو بیشک اللہ متقین کے ساتھ ہے۔ اور اللہ کی سبیل میں خرچ کرو اور تم (اپنے آپ کو) اپنے ہاتھوں سے ہلاکت میں نہ ڈالو (یعنی میانہ روی اختیار کرو)، اور اچھے کام کرو، بیشک اللہ اچھے کام کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔ اور اللہ کیلئے حج اور عمرہ تمام کرو؛ پس اگر تم کہیں گھر جاؤ تو جو قربانی میسر ہو (پیش کردو)، اور تم اپنے سر نہ مونڈو جب تک قربانی اپنی جگہ نہ پہنچ جائے، پس جو تم میں سے مریض ہو یا اسکے سر میں کوئی تکلیف ہو (اور وہ سر منڈوالے) تو اس کیلئے صیام یا صدقہ یا قربانی فدیہ ہے، پس جب تم امن میں ہو، پس جو عمرہ سے فائدہ اٹھا لے حج تک تو جو قربانی اسے میسر آجائے (پیش کرے)، اور جو نہ پائے تو تین ایام صیام رکھے حج کے دوران (ذی الحجہ میں) اور سات جب تم واپس آجاؤ؛ یہ دس کامل ہوئے؛ یہ اس شخص کیلئے ہے جس کو گھربار مسجدِ حرام کے قریب نہ ہو؛ اور اللہ سے ڈرو اور جان لو بیشک اللہ شدید سزا دینے والا ہے۔ حج کے معروف مہینے ہیں (شوال، ذی القعدہ، ذی الحجہ)، پس جو شخص ان میں (احرام باندھ کر اپنے اوپر) حج فرض کرلے تو حج کے دوران نہ جنسی تعلقات ہیں اور نہ نافرمانی (جھوٹ، گالیاں وغیرہ) اور نہ لڑائی جھگڑا (قسمیں،شیخی مارنا وغیرہ)؛ اور تم نیکی کا جو کوئی کام کرو گے اللہ اسکو جانتا ہے؛ اور تم زادِ راہ لے کر جاؤ اور یقیناً تقویٰ بہتر زادِ راہ ہے، اور اے صاحبانِ عقل مجھ سے ڈرو۔ تم پر کوئی الزام نہیں کہ تم اپنے رب کا فضل تلاش کرو؛ پس جب تم عرفات سے واپس آؤ تو مشعرالحرام کے پاس اللہ کا ذکر کرو اور اس کا اسطرح ذکر کرو جسطرح اس نے تمہیں ہدایت کی ہے، اور بیشک اس سے قبل تم یقیناً گمراہوں میں سے تھے۔ پھر وہاں سے واپس آؤ جہاں سے لوگ واپس آتے ہیں اور اللہ سے استغفار کرو؛ بیشک اللہ غفور و رحیم ہے۔ پس جب تم اپنے (حج کے) مناسک پورے کرلو تو اللہ کا ذکر کرو جسطرح تم اپنے آباءواجداد کا ذکر کیا کرتے تھے یا اس سے بھی زیادہ؛ پس لوگوں میں سے کچھ ایسے ہیں جو کہتے ہیں اے ہمارے رب ہمیں دنیا میں ہی عطا کر دے اور ان کیلئے آخرت میں کوئی حصہ نہیں۔ اور ان میں سے کچھ ایسے ہیں جو کہتے ہیں اے ہمارے رب ہمیں دنیا میں بھلائی عطا کر اور آخرت میں بھی بھلائی عطا کر اور ہمیں نار کے عذاب سے بچا لے۔

202. Those will have a share of what they have earned, and Allah is swift in account.
203. And remember Allah during [specific] numbered days. Then whoever hastens [his departure] in two days – there is no sin upon him; and whoever delays [until the third] – there is no sin upon him – for him who fears Allah. And fear Allah and know that unto Him you will be gathered.
204. And among the people is he whose speech pleases you in worldly life, and he calls Allah to witness as to what is in his heart, yet he is the fiercest of opponents [of the Haqq].
205. And when he [enemy of Ali swsa] is in authority, he strives throughout the land to cause corruption therein and destroy crops [Deen] and progeny [by injustice & evil behaviour]. And Allah does not like corruption.
206. And when it is said to him, "Fear Allah," pride in the sin takes hold of him. So sufficient for him is Hellfire, and certainly how evil is the resting place.
207. And among the people is he who sells himself [i.e. Maola Ali swsa], seeking the Wills of Allah. And Allah is Kind to [His] Ibaad.
208. O you who believe, enter into Silm [Wilayat e Ali sawa] completely [and perfectly] and do not follow the footsteps of Shaitan [Wilayat of Sani & Awwal]. Indeed, he is to you an open enemy.
209. But if you slip [i.e. deviate] after clear proofs have come to you, then know that Allah is Exalted in Might and Wise.
210. Do they await but that Allah should come to them in covers of al-Ghamam and the angels [as well] and the matter is [then] decided? And to Allah [all] matters are returned.
211. Ask the Children of Israel how many a sign of evidence We have given them. And whoever exchanges the favour of Allah after it has come to him – then indeed, Allah is severe in penalty.
212. Beautified for those who disbelieve is the life of this world, and they ridicule those who believe. But those who fear Allah are above them on the Day of Qiyamah. And Allah gives provision to whom He wills without account.
213. Mankind was [of] one religion [before their deviation]; then Allah sent the prophets as bringers of good tidings and warners and sent down with them the Scripture with the truth to judge between the people concerning that in which they differed. And none differed over it except those who were given it – after the clear proofs came to them – out of jealous animosity among themselves. And Allah guided those who believed to the truth concerning that over which they had differed, by His permission. And Allah guides whom He wills to the straight path.
214. Or do you think that you will enter Paradise while such [trial] has not yet come to you as came to those who passed on before you? They were touched by poverty and hardship and were shaken until [even their] Rasool and those who believed with him said, "When is the help of Allah?" Unquestionably, the help of Allah is near.

أُوْلَـٰٓئِكَ لَهُمۡ نَصِيبٞ مِّمَّا كَسَبُواْۚ وَٱللَّهُ سَرِيعُ ٱلۡحِسَابِ (٢٠٢) ۞ وَٱذۡكُرُواْ ٱللَّهَ فِيٓ أَيَّامٖ مَّعۡدُودَٰتٖۚ فَمَن تَعَجَّلَ فِي يَوۡمَيۡنِ فَلَآ إِثۡمَ عَلَيۡهِ وَمَن تَأَخَّرَ فَلَآ إِثۡمَ عَلَيۡهِۚ لِمَنِ ٱتَّقَىٰۗ وَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ وَٱعۡلَمُوٓاْ أَنَّكُمۡ إِلَيۡهِ تُحۡشَرُونَ (٢٠٣) وَمِنَ ٱلنَّاسِ مَن يُعۡجِبُكَ قَوۡلُهُۥ فِي ٱلۡحَيَوٰةِ ٱلدُّنۡيَا وَيُشۡهِدُ ٱللَّهَ عَلَىٰ مَا فِي قَلۡبِهِۦ وَهُوَ أَلَدُّ ٱلۡخِصَامِ (٢٠٤) وَإِذَا تَوَلَّىٰ سَعَىٰ فِي ٱلۡأَرۡضِ لِيُفۡسِدَ فِيهَا وَيُهۡلِكَ ٱلۡحَرۡثَ وَٱلنَّسۡلَۗ وَٱللَّهُ لَا يُحِبُّ ٱلۡفَسَادَ (٢٠٥) وَإِذَا قِيلَ لَهُ ٱتَّقِ ٱللَّهَ أَخَذَتۡهُ ٱلۡعِزَّةُ بِٱلۡإِثۡمِۚ فَحَسۡبُهُۥ جَهَنَّمُۚ وَلَبِئۡسَ ٱلۡمِهَادُ (٢٠٦) وَمِنَ ٱلنَّاسِ مَن يَشۡرِي نَفۡسَهُ ٱبۡتِغَآءَ مَرۡضَاتِ ٱللَّهِۗ وَٱللَّهُ رَءُوفُۢ بِٱلۡعِبَادِ (٢٠٧) يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ ٱدۡخُلُواْ فِي ٱلسِّلۡمِ كَآفَّةٗ وَلَا تَتَّبِعُواْ خُطُوَٰتِ ٱلشَّيۡطَٰنِۚ إِنَّهُۥ لَكُمۡ عَدُوّٞ مُّبِينٞ (٢٠٨) فَإِن زَلَلۡتُم مِّنۢ بَعۡدِ مَا جَآءَتۡكُمُ ٱلۡبَيِّنَٰتُ فَٱعۡلَمُوٓاْ أَنَّ ٱللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ (٢٠٩) هَلۡ يَنظُرُونَ إِلَّآ أَن يَأۡتِيَهُمُ ٱللَّهُ فِي ظُلَلٖ مِّنَ ٱلۡغَمَامِ وَٱلۡمَلَٰٓئِكَةُ وَقُضِيَ ٱلۡأَمۡرُۚ وَإِلَى ٱللَّهِ تُرۡجَعُ ٱلۡأُمُورُ (٢١٠) سَلۡ بَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ كَمۡ ءَاتَيۡنَٰهُم مِّنۡ ءَايَةٖ بَيِّنَةٖۗ وَمَن يُبَدِّلۡ نِعۡمَةَ ٱللَّهِ مِنۢ بَعۡدِ مَا جَآءَتۡهُ فَإِنَّ ٱللَّهَ شَدِيدُ ٱلۡعِقَابِ (٢١١) زُيِّنَ لِلَّذِينَ كَفَرُواْ ٱلۡحَيَوٰةُ ٱلدُّنۡيَا وَيَسۡخَرُونَ مِنَ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْۘ وَٱلَّذِينَ ٱتَّقَوۡاْ فَوۡقَهُمۡ يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِۗ وَٱللَّهُ يَرۡزُقُ مَن يَشَآءُ بِغَيۡرِ حِسَابٖ (٢١٢) كَانَ ٱلنَّاسُ أُمَّةٗ وَٰحِدَةٗ فَبَعَثَ ٱللَّهُ ٱلنَّبِيِّـۧنَ مُبَشِّرِينَ وَمُنذِرِينَ وَأَنزَلَ مَعَهُمُ ٱلۡكِتَٰبَ بِٱلۡحَقِّ لِيَحۡكُمَ بَيۡنَ ٱلنَّاسِ فِيمَا ٱخۡتَلَفُواْ فِيهِۚ وَمَا ٱخۡتَلَفَ فِيهِ إِلَّا ٱلَّذِينَ أُوتُوهُ مِنۢ بَعۡدِ مَا جَآءَتۡهُمُ ٱلۡبَيِّنَٰتُ بَغۡيَۢا بَيۡنَهُمۡۖ فَهَدَى ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لِمَا ٱخۡتَلَفُواْ فِيهِ مِنَ ٱلۡحَقِّ بِإِذۡنِهِۦۗ وَٱللَّهُ يَهۡدِي مَن يَشَآءُ إِلَىٰ صِرَٰطٖ مُّسۡتَقِيمٍ (٢١٣) أَمۡ حَسِبۡتُمۡ أَن تَدۡخُلُواْ ٱلۡجَنَّةَ وَلَمَّا يَأۡتِكُم مَّثَلُ ٱلَّذِينَ خَلَوۡاْ مِن قَبۡلِكُمۖ مَّسَّتۡهُمُ ٱلۡبَأۡسَآءُ وَٱلضَّرَّآءُ وَزُلۡزِلُواْ حَتَّىٰ يَقُولَ ٱلرَّسُولُ وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مَعَهُۥ مَتَىٰ نَصۡرُ ٱللَّهِۗ أَلَآ إِنَّ نَصۡرَ ٱللَّهِ قَرِيبٞ (٢١٤)

اور (اے حبیبؐ یاد کرو) جب ابراھیم نے کہا اے میرے رب! مجھ کو دکھا کہ تو مردوں کو کس طرح حیات دے گا؟ اللہ نے کہا کیا تم ایمان نہیں رکھتے؟ اس نے کہا کیوں نہیں لیکن تاکہ میرا قلب مطمعن ہو جائے؛ اللہ نے کہا تو پرندوں میں سے چار پکڑ لو اور انہیں اپنے ساتھ مانوس کر لو پھر (ذبح اور ٹکڑے کرنے کے بعد) ان کا ایک ایک جز ہر ایک پہاڑ پر رکھ دو پھر انہیں بلاؤ وہ تیرے پاس دوڑتے ہوئے آئیں گے؛ اور جان لو بیشک اللہ زبردست حکیم ہے۔ ان لوگوں کی مثال جو اپنے اموال اللہ کی سبیل میں خرچ کرتے ہیں اس دانے کی مانند ہے جو سات بالیاں (سِٹے) اگائے ہر بالی میں سو دانے ہوں؛ اور اللہ جس کیلئے چاہتا ہے کئی گنا اضافہ کر دیتا ہے؛ اور اللہ وسعت والا علیم ہے۔ جو لوگ اپنے اموال اللہ کی سبیل میں خرچ کرتے ہیں پھر وہ پیچھا نہیں کرتے جو انہوں نے خرچ کیا ہے احسان جتاتے ہوئے اور نہ دکھ دیتے ہوئے، ان کیلئے انکا اجر انکے رب کے پاس ہے، اور نہ ان پر کوئی خوف ہے اور نہ وہ محزون ہوں گے۔ اچھی بات اور درگذر اس صدقے سے بہتر ہے جس کا پیچھا تکلیف دینے کیلئے کیا جائے؛ اور اللہ بے نیاز و بردبار ہے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو اپنے صدقات کو احسان جتانے اور تکلیف دینے سے باطل نہ کرو (یعنی معصومینؑ سے عداوت نہ کرو)، اس شخص (عدو آلِ محمدؐ) کی طرح جو اپنا مال لوگوں کو دکھاوے کیلئے خرچ کرتا ہے اور اللہ اور یومِ آخر پر ایمان نہیں رکھتا؛ پس اس کی مثال ایک چٹان کی طرح ہے جس پر مٹی پڑی ہوئی ہے پھر اس پر زور کی بارش پڑتی ہے تو اسے صاف چٹان چھوڑ جاتی ہے؛ جو انہوں نے کمایا وہ اس میں کسی شئ پر قادر (فائدہ اٹھانے کے قابل) نہیں ہوں گے؛ اور اللہ کافروں کی قوم کو ھدایت نہیں کرتا۔ اور ان لوگوں کی مثال جو اپنے اموال اللہ کی رضائیں حاصل کرنے کیلئے اور اپنے نفوس کو ثابت قدم رکھتے ہوئے خرچ کرتے ہیں اس باغ کی مثل ہے جو ایک اونچی جگہ پر ہو اس پر موسلادھار بارش پڑے تو وہ اپنا پھل دوگنا دے، اور اگر زور کی بارش نہ پڑے تو ہلکی پھوار (کافی ہو جائے)؛ اور اللہ دیکھ رہا ہے جو تم کر رہے ہو۔ کیا تم میں سے کوئی چاہے گا کہ اس کا ایک کھجوروں اور انگوروں کا باغ ہو جس کے نیچے نہریں بہتی ہوں، اس میں اس کیلئے ہر طرح کے پھل بھی ہوں، اور اسے بڑھاپا آجائے اور اسکی اولاد (ابھی) کمزور ہو، پھر اس (باغ) پر آگ والا بگولا آجائے تو وہ جل جائے؛ اسی طرح اللہ تمہارے لئے آیات بیان کرتا ہے تاکہ تم تفکر کرو۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو اپنی کمائی میں سے اور ان چیزوں میں سے جو ہم نے تمہارے لئے زمین سے پیدا کی ہیں طیب (بہتر، پاک) چیزیں (اللہ کی راہ میں) خرچ کرو، اور اس میں سے خبیث (عیب دار، ناکارہ) چیز کو نہ چھانٹو خرچ کرنے کیلئے حالانکہ تم خود اسے نہ لو مگر اس سے آنکھیں بند کر کے؛ اور جان لو بیشک اللہ بے نیاز حمید ہے۔ شیطان تم سے غربت کا وعدہ کرتا ہے (کہ اللہ کی راہ میں خرچ نہ کرو) اور تمہیں فحش کاموں کا حکم دیتا ہے اور اللہ تم سے اپنی مغفرت اور فضل کا وعدہ کرتا ہے؛ اور اللہ وسعت والا علیم ہے۔ وہ جسے چاہتا ہے حکمت عطا کرتا ہے، اور جسے حکمت (معرفتِ امامؑ) عطا کی جائے تو یقیناً اسے خیرِ کثیر عطا کی گئی؛ اور ذکر نہیں کرتے سوائے صاحبانِ عقل کے۔

270. And whatever you spend of expenditures or make your vow of vows – indeed, Allah knows of it. And for the wrongdoers there are no helpers.
271. If you disclose your alms, it is good; but if you conceal it and give it to the poor, then it is better for you, and He will remove from you some of your misdeeds. And Allah, with what you do, is [fully] Acquainted.
272. Not upon you, [O Mohammad sawaw], is [responsibility for] their guidance, but Allah guides whom He wills. And whatever good [wealth] you [believers] spend is for [benefit of] yourselves, and you do not spend except seeking the Countenance of Allah [Wajhullah]. And whatever you spend of good – it will be fully repaid to you, and you will not be wronged.
273. [Charity is] for the poor who have been confined for the Way of Allah, unable to move about in the land. An ignorant [person] would think them self-sufficient because of their abstaining [from begging], but you will recognize them by their [characteristic] sign. They do not ask people importunately. And whatever you spend of good [wealth] – indeed, Allah is Knowing of it.
274. Those [i.e. Maola Ali swsa] who spend their wealth [for Allah] by night and by day, secretly and publicly – they will have their reward with their Rabb. And there is no fear upon them, nor will they grieve.
275. Those who consume usury cannot stand [on the Day of Qiyamah] except as one stands who is being beaten by Shaitan into insanity. That is because they say, "Trade is [just] like usury." But Allah has permitted trade and has forbidden usury. So whoever has received an admonition from his Rabb and desists may have what is past, and his affair rests with Allah. But whoever returns [to dealing in usury] – those are the companions of the Fire; they will abide eternally therein.
276. Allah destroys usury and gives increase for charities. And Allah does not like every sinning disbeliever.
277. Indeed, those who believe and do righteous deeds and establish Salaat and give Zakaat will have their reward with their Rabb, and there is no fear concerning them, nor will they grieve.
278. O you who believe, fear Allah and give up what remains [due to you] of usury, if you are believers.
279. And if you do not, then be informed of a war [against you] from Allah and His Rasool. But if you repent, you may have your principal – [thus] you do no wrong, nor are you wronged.
280. And if one [debtor] is in hardship, then postponement until [he is in] ease. But if you give alms, then it is better for you, if you only knew.
281. And fear a Day when you will be returned to Allah. Then every soul will be compensated for what it earned, and they will not be wronged [i.e. treated unjustly].

وَمَآ أَنفَقۡتُم مِّن نَّفَقَةٍ أَوۡ نَذَرۡتُم مِّن نَّذۡرٖ فَإِنَّ ٱللَّهَ
يَعۡلَمُهُۥۗ وَمَا لِلظَّٰلِمِينَ مِنۡ أَنصَارٍ (٢٧٠) إِن
تُبۡدُواْ ٱلصَّدَقَٰتِ فَنِعِمَّا هِيَۖ وَإِن تُخۡفُوهَا
وَتُؤۡتُوهَا ٱلۡفُقَرَآءَ فَهُوَ خَيۡرٞ لَّكُمۡۚ وَيُكَفِّرُ عَنكُم
مِّن سَيِّـَٔاتِكُمۡۗ وَٱللَّهُ بِمَا تَعۡمَلُونَ خَبِيرٞ (٢٧١)
۞ لَّيۡسَ عَلَيۡكَ هُدَىٰهُمۡ وَلَٰكِنَّ ٱللَّهَ يَهۡدِي مَن
يَشَآءُۗ وَمَا تُنفِقُواْ مِنۡ خَيۡرٖ فَلِأَنفُسِكُمۡۚ وَمَا
تُنفِقُونَ إِلَّا ٱبۡتِغَآءَ وَجۡهِ ٱللَّهِۚ وَمَا تُنفِقُواْ مِنۡ خَيۡرٖ
يُوَفَّ إِلَيۡكُمۡ وَأَنتُمۡ لَا تُظۡلَمُونَ (٢٧٢) لِلۡفُقَرَآءِ
ٱلَّذِينَ أُحۡصِرُواْ فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ لَا يَسۡتَطِيعُونَ
ضَرۡبٗا فِي ٱلۡأَرۡضِ يَحۡسَبُهُمُ ٱلۡجَاهِلُ أَغۡنِيَآءَ مِنَ
ٱلتَّعَفُّفِۚ تَعۡرِفُهُم بِسِيمَٰهُمۡۖ لَا يَسۡـَٔلُونَ ٱلنَّاسَ
إِلۡحَافٗاۗ وَمَا تُنفِقُواْ مِنۡ خَيۡرٖ فَإِنَّ ٱللَّهَ بِهِۦ عَلِيمٌ
(٢٧٣) ٱلَّذِينَ يُنفِقُونَ أَمۡوَٰلَهُم بِٱلَّيۡلِ وَٱلنَّهَارِ
سِرّٗا وَعَلَانِيَةٗ فَلَهُمۡ أَجۡرُهُمۡ عِندَ رَبِّهِمۡ وَلَا
خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ وَلَا هُمۡ يَحۡزَنُونَ (٢٧٤) ٱلَّذِينَ
يَأۡكُلُونَ ٱلرِّبَوٰاْ لَا يَقُومُونَ إِلَّا كَمَا يَقُومُ ٱلَّذِي
يَتَخَبَّطُهُ ٱلشَّيۡطَٰنُ مِنَ ٱلۡمَسِّۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمۡ قَالُوٓاْ
إِنَّمَا ٱلۡبَيۡعُ مِثۡلُ ٱلرِّبَوٰاْۗ وَأَحَلَّ ٱللَّهُ ٱلۡبَيۡعَ وَحَرَّمَ
ٱلرِّبَوٰاْۚ فَمَن جَآءَهُۥ مَوۡعِظَةٞ مِّن رَّبِّهِۦ فَٱنتَهَىٰ
فَلَهُۥ مَا سَلَفَ وَأَمۡرُهُۥٓ إِلَى ٱللَّهِۖ وَمَنۡ عَادَ
فَأُوْلَٰٓئِكَ أَصۡحَٰبُ ٱلنَّارِۖ هُمۡ فِيهَا خَٰلِدُونَ
(٢٧٥) يَمۡحَقُ ٱللَّهُ ٱلرِّبَوٰاْ وَيُرۡبِي ٱلصَّدَقَٰتِۗ
وَٱللَّهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ أَثِيمٍ (٢٧٦) إِنَّ ٱلَّذِينَ
ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ وَأَقَامُواْ ٱلصَّلَوٰةَ
وَءَاتَوُاْ ٱلزَّكَوٰةَ لَهُمۡ أَجۡرُهُمۡ عِندَ رَبِّهِمۡ وَلَا
خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ وَلَا هُمۡ يَحۡزَنُونَ (٢٧٧) يَٰٓأَيُّهَا
ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ ٱتَّقُواْ ٱللَّهَ وَذَرُواْ مَا بَقِيَ مِنَ
ٱلرِّبَوٰٓاْ إِن كُنتُم مُّؤۡمِنِينَ (٢٧٨) فَإِن لَّمۡ تَفۡعَلُواْ
فَأۡذَنُواْ بِحَرۡبٖ مِّنَ ٱللَّهِ وَرَسُولِهِۦۖ وَإِن تُبۡتُمۡ
فَلَكُمۡ رُءُوسُ أَمۡوَٰلِكُمۡ لَا تَظۡلِمُونَ وَلَا
تُظۡلَمُونَ (٢٧٩) وَإِن كَانَ ذُو عُسۡرَةٖ فَنَظِرَةٌ
إِلَىٰ مَيۡسَرَةٖۚ وَأَن تَصَدَّقُواْ خَيۡرٞ لَّكُمۡۖ إِن كُنتُمۡ
تَعۡلَمُونَ (٢٨٠) وَٱتَّقُواْ يَوۡمٗا تُرۡجَعُونَ فِيهِ إِلَى
ٱللَّهِۖ ثُمَّ تُوَفَّىٰ كُلُّ نَفۡسٖ مَّا كَسَبَتۡ وَهُمۡ لَا
يُظۡلَمُونَ (٢٨١)

اور خرچے میں سے جو بھی تم خرچ کرو یا نذر میں سے کوئی نذر ادا کرو تو بیشک اللہ اسے جانتا ہے؛ اور ظالموں کا کوئی ناصر نہیں۔ اگر تم صدقات کو ظاہر کرو تو وہ بھی اچھا ہے، اور اگر تم ان کو چھپاؤ اور وہ غریبوں کو دے دو تو وہ تمہارے لئے بہتر ہے؛ اور اللہ تمہاری برائیاں تم سے مٹا دے گا؛ اور اللہ اس سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو۔ ان کی ھدایت تمہارے ذمہ نہیں بلکہ اللہ جسے چاہتا ہے ھدایت دیتا ہے؛ اور خیر (مال) میں سے جو تم خرچ کرو گے تو وہ تمہارے ہی نفوس کیلئے (فائدہ مند) ہے؛ اور تم خرچ نہیں کرتے مگر وجہ اللہ کی طلب میں؛ اور خیر (مال) میں سے جو بھی تم خرچ کرو گے تمہیں پورا (اجر) دیا جائے گا اور تمہارے ساتھ ظلم نہیں کیا جائے گا۔ (خرچ کرو) غریبوں کیلئے جو اللہ کی سبیل میں گھرے ہوئے ہیں اور زمین میں دوڑ دھوپ نہیں کر سکتے، ناواقف آدمی باعفت ظاہرداری کی وجہ سے انہیں خوشحال سمجھتا ہے، تم انہیں انکے چہروں سے پہچان سکتے ہو، وہ لوگوں سے لپٹ کر سوال نہیں کرتے؛ اور خیر (مال) میں سے جو بھی تم خرچ کرتے ہو تو بیشک اللہ اس کو خوب جانتا ہے۔ جو لوگ (یعنی مولا علیؑ) اپنے اموال رات اور دن میں پوشیدہ اور علانیہ خرچ کرتے ہیں تو ان کیلئے ان کو اجر ان کے رب کے پاس ہے، اور ان پر کوئی خوف نہیں ہے اور نہ وہ محزون ہوتے ہیں۔ جو لوگ سود کھاتے ہیں وہ نہیں اٹھیں گے مگر اس شخص کی طرح جسے شیطان نے چھو کر پاگل بنا دیا ہو؛ وہ اسلئے کہ انہوں نے کہا کہ بس تجارت سود کی مثل ہے، جبکہ اللہ نے تجارت کو حلال کیا ہے اور سود کو حرام؛ تو جس کے پاس اس کے رب کی نصیحت پہنچ جائے اور وہ باز آجائے تو جو پہلے ہو چکا وہ اس کیلئے ہے؛ اور اسکا معاملہ اللہ کی طرف ہے؛ اور جو دوبارہ کرے تو وہ لوگ اہل نار ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ سود کو مٹاتا ہے اور صدقات کو بڑھاتا ہے؛ اور اللہ کسی کافر گناہگار (حق پوش بدعمل) کو پسند نہیں کرتا۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور صالح اعمال کئے اور صلاۃ قائم کی اور زکاۃ دی ان کیلئے انکا اجر انکے رب کے پاس ہے، اور ان پر کوئی خوف نہیں ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو اللہ سے ڈرو اور جو سود باقی رہ گیا ہے اسے چھوڑ دو اگر تم مؤمنین ہو۔ پس اگرتم نے ایسا نہ کیا تو اگاہ ہو جاؤ اللہ اور اس کے رسولؐ کی جنگ سے، اور اگر تم توبہ کر لو تو تمہارے اموال کا اصل زر تمہارے لئے ہے، نہ تم کسی پر ظلم کرو اور نہ تم پر ظلم کیا جائے۔ اور اگر (مقروض) تنگدست ہو تو اسے فراخی تک مہلت دو؛ اور اگر تم صدقہ کر دو تو تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانتے ہو۔ اور اس یوم سے ڈرو جس میں تم واپس اللہ کی طرف لائے جاؤ گے، پھر ہر شخص کو جو اس نے کمایا تھا کا پورا بدلہ دیا جائے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

282. O you who believe, when you contract a debt for a specified term, write it down. And let a scribe write [it] between you in justice. Let no scribe refuse to write as Allah has taught him. So let him write and let the one who has the obligation [i.e. the debtor] dictate. And let him fear Allah, his Rabb, and not leave anything out of it. But if the one who has the obligation is of limited understanding or weak or unable to dictate himself, then let his guardian dictate in justice. And bring to witness two witnesses from among your men. And if there are not two men [available], then a man and two women from those whom you accept as witnesses – so that if one of them [i.e. the women] errs, then the other can remind her. And let not the witnesses refuse when they are called upon. And do not be [too] weary to write it, whether it [debt] is small or large, for its [specified] term. That is more just in the sight of Allah and stronger as evidence and more likely to prevent doubt between you, except when it is an immediate transaction which you conduct among yourselves. For [then] there is no blame upon you if you do not write it. And take witnesses when you conclude a contract. Let no scribe be harmed or any witness. For if you do so, indeed, it is [grave] disobedience in you. And fear Allah. And Allah teaches you. And Allah is Knowing of all things.
283. And if you are on a journey and cannot find a scribe, then a security [should be] taken into possession. And if one of you entrusts another, then let him who is entrusted discharge his trust [faithfully] and let him fear Allah, his Rabb. And do not conceal testimony, for whoever conceals it – his heart is indeed sinful, and Allah is Knowing of what you do.
284. To Allah belongs whatever is in the heavens and whatever is in the earth. And whether you show what is within yourselves or conceal it, Allah will bring you to account for it. Then He will forgive whom He wills and punish whom He wills, and Allah has power over all things.
285. The Rasool believes in what was revealed to him from his Rabb, and [so do] the believers. All of them believe in Allah and His angels and His books and His Rasools, [saying], "We make no distinction between any of His Rasools." And they say, "We hear and we obey. [We seek] Your forgiveness, our Rabb, and to You is the [final] destination."
286. Allah does not charge a soul except its capacity. It will have [the consequence of] what [good] it has gained, and it will bear [the consequence of] what [evil] it has earned. "Our Rabb, do not impose blame upon us if we have forgotten or erred. Our Rabb, and lay not upon us a burden like that which You laid upon those before us. Our Rabb, and burden us not with that which we have no ability to bear. And pardon us; and forgive us; and have mercy upon us. You are our guardian, so help us against the disbelieving people."

[Last two verses were revealed directly during Mai'raj and Wilayat e Ali swsa was conveyed directly.]

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ إِذَا تَدَايَنتُم بِدَيۡنٍ إِلَىٰٓ أَجَلٖ
مُّسَمّٗى فَٱكۡتُبُوهُۚ وَلۡيَكۡتُب بَّيۡنَكُمۡ كَاتِبُۢ بِٱلۡعَدۡلِۚ
وَلَا يَأۡبَ كَاتِبٌ أَن يَكۡتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ ٱللَّهُۚ
فَلۡيَكۡتُبۡ وَلۡيُمۡلِلِ ٱلَّذِي عَلَيۡهِ ٱلۡحَقُّ وَلۡيَتَّقِ ٱللَّهَ
رَبَّهُۥ وَلَا يَبۡخَسۡ مِنۡهُ شَيۡـٔٗاۚ فَإِن كَانَ ٱلَّذِي عَلَيۡهِ
ٱلۡحَقُّ سَفِيهًا أَوۡ ضَعِيفًا أَوۡ لَا يَسۡتَطِيعُ أَن يُمِلَّ
هُوَ فَلۡيُمۡلِلۡ وَلِيُّهُۥ بِٱلۡعَدۡلِۚ وَٱسۡتَشۡهِدُواْ شَهِيدَيۡنِ
مِن رِّجَالِكُمۡۖ فَإِن لَّمۡ يَكُونَا رَجُلَيۡنِ فَرَجُلٞ
وَٱمۡرَأَتَانِ مِمَّن تَرۡضَوۡنَ مِنَ ٱلشُّهَدَآءِ أَن تَضِلَّ
إِحۡدَىٰهُمَا فَتُذَكِّرَ إِحۡدَىٰهُمَا ٱلۡأُخۡرَىٰۚ وَلَا يَأۡبَ
ٱلشُّهَدَآءُ إِذَا مَا دُعُواْۚ وَلَا تَسۡـَٔمُوٓاْ أَن تَكۡتُبُوهُ
صَغِيرًا أَوۡ كَبِيرًا إِلَىٰٓ أَجَلِهِۦۚ ذَٰلِكُمۡ أَقۡسَطُ عِندَ
ٱللَّهِ وَأَقۡوَمُ لِلشَّهَٰدَةِ وَأَدۡنَىٰٓ أَلَّا تَرۡتَابُوٓاْۖ إِلَّآ أَن
تَكُونَ تِجَٰرَةً حَاضِرَةٗ تُدِيرُونَهَا بَيۡنَكُمۡ فَلَيۡسَ
عَلَيۡكُمۡ جُنَاحٌ أَلَّا تَكۡتُبُوهَاۗ وَأَشۡهِدُوٓاْ إِذَا تَبَايَعۡتُمۡۚ
وَلَا يُضَآرَّ كَاتِبٞ وَلَا شَهِيدٞۚ وَإِن تَفۡعَلُواْ فَإِنَّهُۥ
فُسُوقُۢ بِكُمۡۗ وَٱتَّقُواْ ٱللَّهَۖ وَيُعَلِّمُكُمُ ٱللَّهُۗ وَٱللَّهُ
بِكُلِّ شَيۡءٍ عَلِيمٞ (٢٨٢) ۞ وَإِن كُنتُمۡ عَلَىٰ
سَفَرٖ وَلَمۡ تَجِدُواْ كَاتِبٗا فَرِهَٰنٞ مَّقۡبُوضَةٞۖ فَإِنۡ
أَمِنَ بَعۡضُكُم بَعۡضٗا فَلۡيُؤَدِّ ٱلَّذِي ٱؤۡتُمِنَ أَمَٰنَتَهُۥ
وَلۡيَتَّقِ ٱللَّهَ رَبَّهُۥۗ وَلَا تَكۡتُمُواْ ٱلشَّهَٰدَةَۚ وَمَن
يَكۡتُمۡهَا فَإِنَّهُۥٓ ءَاثِمٞ قَلۡبُهُۥۗ وَٱللَّهُ بِمَا تَعۡمَلُونَ
عَلِيمٞ (٢٨٣) لِّلَّهِ مَا فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِي
ٱلۡأَرۡضِۗ وَإِن تُبۡدُواْ مَا فِيٓ أَنفُسِكُمۡ أَوۡ تُخۡفُوهُ
يُحَاسِبۡكُم بِهِ ٱللَّهُۖ فَيَغۡفِرُ لِمَن يَشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَن
يَشَآءُۗ وَٱللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ قَدِيرٌ (٢٨٤)
ءَامَنَ ٱلرَّسُولُ بِمَآ أُنزِلَ إِلَيۡهِ مِن رَّبِّهِۦ
وَٱلۡمُؤۡمِنُونَۚ كُلٌّ ءَامَنَ بِٱللَّهِ وَمَلَٰٓئِكَتِهِۦ وَكُتُبِهِۦ
وَرُسُلِهِۦ لَا نُفَرِّقُ بَيۡنَ أَحَدٖ مِّن رُّسُلِهِۦۚ وَقَالُواْ
سَمِعۡنَا وَأَطَعۡنَاۖ غُفۡرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيۡكَ ٱلۡمَصِيرُ
(٢٨٥) لَا يُكَلِّفُ ٱللَّهُ نَفۡسًا إِلَّا وُسۡعَهَاۚ لَهَا مَا
كَسَبَتۡ وَعَلَيۡهَا مَا ٱكۡتَسَبَتۡۗ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذۡنَآ إِن
نَّسِينَآ أَوۡ أَخۡطَأۡنَاۚ رَبَّنَا وَلَا تَحۡمِلۡ عَلَيۡنَآ إِصۡرٗا
كَمَا حَمَلۡتَهُۥ عَلَى ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِنَاۚ رَبَّنَا وَلَا
تُحَمِّلۡنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهِۦۖ وَٱعۡفُ عَنَّا وَٱغۡفِرۡ
لَنَا وَٱرۡحَمۡنَآۚ أَنتَ مَوۡلَىٰنَا فَٱنصُرۡنَا عَلَى ٱلۡقَوۡمِ
ٱلۡكَٰفِرِينَ (٢٨٦)

اے لوگو جو ایمان لائے ہو جب تم معین مدت کیلئے قرض کا لین دین کرو تو اسے لکھ لو؛ اور تمہارے درمیان اس کو کاتب عدل کے ساتھ لکھے، اور کاتب اسے لکھنے سے انکار نہ کرے پس وہ لکھے جسطرح اللہ نے سکھایا ہے، اور جس پر حق عائد ہوتا ہے وہ املا کروائے اور وہ اللہ سے ڈرے جو اسکا رب ہے اور اس میں کسی شئ کی کمی نہ کرے؛ اور اگر وہ جس پر حق عائد ہوتا ہے نادان ہو یا کمزور ہو یا وہ استطاعت نہ رکھتا ہو کہ املا کرا سکے تو اس کا سرپرست عدل کے ساتھ املا کرائے؛ اور اپنے مردوں میں سے دو گواہ پیش کرو، پس اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں جن کو تم بطور گواہ پسند کرو اسلئے کہ اگر ان میں سے ایک عورت بھول جائے تو دوسری اسے یاد دلا دے؛ اور گواہ انکار نہ کریں جب ان کو بلایا جائے؛ اور اسے لکھنے میں سستی نہ کرو (قرض) چھوٹا ہو یا بڑا اسکی مدت تک؛ یہ تمہارے لئے اللہ کے نزدیک زیادہ منصفانہ ہے اور گواہی کیلئے زیادہ ٹھیک ہے اور زیادہ قریب ہے کہ تم شک میں نہ پڑو سوائے اسکے کہ تجارت دست بدست (آمنے سامنے) ہو جس کو تم آپس میں لین دین کرتے ہو تو تم پر کوئی الزام نہیں کہ تم اسکو نہ لکھو؛ اور گواہ بنا لو جب تم خرید و فروخت کرو، اور کاتب کو ضرر نہ پہنچایا جائے اور نہ ہی گواہ کو؛ اور اگر تم نے ایسا کیا تو بیشک یہ تمہاری نافرمانی ہے؛ اور اللہ سے ڈرو اور اللہ تمہیں تعلیم دیتا ہے؛ اور اللہ ہر شئ کو خوب جانتا ہے۔ اور اگر تم سفر پر ہو اور تمہیں کوئی کاتب نہ ملے تو رہن قبضے میں دیا جائے؛ پس اگر تم ایک دوسرے پر اعتماد کرو تو جس کے پاس امانت رکھی گئی ہے وہ اس کی امانت ادا کر دے اور وہ اللہ سے ڈرے جو اسکا رب ہے؛ اور تم گواہی نہ چھپاؤ اور جو اسکو چھپائے گا تو بیشک اسکا قلب گناہگار ہے؛ اور اللہ خوب جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔ اللہ کیلئے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے؛ اور جو تمہارے دلوں میں ہے اگر تم ظاہر کرو یا اسے چھپاؤ اللہ تم سے اس کا حساب لے گا؛ پھر وہ جسے چاہے گا معاف کر دے گا اور جسے چاہے گا عذاب دے گا؛ اور اللہ ہر شئ پر قادر ہے۔ رسولؐ اس پر ایمان رکھتا ہے جو اس پر اسکے رب کی طرف سے نازل کیا گیا ہے اور مؤمنین بھی؛ وہ سب اللہ اور اسکے ملائکہ اور اسکی کتب اور اسکے رسولوں پر ایمان رکھتے ہیں؛ (اور کہتے ہیں) ہم اس کے رسولوں میں سے کسی کے درمیان فرق نہیں کرتے؛ اور وہ کہتے ہیں ہم نے سنا اور ہم نے اطاعت کی، اے ہمارے رب تیری مغفرت ہے اور تیری طرف ہی (آخری) منزل ہے۔ اللہ کسی کو مکلف (ذمہ داری کا بوجھ) نہیں کرتا مگر اسکی وسعت (طاقت) کے مطابق؛ جو (خیر) کسی نے کمایا اسی کیلئے ہے اور جو (بدی) کسی نے کمائی اسی پر ہے؛ اے ہمارے رب اگر ہم بھول جائیں یا ہم خطا کر بیٹھیں تو تو ہمارا مواخذہ نہ کرنا، اے ہمارے رب اور تو ہم پر بوجھ نہ لادنا جسطرح تو نے ان لوگوں پر لادا جو ہم سے قبل تھے، اے ہمارے رب اور تو ہم پر بوجھ نہ لادنا جس کیلئے ہم میں طاقت نہیں، اور ہمیں معاف فرما، اور ہمیں بخش دے، اور ہم پر رحم فرما، تو ہمارا مولا ہے، پس کافر قوم کے خلاف ہماری نصرت فرما۔ (یہ آخری دو آیات معراج پر بالمشافہ وحی کی گئیں پھر اللہ نے اپنے حبیبؐ کو ولایتِ علیؑ بالمشافہ عطا کی)

سورة آلِ عمران

Surah Aal e Imran

[The family of Imran swsa]

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem.

1. Alif Laam Meem. [Anna Allah al-Majeed]
2. Allah – there is no Elah [deity worthy of worship] except Him, the Ever-Living, the Sustainer of existence.
3. He has sent down upon you, [O Mohammad sawaw], the Book with the Haqq, confirming what was before it. And He revealed the Tauraat and the Injeel,
4. Before, as guidance for the people. And He revealed the Criterion [i.e. the Qur'an]. Indeed, those who disbelieve in the Ayaat of Allah will have a severe punishment, and Allah is Exalted in Might, the Owner of Retribution.
5. Indeed, from Allah nothing is hidden in the earth nor in the heaven.
6. It is He who forms you in the wombs as He wills. There is no Elah except Him, the Exalted in Might, the Wise.
7. It is He who has sent down to you [O Mohammad sawaw] the Book; in it are verses [that are] decisive – they are the foundation of the Book – and others similitudes. As for those in whose hearts is deviation [from truth], they will follow that of it which is similitude, seeking discord and seeking an interpretation [suitable to them]. And no one knows its [true] interpretation except Allah and those firmly rooted in knowledge [i.e. the Masumeen swsa] say, "We believe in it. All [of it] is from our Rabb." And no one remember except those of understanding,
8. [Who say], "Our Rabb, let not our hearts deviate after You have guided us and grant us from Yourself mercy. Indeed, You are the Bestower.
9. Our Rabb, surely You will gather the people for a Day about which there is no doubt. Indeed, Allah does not fail in His promise."
10. Indeed, those who disbelieve – never will their wealth or their children avail them against Allah at all. And it is they who are fuel for the Fire.
11. Like the behaviour of the people of Fir'aoun and those before them. They denied Our signs, so Allah seized them for their sins. And Allah is severe in penalty.
12. Say to those who disbelieve, "You will be overcome and gathered together to Hell, and wretched is the resting place."
13. Already there has been for you a sign in the two armies which met [in combat at Badr] – one fighting in the way of Allah and another of disbelievers. They saw them twice their number by [their] eyesight. But Allah supports with His Nasr [help] whom He wills. Indeed in that is a lesson for those of vision.
14. Beautified for people is the love of that which they desire – of women and sons, heaped-up sums of gold and silver, fine branded horses, and cattle and tilled land. That is the enjoyment of worldly life, but Allah has with Him the best return [i.e. Paradise].

سُوْرَةُ آل عِمرَان

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیازعام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

انا اللہ المجید۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ حی و قیوم ہے۔ اس نے تم پر کتاب نازل کی حق کے ساتھ جو پہلے موجود (کتابوں) کی تصدیق کرتی ہے اور اس نے تورات اور انجیل نازل کی، جو اس سے قبل لوگوں کیلئے ہدایت تھیں اور اس نے فرقان نازل کیا بیشک جن لوگوں نے اللہ کی آیات کا کفر کیا ان کیلئے شدید عذاب ہے؛ اور اللہ زبردست غالب اور انتقام لینے والا ہے۔ بیشک اللہ پر زمین میں کوئی شئ مخفی نہیں ہے اور نہ ہی آسمان میں۔ وہ وہی ہے جو ارحام میں تمہاری تصویریں بناتا ہے جیسی وہ چاہتا ہے؛ کوئی معبود نہیں سوائے اس کے وہ زبردست حکمت والا ہے۔ وہ وہی ہے جس نے تم پر کتاب نازل کی جس میں محکم آیات ہیں جو کتاب کا اصل ہیں اور دوسری مشابہ (ان سے ملتی جلتی) ہیں؛ پس جن لوگوں کے قلوب میں ٹیڑھا پن ہے وہ جو مشابہ ہیں ان کے پیچھے پڑ جاتے ہیں فتنہ تلاش کرنے کیلئے اور اس کا مطلب (اپنی مرضی کے مطابق) حاصل کرنے کیلئے، حالانکہ اس کی تاویل اللہ اور راسخون فی العلم (علم میں پختہ ہستیاں یعنی معصومینؑ) کے علاوہ کوئی نہیں جانتا جو کہتے ہیں ہم اس پر ایمان رکھتے ہیں سب ہمارے رب کی طرف سے ہے، اور ذکر نہیں کرتے مگر صاحبان عقل۔ اے ہمارے رب ہماری ہدایت کے بعد ہمارے قلوب کو ٹیڑھا نہ کرنا اور ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا کر، بیشک تو عطا کرنے والا ہے۔ اے ہمارے رب بیشک تو لوگوں کو اس دن جمع کرنے والا ہے جس میں کوئی شک نہیں ہے، بیشک اللہ اپنے وعدے کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔ بیشک جن لوگوں نے کفر کیا اللہ کے ہاں ہرگز ان کے اموال ان کے کچھ بھی کام نہیں آئیں گے اور نہ ہی ان کی اولاد؛ اور وہی لوگ نار کا ایندھن ہیں۔ آل فرعون کے رویہ کی طرح اور جو لوگ ان سے قبل تھے؛ انہوں نے ہماری آیات کی تکذیب کی، تو اللہ نے ان کو ان کے گناھوں کی وجہ سے پکڑ لیا؛ اور اللہ شدید سزا دینے والا ہے۔ کہہ دو ان لوگوں سے جنہوں نے کفر کیا ہے تم عنقریب مغلوب ہو جاؤ گے اور تم جہنم کی طرف محشور کئے جاؤ گے؛ اور وہ برا ٹھکانا ہے۔ یقیناً تمہارے لئے ان دو گروہوں میں نشانی ہے جن کی مد بھیڑ ہوئی؛ ایک گروہ اللہ کی سبیل میں لڑ رہا تھا اور دوسرا کافر تھا وہ ان کو (اپنی) آنکھوں سے دوگناہ دیکھ رہے تھے؛ اور اللہ اپنی نصرت سے جسے چاہتا ہے مدد دیتا ہے؛ بیشک اس میں عبرت ہے بصارت رکھنے والوں کیلئے۔ لوگوں کیلئے خواہشات کی محبت خوشنما بنا دی گئی ہے: عورتیں اور بیٹے اور سونے چاندی کے جمع کئے ہوئے ڈھیر اور نسلی گھوڑے اور مویشی اور کھیت؛ یہ حیاتِ دنیا کا مال متاع ہے، اور اللہ کے پاس اچھا ٹھکانا ہے۔

سُوْرَةُ آل عِمرَان

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

الٓمٓ (١) ٱللَّهُ لَآ إِلَـٰهَ إِلَّا هُوَ ٱلْحَىُّ ٱلْقَيُّومُ (٢)
نَزَّلَ عَلَيْكَ ٱلْكِتَـٰبَ بِٱلْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ
وَأَنزَلَ ٱلتَّوْرَىٰةَ وَٱلْإِنجِيلَ (٣) مِن قَبْلُ هُدًى
لِّلنَّاسِ وَأَنزَلَ ٱلْفُرْقَانَ ۗ إِنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ بِـَٔايَـٰتِ
ٱللَّهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ ۗ وَٱللَّهُ عَزِيزٌ ذُو ٱنتِقَامٍ (٤)
إِنَّ ٱللَّهَ لَا يَخْفَىٰ عَلَيْهِ شَىْءٌ فِى ٱلْأَرْضِ وَلَا
فِى ٱلسَّمَآءِ (٥) هُوَ ٱلَّذِى يُصَوِّرُكُمْ فِى
ٱلْأَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ ۚ لَآ إِلَـٰهَ إِلَّا هُوَ ٱلْعَزِيزُ
ٱلْحَكِيمُ (٦) هُوَ ٱلَّذِىٓ أَنزَلَ عَلَيْكَ ٱلْكِتَـٰبَ مِنْهُ
ءَايَـٰتٌ مُّحْكَمَـٰتٌ هُنَّ أُمُّ ٱلْكِتَـٰبِ وَأُخَرُ
مُتَشَـٰبِهَـٰتٌ ۖ فَأَمَّا ٱلَّذِينَ فِى قُلُوبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُونَ
مَا تَشَـٰبَهَ مِنْهُ ٱبْتِغَآءَ ٱلْفِتْنَةِ وَٱبْتِغَآءَ تَأْوِيلِهِۦ ۗ وَمَا
يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُۥٓ إِلَّا ٱللَّهُ ۗ وَٱلرَّٰسِخُونَ فِى ٱلْعِلْمِ
يَقُولُونَ ءَامَنَّا بِهِۦ كُلٌّ مِّنْ عِندِ رَبِّنَا ۗ وَمَا يَذَّكَّرُ
إِلَّآ أُو۟لُوا۟ ٱلْأَلْبَـٰبِ (٧) رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ
إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً ۚ إِنَّكَ أَنتَ
ٱلْوَهَّابُ (٨) رَبَّنَآ إِنَّكَ جَامِعُ ٱلنَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا
رَيْبَ فِيهِ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ لَا يُخْلِفُ ٱلْمِيعَادَ (٩) إِنَّ
ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ لَن تُغْنِىَ عَنْهُمْ أَمْوَٰلُهُمْ وَلَآ
أَوْلَـٰدُهُم مِّنَ ٱللَّهِ شَيْـًٔا ۖ وَأُو۟لَـٰٓئِكَ هُمْ وَقُودُ ٱلنَّارِ
(١٠) كَدَأْبِ ءَالِ فِرْعَوْنَ وَٱلَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ
كَذَّبُوا۟ بِـَٔايَـٰتِنَا فَأَخَذَهُمُ ٱللَّهُ بِذُنُوبِهِمْ ۗ وَٱللَّهُ شَدِيدُ
ٱلْعِقَابِ (١١) قُل لِّلَّذِينَ كَفَرُوا۟ سَتُغْلَبُونَ
وَتُحْشَرُونَ إِلَىٰ جَهَنَّمَ ۚ وَبِئْسَ ٱلْمِهَادُ (١٢) قَدْ
كَانَ لَكُمْ ءَايَةٌ فِى فِئَتَيْنِ ٱلْتَقَتَا ۖ فِئَةٌ تُقَـٰتِلُ فِى
سَبِيلِ ٱللَّهِ وَأُخْرَىٰ كَافِرَةٌ يَرَوْنَهُم مِّثْلَيْهِمْ رَأْىَ
ٱلْعَيْنِ ۚ وَٱللَّهُ يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهِۦ مَن يَشَآءُ ۗ إِنَّ فِى
ذَٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّأُو۟لِى ٱلْأَبْصَـٰرِ (١٣) زُيِّنَ لِلنَّاسِ
حُبُّ ٱلشَّهَوَٰتِ مِنَ ٱلنِّسَآءِ وَٱلْبَنِينَ وَٱلْقَنَـٰطِيرِ
ٱلْمُقَنطَرَةِ مِنَ ٱلذَّهَبِ وَٱلْفِضَّةِ وَٱلْخَيْلِ ٱلْمُسَوَّمَةِ
وَٱلْأَنْعَـٰمِ وَٱلْحَرْثِ ۗ ذَٰلِكَ مَتَـٰعُ ٱلْحَيَوٰةِ ٱلدُّنْيَا ۖ
وَٱللَّهُ عِندَهُۥ حُسْنُ ٱلْمَـَٔابِ (١٤)

15. Say, "Shall I inform you of [something] better than that? For those who fear Allah are gardens with their Rabb beneath which rivers flow, wherein they abide eternally, and purified spouses and pleasure from Allah. And Allah is Seeing of [His] servants –
16. Those who say, "Our Rabb, indeed we have believed, so forgive us our sins and protect us from the punishment of the Fire,"
17. The patient, the truthful, the obedient, those who spend, and those who seek forgiveness before dawn.
18. Allah witnesses that there is no Elah except Him, and [so do] the angels and those of knowledge [the Imams swsa] – [that He is] maintaining [creation] in justice. There is no deity [worthy of worship] except Him, the Exalted in Might, the Wise.
19. Indeed, the religion near Allah is Islam [submission to Wilayat e Ali swsa]. And those who were given the Book did not differ except after knowledge had come to them – out of jealous animosity between themselves. And whoever disbelieves in the Ayaat of Allah, then indeed, Allah is swift in [taking] account.
20. So if they argue with you, say, "I have submitted myself to Allah, and [so have] those who follow me." And say to those who were given the Book and [to] the unlearned [polytheists], "Have you submitted yourselves?" And if they submit [in Islam], they are rightly guided; but if they turn away – then upon you is only the delivery of message. And Allah is Seeing of [His] servants.
21. Those who disbelieve in the signs of Allah and kill the prophets without right [43 prophets in a day] and kill those [112 supporters of the prophets] who order justice from among the people – give them tidings of a painful punishment.
22. They are the ones whose deeds have become worthless in this world and the Hereafter, and for them there will be no helpers.
23. Have you not seen, [O Mohammad sawaw], those who were given a portion of the Book? They are invited to the Book of Allah that it should decide between them; then a party of them turns away, and they are refusing.
24. That is because they say, "Never will the Fire touch us except for [a few] numbered days," and [because] they were deceived in their religion by what they were inventing.
25. So how will it be when We assemble them for a Day about which there is no doubt? And each soul will be compensated [in full for] what it earned, and they will not be wronged.
26. Say, "O Allah, Owner of Mulk [Sovereignty], You give sovereignty to whom You will and You take sovereignty away from whom You will. You honour whom You will and You humiliate whom You will. In Your hand is [Khair] good. Indeed, You are over all things competent.
27. You cause the night to enter the day, and You cause the day to enter the night; and You bring the living [Momin] out of the dead [Kafir], and You bring the dead out of the living. And You give provision to whom You will without account [i.e. limit or measure]."
28. Let not believers take disbelievers as allies [i.e. supporters or protectors] rather than believers. And whoever [of you] does that has nothing [i.e. no association] with Allah, but guard yourself against them guarding prudently. And Allah warns you of Himself [His Nafs], and to Allah is the [final] destination.

۞ قُلۡ أَؤُنَبِّئُكُم بِخَيۡرٖ مِّن ذَٰلِكُمۡۚ لِلَّذِينَ ٱتَّقَوۡاْ
عِندَ رَبِّهِمۡ جَنَّٰتٞ تَجۡرِي مِن تَحۡتِهَا ٱلۡأَنۡهَٰرُ
خَٰلِدِينَ فِيهَا وَأَزۡوَٰجٞ مُّطَهَّرَةٞ وَرِضۡوَٰنٞ مِّنَ
ٱللَّهِۗ وَٱللَّهُ بَصِيرُۢ بِٱلۡعِبَادِ (١٥) ٱلَّذِينَ يَقُولُونَ
رَبَّنَآ إِنَّنَآ ءَامَنَّا فَٱغۡفِرۡ لَنَا ذُنُوبَنَا وَقِنَا عَذَابَ
ٱلنَّارِ (١٦) ٱلصَّٰبِرِينَ وَٱلصَّٰدِقِينَ وَٱلۡقَٰنِتِينَ
وَٱلۡمُنفِقِينَ وَٱلۡمُسۡتَغۡفِرِينَ بِٱلۡأَسۡحَارِ (١٧) شَهِدَ
ٱللَّهُ أَنَّهُۥ لَآ إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ وَٱلۡمَلَٰٓئِكَةُ وَأُوْلُواْ ٱلۡعِلۡمِ
قَآئِمَۢا بِٱلۡقِسۡطِۚ لَآ إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ٱلۡعَزِيزُ ٱلۡحَكِيمُ
(١٨) إِنَّ ٱلدِّينَ عِندَ ٱللَّهِ ٱلۡإِسۡلَٰمُۗ وَمَا ٱخۡتَلَفَ
ٱلَّذِينَ أُوتُواْ ٱلۡكِتَٰبَ إِلَّا مِنۢ بَعۡدِ مَا جَآءَهُمُ ٱلۡعِلۡمُ
بَغۡيَۢا بَيۡنَهُمۡۗ وَمَن يَكۡفُرۡ بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ فَإِنَّ ٱللَّهَ سَرِيعُ
ٱلۡحِسَابِ (١٩) فَإِنۡ حَآجُّوكَ فَقُلۡ أَسۡلَمۡتُ
وَجۡهِيَ لِلَّهِ وَمَنِ ٱتَّبَعَنِۗ وَقُل لِّلَّذِينَ أُوتُواْ ٱلۡكِتَٰبَ
وَٱلۡأُمِّيِّـۧنَ ءَأَسۡلَمۡتُمۡۚ فَإِنۡ أَسۡلَمُواْ فَقَدِ ٱهۡتَدَواْۖ وَّإِن
تَوَلَّوۡاْ فَإِنَّمَا عَلَيۡكَ ٱلۡبَلَٰغُۗ وَٱللَّهُ بَصِيرُۢ بِٱلۡعِبَادِ
(٢٠) إِنَّ ٱلَّذِينَ يَكۡفُرُونَ بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ وَيَقۡتُلُونَ
ٱلنَّبِيِّـۧنَ بِغَيۡرِ حَقّٖ وَيَقۡتُلُونَ ٱلَّذِينَ يَأۡمُرُونَ
بِٱلۡقِسۡطِ مِنَ ٱلنَّاسِ فَبَشِّرۡهُم بِعَذَابٍ أَلِيمٍ (٢١)
أُوْلَٰٓئِكَ ٱلَّذِينَ حَبِطَتۡ أَعۡمَٰلُهُمۡ فِي ٱلدُّنۡيَا
وَٱلۡأٓخِرَةِ وَمَا لَهُم مِّن نَّٰصِرِينَ (٢٢) أَلَمۡ تَرَ
إِلَى ٱلَّذِينَ أُوتُواْ نَصِيبٗا مِّنَ ٱلۡكِتَٰبِ يُدۡعَوۡنَ
إِلَىٰ كِتَٰبِ ٱللَّهِ لِيَحۡكُمَ بَيۡنَهُمۡ ثُمَّ يَتَوَلَّىٰ فَرِيقٞ
مِّنۡهُمۡ وَهُم مُّعۡرِضُونَ (٢٣) ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمۡ قَالُواْ
لَن تَمَسَّنَا ٱلنَّارُ إِلَّآ أَيَّامٗا مَّعۡدُودَٰتٖۖ وَغَرَّهُمۡ فِي
دِينِهِم مَّا كَانُواْ يَفۡتَرُونَ (٢٤) فَكَيۡفَ إِذَا
جَمَعۡنَٰهُمۡ لِيَوۡمٖ لَّا رَيۡبَ فِيهِ وَوُفِّيَتۡ كُلُّ نَفۡسٖ
مَّا كَسَبَتۡ وَهُمۡ لَا يُظۡلَمُونَ (٢٥) قُلِ ٱللَّهُمَّ
مَٰلِكَ ٱلۡمُلۡكِ تُؤۡتِي ٱلۡمُلۡكَ مَن تَشَآءُ وَتَنزِعُ
ٱلۡمُلۡكَ مِمَّن تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَن تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَن
تَشَآءُۖ بِيَدِكَ ٱلۡخَيۡرُۖ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ قَدِيرٞ
(٢٦) تُولِجُ ٱلَّيۡلَ فِي ٱلنَّهَارِ وَتُولِجُ ٱلنَّهَارَ فِي
ٱلَّيۡلِۖ وَتُخۡرِجُ ٱلۡحَيَّ مِنَ ٱلۡمَيِّتِ وَتُخۡرِجُ ٱلۡمَيِّتَ
مِنَ ٱلۡحَيِّۖ وَتَرۡزُقُ مَن تَشَآءُ بِغَيۡرِ حِسَابٖ
(٢٧) لَّا يَتَّخِذِ ٱلۡمُؤۡمِنُونَ ٱلۡكَٰفِرِينَ أَوۡلِيَآءَ مِن
دُونِ ٱلۡمُؤۡمِنِينَۖ وَمَن يَفۡعَلۡ ذَٰلِكَ فَلَيۡسَ مِنَ ٱللَّهِ
فِي شَيۡءٍ إِلَّآ أَن تَتَّقُواْ مِنۡهُمۡ تُقَىٰةٗۗ وَيُحَذِّرُكُمُ
ٱللَّهُ نَفۡسَهُۥۗ وَإِلَى ٱللَّهِ ٱلۡمَصِيرُ (٢٨)

کہہ دو کیا میں تمہیں ان چیزوں سے بہتر چیز بتاؤں؟ جو لوگ تقویٰ اختیار کریں ان کیلئے ان کے رب کے پاس جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے اور پاک ازواج اور اللہ کی رضا مندیاں ہوں گی؛ اور اللہ بندوں پر نگاہ رکھنے والا ہے۔ جو لوگ کہتے ہیں اے ہمارے رب یقیناً ہم ایمان لائے ہیں پس ہمارے گناہ بخش دے اور ہمیں نار کے عذاب سے بچا لے۔ یہ لوگ صبر کرنے والے اور سچے اور فرمانبردار اور خرچ کرنے والے اور سحری کے اوقات مغفرت مانگنے والے ہیں۔ اللہ نے گواہی دیتا ہے بیشک اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اور ملائکہ اور اولواالعلم (اہل علم یعنی آئمہؑ) عدل پر قائم ہیں (بھی گواہی دیتے ہیں)؛ کوئی معبود نہیں سوائے اس زبردست حکیم کے۔ بیشک اللہ کے نزدیک دین صرف اسلام (تسلیمِ ولایتِ علیؑ) ہے، جن لوگوں کو کتاب دی گئی انہوں نے اختلاف نہیں کیا مگر ان کے پاس علم آجانے کے بعد ایک دوسرے پر زیادتی کرنے کیلئے؛ اور جو اللہ کی آیات کا کفر کرے گا تو بیشک اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔ پس اگر وہ تم سے جھگڑا کریں تو کہہ دو میں نے اپنا چہرہ اللہ کیلئے جھکا دیا ہے اور جس نے میرا اتباع کیا ہے؛ اور ان لوگوں سے جنہیں کتاب دی گئی ہے اور امیوں سے کہہ دو کیا تم نے اطاعت قبول کر لی ہے؟ پس اگر وہ اطاعت قبول کر لیں تو یقیناً وہ ہدایت پا گئے، اور اگر وہ منہ موڑ لیں تو تمہارے ذمہ صرف تبلیغ (پہنچا دینا) ہے؛ اور اللہ بندوں پر نگاہ رکھنے والا ہے۔ بیشک جو لوگ اللہ کی آیات کا انکار کرتے رہے اور وہ نبیوں کو ناحق قتل کرتے رہے (تینتالیس نبیؑ ایک دن میں) اور ان لوگوں (ایک سو بارہ ان انبیاء کے حمایتیوں) کو قتل کرتے رہے جو لوگوں کو عدل و انصاف کا حکم دیتے رہے، پس ان کو دردناک عذاب کی بشارت دے دو۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کے اعمال دنیا اور آخرت میں ضائع ہو گئے، اور ناصروں میں سے انکا کوئی نہیں۔ کیا تم نے ان لوگوں کی طرف نہیں دیکھا جنہیں کتاب میں سے کچھ حصہ دیا گیا ہے انہیں (جب) اللہ کی کتاب کی طرف بلایا جاتا ہے تاکہ وہ ان کے درمیان فیصلہ کرے تو ان میں سے ایک فریق منہ موڑ جاتا ہے اور وہ ہیں ہی منہ پھیرنے والے۔ وہ اسلئے کہ انہوں نے کہا ہمیں نار ہرگز مس نہیں کرے گی مگر چند گِنے ہوئے ایام، اور ان کو دھوکا دیا ان کے دین میں جو وہ افتراپردازی (گھڑتے) رہے۔ پس کیا حال ہو گا جب ہم انہیں اس یوم جمع کریں گے جس میں کوئی شک نہیں، اور ہر نفس کو جو اس نے کمایا پورا بدلہ دیا جائے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ کہو اے اللہ حکومت کے مالک، تو جسے چاہے حکومت دیتا ہے اور تو جس سے چاہے حکومت چھین لیتا ہے، اور تو عزت دیتا ہے جسے تو چاہے اور تو ذلت دیتا ہے جسے تو چاہے؛ تیرے ہاتھ میں خیر ہے؛ بیشک تو ہر شئ پر قادر ہے۔ تو لیل کو نہار میں داخل کرتا ہے اور تو نہار کو لیل میں داخل کرتا ہے، اور تو بےجان (کافر) سے جاندار (مؤمن) نکالتا ہے اور تو جاندار سے بےجان کو نکالتا ہے، اور تو بغیر حساب کے رزق دیتا ہے جسے تو چاہتا ہے۔ مؤمنین کافروں کو مؤمنوں کے علاوہ سرپرست نہ بنائیں اور جس نے ایسا کیا تو اللہ سے اس کا کچھ تعلق نہیں ہے مگر ان سے محتاط رہتے ہوئے بڑی احتیاط کے ساتھ؛ اور اللہ تمہیں اپنے نفس سے ڈراتا ہے؛ اور اللہ کی طرف ہی آخری منزل ہے۔

29. Say, "Whether you conceal what is in your chests [hearts] or reveal it, Allah knows it. And He knows that which is in the heavens and that which is in the earth. And Allah is over all things competent.
30. The Day every soul will find what it has done of good present [before it] and what it has done of evil, it will wish that between itself and that [evil] was a great distance. And Allah warns you of Himself, and Allah is Kind to [His] servants."
31. Say, [O Mohammad sawaw], "If you love Allah, then follow me, [so] Allah will love you and forgive you your sins. And Allah is Forgiving Merciful."
32. Say, "Obey Allah and the Rasool." But if they turn away – then indeed, Allah does not like the disbelievers.
33. Indeed, Allah chose Adam and Nuh and the family of Ibraheem and the family of Imran over the worlds –
34. Descendants, some of them from others. And Allah is all-Hearing and all-Knowing.
35. [Recall, O Mohammad sawaw], when the wife of Imran said, "My Rabb, indeed I vow to You what is in my womb, dedicated [for Your service], so accept from me. Indeed, You are all-Hearing, all-Knowing."
36. But when she delivered her, she said, "My Rabb, I have delivered a female." And Allah was most knowing of what she delivered, and the male is not like the female. "And I have named her Mariyam, and I seek refuge for her in You and [for] her descendants from Shaitan, the rejected."
37. So her Rabb accepted her with good acceptance and caused her to grow in a good manner and put her in the care of Zakariya. Every time Zakariya entered upon her in the prayer chamber, he found with her provision. He said, "O Mariyam, from where is this [coming] to you?" She said, "It is from Allah. Indeed, Allah provides for whom He wills without account."
38. At that, Zakariya called upon his Rabb, saying, "My Rabb, grant me from Yourself a good offspring. Indeed, You are the Hearer of supplication."
39. So the angels called him while he was standing in prayer in the chamber, "Indeed, Allah gives you good tidings of Yahya [John], confirming a Kalima [Word] from Allah and [who will be] chief, and chaste, and a prophet from among the righteous."
40. He said, "My Rabb, how will I have a boy when I have reached old age and my wife is barren?" He [the angel] said, "Such is Allah; He does what He wills."
41. He said, "My Rabb, make for me a sign." He said, "Your sign is that you will not [be able to] speak to the people for three days except by gesture. And remember your Rabb much and exalt [Him with praise] in the evening and the morning."
42. And [recall] when the angels said, "O Mariyam, indeed Allah has chosen you and purified you and chosen you above the women [of that time] of the worlds.
43. O Mariyam, be devoutly obedient to your Rabb and prostrate and bow with those who bow [in prayer]."

قُلْ إِن تُخْفُوا۟ مَا فِى صُدُورِكُمْ أَوْ تُبْدُوهُ
يَعْلَمْهُ ٱللَّهُ ۗ وَيَعْلَمُ مَا فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِى
ٱلْأَرْضِ ۗ وَٱللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ (٢٩) يَوْمَ
تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ مُّحْضَرًا
وَمَا عَمِلَتْ مِن سُوٓءٍ تَوَدُّ لَوْ أَنَّ بَيْنَهَا وَبَيْنَهُۥٓ
أَمَدًۢا بَعِيدًا ۗ وَيُحَذِّرُكُمُ ٱللَّهُ نَفْسَهُۥ ۗ وَٱللَّهُ رَءُوفٌۢ
بِٱلْعِبَادِ (٣٠) قُلْ إِن كُنتُمْ تُحِبُّونَ ٱللَّهَ فَٱتَّبِعُونِى
يُحْبِبْكُمُ ٱللَّهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ ۗ وَٱللَّهُ غَفُورٌ
رَّحِيمٌ (٣١) قُلْ أَطِيعُوا۟ ٱللَّهَ وَٱلرَّسُولَ ۖ فَإِن
تَوَلَّوْا۟ فَإِنَّ ٱللَّهَ لَا يُحِبُّ ٱلْكَٰفِرِينَ (٣٢) ۞ إِنَّ
ٱللَّهَ ٱصْطَفَىٰٓ ءَادَمَ وَنُوحًا وَءَالَ إِبْرَٰهِيمَ وَءَالَ
عِمْرَٰنَ عَلَى ٱلْعَٰلَمِينَ (٣٣) ذُرِّيَّةًۢ بَعْضُهَا مِنۢ
بَعْضٍ ۗ وَٱللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ (٣٤) إِذْ قَالَتِ ٱمْرَأَتُ
عِمْرَٰنَ رَبِّ إِنِّى نَذَرْتُ لَكَ مَا فِى بَطْنِى
مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّىٓ ۖ إِنَّكَ أَنتَ ٱلسَّمِيعُ ٱلْعَلِيمُ
(٣٥) فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ إِنِّى وَضَعْتُهَآ
أُنثَىٰ وَٱللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ وَلَيْسَ ٱلذَّكَرُ
كَٱلْأُنثَىٰ ۖ وَإِنِّى سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَإِنِّىٓ أُعِيذُهَا بِكَ
وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ ٱلشَّيْطَٰنِ ٱلرَّجِيمِ (٣٦) فَتَقَبَّلَهَا
رَبُّهَا بِقَبُولٍ حَسَنٍ وَأَنۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا وَكَفَّلَهَا
زَكَرِيَّا ۖ كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا ٱلْمِحْرَابَ وَجَدَ
عِندَهَا رِزْقًا ۖ قَالَ يَٰمَرْيَمُ أَنَّىٰ لَكِ هَٰذَا ۖ قَالَتْ هُوَ
مِنْ عِندِ ٱللَّهِ ۖ إِنَّ ٱللَّهَ يَرْزُقُ مَن يَشَآءُ بِغَيْرِ
حِسَابٍ (٣٧) هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهُۥ ۖ قَالَ
رَبِّ هَبْ لِى مِن لَّدُنكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۖ إِنَّكَ سَمِيعُ
ٱلدُّعَآءِ (٣٨) فَنَادَتْهُ ٱلْمَلَٰٓئِكَةُ وَهُوَ قَآئِمٌ يُصَلِّى
فِى ٱلْمِحْرَابِ أَنَّ ٱللَّهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيَىٰ مُصَدِّقًۢا
بِكَلِمَةٍ مِّنَ ٱللَّهِ وَسَيِّدًا وَحَصُورًا وَنَبِيًّا مِّنَ
ٱلصَّٰلِحِينَ (٣٩) قَالَ رَبِّ أَنَّىٰ يَكُونُ لِى غُلَٰمٌ
وَقَدْ بَلَغَنِىَ ٱلْكِبَرُ وَٱمْرَأَتِى عَاقِرٌ ۖ قَالَ كَذَٰلِكَ
ٱللَّهُ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ (٤٠) قَالَ رَبِّ ٱجْعَل لِّىٓ
ءَايَةً ۖ قَالَ ءَايَتُكَ أَلَّا تُكَلِّمَ ٱلنَّاسَ ثَلَٰثَةَ أَيَّامٍ إِلَّا
رَمْزًا ۗ وَٱذْكُر رَّبَّكَ كَثِيرًا وَسَبِّحْ بِٱلْعَشِىِّ
وَٱلْإِبْكَٰرِ (٤١) وَإِذْ قَالَتِ ٱلْمَلَٰٓئِكَةُ يَٰمَرْيَمُ
إِنَّ ٱللَّهَ ٱصْطَفَىٰكِ وَطَهَّرَكِ وَٱصْطَفَىٰكِ عَلَىٰ
نِسَآءِ ٱلْعَٰلَمِينَ (٤٢) يَٰمَرْيَمُ ٱقْنُتِى لِرَبِّكِ
وَٱسْجُدِى وَٱرْكَعِى مَعَ ٱلرَّٰكِعِينَ (٤٣)

کہہ دو جو کچھ تمہارے سینوں میں ہے اگر تم اسے چھپاؤ یا تم اسے ظاہر کرو اللہ اسے جانتا ہے؛ اور وہ جانتا ہے جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے؛ اور اللہ ہر شئ پر قادر ہے۔ جس دن ہر نفس حاضر پائے گا جو اس نے خیر میں سے عمل کیا ہو گا اور جو اس نے برائی میں سے عمل کیا ہوگا، اور وہ چاہے گا کہ کاش برائی اور اس کے درمیان زمانہ دراز (حائل) ہوتا؛ اور اللہ تمہیں اپنے نفس سے ڈراتا ہے؛ اور اللہ بندوں کے ساتھ بڑا شفیق ہے۔ کہہ دو اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میرا اتباع کرو اللہ تم سے محبت کرے گا اور تمہارے لئے تمہارے گناہ بخش دے گا؛ اور اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔ کہہ دو اللہ اور رسولؐ کی اطاعت کرو، پس اگر وہ منہ موڑ لیں تو بیشک اللہ کافروں کو پسند نہیں کرتا۔ بیشک اللہ نے آدمؑ اور نوحؑ اور آلِ ابراھیمؑ اور آلِ عمرانؑ کو عالمین پر منتخب کیا۔ یہ ایک دوسرے کی نسل سے تھے اور اللہ سب سننے والا سب جاننے والا ہے۔ جب عمران کی عورت نے کہا اے میرے رب بیشک تیرے لئے نذر کرتی ہوں کہ جو میرے بطن میں ہے تیرے لئے وقف ہے پس تو مجھ سے قبول کرلے، بیشک تو سب سننے والا سب جاننے والا ہے۔ پھر جب اس نے اسے جنم دیا، اس نے کہا اے میرے رب بیشک میں نے لڑکی کو جنم دیا ہے؛ اور اللہ زیادہ جانتا ہے جو اس نے جنم دیا؛ اور لڑکا لڑکی کی مانند نہیں ہوتا، اور بیشک میں نے اس کا نام مریمؑ رکھا ہے اور بیشک میں اس کو اور اس کی اولاد کو شیطان مردود سے تیری پناہ میں دیتی ہوں۔ تو اس کے رب نے اسے اچھی قبولیت کے ساتھ قبول کر لیا اور اسے اچھے طریقے سے پروان چڑھایا، اور زکریاؑ نے اس کی کفالت کی، زکریاؑ جب بھی اس کے محراب (حجرہ عبادت) میں داخل ہوا تو اس کے پاس رزق پایا، اس نے کہا اے مریمؑ یہ تیرے لئے کہاں سے آیا ہے؟ وہ کہتی یہ اللہ کے پاس سے آیا ہے؛ بیشک اللہ جسے چاہتا ہے بغیر حساب کے رزق دیتا ہے۔ اس وقت زکریاؑ نے اپنے رب کو پکارا، اس نے کہا اے میرے رب مجھے اپنے پاس سے طیب اولاد عطا فرما، بیشک تو دعا سننے والا ہے۔ تو ملائکہ نے اسے ندا دی جب وہ محراب میں کھڑا صلاۃ پڑھ رہا تھا؛ بیشک اللہ تجھے یحیٰیؑ کی بشارت دیتا ہے جو کلمۃ اللہ کی تصدیق کرے گا اور سید اور پاکدامن اور صالحین میں سے نبی ہو گا۔ اس نے کہا اے میرے رب میرے ہاں لڑکا کیسے ہو گا جبکہ یقیناً مجھے بڑھاپا آ پہنچا ہے اور میری بیوی بانجھ ہے؛ اس (فرشتے) نے کہا اسی طرح اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ اس نے کہا اے رب میرے لئے کوئی نشانی قرار دے؛ اس نے کہا تیرے لئے نشانی یہ ہے کہ تم لوگوں سے تین دن بات نہ کر سکو گے مگر اشارے سے؛ اور اپنے رب کا کثرت سے ذکر کرو اور صبح و شام تسبیح کرو۔ اور جب ملائکہ نے کہا اے مریمؑ بیشک اللہ نے تجھے منتخب کیا اور تیری تطہیر کی اور تمہیں عالمین کی (اس زمانے کی) عورتوں پر منتخب کیا۔ اے مریمؑ اپنے رب کی فرمانبردار ہو (کر قنوت پڑھو) اور سجدہ کرو اور راکعین کے ساتھ رکوع کرو۔

44. That is from the news of the unseen [for the people] which We reveal to you, [O Mohammad sawaw]. And you were not with them [in Bashri form] when they cast their pens as to which of them should be responsible for Mariyam. Nor were you with them [in Bashri form] when they disputed.
45. [Recall] when the angels said, "O Mariyam, indeed Allah gives you good tidings of a Kalima from Him, whose name will be the Maseh o Esa, the son of Mariyam – distinguished in this world and the Hereafter and among Muqarribeen [courtier, near to Allah].
46. He will speak to the people in the cradle and in maturity and will be of the righteous."
47. She said, "My Rabb, how will I have a child when no man has touched me?" [The angel] said, "Such is Allah; He creates what He wills. When He decrees a matter, He only says to it, 'Be,' and it is.
48. And He will teach him the Book and wisdom and the Tauraat and the Injeel
49. And [make him] a Rasool to the Children of Israel, [who will say], 'Indeed I have come to you with a sign [miracles] from your Rabb in that I design for you from clay [that which is] like the form of a bird, then I breathe into it and it becomes a bird by permission of Allah. And I cure the blind [from birth] and the leper, and I give life to the dead – by permission of Allah. And I inform you of what you eat and what you store in your houses. Indeed in that is a sign for you, if you are believers.
50. And [I have come] confirming what was before me of the Tauraat and to make lawful for you some of what was forbidden to you [by your Mullas]. And I have come to you with a sign from your Rabb, so fear Allah and obey me.
51. Indeed, Allah is my Rabb and your Rabb, so worship Him. That is the straight path.' "
52. But when Esa felt [persistence in] disbelief from them, he said, "Who are my supporters for [the cause of] Allah?" The disciples said, "We are supporters for Allah. We have believed in Allah and testify that we are Muslims [submitting to Him].
53. Our Rabb, we have believed in what You revealed and we have followed the Rasool [i.e. Esa a.s.], so register us among the witnesses."
54. And they [i.e. the disbelievers] plotted, but Allah planned. And Allah is the best of planners.
55. [Recall] when Allah said, "O Esa, indeed I will take you and raise you to Myself and purify [i.e. free] you from those who disbelieve and make those who follow you superior to those who disbelieve until the Day of Qiyamah. Then to Me is your return, and I will judge between you concerning that in which you used to differ.
56. And as for those who disbelieved, I will punish them with a severe punishment in this world and the Hereafter, and they will have no helpers."
57. But as for those who believed and did righteous deeds, He will give them in full their rewards, and Allah does not like the wrongdoers.
58. That is what We recite to you, [O Mohammad sawaw], of Ayaat and Zikr al-Hakeem [wise remembrance].
59. Indeed, the example of Esa to Allah is like that of Adam. He created him from dust; then He said to him, "Be," and he was.

ذَٰلِكَ مِنۡ أَنۢبَآءِ ٱلۡغَيۡبِ نُوحِيهِ إِلَيۡكَۚ وَمَا كُنتَ
لَدَيۡهِمۡ إِذۡ يُلۡقُونَ أَقۡلَٰمَهُمۡ أَيُّهُمۡ يَكۡفُلُ مَرۡيَمَ وَمَا
كُنتَ لَدَيۡهِمۡ إِذۡ يَخۡتَصِمُونَ (٤٤) إِذۡ قَالَتِ
ٱلۡمَلَٰٓئِكَةُ يَٰمَرۡيَمُ إِنَّ ٱللَّهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٖ مِّنۡهُ
ٱسۡمُهُ ٱلۡمَسِيحُ عِيسَى ٱبۡنُ مَرۡيَمَ وَجِيهٗا فِي
ٱلدُّنۡيَا وَٱلۡأٓخِرَةِ وَمِنَ ٱلۡمُقَرَّبِينَ (٤٥) وَيُكَلِّمُ
ٱلنَّاسَ فِي ٱلۡمَهۡدِ وَكَهۡلٗا وَمِنَ ٱلصَّٰلِحِينَ
(٤٦) قَالَتۡ رَبِّ أَنَّىٰ يَكُونُ لِي وَلَدٞ وَلَمۡ
يَمۡسَسۡنِي بَشَرٞۚ قَالَ كَذَٰلِكِ ٱللَّهُ يَخۡلُقُ مَا يَشَآءُۚ
إِذَا قَضَىٰٓ أَمۡرٗا فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُۥ كُن فَيَكُونُ
(٤٧) وَيُعَلِّمُهُ ٱلۡكِتَٰبَ وَٱلۡحِكۡمَةَ وَٱلتَّوۡرَىٰةَ
وَٱلۡإِنجِيلَ (٤٨) وَرَسُولًا إِلَىٰ بَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ
أَنِّي قَدۡ جِئۡتُكُم بِـَٔايَةٖ مِّن رَّبِّكُمۡ أَنِّيٓ أَخۡلُقُ لَكُم
مِّنَ ٱلطِّينِ كَهَيۡـَٔةِ ٱلطَّيۡرِ فَأَنفُخُ فِيهِ فَيَكُونُ طَيۡرَۢا
بِإِذۡنِ ٱللَّهِۖ وَأُبۡرِئُ ٱلۡأَكۡمَهَ وَٱلۡأَبۡرَصَ وَأُحۡيِ
ٱلۡمَوۡتَىٰ بِإِذۡنِ ٱللَّهِۖ وَأُنَبِّئُكُم بِمَا تَأۡكُلُونَ وَمَا
تَدَّخِرُونَ فِي بُيُوتِكُمۡۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَأٓيَةٗ لَّكُمۡ إِن
كُنتُم مُّؤۡمِنِينَ (٤٩) وَمُصَدِّقٗا لِّمَا بَيۡنَ يَدَيَّ مِنَ
ٱلتَّوۡرَىٰةِ وَلِأُحِلَّ لَكُم بَعۡضَ ٱلَّذِي حُرِّمَ
عَلَيۡكُمۡۚ وَجِئۡتُكُم بِـَٔايَةٖ مِّن رَّبِّكُمۡ فَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ
وَأَطِيعُونِ (٥٠) إِنَّ ٱللَّهَ رَبِّي وَرَبُّكُمۡ فَٱعۡبُدُوهُۚ
هَٰذَا صِرَٰطٞ مُّسۡتَقِيمٞ (٥١) ۞ فَلَمَّآ أَحَسَّ
عِيسَىٰ مِنۡهُمُ ٱلۡكُفۡرَ قَالَ مَنۡ أَنصَارِيٓ إِلَى ٱللَّهِۖ
قَالَ ٱلۡحَوَارِيُّونَ نَحۡنُ أَنصَارُ ٱللَّهِ ءَامَنَّا بِٱللَّهِۖ
وَٱشۡهَدۡ بِأَنَّا مُسۡلِمُونَ (٥٢) رَبَّنَآ ءَامَنَّا بِمَآ
أَنزَلۡتَ وَٱتَّبَعۡنَا ٱلرَّسُولَ فَٱكۡتُبۡنَا مَعَ ٱلشَّٰهِدِينَ
(٥٣) وَمَكَرُواْ وَمَكَرَ ٱللَّهُۖ وَٱللَّهُ خَيۡرُ
ٱلۡمَٰكِرِينَ (٥٤) إِذۡ قَالَ ٱللَّهُ يَٰعِيسَىٰٓ إِنِّي
مُتَوَفِّيكَ وَرَافِعُكَ إِلَيَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ ٱلَّذِينَ
كَفَرُواْ وَجَاعِلُ ٱلَّذِينَ ٱتَّبَعُوكَ فَوۡقَ ٱلَّذِينَ
كَفَرُوٓاْ إِلَىٰ يَوۡمِ ٱلۡقِيَٰمَةِۖ ثُمَّ إِلَيَّ مَرۡجِعُكُمۡ
فَأَحۡكُمُ بَيۡنَكُمۡ فِيمَا كُنتُمۡ فِيهِ تَخۡتَلِفُونَ (٥٥)
فَأَمَّا ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ فَأُعَذِّبُهُمۡ عَذَابٗا شَدِيدٗا فِي
ٱلدُّنۡيَا وَٱلۡأٓخِرَةِ وَمَا لَهُم مِّن نَّٰصِرِينَ (٥٦)
وَأَمَّا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ فَيُوَفِّيهِمۡ
أُجُورَهُمۡۗ وَٱللَّهُ لَا يُحِبُّ ٱلظَّٰلِمِينَ (٥٧) ذَٰلِكَ
نَتۡلُوهُ عَلَيۡكَ مِنَ ٱلۡأٓيَٰتِ وَٱلذِّكۡرِ ٱلۡحَكِيمِ (٥٨)
إِنَّ مَثَلَ عِيسَىٰ عِندَ ٱللَّهِ كَمَثَلِ ءَادَمَۖ خَلَقَهُۥ مِن
تُرَابٖ ثُمَّ قَالَ لَهُۥ كُن فَيَكُونُ (٥٩)

اور (لوگوں کیلئے) یہ غیب کی خبروں میں سے ہے جو ہم تمہاری طرف وحی کر رہے ہیں؛ اور تم (لباسِ بشری میں) ان کے پاس نہیں تھے جب وہ اپنے قلم پھینک رہے تھے کہ ان میں سے کون مریمؑ کی کفالت کرے گا، اور تم (لباسِ بشری میں) ان کے پاس نہیں تھے جب وہ آپس میں جھگڑ رہے تھے۔ جب ملائکہ نے کہا اے مریمؑ بیشک اللہ تمہیں اپنی طرف سے ایک کلمہ کی بشارت دیتا ہے جس کا اسم مسیح عیسیٰؑ ابن مریمؑ ہوگا وہ دنیا و آخرت میں معزز ہوگا اور مقربین میں سے ہو گا۔ اور وہ لوگوں سے گہوارے میں بھی کلام کرے گا اور بڑی عمر میں بھی اور صالحین میں سے ہوگا۔ اس نے کہا اے میرے رب میرے ہاں لڑکا کیسے ہو گا جبکہ مجھے کسی بشر نے مس تک نہیں کیا؟ اس نے کہا اسی طرح ہے، اللہ جو چاہتا ہے خلق کرتا ہے؛ جب وہ کسی امر کا فیصلہ کر لیتا ہے تو صرف اس کیلئے کہتا ہے کن (ہوجا) تو وہ ہو جاتا ہے۔ اور اسے کتاب اور حکمت اور تورات اور انجیل کی تعلیم دے گا۔ اور بنی اسرائیل کی طرف رسول ہو گا، (عیسیٰؑ نے کہا) بیشک میں تمہارے پاس تمہارے رب کی آیت (معجزے) لایا ہوں ، بیشک میں تمہارے لئے طین سے پرندے کی صورت بناتا ہوں پھر میں اس میں پھونک مارتا ہوں تو وہ اللہ کے اذن سے پرندہ بن جاتا ہے، اور میں پیدائشی اندھے اور کوڑھی کو ٹھیک کرتا ہوں اور میں اللہ کے اذن سے مردوں کو زندہ کرتا ہوں، اور میں تمہیں بتاتا ہوں جو تم کھاتے ہو اور جو تم اپنے گھروں میں ذخیرہ کرتے ہو؛ بیشک اس میں تمہارے لئے نشانی ہے اگر تم مؤمنین ہو۔ اور تصدیق کرتا ہوں جو مجھ سے پہلے تورات میں ہے اور تاکہ میں تمہارے لئے ان چیزوں کو حلال کر دوں جو تم پر حرام کر دی گئ تھیں (ملاؤں کی طرف سے) اور میں تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے آیت لایا ہوں، پس اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ بیشک اللہ میرا رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے پس اسی کی عبادت کرو؛ یہی صراطِ مستقیم ہے۔ پس جب عیسیٰؑ نے ان کے کفر کو محسوس کیا، اس نے کہا میرا کون مدد گار ہے اللہ کی طرف؟ حواریوں نے کہا ہم اللہ کے مدد گار ہیں، ہم اللہ پر ایمان لائے ہیں اور گواہ رہنا بیشک ہم مسلم ہیں۔ اے ہمارے رب جو کچھ تو نے نازل کیا ہے ہم اس پر ایمان لائے ہیں اور ہم رسول کا اتباع کرتے ہیں پس ہمیں گواہی دینے والوں میں لکھ لے۔ اور انہوں (عیسیٰؑ کے مخالفوں) نے خفیہ چال چلی اور اللہ نے (جوابی) خفیہ تدبیر کی؛ اور اللہ بہتر خفیہ تدبیر کرنے والا ہے۔ جب اللہ نے کہا اے عیسیٰؑ بیشک میں (دنیا میں) تمہاری مدت وفا (پوری) کرنے والا ہوں اور تمہیں اپنی طرف بلند کرنے والا ہوں اور جن لوگوں نے کفر کیا ہے ان سے تجھے پاک کرنے والا ہوں اور جن لوگوں نے تیرا تباع کیا ہے ان کو یومِ قیامت تک ان لوگوں پر فوقیت دے کر رکھوں گا جنہوں نے کفر کیا، پھر تم سب میری طرف رجوع کرو گے اور میں تمہارے درمیان فیصلہ کروں گا اس بارے میں جس میں تم اختلاف کرتے تھے۔ پس جہاں تک کفر کرنے والے لوگوں کا تعلق ہے تو ان کو میں دنیا و آخرت میں شدید عذاب دوں گا، اور ناصرین میں سے ان کیلئے کوئی نہیں۔ اور جہاں تک تعلق ہے ایمان لانے والے لوگوں کا اور انہوں نے صالح اعمال کئے تو وہ ان کے اجروں کو پورا دے گا؛ اور اللہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا۔ یہ ہم تمہیں آیات اور ذکرِ حکیم تلاوت کرکے سنا رہے ہیں۔ بیشک عیسیٰؑ کی مثال اللہ کے نزدیک آدمؑ کے مثل ہے اس نے اسے تراب سے خلق کیا پھر اسے کہا ہو جا پس وہ ہو گیا۔

60. The Haqq [truth] is from your Rabb, so do not be among the doubters.
61. Then whoever argues with you about it after knowledge has come to you – then say, "Come, let us call our sons [Maola Hassan swsa & Hussain swsa] and your sons, our women [Syyeda Fatima swsa] and your women, ourselves [Maola Ali swsa] and yourselves, then supplicate earnestly [together] and invoke the curse of Allah upon the liars [among us]."
62. Indeed, this is the true narration [of Mubahila]. And there is no Elah [deity] except Allah. And indeed, Allah is the Exalted in Might, the Wise.
63. But if they turn away, then indeed – Allah is Knowing of the corrupters.
64. Say, "O People of the Book, come to a Kalima [word] that is equitable between us and you – that we will not worship except Allah and not associate anything with Him and not take one another as Rabbs instead of Allah." But if they turn away, then say, "Bear witness that we are Muslims."
65. O People of the Book, why do you argue about Ibraheem while the Tauraat and the Injeel were not revealed until after him? Then will you not reason?
66. Here you are – those who have argued about that of which you have [some] knowledge, but why do you argue about that of which you have no knowledge? And Allah knows, while you know not.
67. Ibraheem was neither a Jew nor a Christian, but he was one inclining toward the Truth, a Muslim. And he was not of the polytheists.
68. Indeed, the nearest [most worthy] of Ibraheem among the people are those who followed him and this prophet [i.e. Mohammad sawaw] and those who believe. And Allah is the Wali [guardian] of the believers.
69. A faction of the People of the Book wish they could mislead you. But they do not mislead except themselves, and they perceive [it] not.
70. O People of the Book, why do you disbelieve in the Ayaat of Allah while you witness [them]?
71. O People of the Book, why do you mix [confuse] the truth with falsehood and conceal the truth while you know [it]?
72. And a faction of the People of the Book say [to each other], "Believe in that which was revealed to the believers at the beginning of the day and reject it at its end that perhaps they will return [i.e. become renegade],
73. And do not trust except those who follow your religion." Say, "Indeed, the [true] guidance is the guidance of Allah. [Do you fear] lest someone be given [knowledge] like you were given or that they would [thereby] argue with you before your Rabb?" Say, "Indeed, [all] bounty is in the hand of Allah – He grants it to whom He wills. And Allah is all-Encompassing and Wise."
74. He selects for His mercy whom He wills. And Allah is the possessor of great bounty.
75. And among the People of the Book is he who, if you entrust him with a heap of wealth, he will return it to you. And among them is he who, if you entrust him with a [single] Dinar, he will not return it to you unless you are constantly standing over him [demanding it]. That is because they say, "There is no blame upon us concerning the Ummiyyeen [people of Makkah]." And they speak untruth about Allah while they know [it].

ٱلْحَقُّ مِن رَّبِّكَ فَلَا تَكُن مِّنَ ٱلْمُمْتَرِينَ (٦٠)
فَمَنْ حَآجَّكَ فِيهِ مِنۢ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ ٱلْعِلْمِ
فَقُلْ تَعَالَوْا۟ نَدْعُ أَبْنَآءَنَا وَأَبْنَآءَكُمْ وَنِسَآءَنَا
وَنِسَآءَكُمْ وَأَنفُسَنَا وَأَنفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَل
لَّعْنَتَ ٱللَّهِ عَلَى ٱلْكَٰذِبِينَ (٦١) إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ
ٱلْقَصَصُ ٱلْحَقُّ وَمَا مِنْ إِلَٰهٍ إِلَّا ٱللَّهُ وَإِنَّ ٱللَّهَ
لَهُوَ ٱلْعَزِيزُ ٱلْحَكِيمُ (٦٢) فَإِن تَوَلَّوْا۟ فَإِنَّ ٱللَّهَ
عَلِيمٌۢ بِٱلْمُفْسِدِينَ (٦٣) قُلْ يَٰٓأَهْلَ ٱلْكِتَٰبِ تَعَالَوْا۟
إِلَىٰ كَلِمَةٍ سَوَآءٍۭ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَلَّا نَعْبُدَ إِلَّا ٱللَّهَ
وَلَا نُشْرِكَ بِهِۦ شَيْـًٔا وَلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا
أَرْبَابًا مِّن دُونِ ٱللَّهِ فَإِن تَوَلَّوْا۟ فَقُولُوا۟ ٱشْهَدُوا۟
بِأَنَّا مُسْلِمُونَ (٦٤) يَٰٓأَهْلَ ٱلْكِتَٰبِ لِمَ
تُحَآجُّونَ فِىٓ إِبْرَٰهِيمَ وَمَآ أُنزِلَتِ ٱلتَّوْرَىٰةُ
وَٱلْإِنجِيلُ إِلَّا مِنۢ بَعْدِهِۦٓ أَفَلَا تَعْقِلُونَ (٦٥)
هَٰٓأَنتُمْ هَٰٓؤُلَآءِ حَٰجَجْتُمْ فِيمَا لَكُم بِهِۦ عِلْمٌ فَلِمَ
تُحَآجُّونَ فِيمَا لَيْسَ لَكُم بِهِۦ عِلْمٌ وَٱللَّهُ يَعْلَمُ
وَأَنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ (٦٦) مَا كَانَ إِبْرَٰهِيمُ يَهُودِيًّا
وَلَا نَصْرَانِيًّا وَلَٰكِن كَانَ حَنِيفًا مُّسْلِمًا وَمَا كَانَ
مِنَ ٱلْمُشْرِكِينَ (٦٧) إِنَّ أَوْلَى ٱلنَّاسِ بِإِبْرَٰهِيمَ
لَلَّذِينَ ٱتَّبَعُوهُ وَهَٰذَا ٱلنَّبِىُّ وَٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَٱللَّهُ
وَلِىُّ ٱلْمُؤْمِنِينَ (٦٨) وَدَّت طَّآئِفَةٌ مِّنْ أَهْلِ
ٱلْكِتَٰبِ لَوْ يُضِلُّونَكُمْ وَمَا يُضِلُّونَ إِلَّآ أَنفُسَهُمْ
وَمَا يَشْعُرُونَ (٦٩) يَٰٓأَهْلَ ٱلْكِتَٰبِ لِمَ تَكْفُرُونَ
بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ وَأَنتُمْ تَشْهَدُونَ (٧٠) يَٰٓأَهْلَ ٱلْكِتَٰبِ
لِمَ تَلْبِسُونَ ٱلْحَقَّ بِٱلْبَٰطِلِ وَتَكْتُمُونَ ٱلْحَقَّ وَأَنتُمْ
تَعْلَمُونَ (٧١) وَقَالَت طَّآئِفَةٌ مِّنْ أَهْلِ ٱلْكِتَٰبِ
ءَامِنُوا۟ بِٱلَّذِىٓ أُنزِلَ عَلَى ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَجْهَ
ٱلنَّهَارِ وَٱكْفُرُوٓا۟ ءَاخِرَهُۥ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ (٧٢)
وَلَا تُؤْمِنُوٓا۟ إِلَّا لِمَن تَبِعَ دِينَكُمْ قُلْ إِنَّ ٱلْهُدَىٰ
هُدَى ٱللَّهِ أَن يُؤْتَىٰٓ أَحَدٌ مِّثْلَ مَآ أُوتِيتُمْ أَوْ
يُحَآجُّوكُمْ عِندَ رَبِّكُمْ قُلْ إِنَّ ٱلْفَضْلَ بِيَدِ ٱللَّهِ
يُؤْتِيهِ مَن يَشَآءُ وَٱللَّهُ وَٰسِعٌ عَلِيمٌ (٧٣) يَخْتَصُّ
بِرَحْمَتِهِۦ مَن يَشَآءُ وَٱللَّهُ ذُو ٱلْفَضْلِ ٱلْعَظِيمِ
(٧٤) ۞ وَمِنْ أَهْلِ ٱلْكِتَٰبِ مَنْ إِن تَأْمَنْهُ
بِقِنطَارٍ يُؤَدِّهِۦٓ إِلَيْكَ وَمِنْهُم مَّنْ إِن تَأْمَنْهُ بِدِينَارٍ
لَّا يُؤَدِّهِۦٓ إِلَيْكَ إِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَآئِمًا ذَٰلِكَ
بِأَنَّهُمْ قَالُوا۟ لَيْسَ عَلَيْنَا فِى ٱلْأُمِّيِّـۧنَ سَبِيلٌ
وَيَقُولُونَ عَلَى ٱللَّهِ ٱلْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُونَ (٧٥)

حق تمہارے رب کی طرف سے ہے پس تم شک کرنے والوں میں سے نہ ہو جاؤ۔ پھر جو تم سے اس بارے میں تمہارے پاس علم آجانے کے بعد جھگڑا کرے تو کہہ دو آؤ ہم اپنے بیٹوں (مولا حسنؑ وحسینؑ) کو بلاتے ہیں اور تم اپنے بیٹوں کو اور ہم اپنی عورتوں (سیدہ فاطمہؑ) کو اور تم اپنی عورتوں کو اور ہم اپنے نفسوں (مولا علیؑ) کو اور تم اپنے نفسوں کو، پھر ہم دعا کریں تو کاذبین پر اللہ کی لعنت بھیجیں۔ بیشک یہ سچا (مباہلہ کا) قصہ ہے، اور کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے؛ اور بیشک اللہ ہی زبردست حکیم ہے۔ پھر اگر وہ منہ موڑ لیں تو بیشک اللہ مفسدوں کو خوب جانتا ہے۔ کہہ دو اے اہلِ کتاب آؤ اس کلمہ کی طرف جو مشترک ہے ہمارے درمیان اور تمارے درمیان کہ ہم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں اور ہم اس کے ساتھ کسی شئ کا شرک نہ کریں اور اپنے میں سے اللہ کے علاوہ بعض لوگوں کو اپنے رب نہ بنائیں پس اگر وہ منہ موڑ لیں تو کہو گواہ رہو کہ ہم مسلم ہیں۔ اے اہلِ کتاب تم ابراھیمؑ کے بارے میں کیوں جھگڑا کرتے ہو، تورات اور انجیل نازل نہیں کی گئی مگر اس کے بعد؛ تو کیا تم (اتنا بھی) عقل نہیں کرتے۔ یہ تمہی لوگ ہو کہ تم نے اس بارے میں جھگڑا کیا جس کا تمہیں علم تھا تو اس بارے میں کیوں جھگڑتے ہو جس کا تمہیں علم نہیں؛ اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ ابراھیمؑ نہ یہودی تھا اور نہ نصرانی بلکہ وہ حق کی طرف مڑا ہوا مسلم تھا؛ اور وہ مشرکین میں سے نہ تھا۔ بیشک ابراھیمؑ سے تعلق میں سب سے زیادہ حق ان لوگوں کا ہے جنہوں نے اس کا اتباع کیا اور یہ نبیؐ اور جو لوگ اس پر ایمان لائے؛ اور اللہ مؤمنین کا ولی ہے۔ اہلِ کتاب کا ایک گروہ چاہتا ہے کہ کاش تمہیں گمراہ کر دیں؛ اور وہ گمراہ نہیں کرتے مگر اپنے آپ کو لیکن وہ شعور نہیں رکھتے۔ اے اہلِ کتاب تم اللہ کی آیات کا کفر کیوں کرتے ہو حالانکہ تم گواہ ہو۔ اے اہلِ کتاب تم حق کو باطل میں ملبوس کیوں کرتے ہو اور تم حق کو چھپاتے ہو اور تم جانتے بھی ہو۔ اور اہلِ کتاب میں سے ایک گروہ کہتا ہے کہ دن کے شروع میں ایمان لاؤ اس پر جو ایمان لانے والے لوگوں پر نازل کیا گیا اور دن کے آخر میں انکار کردو تاکہ شاید وہ بھی پھر جائیں۔ اور تم کسی کی بات نہ مانو سوائے اسکے جو تمہارے دین کا اتباع کرتا ہے؛ کہہ دو ہدایت صرف اللہ کی ہدایت ہے، کہ کسی کو دے دیا جائے مثل اسکے جو تمہیں دیا گیا یا وہ تمہارے رب کے حضور تمہارے خلاف حجت پیش کریں؛ کہہ دو بیشک فضل اللہ کے ہاتھ میں ہے، وہ جسے چاہتا ہے عطا کرتا ہے اور اللہ وسعت والا سب جاننے والا ہے۔ وہ مخصوص کر لیتا ہے اپنی رحمت سے جسے چاہتا ہے؛ اور اللہ عظیم فضل والا ہے۔ اور اہلِ کتاب میں ایسے بھی ہیں جن کو تم اگر ایک ڈھیر امانت کے طور دے دو تو وہ تمہیں ادا کر دیں گے اور ان میں وہ بھی ہیں کہ اگر تم ایک دینار بھی امانت کے طور دو تو وہ اس کو ادا نہیں کریں گے مگر یہ کہ تم اس (کے سر) پر کھڑے رہو؛ یہ اس لئے کہ وہ کہتے ہیں کہ ان امیوں (اہل مکہ) کے بارے میں ہم پر کوئی راہِ (الزام) نہیں، اور وہ اللہ پر جھوٹ بولتے ہیں حالانکہ وہ جانتے ہیں۔

76. But yes, whoever fulfills his commitment and fears Allah – then indeed, Allah loves those who fear Him.
77. Indeed, those [self-appointed imams who oppose the Masumeen swsa, and say that enemies of the Masumeen swsa also played a good role in Islam] who exchange the covenant of Allah and their [own] oaths for a small price will have no share in the Hereafter, and Allah will not speak to them or look at them on the Day of Qiyamah, nor will He purify them; and they will have a painful punishment.
78. And indeed, there is among them a party who distorts the Book with their tongues so you may think it is from the Book, but it is not from the Book. And they say, "This is from Allah," but it is not from Allah. And they tell a lie about Allah while they know.
79. It is not for a human that Allah should give him the Book and authority and prophethood and then he would say to the people, "Be servants to me rather than Allah," but [instead, he would say], "Be pious scholars of the Rabb because of what you have taught of the Book and because of what you have studied."
80. Nor could he order you to take the angels and prophets as Arbab [pl. of Rabb]. Would he order you to disbelief after you had been Muslims?
81. And [recall] when Allah took the covenant of the prophets, [saying], "Whatever I give you of the Book and wisdom and then there comes to you a Rasool confirming what is with you, you [must] believe in him and support him [in Raj'at support Maola Ali swsa]." [Allah] said, "Do you acknowledge and take upon that [matter] My commitment?" They said, "We acknowledged." He said, "Then bear witness, and I am with you among the witnesses."
82. And whoever turned away after that – they were the defiantly disobedient.
83. Is it other than the religion of Allah they seek, while to Him submits whatever is in the heavens and the earth, willingly or by compulsion [i.e. in Raj'at everywhere Kalima e Tauheed will be uttered], and to Him they will be returned?
84. Say, "We believe in Allah and in what was revealed to us and what was revealed to Ibraheem, Ismaeel, Is'haq, Yaqoob, and the Descendants [al-Asbaat], and in what was given to Musa and Esa and to the prophets from their Rabb. We make no distinction between any of them, and we are Muslims to Him."
85. And whoever desires other than Islam [Testimony of Nabuwat of Mohammad sawaw & Wilayat of Ali swsa] as religion – then never will it be accepted from him, and he, in the Hereafter, will be among the losers.
86. How shall Allah guide a people who disbelieved [in Wilayat e Ali swsa] after their belief and had witnessed that the Rasool is true and clear proofs had come to them? And Allah does not guide the wrongdoing people.
87. Those – their reward is that upon them is the curse of Allah and the angels and the people, all together,
88. Abiding eternally therein. The punishment will not be lightened for them, nor will they be reprieved,
89. Except for those who repent after that and correct themselves. For indeed, Allah is Forgiving and Merciful.
90. Indeed, those who disbelieve after their belief and then increase in disbelief – never will their [claimed] repentance be accepted, and they are the ones astray.
91. Indeed, those who disbelieve and die while they are disbelievers – never would the [whole] capacity of the earth in gold be accepted from one of them if he would [seek to] ransom himself with it. For those [enemies of Aal e Mohammad swsa] there will be a painful punishment, and they will have no helpers.

كُفَّارٌ فَلَن يُقۡبَلَ مِنۡ أَحَدِهِم مِّلۡءُ ٱلۡأَرۡضِ ذَهَبٗا وَلَوِ ٱفۡتَدَىٰ بِهِۦٓۗ أُوْلَٰٓئِكَ لَهُمۡ عَذَابٌ أَلِيمٞ وَمَا لَهُم مِّن نَّٰصِرِينَ (٩١)

كيوں نہيں جو اپنا عہد وفا كرے اور تقوىٰ اختيار كرے تو بيشك الله متقين كو پسند كرتا ہے۔ بيشك جو لوگ الله كے عہد اور اپنى قسموں كو تھوڑى قيمت پر بيچ ديتے ہيں (جو خود ساختہ امام ہو، جو آئمۂ معصومينؑ كى مخالفت كرے، جو كہے كہ فلانے اور فلانے كا بھى اسلام ميں حصہ ہے) ان لوگوں كيلئے آخرت ميں كوئى حصہ نہيں اور يوم قيامت الله نہ ان سے كلام كرے گا اور نہ ان كى طرف نظر كرے گا اور نہ ہى ان كا تزكيہ كرے گا اور ان كيلئے دردناک عذاب ہے۔ اور بيشک ان ميں ايک فريق ہے جو كتاب كے متعلق اپنى زبانوں كو (اسطرح) پيچ و خم ديتے ہيں كہ تم سمجھو كہ وہ كتاب ميں سے ہے حالانكہ وہ كتاب ميں سے نہيں ہوتا، اور وہ كہتے ہيں كہ يہ الله كى طرف سے ہے حالانكہ وہ الله كى طرف سے نہيں ہوتا، اور وہ الله پر جھوٹ بولتے ہيں حالانكہ وہ جانتے ہيں۔ كسى بشر كيلئے نہيں ہے كہ الله اس كو كتاب اور حكم اور نبوت عطا كرے پھر وہ لوگوں سے كہے كہ الله كى بجائے ميرے بندے بن جاؤ، بلكہ (وہ تو يہى كہے گا) رب والے بن جاؤ اس لئے كہ تم كتاب كى تعليم ديتے ہو اور اس لئے كہ تم خود درس بھى ليتے ہو۔ اور وہ تمہيں يہ بھى حكم نہيں دے گا كہ تم ملائكہ اور نبيوں كو ارباب بنا لو؛ كيا وہ تمہيں كفر كا حكم دے گا اس كے بعد كہ تم مسلم ہو۔ اور جب الله نے نبيوں سے ميثاق ليا (اور كہا) كہ جو ميں تمہيں كتاب اور حكمت ميں سے عطا كر رہا ہوں پھر تمہارے پاس رسولؐ آئے گا اس چيز كى تصديق كرتا ہوا جو تمہارے پاس ہے تو تم ضرور اس پر ايمان لانا اور ضرور اس (مولا علىؑ) كى نصرت كرنا (رجعت ميں)؛ الله نے كہا كيا تم اقرار كرتے ہو اور اس بات پر تم ميرے عہد كى ذمہ دارى ليتے ہو؛ انہوں نے كہا ہم اقرار كرتے ہيں؛ الله نے كہا پس تم گواہ رہنا اور ميں بھى تمہارے ساتھ گواہوں ميں ہوں۔ پس جو اس كے بعد پھر جائے تو وہى لوگ فاسق ہيں۔ كيا وہ الله كے دين كى بجائے كوئى اور دين چاہتے ہيں؟ حالانكہ جو كچھ آسمانوں اور زمين ميں ہے خوشى و ناخوشى اسى كے تابع ہے (رجعت ميں ہر جگہ سے كلمۂ توحيد بلند ہوگا) اور سب اسى كى طرف واپس لائے جائيں گے۔ كہہ دو ہم الله پر ايمان لائے اور جو ہم پر نازل ہوا اور جو ابراهيمؑ اور اسمٰعيلؑ اور اسحٰقؑ اور يعقوبؑ اور ان كے نواسوں پر نازل ہوا اور جو موسىٰؑ اور عيسىٰؑ اور نبيوں كو انكے رب كى طرف سے ديا گيا، ہم ان ميں سے كسى كے درميان تفريق نہيں كرتے، اور ہم اس كے تابعِ فرمان ہيں۔ اور جو اسلام (اقرار نبوتِ محمدؐ اور ولايتِ علىؑ) كے علاوہ كوئى اور دين چاہے گا تو ہرگز اس سے قبول نہيں كيا جائے گا، اور وہ آخرت ميں خسارہ پانے والوں ميں سے ہو گا۔ الله اس قوم كو كس طرح هدايت دے جنہوں نے ايمان لانے كے بعد (ولايتِ علىؑ سے) كفر كيا اور گواہى دى كہ رسولؐ حق ہے اور ان كے پاس واضح دلائل بھى آئے اور الله ظالموں كى قوم كو هدايت نہيں كرتا۔ يہ وہى لوگ ہيں ان كى جزا بيشک الله اور ملائكہ اور سب انسانوں كى اجتماعى لعنت ہے۔ وہ اس ميں ہميشہ رہيں گے، ان سے عذاب ميں تخفيف نہيں كى جائے گى اور نہ ہى ان كو مہلت دى جائے گى۔ سوائے ان لوگوں كے جو اس كے بعد توبہ كر ليں اور اصلاح كر ليں تو بيشک الله بخشنے والا رحم كرنے والا ہے۔ بيشک جن لوگوں نے ايمان لانے كے بعد كفر كيا پھر وہ كفر ميں بڑھتے چلے گئے ان كى توبہ ہرگز قبول نہيں كى جائے گى، اور وہى لوگ گمراہ ہيں۔بيشک جن لوگوں نے كفر كيا اور مر گئے جبكہ وہ كفار تھے تو اگر ان ميں سے كوئى كرۂ ارض برابر سونا بھى اپنے فديہ ميں دے گا تو ہرگز قبول نہيں كيا جائے گا؛ يہ وہى (دشمنانِ آل محمدؐ) لوگ ہيں جن كيلئے درد ناک عذاب ہے اور ناصرين ميں سے ان كيلئے كوئى نہيں۔

بَلَىٰ مَنۡ أَوۡفَىٰ بِعَهۡدِهِۦ وَٱتَّقَىٰ فَإِنَّ ٱللَّهَ يُحِبُّ ٱلۡمُتَّقِينَ (٧٦) إِنَّ ٱلَّذِينَ يَشۡتَرُونَ بِعَهۡدِ ٱللَّهِ وَأَيۡمَٰنِهِمۡ ثَمَنٗا قَلِيلًا أُوْلَٰٓئِكَ لَا خَلَٰقَ لَهُمۡ فِي ٱلۡأٓخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ ٱللَّهُ وَلَا يَنظُرُ إِلَيۡهِمۡ يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمۡ وَلَهُمۡ عَذَابٌ أَلِيمٞ (٧٧) وَإِنَّ مِنۡهُمۡ لَفَرِيقٗا يَلۡوُۥنَ أَلۡسِنَتَهُم بِٱلۡكِتَٰبِ لِتَحۡسَبُوهُ مِنَ ٱلۡكِتَٰبِ وَمَا هُوَ مِنَ ٱلۡكِتَٰبِ وَيَقُولُونَ هُوَ مِنۡ عِندِ ٱللَّهِ وَمَا هُوَ مِنۡ عِندِ ٱللَّهِ وَيَقُولُونَ عَلَى ٱللَّهِ ٱلۡكَذِبَ وَهُمۡ يَعۡلَمُونَ (٧٨) مَا كَانَ لِبَشَرٍ أَن يُؤۡتِيَهُ ٱللَّهُ ٱلۡكِتَٰبَ وَٱلۡحُكۡمَ وَٱلنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُولَ لِلنَّاسِ كُونُواْ عِبَادٗا لِّي مِن دُونِ ٱللَّهِ وَلَٰكِن كُونُواْ رَبَّٰنِيِّـۧنَ بِمَا كُنتُمۡ تُعَلِّمُونَ ٱلۡكِتَٰبَ وَبِمَا كُنتُمۡ تَدۡرُسُونَ (٧٩) وَلَا يَأۡمُرَكُمۡ أَن تَتَّخِذُواْ ٱلۡمَلَٰٓئِكَةَ وَٱلنَّبِيِّـۧنَ أَرۡبَابًاۗ أَيَأۡمُرُكُم بِٱلۡكُفۡرِ بَعۡدَ إِذۡ أَنتُم مُّسۡلِمُونَ (٨٠) وَإِذۡ أَخَذَ ٱللَّهُ مِيثَٰقَ ٱلنَّبِيِّـۧنَ لَمَآ ءَاتَيۡتُكُم مِّن كِتَٰبٖ وَحِكۡمَةٖ ثُمَّ جَآءَكُمۡ رَسُولٞ مُّصَدِّقٞ لِّمَا مَعَكُمۡ لَتُؤۡمِنُنَّ بِهِۦ وَلَتَنصُرُنَّهُۥۚ قَالَ ءَأَقۡرَرۡتُمۡ وَأَخَذۡتُمۡ عَلَىٰ ذَٰلِكُمۡ إِصۡرِيۖ قَالُوٓاْ أَقۡرَرۡنَاۚ قَالَ فَٱشۡهَدُواْ وَأَنَا۠ مَعَكُم مِّنَ ٱلشَّٰهِدِينَ (٨١) فَمَن تَوَلَّىٰ بَعۡدَ ذَٰلِكَ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡفَٰسِقُونَ (٨٢) أَفَغَيۡرَ دِينِ ٱللَّهِ يَبۡغُونَ وَلَهُۥٓ أَسۡلَمَ مَن فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ طَوۡعٗا وَكَرۡهٗا وَإِلَيۡهِ يُرۡجَعُونَ (٨٣) قُلۡ ءَامَنَّا بِٱللَّهِ وَمَآ أُنزِلَ عَلَيۡنَا وَمَآ أُنزِلَ عَلَىٰٓ إِبۡرَٰهِيمَ وَإِسۡمَٰعِيلَ وَإِسۡحَٰقَ وَيَعۡقُوبَ وَٱلۡأَسۡبَاطِ وَمَآ أُوتِيَ مُوسَىٰ وَعِيسَىٰ وَٱلنَّبِيُّونَ مِن رَّبِّهِمۡ لَا نُفَرِّقُ بَيۡنَ أَحَدٖ مِّنۡهُمۡ وَنَحۡنُ لَهُۥ مُسۡلِمُونَ (٨٤) وَمَن يَبۡتَغِ غَيۡرَ ٱلۡإِسۡلَٰمِ دِينٗا فَلَن يُقۡبَلَ مِنۡهُ وَهُوَ فِي ٱلۡأٓخِرَةِ مِنَ ٱلۡخَٰسِرِينَ (٨٥) كَيۡفَ يَهۡدِي ٱللَّهُ قَوۡمٗا كَفَرُواْ بَعۡدَ إِيمَٰنِهِمۡ وَشَهِدُوٓاْ أَنَّ ٱلرَّسُولَ حَقّٞ وَجَآءَهُمُ ٱلۡبَيِّنَٰتُۚ وَٱللَّهُ لَا يَهۡدِي ٱلۡقَوۡمَ ٱلظَّٰلِمِينَ (٨٦) أُوْلَٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمۡ أَنَّ عَلَيۡهِمۡ لَعۡنَةَ ٱللَّهِ وَٱلۡمَلَٰٓئِكَةِ وَٱلنَّاسِ أَجۡمَعِينَ (٨٧) خَٰلِدِينَ فِيهَا لَا يُخَفَّفُ عَنۡهُمُ ٱلۡعَذَابُ وَلَا هُمۡ يُنظَرُونَ (٨٨) إِلَّا ٱلَّذِينَ تَابُواْ مِنۢ بَعۡدِ ذَٰلِكَ وَأَصۡلَحُواْ فَإِنَّ ٱللَّهَ غَفُورٞ رَّحِيمٌ (٨٩) إِنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ بَعۡدَ إِيمَٰنِهِمۡ ثُمَّ ٱزۡدَادُواْ كُفۡرٗا لَّن تُقۡبَلَ تَوۡبَتُهُمۡ وَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلضَّآلُّونَ (٩٠) إِنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ وَمَاتُواْ وَهُمۡ

92. Never will you attain the good until you spend [to pay the rights of the Masumeen swsa] from that which you love. And whatever you spend – indeed, Allah is Knowing of it.
93. All food was lawful to the Children of Israel except what Israel [i.e. Yaqoob] had made unlawful to himself before the Tauraat was revealed. Say, [O Mohammad sawaw], "So bring the Tauraat and recite it [those things are not Haram], if you are truthful."
94. Then whoever fabricates about Allah a lie after that – then those are the wrongdoers.
95. Say, "Allah has spoken the truth. So follow the religion of Ibraheem, inclining toward the Truth; and he was not of the polytheists."
96. Indeed, the first House [of worship] established for mankind was that at Bakkah [i.e. Makkah] – blessed and a guidance for the worlds.
97. In it are clear signs [such as] the standing place of Ibraheem. And whoever enters it [i.e. the Haram with the Mari'fat of the Masumeen swsa] shall be safe [in the world & Hereafter]. And [due] to Allah from the people is a pilgrimage to the House – for whoever is able to find thereto a way. But whoever disbelieves [i.e. refuses/ leaves] – then indeed, Allah is free from need of the worlds.
98. Say, "O People of the Book, why do you disbelieve in the Ayaat of Allah while Allah is Witness over what you do?"
99. Say, "O People of the Book, why do you hinder from the Sabeel of Allah those who believe, seeking to make it crooked, while you are witnesses [that it is the Haqq]? And Allah is not unaware of what you do."
100. O you who believe, if you obey a party of those who were given the Book, they would turn you back, after your belief, [to being] unbelievers.
101. And how could you disbelieve while to you are being recited the verses of Allah and among you is His Rasool? And whoever holds firmly to Allah has [indeed] been guided to Sirat e Mustaqeem [the straight path].
102. O you who believe, fear Allah as He should be feared and do not die unless you are Muslims [obedient to the Rasool sawaw and the Imams swsa].
103. And hold firmly to Hablullah [the rope of Allah: Maola Ali swsa and Aal e Mohammad swsa] all together and do not become divided. And remember the Ne'mat [favour] of Allah upon you – when you were enemies and He brought your hearts together and you became, by His favour, brothers. And you were on the edge of a pit of the Fire, and He saved you from it [for the sake of Maola Mohammad sawaw]. Thus does Allah make clear to you His verses that you may be guided.
104. And there should be from among you a party [the infallible Imams swsa] inviting to [Khair] good, enjoining what is Maroof [right] and forbidding what is Munkar [wrong], and those will be the successful.
105. And do not be like the ones who became divided and differed after the clear proofs had come to them. And those will have a great punishment
106. On the Day [some] faces will turn white and [some] faces will turn black. As for those whose faces turn black, [to those enemies of Maola Ali swsa it will be said], "Did you disbelieve [i.e. reject faith] after your belief? Then taste the punishment for what you used to reject."
107. But as for those whose faces turn white, [they will be] within the mercy of Allah. They will abide therein eternally.

لَن تَنَالُواْ ٱلۡبِرَّ حَتَّىٰ تُنفِقُواْ مِمَّا تُحِبُّونَۚ وَمَا
تُنفِقُواْ مِن شَيۡءٖ فَإِنَّ ٱللَّهَ بِهِۦ عَلِيمٞ (٩٢) ۞
كُلُّ ٱلطَّعَامِ كَانَ حِلّٗا لِّبَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ إِلَّا مَا
حَرَّمَ إِسۡرَٰٓءِيلُ عَلَىٰ نَفۡسِهِۦ مِن قَبۡلِ أَن تُنَزَّلَ
ٱلتَّوۡرَىٰةُۚ قُلۡ فَأۡتُواْ بِٱلتَّوۡرَىٰةِ فَٱتۡلُوهَآ إِن كُنتُمۡ
صَٰدِقِينَ (٩٣) فَمَنِ ٱفۡتَرَىٰ عَلَى ٱللَّهِ ٱلۡكَذِبَ
مِنۢ بَعۡدِ ذَٰلِكَ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلظَّٰلِمُونَ (٩٤) قُلۡ
صَدَقَ ٱللَّهُۗ فَٱتَّبِعُواْ مِلَّةَ إِبۡرَٰهِيمَ حَنِيفٗاۚ وَمَا كَانَ
مِنَ ٱلۡمُشۡرِكِينَ (٩٥) إِنَّ أَوَّلَ بَيۡتٖ وُضِعَ
لِلنَّاسِ لَلَّذِي بِبَكَّةَ مُبَارَكٗا وَهُدٗى لِّلۡعَٰلَمِينَ
(٩٦) فِيهِ ءَايَٰتُۢ بَيِّنَٰتٞ مَّقَامُ إِبۡرَٰهِيمَۖ وَمَن
دَخَلَهُۥ كَانَ ءَامِنٗاۗ وَلِلَّهِ عَلَى ٱلنَّاسِ حِجُّ ٱلۡبَيۡتِ
مَنِ ٱسۡتَطَاعَ إِلَيۡهِ سَبِيلٗاۚ وَمَن كَفَرَ فَإِنَّ ٱللَّهَ غَنِيٌّ
عَنِ ٱلۡعَٰلَمِينَ (٩٧) قُلۡ يَٰٓأَهۡلَ ٱلۡكِتَٰبِ لِمَ
تَكۡفُرُونَ بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ وَٱللَّهُ شَهِيدٌ عَلَىٰ مَا تَعۡمَلُونَ
(٩٨) قُلۡ يَٰٓأَهۡلَ ٱلۡكِتَٰبِ لِمَ تَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ
ٱللَّهِ مَنۡ ءَامَنَ تَبۡغُونَهَا عِوَجٗا وَأَنتُمۡ شُهَدَآءُۗ وَمَا
ٱللَّهُ بِغَٰفِلٍ عَمَّا تَعۡمَلُونَ (٩٩) يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ
ءَامَنُوٓاْ إِن تُطِيعُواْ فَرِيقٗا مِّنَ ٱلَّذِينَ أُوتُواْ
ٱلۡكِتَٰبَ يَرُدُّوكُم بَعۡدَ إِيمَٰنِكُمۡ كَٰفِرِينَ (١٠٠)
وَكَيۡفَ تَكۡفُرُونَ وَأَنتُمۡ تُتۡلَىٰ عَلَيۡكُمۡ ءَايَٰتُ ٱللَّهِ
وَفِيكُمۡ رَسُولُهُۥۗ وَمَن يَعۡتَصِم بِٱللَّهِ فَقَدۡ هُدِيَ
إِلَىٰ صِرَٰطٖ مُّسۡتَقِيمٖ (١٠١) يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ
ءَامَنُواْ ٱتَّقُواْ ٱللَّهَ حَقَّ تُقَاتِهِۦ وَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا
وَأَنتُم مُّسۡلِمُونَ (١٠٢) وَٱعۡتَصِمُواْ بِحَبۡلِ ٱللَّهِ
جَمِيعٗا وَلَا تَفَرَّقُواْۚ وَٱذۡكُرُواْ نِعۡمَتَ ٱللَّهِ عَلَيۡكُمۡ
إِذۡ كُنتُمۡ أَعۡدَآءٗ فَأَلَّفَ بَيۡنَ قُلُوبِكُمۡ فَأَصۡبَحۡتُم
بِنِعۡمَتِهِۦٓ إِخۡوَٰنٗا وَكُنتُمۡ عَلَىٰ شَفَا حُفۡرَةٖ مِّنَ
ٱلنَّارِ فَأَنقَذَكُم مِّنۡهَاۗ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ ٱللَّهُ لَكُمۡ ءَايَٰتِهِۦ
لَعَلَّكُمۡ تَهۡتَدُونَ (١٠٣) وَلۡتَكُن مِّنكُمۡ أُمَّةٞ يَدۡعُونَ
إِلَى ٱلۡخَيۡرِ وَيَأۡمُرُونَ بِٱلۡمَعۡرُوفِ وَيَنۡهَوۡنَ عَنِ
ٱلۡمُنكَرِۚ وَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡمُفۡلِحُونَ (١٠٤) وَلَا
تَكُونُواْ كَٱلَّذِينَ تَفَرَّقُواْ وَٱخۡتَلَفُواْ مِنۢ بَعۡدِ مَا
جَآءَهُمُ ٱلۡبَيِّنَٰتُۚ وَأُوْلَٰٓئِكَ لَهُمۡ عَذَابٌ عَظِيمٞ
(١٠٥) يَوۡمَ تَبۡيَضُّ وُجُوهٞ وَتَسۡوَدُّ وُجُوهٞۚ فَأَمَّا
ٱلَّذِينَ ٱسۡوَدَّتۡ وُجُوهُهُمۡ أَكَفَرۡتُم بَعۡدَ إِيمَٰنِكُمۡ
فَذُوقُواْ ٱلۡعَذَابَ بِمَا كُنتُمۡ تَكۡفُرُونَ (١٠٦) وَأَمَّا
ٱلَّذِينَ ٱبۡيَضَّتۡ وُجُوهُهُمۡ فَفِي رَحۡمَةِ ٱللَّهِ هُمۡ فِيهَا
خَٰلِدُونَ (١٠٧)

تم نیکی کو ہرگز نہیں پا سکتے حتیٰ کہ تم ان چیزوں میں سے خرچ کرو جن سے تم محبت کرتے ہو (یعنی حق معصومینؑ ادا کرو)؛ اور جو شئ بھی تم خرچ کرو گے تو بیشک اللہ اسے خوب جانتا ہے۔ کھانے کی تمام چیزیں بنی اسرائیل کیلئے حلال تھیں مگر وہ جو اسرائیل نے تورات کے نازل کئے جانے سے پہلے اپنے آپ پر حرام کر لی تھیں؛ کہہ دو تو لاؤ تورات پھر اسے پڑھو (اس میں وہ چیزیں حرام نہیں ہیں) اگر تم سچے ہو۔ پس جو لوگ اس کے بعد بھی اللہ پر جھوٹ افترا کریں گے تو وہی لوگ ظالم ہیں۔ کہہ دو اللہ نے سچ فرمایا، پس تم ابراہیمؑ کی ملت (دین) کا اتباع کرو جو حنیف (حق کی طرف مڑا ہوا) تھا اور مشرکین میں سے نہ تھا۔ بیشک پہلا بیت جو لوگوں کیلئے بنایا گیا وہی ہے جو بکہ (مکہ) میں ہے، عالمین کیلئے برکت اور ہدایت (کا مرکز)۔ اس میں واضح نشانیاں ہیں، مقامِ ابراہیمؑ، جو اس میں داخل ہو جائے (معرفتِ معصومینؑ کے ساتھ) وہ محفوظ ہو گیا (دنیا وآخرت میں)؛ اور لوگوں پر اللہ کیلئے بیت اللہ کا حج کرنا (فرض) ہے جو اس تک جانے کی استطاعت رکھتا ہو؛ اور جو انکار (ترک) کرے تو بیشک اللہ عالمین سے بے نیاز ہے۔ کہہ دو اے اہلِ کتاب تم اللہ کی آیات کا کفر کیوں کرتے ہو، اور اللہ اس پر گواہ (دیکھ رہا ہے) جو تم کر رہے ہو۔ کہہ دو اے اہلِ کتاب جو ایمان لاتے ہیں تم ان کو اللہ کی سبیل سے کیوں روکتے ہو، تم اس میں ٹیڑھا پن چاہتے ہو حالانکہ تم گواہ ہو (اسکے حق ہونے کا)؛ اور جو کچھ تم کر رہے ہو اللہ اس سے غافل نہیں ہے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو اگر تم ان لوگوں میں سے ایک فریق کی اطاعت کرو گے جن کو کتاب دی گئی ہے تو وہ تمہیں تمہارے ایمان لانے کے بعد واپس کافر کر دیں گے۔ اور تم کسطرح کفر کرو گے جبکہ تم وہ ہو کہ تم پر اللہ کی آیات تلاوت کی جاتی ہے اور تمہارے درمیان اس کا رسولؐ (موجود) ہے؛ اور جس نے اللہ کو تھام لیا پس یقیناً وہ صراطِ مستقیم کی طرف ہدایت پا گیا۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو اللہ سے ڈرو جیسا اس سے ڈرنے کو حق ہے اور تم نہ مرنا سوائے اس حال میں کہ تم مسلم (مطیع رسولؐ و آئمہؑ) ہو۔ اور اجتماعی طور پر حبل اللہ (مولا علیؑ وآل محمدؐ) کو مضبوطی سے تھام لو اور تفرقہ نہ کرو، اور اللہ کی نعمت کا ذکر کرو جو تم پر ہے، جب تم ایک دوسرے کے دشمن تھے تو اللہ نے تمہارے قلوب کو جوڑ دیا تو تم اس کی نعمت کی بدولت بھائی بھائی بن گئے، اور تم نار کے گڑھے کے کنارے پر تھے تو اس نے تمہیں (مولا محمدؐ کے ذریعے) اس سے بچا لیا؛ اسی طرح اللہ تمہارے لئے اپنی آیات بیان کرتا ہے تاکہ تم ہدایت پا سکو۔ اور تم میں ایک گروہ (آئمۂ معصومینؑ) ہونا چاہیئے جو خیر کی طرف دعوت دے اور وہ معروف کا امر کریں اور وہ منکر سے روکیں؛ اور یہ وہی لوگ ہیں جو فلاح پانے والے ہیں۔ اور ان لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جنہوں نے تفرقہ کیا اور ان کے پاس واضح دلائل آجانے کے بعد انہوں نے اختلاف کیا؛ اور یہ وہی لوگ ہیں جن کیلئے عظیم عذاب ہے۔ جس دن کچھ چہرے روشن ہوں گے اور کچھ چہرے سیاہ ہوں گے، تو جہاں تک ان لوگوں کو تعلق ہے جن کے چہرے سیاہ ہوں گے،(ان مخالفینِ مولا علیؑ سے کہا جائے گا) کیا تم نے اپنے ایمان کے بعد کفر کیا تو اب عذاب کا ذائقہ چکھو اس لئے کہ تم کفر کرتے رہے تھے۔ اور جہاں تک ان لوگوں کو تعلق ہے جن کے چہرے روشن ہوں گے تو وہ اللہ کی رحمت میں ہوں گے؛ وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

108.These are the Ayaat of Allah. We recite them to you, [O Mohammad sawaw], with the Haqq; and Allah wants no injustice to the worlds.

109.To Allah belongs whatever is in the heavens and whatever is on the earth. And to Allah [all] matters return.

110.You are the Khair-a-Ummatin [the best Imams swsa] raised for mankind. You command what is Maroof [right] and you forbid from Munkar [wrong] and you believe in Allah. And if the People of the Book had believed, surely it would have been better for them. Among them are believers, but most of them are defiantly disobedient.

111.They will not harm you except for [some] annoyance. And if they fight you, they will turn backs to you [i.e. retreat]; then they will not be aided.

112.They have been struck down by humiliation wherever they are found, except for a rope from Allah [Qur'an e Samit] and a rope from the people [Qur'an e Natiq]. And they have been surrounded by the wrath from Allah and have been struck down by destitution. That is because they disbelieved in [i.e. rejected] the Ayaat of Allah and killed the prophets without right. That is because they disobeyed and [habitually] transgressed.

113.They are not [all] the same; among the People of the Book is a community standing [on the Haqq], reciting the verses of Allah during periods of the night and they prostrate [in prayer].

114.They believe in Allah and the Last Day, and they enjoin what is right and forbid what is wrong and hasten to good deeds. And those are among the righteous.

115.And whatever good they do – never will it be removed from them. And Allah is Knowing of the righteous.

116.Indeed, those who disbelieve – never will their wealth or their children avail them against Allah at all, and those are the companions of the Fire; they will abide therein eternally.

117.The example of what they spend in this worldly life is like that of a wind containing frost which strikes the crop of a people who have wronged themselves and destroys it. And Allah has not wronged them, but they wrong to themselves.

118.O you who believe, do not take as intimate [friends] those [Jews] other than your own people [i.e. believers], for they will not spare you [any] ruin. They wish you would have hardship. Hatred has already appeared from their mouths, and what their hearts conceal is greater. We have certainly made clear to you the signs, if you understand.

119.Here you are loving them but they are not loving you, while you believe in the Book – all of it. And when they meet you, they say, "We believe." But when they are alone, they bite their fingertips at you in rage. Say, "Die in your rage. Indeed, Allah is Knowing of that within the chests."

120.If good touches you, it distresses them; but if harm strikes you, they rejoice at it. And if you are patient and fear Allah, their plot will not harm you at all. Indeed, Allah is encompassing of what they do.

تِلْكَ ءَايَٰتُ ٱللَّهِ نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِٱلْحَقِّ ۗ وَمَا ٱللَّهُ
يُرِيدُ ظُلْمًا لِّلْعَٰلَمِينَ (١٠٨) وَلِلَّهِ مَا فِى
ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِى ٱلْأَرْضِ ۚ وَإِلَى ٱللَّهِ تُرْجَعُ
ٱلْأُمُورُ (١٠٩) كُنتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ
تَأْمُرُونَ بِٱلْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ ٱلْمُنكَرِ
وَتُؤْمِنُونَ بِٱللَّهِ ۗ وَلَوْ ءَامَنَ أَهْلُ ٱلْكِتَٰبِ لَكَانَ
خَيْرًا لَّهُم ۚ مِّنْهُمُ ٱلْمُؤْمِنُونَ وَأَكْثَرُهُمُ ٱلْفَٰسِقُونَ
(١١٠) لَن يَضُرُّوكُمْ إِلَّآ أَذًى ۖ وَإِن يُقَٰتِلُوكُمْ
يُوَلُّوكُمُ ٱلْأَدْبَارَ ثُمَّ لَا يُنصَرُونَ (١١١)
ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ ٱلذِّلَّةُ أَيْنَ مَا ثُقِفُوٓا۟ إِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ
ٱللَّهِ وَحَبْلٍ مِّنَ ٱلنَّاسِ وَبَآءُو بِغَضَبٍ مِّنَ ٱللَّهِ
وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ ٱلْمَسْكَنَةُ ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ كَانُوا۟
يَكْفُرُونَ بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ وَيَقْتُلُونَ ٱلْأَنۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۚ
ذَٰلِكَ بِمَا عَصَوا۟ وَّكَانُوا۟ يَعْتَدُونَ (١١٢) ۞
لَيْسُوا۟ سَوَآءً ۗ مِّنْ أَهْلِ ٱلْكِتَٰبِ أُمَّةٌ قَآئِمَةٌ يَتْلُونَ
ءَايَٰتِ ٱللَّهِ ءَانَآءَ ٱلَّيْلِ وَهُمْ يَسْجُدُونَ (١١٣)
يُؤْمِنُونَ بِٱللَّهِ وَٱلْيَوْمِ ٱلْءَاخِرِ وَيَأْمُرُونَ
بِٱلْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ ٱلْمُنكَرِ وَيُسَٰرِعُونَ
فِى ٱلْخَيْرَٰتِ وَأُو۟لَٰٓئِكَ مِنَ ٱلصَّٰلِحِينَ (١١٤)
وَمَا يَفْعَلُوا۟ مِنْ خَيْرٍ فَلَن يُكْفَرُوهُ ۗ وَٱللَّهُ عَلِيمٌۢ
بِٱلْمُتَّقِينَ (١١٥) إِنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ لَن تُغْنِىَ
عَنْهُمْ أَمْوَٰلُهُمْ وَلَآ أَوْلَٰدُهُم مِّنَ ٱللَّهِ شَيْـًٔا ۖ
وَأُو۟لَٰٓئِكَ أَصْحَٰبُ ٱلنَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَٰلِدُونَ
(١١٦) مَثَلُ مَا يُنفِقُونَ فِى هَٰذِهِ ٱلْحَيَوٰةِ ٱلدُّنْيَا
كَمَثَلِ رِيحٍ فِيهَا صِرٌّ أَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ
ظَلَمُوٓا۟ أَنفُسَهُمْ فَأَهْلَكَتْهُ ۚ وَمَا ظَلَمَهُمُ ٱللَّهُ وَلَٰكِنْ
أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ (١١٧) يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لَا
تَتَّخِذُوا۟ بِطَانَةً مِّن دُونِكُمْ لَا يَأْلُونَكُمْ خَبَالًا وَدُّوا۟
مَا عَنِتُّمْ قَدْ بَدَتِ ٱلْبَغْضَآءُ مِنْ أَفْوَٰهِهِمْ وَمَا
تُخْفِى صُدُورُهُمْ أَكْبَرُ ۚ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ ٱلْءَايَٰتِ ۖ إِن
كُنتُمْ تَعْقِلُونَ (١١٨) هَٰٓأَنتُمْ أُو۟لَآءِ تُحِبُّونَهُمْ وَلَا
يُحِبُّونَكُمْ وَتُؤْمِنُونَ بِٱلْكِتَٰبِ كُلِّهِۦ وَإِذَا لَقُوكُمْ
قَالُوٓا۟ ءَامَنَّا وَإِذَا خَلَوْا۟ عَضُّوا۟ عَلَيْكُمُ ٱلْأَنَامِلَ
مِنَ ٱلْغَيْظِ ۚ قُلْ مُوتُوا۟ بِغَيْظِكُمْ ۗ إِنَّ ٱللَّهَ عَلِيمٌۢ بِذَاتِ
ٱلصُّدُورِ (١١٩) إِن تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ
وَإِن تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَفْرَحُوا۟ بِهَا ۖ وَإِن تَصْبِرُوا۟
وَتَتَّقُوا۟ لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْـًٔا ۗ إِنَّ ٱللَّهَ بِمَا
يَعْمَلُونَ مُحِيطٌ (١٢٠)

یہ اللہ کی آیات ہیں جو ہم تم پر حق کے ساتھ تلاوت کرتے ہیں؛ اور اللہ عالمین پر ظلم کا ارادہ نہیں رکھتا۔ اور اللہ کیلئے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے؛ اور تمام امور اللہ کی طرف واپس لائے جاتے ہیں۔ تم خیرامت (ائمہؑ معصومین) ہو جسے لوگوں کیلئے ظہور دیا تم معروف کا حکم دیتے ہو اور تم منکر سے روکتے ہو اور تمہارا ایمان اللہ پر ہے؛ اور اگر اہلِ کتاب بھی ایمان لے آتے تو یقیناً ان کیلئے بہتر ہوتا؛ ان میں ایمان دار بھی ہیں مگر ان کی اکثریت فاسقوں کی ہے۔ وہ تمہیں ہرگز ضرر نہیں پہنچا سکتے سوائے ستانے کے؛ اور وہ تم سے لڑیں گے تو پیٹھ دکھاتے مڑ جائیں گے، پھر ان کی کوئی مدد نہیں کی جا سکے گی۔ ان پر ذلت مسلط کر دی گئی جہاں کہیں بھی پائے گئے سوائے اللہ کے سہارے (قرآن صامت) اور لوگوں کے سہارے (قرآنِ ناطق کے سہارے جو بچ گئے) اور وہ اللہ کے غضب میں گِھر گئے اور ان پر پستی مسلط کر دی گئی؛ وہ اس لئے کہ وہ اللہ کی آیات کا کفر کیا کرتے تھے اور وہ انبیاء کو ناحق قتل کرتے تھے؛ وہ اس لئے کہ انہوں نے نافرمانی کی اور وہ حد سے گذرتے رہتے تھے۔ وہ سب یکساں نہیں ہیں؛ اہلِ کتاب میں سے ایک گروہ (حق پر) قائم ہے وہ رات کے اوقات میں اللہ کی آیات تلاوت کرتے ہیں اور وہ سجدہ کرتے ہیں۔ وہ اللہ اور یومِ آخر پر ایمان رکھتے ہیں اور وہ معروف کا حکم دیتے ہیں اور وہ منکر سے روکتے ہیں اور وہ خیرات (نیک کاموں) میں سرعت کرتے ہیں؛ اور وہی لوگ صالح لوگوں میں سے ہیں۔ اور وہ خیر میں سے جو بھی کریں گے تو ہرگز اسکا کفر (ناشکری، انکار، ضائع) نہیں کیا جائے گا؛ اور اللہ متقین کو خوب جانتا ہے۔ بیشک جن لوگوں نے کفر کیا ان کے اموال اور ان کی اولاد ہرگز اللہ سے (بچانے میں) کچھ کام نہیں آئیں گے؛ اور وہی لوگ اہلِ نار ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ جو کچھ وہ اس دنیا کی حیات میں خرچ کرتے ہیں اس کی مثال اس ہوا کی طرح ہے جس میں پالا ہو جو کسی ایسی قوم کی کھیتی پر پڑ جائے جنہوں نے اپنے آپ پر ظلم کیا ہو اور وہ اسے تباہ کر دے؛ اور اللہ ان پر ظلم نہیں کرتا بلکہ وہ خود اپنے نفسوں پر ظلم کرتے ہیں۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو تم اپنوں کے علاوہ دوسروں (یہود) کو رازدار نہ بناؤ وہ تمہاری تباہی میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں گے؛ وہ چاہتے ہیں کہ تم مصیبت میں پڑو، یقیناً بغض ان کے منہ سے ظاہر ہو چکا ہے، اور جو کچھ وہ اپنے سینوں میں چھپائے ہوئے ہیں شدید تر ہے؛ یقیناً ہم تمہارے لئے آیات واضح بیان کر دی ہیں اگر تم عقل رکھتے ہو۔ یہ تم ہی ایسے لوگ ہو تم ان کو پسند کرتے ہو اور وہ تمہیں پسند نہیں کرتے حالانکہ تم مکمل تمام کتاب پر ایمان رکھتے ہو، اور جب تم سے ملتے ہیں تو وہ کہتے ہیں ہم بھی ایمان لائے ہیں، اور جب تخلیہ میں ہوتے ہیں تو تم پر غیظ و غضب سے انگلیاں کاٹتے ہیں، ان سے کہہ دو تم اپنے غیظ و غضب میں مر جاؤ؛ بیشک اللہ خوب جانتا ہے جو سینوں میں ہے۔ اگر تمہیں کوئی اچھائی ملتی ہے تو انہیں بری لگتی ہے اور اگر تم پر کوئی تکلیف آتی ہے تو اس سے ان کو فرحت ملتی ہے؛ اور اگر تم صبر کرو اور تم تقویٰ اختیار کرو تو ان کی چال تمہیں کچھ ضرر نہیں پہنچا سکتی؛ بیشک اللہ احاطہ کئے ہوئے ہے جو کچھ وہ کرتے ہیں۔

121.And [remember] when you, [O Mohammad sawaw], left your family in the morning to post the believers at their stations for the battle [of Ohud] – and Allah is all-Hearing all-Knowing –
122.When two parties among you were about to lose courage, but Allah was their guardian; and upon Allah the believers should trust.
123.And already had Allah helped you at [the battle of] Badr while you were weak [i.e. few in number]. Then fear Allah; perhaps you will be grateful.
124.[Remember] when you said to the believers, "Is it not sufficient for you that your Rabb should reinforce you with three thousand angels sent down?
125.Yes, if you remain patient and fear Allah and they [i.e. the enemy] come upon you [attacking] at once, your Rabb will reinforce you with five thousand angels having marks [of distinction as white turbans]."
126.And Allah made it not except as [a sign of] good tidings for you and to reassure your hearts thereby. And help is not except from Allah, the Exalted in Might, the Wise –
127.That He might cut down a section of the disbelievers or suppress them so that they turn back disappointed.
128.Not for you [i.e. don't worry about who opposes Wilayat e Ali swsa, Allah will deal with them], any concern in the affair whether He should forgive them or punish them, for indeed, they are wrongdoers.
129.And to Allah belongs whatever is in the heavens and whatever is on the earth. He forgives whom He wills and punishes whom He wills. And Allah is Forgiving, Merciful.
130.O you who believe, do not consume usury, doubled and multiplied, but fear Allah that you may be successful.
131.And fear the Fire, which has been prepared for the disbelievers.
132.And obey Allah and the Rasool that you may obtain mercy.
133.And hasten to forgiveness from your Rabb and a garden [Paradise] as wide as the heavens and earth, prepared for the righteous
134.Who spend [in the cause of Allah] during ease and hardship and who restrain [their] anger and who pardon the people – and Allah loves the doers of good;
135.And those who, when they commit an immorality or wrong themselves [by transgression], remember Allah and seek forgiveness for their sins – and who can forgive sins except Allah? – and [who] do not persist in what they have done while they know.
136.Those – their reward is forgiveness from their Rabb and gardens beneath which rivers flow [in Paradise], wherein they will abide eternally; and excellent is the reward of the [righteous] workers.
137.Similar situations [as yours] have passed on before you, so travel in the earth and observe how was the end of the beliers [deniers].
138.This [Qur'an] is a clear statement to [all] the people and a guidance and instruction [advice] for Muttaqeen [those conscious of Allah].
139.So do not weaken and do not grieve, and you will be superior if you are [true] believers.

وَإِذْ غَدَوْتَ مِنْ أَهْلِكَ تُبَوِّئُ ٱلْمُؤْمِنِينَ مَقَـٰعِدَ
لِلْقِتَالِ ۗ وَٱللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ (١٢١) إِذْ هَمَّت
طَّآئِفَتَانِ مِنكُمْ أَن تَفْشَلَا وَٱللَّهُ وَلِيُّهُمَا ۗ وَعَلَى
ٱللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ ٱلْمُؤْمِنُونَ (١٢٢) وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ
ٱللَّهُ بِبَدْرٍ وَأَنتُمْ أَذِلَّةٌ ۖ فَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ
(١٢٣) إِذْ تَقُولُ لِلْمُؤْمِنِينَ أَلَن يَكْفِيَكُمْ أَن
يُمِدَّكُمْ رَبُّكُم بِثَلَـٰثَةِ ءَالَـٰفٍ مِّنَ ٱلْمَلَـٰٓئِكَةِ مُنزَلِينَ
(١٢٤) بَلَىٰٓ ۚ إِن تَصْبِرُوا۟ وَتَتَّقُوا۟ وَيَأْتُوكُم مِّن
فَوْرِهِمْ هَـٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُم بِخَمْسَةِ ءَالَـٰفٍ مِّنَ
ٱلْمَلَـٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِينَ (١٢٥) وَمَا جَعَلَهُ ٱللَّهُ إِلَّا
بُشْرَىٰ لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوبُكُم بِهِۦ ۗ وَمَا ٱلنَّصْرُ
إِلَّا مِنْ عِندِ ٱللَّهِ ٱلْعَزِيزِ ٱلْحَكِيمِ (١٢٦) لِيَقْطَعَ
طَرَفًا مِّنَ ٱلَّذِينَ كَفَرُوٓا۟ أَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنقَلِبُوا۟
خَآئِبِينَ (١٢٧) لَيْسَ لَكَ مِنَ ٱلْأَمْرِ شَىْءٌ أَوْ
يَتُوبَ عَلَيْهِمْ أَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَإِنَّهُمْ ظَـٰلِمُونَ (١٢٨)
وَلِلَّهِ مَا فِى ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَمَا فِى ٱلْأَرْضِ ۚ يَغْفِرُ
لِمَن يَشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَن يَشَآءُ ۚ وَٱللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ
(١٢٩) يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لَا تَأْكُلُوا۟ ٱلرِّبَوٰٓا۟
أَضْعَـٰفًا مُّضَـٰعَفَةً ۖ وَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ
(١٣٠) وَٱتَّقُوا۟ ٱلنَّارَ ٱلَّتِىٓ أُعِدَّتْ لِلْكَـٰفِرِينَ
(١٣١) وَأَطِيعُوا۟ ٱللَّهَ وَٱلرَّسُولَ لَعَلَّكُمْ
تُرْحَمُونَ (١٣٢) ۞ وَسَارِعُوٓا۟ إِلَىٰ مَغْفِرَةٍ
مِّن رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا ٱلسَّمَـٰوَٰتُ
وَٱلْأَرْضُ أُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِينَ (١٣٣) ٱلَّذِينَ يُنفِقُونَ
فِى ٱلسَّرَّآءِ وَٱلضَّرَّآءِ وَٱلْكَـٰظِمِينَ ٱلْغَيْظَ
وَٱلْعَافِينَ عَنِ ٱلنَّاسِ ۗ وَٱللَّهُ يُحِبُّ ٱلْمُحْسِنِينَ
(١٣٤) وَٱلَّذِينَ إِذَا فَعَلُوا۟ فَـٰحِشَةً أَوْ ظَلَمُوٓا۟
أَنفُسَهُمْ ذَكَرُوا۟ ٱللَّهَ فَٱسْتَغْفَرُوا۟ لِذُنُوبِهِمْ وَمَن
يَغْفِرُ ٱلذُّنُوبَ إِلَّا ٱللَّهُ وَلَمْ يُصِرُّوا۟ عَلَىٰ مَا
فَعَلُوا۟ وَهُمْ يَعْلَمُونَ (١٣٥) أُو۟لَـٰٓئِكَ جَزَآؤُهُم
مَّغْفِرَةٌ مِّن رَّبِّهِمْ وَجَنَّـٰتٌ تَجْرِى مِن تَحْتِهَا
ٱلْأَنْهَـٰرُ خَـٰلِدِينَ فِيهَا ۚ وَنِعْمَ أَجْرُ ٱلْعَـٰمِلِينَ
(١٣٦) قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِكُمْ سُنَنٌ فَسِيرُوا۟ فِى
ٱلْأَرْضِ فَٱنظُرُوا۟ كَيْفَ كَانَ عَـٰقِبَةُ ٱلْمُكَذِّبِينَ
(١٣٧) هَـٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَمَوْعِظَةٌ
لِّلْمُتَّقِينَ (١٣٨) وَلَا تَهِنُوا۟ وَلَا تَحْزَنُوا۟ وَأَنتُمُ
ٱلْأَعْلَوْنَ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ (١٣٩)

اور (اے میرے حبیبؐ) جب تم صبح اپنے اہلبیتؑ سے نکلے، مؤمنین کو (میدانِ احد میں) لڑائی کیلئے (مختلف) جگہوں پر مامور کر رہے تھے، اور اللہ سب سننے والا سب جاننے والا ہے۔ جب تم میں سے دو گروہ مائل ہو گئے کہ حوصلہ چھوڑ دیں، اور اللہ ان دونوں کا ولی تھا؛ لہذا اللہ پر ہی مؤمنین کو توکل کرنا چاہیئے۔ اور (اس سے پہلے) اللہ نے بدر میں بھی تمہاری نصرت کی تھی حالانکہ تم بہت کمزور (قلیل) تھے، پس اللہ سے ڈرو تاکہ تم شکر کرو۔ جب تم نے مؤمنین سے کہا کیا تمہارے لئے کافی نہیں کہ تمہارا رب تین ہزار نازل کردہ ملائکہ کے ساتھ تمہاری مدد فرمائے؟ کیوں نہیں، اگر تم صبر کرو اور تم تقویٰ اختیار کرو اور وہ (دشمن) تم پر یکبار (حملہ آور ہو کر) آ جائیں تو تمہارا رب پانچ ہزار نشان یافتہ (سفید عماموں والے) ملائکہ سے تمہاری مدد کرے گا۔ اور اللہ نے اسے نہیں بنایا مگر تمہارے لئے بشارت اور تمہارے قلوب کو اس سے مطمئن کرنے کیلئے؛ اور کوئی نصرت نہیں سوائے زبردست حکیم اللہ کے پاس سے۔ تاکہ وہ ایک حصہ قطع کردے ان لوگوں کا جنہوں نے کفر کیا یا وہ ان کو ذلیل کرے تو وہ نامراد ہو کر پسپا ہو جائیں۔ تمہارے لئے اس امر میں کچھ نہیں (یعنی حبیبؐ تم ولایتِ علیؑ کی مخالفت کی فکر نہ کرو)، کہ وہ ان کی توبہ قبول کرے یا وہ ان کو عذاب دے پس بیشک وہ ظالم ہیں۔ اور اللہ کیلئے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے؛ وہ بخش دیتا ہے جس کیلئے چاہتا ہے اور وہ عذاب دیتا ہے جسے چاہے؛ اور اللہ غفور و رحیم ہے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو سود نہ کھاؤ کئی گنا بڑھایا ہوا (سود مرکب)، اور اللہ سے ڈرو تاکہ تم فلاح پا سکو۔ اور بچو اس نار سے جو کافروں کیلئے تیار کی گئی ہے۔ اور اللہ اور رسولؐ کی اطاعت کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ اور سرعت کرو اپنے رب کی مغفرت کی طرف اور جنت (کی طرف) جس کا عرض (وسعت) آسمانوں اور زمین (جتنا) ہے، جو متقین کیلئے تیار کی گئی ہے۔ جو لوگ خوشی اور غمی میں خرچ کرتے ہیں اور غصہ پی جاتے ہیں اور لوگوں سے درگذر کرتے ہیں؛ اور اللہ محسنین سے محبت کرتا ہے۔ اور جو لوگ جب ان سے کوئی بےحیائی ہو جاتی ہے یا وہ اپنے آپ پر ظلم کر لیتے ہیں تو اللہ کا ذکر کرتے ہیں اور اپنے گناہوں کیلئے استغفار کرتے ہیں، اور اللہ کے سوا کون گناہ بخش سکتا ہے؟ اور جو فعل انہوں نے کیا اس پر اصرار نہیں کرتے اور وہ جانتے ہیں۔ یہ وہی لوگ ہیں ان کی جزا ان کے رب کی طرف سے مغفرت اور جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور کیا (اچھا) اجر ہے (نیک) عمل کرنے والوں کا۔ یقیناً تم سے پہلے کئی مثالیں گذر چکی ہیں، پس زمین میں چلو پھرو اور دیکھو کہ جھٹلانے والوں کا انجام کیسا ہوا۔ یہ (قرآن) لوگوں کیلئے واضح بیان ہے اور متقین کیلئے ہدایت اور نصیحت ہے۔ اور دل شکستہ نہ ہو اور نہ ہی غم کرو اور تم غالب رہو گے اگر تم مؤمنین ہو۔

140.If you have suffered a wound – so the people [opponents] have already suffered a wound similar to it. And those [such] days [of varying conditions] We alternate among the people so that Allah may make evident those who believe and He take from among you martyrs – and Allah does not like the wrongdoers –

141.And that Allah may purify the believers [through trials] and destroy the disbelievers.

142.Or do you think that you will enter Paradise while Allah has not yet made evident those of you who strive hard [in His cause] and made evident those who are steadfast?

143.And you certainly wished for death [i.e. martyrdom] before you encountered it, so you have [now] seen it and you were looking on.

144.Mohammad [sawaw] is not but a Rasool. [Other] Rasools have passed on before him. So if he passes away rather gets martyred [by poisoning], would you turn back on your heels [to unbelief]? And he who turns back on his heels will never harm Allah at all; and Allah will reward the grateful [i.e. Maola Ali swsa].

145.And it is not [possible] for one to die except by permission of Allah at a prescribed term. And whoever desires the reward of this world – We will give him thereof; and whoever desires the reward of the Hereafter – We will give him thereof. And We will reward the grateful.

146.And how many a prophet fought with whom were many religious scholars. So they never lost courage due to what befell them in the way of Allah, and they did not weaken nor surrendered. And Allah loves the steadfast.

147.And their words were not but that they said, "Our Rabb, forgive us our sins and the excess [committed] in our affairs and plant firmly our feet and help us against the disbelieving people."

148.So Allah gave them the reward of this world and the good reward of the Hereafter. And Allah loves the doers of good.

149.O you who believe, if you obey those who disbelieve, they will turn you back on your heels, then you will become losers.

150.But Allah is your Maola [Guardian], and He is the Best of helpers.

151.We will cast terror into the hearts of those [Quraysh] who disbelieve for what they have associated with Allah for which He has not sent down [any] authority. And their refuge will be the Fire, and wretched is the residence of the wrongdoers.

152.And Allah had certainly fulfilled His promise [of help] to you when you were killing them [i.e. the enemy] by His permission until [the time] when you lost courage and fell to disputing about the order [given by the Rasool sawaw] and disobeyed after He had shown you that [war booty] which you love. Among you are some who desire this world, and among you are some who desire the Hereafter. Then He turned you back from them [defeated] that He might test you. And He has already forgiven you, and Allah is the possessor of bounty for the believers.

153.[Remember] when you [people fled leaving the Rasool sawaw behind and] climbed [the mountain] without looking aside at anyone while the Rasool [sawaw] was calling you from behind. So He gave you sorrow upon sorrow so you would not grieve for that which had escaped you [of victory & war booty] nor for that which had befallen you [of injury and death]. And Allah is [fully] Acquainted with what you do.

إِن يَمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ ٱلْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهُۥ ۚ
وَتِلْكَ ٱلْأَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ ٱلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ ٱللَّهُ
ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَيَتَّخِذَ مِنكُمْ شُهَدَآءَ ۗ وَٱللَّهُ لَا يُحِبُّ
ٱلظَّٰلِمِينَ (١٤٠) وَلِيُمَحِّصَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟
وَيَمْحَقَ ٱلْكَٰفِرِينَ (١٤١) أَمْ حَسِبْتُمْ أَن تَدْخُلُوا۟
ٱلْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ جَٰهَدُوا۟ مِنكُمْ وَيَعْلَمَ
ٱلصَّٰبِرِينَ (١٤٢) وَلَقَدْ كُنتُمْ تَمَنَّوْنَ ٱلْمَوْتَ
مِن قَبْلِ أَن تَلْقَوْهُ فَقَدْ رَأَيْتُمُوهُ وَأَنتُمْ تَنظُرُونَ
(١٤٣) وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُولٌ قَدْ خَلَتْ مِن
قَبْلِهِ ٱلرُّسُلُ ۚ أَفَإِي۟ن مَّاتَ أَوْ قُتِلَ ٱنقَلَبْتُمْ عَلَىٰٓ
أَعْقَٰبِكُمْ ۚ وَمَن يَنقَلِبْ عَلَىٰ عَقِبَيْهِ فَلَن يَضُرَّ ٱللَّهَ
شَيْـًٔا ۗ وَسَيَجْزِى ٱللَّهُ ٱلشَّٰكِرِينَ (١٤٤) وَمَا
كَانَ لِنَفْسٍ أَن تَمُوتَ إِلَّا بِإِذْنِ ٱللَّهِ كِتَٰبًا
مُّؤَجَّلًا ۗ وَمَن يُرِدْ ثَوَابَ ٱلدُّنْيَا نُؤْتِهِۦ مِنْهَا وَمَن
يُرِدْ ثَوَابَ ٱلْءَاخِرَةِ نُؤْتِهِۦ مِنْهَا ۚ وَسَنَجْزِى
ٱلشَّٰكِرِينَ (١٤٥) وَكَأَيِّن مِّن نَّبِىٍّ قَٰتَلَ مَعَهُۥ
رِبِّيُّونَ كَثِيرٌ فَمَا وَهَنُوا۟ لِمَآ أَصَابَهُمْ فِى سَبِيلِ
ٱللَّهِ وَمَا ضَعُفُوا۟ وَمَا ٱسْتَكَانُوا۟ ۗ وَٱللَّهُ يُحِبُّ
ٱلصَّٰبِرِينَ (١٤٦) وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ إِلَّآ أَن قَالُوا۟
رَبَّنَا ٱغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَإِسْرَافَنَا فِىٓ أَمْرِنَا وَثَبِّتْ
أَقْدَامَنَا وَٱنصُرْنَا عَلَى ٱلْقَوْمِ ٱلْكَٰفِرِينَ
(١٤٧) فَـَٔاتَىٰهُمُ ٱللَّهُ ثَوَابَ ٱلدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ
ٱلْءَاخِرَةِ ۗ وَٱللَّهُ يُحِبُّ ٱلْمُحْسِنِينَ (١٤٨) يَٰٓأَيُّهَا
ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟ إِن تُطِيعُوا۟ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟
يَرُدُّوكُمْ عَلَىٰٓ أَعْقَٰبِكُمْ فَتَنقَلِبُوا۟ خَٰسِرِينَ
(١٤٩) بَلِ ٱللَّهُ مَوْلَىٰكُمْ ۖ وَهُوَ خَيْرُ ٱلنَّٰصِرِينَ
(١٥٠) سَنُلْقِى فِى قُلُوبِ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ ٱلرُّعْبَ
بِمَآ أَشْرَكُوا۟ بِٱللَّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِۦ سُلْطَٰنًا ۖ
وَمَأْوَىٰهُمُ ٱلنَّارُ ۖ وَبِئْسَ مَثْوَى ٱلظَّٰلِمِينَ (١٥١)
وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ ٱللَّهُ وَعْدَهُۥٓ إِذْ تَحُسُّونَهُم بِإِذْنِهِۦ ۖ
حَتَّىٰٓ إِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَٰزَعْتُمْ فِى ٱلْأَمْرِ وَعَصَيْتُم
مِّنۢ بَعْدِ مَآ أَرَىٰكُم مَّا تُحِبُّونَ ۚ مِنكُم مَّن يُرِيدُ
ٱلدُّنْيَا وَمِنكُم مَّن يُرِيدُ ٱلْءَاخِرَةَ ۚ ثُمَّ صَرَفَكُمْ
عَنْهُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ ۖ وَلَقَدْ عَفَا عَنكُمْ ۗ وَٱللَّهُ ذُو فَضْلٍ
عَلَى ٱلْمُؤْمِنِينَ (١٥٢) ۞ إِذْ تُصْعِدُونَ وَلَا
تَلْوُۥنَ عَلَىٰٓ أَحَدٍ وَٱلرَّسُولُ يَدْعُوكُمْ فِىٓ
أُخْرَىٰكُمْ فَأَثَٰبَكُمْ غَمًّۢا بِغَمٍّ لِّكَيْلَا تَحْزَنُوا۟ عَلَىٰ
مَا فَاتَكُمْ وَلَا مَآ أَصَٰبَكُمْ ۗ وَٱللَّهُ خَبِيرٌۢ بِمَا
تَعْمَلُونَ (١٥٣)

اگر تمہیں زخم لگا ہے تو یقیناً اسی کی مثل اس قوم کو بھی زخم لگا ہے؛ اور یہ ایام ہم لوگوں کے درمیان پھیرتے رہتے ہیں تاکہ اللہ معلوم (ظاہر) کرے کہ کون لوگ ایمان لائے ہیں اور ان میں سے کچھ شہید بنا لے؛ اور اللہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا۔ اور تاکہ جو لوگ ایمان لائے ہیں اللہ ان کو (آزمائش سے) خالص کردے اور کافروں کو مٹا دے۔ کیا تمہارا خیال ہے کہ تم جنت میں داخل ہو جاؤ گے حالانکہ ابھی اللہ نے تم میں سے ان لوگوں کو معلوم (ظاہر) نہیں کیا جنہوں نے جہاد کیا اور صابرین کو معلوم (ظاہر) کر لے۔ اور یقیناً تم موت (لڑمرنے) کی تمنا کر رہے تھے قبل اس کے کہ تم اس سے ملاقات کرو، پس تم نے اسے دیکھ لیا ہے بلکہ تم کھلی آنکھوں سے دیکھ رہے تھے۔ اور محمدؐ نہیں ہیں سوائے رسول کے، یقیناً ان سے پہلے بھی رسول گذر چکے ہیں؛ پس اگر وہ فوت ہو جائیں بلکہ (زہر سے) قتل کر دیئے جائیں تو تم اپنی ایڑیوں پر پھر جاؤ گے؛ اور جو اپنی ایڑیوں پر پھر جائے گا تو وہ اللہ کو ہرگز کچھ ضرر نہیں پہنچا سکتا؛ اور اللہ شاکرین (مولا علیؑ) کو عنقریب جزا دے گا۔ اور کسی نفس کیلئے (ممکن) نہیں کہ اللہ کے اذن کے بغیر مر جائے، لکھی مکتوب مدت (کے مطابق)۔ اور جو ثوابِ دنیا (دنیا میں اجر) چاہے گا اسے ہم اس سے دیں گے، اور جو ثوابِ آخرت چاہے گا اسے ہم اس سے دیں گے، اور عنقریب ہم شاکرین کو جزا دیں گے۔ اور کتنے ہی نبی تھے جن کے ساتھ مل کر اللہ والوں نے جنگ کی، تو اللہ کی سبیل میں جو مصیبتیں ان پر پڑیں ان سے وہ دل شکستہ نہیں ہوئے اور نہ انہوں نے کمزوری دکھائی اور نہ سرنگوں ہوئے (نہ ہتھیار ڈالے)؛ اور اللہ صابرین سے محبت کرتا ہے۔ ان کا قول اس کے سوا کچھ نہ تھا کہ اے ہمارے رب ہمارے گناہوں اور ہمارے کام میں ہماری بےاعتدالیوں (اسراف) کو بخش دے اور ہمیں ثابت قدم رکھ اور کافروں کی قوم کے خلاف ہماری نصرت فرما۔ تو اللہ نے ان کو دنیا کا ثواب بھی دیا اور اس سے بہتر ثوابِ آخرت بھی؛ اور اللہ محسنین سے محبت کرتا ہے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو اگر تم ان لوگوں کی اطاعت کرو گے جنہوں نے کفر کیا وہ تمہیں تمہاری ایڑیوں پر پھیر دیں گے تو تم خاسرین میں بدل (منقلب ہو) جاؤ گے۔ بلکہ اللہ تمہارا مولا ہے، اور وہ ناصرین میں سب سے بہترین ہے۔ جن لوگوں نے کفر کیا ہے ہم عنقریب ان (قریش) کے قلوب میں رعب ڈال دیں گے اس لئے کہ انہوں نے اللہ کے ساتھ شرک کیا ہے جس کی کوئی دلیل نازل نہیں کی گئی، اور ان کی پناہ گاہ نار ہے؛ اور ظالموں کا بہت برا ٹھکانا ہے۔ اور اللہ نے تم سے اپنا (نصرت کا) وعدہ سچا کر دکھایا جب تم ان کو اللہ کے اذن سے جان سے مار رہے تھے حتیٰ کہ جب تم ہمت ہار گئے اور تم نے (رسولؐ کے) امر میں تنازعہ کیا اور نافرمانی کی اس کے بعد کہ تمہیں اللہ نے وہ کچھ (مال غنیمت) دکھا دیا جس سے تم محبت کرتے تھے؛ تم میں سے کچھ دنیا کو چاہتے تھے اور تم میں سے کچھ آخرت کو چاہتے تھے، پھر اس نے تمہیں ان (کافروں) سے (پسپائی میں) پھیر دیا تاکہ وہ تمہیں آزمائے، اور بیشک اللہ نے (پھر بھی) تمہیں معاف کر دیا؛ اور اللہ مؤمنین پر بڑا فضل کرنے والا ہے۔ جب تم (رسولؐ کو چھوڑ کر فرار ہوکر پہاڑوں پر) چڑھ رہے تھے اور تم کسی کی طرف پلٹ کر بھی نہیں دیکھتے تھے اور رسولؐ تمہارے پیچھے تمہیں بلا رہا تھا، تو اللہ نے تم کو غم پر غم پہنچایا تاکہ تم (آیندہ) غمگین نہ ہو اس چیز (مالِ غنیمت) پر جو تمہارے ہاتھ سے جائے اور جو مصیبت تم پر پڑے؛ اور اللہ اس سے باخبر ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔

98. Except for the oppressed [weak minded] among men, women, and children who cannot devise a plan [against Kufr] nor are they find a way [to escape towards Eman] –
99. For those it is expected that Allah will pardon them, and Allah is ever Pardoning and Forgiving.
100. And whoever emigrates for the Sabeel of Allah [who does Jihad for the Imam swsa] will find on the earth many places of refuge and abundance [of provision]. And whoever leaves his home as an emigrant to Allah and His Rasool and then death overtakes him – then his reward has already become incumbent upon Allah. And Allah is ever Forgiving and Merciful.
101. And when you travel through the land, there is no blame [i.e. it is obligatory] upon you for shortening the Salaat [especially] if you fear that those who disbelieve may disrupt [or attack] you. Indeed, the disbelievers are ever to you a clear enemy.
102. And when you [O Habib sawaw] are among them and lead them in prayer, let a group of them stand [in prayer] with you and let them carry their arms. And when they have prostrated, let them be [in position] behind you and have the other group come forward which has not [yet] prayed and let them pray with you, taking precaution and carrying their arms. Those who disbelieve wish that you would neglect your weapons and your baggage so they could come down upon you in one [single] attack. But there is no blame upon you, if you are troubled by rain or are ill, for putting down your arms, but take precaution. Indeed, Allah has prepared for the disbelievers a humiliating punishment.

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ إِذَا ضَرَبۡتُمۡ فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ
فَتَبَيَّنُواْ وَلَا تَقُولُواْ لِمَنۡ أَلۡقَىٰٓ إِلَيۡكُمُ ٱلسَّلَٰمَ
لَسۡتَ مُؤۡمِنٗا تَبۡتَغُونَ عَرَضَ ٱلۡحَيَوٰةِ ٱلدُّنۡيَا فَعِندَ
ٱللَّهِ مَغَانِمُ كَثِيرَةٞۚ كَذَٰلِكَ كُنتُم مِّن قَبۡلُ فَمَنَّ
ٱللَّهُ عَلَيۡكُمۡ فَتَبَيَّنُوٓاْۚ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ بِمَا تَعۡمَلُونَ
خَبِيرٗا (٩٤) لَّا يَسۡتَوِي ٱلۡقَٰعِدُونَ مِنَ ٱلۡمُؤۡمِنِينَ
غَيۡرُ أُوْلِي ٱلضَّرَرِ وَٱلۡمُجَٰهِدُونَ فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ
بِأَمۡوَٰلِهِمۡ وَأَنفُسِهِمۡۚ فَضَّلَ ٱللَّهُ ٱلۡمُجَٰهِدِينَ
بِأَمۡوَٰلِهِمۡ وَأَنفُسِهِمۡ عَلَى ٱلۡقَٰعِدِينَ دَرَجَةٗۚ وَكُلّٗا
وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلۡحُسۡنَىٰۚ وَفَضَّلَ ٱللَّهُ ٱلۡمُجَٰهِدِينَ عَلَى
ٱلۡقَٰعِدِينَ أَجۡرًا عَظِيمٗا (٩٥) دَرَجَٰتٖ مِّنۡهُ
وَمَغۡفِرَةٗ وَرَحۡمَةٗۚ وَكَانَ ٱللَّهُ غَفُورٗا رَّحِيمًا
(٩٦) إِنَّ ٱلَّذِينَ تَوَفَّىٰهُمُ ٱلۡمَلَٰٓئِكَةُ ظَالِمِيٓ أَنفُسِهِمۡ
قَالُواْ فِيمَ كُنتُمۡۖ قَالُواْ كُنَّا مُسۡتَضۡعَفِينَ فِي
ٱلۡأَرۡضِۚ قَالُوٓاْ أَلَمۡ تَكُنۡ أَرۡضُ ٱللَّهِ وَٰسِعَةٗ
فَتُهَاجِرُواْ فِيهَاۚ فَأُوْلَٰٓئِكَ مَأۡوَىٰهُمۡ جَهَنَّمُۖ وَسَآءَتۡ
مَصِيرًا (٩٧) إِلَّا ٱلۡمُسۡتَضۡعَفِينَ مِنَ ٱلرِّجَالِ
وَٱلنِّسَآءِ وَٱلۡوِلۡدَٰنِ لَا يَسۡتَطِيعُونَ حِيلَةٗ وَلَا
يَهۡتَدُونَ سَبِيلٗا (٩٨) فَأُوْلَٰٓئِكَ عَسَى ٱللَّهُ أَن
يَعۡفُوَ عَنۡهُمۡۚ وَكَانَ ٱللَّهُ عَفُوًّا غَفُورٗا (٩٩) ۞
وَمَن يُهَاجِرۡ فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ يَجِدۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ
مُرَٰغَمٗا كَثِيرٗا وَسَعَةٗۚ وَمَن يَخۡرُجۡ مِنۢ بَيۡتِهِۦ
مُهَاجِرًا إِلَى ٱللَّهِ وَرَسُولِهِۦ ثُمَّ يُدۡرِكۡهُ ٱلۡمَوۡتُ
فَقَدۡ وَقَعَ أَجۡرُهُۥ عَلَى ٱللَّهِۗ وَكَانَ ٱللَّهُ غَفُورٗا
رَّحِيمٗا (١٠٠) وَإِذَا ضَرَبۡتُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ فَلَيۡسَ
عَلَيۡكُمۡ جُنَاحٌ أَن تَقۡصُرُواْ مِنَ ٱلصَّلَوٰةِ إِنۡ خِفۡتُمۡ
أَن يَفۡتِنَكُمُ ٱلَّذِينَ كَفَرُوٓاْۚ إِنَّ ٱلۡكَٰفِرِينَ كَانُواْ لَكُمۡ
عَدُوّٗا مُّبِينٗا (١٠١) وَإِذَا كُنتَ فِيهِمۡ فَأَقَمۡتَ لَهُمُ
ٱلصَّلَوٰةَ فَلۡتَقُمۡ طَآئِفَةٞ مِّنۡهُم مَّعَكَ وَلۡيَأۡخُذُوٓاْ
أَسۡلِحَتَهُمۡۖ فَإِذَا سَجَدُواْ فَلۡيَكُونُواْ مِن وَرَآئِكُمۡ
وَلۡتَأۡتِ طَآئِفَةٌ أُخۡرَىٰ لَمۡ يُصَلُّواْ فَلۡيُصَلُّواْ مَعَكَ
وَلۡيَأۡخُذُواْ حِذۡرَهُمۡ وَأَسۡلِحَتَهُمۡۗ وَدَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ
لَوۡ تَغۡفُلُونَ عَنۡ أَسۡلِحَتِكُمۡ وَأَمۡتِعَتِكُمۡ فَيَمِيلُونَ
عَلَيۡكُم مَّيۡلَةٗ وَٰحِدَةٗۚ وَلَا جُنَاحَ عَلَيۡكُمۡ إِن كَانَ
بِكُمۡ أَذٗى مِّن مَّطَرٍ أَوۡ كُنتُم مَّرۡضَىٰٓ أَن تَضَعُوٓاْ
أَسۡلِحَتَكُمۡۖ وَخُذُواْ حِذۡرَكُمۡۗ إِنَّ ٱللَّهَ أَعَدَّ لِلۡكَٰفِرِينَ
عَذَابٗا مُّهِينٗا (١٠٢)

اے لوگو جو ایمان لائے ہو جب تم اللہ کی سبیل میں چل پڑو تو تحقیق کر لیا کرو اور جو تمہیں سلام پیش کرے (یعنی کلمۂ طیبہ پڑھ لے) اسے تم نہ کہو کہ تم مؤمن نہیں ہو (اور اسے قتل کر دو)، (تاکہ) تم حیاتِ دنیا کا سامان حاصل کرلو، پس اللہ کے پاس بہت سارے اثاثے ہیں؛ تم بھی پہلے اسی طرح تھے پھر اللہ نے تم پر احسان کر دیا لہٰذا تم تحقیق کر لیا کرو؛ بیشک اللہ اس سے باخبر ہے جو تم کر رہے ہو۔ مؤمنین میں سے معذور لوگوں کے سوا بیٹھ رہنے والے اور اللہ کی سبیل میں اپنے اموال اور اپنے نفسوں سے جہاد کرنے والے برابر نہیں ہیں؛ اپنے اموال اور اپنے نفسوں سے جہاد کرنے والوں کو اللہ نے بیٹھے رہنے والوں پر درجہ میں فضیلت دی ہے؛ اور سب سے اللہ نے بھلائی کا وعدہ کیا ہے؛ مگر اللہ نے مجاہدین کو قاعدین پر اجرِ عظیم کی فضیلت دی ہے۔ اس کی طرف سے درجات اور مغفرت اور رحمت؛ اور اللہ ہمیشہ سے غفور و رحیم ہے۔ بیشک جن لوگوں کو ملائکہ وفات دیتے ہیں جبکہ وہ اپنے نفسوں پر ظلم کر رہے ہوتے ہیں (جو ولایتِ علیؑ کے حق میں نہیں لڑتے)، (ملائکہ) کہتے ہیں تم کس (دین) میں تھے؟ وہ کہتے ہیں ہمیں زمین میں کمزور بنا دیا گیا تھا (یعنی پتہ نہیں تھا حق کدھر ہے)؛ وہ (ملائکہ) کہتے ہیں کیا اللہ کی زمین وسیع نہ تھی کہ تم اس میں ہجرت کر جاتے (یعنی اللہ کا دین اور کتاب اتنی واضح تھی پھر بھی تمہیں نظر نہ آیا)؛ ان لوگوں کی پناہ گاہ جہنم ہے اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے۔ سوائے ان (عقل میں) کمزور مردوں اور عورتوں اور بچوں کے جو کوئی حیلہ (کفر کے خلاف تدبیر) کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے اور (ایمان کی طرف نکلنے کا) کوئی راستہ نہیں پاتے۔ تو ہو سکتا ہے اللہ ان لوگوں کو معاف کردے؛ اور اللہ ہمیشہ سے معاف کرنے والا بخشنے والا ہے۔ اور جو اللہ کی سبیل میں ہجرت کرے گا (امامؑ کے حق میں جہاد کرے گا) وہ زمین میں کثیر پناہ گاہیں اور وسعتِ (رزق) پائے گا؛ اور جو اپنے گھر سے اللہ اور اس کے رسولؐ کی طرف مہاجر بن کر نکلے گا پھر اسکو موت پا لے تو یقیناً اس کا اجر اللہ پر واقع ہو گیا؛ اور اللہ ہمیشہ سے غفور و رحیم ہے۔ جب تم زمین میں چل نکلو تو تم پر کوئی الزام نہیں کہ تم صلاۃ میں قصر کرو (یعنی قصر واجب ہے)، اگر تمہیں خوف ہو کہ جن لوگوں نے کفر کیا ہے وہ تمہیں فتنہ میں ڈال دیں گے؛ بیشک کفار تمہارے کھلے دشمن ہیں۔ اور (اے حبیبؐ) جب تم ان میں موجود ہو اور تم ان کیلئے صلاۃ قائم کرو تو ان میں سے ایک گروہ تمہارے ساتھ کھڑا ہو جائے اور وہ اپنا اسلحہ لئے رہیں، پھر جب وہ سجدہ کرلیں تو وہ تمہارے پیچھے ہو جائیں (جنگی پوزیشن میں) اور دوسرا گروہ (آگے) آئے جس نے صلاۃ نہیں پڑھی اور وہ تمہارے ساتھ صلاۃ پڑھے اور اپنا سامان حفاظت اور اپنا اسلحہ لئے رہیں، جن لوگوں نے کفر کیا ہے ان کی تمنا ہے کہ اگر تم اپنے اسلحہ اور اپنے سامان سے غافل ہو جاؤ تو وہ تم پر یکبارگی حملہ کر دیں؛ اور تم پر کوئی الزام نہیں کہ اگر تمہیں بارش کی وجہ سے تکلیف ہو یا تم مریض ہو تو تم اپنا اسلحہ (اتار کر) رکھ دو مگر حفاظتی سامان لئے رہو؛ بیشک اللہ نے کافروں کیلئے ذلیل کرنے والا عذاب تیار کر رکھا ہے۔

103. And when you have completed the Salaat, remember Allah standing, sitting, or [lying] on your sides. But when you become secure, then establish [regular] Salaat. Indeed, Salaat has been prescribed upon the believers a decree of specified times.
104. And do not weaken in pursuit of the enemy. If you are suffering pain – so are they suffering as you are suffering, but you expect from Allah that which they expect not. And Allah is ever Knowing and Wise.
105. Indeed, We have revealed to you, [O Mohammad sawaw], the Book with the Haqq so you may judge between the people by that which Allah has shown you. And do not be for the deceitful an advocate.
106. And seek forgiveness of Allah. Indeed, Allah is ever Forgiving and Merciful.
107. And do not argue on behalf of those who deceive themselves. Indeed, Allah loves not one who is a habitually sinful deceiver.
108. They conceal [their evil intentions and deeds] from the people, but they cannot conceal from Allah, and He [the Omnipresent] is with them when they [Fulan & company] spend the night in such speech He does not like. And ever is Allah, of what they do, encompassing.
109. Here you are – those who argue on their behalf in [this] worldly life – but who will argue with Allah for them on the Day of Qiyamah, or who will [then] be their advocate?
110. And whoever does a wrong or wrongs himself but then seeks forgiveness of Allah will find Allah Forgiving and Merciful.
111. And whoever earns [i.e. commits] a sin only earns it against himself. And Allah is ever Knowing and Wise.
112. But whoever earns a mistake or a sin and then blames it on an innocent [person] has taken upon himself a slander and manifest sin.
113. And if it was not for the favour of Allah upon you, and His mercy, a group of them would have determined to mislead you. But they do not mislead except themselves, and they will not harm you at all. And Allah has revealed to you the Book and wisdom and has taught you that which you did not know. And ever has the favour of Allah upon you been great.
114. No good is there in much of their private conversation, except for those who enjoin charity or that which is right or conciliation between people. And whoever does that seeking means to the approval of Allah – then We are going to give him a great reward.
115. And whoever opposes the Rasool after guidance has become clear to him and follows other than the way of the believers – We will turn him to what he has turned [himself to self-appointed imam] and cast him into Hell, and it is an evil destination.
116. Indeed, Allah does not forgive association with Him, but He forgives what is other than that for whom He wills. And he who associates others with Allah has certainly gone far astray.
117. They call upon instead of Him none but female [deities][i.e. whoever calls himself Amirul Momineen except Maola Ali swsa, he is not a real man rather he is catamite], and they [actually] call upon none but a rebellious Shaitan,

فَإِذَا قَضَيْتُمُ ٱلصَّلَوٰةَ فَٱذْكُرُوا۟ ٱللَّهَ قِيَـٰمًا
وَقُعُودًا وَعَلَىٰ جُنُوبِكُمْ ۚ فَإِذَا ٱطْمَأْنَنتُمْ فَأَقِيمُوا۟
ٱلصَّلَوٰةَ ۚ إِنَّ ٱلصَّلَوٰةَ كَانَتْ عَلَى ٱلْمُؤْمِنِينَ كِتَـٰبًا
مَّوْقُوتًا (١٠٣) وَلَا تَهِنُوا۟ فِى ٱبْتِغَآءِ ٱلْقَوْمِ ۖ إِن
تَكُونُوا۟ تَأْلَمُونَ فَإِنَّهُمْ يَأْلَمُونَ كَمَا تَأْلَمُونَ ۖ
وَتَرْجُونَ مِنَ ٱللَّهِ مَا لَا يَرْجُونَ ۗ وَكَانَ ٱللَّهُ
عَلِيمًا حَكِيمًا (١٠٤) إِنَّآ أَنزَلْنَآ إِلَيْكَ ٱلْكِتَـٰبَ
بِٱلْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ ٱلنَّاسِ بِمَآ أَرَىٰكَ ٱللَّهُ ۚ وَلَا تَكُن
لِّلْخَآئِنِينَ خَصِيمًا (١٠٥) وَٱسْتَغْفِرِ ٱللَّهَ ۖ إِنَّ ٱللَّهَ
كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًا (١٠٦) وَلَا تُجَـٰدِلْ عَنِ
ٱلَّذِينَ يَخْتَانُونَ أَنفُسَهُمْ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ لَا يُحِبُّ مَن كَانَ
خَوَّانًا أَثِيمًا (١٠٧) يَسْتَخْفُونَ مِنَ ٱلنَّاسِ وَلَا
يَسْتَخْفُونَ مِنَ ٱللَّهِ وَهُوَ مَعَهُمْ إِذْ يُبَيِّتُونَ مَا لَا
يَرْضَىٰ مِنَ ٱلْقَوْلِ ۚ وَكَانَ ٱللَّهُ بِمَا يَعْمَلُونَ
مُحِيطًا (١٠٨) هَـٰٓأَنتُمْ هَـٰٓؤُلَآءِ جَـٰدَلْتُمْ عَنْهُمْ فِى
ٱلْحَيَوٰةِ ٱلدُّنْيَا فَمَن يُجَـٰدِلُ ٱللَّهَ عَنْهُمْ يَوْمَ ٱلْقِيَـٰمَةِ
أَم مَّن يَكُونُ عَلَيْهِمْ وَكِيلًا (١٠٩) وَمَن
يَعْمَلْ سُوٓءًا أَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهُۥ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ ٱللَّهَ
يَجِدِ ٱللَّهَ غَفُورًا رَّحِيمًا (١١٠) وَمَن يَكْسِبْ
إِثْمًا فَإِنَّمَا يَكْسِبُهُۥ عَلَىٰ نَفْسِهِۦ ۚ وَكَانَ ٱللَّهُ عَلِيمًا
حَكِيمًا (١١١) وَمَن يَكْسِبْ خَطِيٓـَٔةً أَوْ إِثْمًا ثُمَّ
يَرْمِ بِهِۦ بَرِيٓـًٔا فَقَدِ ٱحْتَمَلَ بُهْتَـٰنًا وَإِثْمًا مُّبِينًا
(١١٢) وَلَوْلَا فَضْلُ ٱللَّهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهُۥ
لَهَمَّت طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ أَن يُضِلُّوكَ وَمَا يُضِلُّونَ إِلَّآ
أَنفُسَهُمْ ۖ وَمَا يَضُرُّونَكَ مِن شَىْءٍ ۚ وَأَنزَلَ ٱللَّهُ
عَلَيْكَ ٱلْكِتَـٰبَ وَٱلْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُن تَعْلَمُ ۚ
وَكَانَ فَضْلُ ٱللَّهِ عَلَيْكَ عَظِيمًا (١١٣) ۞ لَّا
خَيْرَ فِى كَثِيرٍ مِّن نَّجْوَىٰهُمْ إِلَّا مَنْ أَمَرَ
بِصَدَقَةٍ أَوْ مَعْرُوفٍ أَوْ إِصْلَـٰحٍۭ بَيْنَ ٱلنَّاسِ ۚ وَمَن
يَفْعَلْ ذَٰلِكَ ٱبْتِغَآءَ مَرْضَاتِ ٱللَّهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيهِ
أَجْرًا عَظِيمًا (١١٤) وَمَن يُشَاقِقِ ٱلرَّسُولَ مِنۢ
بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ ٱلْهُدَىٰ وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيلِ
ٱلْمُؤْمِنِينَ نُوَلِّهِۦ مَا تَوَلَّىٰ وَنُصْلِهِۦ جَهَنَّمَ ۖ
وَسَآءَتْ مَصِيرًا (١١٥) إِنَّ ٱللَّهَ لَا يَغْفِرُ أَن
يُشْرَكَ بِهِۦ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَٰلِكَ لِمَن يَشَآءُ ۚ
وَمَن يُشْرِكْ بِٱللَّهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَـٰلًۢا بَعِيدًا
(١١٦) إِن يَدْعُونَ مِن دُونِهِۦٓ إِلَّآ إِنَـٰثًا وَإِن
يَدْعُونَ إِلَّا شَيْطَـٰنًا مَّرِيدًا (١١٧)

پھر جب تم صلاۃ ادا کرچکو تو اللہ کا ذکر کرو کھڑے ہوئے اور بیٹھے ہوئے اور پہلوؤں پر (لیٹے ہوئے)، پس جب تم اطمینان میں ہو تو صلاۃ قائم کرو، بیشک صلاۃ مؤمنین پر وقت کے ساتھ (فرض) ہے۔ اور (کافر) قوم کے تعاقب میں کمزوری نہ دکھاؤ؛ اگر تم الم (تکلیف) اٹھا رہے ہو تو بیشک وہ بھی تکلیف اٹھا رہے ہیں جسطرح تم تکلیف اٹھا رہے ہو، مگر تم اللہ سے وہ امید رکھتے ہو جو وہ امید نہیں رکھتے؛ اور اللہ سب جاننے والا حکمت والا ہے۔ بیشک ہم نے تمہاری طرف حق کے ساتھ کتاب نازل کی ہے تاکہ تم لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو جو اللہ تمہیں دکھاتا ہے؛ اور تم خائن لوگوں کی طرف سے جھگڑا کرنے والے نہ بنو۔ اور اللہ سے استغفار کرو؛ بیشک اللہ ہمیشہ سے غفور و رحیم ہے۔ اور تم ان لوگوں کی طرف سے جھگڑا نہ کرو جو اپنے نفسوں سے خیانت کرتے ہیں؛ بیشک اللہ عادی خیانت کرنے والے گناہگار کو پسند نہیں کرتا۔ وہ لوگوں سے چھپاتے ہیں مگر وہ اللہ سے نہیں چھپا سکتے، اور وہ ان کے ساتھ ہوتا ہے جب وہ (فلانے ڈھمکانے اور ان کے ساتھی) راتوں کو مشورے کرتے ہیں جو بات اللہ کو پسند نہیں ہے، اور اللہ احاطہ کئے ہوئے ہے جو وہ کر رہے ہیں۔ یہ تم ہی لوگ ہو جو دنیا کی زندگی میں ان کی طرف سے جھگڑا کرتے ہو، لیکن یومِ قیامت ان کی طرف سے اللہ سے کون جھگڑا کرے گا یا ان کا کون وکیل ہو گا۔ اور جو برائی کرے گا یا اپنے نفس پر ظلم کرے پھر وہ اللہ سے استغفار کرے تو وہ اللہ کو بخشنے والا رحم کرنے والا پائے گا۔ اور جو گناہ کمائے گا تو محض وہ اسے اپنے نفس کے خلاف کمائے گا؛ اور اللہ ہمیشہ سے سب جاننے والا حکمت والا ہے۔ اور جو غلطی یا گناہ کمائے گا پھر اس کا الزام کسی بےگناہ پر لگا دے تو یقیناً اس نے بہتان اور کھلے گناہ (کے بوجھ) کو اٹھا لیا۔ اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اسکی رحمت نہ ہوتی تو ان میں سے ایک گروہ نے یقیناً ارادہ کر لیا تھا کہ تمہیں گمراہ کریں، اور وہ گمراہ نہیں کرتے مگر اپنے نفسوں کو اور وہ تمہیں کچھ بھی ضرر نہیں پہنچا سکتے؛ اور اللہ نے تم پر کتاب اور حکمت نازل کی ہے اور تمہیں وہ علم دیا ہے جو تم نہیں جانتے تھے؛ اور اللہ کا تم پر عظیم فضل رہا ہے۔ ان کی اکثر سرگوشیوں میں خیر نہیں ہے سوائے اس کے جو صدقہ یا معروف (قرض) یا لوگوں کے درمیان اصلاح کرنے کا امر کرے؛ اور جو یہ اللہ کی مرضیاں حاصل کرنے کیلئے کرے تو عنقریب ہم اسے اجرِ عظیم عطا کریں گے۔ اور جو رسولؐ کی مخالفت کرے اس کے بعد کہ اس کیلئے ہدایت واضح ہو چکی ہے اور وہ مؤمنین کی سبیل کی بجائے کسی اور کا اتباع کرے تو ہم اسے اس (خود ساختہ امام کی) طرف پھیر دیں گے جس (خود ساختہ امام کی) طرف وہ پھر گیا ہے اور ہم اسے جہنم میں جھونک کر جلائیں گے؛ اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے۔ بیشک اللہ نہیں بخشے گا کہ تم اس کے ساتھ شریک کرو اور وہ بخش دے گا جو اس کے علاوہ ہے جس کیلئے چاہے گا؛ اور جو اللہ کے ساتھ شرک کرے گا تو وہ یقیناً دور کی گمراہی میں گم ہو گیا۔ وہ اللہ کے سوا نہیں پکارتے مگر مؤنثوں کو (یعنی جو مولا علیؑ کے سوا اپنے آپ کو امیر المؤمنین کہلوائے وہ مرد نہیں بلکہ منکوحہ ہوتا ہے)، اور وہ نہیں پکارتے مگر سرکش شیطان کو۔

118.Whom Allah has cursed. For he had said, "I will surely take from among Your servants a specific portion.
119.And I will mislead them, and I will arouse in them [sinful] desires, and I will command them so they will slit the ears of cattle, and I will command them so they will change the creation [Deen] of Allah [e.g. operation to change the gender].” And whoever takes Shaitan as Wali instead of Allah has certainly sustained a clear loss.
120.He [i.e. Shaitan] promises them and arouses desire in them. But Shaitan does not promise them except deception.
121.The refuge of those will be Hell, and they will not find from it any escape.
122.But the ones who believe and do righteous deeds – We will admit them to gardens beneath which rivers flow, wherein they will abide forever. [It is] the promise of Allah, [which is] the truth, and who is more truthful than Allah in statement.
123.It [i.e. Paradise] is not [obtained] by your wishful thinking nor by wishful thinking of the People of the Book. Whoever does a wrong will be recompensed for it, and he will not find besides Allah a guardian or a helper.
124.And whoever does righteous deeds, whether male or female, while being a believer – those will enter Paradise and will not be wronged, [even as much as] the speck on a date seed.
125.And who is better in religion than one who submits himself to Allah while being a doer of good and follows the religion of Ibraheem, inclining toward truth? And Allah took Ibraheem as a close friend.
126.And to Allah belongs whatever is in the heavens and whatever is on the earth. And ever is Allah, of all things, encompassing.
127.And they request from you, [O Mohammad sawaw], a [legal] ruling concerning women. Say, "Allah gives you Fatwa [a ruling] about them and [about] what has been recited to you in the Book concerning the orphan girls to whom you do not give what is decreed for them – and [yet] you desire to marry them – and concerning the oppressed among children and that you maintain for orphans [their rights] in justice." And whatever you do of good – indeed, Allah is ever Knowing of it.
128.And if a woman fears from her husband ill-conduct or desertion, there is no sin upon them if they make terms of settlement between them – and reconciliation is best. And present in [human] souls is stinginess. But if you do good and fear Allah – then indeed Allah is ever, with what you do, Acquainted.
129.And you will never be able to be equal between wives, even if you wish. So do not incline completely inclined [toward one] and leave another hanging. And if you amend [your affairs] and fear Allah – then indeed, Allah is ever Forgiving and Merciful.
130.But if they separate [by divorce], Allah will enrich each [of them] from His abundance. And ever is Allah Encompassing and Wise.

لَّعَنَهُ ٱللَّهُ ۘ وَقَالَ لَأَتَّخِذَنَّ مِنۡ عِبَادِكَ نَصِيبٗا
مَّفۡرُوضٗا (١١٨) وَلَأُضِلَّنَّهُمۡ وَلَأُمَنِّيَنَّهُمۡ
وَلَأٓمُرَنَّهُمۡ فَلَيُبَتِّكُنَّ ءَاذَانَ ٱلۡأَنۡعَٰمِ وَلَأٓمُرَنَّهُمۡ
فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلۡقَ ٱللَّهِۚ وَمَن يَتَّخِذِ ٱلشَّيۡطَٰنَ وَلِيّٗا مِّن
دُونِ ٱللَّهِ فَقَدۡ خَسِرَ خُسۡرَانٗا مُّبِينٗا (١١٩)
يَعِدُهُمۡ وَيُمَنِّيهِمۡۖ وَمَا يَعِدُهُمُ ٱلشَّيۡطَٰنُ إِلَّا غُرُورًا
(١٢٠) أُوْلَٰٓئِكَ مَأۡوَىٰهُمۡ جَهَنَّمُ وَلَا يَجِدُونَ عَنۡهَا
مَحِيصٗا (١٢١) وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ
ٱلصَّٰلِحَٰتِ سَنُدۡخِلُهُمۡ جَنَّٰتٖ تَجۡرِي مِن تَحۡتِهَا
ٱلۡأَنۡهَٰرُ خَٰلِدِينَ فِيهَآ أَبَدٗاۖ وَعۡدَ ٱللَّهِ حَقّٗاۚ وَمَنۡ
أَصۡدَقُ مِنَ ٱللَّهِ قِيلٗا (١٢٢) لَّيۡسَ بِأَمَانِيِّكُمۡ وَلَآ
أَمَانِيِّ أَهۡلِ ٱلۡكِتَٰبِۗ مَن يَعۡمَلۡ سُوٓءٗا يُجۡزَ بِهِۦ
وَلَا يَجِدۡ لَهُۥ مِن دُونِ ٱللَّهِ وَلِيّٗا وَلَا نَصِيرٗا
(١٢٣) وَمَن يَعۡمَلۡ مِنَ ٱلصَّٰلِحَٰتِ مِن ذَكَرٍ
أَوۡ أُنثَىٰ وَهُوَ مُؤۡمِنٞ فَأُوْلَٰٓئِكَ يَدۡخُلُونَ ٱلۡجَنَّةَ
وَلَا يُظۡلَمُونَ نَقِيرٗا (١٢٤) وَمَنۡ أَحۡسَنُ دِينٗا
مِّمَّنۡ أَسۡلَمَ وَجۡهَهُۥ لِلَّهِ وَهُوَ مُحۡسِنٞ وَٱتَّبَعَ مِلَّةَ
إِبۡرَٰهِيمَ حَنِيفٗاۗ وَٱتَّخَذَ ٱللَّهُ إِبۡرَٰهِيمَ خَلِيلٗا
(١٢٥) وَلِلَّهِ مَا فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِي ٱلۡأَرۡضِۚ
وَكَانَ ٱللَّهُ بِكُلِّ شَيۡءٖ مُّحِيطٗا (١٢٦)
وَيَسۡتَفۡتُونَكَ فِي ٱلنِّسَآءِۖ قُلِ ٱللَّهُ يُفۡتِيكُمۡ فِيهِنَّ
وَمَا يُتۡلَىٰ عَلَيۡكُمۡ فِي ٱلۡكِتَٰبِ فِي يَتَٰمَى ٱلنِّسَآءِ
ٱلَّٰتِي لَا تُؤۡتُونَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرۡغَبُونَ أَن
تَنكِحُوهُنَّ وَٱلۡمُسۡتَضۡعَفِينَ مِنَ ٱلۡوِلۡدَٰنِ وَأَن
تَقُومُواْ لِلۡيَتَٰمَىٰ بِٱلۡقِسۡطِۚ وَمَا تَفۡعَلُواْ مِنۡ خَيۡرٖ
فَإِنَّ ٱللَّهَ كَانَ بِهِۦ عَلِيمٗا (١٢٧) وَإِنِ ٱمۡرَأَةٌ
خَافَتۡ مِنۢ بَعۡلِهَا نُشُوزًا أَوۡ إِعۡرَاضٗا فَلَا جُنَاحَ
عَلَيۡهِمَآ أَن يُصۡلِحَا بَيۡنَهُمَا صُلۡحٗاۚ وَٱلصُّلۡحُ خَيۡرٞۗ
وَأُحۡضِرَتِ ٱلۡأَنفُسُ ٱلشُّحَّۚ وَإِن تُحۡسِنُواْ وَتَتَّقُواْ
فَإِنَّ ٱللَّهَ كَانَ بِمَا تَعۡمَلُونَ خَبِيرٗا (١٢٨) وَلَن
تَسۡتَطِيعُوٓاْ أَن تَعۡدِلُواْ بَيۡنَ ٱلنِّسَآءِ وَلَوۡ حَرَصۡتُمۡۖ
فَلَا تَمِيلُواْ كُلَّ ٱلۡمَيۡلِ فَتَذَرُوهَا كَٱلۡمُعَلَّقَةِۚ وَإِن
تُصۡلِحُواْ وَتَتَّقُواْ فَإِنَّ ٱللَّهَ كَانَ غَفُورٗا رَّحِيمٗا
(١٢٩) وَإِن يَتَفَرَّقَا يُغۡنِ ٱللَّهُ كُلّٗا مِّن سَعَتِهِۦۚ
وَكَانَ ٱللَّهُ وَٰسِعًا حَكِيمٗا (١٣٠)

اللہ نے اس پر لعنت کی ہے، اور اس نے کہا میں ضرور تیرے بندوں میں سے مقرر حصہ لوں گا۔ اور میں ضرور انہیں گمراہ کروں گا اور میں ضرور انہیں آرزوئیں دلاؤں (نفسانی خواہشات ابھاروں) گا اور میں ضرور انہیں حکم دوں گا تو یقیناً وہ جانوروں کے کان کاٹیں (چیر لگائیں) گے اور میں انہیں حکم دوں گا تو وہ اللہ کی تخلیق (دین اللہ) میں ضرور تغیر کر دیں گے (مثلاً تبدیلئ جنس کا اپریشن)؛ اور جس نے اللہ کی بجائے شیطان کو اپنا ولی بنا لیا تو یقیناً اسے صریح نقصان کا خسارہ ہوا۔ وہ ان سے وعدے کرتا ہے اور انہیں آرزوئیں دلاتا ہے؛ اور شیطان ان سے وعدے نہیں کرتا سوائے فریب کے۔ انہی لوگوں کی پناہ گاہ جہنم ہے، اور وہ اس سے کوئی راہِ فرار نہیں پائیں گے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور صالح اعمال کئے عنقریب ہم انہیں جنتوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں تاابد اس میں ہمیشہ رہیں گے؛ اللہ کا وعدہ حق ہے؛ اور بات میں اللہ سے بڑھ کر صادق کون ہے۔ (جنت) نہ تمہاری آرزوؤں سے ہے اور نہ اہل کتاب کی آرزوؤں سے؛ جو کوئی برائی کرے گا وہ اس کی جزا پائے گا، اور وہ اللہ کے علاوہ اپنے لئے کوئی ولی اور مدد گار نہیں پائے گا۔ اور جو صالح کاموں میں سے کرے گا مرد ہو یا عورت اور وہ مؤمن ہو تو وہی لوگ جنت میں داخل ہوں گے اور ان پر ذرہ برابر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ اور اس سے بڑھ کر کس کا دین بہتر ہے جس نے اپنا چہرہ اللہ کیلئے اطاعت میں جھکا دیا اور وہ محسن ہو اور ابراھیمؑ کے دین کا اتباع کرے جو صرف حق کی طرف مڑا ہوا تھا؛ اور اللہ نے ابراھیمؑ کو خلیل بنایا۔ اور اللہ کیلئے ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے؛ اور اللہ ہمیشہ سے ہر شئ کا احاطہ کرنے والا ہے۔ اور وہ تم سے عورتوں کے متعلق فتویٰ پوچھتے ہیں؛ کہہ دو اللہ تمہیں ان کے متعلق فتویٰ دیتا ہے، اور جو کتاب میں یتیم عورتوں کے متعلق تمہیں تلاوت کرکے سنائے جا رہے ہیں جن کو تم وہ (حقوق) نہیں دیتے جو ان کیلئے لکھے گئے ہیں لیکن تم رغبت رکھتے ہو کہ ان سے نکاح کرو اور کمزور (بے سہارا) بچے (ان کے متعلق فتویٰ)، اور یہ کہ تم یتیموں کیلئے انصاف پر قائم رہو؛ اور خیر میں سے جو بھی تم کرتے ہو تو بیشک اللہ ہمیشہ سے سب جانتا ہے۔ اور اگر کسی عورت کو اپنے شوہر کی طرف سے بدسلوکی یا بےرخی کا خوف ہو تو ان دونوں پر کوئی الزام نہیں کہ وہ اپنے مابین اصلاح کرکے (معاملات طے کرکے) صلح کر لیں اور صلح بہتر ہے؛ اور تنگ دلی (انسانی) نفسوں میں حاضر (موجود) رہتی ہے؛ اور اگر تم حسن سلوک کرو اور تم تقویٰ اختیار کرو تو بیشک اللہ ہمیشہ سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو۔ اور تم اپنی بیویوں کے درمیان عدل کرنے کی ہرگز استطاعت نہیں رکھتے اگرچہ تم حرص بھی کرو لہذا تم پوری طرح نہ جھک جاؤ کہ دوسری کو معلق چھوڑ دو؛ اور اگر تم اصلاح کرو اور تقویٰ کرو تو بیشک اللہ ہمیشہ سے غفور و رحیم ہے۔ اور اگر وہ (شوہر زوجہ) علیحدہ ہو جائیں تو ہر ایک کو اللہ اپنی وسعت سے بےنیاز کر دے گا؛ اور اللہ ہمیشہ سے وسعت والا حکمت والا ہے۔

131.And to Allah belongs whatever is in the heavens and whatever is on the earth. And We have instructed those who were given the Book before you and yourselves to fear Allah. But if you disbelieve – then to Allah belongs whatever is in the heavens and whatever is on the earth. And ever is Allah Free of need and Praiseworthy.

132.And to Allah belongs whatever is in the heavens and whatever is on the earth. And sufficient is Allah as Disposer of affairs.

133.If He wills, He can make you pass away, O people, and bring others [in your place]. And ever is Allah competent to do that.

134.Whoever desires the reward of this world – then with Allah is the reward of this world and the Hereafter. And ever is Allah Hearing and Seeing.

135.O you who believe, be persistently standing firm in justice, witnesses for Allah, even if it be against yourselves or parents and relatives. Whether one is rich or poor, Allah is more worthy of both. So follow not [personal] inclination, lest you not be just. And if you distort [your testimony] or refuse [to give it], then indeed Allah is ever, with what you do, Acquainted.

136.O you who believe, believe in Allah and His Rasool and the Book that He sent down upon His Rasool and the Book which He sent down before. And whoever disbelieves in Allah, His angels, His books, His Rasools, and the Last Day has certainly gone far astray.

137.Indeed, those who have believed [on invitation of the Rasool sawaw] then disbelieved [in declaration of Ghadeer], then believed [by paying allegiance to Ali swsa on the order of the Rasool sawaw] then disbelieved [by denying Wilayat e Ali swsa after martyrdom of the Rasool sawaw], and then increased in disbelief [by taking their own allegiance] – never will Allah forgive them, nor will He guide them to Sabeel.

138.Give tidings to the hypocrites that there is for them a painful punishment –

139.Those who take disbelievers as allies instead of the believers. Do they seek with them honour [through power]? But indeed, honour belongs to Allah entirely.

140.And it has already come down to you in the Book [i.e. the Qur'an] that when you hear that the verses of Allah [in the favour of the Haqq Imams swsa] are being denied [by them] and ridiculed; so do not sit with them until they enter into another conversation. Indeed, you would then be like them. Indeed, Allah will gather the hypocrites and disbelievers in Hell all together –

141.Those who wait [and watch] you. Then if you gain a victory from Allah, they say, "Were we not with you?" But if the disbelievers have a success, they say [to them], "Did we not gain the advantage over you, and we protected you from the believers?" Allah will judge between [all of] you on the Day of Qiyamah, and never will Allah give the disbelievers over the believers a way [to overcome them].

142.Indeed, the hypocrites [think to] deceive Allah, but He is requiting their deceit. And when they stand for Salaat, they stand lazily, showing [themselves as Momin to] the people and not doing Zikr of Allah except a little [i.e. not from the heart],

وَلِلَّهِ مَا فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِي ٱلْأَرْضِ ۗ وَلَقَدْ
وَصَّيْنَا ٱلَّذِينَ أُوتُوا۟ ٱلْكِتَٰبَ مِن قَبْلِكُمْ وَإِيَّاكُمْ
أَنِ ٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ ۚ وَإِن تَكْفُرُوا۟ فَإِنَّ لِلَّهِ مَا فِي
ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِي ٱلْأَرْضِ ۚ وَكَانَ ٱللَّهُ غَنِيًّا
حَمِيدًا (١٣١) وَلِلَّهِ مَا فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِي
ٱلْأَرْضِ ۚ وَكَفَىٰ بِٱللَّهِ وَكِيلًا (١٣٢) إِن يَشَأْ
يُذْهِبْكُمْ أَيُّهَا ٱلنَّاسُ وَيَأْتِ بِـَٔاخَرِينَ ۚ وَكَانَ ٱللَّهُ
عَلَىٰ ذَٰلِكَ قَدِيرًا (١٣٣) مَّن كَانَ يُرِيدُ ثَوَابَ
ٱلدُّنْيَا فَعِندَ ٱللَّهِ ثَوَابُ ٱلدُّنْيَا وَٱلْـَٔاخِرَةِ ۗ وَكَانَ ٱللَّهُ
سَمِيعًۢا بَصِيرًا (١٣٤) ۞ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟
كُونُوا۟ قَوَّٰمِينَ بِٱلْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلَّهِ وَلَوْ عَلَىٰٓ
أَنفُسِكُمْ أَوِ ٱلْوَٰلِدَيْنِ وَٱلْأَقْرَبِينَ ۚ إِن يَكُنْ غَنِيًّا أَوْ
فَقِيرًا فَٱللَّهُ أَوْلَىٰ بِهِمَا ۖ فَلَا تَتَّبِعُوا۟ ٱلْهَوَىٰٓ أَن
تَعْدِلُوا۟ ۚ وَإِن تَلْوُۥٓا۟ أَوْ تُعْرِضُوا۟ فَإِنَّ ٱللَّهَ كَانَ بِمَا
تَعْمَلُونَ خَبِيرًا (١٣٥) يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟
ءَامِنُوا۟ بِٱللَّهِ وَرَسُولِهِۦ وَٱلْكِتَٰبِ ٱلَّذِى نَزَّلَ عَلَىٰ
رَسُولِهِۦ وَٱلْكِتَٰبِ ٱلَّذِىٓ أَنزَلَ مِن قَبْلُ ۚ وَمَن
يَكْفُرْ بِٱللَّهِ وَمَلَٰٓئِكَتِهِۦ وَكُتُبِهِۦ وَرُسُلِهِۦ وَٱلْيَوْمِ
ٱلْـَٔاخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَٰلًۢا بَعِيدًا (١٣٦) إِنَّ ٱلَّذِينَ
ءَامَنُوا۟ ثُمَّ كَفَرُوا۟ ثُمَّ ءَامَنُوا۟ ثُمَّ كَفَرُوا۟ ثُمَّ
ٱزْدَادُوا۟ كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ ٱللَّهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ
سَبِيلًۢا (١٣٧) بَشِّرِ ٱلْمُنَٰفِقِينَ بِأَنَّ لَهُمْ عَذَابًا
أَلِيمًا (١٣٨) ٱلَّذِينَ يَتَّخِذُونَ ٱلْكَٰفِرِينَ أَوْلِيَآءَ
مِن دُونِ ٱلْمُؤْمِنِينَ ۚ أَيَبْتَغُونَ عِندَهُمُ ٱلْعِزَّةَ فَإِنَّ
ٱلْعِزَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا (١٣٩) وَقَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِى
ٱلْكِتَٰبِ أَنْ إِذَا سَمِعْتُمْ ءَايَٰتِ ٱللَّهِ يُكْفَرُ بِهَا
وَيُسْتَهْزَأُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوا۟ مَعَهُمْ حَتَّىٰ يَخُوضُوا۟
فِى حَدِيثٍ غَيْرِهِۦٓ ۚ إِنَّكُمْ إِذًا مِّثْلُهُمْ ۗ إِنَّ ٱللَّهَ جَامِعُ
ٱلْمُنَٰفِقِينَ وَٱلْكَٰفِرِينَ فِى جَهَنَّمَ جَمِيعًا (١٤٠)
ٱلَّذِينَ يَتَرَبَّصُونَ بِكُمْ فَإِن كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ ٱللَّهِ
قَالُوٓا۟ أَلَمْ نَكُن مَّعَكُمْ وَإِن كَانَ لِلْكَٰفِرِينَ نَصِيبٌ
قَالُوٓا۟ أَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُم مِّنَ ٱلْمُؤْمِنِينَ ۚ
فَٱللَّهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ ۗ وَلَن يَجْعَلَ ٱللَّهُ
لِلْكَٰفِرِينَ عَلَى ٱلْمُؤْمِنِينَ سَبِيلًا (١٤١) إِنَّ
ٱلْمُنَٰفِقِينَ يُخَٰدِعُونَ ٱللَّهَ وَهُوَ خَٰدِعُهُمْ وَإِذَا
قَامُوٓا۟ إِلَى ٱلصَّلَوٰةِ قَامُوا۟ كُسَالَىٰ يُرَآءُونَ ٱلنَّاسَ
وَلَا يَذْكُرُونَ ٱللَّهَ إِلَّا قَلِيلًا (١٤٢)

اور اللہ کیلئے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے؛ اور تحقیق ہم نے وصیت کی ہے ان لوگوں کو جن کو تم سے قبل کتاب دی گئی اور تمہیں بھی کہ اللہ سے ڈرو؛ اور اگر تم نے کفر کیا تو بیشک جو کچھ آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے اللہ کیلئے ہے؛ اور اللہ ہمیشہ سے لائقِ حمد بےنیاز ہے۔ اور اللہ کیلئے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے؛ اور اللہ کارساز بچانے والا کافی ہے۔ اگر وہ چاہے تو تمہیں جانے دے (ختم کردے) اے لوگو! اور دوسروں کو لے آئے؛ اور اللہ ہمیشہ سے اس پر قادر ہے۔ جو ثوابِ دنیا چاہتا ہے تو اللہ کے پاس دنیا و آخرت کا ثواب (اجر) ہے؛ اور اللہ ہمیشہ سے سب سننے والا سب دیکھنے والا ہے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو انصاف قائم کرنے والے بنو اللہ کیلئے گواہ ہو کر اگرچہ (گواہی) تمہارے اپنے خلاف ہو یا والدین یا رشتہ داروں کے، اگرچہ کوئی غنی ہو یا فقیر پس اللہ دونوں سے زیادہ حقدار ہے، پس تم خواہشِ نفس کا اتباع نہ کرو کہ عدل نہ کرو، اور اگر تم (گواہی کو) توڑموڑ دو (بدل دو) یا تم گریز کرو (یعنی چھپاؤ) تو بیشک اللہ ہمیشہ سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسولؐ پر اور اس کتاب پر جو اس نے اپنے رسولؐ پر نازل کی ہے اور کتاب جو اس نے اس سے قبل نازل کی ہے؛ اور جو اللہ اور اس کے ملائکہ اور اس کی کتب اور اس کے رسولوں اور یومِ آخر سے کفر کرے تو یقیناً وہ دور کی گمراہی میں گم ہو گیا۔ بیشک جو لوگ (دعوتِ رسولؐ پر) ایمان لائے پھر (اعلانِ غدیر پر) کفر کیا پھر (غدیر میں حکمِ رسولؐ پر بیعتِ علیؑ کر کے) ایمان لائے پھر (شہادتِ رسولؐ کے بعد انکارِ ولایتِ علیؑ کر کے) کفر کیا پھر (اپنی بیعت لے کر) کفر میں بڑھتے چلے گئے (اور ان میں ایمان کی رتی بھی باقی نہ رہی) اللہ کبھی ان کی مغفرت نہیں کرے گا اور نہ ہی ان کو سبیل کی ہدایت دے گا۔ منافقوں کو بشارت دو کہ بیشک ان کیلئے درد ناک عذاب ہے۔ جو لوگ مؤمنین کی بجائے کافروں کو اولیاء بناتے ہیں؛ کیا وہ ان کے پاس عزت (قوت) چاہتے ہیں حالانکہ عزت تو بیشک تمام تر اللہ کے پاس ہے۔ اور تحقیق اس نے کتاب میں تم پر نازل کیا ہے کہ جب تم سنو کہ اللہ کی (آئمۂ حقؑ کے متعلق) آیات کا کفر کیا جا رہا ہے اور ان کا مذاق اڑایا جا رہا ہے تو ان کے ساتھ نہ بیٹھو حتیٰ کہ وہ کسی اور بات میں مشغول ہو جائیں، ورنہ تم بھی یقیناً ان کی مثل ہو گئے؛ بیشک اللہ منافقوں اور کافروں کو جہنم میں اکٹھا جمع کرنے والا ہے۔ جو لوگ تمہارے لئے (گردشِ ایام کے) منتظر رہتے ہیں، پس اگر اللہ کی طرف سے تمہارے لئے فتح ہو تو وہ کہیں گے کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے، اور اگر کافروں کیلئے نصیب ہو تو وہ (کافروں سے) کہتے ہیں کیا ہم تم پر بازی نہیں لے گئے اور ہم نے تمہیں مؤمنوں سے بچایا ہے! پس اللہ یومِ قیامت تمہارے درمیان فیصلہ کرے گا؛ اور اللہ کافروں کیلئے مؤمنین کے خلاف ہرگز کوئی سبیل نہیں بناتا۔ بیشک منافقین اللہ سے دھوکا بازی کر رہے ہیں اور وہ ان کو دھوکے میں ڈال رہا ہے (یعنی دھوکے کے بدلے عذاب دے گا)، اور جب وہ صلاۃ کیلئے اٹھتے ہیں تو سستی (بےدلی) سے اٹھتے ہیں، لوگوں کو دکھانے کیلئے (کہ وہ مؤمن ہیں) اور اللہ کا ذکر نہیں کرتے مگر قلیل (یعنی دل سے ذکر نہیں کرتے)۔

143. Wavering between that [Eman & Kufr], [belonging] neither to these [i.e. Momineen & Muslims] nor to those [i.e. Jews and disbelievers]. And whoever Allah leaves astray – never will you find for him a way.
144. O you who believe, do not take the disbelievers [enemies of Maola Ali swsa] as allies instead of the believers [Maola Ali swsa]. Do you wish to give Allah against yourselves a clear proof?
145. Indeed, the hypocrites will be in the lowest depths of the Fire – and never will you find for them a helper –
146. Except for those who repent, correct themselves, hold fast to Allah, and are sincere in their religion for Allah, for those will be with the believers. And Allah is going to give the believers a great reward.
147. What would Allah do with [i.e. gain from] your punishment if you are grateful and believe? And ever is Allah Appreciative and Knowing.

مُّذَبۡذَبِينَ بَيۡنَ ذَٰلِكَ لَآ إِلَىٰ هَٰٓؤُلَآءِ وَلَآ إِلَىٰ
هَٰٓؤُلَآءِۚ وَمَن يُضۡلِلِ ٱللَّهُ فَلَن تَجِدَ لَهُۥ سَبِيلٗا
(١٤٣) يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَا تَتَّخِذُواْ ٱلۡكَٰفِرِينَ
أَوۡلِيَآءَ مِن دُونِ ٱلۡمُؤۡمِنِينَۚ أَتُرِيدُونَ أَن تَجۡعَلُواْ
لِلَّهِ عَلَيۡكُمۡ سُلۡطَٰنٗا مُّبِينًا (١٤٤) إِنَّ ٱلۡمُنَٰفِقِينَ
فِي ٱلدَّرۡكِ ٱلۡأَسۡفَلِ مِنَ ٱلنَّارِ وَلَن تَجِدَ لَهُمۡ
نَصِيرًا (١٤٥) إِلَّا ٱلَّذِينَ تَابُواْ وَأَصۡلَحُواْ
وَٱعۡتَصَمُواْ بِٱللَّهِ وَأَخۡلَصُواْ دِينَهُمۡ لِلَّهِ فَأُوْلَٰٓئِكَ
مَعَ ٱلۡمُؤۡمِنِينَۖ وَسَوۡفَ يُؤۡتِ ٱللَّهُ ٱلۡمُؤۡمِنِينَ أَجۡرًا
عَظِيمٗا (١٤٦) مَّا يَفۡعَلُ ٱللَّهُ بِعَذَابِكُمۡ إِن
شَكَرۡتُمۡ وَءَامَنتُمۡۚ وَكَانَ ٱللَّهُ شَاكِرًا عَلِيمٗا
(١٤٧)

اس (ایمان اور کفر) کے درمیان متذبذب (ڈانواں ڈول) لوگ، نہ ان (مؤمنوں اور مسلمانوں) کی طرف اور نہ ان (یہود وکفار) کی طرف؛ اور جسے اللہ گمراہ کردے تو تم اس کیلئے ہرگز کوئی راہ نہیں پا سکتے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو مؤمنین (علیؑ ابن ابی طالبؑ) کی بجائے کافروں (اعداء مولا علیؑ) کو اولیاء نہ بناؤ؛ کیا تمہارا ارادہ ہے کہ تم اللہ کیلئے اپنے خلاف کھلی دلیل بنا دو۔ بیشک منافقین نار کے سب سے نچلے طبقے میں ہوں گے، اور تم ان کو کوئی مدد گار نہیں پاؤ گے۔ مگر جو لوگ توبہ کرلیں اور اصلاح کر لیں اور اللہ کو تھام لیں اور اپنے دین کو اللہ کیلئے خالص کر دیں پس وہی لوگ مؤمنین کے ساتھ ہوں گے؛ اور عنقریب اللہ مؤمنین کو اجرِ عظیم عطا فرمائے گا۔ اللہ تمہیں عذاب دے کر کیا کرے گا اگر تم شکر کرو اور ایمان لاؤ؛ اور اللہ ہمیشہ سے قدردان سب جاننے والا ہے۔

148.Allah does not like to utter publicly hurtful speech except by one who has been wronged. And ever is Allah all-Hearing and all-Knowing.

149.If you show good or conceal it or pardon an offence – indeed, Allah is ever Pardoning and Competent.

150.Indeed, those who disbelieve in Allah and His Rasools and wish to discriminate between Allah and His Rasools and say, "We believe in some and disbelieve in others [i.e. testifying the Risalat of Mohammad sawaw and denying Wilayat of Ali swsa]," and wish to adopt a way in between that [i.e. perhaps they will succeed] –

151.Those are the disbelievers, truly. And We have prepared for the disbelievers a humiliating punishment.

152.And those who believe in Allah and His Rasools and do not discriminate between any of them – to those He is going to give their rewards. And ever is Allah Forgiving and Merciful.

153.The People of the Book ask you to bring down to them a book from the heaven. But they had asked Musa [even] greater than that and said, "Show us Allah outright," so the thunderbolt struck them for their wrongdoing. [Then Allah resurrected them after their death] Then they took the calf [for worship] after clear evidences had come to them, and We pardoned that. And We gave Musa Sultan e Mubeen [clear authority].

154.And We raised over them the mountain for [taking] their covenant; and We said to them, "Enter the gate doing Sajdah"; and We said to them, "Do not transgress on the Sabbath"; and We took from them a solemn covenant.

155.So [We cursed them] for their breaking of their covenant and their disbelief in the Ayaat of Allah and their killing of the prophets without right [i.e. their forefathers killed the prophets and they are happy on their deed] and their saying, "Our hearts are wrapped" [i.e. sealed against reception]. Rather, Allah has sealed them because of their disbelief, so they believe not, except for a few.

156.And [We cursed them] for their disbelief and their saying against Mariyam a great slander,

157.And [for] their saying, "Indeed, we have killed the Messiah, Esa, the son of Mariyam, the Rasool of Allah." And they did not kill him, nor did they crucify him; but [another] was made to resemble him to them. And indeed, those who differ over it are in doubt about it. They have no knowledge of it except the following of Zunn [conjecture]. And they did not kill him, for sure.

158.Rather, Allah raised him to Himself. And ever is Allah Exalted in Might and Wise.

159.And there is none from the People of the Book but that he will surely believe in him before his death [i.e. in Raj'at people from all the religions will believe in Rasool Allah sawaw, and everyone sees Maola Mohammad sawaw and Ali swsa before death, and everyone from the descendants of Syyeda Fatima swsa testifies the Imamat of the Imam swsa before death]. And on the Day of Qiyamah he will be against them a witness.

160.Due to wrongdoing of the Jews, We made unlawful for them [certain] good foods which had been lawful to them, and for their hindering majority [of people] from the Sabeel of Allah,

161.And [for] their taking of usury while they had been forbidden from it, and their consuming of the people's wealth unjustly. And We have prepared for the disbelievers among them a painful punishment.

۞ لَّا يُحِبُّ ٱللَّهُ ٱلْجَهْرَ بِٱلسُّوٓءِ مِنَ ٱلْقَوْلِ إِلَّا
مَن ظُلِمَ ۚ وَكَانَ ٱللَّهُ سَمِيعًا عَلِيمًا (١٤٨) إِن
تُبْدُوا۟ خَيْرًا أَوْ تُخْفُوهُ أَوْ تَعْفُوا۟ عَن سُوٓءٍ فَإِنَّ
ٱللَّهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيرًا (١٤٩) إِنَّ ٱلَّذِينَ يَكْفُرُونَ
بِٱللَّهِ وَرُسُلِهِۦ وَيُرِيدُونَ أَن يُفَرِّقُوا۟ بَيْنَ ٱللَّهِ
وَرُسُلِهِۦ وَيَقُولُونَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَنَكْفُرُ
بِبَعْضٍ وَيُرِيدُونَ أَن يَتَّخِذُوا۟ بَيْنَ ذَٰلِكَ سَبِيلًا
(١٥٠) أُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ ٱلْكَٰفِرُونَ حَقًّا ۚ وَأَعْتَدْنَا
لِلْكَٰفِرِينَ عَذَابًا مُّهِينًا (١٥١) وَٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟
بِٱللَّهِ وَرُسُلِهِۦ وَلَمْ يُفَرِّقُوا۟ بَيْنَ أَحَدٍ مِّنْهُمْ أُو۟لَٰٓئِكَ
سَوْفَ يُؤْتِيهِمْ أُجُورَهُمْ ۗ وَكَانَ ٱللَّهُ غَفُورًا
رَّحِيمًا (١٥٢) يَسْـَٔلُكَ أَهْلُ ٱلْكِتَٰبِ أَن تُنَزِّلَ
عَلَيْهِمْ كِتَٰبًا مِّنَ ٱلسَّمَآءِ ۚ فَقَدْ سَأَلُوا۟ مُوسَىٰٓ أَكْبَرَ
مِن ذَٰلِكَ فَقَالُوٓا۟ أَرِنَا ٱللَّهَ جَهْرَةً فَأَخَذَتْهُمُ
ٱلصَّٰعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۚ ثُمَّ ٱتَّخَذُوا۟ ٱلْعِجْلَ مِنۢ بَعْدِ مَا
جَآءَتْهُمُ ٱلْبَيِّنَٰتُ فَعَفَوْنَا عَن ذَٰلِكَ ۚ وَءَاتَيْنَا
مُوسَىٰ سُلْطَٰنًا مُّبِينًا (١٥٣) وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ
ٱلطُّورَ بِمِيثَٰقِهِمْ وَقُلْنَا لَهُمُ ٱدْخُلُوا۟ ٱلْبَابَ سُجَّدًا
وَقُلْنَا لَهُمْ لَا تَعْدُوا۟ فِى ٱلسَّبْتِ وَأَخَذْنَا مِنْهُم
مِّيثَٰقًا غَلِيظًا (١٥٤) فَبِمَا نَقْضِهِم مِّيثَٰقَهُمْ
وَكُفْرِهِم بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ وَقَتْلِهِمُ ٱلْأَنۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ
وَقَوْلِهِمْ قُلُوبُنَا غُلْفٌۢ ۚ بَلْ طَبَعَ ٱللَّهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ
فَلَا يُؤْمِنُونَ إِلَّا قَلِيلًا (١٥٥) وَبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ
عَلَىٰ مَرْيَمَ بُهْتَٰنًا عَظِيمًا (١٥٦) وَقَوْلِهِمْ إِنَّا
قَتَلْنَا ٱلْمَسِيحَ عِيسَى ٱبْنَ مَرْيَمَ رَسُولَ ٱللَّهِ وَمَا
قَتَلُوهُ وَمَا صَلَبُوهُ وَلَٰكِن شُبِّهَ لَهُمْ ۚ وَإِنَّ ٱلَّذِينَ
ٱخْتَلَفُوا۟ فِيهِ لَفِى شَكٍّ مِّنْهُ ۚ مَا لَهُم بِهِۦ مِنْ عِلْمٍ
إِلَّا ٱتِّبَاعَ ٱلظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوهُ يَقِينًۢا (١٥٧) بَل
رَّفَعَهُ ٱللَّهُ إِلَيْهِ ۚ وَكَانَ ٱللَّهُ عَزِيزًا حَكِيمًا (١٥٨)
وَإِن مِّنْ أَهْلِ ٱلْكِتَٰبِ إِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهِۦ قَبْلَ
مَوْتِهِۦ ۖ وَيَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ يَكُونُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا
(١٥٩) فَبِظُلْمٍ مِّنَ ٱلَّذِينَ هَادُوا۟ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ
طَيِّبَٰتٍ أُحِلَّتْ لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ
كَثِيرًا (١٦٠) وَأَخْذِهِمُ ٱلرِّبَوٰا۟ وَقَدْ نُهُوا۟ عَنْهُ
وَأَكْلِهِمْ أَمْوَٰلَ ٱلنَّاسِ بِٱلْبَٰطِلِ ۚ وَأَعْتَدْنَا لِلْكَٰفِرِينَ
مِنْهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا (١٦١)

اللہ اعلانیہ بری بات کہنے کو پسند نہیں کرتا سوائے جس پر ظلم کیا گیا ہو؛ اور اللہ ہمیشہ سے سب سننے والا سب جاننے والا ہے۔ اگر تم نیکی کو ظاہر کرو یا اسے چھپاؤ یا کسی برائی سے درگذر کرو تو اللہ ہمیشہ سے معاف کرنے والا قدرت رکھنے والا ہے۔ بیشک جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں کا کفر کرتے ہیں اور وہ ارادہ کرتے ہیں کہ وہ اللہ اور اس کے رسولوں کے درمیان تفریق کریں اور وہ کہتے ہیں ہم بعض پر ایمان لاتے ہیں اور ہم بعض کا انکار کرتے ہیں (یعنی اقرارِ رسالتِ محمدؐ اور انکارِ ولایتِ علیؑ کرتے ہیں)، اور ان کا ارادہ ہے کہ وہ اس کے درمیان کوئی راہ اختیار کریں (یعنی شاید بھلائی پا جائیں)۔ وہ وہی ہیں جو حقیقی کافر ہیں، اور ہم نے کافروں کیلئے ذلیل کرنے والا عذاب تیار کر رکھا ہے۔ اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے اور انہوں نے ان میں سے کسی ایک کے درمیان تفریق نہ کی وہی ہیں عنقریب ان کو اللہ ان کے اجر عطا کرے گا؛ اور اللہ ہمیشہ سے بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔ اہلِ کتاب تم سے سوال کرتے ہیں کہ تم ان پر آسمان سے کوئی کتاب نازل کراؤ، پس تحقیق انہوں نے موسیٰؑ سے اس سے بھی بڑا سوال کیا تھا کہ انہوں نے کہا ہمیں علانیہ اللہ دکھاؤ تو صائقہ (بجلی کی کڑک) نے انہیں آ لیا ان کے ظلم کی وجہ سے (مرنے کے بعد اللہ نے پھر انہیں زندہ کر دیا)، پھر انہوں نے واضح دلائل آ جانے کے بعد بچھڑے کو (معبود) اختیار کر لیا پھر بھی ہم نے اس سے درگذر کی، اور ہم نے موسیٰؑ کو سلطانِ مبین عطا فرمایا۔ اور ہم نے ان کے اوپر طور بلند کیا ان سے میثاق لینے کیلئے اور ہم نے ان سے کہا دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے داخل ہو جاؤ اور ہم نے ان سے کہا سبت (کے قانون) میں حد سے نہ بڑھنا اور ہم نے ان سے پختہ میثاق لیا۔ پھر ان کے اپنے میثاق توڑنے اور اللہ کی آیات سے ان کے کفر اور ان کے انبیاء کے ناحق قتل کرنے (یعنی ان کے اجداد نے انبیاء کو قتل کیا اور وہ اُس فعل پر راضی ہیں) اور ان کے قول کہ ہمارے قلوب پر غلاف چڑھا ہوا ہے کی وجہ سے؛ بلکہ اللہ نے ان کے کفر کی وجہ سے ان پر چھاپ (مہر) لگا دی ہے پس وہ ایمان نہیں لاتے مگر قلیل۔ اور ان کے کفر اور ان کا مریمؑ کے (کردار کے) خلاف قول جو بہتانِ عظیم ہے۔ اور ان کے قول (کی وجہ سے) بیشک ہم نے اللہ کے رسول مسیح عیسیٰؑ ابنِ مریمؑ کو قتل کر دیا ہے، حالانکہ انہوں نے اسے قتل نہیں کیا اور انہوں نے اسے صلیب پر نہیں چڑھایا بلکہ ان کو شبہ میں مبتلا کر دیا گیا؛ اور بیشک جن لوگوں نے اس بارے میں اختلاف کیا ہے یقیناً وہ اس بارے میں شک میں ہیں؛ انہیں اس کے متعلق کوئی علم نہیں سوائے ظن کا اتباع کرنے کے، اور یقیناً انہوں نے اسے قتل نہیں کیا۔ بلکہ اللہ نے اسے اپنی طرف اٹھا لیا؛ اور اللہ ہمیشہ سے زبردست حکمت والا ہے۔ اور اہلِ کتاب میں سے کوئی نہیں ہے مگر وہ اپنی موت سے پہلے ضرور اس پر ایمان لائے گا (یعنی رجعت میں ہر مذہب کا شخص رسول اللہؐ پر ایمان لائے گا، اور موت سے پہلے ہر ایک مولا محمدؐ اور مولا علیؑ کو دیکھتا ہے، اور سیدہ فاطمہ الزہراء کی اولاد میں سے ہر ایک مرنے سے پہلے اپنے امامؑ کی امامت کا اقرار کرتا ہے)، اور یومِ قیامت وہ ان پر گواہ ہوگا۔ پس ان لوگوں کے ظلم کی وجہ سے جو یہودی بن گئے ہیں ہم نے ان پر وہ طیب (پاک) چیزیں حرام کر دیں جو ان پر حلال کی گئی تھیں اور ان کا کثرت سے اللہ کی سبیل سے روکنے (کی وجہ سے)۔ اور ان کے سود لینے (کی وجہ سے) اور یقیناً انہیں اس سے روکا گیا تھا اور انکا لوگوں کے اموال باطل طریقے سے کھانے (کی وجہ سے)؛ اور ہم نے ان میں سے کافروں کیلئے درد ناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

162.But those firm in knowledge among them and the believers believe in what has been revealed to you, [O Mohammad sawaw], and what was revealed before you. And the establishers of Salaat and the givers of Zakaat and the believers in Allah and the Last Day – those We will give a great reward.

163.Indeed, We have revealed to you, [O Mohammad sawaw], as We revealed to Nuh and the prophets after him. And We revealed to Ibraheem, Ismaeel, Is'haq, Yaqoob, the Descendants, Esa, Ayyub, Yunus, Haroon, and Sulaiman, and to David We gave the Zaboor [Psalms].

164.And [We sent] the Rasools about whom We have related [their stories] to you before and the Rasools about whom We have not related to you. And Allah spoke to Musa with conversation.

165.[We sent] the Rasools as bringers of good tidings and warners so that mankind will have no argument against Allah after the Rasools. And ever is Allah Exalted in Might and Wise.

166.But Allah bears witness to that which He has revealed to you [about Ali swsa], He has sent it down with His knowledge, and the angels bear witness [as well]. And sufficient is Allah as Witness.

167.Indeed, those who disbelieve and hinder [people] from the Sabeel of Allah have certainly gone far astray.

168.Indeed, those who disbelieve and did injustice [to the rights of Aal e Mohammad swsa] – never will Allah forgive them, nor will He guide them to a path,

169.Except the path of Hell; they will abide therein forever. And that, for Allah, is [always] easy.

170.O mankind, the Rasool has come to you with the Haqq [Wilayat e Ali swsa] from your Rabb, so believe; it is better for you. But if you disbelieve [in Wilayat e Ali swsa] – then indeed, to Allah belongs whatever is in the heavens and earth. And ever is Allah Knowing and Wise.

171.O People of the Book, do not exceed the limits in your religion or say about Allah except the truth. The Messiah, Esa, the son of Mariyam, was but a Rasool of Allah and His Kalima [Word] which He directed to Mariyam and a Rooh [soul created] from Him. So believe in Allah and His Rasools. And do not say, "Three"; desist – it is better for you. Indeed, Allah is the only Elah [God]. Exalted is He above having a son. To Him belongs whatever is in the heavens and whatever is on the earth. And sufficient is Allah as Disposer of affairs.

172.Never would the Messiah disdain [refuse] to be a servant of Allah, nor would the angels near [to Him]. And whoever disdains His worship and is arrogant – He will gather them to Himself all together.

173.And as for those who believed and did righteous deeds, He will give them in full their rewards and grant them extra from His bounty [for the sake of Aal e Mohammad swsa]. But as for those who disdained and were arrogant, He will punish them with a painful punishment, and they will not find for themselves besides Allah any protector or helper.

174.O mankind, there has come to you Burhan [conclusive proof: Mohammad sawaw] from your Rabb, and We have sent down to you Noor-am Mubeena [obvious Noor: Ali swsa].

175.So those who believe in Allah and hold fast to Him [i.e. Wilayat of Ali & the Imams swsa] – He will admit them to mercy from Himself and bounty and guide them to Himself on Sirat Mustaqeem [Maola Ali swsa].

176.They request from you a Fatwa. Say, "Allah gives you Fatwa concerning Kalalah [one having neither descendants nor ascendants as heirs]." If a man dies, leaving no child but [only] a sister, she will have half of what he left. And he inherits from her if she [dies and] has no child. But if there are two sisters [or more], they will have two thirds of what he left. If there are both brothers and sisters, the male will have the share of two females. Allah makes clear to you [His law], lest you go astray. And Allah is Knowing of all things.

لَّٰكِنِ ٱلرَّٰسِخُونَ فِى ٱلْعِلْمِ مِنْهُمْ وَٱلْمُؤْمِنُونَ
يُؤْمِنُونَ بِمَآ أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمَآ أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ
وَٱلْمُقِيمِينَ ٱلصَّلَوٰةَ وَٱلْمُؤْتُونَ ٱلزَّكَوٰةَ
وَٱلْمُؤْمِنُونَ بِٱللَّهِ وَٱلْيَوْمِ ٱلْءَاخِرِ أُوْلَٰٓئِكَ سَنُؤْتِيهِمْ
أَجْرًا عَظِيمًا (١٦٢) ۞ إِنَّآ أَوْحَيْنَآ إِلَيْكَ كَمَآ
أَوْحَيْنَآ إِلَىٰ نُوحٍ وَٱلنَّبِيِّـۧنَ مِنۢ بَعْدِهِۦ وَأَوْحَيْنَآ إِلَىٰٓ
إِبْرَٰهِيمَ وَإِسْمَٰعِيلَ وَإِسْحَٰقَ وَيَعْقُوبَ وَٱلْأَسْبَاطِ
وَعِيسَىٰ وَأَيُّوبَ وَيُونُسَ وَهَٰرُونَ وَسُلَيْمَٰنَ
وَءَاتَيْنَا دَاوُۥدَ زَبُورًا (١٦٣) وَرُسُلًا قَدْ
قَصَصْنَٰهُمْ عَلَيْكَ مِن قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ
عَلَيْكَ وَكَلَّمَ ٱللَّهُ مُوسَىٰ تَكْلِيمًا (١٦٤) رُّسُلًا
مُّبَشِّرِينَ وَمُنذِرِينَ لِئَلَّا يَكُونَ لِلنَّاسِ عَلَى ٱللَّهِ
حُجَّةٌۢ بَعْدَ ٱلرُّسُلِ وَكَانَ ٱللَّهُ عَزِيزًا حَكِيمًا (١٦٥)
لَّٰكِنِ ٱللَّهُ يَشْهَدُ بِمَآ أَنزَلَ إِلَيْكَ أَنزَلَهُۥ بِعِلْمِهِۦ
وَٱلْمَلَٰٓئِكَةُ يَشْهَدُونَ وَكَفَىٰ بِٱللَّهِ شَهِيدًا (١٦٦) إِنَّ
ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ وَصَدُّوا۟ عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ قَدْ ضَلُّوا۟
ضَلَٰلًۢا بَعِيدًا (١٦٧) إِنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ وَظَلَمُوا۟ لَمْ
يَكُنِ ٱللَّهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيقًا (١٦٨) إِلَّا
طَرِيقَ جَهَنَّمَ خَٰلِدِينَ فِيهَآ أَبَدًا وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى ٱللَّهِ
يَسِيرًا (١٦٩) يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ ٱلرَّسُولُ
بِٱلْحَقِّ مِن رَّبِّكُمْ فَـَٔامِنُوا۟ خَيْرًا لَّكُمْ وَإِن تَكْفُرُوا۟
فَإِنَّ لِلَّهِ مَا فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ وَكَانَ ٱللَّهُ
عَلِيمًا حَكِيمًا (١٧٠) يَٰٓأَهْلَ ٱلْكِتَٰبِ لَا تَغْلُوا۟ فِى
دِينِكُمْ وَلَا تَقُولُوا۟ عَلَى ٱللَّهِ إِلَّا ٱلْحَقَّ إِنَّمَا ٱلْمَسِيحُ
عِيسَى ٱبْنُ مَرْيَمَ رَسُولُ ٱللَّهِ وَكَلِمَتُهُۥٓ أَلْقَىٰهَآ إِلَىٰ
مَرْيَمَ وَرُوحٌ مِّنْهُ فَـَٔامِنُوا۟ بِٱللَّهِ وَرُسُلِهِۦ وَلَا تَقُولُوا۟
ثَلَٰثَةٌ ٱنتَهُوا۟ خَيْرًا لَّكُمْ إِنَّمَا ٱللَّهُ إِلَٰهٌ وَٰحِدٌ
سُبْحَٰنَهُۥٓ أَن يَكُونَ لَهُۥ وَلَدٌ لَّهُۥ مَا فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ
وَمَا فِى ٱلْأَرْضِ وَكَفَىٰ بِٱللَّهِ وَكِيلًا (١٧١) لَّن
يَسْتَنكِفَ ٱلْمَسِيحُ أَن يَكُونَ عَبْدًا لِّلَّهِ وَلَا ٱلْمَلَٰٓئِكَةُ
ٱلْمُقَرَّبُونَ وَمَن يَسْتَنكِفْ عَنْ عِبَادَتِهِۦ وَيَسْتَكْبِرْ
فَسَيَحْشُرُهُمْ إِلَيْهِ جَمِيعًا (١٧٢) فَأَمَّا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟
وَعَمِلُوا۟ ٱلصَّٰلِحَٰتِ فَيُوَفِّيهِمْ أُجُورَهُمْ وَيَزِيدُهُم مِّن
فَضْلِهِۦ وَأَمَّا ٱلَّذِينَ ٱسْتَنكَفُوا۟ وَٱسْتَكْبَرُوا۟ فَيُعَذِّبُهُمْ
عَذَابًا أَلِيمًا وَلَا يَجِدُونَ لَهُم مِّن دُونِ ٱللَّهِ وَلِيًّا وَلَا
نَصِيرًا (١٧٣) يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ قَدْ جَآءَكُم بُرْهَٰنٌ مِّن
رَّبِّكُمْ وَأَنزَلْنَآ إِلَيْكُمْ نُورًا مُّبِينًا (١٧٤) فَأَمَّا ٱلَّذِينَ
ءَامَنُوا۟ بِٱللَّهِ وَٱعْتَصَمُوا۟ بِهِۦ فَسَيُدْخِلُهُمْ فِى رَحْمَةٍ
مِّنْهُ وَفَضْلٍ وَيَهْدِيهِمْ إِلَيْهِ صِرَٰطًا مُّسْتَقِيمًا
(١٧٥) يَسْتَفْتُونَكَ قُلِ ٱللَّهُ يُفْتِيكُمْ فِى ٱلْكَلَٰلَةِ إِنِ
ٱمْرُؤٌا۟ هَلَكَ لَيْسَ لَهُۥ وَلَدٌ وَلَهُۥٓ أُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ

مَا تَرَكَ وَهُوَ يَرِثُهَآ إِن لَّمْ يَكُن لَّهَا وَلَدٌ فَإِن كَانَتَا
ٱثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا ٱلثُّلُثَانِ مِمَّا تَرَكَ وَإِن كَانُوٓا۟ إِخْوَةً
رِّجَالًا وَنِسَآءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ ٱلْأُنثَيَيْنِ يُبَيِّنُ ٱللَّهُ
لَكُمْ أَن تَضِلُّوا۟ وَٱللَّهُ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيمٌۢ (١٧٦)

لیکن ان میں جو علم میں راسخ ہیں اور مؤمنین وہ اس پر ایمان رکھتے ہیں جو تمہاری طرف نازل کیا گیا ہے اور جو تم سے قبل نازل کیا گیا ہے اور وہ صلاۃ قائم کرنے والے ہیں اور زکاۃ دینے والے ہیں اور اللہ اور یوم آخر پر ایمان لانے والے ہیں؛ انہی لوگوں کو ہم عنقریب اجرِ عظیم عطا کریں گے۔ بیشک ہم نے تمہاری طرف اسی طرح وحی کی ہے جسطرح ہم نے نوحؑ اور اس کے بعد نبیوں کی طرف کی تھی، اور ہم نے ابراھیمؑ اور اسمٰعیلؑ اور اسحٰقؑ اور یعقوبؑ اور (ان سب کے) نواسوں اور عیسیٰؑ اور ایوبؑ اور یونسؑ اور ھارونؑ اور سلیمانؑ کی طرف وحی کی اور ہم نے داؤدؑ کو زبور عطا کی۔ اور رسول (بھیجے) جن کا قصہ ہم نے اس سے قبل تم سے یقیناً بیان کیا ہے اور (وہ) رسول جن کا قصہ ہم نے تم سے بیان نہیں کیا؛ اور اللہ نے موسیٰؑ سے ہمکلام ہوتے ہوئے کلام کیا۔ (ہم نے وہ) رسول بشارت دینے والے اور نذارت کرنے والے (بنا کر بھیجے) تاکہ ان رسولوں (کےآجانے) کے بعد لوگوں کیلئے اللہ کے خلاف کوئی حجت باقی نہ رہے؛ اور اللہ ہمیشہ سے زبردست حکمت والا ہے۔ لیکن اللہ شہادت دیتا ہے کہ اس نے جو کچھ تمہاری طرف (علیؑ کے بارے) نازل کیا ہے اپنے علم کے ساتھ نازل کیا ہے، اور ملائکہ بھی شہادت دیتے ہیں؛ اور اللہ بطور گواہ کافی ہے۔ بیشک جن لوگوں نے کفر کیا اور (لوگوں کو) اللہ کی سبیل سے روکا یقیناً وہ دور کی گمراہی میں گم ہو گئے۔ بیشک جن لوگوں نے کفر کیا اور (آل محمدؐ کے حق پر) ظلم کیا، اللہ نہیں ہے کہ ان کو بخشے اور نہ وہ ان کو راستے کی ہدایت دے گا۔ سوائے جہنم کے راستے کی جس میں وہ تاابد ہمیشہ رہیں گے؛ اور یہ ہمیشہ سے اللہ کیلئے آسان ہے۔ اے لوگو یقیناً تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے رسولؐ حق (یعنی ولایتِ علیؑ) کے ساتھ آ گیا ہے پس ایمان لے آؤ تمہارے لئے بہتر ہے؛ اور اگر تم نے (ولایتِ علیؑ سے) کفر کیا تو بیشک جوکچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اللہ کیلئے ہے؛ اور اللہ ہمیشہ سے سب جاننے والا حکمت والا ہے۔ اے اہلِ کتاب اپنے دین میں غلو نہ کرو اور اللہ کے ذمے کچھ نہ کہو سوائے حق کے؛ مسیح عیسیٰؑ ابن مریمؑ محض اللہ کا رسول اور اس کا کلمہ ہے، جس کو مریمؑ کی طرف القا کیا گیا اور اس کی طرف سے (خلق کی گئی) روح ہے، پس اللہ اور اسکے رسولوں پر ایمان لاؤ، اور نہ کہو" تین " ہیں؛ باز آجاؤ تمہارے لئے بہتر ہے؛ صرف اللہ واحد معبود ہے؛ وہ منزہ ہے کہ اس کا بیٹا ہو، اسی کیلئے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے؛ اور اللہ ہی کارساز حفاظت کرنے والا ہے۔ مسیحؑ ہرگز انکار نہیں کرے گا کہ وہ اللہ کا عبد ہے اور نہ ہی مقرب ملائکہ؛ اور جو اس کی عبادت سے انکار کرے گا اور تکبر کرے گا تو عنقریب اللہ ان سب کو اپنے سامنے اکٹھا محشور کرے گا۔ جہاں تک ان لوگوں کا تعلق ہےجو ایمان لائے اور صالح اعمال کئے تو ان کو ان کے اجر پورے پورے عطا کرے گا اور اپنے فضل میں سے (آلِ محمدؐ کے صدقے) ان کو مزید دے گا، اور جہاں تک ان لوگوں کا تعلق ہے جنہوں نے انکار کیا اور تکبر کیا تو ان کو وہ درد ناک عذاب دے گا، اور وہ اللہ کے علاوہ اپنا کوئی ولی نہیں پائیں گے اور نہ ہی مدد گار۔ اے لوگو یقیناً تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے برھان (ناقابلِ تردید ثبوت: مولا محمدؐ) آ چکا ہے اور ہم نے تمہاری طرف نورِ مبین (مولا علیؑ) نازل کیا ہے۔ جہاں تک ان لوگوں کا تعلق ہے جو اللہ پر ایمان لائے اور اسے (یعنی ولایتِ علیؑ و ائمہؑ کو) تھام لیا تو عنقریب وہ ان کو اپنی رحمت اور فضل میں داخل کرے گا، اور ان کو اپنی طرف صراطِ مستقیم (مولا علیؑ) کی ہدایت کرے گا۔ وہ تم سے فتویٰ پوچھتے ہیں، کہہ دو اللہ تمہیں کلالہ (جس کے والدین اور اولاد نہ ہو) کے بارے میں فتویٰ دیتا ہے؛ اگر کوئی ایسا شخص مر جائے جس کی اولاد نہ ہو اور اس کی ایک بہن ہو تو اسکے لئے نصف ہے جو اس نے ترکہ چھوڑا، اور وہ (بھائی) اس کا وارث ہو گا اگر اس (مرنے والی بہن) کی اولاد نہ ہو؛ اور اگر دو بہنیں ہوں تو ان کیلئے دو تہائی جو ترکہ اس نے چھوڑا؛ اور اگر کئی بہن بھائی مرد اور عورتیں ہوں تو مرد کیلئے دو عورتوں کے برابر حصہ ہے؛ اللہ تمہارے لئے بیان کرتا ہے تاکہ تم گمراہ نہ ہو جاؤ؛ اور اللہ ہر شئ کو خوب جانتا ہے۔

سورة المائدة

Surah al-Ma'idah

[The Dressed Dinning Table]

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem

1. O you who believe, fulfill contracts [of Wilayat e Ali swsa]. Lawful for you are the animals of grazing cattle except for that which is recited to you [in this Qur'an] – hunting not being permitted while you are in the state of Eh'raam. Indeed, Allah orders what He intends.
2. O you who believe, do not violate the Sha'air [Symbols] of Allah nor the sacred month nor the sacrificial animals nor with garland [for Nazar in the way of Allah] nor those coming to the Sacred House seeking bounty from their Rabb and [His] approval. But when you come out of Eh'raam, then [you may] hunt. And do not let the hatred of a people for having obstructed you from al-Masjid al-Haraam incite you to transgress. And cooperate in righteousness and piety, but do not cooperate in sin and aggression. And fear Allah; indeed, Allah is severe in penalty.
3. Prohibited to you are dead animals, blood, the flesh of pig, and that [animal] which has been dedicated to other than Allah, and [those animals] killed by strangling or by a violent blow or by a head-long fall or by the goring of horns, and those from which a wild animal has eaten, except what you slaughter [before its death], and those which are sacrificed on stone altars, and [prohibited is] that you seek decision through divining arrows. That is grave disobedience. This day those who disbelieve [in Wilayat e Ali swsa] have despaired of [defeating] your religion; so fear them not, but fear Me. This day I have perfected for you your religion [with Wilayat e Ali swsa] and completed My Ne'mat [favour] upon you and have approved for you Islam as religion. But whoever is forced by severe hunger with no inclination to sin – then indeed, Allah is Forgiving and Merciful.
4. They ask you, [O Mohammad sawaw], what has been made Halaal [lawful] for them. Say, "Halaal for you are [all] good foods and [game caught by] what you have trained of hunting animals which you train as Allah has taught you. So eat of what they catch for you, and mention the name of Allah upon it, and fear Allah." Indeed, Allah is swift in account.
5. This day [all] good foods have been made lawful, and the food [pulses & vegetables] of those who were given the Book is lawful for you and your food is lawful for them. And [lawful in marriage are] chaste women from among the believers and chaste women from among those who were given the Book before you, when you have given them their bridal gift, desiring chastity, not fornication or taking [secret] lovers. And whoever denies the faith [Wilayat e Ali swsa] – his work has become worthless, and he, in the Hereafter, will be among the losers.

سُوْرَةُ المَائدة

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیازعام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

اے لوگو جو ایمان لائے ہو (ولایتِ علیؑ کے) معاہدے پورے کرو؛ تمہارے لئے چوپائے جانور حلال کر دیئے گئے ہیں مگر جو تمہیں سنایا جا رہا ہے، شکار حلال نہیں ہے جبکہ تم محرم (احرام باندھے) ہو؛ بیشک اللہ جو ارادہ کرتا ہے حکم دیتا ہے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو شعائر اللہ کی بےحرمتی نہ کرو اور نہ کسی حرام مہینے کی اور نہ قربانی کے جانوروں کی اور نہ (اللہ کی نذر کئے ہوئے) پٹے والے جانوروں کی اور بیت الحرام جانے والوں کی جو اپنے رب سے فضل اور رضائیں حاصل کرنا چاہتے ہیں؛ اور جب تم احرام کھول دو تو شکار کرو؛ اور کسی قوم کی یہ دشمنی کہ اس نے تمہیں مسجدِ حرام سے روکا ہے تمہیں اس بات پر نہ ابھارے کہ تم حد سے تجاوز کرو، اور نیکی اور تقویٰ میں تعاون کرو، اور گناہ اور زیادتی میں تعاون نہ کرو، اور اللہ سے ڈرو؛ بیشک اللہ سخت سزا دینے والا ہے۔ حرام کر دیا گیا ہے تم پر مردار اور خون اور خنزیر کا گوشت اور جس (جانور) کو اللہ کے سوا کسی اور کیلئے پکارا جائے اور جو گلا گھٹ کر اور جو ڈنڈے کی چوٹ کھا کر اور جو بلندی سے گر کر اور جو سینگ سے ٹکر کھا کر مرا ہو اور جس کو کسی درندے نے کھایا ہو سوائے اس کے جسے تم نے (زندہ پا کر) ذبح کر لیا اور جس کو آستانے پر ذبح کیا گیا ہو اور یہ کہ تم تیروں سے قسمت معلوم کرو؛ یہ فسق (نافرمانی) ہے؛ آج جن لوگوں نے (ولایتِ علیؑ سے) کفر کیا تمہارے دین سے مایوس ہوگئے ہیں پس تم ان سے نہ ڈرو بلکہ مجھ سے ڈرو؛ آج میں نے تمہارے دین کو (ولایتِ علیؑ کے ساتھ) تمہارے لئے اکمل کر دیا ہے اور تم پر اپنی نعمت تمام کر دی ہے اور تمہارے لئے اسلام بطور دین پر میں راضی ہو گیا؛ پس جو بھوک کی وجہ سے مجبور ہو جائے (مگر وہ) گناہ کی طرف مائل نہ ہو، تو بیشک اللہ غفور و رحیم ہے۔ وہ تم سے پوچھتے ہیں کہ ان کیلئے کیا حلال کیا گیا ہے؛ کہہ دو تمہارے لئے سب طیب (پاک) چیزیں حلال ہیں، اور (شکار حلال ہے) جو تم نے شکاری جانوروں کو سکھایا ہے جو اللہ نے تمہیں تعلیم دی ہے تم انہیں سدھاتے ہوئے سکھاتے ہو، تو جس (جانور) کو وہ تمہارے لئے روک رکھیں اس میں سے کھا لو اور اس پر اللہ کے اسم کا ذکر کرو، اور اللہ سے ڈرو، بیشک اللہ سرعت سے حساب لینے والا ہے۔ آج تم پر سب پاک چیزیں حلال کر دی گئی ہیں؛ اور ان لوگوں کا طعام (دالیں سبزیاں) جن کو کتاب دی گئی ہے تمہارے لئے حلال ہے، اور تمہارا طعام ان کیلئے حلال ہے، اور مؤمنات میں سے محصنہ عورتیں (باعفت پرھیزگار) اور ان لوگوں میں سے محصنہ عورتیں جن کو تم سے پہلے کتاب دی گئی ہے (تمہارے لئے حلال ہیں) جب تم انہیں ان کے اجر (مہر) ادا کردو حصارِ (نکاح) میں لیتے ہوئے نہ کہ عیاشی کرتے ہوئے اور نہ خفیہ آشنا بناتے ہوئے؛ اور جو ایمان (ولایتِ علیؑ) کا انکار کرے تو اس کا عمل ضائع ہو گیا، اور وہ آخرت میں خاسرین میں سے ہو گا۔

سُوْرَةُ المَائدة

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ أَوْفُواْ بِٱلْعُقُودِ ۚ أُحِلَّتْ لَكُم بَهِيمَةُ ٱلْأَنْعَـٰمِ إِلَّا مَا يُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّى ٱلصَّيْدِ وَأَنتُمْ حُرُمٌ ۗ إِنَّ ٱللَّهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيدُ (١)
يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَا تُحِلُّواْ شَعَـٰٓئِرَ ٱللَّهِ وَلَا ٱلشَّهْرَ ٱلْحَرَامَ وَلَا ٱلْهَدْىَ وَلَا ٱلْقَلَـٰٓئِدَ وَلَآ ءَآمِّينَ ٱلْبَيْتَ ٱلْحَرَامَ يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِّن رَّبِّهِمْ وَرِضْوَٰنًا ۚ وَإِذَا حَلَلْتُمْ فَٱصْطَادُواْ ۚ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَـَٔانُ قَوْمٍ أَن صَدُّوكُمْ عَنِ ٱلْمَسْجِدِ ٱلْحَرَامِ أَن تَعْتَدُواْ ۘ وَتَعَاوَنُواْ عَلَى ٱلْبِرِّ وَٱلتَّقْوَىٰ ۖ وَلَا تَعَاوَنُواْ عَلَى ٱلْإِثْمِ وَٱلْعُدْوَٰنِ ۚ وَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ ۖ إِنَّ ٱللَّهَ شَدِيدُ ٱلْعِقَابِ (٢) حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ ٱلْمَيْتَةُ وَٱلدَّمُ وَلَحْمُ ٱلْخِنزِيرِ وَمَآ أُهِلَّ لِغَيْرِ ٱللَّهِ بِهِۦ وَٱلْمُنْخَنِقَةُ وَٱلْمَوْقُوذَةُ وَٱلْمُتَرَدِّيَةُ وَٱلنَّطِيحَةُ وَمَآ أَكَلَ ٱلسَّبُعُ إِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ وَمَا ذُبِحَ عَلَى ٱلنُّصُبِ وَأَن تَسْتَقْسِمُواْ بِٱلْأَزْلَـٰمِ ۚ ذَٰلِكُمْ فِسْقٌ ۗ ٱلْيَوْمَ يَئِسَ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ مِن دِينِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَٱخْشَوْنِ ۚ ٱلْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِى وَرَضِيتُ لَكُمُ ٱلْإِسْلَـٰمَ دِينًا ۚ فَمَنِ ٱضْطُرَّ فِى مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّإِثْمٍ ۙ فَإِنَّ ٱللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (٣) يَسْـَٔلُونَكَ مَاذَآ أُحِلَّ لَهُمْ ۖ قُلْ أُحِلَّ لَكُمُ ٱلطَّيِّبَـٰتُ ۙ وَمَا عَلَّمْتُم مِّنَ ٱلْجَوَارِحِ مُكَلِّبِينَ تُعَلِّمُونَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ ٱللَّهُ ۖ فَكُلُواْ مِمَّآ أَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ وَٱذْكُرُواْ ٱسْمَ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ۖ وَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ سَرِيعُ ٱلْحِسَابِ (٤) ٱلْيَوْمَ أُحِلَّ لَكُمُ ٱلطَّيِّبَـٰتُ ۖ وَطَعَامُ ٱلَّذِينَ أُوتُواْ ٱلْكِتَـٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ ۖ وَٱلْمُحْصَنَـٰتُ مِنَ ٱلْمُؤْمِنَـٰتِ وَٱلْمُحْصَنَـٰتُ مِنَ ٱلَّذِينَ أُوتُواْ ٱلْكِتَـٰبَ مِن قَبْلِكُمْ إِذَآ ءَاتَيْتُمُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ مُحْصِنِينَ غَيْرَ مُسَـٰفِحِينَ وَلَا مُتَّخِذِىٓ أَخْدَانٍ ۗ وَمَن يَكْفُرْ بِٱلْإِيمَـٰنِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهُۥ وَهُوَ فِى ٱلْـَٔاخِرَةِ مِنَ ٱلْخَـٰسِرِينَ (٥)

6. O you who believe, when you rise to [perform] prayer, wash your faces and your forearms to the elbows and wipe over [front part of] your heads and your feet to the ankles. And if you are in a state of Janabah, then purify yourselves [with bath]. But if you are ill or on a journey or one of you comes from the place of relieving himself or you have contacted women and do not find water, then do Tayammum with clean earth and wipe [with dust] over your faces and hands with it. Allah does not intend to make difficulty for you, but He intends to purify you and complete His favour upon you that you may be grateful.
7. And remember the favour of Allah upon you and His covenant [of Wilyat] with which He bound you when you said, "We hear and we obey"; and fear Allah. Indeed, Allah is Knowing of that within the chests.
8. O you who believe, be persistently standing firm [on the Haqq] for Allah, witnesses in justice, and do not let the hatred of a people prevent you from being just. Be just; that is nearer to righteousness. And fear Allah; indeed, Allah is Acquainted with what you do.
9. Allah has promised those who believe and do righteous deeds [that] for them there is forgiveness and great reward.
10. But those who disbelieve and belie Our Ayaat – those are the companions of Hellfire.
11. O you who believe, remember the Ne'mat of Allah upon you when a people determined to extend their hands [in aggression] against you, but He withheld their hands from you [with Hudaybiah peace pact]; and fear Allah. And upon Allah then the believers should rely.
12. And Allah had already taken a covenant from the Children of Israel, and We delegated from among them twelve leaders. And Allah said, "I am with you. If you establish Salaat and give Zakaat and believe in My Rasools and support them and give loan to Allah a goodly loan, I will surely remove from you your misdeeds and admit you to gardens beneath which rivers flow. But whoever of you disbelieves after that has certainly strayed from the right path."
13. So for their breaking of their covenant [of Wilayat e Ali swsa] We cursed them and made their hearts hardened. They distort words from their [proper] places [i.e. usages] and have forgotten a portion of that of which they were reminded. And you will always discover deceit among them, except a few of them. But pardon them and overlook [their misdeeds]. Indeed, Allah loves the doers of good.
14. And from those who say, "We are Christians" We took their covenant; but they forgot a portion of that of which they were reminded. So We caused among them animosity and hatred until the Day of Qiyamah. And Allah is going to inform them about what they used to do.

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟ إِذَا قُمْتُمْ إِلَى ٱلصَّلَوٰةِ
فَٱغْسِلُوا۟ وُجُوهَكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ إِلَى ٱلْمَرَافِقِ
وَٱمْسَحُوا۟ بِرُءُوسِكُمْ وَأَرْجُلَكُمْ إِلَى ٱلْكَعْبَيْنِ
وَإِن كُنتُمْ جُنُبًا فَٱطَّهَّرُوا۟ وَإِن كُنتُم مَّرْضَىٰٓ أَوْ
عَلَىٰ سَفَرٍ أَوْ جَآءَ أَحَدٌ مِّنكُم مِّنَ ٱلْغَآئِطِ أَوْ
لَـٰمَسْتُمُ ٱلنِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوا۟ مَآءً فَتَيَمَّمُوا۟ صَعِيدًا
طَيِّبًا فَٱمْسَحُوا۟ بِوُجُوهِكُمْ وَأَيْدِيكُم مِّنْهُ مَا
يُرِيدُ ٱللَّهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُم مِّنْ حَرَجٍ وَلَـٰكِن يُرِيدُ
لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهُۥ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ
تَشْكُرُونَ (٦) وَٱذْكُرُوا۟ نِعْمَةَ ٱللَّهِ عَلَيْكُمْ
وَمِيثَـٰقَهُ ٱلَّذِى وَاثَقَكُم بِهِۦٓ إِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا
وَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ إِنَّ ٱللَّهَ عَلِيمٌۢ بِذَاتِ ٱلصُّدُورِ (٧)
يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ كُونُوا۟ قَوَّٰمِينَ لِلَّهِ شُهَدَآءَ
بِٱلْقِسْطِ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَـَٔانُ قَوْمٍ عَلَىٰٓ أَلَّا
تَعْدِلُوا۟ ٱعْدِلُوا۟ هُوَ أَقْرَبُ لِلتَّقْوَىٰ وَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ إِنَّ
ٱللَّهَ خَبِيرٌۢ بِمَا تَعْمَلُونَ (٨) وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ
ءَامَنُوا۟ وَعَمِلُوا۟ ٱلصَّـٰلِحَـٰتِ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ
عَظِيمٌ (٩) وَٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ وَكَذَّبُوا۟ بِـَٔايَـٰتِنَآ
أُو۟لَـٰٓئِكَ أَصْحَـٰبُ ٱلْجَحِيمِ (١٠) يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ
ءَامَنُوا۟ ٱذْكُرُوا۟ نِعْمَتَ ٱللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ هَمَّ قَوْمٌ
أَن يَبْسُطُوٓا۟ إِلَيْكُمْ أَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ أَيْدِيَهُمْ عَنكُمْ
وَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ وَعَلَى ٱللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ ٱلْمُؤْمِنُونَ (١١)
۞ وَلَقَدْ أَخَذَ ٱللَّهُ مِيثَـٰقَ بَنِىٓ إِسْرَٰٓءِيلَ وَبَعَثْنَا
مِنْهُمُ ٱثْنَىْ عَشَرَ نَقِيبًا وَقَالَ ٱللَّهُ إِنِّى مَعَكُمْ
لَئِنْ أَقَمْتُمُ ٱلصَّلَوٰةَ وَءَاتَيْتُمُ ٱلزَّكَوٰةَ وَءَامَنتُم
بِرُسُلِى وَعَزَّرْتُمُوهُمْ وَأَقْرَضْتُمُ ٱللَّهَ قَرْضًا
حَسَنًا لَّأُكَفِّرَنَّ عَنكُمْ سَيِّـَٔاتِكُمْ وَلَأُدْخِلَنَّكُمْ
جَنَّـٰتٍ تَجْرِى مِن تَحْتِهَا ٱلْأَنْهَـٰرُ فَمَن كَفَرَ
بَعْدَ ذَٰلِكَ مِنكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ ٱلسَّبِيلِ (١٢)
فَبِمَا نَقْضِهِم مِّيثَـٰقَهُمْ لَعَنَّـٰهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوبَهُمْ
قَـٰسِيَةً يُحَرِّفُونَ ٱلْكَلِمَ عَن مَّوَاضِعِهِۦ وَنَسُوا۟
حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوا۟ بِهِۦ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلَىٰ
خَآئِنَةٍ مِّنْهُمْ إِلَّا قَلِيلًا مِّنْهُمْ فَٱعْفُ عَنْهُمْ وَٱصْفَحْ
إِنَّ ٱللَّهَ يُحِبُّ ٱلْمُحْسِنِينَ (١٣) وَمِنَ ٱلَّذِينَ قَالُوٓا۟
إِنَّا نَصَـٰرَىٰٓ أَخَذْنَا مِيثَـٰقَهُمْ فَنَسُوا۟ حَظًّا مِّمَّا
ذُكِّرُوا۟ بِهِۦ فَأَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ ٱلْعَدَاوَةَ وَٱلْبَغْضَآءَ
إِلَىٰ يَوْمِ ٱلْقِيَـٰمَةِ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ ٱللَّهُ بِمَا كَانُوا۟
يَصْنَعُونَ (١٤)

اے لوگو جو ایمان لائے ہو جب تم صلاۃ کیلئے اٹھو تو اپنے چہروں اور اپنے ہاتھوں کو کہنیوں تک دھو لو اور اپنے سروں (کے اگلے حصہ کا) اور اپنے پاؤں کا ٹخنوں تک مسح کر لو؛ اور اگر تم منجنب ہو تو (غسل کرکے) پاک ہو جاؤ؛ اور اگر تم مریض ہو یا سفر میں یا تم میں سے کوئی رفعِ حاجت کرکے آیا ہو یا تم نے اپنی عورتوں سے مباشرت کی ہو اور تم پانی نہ پاؤ تو طیب مٹی سے تیمم کرلو پس اس (مٹی) سے اپنے چہروں اور اپنے ہاتھوں کا مسح کر لو؛ اللہ کا ارادہ نہیں کہ تمہارے لئے کوئی مشکل بنا دے لیکن اسکا ارادہ ہے کہ تمہیں پاک کرے اور تم پر اپنی نعمت تمام کرے تاکہ تم شکر کرو۔ اور اللہ کی نعمت کا ذکر کرو جو تم پر ہے اور اس کے میثاقِ (ولایت) کو جس پر تمہیں پکا کیا جب تم نے کہا ہم نے سنا اور ہم نے اطاعت کی، اور اللہ سے ڈرو؛ بیشک اللہ خوب جانتا ہے جو سینوں کے اندر ہے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو اللہ کیلئے (حق پر) قائم رہنے والے انصاف کے ساتھ گواہی دینے والے بنو، اور کسی قوم سے نفرت تمہیں اس پر نہ ابھارے کہ تم عدل نہ کرو؛ عدل کرو، یہ تقویٰ کے زیادہ قریب ہے، اور اللہ سے ڈرو؛ بیشک اللہ باخبر ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔ اللہ نے ان لوگوں سے وعدہ کیا ہے جو ایمان لائے ہیں اور صالح اعمال کرتے ہیں، ان کیلئے مغفرت اور اجرِ عظیم ہے۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیات کی تکذیب کی وہی لوگ اہلِ جحیم (جہنم) ہیں۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو اللہ کی نعمت کا ذکر کرو جو تم پر ہے، جب ایک قوم نے منصوبہ بنا لیا کہ وہ تمہاری طرف اپنے ہاتھ بڑھائیں تو اللہ نے (صلح حدیبیہ کے ذریعے) ان کے ہاتھ تم (پر اٹھنے) سے روک دیئے، اور اللہ سے ڈرو؛ اور مؤمنوں کو اللہ پر ہی توکل کرنا چاہیئے۔ اور تحقیق اللہ نے بنی اسرائیل سے میثاق لیا، اور ہم نے ان میں سے بارہ نقیب (سردار) مبعوث کئے؛ اور اللہ نے کہا بیشک میں تمہارے ساتھ ہوں اگر تم صلاۃ قائم کرو اور تم زکاۃ ادا کرو اور تم میرے رسولوں پر ایمان لاؤ اور تم ان کی مدد کرو اور تم اللہ کو قرضِ حسنہ قرضہ دو تو ضرور میں تمہاری برائیاں تم سے مٹا دوں گا اور تمہیں ضرور جنتوں میں داخل کروں گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، پس تم میں سے جس نے اس کے بعد کفر کیا تو یقیناً اس نے متوازن سبیل کو گم کر دیا۔ پس ان کے اپنے میثاق (ولایتِ علیؑ) کو توڑنے کی وجہ سے ہم نے ان پر لعنت کی ہے اور ہم نے ان کے قلوب کو سخت بنا دیا، وہ کلام کی اس کے موضع (موقع محل) سے تحریف کرتے تھے، اور وہ اس کا ایک حصہ بھول گئے جو ذکر انکو کرنے کو دیا، اور تم ہمیشہ ان میں خیانت سے مطلع ہوتے رہو گے سوائے ان میں سے قلیل کے پس ان کو معاف کر دو اور درگذر کرو؛ بیشک اللہ محسنین سے محبت کرتا ہے۔ اور ہم نے ان لوگوں سے بھی میثاق لیا جنہوں نے کہا بیشک ہم نصاریٰ ہیں پھر وہ اس کا ایک حصہ بھول گئے جو ذکر انکو کرنے کو دیا، تو ہم نے ان کے درمیان یومِ قیامت تک عداوت اور بغض بھڑکا دیئے؛ اور اللہ عنقریب انہیں خبر دے گا جو کچھ وہ بناتے رہے۔

15. O People of the Book, there has come to you Our Rasool making clear to you much of what you used to conceal of the Book and overlooking much. There has come to you from Allah a Noor [the Nabi sawaw, Ali swsa, & the Imams swsa] and a clear Book [i.e. the Qur'an]
16. By which Allah guides those who pursue His pleasure to Subulas Salaam [the paths of peace] and brings them out from darknesses into the light, by His permission, and guides them to Sirat al-Mustaqeem.
17. They have certainly disbelieved who say that Allah is Christ, the son of Mariyam. Say, "Then who could prevent Allah at all if He had intended to destroy Christ, the son of Mariyam, and his mother and everyone on the earth?" And to Allah belongs the kingdom of the heavens and the earth and whatever is between them. He creates what He wills, and Allah is over all things competent.
18. But the Jews and the Christians say, "We are the children of Allah and His beloved." Say, "Then why does He punish you for your sins?" Rather, you are human beings from among those He has created. He forgives whom He wills, and He punishes whom He wills. And to Allah belongs the kingdom of the heavens and the earth and whatever is between them, and to Him is the [final] destination.
19. O People of the Book, there has come to you Our Rasool [sawaw] to make clear to you [the religion] after a period [of suspension] of the Rasools, lest you say, "There came not to us any bringer of good tidings or a warner." But there has come to you a bringer of good tidings and a warner. And Allah is over all things competent.
20. And [recall, O Mohammad sawaw], when Musa said to his people, "O my people, remember the favour of Allah upon you when He appointed among you prophets and made you masters [possessors] and gave you that which He had not given anyone among the worlds.
21. O my people, enter the Holy Land [i.e. Palestine] which Allah has prescribed to you and do not turn back [from fighting in Allah's cause] and [thus] become losers."
22. They said, "O Musa, indeed within it is a people of tyrannical strength, and indeed, we will never enter it until they leave it; but if they leave it, then we will enter."
23. Said two men [Yusha bin Noon & Kalib bin Yafna] from those who feared [to disobey] upon whom Allah had bestowed favour, "Enter upon them through the gate, for when you have entered it, you will be predominant. And upon Allah rely, if you are believers."
24. They said, "O Musa, indeed we will not enter it, ever, as long as they are within it; so go, you and your Rabb, and fight. Indeed, we are remaining right here."
25. [Musa] said, "My Rabb, indeed I do not possess [i.e. control] except myself and my brother [Haroon], so part us from the defiantly disobedient people."
26. [Allah] said, "Then indeed, it [i.e. this land] is forbidden to them for forty years [in which] they will wander throughout the land. So do not grieve over the defiantly disobedient people."

يَٰٓأَهۡلَ ٱلۡكِتَٰبِ قَدۡ جَآءَكُمۡ رَسُولُنَا يُبَيِّنُ لَكُمۡ كَثِيرٗا مِّمَّا كُنتُمۡ تُخۡفُونَ مِنَ ٱلۡكِتَٰبِ وَيَعۡفُواْ عَن كَثِيرٖۚ قَدۡ جَآءَكُم مِّنَ ٱللَّهِ نُورٞ وَكِتَٰبٞ مُّبِينٞ (١٥) يَهۡدِي بِهِ ٱللَّهُ مَنِ ٱتَّبَعَ رِضۡوَٰنَهُۥ سُبُلَ ٱلسَّلَٰمِ وَيُخۡرِجُهُم مِّنَ ٱلظُّلُمَٰتِ إِلَى ٱلنُّورِ بِإِذۡنِهِۦ وَيَهۡدِيهِمۡ إِلَىٰ صِرَٰطٖ مُّسۡتَقِيمٖ (١٦) لَّقَدۡ كَفَرَ ٱلَّذِينَ قَالُوٓاْ إِنَّ ٱللَّهَ هُوَ ٱلۡمَسِيحُ ٱبۡنُ مَرۡيَمَۚ قُلۡ فَمَن يَمۡلِكُ مِنَ ٱللَّهِ شَيۡـًٔا إِنۡ أَرَادَ أَن يُهۡلِكَ ٱلۡمَسِيحَ ٱبۡنَ مَرۡيَمَ وَأُمَّهُۥ وَمَن فِي ٱلۡأَرۡضِ جَمِيعٗاۗ وَلِلَّهِ مُلۡكُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ وَمَا بَيۡنَهُمَاۚ يَخۡلُقُ مَا يَشَآءُۚ وَٱللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ قَدِيرٞ (١٧) وَقَالَتِ ٱلۡيَهُودُ وَٱلنَّصَٰرَىٰ نَحۡنُ أَبۡنَٰٓؤُاْ ٱللَّهِ وَأَحِبَّٰٓؤُهُۥۚ قُلۡ فَلِمَ يُعَذِّبُكُم بِذُنُوبِكُمۖ بَلۡ أَنتُم بَشَرٞ مِّمَّنۡ خَلَقَۚ يَغۡفِرُ لِمَن يَشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَن يَشَآءُۚ وَلِلَّهِ مُلۡكُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ وَمَا بَيۡنَهُمَاۖ وَإِلَيۡهِ ٱلۡمَصِيرُ (١٨) يَٰٓأَهۡلَ ٱلۡكِتَٰبِ قَدۡ جَآءَكُمۡ رَسُولُنَا يُبَيِّنُ لَكُمۡ عَلَىٰ فَتۡرَةٖ مِّنَ ٱلرُّسُلِ أَن تَقُولُواْ مَا جَآءَنَا مِنۢ بَشِيرٖ وَلَا نَذِيرٖۖ فَقَدۡ جَآءَكُم بَشِيرٞ وَنَذِيرٞۗ وَٱللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ قَدِيرٞ (١٩) وَإِذۡ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوۡمِهِۦ يَٰقَوۡمِ ٱذۡكُرُواْ نِعۡمَةَ ٱللَّهِ عَلَيۡكُمۡ إِذۡ جَعَلَ فِيكُمۡ أَنۢبِيَآءَ وَجَعَلَكُم مُّلُوكٗا وَءَاتَىٰكُم مَّا لَمۡ يُؤۡتِ أَحَدٗا مِّنَ ٱلۡعَٰلَمِينَ (٢٠) يَٰقَوۡمِ ٱدۡخُلُواْ ٱلۡأَرۡضَ ٱلۡمُقَدَّسَةَ ٱلَّتِي كَتَبَ ٱللَّهُ لَكُمۡ وَلَا تَرۡتَدُّواْ عَلَىٰٓ أَدۡبَارِكُمۡ فَتَنقَلِبُواْ خَٰسِرِينَ (٢١) قَالُواْ يَٰمُوسَىٰٓ إِنَّ فِيهَا قَوۡمٗا جَبَّارِينَ وَإِنَّا لَن نَّدۡخُلَهَا حَتَّىٰ يَخۡرُجُواْ مِنۡهَا فَإِن يَخۡرُجُواْ مِنۡهَا فَإِنَّا دَٰخِلُونَ (٢٢) قَالَ رَجُلَانِ مِنَ ٱلَّذِينَ يَخَافُونَ أَنۡعَمَ ٱللَّهُ عَلَيۡهِمَا ٱدۡخُلُواْ عَلَيۡهِمُ ٱلۡبَابَ فَإِذَا دَخَلۡتُمُوهُ فَإِنَّكُمۡ غَٰلِبُونَۚ وَعَلَى ٱللَّهِ فَتَوَكَّلُوٓاْ إِن كُنتُم مُّؤۡمِنِينَ (٢٣) قَالُواْ يَٰمُوسَىٰٓ إِنَّا لَن نَّدۡخُلَهَآ أَبَدٗا مَّا دَامُواْ فِيهَا فَٱذۡهَبۡ أَنتَ وَرَبُّكَ فَقَٰتِلَآ إِنَّا هَٰهُنَا قَٰعِدُونَ (٢٤) قَالَ رَبِّ إِنِّي لَآ أَمۡلِكُ إِلَّا نَفۡسِي وَأَخِيۖ فَٱفۡرُقۡ بَيۡنَنَا وَبَيۡنَ ٱلۡقَوۡمِ ٱلۡفَٰسِقِينَ (٢٥) قَالَ فَإِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيۡهِمۡ أَرۡبَعِينَ سَنَةٗۛ يَتِيهُونَ فِي ٱلۡأَرۡضِۚ فَلَا تَأۡسَ عَلَى ٱلۡقَوۡمِ ٱلۡفَٰسِقِينَ (٢٦)

اے اہلِ کتاب یقیناً تمہارے پاس ہمارا رسولؑ آ گیا ہے جو تمہارے لئے بہت ساری باتوں کو بیان کرتا ہے جو تم کتاب میں سے چھپاتے تھے اور بہت سی باتوں سے درگذر کرتا ہے؛ یقیناً تمہارے پاس اللہ کی طرف سے نور (نبیؐ، علیؑ اور آئمہؑ) اور واضح کتاب آ گئے ہیں۔ اللہ اس کے ذریعے ان لوگوں کو جو اس کی رضاؤں کا اتباع کرتے ہیں سلام کی سبیلوں (سلامتی کی راہوں) کی ہدایت کرتا ہے اور اپنے اذن سے انہیں ظلمات سے نور کی طرف نکال لاتا ہے اور انہیں صراطِ مستقیم کی طرف ہدایت دیتا ہے۔ یقیناً کفر کیا جن لوگوں نے کہا بیشک اللہ تو وہی مسیحؑ ابن مریمؑ ہے؛ کہہ دو پس کون ہے جو اللہ کے کسی کام میں کسی بھی شئ کے اختیار کا مالک ہو اگر وہ ارادہ کرے کہ مسیحؑ ابن مریمؑ کو ہلاک کر دے اور اس کی ماں کو اور جو زمین میں ہیں ان سب کو؛ اور اللہ ہی کیلئے بادشاہی ہے آسمانوں اور زمین کی اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے؛ وہ جو چاہتا ہے خلق کرتا ہے؛ اور اللہ ہر شئ پر قادر ہے۔ اور یہود اور نصاریٰ نے کہا ہم اللہ کے بیٹے اور اس کے پیارے ہیں؛ کہہ دو پھر وہ تمہیں تمہارے گناہوں پر عذاب کیوں دیتا ہے؛ بلکہ اس کے خلق کئے ہوؤں میں سے تم بھی بشر ہو؛ وہ جسے چاہتا ہے بخش دیتا ہے اور وہ جسے چاہتا ہے عذاب دیتا ہے؛ اور اللہ ہی کیلئے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی ہے اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے، اور اسی کی طرف آخری منزل ہے۔ اے اہل کتاب یقیناً تمہارے پاس ہمارا رسولؑ آ گیا ہے جو تمہارے لئے رسولوں کے وقفے کے بعد (دین) واضح بیان کر رہا ہے تاکہ تم یہ نہ کہو ہمارے پاس کوئی بشیر (بشارت دینے والا) نہیں آیا اور نہ ہی نذیر (ڈرانے والا)، تو یقیناً تمہارے پاس بشیرؑ اور نذیرؑ آ چکا ہے؛ اور اللہ ہر شئ پر قادر ہے۔ اور جب موسیٰؑ نے اپنی قوم سے کہا اے میری قوم اللہ کی نعمت کا ذکر کرو جو تم پر ہے جب اس نے تم میں انبیاء بنائے اور تمہیں بادشاہ بنایا، اور تمہیں وہ دیا جو عالمین (دنیا) میں کسی ایک کو نہیں دیا۔ اے میری قوم اس مقدس سرزمین میں داخل ہو جاؤ جو اللہ نے تمہارے لئے لکھ دی ہے اور تم اپنی پیٹھوں پر واپس نہ مڑو ورنہ تم خاسرین میں منقلب ہو (بدل) جاؤ گے۔ انہوں نے کہا اے موسیٰؑ اس میں تو بڑی زبردست قوم ہے، اور ہم اس میں ہرگز داخل نہیں ہوں گے حتیٰ کہ وہ (خود) اس سے نکل جائیں، اور اگر وہ اس سے نکل جائیں تو ہم داخل ہو جائیں گے۔ ان لوگوں میں سے جو (نافرمانی سے) ڈرتے تھے دو آدمیوں (یوشع بن نون اور کالب بن یافنا) نے کہا جن دونوں پر اللہ کا انعام تھا دروازے میں سے ان میں داخل ہو جاؤ، اور جب تم اس میں داخل ہو جاؤ گے تو بیشک تم غالب ہو جاؤ گے، اور اللہ پر بھروسہ کرو اگر تم مؤمنین ہو۔ انہوں نے کہا اے موسیٰؑ بیشک ہم تو اس میں ہرگز کبھی بھی داخل نہیں ہوں گے جب تک وہ اس میں ہیں پس تم اور تمہارا رب جاؤ اور تم دونوں لڑو ہم تو یہیں بیٹھے ہیں۔ اس نے کہا اے میرے رب بیشک میں اختیار کا مالک نہیں سوائے اپنے نفس اور اپنے بھائی (ہارونؑ) کے پس تو ہمارے اور نافرمان قوم کے درمیان علیحدگی کر دے۔ اللہ نے کہا پس بیشک یہ (سرزمین) ان پر چالیس سال تک حرام ہے، یہ لوگ زمین میں بھٹکتے پھریں گے؛ پس نافرمان قوم پر غم نہ کر۔

27. And recite to them the story of Adam's two sons, in truth, when they both offered a sacrifice [to Allah], and it was accepted from one of them but was not accepted from the other. Said [Qabeel], "I will surely kill you." Said [Habeel], “Indeed, Allah only accepts [sacrifice] from the righteous [who fear Him].
28. If you should raise your hand against me to kill me – I shall not raise my hand against you to kill you. Indeed, I fear Allah, Rabb of Aalameen.
29. Indeed, I want you to obtain [thereby] my sin and your sin so you will be among the companions of the Fire. And that is the recompense of wrongdoers.”
30. And his soul permitted to him the murder of his brother, so he killed him and became among the losers.
31. Then Allah sent a crow searching [i.e. scratching] in the ground to show him how to hide the dead body of his brother. He said, "O woe to me! Have I failed to be like this crow and hide the dead body of my brother?" And he became of the regretful ones.
32. Because of that, We decreed upon the Children of Israel that whoever kills a soul unless for a soul or for corruption [done] in the land – it is as if he had slain mankind entirely. And whoever saves one – it is as if he had saved mankind entirely [Who takes someone out of error to guidance is like giving life, and who takes someone from guidance to error is like killing him]. And Our Rasools had certainly come to them with clear proofs. Then indeed many of them, [even] after that, throughout the land, were extravagant [bloodshed and declaring Haram as Halaal].
33. Indeed, the penalty for those who wage war against Allah and His Rasool and strive upon earth [to cause] corruption is none but that they be killed or crucified or that their hands and feet be cut off from opposite sides or that they be exiled from the land. That is for them a disgrace in this world; and for them in the Hereafter is a great punishment,
34. Except for those who return [repenting] before you overcome [i.e. apprehend] them. And know that Allah is Forgiving Merciful.
35. O you who believe, fear Allah and seek Waseela [connection & nearness to the Imam] to Him and strive in His Sabeel that you may succeed.
36. Indeed, those who disbelieve – if they should have all that is in the earth and the like of it with it by which to ransom themselves from the punishment of the Day of Qiyamah, it will not be accepted from them, and for them is a painful punishment.
37. They will wish to get out of the Fire, but never they will emerge therefrom, and for them is a lasting punishment.
38. [As for] the thief, the male and the female, amputate their hands [fingers] in recompense for what they earned [i.e. committed] as a deterrent [punishment] from Allah. And Allah is Exalted in Might and Wise.
39. But whoever repents after his wrongdoing and reforms, indeed, Allah will turn to him in forgiveness. Indeed, Allah is Forgiving and Merciful.
40. Do you not know that to Allah belongs the kingdom of the heavens and the earth? He punishes whom He wills and forgives whom He wills, and Allah is over all things competent.

۞ وَٱتۡلُ عَلَيۡهِمۡ نَبَأَ ٱبۡنَيۡ ءَادَمَ بِٱلۡحَقِّ إِذۡ قَرَّبَا
قُرۡبَانٗا فَتُقُبِّلَ مِنۡ أَحَدِهِمَا وَلَمۡ يُتَقَبَّلۡ مِنَ ٱلۡأٓخَرِ
قَالَ لَأَقۡتُلَنَّكَۖ قَالَ إِنَّمَا يَتَقَبَّلُ ٱللَّهُ مِنَ ٱلۡمُتَّقِينَ
(٢٧) لَئِنۢ بَسَطتَ إِلَيَّ يَدَكَ لِتَقۡتُلَنِي مَآ أَنَا۠
بِبَاسِطٖ يَدِيَ إِلَيۡكَ لِأَقۡتُلَكَۖ إِنِّيٓ أَخَافُ ٱللَّهَ رَبَّ
ٱلۡعَٰلَمِينَ (٢٨) إِنِّيٓ أُرِيدُ أَن تَبُوٓأَ بِإِثۡمِي وَإِثۡمِكَ
فَتَكُونَ مِنۡ أَصۡحَٰبِ ٱلنَّارِۚ وَذَٰلِكَ جَزَٰٓؤُاْ
ٱلظَّٰلِمِينَ (٢٩) فَطَوَّعَتۡ لَهُۥ نَفۡسُهُۥ قَتۡلَ أَخِيهِ
فَقَتَلَهُۥ فَأَصۡبَحَ مِنَ ٱلۡخَٰسِرِينَ (٣٠) فَبَعَثَ ٱللَّهُ
غُرَابٗا يَبۡحَثُ فِي ٱلۡأَرۡضِ لِيُرِيَهُۥ كَيۡفَ يُوَٰرِي
سَوۡءَةَ أَخِيهِۚ قَالَ يَٰوَيۡلَتَىٰٓ أَعَجَزۡتُ أَنۡ أَكُونَ
مِثۡلَ هَٰذَا ٱلۡغُرَابِ فَأُوَٰرِيَ سَوۡءَةَ أَخِيۖ فَأَصۡبَحَ
مِنَ ٱلنَّٰدِمِينَ (٣١) مِنۡ أَجۡلِ ذَٰلِكَ كَتَبۡنَا عَلَىٰ
بَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ أَنَّهُۥ مَن قَتَلَ نَفۡسَۢا بِغَيۡرِ نَفۡسٍ أَوۡ
فَسَادٖ فِي ٱلۡأَرۡضِ فَكَأَنَّمَا قَتَلَ ٱلنَّاسَ جَمِيعٗا وَمَنۡ
أَحۡيَاهَا فَكَأَنَّمَآ أَحۡيَا ٱلنَّاسَ جَمِيعٗاۚ وَلَقَدۡ
جَآءَتۡهُمۡ رُسُلُنَا بِٱلۡبَيِّنَٰتِ ثُمَّ إِنَّ كَثِيرٗا مِّنۡهُم بَعۡدَ
ذَٰلِكَ فِي ٱلۡأَرۡضِ لَمُسۡرِفُونَ (٣٢) إِنَّمَا جَزَٰٓؤُاْ
ٱلَّذِينَ يُحَارِبُونَ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ وَيَسۡعَوۡنَ فِي
ٱلۡأَرۡضِ فَسَادًا أَن يُقَتَّلُوٓاْ أَوۡ يُصَلَّبُوٓاْ أَوۡ تُقَطَّعَ
أَيۡدِيهِمۡ وَأَرۡجُلُهُم مِّنۡ خِلَٰفٍ أَوۡ يُنفَوۡاْ مِنَ
ٱلۡأَرۡضِۚ ذَٰلِكَ لَهُمۡ خِزۡيٞ فِي ٱلدُّنۡيَاۖ وَلَهُمۡ فِي
ٱلۡأٓخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ (٣٣) إِلَّا ٱلَّذِينَ تَابُواْ مِن
قَبۡلِ أَن تَقۡدِرُواْ عَلَيۡهِمۡۖ فَٱعۡلَمُوٓاْ أَنَّ ٱللَّهَ غَفُورٞ
رَّحِيمٞ (٣٤) يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ ٱتَّقُواْ ٱللَّهَ
وَٱبۡتَغُوٓاْ إِلَيۡهِ ٱلۡوَسِيلَةَ وَجَٰهِدُواْ فِي سَبِيلِهِۦ
لَعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُونَ (٣٥) إِنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ لَوۡ أَنَّ
لَهُم مَّا فِي ٱلۡأَرۡضِ جَمِيعٗا وَمِثۡلَهُۥ مَعَهُۥ
لِيَفۡتَدُواْ بِهِۦ مِنۡ عَذَابِ يَوۡمِ ٱلۡقِيَٰمَةِ مَا تُقُبِّلَ
مِنۡهُمۡۖ وَلَهُمۡ عَذَابٌ أَلِيمٞ (٣٦) يُرِيدُونَ أَن
يَخۡرُجُواْ مِنَ ٱلنَّارِ وَمَا هُم بِخَٰرِجِينَ مِنۡهَاۖ وَلَهُمۡ
عَذَابٞ مُّقِيمٞ (٣٧) وَٱلسَّارِقُ وَٱلسَّارِقَةُ
فَٱقۡطَعُوٓاْ أَيۡدِيَهُمَا جَزَآءَۢ بِمَا كَسَبَا نَكَٰلٗا مِّنَ ٱللَّهِۗ
وَٱللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٞ (٣٨) فَمَن تَابَ مِنۢ بَعۡدِ
ظُلۡمِهِۦ وَأَصۡلَحَ فَإِنَّ ٱللَّهَ يَتُوبُ عَلَيۡهِۗ إِنَّ ٱللَّهَ
غَفُورٞ رَّحِيمٌ (٣٩) أَلَمۡ تَعۡلَمۡ أَنَّ ٱللَّهَ لَهُۥ مُلۡكُ
ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ يُعَذِّبُ مَن يَشَآءُ وَيَغۡفِرُ
لِمَن يَشَآءُۗ وَٱللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ قَدِيرٞ (٤٠)

اور ان کو آدمؑ کے دو بیٹوں کی خبر تلاوت کر کے سناؤ حقیقت کے ساتھ، جب ان دونوں نے قربانی پیش کی تو ان دونوں میں سے ایک کی قبول کی گئی اور دوسرے سے قبول نہ کی گئی؛ اس نے کہا میں تجھے ضرور قتل کر دوں گا؛ اس نے کہا اللہ صرف متقین سے (قربانی) قبول کرتا ہے۔ اگر تو نے میرے طرف ہاتھ بڑھایا تاکہ تو مجھے قتل کرے تو میں اپنا ہاتھ تمہاری طرف نہیں بڑھاؤں گا تاکہ میں تمہیں قتل کروں، بیشک میں عالمین کے رب سے خوف کرتا ہوں۔ بیشک میں چاہتا ہوں کہ تم میرا گناہ اور اپنا گناہ دونوں لے لو تو تم اہلِ نار میں سے ہو جاؤ، اور یہی ظالمین کی جزا ہے۔ پھر اس کے نفس نے اسے اپنے بھائی کے قتل پر مائل کر دیا پس اس نے اسے قتل کر دیا اور خاسرین میں سے ہو گیا۔ پھر اللہ نے ایک کوا بھیجا جو زمین کو کھودتا تھا تاکہ اسے دکھائے کہ کس طرح وہ اپنے بھائی کی لاش کو چھپائے؛ اس نے کہا مجھ پر ہلاکت ہو، کیا میں عاجز ہو گیا ہوں کہ اس کوے کی مثل ہی ہو جاؤں کہ اپنے بھائی کی لاش چھپا سکوں، پس وہ نادم ہونے والوں میں سے ہو گیا۔ اسی وجہ سے ہم نے بنی اسرائیل پر فرض لکھ دیا بیشک جس نے کسی شخص کو قتل کیا بغیر (اس کے کہ وہ) کسی شخص (کو قتل کرے) یا زمین میں فساد (پھیلائے) تو گویا اس نے تمام انسانوں کو قتل کر دیا؛ اور جس نے اسے (ایک نفس) کو بچایا تو گویا اس نے تمام انسانوں کو بچا لیا (جس نے کسی کو گمراہی سے ہدایت کی طرف نکالا تو گویا اسے حیات دی اور جس نے کسی کو ہدایت سے گمراہی کی طرف نکالا تو گویا اسے قتل کیا)؛ اور یقیناً ان کے پاس ہمارے رسول واضح دلائل لے کر آئے، پھر بھی بیشک اس کے بعد ان میں سے اکثر لوگ زمین میں زیادتیاں (خون بہانے اور حرام کو حلال) کرنے والے ہیں۔ جو لوگ اللہ اور اس کے رسولؐ سے جنگ کرتے ہیں اور زمین میں فساد کی سعی کرتے ہیں ان کی جزا صرف یہ ہے کہ وہ قتل کئے جائیں یا سولی پر چڑھائے جائیں یا ان کے ہاتھ اور پاؤں مخالف اطراف سے قطع کئے جائیں یا ان کو زمین سے نکال دیا جائے؛ یہ ان کیلئے دنیا میں رسوائی ہے اور آخرت میں ان کیلئے عذابِ عظیم ہے۔ سوائے ان لوگوں کے جو اس سے پہلے توبہ کر لیں کہ تم ان پر قابو پاؤ، پس جان لو کہ بیشک اللہ غفور و رحیم ہے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو اللہ سے ڈرو اور اس کی طرف وسیلہ (امامؑ سے قربت وتعلق) تلاش کرو اور اس کی سبیل میں جدوجہد کرو تاکہ تم فلاح پا سکو۔ بیشک جن لوگوں نے کفر کیا اگر ان کیلئے وہ سب کچھ ہو جو زمین میں ہے اور اس کے برابر اس کے ساتھ اور بھی ہو تاکہ وہ اس کو یومِ قیامت عذاب سے بچنے کیلئے فدیہ میں دیں تو بھی ان سے قبول نہیں کیا جائے گا، اور ان کیلئے درد ناک عذاب ہے۔ وہ چاہیں گے کہ نار سے نکل جائیں مگر وہ اس میں سے نہیں نکل سکیں گے اور ان کیلئے دائمی عذاب ہے۔ اور چور مرد اور چور عورت دونوں کے ہاتھ (کی انگلیاں) قطع کرو (بطور) جزا جو انہوں نے کمایا، اللہ کی طرف سے عبرتناک سزا؛ اور اللہ زبردست حکمت والا ہے۔ پس جو ظلم کرنے کے بعد توبہ کر لے اور اصلاح کر لے تو بیشک اللہ اس کی طرف توجہ کرے گا؛ بیشک اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔ کیا تمہیں علم نہیں کہ بیشک آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ ہی کیلئے ہے؛ وہ جسے چاہےعذاب دیتا ہے اور وہ جسے چاہے بخش دیتا ہے؛ اور اللہ ہر شئ پر قادر ہے۔

41. O Rasool, let them not grieve you who hasten into disbelief of those who say, "We believe" with their mouths, but their hearts believe not, and from among the Jews. [They are] avid listeners to falsehood, listening to another people who have not come to you. They distort words beyond their [proper] places [i.e. usages], saying, "If you are given this, take it; but if you are not given it, then beware." But he for whom Allah intends Fitnah [trial] – never will you possess [power to do] for him a thing against Allah. Those are the ones for whom Allah does not intend to purify their hearts. For them in this world is disgrace, and for them in the Hereafter is a great punishment.
42. [They are] avid listeners to falsehood, devourers of [what is] unlawful [dealing in alcohol, intoxicants, immorality, gambling, chess, bribery, sorcery, dogs, & dead bodies]. So if they come to you, [O Mohammad sawaw with their disputes], judge between them [if you wish] or turn away from them. And if you turn away from them – never will they harm you at all. And if you judge, judge between them with justice. Indeed, Allah loves those who act justly.
43. But how is it that they come to you for judgement while they have the Tauraat, in which is the judgement of Allah? Then they turn away, [even] after that; but those are not [in fact] believers.
44. Indeed, We sent down the Tauraat, in which is guidance and light. The prophets who submitted [to Allah] judged by it for the Jews, as did the rabbis and scholars by that with which they were entrusted of the Book of Allah, and they were witnesses thereof. So do not fear the people but fear Me, and do not exchange My Ayaat for a small price [i.e. worldly gain]. And whoever does not judge by what Allah has revealed – then it is those who are the disbelievers.
45. And We prescribed for them therein a life for a life, an eye for an eye, a nose for a nose, an ear for an ear, a tooth for a tooth, and for wounds is legal retribution. But whoever gives [up his right as] charity, it is an expiation for him. And whoever does not judge by what Allah has revealed – then it is those who are the wrongdoers [i.e. the unjust].
46. And We sent, following in their [i.e. prophets'] footsteps, Esa, the son of Mariyam, confirming that which was before him in the Tauraat; and We gave him the Injeel, in which was guidance and light and confirming that which preceded it of the Tauraat as guidance and instruction for the righteous.
47. And the People of the Injeel should judge by what Allah has revealed therein. And whoever does not judge by what Allah has revealed – then it is those who are the defiantly disobedient. [The pioneers in rejection of Wilayat, inheritance, and rights like Khums of the Masumeen swsa are Kafir, Zalim, and Fasiq people.]

۞ يَـٰٓأَيُّهَا ٱلرَّسُولُ لَا يَحۡزُنكَ ٱلَّذِينَ يُسَـٰرِعُونَ
فِى ٱلۡكُفۡرِ مِنَ ٱلَّذِينَ قَالُوٓاْ ءَامَنَّا بِأَفۡوَٰهِهِمۡ وَلَمۡ
تُؤۡمِن قُلُوبُهُمۡۛ وَمِنَ ٱلَّذِينَ هَادُواْۛ سَمَّـٰعُونَ
لِلۡكَذِبِ سَمَّـٰعُونَ لِقَوۡمٍ ءَاخَرِينَ لَمۡ يَأۡتُوكَۖ
يُحَرِّفُونَ ٱلۡكَلِمَ مِنۢ بَعۡدِ مَوَاضِعِهِۦۖ يَقُولُونَ إِنۡ
أُوتِيتُمۡ هَـٰذَا فَخُذُوهُ وَإِن لَّمۡ تُؤۡتَوۡهُ فَٱحۡذَرُواْۚ
وَمَن يُرِدِ ٱللَّهُ فِتۡنَتَهُۥ فَلَن تَمۡلِكَ لَهُۥ مِنَ ٱللَّهِ
شَيۡـًٔاۚ أُوْلَـٰٓئِكَ ٱلَّذِينَ لَمۡ يُرِدِ ٱللَّهُ أَن يُطَهِّرَ قُلُوبَهُمۡۚ
لَهُمۡ فِى ٱلدُّنۡيَا خِزۡىٌۖ وَلَهُمۡ فِى ٱلۡأٓخِرَةِ عَذَابٌ
عَظِيمٌ (٤١) سَمَّـٰعُونَ لِلۡكَذِبِ أَكَّـٰلُونَ لِلسُّحۡتِۚ
فَإِن جَآءُوكَ فَٱحۡكُم بَيۡنَهُمۡ أَوۡ أَعۡرِضۡ عَنۡهُمۡۖ وَإِن
تُعۡرِضۡ عَنۡهُمۡ فَلَن يَضُرُّوكَ شَيۡـًٔاۖ وَإِنۡ حَكَمۡتَ
فَٱحۡكُم بَيۡنَهُم بِٱلۡقِسۡطِۚ إِنَّ ٱللَّهَ يُحِبُّ ٱلۡمُقۡسِطِينَ
(٤٢) وَكَيۡفَ يُحَكِّمُونَكَ وَعِندَهُمُ ٱلتَّوۡرَىٰةُ فِيهَا
حُكۡمُ ٱللَّهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوۡنَ مِنۢ بَعۡدِ ذَٰلِكَۚ وَمَآ أُوْلَـٰٓئِكَ
بِٱلۡمُؤۡمِنِينَ (٤٣) إِنَّآ أَنزَلۡنَا ٱلتَّوۡرَىٰةَ فِيهَا هُدًى
وَنُورٌۚ يَحۡكُمُ بِهَا ٱلنَّبِيُّونَ ٱلَّذِينَ أَسۡلَمُواْ لِلَّذِينَ
هَادُواْ وَٱلرَّبَّـٰنِيُّونَ وَٱلۡأَحۡبَارُ بِمَا ٱسۡتُحۡفِظُواْ مِن
كِتَـٰبِ ٱللَّهِ وَكَانُواْ عَلَيۡهِ شُهَدَآءَۚ فَلَا تَخۡشَوُاْ
ٱلنَّاسَ وَٱخۡشَوۡنِ وَلَا تَشۡتَرُواْ بِـَٔايَـٰتِى ثَمَنًا قَلِيلًاۚ
وَمَن لَّمۡ يَحۡكُم بِمَآ أَنزَلَ ٱللَّهُ فَأُوْلَـٰٓئِكَ هُمُ
ٱلۡكَـٰفِرُونَ (٤٤) وَكَتَبۡنَا عَلَيۡهِمۡ فِيهَآ أَنَّ ٱلنَّفۡسَ
بِٱلنَّفۡسِ وَٱلۡعَيۡنَ بِٱلۡعَيۡنِ وَٱلۡأَنفَ بِٱلۡأَنفِ وَٱلۡأُذُنَ
بِٱلۡأُذُنِ وَٱلسِّنَّ بِٱلسِّنِّ وَٱلۡجُرُوحَ قِصَاصٌۚ فَمَن
تَصَدَّقَ بِهِۦ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهُۥۚ وَمَن لَّمۡ يَحۡكُم
بِمَآ أَنزَلَ ٱللَّهُ فَأُوْلَـٰٓئِكَ هُمُ ٱلظَّـٰلِمُونَ (٤٥)
وَقَفَّيۡنَا عَلَىٰٓ ءَاثَـٰرِهِم بِعِيسَى ٱبۡنِ مَرۡيَمَ مُصَدِّقًا
لِّمَا بَيۡنَ يَدَيۡهِ مِنَ ٱلتَّوۡرَىٰةِۖ وَءَاتَيۡنَـٰهُ ٱلۡإِنجِيلَ فِيهِ
هُدًى وَنُورٌ وَمُصَدِّقًا لِّمَا بَيۡنَ يَدَيۡهِ مِنَ ٱلتَّوۡرَىٰةِ
وَهُدًى وَمَوۡعِظَةً لِّلۡمُتَّقِينَ (٤٦) وَلۡيَحۡكُمۡ أَهۡلُ
ٱلۡإِنجِيلِ بِمَآ أَنزَلَ ٱللَّهُ فِيهِۚ وَمَن لَّمۡ يَحۡكُم بِمَآ
أَنزَلَ ٱللَّهُ فَأُوْلَـٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡفَـٰسِقُونَ (٤٧)

اے رسولؐ تمہیں غمزدہ نہ کریں جو لوگ کفر میں سرعت کر رہے ہیں ان لوگوں میں سے جو زبانوں سے تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے لیکن ان کے قلوب ایمان نہیں لائے، اور ان لوگوں میں سے جو یہودی بن گئے ہیں، وہ جھوٹ سننے والے ہیں دوسرے لوگوں کیلئے سننے والے، وہ تمہارے پاس نہیں آتے، وہ الفاظ کو ان کے موقع محل کے بعد تحریف کر دیتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ اگر تمہیں یہ دیا جائے تو لے لینا اور اگر تمہیں یہ نہ دیا جائے تو بچ جانا؛ اور اللہ جس کیلئے آزمائش کا ارادہ کرلے تو تم اس کیلئے اللہ سے (بچنے کا) کچھ اختیار نہیں رکھتے؛ یہ وہی لوگ ہیں جن کیلئے اللہ کا ارادہ نہیں کہ ان کے قلوب کو طاہر کرے؛ ان کیلئے دنیا میں رسوائی ہے، اور ان کیلئے آخرت میں عذابِ عظیم ہے۔ جھوٹ سننے والے حرام (شراب، نشہ، فحاشی، جوا، رشوت، کاہن، کتے ومردہ کی قیمت کی کمائی) کھانے والے؛ پس اگر وہ تمہارے پاس آئیں (اپنے مقدمات لے کر) تو (چاہو تو) ان کے درمیان فیصلہ کرو یا ان سے اعراض کرو، اور اگر تم ان سے اعراض کرو تو وہ تمہیں کچھ ضرر نہیں پہنچا سکتے؛ اور اگر تم فیصلہ کرو تو ان کے درمیان انصاف سے فیصلہ کرو؛ بیشک اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ اور وہ تمہیں منصف کس طرح بناتے ہیں اور ان کے پاس تورات ہے جس میں اللہ کا حکم (لکھا) ہے پھر اس کے بعد وہ منہ موڑ لیتے ہیں؛ اور وہ لوگ مؤمنین ہے ہی نہیں۔ بیشک ہم نے تورات نازل کی اس میں ہدایت اور نور ہے، اس کے مطابق انبیاء جو کہ مسلم تھے فیصلے کرتے تھے ان لوگوں کیلئے جو یہودی بن گئے ہیں اور رابیوں اور پادریوں کیلئے، اسلئے کہ کتاب اللہ کی حفاظت ان کے سپرد کی گئی تھی اور وہ اس پر گواہ تھے، پس تم لوگوں سے نہ ڈرو بلکہ مجھ سے ڈرو اور میری آیات قلیل معاوضے پر نہ بیچو؛ اور جو اس کے مطابق فیصلہ نہ کرے جو اللہ نے نازل کیا ہے تو وہی لوگ کافر ہیں۔ اور ہم نے ان پر اس میں لکھ (فرض کر) دیا تھا کہ نفس کے بدلے نفس اور آنکھ کے بدلے آنکھ اور ناک کے بدلے ناک اور کان کے بدلے کان اور دانت کے بدلے دانت اور زخموں کا بھی قصاص ہے؛ اور جو اس (قصاص) کو صدقہ کر دے تو وہ اس کیلئے کفارہ ہے؛ اور جو اس کے مطابق فیصلہ نہ کرے جو اللہ نے نازل کیا ہے تو وہی لوگ ظالم ہیں۔ اور ہم نے ان (انبیاء) کے نقشِ قدم پر عیسیٰؑ ابنِ مریمؑ کو بھیجا تصدیق کرنے والا پہلے سے موجود تورات کی، اور ہم نے اسے انجیل عطا کی اس میں ہدایت اور نور تھا اور تصدیق کرنے والی پہلے سے موجود تورات کی اور متقین کیلئے ہدایت و نصیحت۔ اور تاکہ اہلِ انجیل اس کے مطابق فیصلے کریں جو اللہ نے اس میں نازل کیا ہے؛ اور جو اس کے مطابق فیصلہ نہ کرے جو اللہ نے نازل کیا ہے تو وہی لوگ فاسق ہیں (معصومینؑ کی ولایت، وراثت، حقِ خمس کے انکار کی بنیاد رکھنے والے کافر، ظالم، فاسق ہیں)۔

48. And We have revealed to you, [O Mohammad sawaw], the Book [i.e. the Qur'an] with the Haqq, confirming that which preceded it of the Scripture and as a guardian over it. So judge between them by what Allah has revealed and do not follow their desires away from what has come to you of the truth. To each of you We prescribed a law and a method. Had Allah willed, He would have made you one nation [united in religion], but [He intended] to test you in what He has given you; so excel in Khairaat [virtuous deeds]. To Allah is your return all together, and He will [then] inform you concerning that over which you used to differ.
49. And judge, [O Mohammad sawaw], between them by what Allah has revealed and do not follow their desires and beware of them, lest they tempt you away from some of what Allah has revealed to you. And if they turn away – then know that Allah only intends to afflict them due to some of their [own] sins. And indeed, majority among the people are defiantly disobedient.
50. Then is it the judgement of [the time of] ignorance they desire? But who is better than Allah in judgement for a people who are certain [in faith].
51. O you who believe, do not take the Jews and the Christians as allies. They are [in fact] allies of one another. And whoever is an ally to them among you – then indeed, he is [one] of them. Indeed, Allah guides not the wrongdoing people.
52. So you see those in whose hearts is disease [i.e. hypocrisy] hastening into [association with] them, saying, "We are afraid a misfortune may befall us." But perhaps Allah will bring conquest or a decision from Him, and they will become, over what they have been concealing within themselves, regretful.
53. And those who believe will say, ”Are these the ones who swore by Allah their strongest oaths that indeed they were with you?" Their deeds have become worthless, and they have become losers.
54. O you who believe, whoever of you reverts from his religion [becomes renegade by usurping the rights of Aal e Mohammad swsa] – Allah will bring forth [in place of them] a people [companions of Qaim swsa] He will love and who will love Him [who are] humble toward the believers, powerful against the disbelievers; they strive in the Sabeel of Allah and do not fear the blame of a critic. That is the favour of Allah; He bestows it upon whom He wills. And Allah is all-Encompassing all-Knowing.
55. Only Allah is your Wali and His Rasool and those who believe [Maola Ali swsa and the infallible Imams swsa] – those who establish Salaat and give Zakaat, and they bow [in worship].
56. And whoever takes Allah and His Rasool and those who believe [Maola Ali swsa] as Wali – then surely, the party of Allah [Allah, His Rasool sawaw, and Shias of His Wali Ali swsa] – they will be the predominant.
57. O you who believe, take not those who have taken your religion in ridicule and amusement among the ones who were given the Book before you nor the disbelievers as guardians. And fear Allah, if you are [truly] believers.
58. And when you call to prayer, they take it in ridicule and amusement. That is because they are a people who do not use reason.

وَأَنزَلۡنَآ إِلَيۡكَ ٱلۡكِتَٰبَ بِٱلۡحَقِّ مُصَدِّقٗا لِّمَا بَيۡنَ
يَدَيۡهِ مِنَ ٱلۡكِتَٰبِ وَمُهَيۡمِنًا عَلَيۡهِۖ فَٱحۡكُم بَيۡنَهُم
بِمَآ أَنزَلَ ٱللَّهُۖ وَلَا تَتَّبِعۡ أَهۡوَآءَهُمۡ عَمَّا جَآءَكَ مِنَ
ٱلۡحَقِّۚ لِكُلّٖ جَعَلۡنَا مِنكُمۡ شِرۡعَةٗ وَمِنۡهَاجٗاۚ وَلَوۡ
شَآءَ ٱللَّهُ لَجَعَلَكُمۡ أُمَّةٗ وَٰحِدَةٗ وَلَٰكِن لِّيَبۡلُوَكُمۡ
فِي مَآ ءَاتَىٰكُمۡۖ فَٱسۡتَبِقُواْ ٱلۡخَيۡرَٰتِۚ إِلَى ٱللَّهِ
مَرۡجِعُكُمۡ جَمِيعٗا فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمۡ فِيهِ
تَخۡتَلِفُونَ (٤٨) وَأَنِ ٱحۡكُم بَيۡنَهُم بِمَآ أَنزَلَ ٱللَّهُ
وَلَا تَتَّبِعۡ أَهۡوَآءَهُمۡ وَٱحۡذَرۡهُمۡ أَن يَفۡتِنُوكَ عَنۢ
بَعۡضِ مَآ أَنزَلَ ٱللَّهُ إِلَيۡكَۖ فَإِن تَوَلَّوۡاْ فَٱعۡلَمۡ أَنَّمَا
يُرِيدُ ٱللَّهُ أَن يُصِيبَهُم بِبَعۡضِ ذُنُوبِهِمۡۗ وَإِنَّ كَثِيرٗا
مِّنَ ٱلنَّاسِ لَفَٰسِقُونَ (٤٩) أَفَحُكۡمَ ٱلۡجَٰهِلِيَّةِ
يَبۡغُونَۚ وَمَنۡ أَحۡسَنُ مِنَ ٱللَّهِ حُكۡمٗا لِّقَوۡمٖ يُوقِنُونَ
(٥٠) ۞ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَا تَتَّخِذُواْ
ٱلۡيَهُودَ وَٱلنَّصَٰرَىٰٓ أَوۡلِيَآءَۘ بَعۡضُهُمۡ أَوۡلِيَآءُ بَعۡضٖۚ
وَمَن يَتَوَلَّهُم مِّنكُمۡ فَإِنَّهُۥ مِنۡهُمۡۗ إِنَّ ٱللَّهَ لَا يَهۡدِي
ٱلۡقَوۡمَ ٱلظَّٰلِمِينَ (٥١) فَتَرَى ٱلَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم
مَّرَضٞ يُسَٰرِعُونَ فِيهِمۡ يَقُولُونَ نَخۡشَىٰٓ أَن
تُصِيبَنَا دَآئِرَةٞۚ فَعَسَى ٱللَّهُ أَن يَأۡتِيَ بِٱلۡفَتۡحِ أَوۡ
أَمۡرٖ مِّنۡ عِندِهِۦ فَيُصۡبِحُواْ عَلَىٰ مَآ أَسَرُّواْ فِيٓ
أَنفُسِهِمۡ نَٰدِمِينَ (٥٢) وَيَقُولُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ
أَهَٰٓؤُلَآءِ ٱلَّذِينَ أَقۡسَمُواْ بِٱللَّهِ جَهۡدَ أَيۡمَٰنِهِمۡ إِنَّهُمۡ
لَمَعَكُمۡۚ حَبِطَتۡ أَعۡمَٰلُهُمۡ فَأَصۡبَحُواْ خَٰسِرِينَ
(٥٣) يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مَن يَرۡتَدَّ مِنكُمۡ عَن
دِينِهِۦ فَسَوۡفَ يَأۡتِي ٱللَّهُ بِقَوۡمٖ يُحِبُّهُمۡ وَيُحِبُّونَهُۥٓ
أَذِلَّةٍ عَلَى ٱلۡمُؤۡمِنِينَ أَعِزَّةٍ عَلَى ٱلۡكَٰفِرِينَ
يُجَٰهِدُونَ فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ وَلَا يَخَافُونَ لَوۡمَةَ لَآئِمٖۚ
ذَٰلِكَ فَضۡلُ ٱللَّهِ يُؤۡتِيهِ مَن يَشَآءُۚ وَٱللَّهُ وَٰسِعٌ
عَلِيمٌ (٥٤) إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ ٱللَّهُ وَرَسُولُهُۥ وَٱلَّذِينَ
ءَامَنُواْ ٱلَّذِينَ يُقِيمُونَ ٱلصَّلَوٰةَ وَيُؤۡتُونَ ٱلزَّكَوٰةَ
وَهُمۡ رَٰكِعُونَ (٥٥) وَمَن يَتَوَلَّ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ
وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ فَإِنَّ حِزۡبَ ٱللَّهِ هُمُ ٱلۡغَٰلِبُونَ
(٥٦) يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَا تَتَّخِذُواْ ٱلَّذِينَ
ٱتَّخَذُواْ دِينَكُمۡ هُزُوٗا وَلَعِبٗا مِّنَ ٱلَّذِينَ أُوتُواْ
ٱلۡكِتَٰبَ مِن قَبۡلِكُمۡ وَٱلۡكُفَّارَ أَوۡلِيَآءَۚ وَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ إِن
كُنتُم مُّؤۡمِنِينَ (٥٧) وَإِذَا نَادَيۡتُمۡ إِلَى ٱلصَّلَوٰةِ
ٱتَّخَذُوهَا هُزُوٗا وَلَعِبٗاۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمۡ قَوۡمٞ لَّا
يَعۡقِلُونَ (٥٨)

اور (اے میرے حبیبؐ) ہم نے تمہاری طرف حق کے ساتھ کتاب نازل کی تصدیق کرنے والی پہلے سے موجود کتاب (آسمانی کتب) کی اور اس پر نگران پس ان کے درمیان اس کے مطابق فیصلے کرو جو اللہ نے نازل کیا ہے اور جو حق تمہارے پاس آیا ہے اس سے مڑ کر ان کی خواہشات کا اتباع نہ کرو؛ اور ہم نے تم میں سے ہر ایک کیلئے شریعت اور راہِ عمل بنا دی ہے؛ اور اگر اللہ چاہتا تو تمہیں واحد امت بنا دیتا لیکن اسلئے کہ جو اس نے تمہیں عطا کیا ہے اس میں تمہاری آزمائش کرے پس تم نیکیوں میں سبقت کرو؛ تم سب کو پلٹ کر اللہ کی طرف جانا ہے پھر وہ تمہیں اس کے متعلق بتائے گا جس بارے میں تم اختلاف کرتے رہے تھے۔ اور یہ کہ تم ان کے درمیان اس کے مطابق فیصلہ کرو جو اس نے نازل کیا ہے اور ان کی خواہشات کا اتباع نہ کرو اور ہوشیار رہو کہ وہ تمہیں اس کے بعض حصے کے متعلق فتنہ (آزمائش) میں نہ ڈال دیں جو اللہ نے تمہاری طرف نازل کیا ہے؛ پھر اگر وہ منہ موڑ لیں تو جان لو کہ اللہ کا ارادہ صرف ان کو ان کے بعض گناہوں کی وجہ سے سزا دینا ہے؛ اور بیشک انسانوں میں سے اکثر فاسق ہیں۔ تو کیا پھر وہ جاہلیت کا فیصلہ چاہتے ہیں؟ اور یقین رکھنے والی قوم کیلئے اللہ سے بہتر فیصلہ کرنے والا کون ہے؟ اے لوگو جو ایمان لائے ہو یہود اور نصاریٰ کو اولیاء (سرپرست) نہ بناؤ وہ ایک دوسرے کے ولی ہیں؛ اور جو تم میں سے ان کو ولی بنائے گا تو بیشک وہ انہی میں سے ہے؛ بیشک اللہ ظالم قوم کو ھدایت نہیں کرتا۔ پس تم دیکھتے ہو کہ جن لوگوں کے قلوب میں مرض ہے وہ (منافق) ان میں جلدی کر رہے ہیں وہ کہتے ہیں کہ ہمیں ڈر ہے کہ ہم پر (مصیبت کا) چکر نہ پڑ جائے؛ تو ہو سکتا ہے کہ اللہ فتح یا اپنی طرف سے کسی اور امر کو لے آئے پھر وہ اس پر نادم ہو جائیں جو انہوں نے اپنے دلوں میں چھپایا تھا۔ اور جو لوگ ایمان لائے کہیں گے کیا یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے اللہ کے نام کی پکی قسمیں کھائیں کہ وہ بیشک تمہارے ساتھ ہیں؛ ان کے اعمال ضائع ہو گئے تو وہ خسارہ اٹھانے والے ہو گئے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو تم میں سے جو اپنے دین سے (آل محمدؐ کا حق غصب کرکے) مرتد ہو جائے گا تو عنقریب اللہ ایک ایسی قوم (اصحابِ قائمؑ) لے آئے گا جس سے وہ محبت کرتا ہے اور وہ اس سے محبت کرتی ہے، مؤمنین کیلئے نرم، کافروں پر سخت، اللہ کی سبیل میں جہاد کریں گے اور وہ کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے خوفزدہ نہیں ہوں گے؛ یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے عطا کرتا ہے؛ اور اللہ وسعت والا سب جاننے والا ہے۔ تمہارا ولی صرف اللہ اور اسکا رسولؐ اور وہ اہلِ ایمان (مولا علیؑ اور ان کی اولاد آئمہ معصومینؑ) ہیں جو صلاۃ قائم کرتے ہیں اور زکاۃ ادا کرتے ہیں جبکہ وہ رکوع کرتے ہیں۔ اور جو اللہ اور اس کے رسولؐ اور اہلِ ایمان (مولا علیؑ) کو ولی بنائے (وہ جان لے) پس بیشک اللہ کا گروہ (اللہ، اس کے رسولؐ اور اس کے ولیؑ کے شیعہ) وہی لوگ غالب ہیں۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو جن لوگوں نے تمہارے دین کو مذاق اور کھیل بنا لیا ہے انہیں اولیاء (سرپرست) نہ بناؤ جو ان لوگوں میں سے ہیں جن کو تم سے قبل کتاب دی گئی ہے اور (ان کے علاوہ دوسرے) کافروں کو بھی، اور اللہ سے ڈرو اگر تم مؤمنین ہو۔ اور جب تم صلاۃ کیلئے ندا دیتے ہو تو اسے مذاق اور کھیل بنا لیتے ہیں؛ وہ اس لئے کہ وہ لوگ عقل نہیں کرتے۔

59. Say, "O People of the Book, do you resent us except that we have believed in Allah and what was revealed to us and what was revealed before and because most of you are defiantly disobedient?"
60. Say, "Shall I inform you of [what is] worse than that as penalty from Allah? Those whom Allah has cursed and with whom He became angry and made among them apes and pigs and slaves of Taghoot. Those are worse in position and further astray from the sound way."
61. And when they come to you, they say, "We believe." But they have entered with disbelief [in their hearts], and they have certainly left with it. And Allah is most knowing of what they were concealing.
62. And you see many of them hastening into sin and aggression and the devouring of [what is] unlawful. How wretched is what they have been doing.
63. Why do the rabbis and religious scholars not forbid them from saying what is sinful and devouring what is unlawful? How wretched is what they have been practicing.
64. And the Jews say, "The hand of Allah is chained [i.e. He is sitting idle]." Chained are their hands, and cursed are they for what they say. Rather, both His hands are spread out [open]; He spends however He wills. And that which has been revealed to you from your Rabb will surely increase many of them in transgression and disbelief. And We have cast among them animosity and hatred until the Day of Qiyamah. Every time they will kindle the fire of war [against Aal e Mohammad swsa], Allah will extinguish it. And they strive throughout the land [causing] corruption, and Allah does not like corrupters.
65. And if the People of the Book had believed and feared Allah, We would have removed from them their misdeeds and admitted them to Gardens of Bliss.
66. And if they had upheld [the law of Wilayat in] the Tauraat, the Injeel, and what has been revealed to them from their Rabb, they would have consumed [provision] from above them and from beneath their feet. Among them are a moderate [i.e. acceptable] community, but most of them – evil is that which they do.
67. O Rasool [sawaw]! Convey [announce publicly] that which has been revealed to you [about Wilayat e Ali swsa] from your Rabb, and if you do not, then you have not conveyed His message. And Allah will protect you from the people. Indeed, Allah does not guide the disbelieving people.
68. Say, "O People of the Book, you are [standing] on nothing until you uphold [the law of] the Tauraat, the Injeel, and what has been revealed to you from your Rabb." And that [Wilayat e Ali swsa] which has been revealed to you from your Rabb will surely increase many of them in transgression and disbelief. So do not grieve over the disbelieving people.
69. Indeed, those who have believed and those who are Jews or Sabians or Christians – those [among them] who believed in Allah and the Last Day and did righteousness – there will be no fear concerning them, nor will they grieve.
70. We had already taken the covenant of the Children of Israel and had sent to them the Rasools. Whenever there came to them a Rasool with what their souls did not desire, a party [of the Rasools] they belied, and another party they killed.

قُلْ يَٰٓأَهْلَ ٱلْكِتَٰبِ هَلْ تَنقِمُونَ مِنَّآ إِلَّآ أَنْ ءَامَنَّا
بِٱللَّهِ وَمَآ أُنزِلَ إِلَيْنَا وَمَآ أُنزِلَ مِن قَبْلُ وَأَنَّ
أَكْثَرَكُمْ فَٰسِقُونَ (٥٩) قُلْ هَلْ أُنَبِّئُكُم بِشَرٍّ مِّن
ذَٰلِكَ مَثُوبَةً عِندَ ٱللَّهِ ۚ مَن لَّعَنَهُ ٱللَّهُ وَغَضِبَ
عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ ٱلْقِرَدَةَ وَٱلْخَنَازِيرَ وَعَبَدَ
ٱلطَّٰغُوتَ ۚ أُو۟لَٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَأَضَلُّ عَن سَوَآءِ
ٱلسَّبِيلِ (٦٠) وَإِذَا جَآءُوكُمْ قَالُوٓا۟ ءَامَنَّا وَقَدْ
دَّخَلُوا۟ بِٱلْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ خَرَجُوا۟ بِهِۦ ۗ وَٱللَّهُ أَعْلَمُ
بِمَا كَانُوا۟ يَكْتُمُونَ (٦١) وَتَرَىٰ كَثِيرًا مِّنْهُمْ
يُسَٰرِعُونَ فِى ٱلْإِثْمِ وَٱلْعُدْوَٰنِ وَأَكْلِهِمُ
ٱلسُّحْتَ ۚ لَبِئْسَ مَا كَانُوا۟ يَعْمَلُونَ (٦٢) لَوْلَا
يَنْهَىٰهُمُ ٱلرَّبَّٰنِيُّونَ وَٱلْأَحْبَارُ عَن قَوْلِهِمُ ٱلْإِثْمَ
وَأَكْلِهِمُ ٱلسُّحْتَ ۚ لَبِئْسَ مَا كَانُوا۟ يَصْنَعُونَ (٦٣)
وَقَالَتِ ٱلْيَهُودُ يَدُ ٱللَّهِ مَغْلُولَةٌ ۚ غُلَّتْ أَيْدِيهِمْ
وَلُعِنُوا۟ بِمَا قَالُوا۟ ۘ بَلْ يَدَاهُ مَبْسُوطَتَانِ يُنفِقُ كَيْفَ
يَشَآءُ ۚ وَلَيَزِيدَنَّ كَثِيرًا مِّنْهُم مَّآ أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن
رَّبِّكَ طُغْيَٰنًا وَكُفْرًا ۚ وَأَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ ٱلْعَدَٰوَةَ
وَٱلْبَغْضَآءَ إِلَىٰ يَوْمِ ٱلْقِيَٰمَةِ ۚ كُلَّمَآ أَوْقَدُوا۟ نَارًا
لِّلْحَرْبِ أَطْفَأَهَا ٱللَّهُ ۚ وَيَسْعَوْنَ فِى ٱلْأَرْضِ
فَسَادًا ۚ وَٱللَّهُ لَا يُحِبُّ ٱلْمُفْسِدِينَ (٦٤) وَلَوْ أَنَّ
أَهْلَ ٱلْكِتَٰبِ ءَامَنُوا۟ وَٱتَّقَوْا۟ لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ
سَيِّـَٔاتِهِمْ وَلَأَدْخَلْنَٰهُمْ جَنَّٰتِ ٱلنَّعِيمِ (٦٥) وَلَوْ
أَنَّهُمْ أَقَامُوا۟ ٱلتَّوْرَىٰةَ وَٱلْإِنجِيلَ وَمَآ أُنزِلَ إِلَيْهِم
مِّن رَّبِّهِمْ لَأَكَلُوا۟ مِن فَوْقِهِمْ وَمِن تَحْتِ
أَرْجُلِهِم ۚ مِّنْهُمْ أُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ۖ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ سَآءَ مَا
يَعْمَلُونَ (٦٦) ۞ يَٰٓأَيُّهَا ٱلرَّسُولُ بَلِّغْ مَآ أُنزِلَ
إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ ۖ وَإِن لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُۥ ۚ
وَٱللَّهُ يَعْصِمُكَ مِنَ ٱلنَّاسِ ۗ إِنَّ ٱللَّهَ لَا يَهْدِى ٱلْقَوْمَ
ٱلْكَٰفِرِينَ (٦٧) قُلْ يَٰٓأَهْلَ ٱلْكِتَٰبِ لَسْتُمْ عَلَىٰ
شَىْءٍ حَتَّىٰ تُقِيمُوا۟ ٱلتَّوْرَىٰةَ وَٱلْإِنجِيلَ وَمَآ أُنزِلَ
إِلَيْكُم مِّن رَّبِّكُمْ ۗ وَلَيَزِيدَنَّ كَثِيرًا مِّنْهُم مَّآ أُنزِلَ
إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ طُغْيَٰنًا وَكُفْرًا ۖ فَلَا تَأْسَ عَلَى
ٱلْقَوْمِ ٱلْكَٰفِرِينَ (٦٨) إِنَّ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَٱلَّذِينَ
هَادُوا۟ وَٱلصَّٰبِـُٔونَ وَٱلنَّصَٰرَىٰ مَنْ ءَامَنَ بِٱللَّهِ
وَٱلْيَوْمِ ٱلْءَاخِرِ وَعَمِلَ صَٰلِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ
وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ (٦٩) لَقَدْ أَخَذْنَا مِيثَٰقَ بَنِىٓ
إِسْرَٰٓءِيلَ وَأَرْسَلْنَآ إِلَيْهِمْ رُسُلًا ۖ كُلَّمَا جَآءَهُمْ
رَسُولٌۢ بِمَا لَا تَهْوَىٰٓ أَنفُسُهُمْ فَرِيقًا كَذَّبُوا۟
وَفَرِيقًا يَقْتُلُونَ (٧٠)

کہہ دو اے اہلِ کتاب کیا تم اس لئے ہم سے بگڑے ہوئے ہو (انتقام لے رہے ہو) کہ ہم اللہ پر اور جو ہماری طرف نازل کیا گیا اور جو اس سے قبل نازل کیا گیا پر ایمان رکھتے ہیں، اور بیشک تمہاری اکثریت فاسق ہے۔ کہہ دو کیا میں تمہیں خبر دوں جن کا اللہ کے ہاں اس سے بھی زیادہ برا ثواب (بدلہ) ہے؛ جن پر اللہ نے لعنت کی اور ان پر غضبناک ہوا اور ان میں سے اس نے بندر اور خنزیر بنا دیئے اور وہ طاغوت کی عبادت کرتے تھے؛ ان لوگوں کا مکان شر ہے اور متوازن سبیل سے بہت زیادہ گمراہ ہیں۔ اور جب تمہارے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں ہم ایمان لائے ہیں حالانکہ یقیناً وہ کفر کے ساتھ داخل ہوئے اور یقیناً وہ اسی کے ساتھ خارج ہوئے؛ اور اللہ خوب جانتا ہے جو وہ چھپائے ہوئے ہیں۔ اور تم ان میں سے اکثر کو دیکھتے ہو کہ وہ گناہ اور زیادتی اور حرام خوری میں سرعت کرتے ہیں؛ بہت برا ہے جو وہ کرتے ہیں۔ کیوں نہیں روکتے ان کو رابی اور پادری گناہ کی بات کہنے سے اور حرام خوری سے؛ واقعی بہت برا ہے جو وہ بنا رہے ہیں۔ اور یہود نے کہا کہ اللہ کا ہاتھ بندھا ہوا ہے(یعنی فارغ بیٹھا ہے)؛ ان کے ہاتھ بندھے ہوئے ہیں اور ان پر لعنت کی گئی ہے اس بات کی وجہ سے جو انہوں نے کہی ہے، بلکہ اس کے دونوں ہاتھ کھلے ہیں، وہ جسطرح چاہتا ہے خرچ کرتا ہے؛ اور جو تمہارے رب کی طرف سے تمہاری طرف نازل کیا گیا ہے وہ ان میں سے اکثر کی سرکشی اور کفر میں واقعی اضافہ کرتا ہے؛ اور ہم نے ان کے درمیان یومِ قیامت تک کیلئے عداوت اور بغض ڈال دیئے ہیں؛ جب کبھی وہ (آل محمدؐ کے خلاف) جنگ کی آگ بھڑکائیں گے اللہ اسے بجھا دے گا، اور وہ زمین میں فساد کی سعی کرتے ہیں؛ اور اللہ مفسدوں کو پسند نہیں کرتا۔ اور اگر واقعی اہلِ کتاب ایمان لاتے اور تقویٰ کرتے تو ہم ضرور ان کی برائیاں ان سے مٹا دیتے اور ضرور انہیں نعیم والی جنتوں میں داخل کرتے۔ اور اگر واقعی وہ تورات اور انجیل کو قائم کرتے اور جو ان کی طرف ان کے رب کی طرف سے نازل کیا گیا (یعنی ولایت قائم کرتے) تو ضرور وہ اپنے اوپر سے اور اپنے قدموں کے نیچے سے (رزق) کھاتے؛ ان میں سے ایک گروہ میانہ رو ہے؛ لیکن ان میں سے اکثر جو کچھ وہ کر رہے ہیں بہت برا ہے۔ اے رسولؐ تبلیغ کردو (پہنچا دو) جو تمہارے رب کی طرف سے تمہاری طرف (ولایتِ علیؑ کے متعلق) نازل کیا گیا ہے؛ اور اگر تم نے ایسا نہ کیا تو تم نے اس کی رسالت کو نہیں پہنچایا؛ اور اللہ لوگوں سے تمہیں محفوظ رکھے گا؛ بیشک اللہ کافروں کی قوم کو ہدایت نہیں کرتا۔ کہہ دو اے اہلِ کتاب تم کسی چیز پر نہیں ہو حتیٰ کہ تم قائم کرو تورات اور انجیل کو اور جو تم پر تمہارے رب کی طرف سے نازل کیا گیا؛ اور جو تمہارے رب کی طرف سے تمہاری طرف نازل کیا گیا ہے وہ ان میں سے اکثر کی سرکشی اور کفر میں واقعی زیادتی کرتا ہے (یعنی ولایتِ امیرالمؤمنینؑ)، پس کافروں کی قوم پر غم نہ کرو۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور جو لوگ یہودی بن گئے اور صابئین اور نصاریٰ ان میں سے جو بھی اللہ اور یومِ آخر پر ایمان لایا اور صالح عمل کرے گا تو ان پر کوئی خوف نہیں ہوگا اور نہ وہ غمزدہ ہوں گے۔ یقیناً ہم نے بنی اسرائیل سے میثاق لیا اور ہم نے ان کی طرف رسول بھیجے؛ جب بھی کوئی رسول ان کے پاس وہ چیز لے کر آیا جس کو ان کے دل نہیں چاہتے تھے تو انہوں نے ایک فریق کی تکذیب کی اور ایک فریق کو وہ قتل کرتے رہے۔

71. And they thought there would be no trial, so [after martyrdom of Rasool sawaw] they became blind and deaf. Then Allah turned to them in forgiveness [during the caliphate of Maola Ali swsa]; then [again after martyrdom of Maola Ali swsa] many of them became blind and deaf. And Allah is Seeing of what they do.
72. They have certainly disbelieved who say, "Allah is the Messiah, the son of Mariyam" while the Messiah has said, "O Children of Israel, worship Allah, my Rabb and your Rabb." Indeed, he who associates others with Allah – Allah has forbidden Paradise for him, and his refuge is the Fire. And there are not for the wrongdoers any helpers.
73. They have certainly disbelieved who say, "Allah is the third of three." And there is no god except Elahun Wahid [one God]. And if they do not desist from what they are saying, there will surely afflict the disbelievers among them a painful punishment.
74. So will they not repent to Allah and seek His forgiveness? And Allah is Forgiving, Merciful.
75. The Messiah, son of Mariyam, was not but a Rasool; [other] Rasools have passed on before him. And his mother was a truthful lady. They both used to eat food. Look how We make clear to them the Ayaat; then look how they are deluded.
76. Say, "Do you worship besides Allah that which holds for you no [power of] harm or benefit while it is Allah who is all-Hearing, all-Knowing?"
77. Say, "O People of the Book, do not exceed limits in your religion beyond the truth and do not follow the desires of a people who had gone astray before and misled many and have strayed from the sound way."
78. Cursed [pigs & monkeys] were those who disbelieved among the Children of Israel by the tongue of Dawood and of Esa, the son of Mariyam. That was because they disobeyed and used to transgress.
79. They used not to prevent one another from Munkar [forbidden things] that they did. Surely how wretched was that which they were doing.
80. You see many of them becoming allies of those who disbelieved. How wretched is that which they have put forth for themselves in that Allah has become angry with them, and in the punishment they will abide eternally.
81. And if they had believed in Allah and the Nabi and in what was revealed to him, they would not have taken them as guardians; but many of them are defiantly disobedient.
82. You will surely find the most intense of the people in animosity toward the believers [to be] the Jews and those who associate others with Allah; and you will find the nearest of them in affection to the believers those who say, "We are Christians." That is because among them are priests [scholars] and monks and because they are not arrogant.

وَحَسِبُوٓاْ أَلَّا تَكُونَ فِتۡنَةٞ فَعَمُواْ وَصَمُّواْ ثُمَّ تَابَ
ٱللَّهُ عَلَيۡهِمۡ ثُمَّ عَمُواْ وَصَمُّواْ كَثِيرٞ مِّنۡهُمۡۚ وَٱللَّهُ
بَصِيرُۢ بِمَا يَعۡمَلُونَ (٧١) لَّقَدۡ كَفَرَ ٱلَّذِينَ قَالُوٓاْ
إِنَّ ٱللَّهَ هُوَ ٱلۡمَسِيحُ ٱبۡنُ مَرۡيَمَۖ وَقَالَ ٱلۡمَسِيحُ
يَٰبَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ ٱعۡبُدُواْ ٱللَّهَ رَبِّي وَرَبَّكُمۡۖ إِنَّهُۥ
مَن يُشۡرِكۡ بِٱللَّهِ فَقَدۡ حَرَّمَ ٱللَّهُ عَلَيۡهِ ٱلۡجَنَّةَ
وَمَأۡوَىٰهُ ٱلنَّارُۖ وَمَا لِلظَّٰلِمِينَ مِنۡ أَنصَارٖ (٧٢)
لَّقَدۡ كَفَرَ ٱلَّذِينَ قَالُوٓاْ إِنَّ ٱللَّهَ ثَالِثُ ثَلَٰثَةٖۘ وَمَا
مِنۡ إِلَٰهٍ إِلَّآ إِلَٰهٞ وَٰحِدٞۚ وَإِن لَّمۡ يَنتَهُواْ عَمَّا
يَقُولُونَ لَيَمَسَّنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ مِنۡهُمۡ عَذَابٌ أَلِيمٌ
(٧٣) أَفَلَا يَتُوبُونَ إِلَى ٱللَّهِ وَيَسۡتَغۡفِرُونَهُۥۚ وَٱللَّهُ
غَفُورٞ رَّحِيمٞ (٧٤) مَّا ٱلۡمَسِيحُ ٱبۡنُ مَرۡيَمَ إِلَّا
رَسُولٞ قَدۡ خَلَتۡ مِن قَبۡلِهِ ٱلرُّسُلُ وَأُمُّهُۥ صِدِّيقَةٞۖ
كَانَا يَأۡكُلَانِ ٱلطَّعَامَۗ ٱنظُرۡ كَيۡفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ
ٱلۡأٓيَٰتِ ثُمَّ ٱنظُرۡ أَنَّىٰ يُؤۡفَكُونَ (٧٥) قُلۡ
أَتَعۡبُدُونَ مِن دُونِ ٱللَّهِ مَا لَا يَمۡلِكُ لَكُمۡ ضَرّٗا
وَلَا نَفۡعٗاۚ وَٱللَّهُ هُوَ ٱلسَّمِيعُ ٱلۡعَلِيمُ (٧٦) قُلۡ
يَٰٓأَهۡلَ ٱلۡكِتَٰبِ لَا تَغۡلُواْ فِي دِينِكُمۡ غَيۡرَ ٱلۡحَقِّ
وَلَا تَتَّبِعُوٓاْ أَهۡوَآءَ قَوۡمٖ قَدۡ ضَلُّواْ مِن قَبۡلُ
وَأَضَلُّواْ كَثِيرٗا وَضَلُّواْ عَن سَوَآءِ ٱلسَّبِيلِ
(٧٧) لُعِنَ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ مِنۢ بَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ
عَلَىٰ لِسَانِ دَاوُۥدَ وَعِيسَى ٱبۡنِ مَرۡيَمَۚ ذَٰلِكَ بِمَا
عَصَواْ وَّكَانُواْ يَعۡتَدُونَ (٧٨) كَانُواْ لَا
يَتَنَاهَوۡنَ عَن مُّنكَرٖ فَعَلُوهُۚ لَبِئۡسَ مَا كَانُواْ
يَفۡعَلُونَ (٧٩) تَرَىٰ كَثِيرٗا مِّنۡهُمۡ يَتَوَلَّوۡنَ ٱلَّذِينَ
كَفَرُواْۚ لَبِئۡسَ مَا قَدَّمَتۡ لَهُمۡ أَنفُسُهُمۡ أَن سَخِطَ
ٱللَّهُ عَلَيۡهِمۡ وَفِي ٱلۡعَذَابِ هُمۡ خَٰلِدُونَ (٨٠) وَلَوۡ
كَانُواْ يُؤۡمِنُونَ بِٱللَّهِ وَٱلنَّبِيِّ وَمَآ أُنزِلَ إِلَيۡهِ مَا
ٱتَّخَذُوهُمۡ أَوۡلِيَآءَ وَلَٰكِنَّ كَثِيرٗا مِّنۡهُمۡ فَٰسِقُونَ
(٨١) ۞ لَتَجِدَنَّ أَشَدَّ ٱلنَّاسِ عَدَٰوَةٗ لِّلَّذِينَ
ءَامَنُواْ ٱلۡيَهُودَ وَٱلَّذِينَ أَشۡرَكُواْۖ وَلَتَجِدَنَّ أَقۡرَبَهُم
مَّوَدَّةٗ لِّلَّذِينَ ءَامَنُواْ ٱلَّذِينَ قَالُوٓاْ إِنَّا نَصَٰرَىٰۚ
ذَٰلِكَ بِأَنَّ مِنۡهُمۡ قِسِّيسِينَ وَرُهۡبَانٗا وَأَنَّهُمۡ لَا
يَسۡتَكۡبِرُونَ (٨٢)

اور انہوں نے خیال کیا کہ کوئی فتنہ نہیں ہوگا پس وہ (شہادتِ رسولؐ کے بعد) اندھے اور بہرے بن گئے پھر (خلافتِ مولا علیؑ کے دوران) اللہ نے ان پر توجہ کی پھر (شہادتِ امیرالمؤمنینؑ کے بعد) ان میں سے اکثر اندھے اور بہرے بن گئے؛ اور اللہ دیکھ رہا ہے جو وہ کر رہے ہیں۔ تحقیق ان لوگوں نے کفر کیا جنہوں کہا بیشک اللہ مسیحؑ ابن مریمؑ ہی ہے؛ اور مسیحؑ نے کہا اے بنی اسرائیل اللہ کی عبادت کرو جو میرا رب اور تمہارا رب ہے؛ بیشک جس نے اللہ کے ساتھ شرک کیا تو یقیناً اللہ نے اس پر جنت حرام کردی اور اس کی پناہ گاہ نار ہے؛ اور مددگاروں میں سے ظالموں کیلئے کوئی نہیں۔ یقیناً ان لوگوں نے کفر کیا جنہوں نے کہا بیشک اللہ تین میں سے تیسرا ہے، حالانکہ کوئی معبود نہیں سوائے اس واحد معبود کے؛ اور اگر وہ باز نہ آئے جو وہ کہہ رہے ہیں تو ان میں سے جن لوگوں نے کفر کیا ہے ان پر درد ناک عذاب ضرور پڑے گا۔ کیا پھر وہ اللہ کی طرف (توبہ کرتے) نہیں پلٹیں گے اور اس سے استغفار نہیں کریں گے؛ اور اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔ کچھ نہیں مسیحؑ ابن مریمؑ سوائے ایک رسول کے، تحقیق اس سے قبل کئی رسول گذر چکے ہیں؛ اور اس کی ماں ایک صدیقہ ہے، وہ دونوں کھانا کھاتے تھے؛ دیکھو ہم کس طرح ان کیلئے آیات بیان کرتے ہیں پھر دیکھو وہ کدھر بہکے جا رہے ہیں۔ کہہ دو کیا تم اللہ کے علاوہ (ان معبودوں کی) عبادت کرتے ہو جو تمہارے لئے نہ کسی ضرر کے اختیار کے مالک ہیں اور نہ ہی نفع کے؛ اور اللہ ہی سب سننے والا سب جاننے والا ہے۔ کہہ دو اے اہل کتاب تم اپنے دین میں حق کے بغیر غلو نہ کرو اور تم اس قوم کی خواہشات کا اتباع نہ کرو جو اس سے قبل یقیناً گمراہ ہو چکے تھے اور انہوں نے کثیر لوگوں کو گمراہ کیا اور وہ متوازن سبیل سے بھٹک گئے۔ بنی اسرائیل میں سے جن لوگوں نے کفر کیا ان پر داؤدؑ اور عیسیٰؑ ابن مریمؑ کی زبان سے لعنت (خنزیر اور بندر) کی گئی؛ وہ اس لئے کہ انہوں نے نافرمانی کو اور وہ حد سے آگے بڑھتے رہے۔ وہ اس برائی سے باز نہیں آتے تھے جس کو وہ کر لیتے تھے؛ واقعی بہت برا تھا جو وہ کرتے رہے۔ تم دیکھتے ہو ان میں سے اکثر ان لوگوں کو ولی (سرپرست) بناتے ہیں جنہوں نے کفر کیا ہے؛ یقیناً بہت برا ہے جو کچھ انہوں نے اپنے نفسوں کیلئے آگے بھیجا ہے اس لئے ان پر اللہ کا غضب ہے اور وہ عذاب میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور اگر وہ اللہ اور نبیؐ اور جو کچھ اس پر نازل کیا گیا ہے پر ایمان رکھتے ہوتے تو وہ ان کو اولیاء نہ بناتے لیکن ان میں سے اکثر فاسق ہیں۔ واقعی تم ایمان لانے والوں کی عداوت میں سب لوگوں سے شدید یہود اور شرک کرنے والے لوگوں کو پاؤ گے، اور واقعی تم ایمان لانے والوں کی محبت میں زیادہ قریب ان لوگوں کو پاؤ گے جنہوں نے کہا ہم نصاریٰ ہیں؛ وہ اس لئے کہ ان میں پادری (عالم) اور راہب ہیں اور بیشک وہ تکبر نہیں کرتے۔

83. And when they [king Najashi of Habsha] hear what has been revealed to the Rasool, you see their eyes overflowing with tears because of what they have recognized of the truth. They say, "Our Rabb, we have believed, so register us among the witnesses.
84. And why should we not believe in Allah and what has come to us of the truth? And we wish that our Rabb will admit us [to Paradise] with the righteous people."
85. So Allah rewarded them for what they said with gardens [in Paradise] beneath which rivers flow, wherein they abide eternally. And that is the reward of doers of good.
86. But those who disbelieved and denied Our Ayaat – they are the companions of Hellfire.
87. O you who believe, do not prohibit the good things which Allah has made Halaal for you and do not transgress. Indeed, Allah does not like transgressors.
88. And eat of what Allah has provided for you [which is] Halaal and good. And fear Allah, in whom you are believers.
89. Allah will not impose blame upon you for what is meaningless in your oaths, but He will impose blame upon you for [breaking] what you intended of oaths. So its expiation is the feeding of ten needy people from the average of that which you feed your [own] families or clothing them or the freeing of a slave. But whoever cannot find [or afford it] – then a fast of three days [is required]. That is the expiation for oaths when you have sworn. But guard your oaths. Thus does Allah make clear to you His verses [i.e. revealed law] that you may be grateful.
90. O you who believe, indeed, intoxicants [alcohol] , chess [gambling], stone alters [idols' sacrificing place], and divining arrows are but filthy [evil] from the work of Shaitan, so avoid it that you may be successful.
91. Shaitan only wants to cause between you animosity and grudge through alcohol and chess and to prevent you from the Zikr of Allah and from Salaat. So will you not desist?
92. And obey Allah and obey the Rasool and beware. And if you turn away – then know that upon Our Rasool is only [the responsibility for] clear delivery [open proclamation].
93. There is not upon those who believe and do righteousness [any] blame concerning what they have eaten [in the past] if they [now] fear Allah and believe and do righteous deeds, and then fear Allah and believe, and then fear Allah and do good; and Allah loves the doers of good.
94. O you who believe, Allah will surely test you through something of the game that your hands and spears [can] reach, that Allah may make evident those who fear Him unseen. And whoever transgresses after that – for him is a painful punishment.

وَإِذَا سَمِعُواْ مَآ أُنزِلَ إِلَى ٱلرَّسُولِ تَرَىٰٓ أَعۡيُنَهُمۡ
تَفِيضُ مِنَ ٱلدَّمۡعِ مِمَّا عَرَفُواْ مِنَ ٱلۡحَقِّۖ يَقُولُونَ
رَبَّنَآ ءَامَنَّا فَٱكۡتُبۡنَا مَعَ ٱلشَّٰهِدِينَ (٨٣) وَمَا لَنَا
لَا نُؤۡمِنُ بِٱللَّهِ وَمَا جَآءَنَا مِنَ ٱلۡحَقِّ وَنَطۡمَعُ أَن
يُدۡخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ ٱلۡقَوۡمِ ٱلصَّٰلِحِينَ (٨٤) فَأَثَٰبَهُمُ
ٱللَّهُ بِمَا قَالُواْ جَنَّٰتٖ تَجۡرِي مِن تَحۡتِهَا ٱلۡأَنۡهَٰرُ
خَٰلِدِينَ فِيهَاۚ وَذَٰلِكَ جَزَآءُ ٱلۡمُحۡسِنِينَ (٨٥)
وَٱلَّذِينَ كَفَرُواْ وَكَذَّبُواْ بِـَٔايَٰتِنَآ أُوْلَٰٓئِكَ
أَصۡحَٰبُ ٱلۡجَحِيمِ (٨٦) يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَا
تُحَرِّمُواْ طَيِّبَٰتِ مَآ أَحَلَّ ٱللَّهُ لَكُمۡ وَلَا تَعۡتَدُوٓاْۚ إِنَّ
ٱللَّهَ لَا يُحِبُّ ٱلۡمُعۡتَدِينَ (٨٧) وَكُلُواْ مِمَّا رَزَقَكُمُ
ٱللَّهُ حَلَٰلٗا طَيِّبٗاۚ وَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ ٱلَّذِيٓ أَنتُم بِهِۦ
مُؤۡمِنُونَ (٨٨) لَا يُؤَاخِذُكُمُ ٱللَّهُ بِٱللَّغۡوِ فِيٓ
أَيۡمَٰنِكُمۡ وَلَٰكِن يُؤَاخِذُكُم بِمَا عَقَّدتُّمُ ٱلۡأَيۡمَٰنَۖ
فَكَفَّٰرَتُهُۥٓ إِطۡعَامُ عَشَرَةِ مَسَٰكِينَ مِنۡ أَوۡسَطِ مَا
تُطۡعِمُونَ أَهۡلِيكُمۡ أَوۡ كِسۡوَتُهُمۡ أَوۡ تَحۡرِيرُ رَقَبَةٖۖ
فَمَن لَّمۡ يَجِدۡ فَصِيَامُ ثَلَٰثَةِ أَيَّامٖۚ ذَٰلِكَ كَفَّٰرَةُ
أَيۡمَٰنِكُمۡ إِذَا حَلَفۡتُمۡۚ وَٱحۡفَظُوٓاْ أَيۡمَٰنَكُمۡۚ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ
ٱللَّهُ لَكُمۡ ءَايَٰتِهِۦ لَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُونَ (٨٩) يَٰٓأَيُّهَا
ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ إِنَّمَا ٱلۡخَمۡرُ وَٱلۡمَيۡسِرُ وَٱلۡأَنصَابُ
وَٱلۡأَزۡلَٰمُ رِجۡسٞ مِّنۡ عَمَلِ ٱلشَّيۡطَٰنِ فَٱجۡتَنِبُوهُ
لَعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُونَ (٩٠) إِنَّمَا يُرِيدُ ٱلشَّيۡطَٰنُ أَن
يُوقِعَ بَيۡنَكُمُ ٱلۡعَدَٰوَةَ وَٱلۡبَغۡضَآءَ فِي ٱلۡخَمۡرِ
وَٱلۡمَيۡسِرِ وَيَصُدَّكُمۡ عَن ذِكۡرِ ٱللَّهِ وَعَنِ ٱلصَّلَوٰةِۖ
فَهَلۡ أَنتُم مُّنتَهُونَ (٩١) وَأَطِيعُواْ ٱللَّهَ وَأَطِيعُواْ
ٱلرَّسُولَ وَٱحۡذَرُواْۚ فَإِن تَوَلَّيۡتُمۡ فَٱعۡلَمُوٓاْ أَنَّمَا
عَلَىٰ رَسُولِنَا ٱلۡبَلَٰغُ ٱلۡمُبِينُ (٩٢) لَيۡسَ عَلَى
ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ جُنَاحٞ فِيمَا
طَعِمُوٓاْ إِذَا مَا ٱتَّقَواْ وَّءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ
ٱلصَّٰلِحَٰتِ ثُمَّ ٱتَّقَواْ وَّءَامَنُواْ ثُمَّ ٱتَّقَواْ وَّأَحۡسَنُواْۗ
وَٱللَّهُ يُحِبُّ ٱلۡمُحۡسِنِينَ (٩٣) يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ
ءَامَنُواْ لَيَبۡلُوَنَّكُمُ ٱللَّهُ بِشَيۡءٖ مِّنَ ٱلصَّيۡدِ تَنَالُهُۥٓ
أَيۡدِيكُمۡ وَرِمَاحُكُمۡ لِيَعۡلَمَ ٱللَّهُ مَن يَخَافُهُۥ بِٱلۡغَيۡبِۚ
فَمَنِ ٱعۡتَدَىٰ بَعۡدَ ذَٰلِكَ فَلَهُۥ عَذَابٌ أَلِيمٞ (٩٤)

اور جب وہ (حبشہ کا بادشاہ نجاشی) سنتے ہیں جو رسولؐ کی طرف نازل کیا گیا ہے تو تم دیکھتے ہو کہ ان کی آنکھیں آنسوؤں سے بہہ رہی ہوتی ہیں اسلئے کہ انہوں نے حق کو پہچان لیا ہے، وہ کہتے ہیں اے ہمارے رب ہم ایمان لائے ہیں پس ہمیں گواہی دینے والوں میں لکھ لے۔ اور ہمیں کیا ہے کہ ہم اللہ پر اور جو حق ہمارے پاس آیا ہے ایمان نہ لائیں، اور ہم طمع (امید) رکھتے ہیں کہ ہمارا رب ہمیں صالح قوم کے ساتھ شامل کرلے۔ تو اللہ اس بات کی وجہ سے جو انہوں نے کہی انہیں جنتیں ثواب میں دے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے؛ اور وہ جزا ہے نیک عمل کرنے والوں کی۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیات کی تکذیب کی وہی لوگ اہلِ جحیم ہیں۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو تم حرام نہ کرو طیب چیزیں جو اللہ نے تمہارے لئے حلال کی ہیں اور تم (حد سے) تجاوز نہ کرو؛ بیشک اللہ (حد سے) تجاوز کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ اور کھاؤ اس میں سے جو اللہ نے تمہیں حلال طیب رزق دیا ہے، اور اللہ سے ڈرو جس پر تم ایمان رکھتے ہو۔ اللہ تمہاری مہمل (بے معنی) قسموں پر تمہارا مواخذہ نہیں کرے گا لیکن وہ تمہاری پختہ قسموں پر تمہارا مواخذہ کرے گا، پس (قسم توڑنے کا) کفارہ دس مسکینوں کو وہ اوسط (درجہ کا) کھانا کھلانا ہے جو تم اپنے اہل وعیال کو کھلاتے ہو یا ان کو کپڑے پہنانا ہے یا ایک گردن آزاد کرنا ہے؛ پس جو یہ نہ پا سکے تو تین دن صیام رکھنا ہے؛ یہ تمہاری قسموں کا کفارہ ہے جب تم حلف (قسم) اٹھا لو؛ اور اپنی قسموں کی حفاظت کرو؛ اسی طرح اللہ اپنی آیات تمہارے لئے بیان کرتا ہے شاید کہ تم شکر ادا کرو۔ اے ایمان لانے والو شراب (نشہ آور اشیاء) اور شطرنج (جوا) اور بتوں کے آستانے اور تیروں سے فال (پانسے) محض نجس ہیں شیطان کے کام میں سے ہیں پس ان سے اجتناب کرو شاید کہ تم فلاح پا سکو۔ شیطان کا صرف اور صرف ارادہ ہے کہ شراب اور شطرنج سے تمہارے درمیان عداوت اور بغض ڈال دے اور وہ تمہیں اللہ کے ذکر سے اور صلاۃ سے روک دے، تو کیا تم باز آتے ہو؟ اور اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسولؐ کی اور (نافرمانی سے) بچو، پس اگر تم نے منہ موڑ لیا تو جان لو کہ ہمارے رسولؐ کے ذمہ صرف واضح پہنچا دینا ہے۔ ان پر جو ایمان لائے اور صالح اعمال کئے کوئی الزام نہیں جو انہوں نے (پہلے) کھایا جبکہ انہوں نے تقویٰ کیا اور ایمان لائے اور صالح اعمال کئے پھر تقویٰ کیا اور ایمان لائے پھر تقویٰ کیا اور نیک رویہ رکھا، اور اللہ نیک کام کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ اے ایمان لانے والو اللہ تمہیں ضرور آزمائے گا (دورانِ عمرہ وحج) کسی ایسے شکار سے جس تک تمہارے ہاتھ اور نیزے پہنچتے ہوں گے تاکہ اللہ معلوم (ظاہر) کرے کہ کون اس سے غائبانہ خوف کرتا ہے، پس اس کے بعد جو (حد سے) تجاوز کرے گا تو اس کیلئے درد ناک عذاب ہے۔

95. O you who believe, do not kill game while you are in the state of Ehraam. And whoever of you kills it intentionally – the penalty is an equivalent from sacrificial animals to what he killed, as judged by two just men among you as an offering [to Allah] delivered to the Ka'bah, or an expiation: the feeding of needy people or the equivalent of that in fasting, that he may taste the consequence of his matter [i.e. deed]. Allah has pardoned what is past; but whoever returns [to violation], then Allah will take retribution from him. And Allah is Exalted in Might and Owner of Retribution.
96. Halaal for you is game from the sea and its food as provision for you and the travellers, but forbidden to you is game from the land as long as you are in the state of Ehraam. And fear Allah to Whom you will be gathered.
97. Allah has made the Ka'bah, the Sacred House [al-Bait al-Haraam], establishment for the people and [has sanctified] the sacred months and the sacrificial animals and the garlands [by which they are identified]. That is so you may know that Allah knows what is in the heavens and what is in the earth and that Allah is Knowing of all things.
98. Know that Allah is severe in penalty and that Allah is Forgiving, Merciful.
99. Not upon the Rasool is [responsibility] except to deliver [message]. And Allah knows whatever you reveal and whatever you conceal.
100. Say, "Not equal are the evil and the good, although the abundance of evil might impress you." So fear Allah, O men of understanding, that you may be successful.
101. O you who believe, do not ask about things [e.g. paternity of any enemy of Ali swsa] which, if they are declared to you, will distress you. But if you ask about them while the Qur'an is being revealed, they will be declared to you. Allah has pardoned it [i.e. past questions]; and Allah is Forgiving and Forbearing.
102. A people asked such [questions] before you; then they became thereby disbelievers.
103. Allah has not appointed [such innovations as] Baherah [she-camel whose 5th calf is male] or Saibah [she-camel having 10 offsprings] or Waselah [she-camel having twins male & female] or Haam [camel having 10 offsprings]. But those who disbelieve invent a lie about Allah, and most of them do not reason.
104. And when it is said to them, "Come to what Allah has revealed and to the Rasool," they say, "Sufficient for us is that upon which we found our fathers." Even though their fathers knew nothing, nor were they guided?
105. O you who believe, upon you is [responsibility for] yourselves. Those who have gone astray will not harm you when you have been guided. To Allah is your return all together; then He will inform you of what you used to do.
106. O you who believe, call to witness among you when death approaches one of you at the time of bequest – two just men from among you or two others from outside [non-Muslims] if you are traveling through the land and the disaster of death should strike you. Detain both of them after the prayer and let them both swear by Allah if you doubt [their testimony, saying], "We will not exchange it [i.e. our oath] for a price [i.e. worldly gain], even if he should be a near relative, and we will not withhold the testimony of [i.e. ordained by] Allah. Indeed, we would then be of the sinful."

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَا تَقۡتُلُواْ ٱلصَّيۡدَ وَأَنتُمۡ حُرُمٞۚ
وَمَن قَتَلَهُۥ مِنكُم مُّتَعَمِّدٗا فَجَزَآءٞ مِّثۡلُ مَا قَتَلَ
مِنَ ٱلنَّعَمِ يَحۡكُمُ بِهِۦ ذَوَا عَدۡلٖ مِّنكُمۡ هَدۡيَۢا بَٰلِغَ
ٱلۡكَعۡبَةِ أَوۡ كَفَّٰرَةٞ طَعَامُ مَسَٰكِينَ أَوۡ عَدۡلُ ذَٰلِكَ
صِيَامٗا لِّيَذُوقَ وَبَالَ أَمۡرِهِۦۗ عَفَا ٱللَّهُ عَمَّا سَلَفَۚ
وَمَنۡ عَادَ فَيَنتَقِمُ ٱللَّهُ مِنۡهُۗ وَٱللَّهُ عَزِيزٞ ذُو ٱنتِقَامٍ
(٩٥) أُحِلَّ لَكُمۡ صَيۡدُ ٱلۡبَحۡرِ وَطَعَامُهُۥ مَتَٰعٗا
لَّكُمۡ وَلِلسَّيَّارَةِۖ وَحُرِّمَ عَلَيۡكُمۡ صَيۡدُ ٱلۡبَرِّ مَا دُمۡتُمۡ
حُرُمٗاۗ وَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ ٱلَّذِيٓ إِلَيۡهِ تُحۡشَرُونَ (٩٦)
۞ جَعَلَ ٱللَّهُ ٱلۡكَعۡبَةَ ٱلۡبَيۡتَ ٱلۡحَرَامَ قِيَٰمٗا لِّلنَّاسِ
وَٱلشَّهۡرَ ٱلۡحَرَامَ وَٱلۡهَدۡيَ وَٱلۡقَلَٰٓئِدَۚ ذَٰلِكَ لِتَعۡلَمُوٓاْ
أَنَّ ٱللَّهَ يَعۡلَمُ مَا فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِي ٱلۡأَرۡضِ
وَأَنَّ ٱللَّهَ بِكُلِّ شَيۡءٍ عَلِيمٌ (٩٧) ٱعۡلَمُوٓاْ أَنَّ ٱللَّهَ
شَدِيدُ ٱلۡعِقَابِ وَأَنَّ ٱللَّهَ غَفُورٞ رَّحِيمٞ (٩٨) مَّا
عَلَى ٱلرَّسُولِ إِلَّا ٱلۡبَلَٰغُۗ وَٱللَّهُ يَعۡلَمُ مَا تُبۡدُونَ
وَمَا تَكۡتُمُونَ (٩٩) قُل لَّا يَسۡتَوِي ٱلۡخَبِيثُ
وَٱلطَّيِّبُ وَلَوۡ أَعۡجَبَكَ كَثۡرَةُ ٱلۡخَبِيثِۚ فَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ
يَٰٓأُوْلِي ٱلۡأَلۡبَٰبِ لَعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُونَ (١٠٠) يَـٰٓأَيُّهَا
ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَا تَسۡـَٔلُواْ عَنۡ أَشۡيَآءَ إِن تُبۡدَ لَكُمۡ
تَسُؤۡكُمۡ وَإِن تَسۡـَٔلُواْ عَنۡهَا حِينَ يُنَزَّلُ ٱلۡقُرۡءَانُ
تُبۡدَ لَكُمۡ عَفَا ٱللَّهُ عَنۡهَاۗ وَٱللَّهُ غَفُورٌ حَلِيمٞ (١٠١)
قَدۡ سَأَلَهَا قَوۡمٞ مِّن قَبۡلِكُمۡ ثُمَّ أَصۡبَحُواْ بِهَا
كَٰفِرِينَ (١٠٢) مَا جَعَلَ ٱللَّهُ مِنۢ بَحِيرَةٖ وَلَا
سَآئِبَةٖ وَلَا وَصِيلَةٖ وَلَا حَامٖۙ وَلَٰكِنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ
يَفۡتَرُونَ عَلَى ٱللَّهِ ٱلۡكَذِبَۖ وَأَكۡثَرُهُمۡ لَا يَعۡقِلُونَ
(١٠٣) وَإِذَا قِيلَ لَهُمۡ تَعَالَوۡاْ إِلَىٰ مَآ أَنزَلَ ٱللَّهُ
وَإِلَى ٱلرَّسُولِ قَالُواْ حَسۡبُنَا مَا وَجَدۡنَا عَلَيۡهِ
ءَابَآءَنَآۚ أَوَلَوۡ كَانَ ءَابَآؤُهُمۡ لَا يَعۡلَمُونَ شَيۡـٔٗا وَلَا
يَهۡتَدُونَ (١٠٤) يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ عَلَيۡكُمۡ
أَنفُسَكُمۡۖ لَا يَضُرُّكُم مَّن ضَلَّ إِذَا ٱهۡتَدَيۡتُمۡۚ إِلَى
ٱللَّهِ مَرۡجِعُكُمۡ جَمِيعٗا فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمۡ تَعۡمَلُونَ
(١٠٥) يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ شَهَٰدَةُ بَيۡنِكُمۡ إِذَا
حَضَرَ أَحَدَكُمُ ٱلۡمَوۡتُ حِينَ ٱلۡوَصِيَّةِ ٱثۡنَانِ ذَوَا
عَدۡلٖ مِّنكُمۡ أَوۡ ءَاخَرَانِ مِنۡ غَيۡرِكُمۡ إِنۡ أَنتُمۡ
ضَرَبۡتُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ فَأَصَٰبَتۡكُم مُّصِيبَةُ ٱلۡمَوۡتِۚ
تَحۡبِسُونَهُمَا مِنۢ بَعۡدِ ٱلصَّلَوٰةِ فَيُقۡسِمَانِ بِٱللَّهِ إِنِ
ٱرۡتَبۡتُمۡ لَا نَشۡتَرِي بِهِۦ ثَمَنٗا وَلَوۡ كَانَ ذَا قُرۡبَىٰ
وَلَا نَكۡتُمُ شَهَٰدَةَ ٱللَّهِ إِنَّآ إِذٗا لَّمِنَ ٱلۡأٓثِمِينَ (١٠٦)

اے ایمان لانے والو شکار نہ مارو جبکہ تم احرام میں ہو؛ اور جو تم میں سے اسے عمداً مارے گا تو اس کا بدلہ اسی طرح کا جانور ہے جیسا اس نے مارا، اس کا فیصلہ تم میں سے دو عادل آدمی کریں گے یہ ھدیہ (نذرانہ) کعبہ پہنچے یا مسکینوں کا طعام کفارہ (دے) یا اس کے برابر صیام رکھے تاکہ وہ اپنے (کردہ) کام کا وبال چکھے؛ جو کچھ پہلے ہو چکا اللہ نے معاف کر دیا ہے؛ اور جو دوبارہ کرے گا تو اللہ اس سے انتقام لے گا؛ اور اللہ زبردست انتقام لینے والا ہے۔ تمہارے لئے سمندر کا شکار اور اس کا کھانا حلال کر دیا گیا ہے جو تمہارے لئے اور قافلے کیلئے زادِ راہ ہے اور تم پر خشکی کا شکار حرام ہے جب تک تم احرام میں ہو؛ اور اللہ سے ڈرو جس کی طرف تم محشور کئے جاؤ گے۔ اللہ نے کعبہ حرمت والے گھر کو لوگوں کیلئے قیام کا مرکز بنایا اور حرمت والے مہینے اور قربانی کے جانور اور (ان کی گردنوں کے) پٹے (شعائر بنائے ہیں)؛ وہ اس لئے کہ تم جان لو بیشک اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور بیشک اللہ ہر شئ کو خوب جانتا ہے۔ جان لو بیشک اللہ شدید سزا دینے والا بھی ہے اور بیشک اللہ بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔ نہیں رسولؐ پر (ذمہ داری) سوائے تبلیغ (پہنچا دینے) کے؛ اور اللہ جانتا ہے جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم چھپاتے ہو۔ (اے حبیبؐ) کہہ دو خبیث (بد) اور طیب (پاکیزہ) مساوی نہیں ہیں اگرچہ تمہیں خبیثوں کی کثرت اچھی لگے، پس اللہ سے ڈرو اے صاحبانِ عقل شاید کہ تم فلاح پا سکو۔ اے ایمان لانے والو ایسی اشیاء کے متعلق سوال نہ کرو کہ اگر وہ تم پر ظاہر کر دی جائیں (یعنی دشمنِ علیؑ کا نسب) تو تمہیں بری لگیں، اور اگر تم ان کے متعلق سوال کرو گے جس وقت قرآن نازل کیا جا رہا ہو تو تم پر ظاہر کر دی جائیں گی، اللہ نے ان (سابقہ سوالوں) کو معاف کیا؛ اور اللہ بخشنے والا تحمل والا ہے۔ تحقیق تم سے قبل ایک قوم نے اسی طرح کے سوال پوچھے تھے پھر وہ ان کے منکر ہوگئے۔ اللہ نے نہ کوئی بحیرہ (جس اونٹنی کا پانچواں بچہ نر ہو) مقرر کیا ہے اور نہ سائبہ (دس بچوں والی اونٹنی) اور نہ وصیلہ (نر مادہ جڑواں بچوں والی) اور نہ حام (دس بچوں کا باپ اونٹ)، لیکن جن لوگوں نے کفر کیا ہے وہ اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں؛ اور ان میں سے اکثر عقل نہیں کرتے۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اس کی طرف آؤ جو اللہ نے نازل کیا ہے اور رسولؐ کی طرف (آؤ) تو وہ کہتے ہیں ہمیں کافی ہے جس پر ہم نے اپنے آباء و اجداد کو پایا ہے؛ کیا اگر ان کے آباءواجداد کوئی شئ بھی نہ جانتے ہوں اور نہ ہی وہ ھدایت یافتہ ہوں۔ اے ایمان لانے والو تم پر تمہارے نفوس (کی ذمہ داری ہے)، جو گمراہ ہو وہ تمہیں کوئی ضرر نہیں پہنچائے گا جب تم ھدایت یافتہ ہو؛ اللہ کی طرف تم سب نے پلٹ کر جانا ہے پھر وہ تمہیں بتائے گا جو کچھ تم کرتے رہے تھے۔ اے ایمان لانے والو جب تم میں سے کسی ایک کی موت کا وقت آ جائے تو وصیت کے وقت اپنوں میں سے دو عادل آدمی اپنے درمیان حاضر کر لو یا دوسرے دو غیروں (غیر مسلموں) میں سے اگر تم زمین میں سفر پر ہو اور تم پر موت کی مصیبت آ جائے؛ اگر تمہیں شک ہو تو ان دونوں کو صلاۃ کے بعد روک لو پھر وہ دونوں اللہ کی قسم اٹھائیں کہ ہم اس کے بدلے کوئی معاوضہ حاصل نہیں کریں گے اگرچہ وہ قرابتدار (ہی کیوں نہ) ہوں اور نہ ہم اللہ کی گواہی کو چھپائیں گے، بیشک تب ہم لازمی گناہ گاروں میں سے ہوں گے۔

107.But if it is found that those two were guilty of sin [i.e. perjury], let two others stand in their place [who are] foremost [in claim] from those who have a lawful right. And let them swear by Allah, "Our testimony is truer than their testimony, and we have not transgressed. Indeed, we would then be of the wrongdoers."

108.That is more likely that they will give testimony according to its [true] objective, or [at least] they would fear that [other] oaths might be taken after their oaths. And fear Allah and listen [i.e. obey Him]; and Allah does not guide the defiantly disobedient people.

109.[Be warned of] the Day when Allah will assemble the Rasools and say, "What was the response you received?" They will say, "We have no knowledge. Indeed, it is You who is Knower of the unseen" –

110.[The Day] when Allah will say, "O Esa, Son of Mariyam, remember My favour upon you and upon your mother when I supported you with the Holy Spirit and you spoke to the people in the cradle and in maturity; and [remember] when I taught you the Book and wisdom and the Tauraat and the Injeel; and when you designed from clay [what was] like the form of a bird with My permission, then you breathed into it, and it became a bird with My permission; and you healed the blind [from birth] and the leper with My permission; and when you brought forth the dead with My permission; and when I restrained the Children of Israel from [killing] you when you came to them with clear proofs and those who disbelieved among them said, "This is not but obvious magic."

111.And [remember] when I inspired to the disciples, "Believe in Me and in My Rasool [i.e. Esa]." They said, "We have believed, so bear witness that indeed we are Muslims."

112.[And remember] when the disciples said, "O Esa, Son of Mariyam, can your Rabb send down to us a table [spread with food] from the heaven?" [Esa] said, "Fear Allah, if you are believers."

113.They said, "We wish to eat from it and let our hearts be reassured and know that you have been truthful to us and be among its witnesses."

114.Said Esa, the son of Mariyam, "O Allah, our Rabb, send down to us a table [spread with food] from the heaven to be for us Eid [cyclical sacred day] for the first of us and the last of us and a sign from You. And provide for us, and You are the Best of providers."

115.Allah said, "Indeed, I will send it down to you, but whoever disbelieves afterwards from among you – then indeed will I punish him with a punishment by which I have not punished anyone among the worlds."

116.And when Allah will say, "O Esa, Son of Mariyam, did you say to the people, 'Take me and my mother as deities besides Allah?' " He will say, "Exalted are You! It was not for me to say that to which I have no right. If I had said it, You would have known it. You know what is within myself, and I do not know what is within Yourself. Indeed, it is You who is Knower of the unseen.

117.I said not to them except what You commanded me – to worship Allah, my Rabb and your Rabb. And I was a witness over them as long as I was among them; but when You took me up, You were the Observer over them, and You are, over all things, Witness.

118.If You should punish them – indeed they are Your servants; but if You forgive them – indeed it is You who is the Exalted in Might, the Wise."

119.Allah will say, "This is the Day when the truthful [the Masumeen swsa] will benefit from their truthfulness." For them are gardens [in Paradise] beneath which rivers flow, wherein they will abide forever, Allah being pleased with them, and they with Him. That is the great attainment.

120.To Allah belongs the kingdom of the heavens and the earth and whatever is within them. And He is over all things competent.

فَإِنْ عُثِرَ عَلَىٰٓ أَنَّهُمَا ٱسْتَحَقَّآ إِثْمًا فَـَٔاخَرَانِ يَقُومَانِ
مَقَامَهُمَا مِنَ ٱلَّذِينَ ٱسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ ٱلْأَوْلَيَٰنِ
فَيُقْسِمَانِ بِٱللَّهِ لَشَهَٰدَتُنَآ أَحَقُّ مِن شَهَٰدَتِهِمَا وَمَا
ٱعْتَدَيْنَآ إِنَّآ إِذًا لَّمِنَ ٱلظَّٰلِمِينَ (١٠٧) ذَٰلِكَ أَدْنَىٰٓ
أَن يَأْتُوا۟ بِٱلشَّهَٰدَةِ عَلَىٰ وَجْهِهَآ أَوْ يَخَافُوٓا۟ أَن تُرَدَّ
أَيْمَٰنٌۢ بَعْدَ أَيْمَٰنِهِمْ ۗ وَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ وَٱسْمَعُوا۟ ۗ وَٱللَّهُ لَا
يَهْدِى ٱلْقَوْمَ ٱلْفَٰسِقِينَ (١٠٨) ۞ يَوْمَ يَجْمَعُ ٱللَّهُ
ٱلرُّسُلَ فَيَقُولُ مَاذَآ أُجِبْتُمْ ۖ قَالُوا۟ لَا عِلْمَ لَنَآ ۖ إِنَّكَ أَنتَ
عَلَّٰمُ ٱلْغُيُوبِ (١٠٩) إِذْ قَالَ ٱللَّهُ يَٰعِيسَى ٱبْنَ
مَرْيَمَ ٱذْكُرْ نِعْمَتِى عَلَيْكَ وَعَلَىٰ وَٰلِدَتِكَ إِذْ أَيَّدتُّكَ
بِرُوحِ ٱلْقُدُسِ تُكَلِّمُ ٱلنَّاسَ فِى ٱلْمَهْدِ وَكَهْلًا ۖ وَإِذْ
عَلَّمْتُكَ ٱلْكِتَٰبَ وَٱلْحِكْمَةَ وَٱلتَّوْرَىٰةَ وَٱلْإِنجِيلَ ۖ وَإِذْ
تَخْلُقُ مِنَ ٱلطِّينِ كَهَيْـَٔةِ ٱلطَّيْرِ بِإِذْنِى فَتَنفُخُ فِيهَا
فَتَكُونُ طَيْرًۢا بِإِذْنِى ۖ وَتُبْرِئُ ٱلْأَكْمَهَ وَٱلْأَبْرَصَ
بِإِذْنِى ۖ وَإِذْ تُخْرِجُ ٱلْمَوْتَىٰ بِإِذْنِى ۖ وَإِذْ كَفَفْتُ بَنِىٓ
إِسْرَٰٓءِيلَ عَنكَ إِذْ جِئْتَهُم بِٱلْبَيِّنَٰتِ فَقَالَ ٱلَّذِينَ
كَفَرُوا۟ مِنْهُمْ إِنْ هَٰذَآ إِلَّا سِحْرٌ مُّبِينٌ (١١٠) وَإِذْ
أَوْحَيْتُ إِلَى ٱلْحَوَارِيِّـۧنَ أَنْ ءَامِنُوا۟ بِى وَبِرَسُولِى
قَالُوٓا۟ ءَامَنَّا وَٱشْهَدْ بِأَنَّنَا مُسْلِمُونَ (١١١) إِذْ قَالَ
ٱلْحَوَارِيُّونَ يَٰعِيسَى ٱبْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيعُ رَبُّكَ
أَن يُنَزِّلَ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ ٱلسَّمَآءِ ۖ قَالَ ٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ إِن
كُنتُم مُّؤْمِنِينَ (١١٢) قَالُوا۟ نُرِيدُ أَن نَّأْكُلَ مِنْهَا
وَتَطْمَئِنَّ قُلُوبُنَا وَنَعْلَمَ أَن قَدْ صَدَقْتَنَا وَنَكُونَ عَلَيْهَا
مِنَ ٱلشَّٰهِدِينَ (١١٣) قَالَ عِيسَى ٱبْنُ مَرْيَمَ ٱللَّهُمَّ
رَبَّنَآ أَنزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ ٱلسَّمَآءِ تَكُونُ لَنَا عِيدًا
لِّأَوَّلِنَا وَءَاخِرِنَا وَءَايَةً مِّنكَ ۖ وَٱرْزُقْنَا وَأَنتَ خَيْرُ
ٱلرَّٰزِقِينَ (١١٤) قَالَ ٱللَّهُ إِنِّى مُنَزِّلُهَا عَلَيْكُمْ ۖ فَمَن
يَكْفُرْ بَعْدُ مِنكُمْ فَإِنِّىٓ أُعَذِّبُهُۥ عَذَابًا لَّآ أُعَذِّبُهُۥٓ
أَحَدًا مِّنَ ٱلْعَٰلَمِينَ (١١٥) وَإِذْ قَالَ ٱللَّهُ يَٰعِيسَى
ٱبْنَ مَرْيَمَ ءَأَنتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ ٱتَّخِذُونِى وَأُمِّىَ
إِلَٰهَيْنِ مِن دُونِ ٱللَّهِ ۖ قَالَ سُبْحَٰنَكَ مَا يَكُونُ لِىٓ أَنْ
أَقُولَ مَا لَيْسَ لِى بِحَقٍّ ۚ إِن كُنتُ قُلْتُهُۥ فَقَدْ عَلِمْتَهُۥ ۚ
تَعْلَمُ مَا فِى نَفْسِى وَلَآ أَعْلَمُ مَا فِى نَفْسِكَ ۚ إِنَّكَ أَنتَ
عَلَّٰمُ ٱلْغُيُوبِ (١١٦) مَا قُلْتُ لَهُمْ إِلَّا مَآ أَمَرْتَنِى
بِهِۦٓ أَنِ ٱعْبُدُوا۟ ٱللَّهَ رَبِّى وَرَبَّكُمْ ۚ وَكُنتُ عَلَيْهِمْ
شَهِيدًا مَّا دُمْتُ فِيهِمْ ۖ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِى كُنتَ أَنتَ
ٱلرَّقِيبَ عَلَيْهِمْ ۚ وَأَنتَ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ شَهِيدٌ (١١٧)
إِن تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۖ وَإِن تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنتَ
ٱلْعَزِيزُ ٱلْحَكِيمُ (١١٨) قَالَ ٱللَّهُ هَٰذَا يَوْمُ يَنفَعُ
ٱلصَّٰدِقِينَ صِدْقُهُمْ ۚ لَهُمْ جَنَّٰتٌ تَجْرِى مِن تَحْتِهَا
ٱلْأَنْهَٰرُ خَٰلِدِينَ فِيهَآ أَبَدًا ۚ رَّضِىَ ٱللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا۟

عَنْهُ ۚ ذَٰلِكَ ٱلْفَوْزُ ٱلْعَظِيمُ (١١٩) لِلَّهِ مُلْكُ
ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ وَمَا فِيهِنَّ ۚ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ
شَىْءٍ قَدِيرٌ (١٢٠)

پس اگر پتہ چل جائے کہ بیشک دونوں نے غلط حق ثابت کیا ہے تو ان کی جگہ دوسرے دو کھڑے ہو جائیں جو مستحق کے قریب ترین لوگوں میں سے ہوں تو وہ دونوں اللہ کی قسم اٹھائیں یقیناً ہماری گواہی ان دونوں کی گواہی سے زیادہ برحق ہے اور ہم نے کوئی زیادتی نہیں کی ورنہ بیشک ہم ظالموں میں سے ہوں گے۔ یہ زیادہ قریب ہے کہ وہ گواہی کو اس کی (اصل) صورت میں لائیں گے یا وہ ڈریں گے کہ ان کی قسموں کے بعد ان کی قسمیں رد کر دی جائیں گی؛ اللہ سے ڈرو اور سنو؛ اور اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ جس دن اللہ رسولوں کو جمع کرے گا تو کہے گا تمہیں کیا جواب دیا گیا؟ وہ کہیں گے ہمیں کچھ علم نہیں؛ بیشک تو ہی تمام پوشیدہ باتوں کو خوب جانتا ہے۔ جب اللہ کہے گا اے عیسیٰؑ ابن مریمؑ یاد کرو میری اس نعمت کو جو میں نے تم پر اور تمہاری والدہ پر (کی تھی) جب میں نے تمہاری روح القدس سے مدد کی، تم گہوارے میں لوگوں سے کلام کرتے تھے اور بڑے ہو کر بھی، اور جب میں نے تمہیں کتاب اور حکمت اور تورات اور انجیل کی تعلیم دی اور جب تم میرے اذن سے مٹی سے پرندے کی ہیئت (پتلا) بناتے تھے پھر تم اس میں پھونک مارتے تھے تو وہ میرے اذن سے پرندہ بن جاتا تھا اور تم پیدائشی اندھے اور کوڑھی کو میرے اذن سے اچھا کرتے تھے اور جب تم میرے اذن سے مُردوں کو نکالتے تھے، اور جب میں نے بنی اسرائیل کو تمہارے (قتل) سے روکا جب تم ان کے پاس واضح دلائل لے کر آئے تھے تو ان میں سے جنہوں نے کفر کیا کہا یہ کچھ نہیں سوائے صریح جادو کے۔ اور جب میں نے حواریوں کی طرف الہام کیا کہ مجھ پر اور میرے رسول پر ایمان لاؤ، انہوں نے کہا ہم ایمان لائے اور گواہ رہو بیشک ہم مسلم ہیں۔ جب حواریوں نے کہا اے عیسیٰؑ ابن مریمؑ کیا تمہارا رب استطاعت رکھتا ہے کہ وہ ہم پر آسمان سے خوان نازل کرے؟ اس نے کہا اللہ سے ڈرو اگر تم مؤمنین ہو۔ انہوں نے کہا ہمارا ارادہ ہے کہ ہم اس (خوان) سے کھائیں اور ہمارے قلوب مطمئن ہوں اور ہم جان لیں کہ تم نے ہم سے واقعی سچ کہا ہے اور ہم اس پر گواہ ہو جائیں۔ عیسیٰؑ ابن مریمؑ نے کہا اے اللہ ہمارے رب ہم پر آسمان سے خوان نازل فرما، ہمارے لئے ہمارے اگلے اور پچھلے لوگوں کیلئے عید ہو اور تیری طرف سے آیت (نشانی) ہو، اور ہمیں رزق دے اور تو بہتر رزق دینے والا ہے۔ اللہ نے کہا بیشک میں اسے تم پر نازل کرنے والا ہوں، لیکن جو تم میں سے اس کے بعد کفر کرے گا تو میں بیشک اسے ایسے عذاب سے سزا دوں گا جو عالمین میں کسی ایک کو بھی سزا نہ دوں گا۔ اور جب اللہ کہے گا اے عیسیٰؑ ابن مریمؑ کیا تم نے لوگوں سے کہا تھا کہ مجھے اور میری ماں کو اللہ کے علاوہ دو الہ بنا لو؟ وہ کہے گا تو منزہ ہے میرے لئے (جائز) نہیں ہے کہ میں وہ بات کہوں جو میرا حق نہیں ہے؛ اگر میں نے یہ کہا تھا تو تو اسے یقیناً جانتا ہے؛ تو جانتا ہے جو میرے نفس میں ہے اور میں نہیں جانتا جو تیرے نفس میں ہے؛ بیشک تو ہی پوشیدہ باتوں کو خوب جانتا ہے۔ میں نے ان سے کچھ نہیں کہا سوائے اس کے جس کا تو نے مجھے حکم دیا کہ اللہ کی عبادت کرو جو میرا رب ہے اور تمہارا رب ہے، اور میں ان پر گواہ تھا جب تک میں ان میں رہا، لیکن جب تو نے مجھے واپس لے لیا تو تو ہی ان پر نگران تھا؛ اور تو ہر شئ پر گواہ ہے۔ اگر تو ان کو عذاب دے تو وہ تیرے بندے ہیں، اور اگر تو ان کو بخش دے تو بیشک تو ہی زبردست حکمت والا ہے۔ اللہ کہے گا یہ وہ دن ہے جس میں صادقین (معصومینؑ) کو ان کا صدق نفع دے گا؛ ان کیلئے جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں وہ تاابد ان میں ہمیشہ رہیں گے؛ اللہ ان سے راضی ہے اور وہ اس سے راضی ہیں؛ یہ عظیم کامیابی ہے۔ اللہ ہی کیلئے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی ہے اور جو کچھ ان میں ہے؛ اور وہ ہر شئ پر قادر ہے۔

سورة الأنعام

Surah al-An'aam

[The Cattle]

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem

1. Every praise for Allah, Who created the heavens and the earth and made the darkness and the light. Then those who disbelieve make equals with their Rabb.
2. It is He who created you from clay and then decreed a term and a specified time [known] to Him; then [still] you are in doubt.
3. And He is Allah, in the heavens and the earth. He knows your secret and what is your open, and He knows that which you earn.
4. And no Ayat comes to them from the Ayaat of their Rabb except that they turn away from it.
5. For sure they belied the Haqq when it came to them, but there is going to reach them the news of what they used to ridicule.
6. Have they not seen how many generations We destroyed before them which We had established upon the earth as We have not established you? And We sent [rain from] the sky upon them showering abundantly and made rivers flow beneath them; then We destroyed them for their sins and brought forth after them a generation of others.
7. And even if We had sent down to you, [O Mohammad sawaw], a written book on a page and they touched it with their hands, the disbelievers would say, "This is not but obvious magic."
8. And they say, "Why was there not sent down to him an angel?" But if We had sent down an angel, the matter would have been decided; then they would not be respited.
9. And if We had made him [i.e. the Rasool] an angel, We would have made him [appear as] a man, and We would have covered them with that in which they cover themselves [i.e. confusion and doubt].
10. And already were the Rasools ridiculed before you, but those who mocked them were surrounded by that which they used to ridicule.
11. Say, "Travel through the land; then observe how was the end of the beliers."
12. Say, "To whom belongs whatever is in the heavens and earth?" Say, "To Allah." He has prescribed upon Himself mercy. He will surely assemble you for the Day of Qiyamah, about which there is no doubt. Those who will lose themselves [that Day] do not believe.
13. And to Him belongs that which dwells in the night and the day, and He is all-Hearing, all-Knowing.
14. Say, "Is it other than Allah I should take as Wali, the Originator of the heavens and the earth, while it is He who feeds and is not fed?" Say, [O Mohammad sawaw], "Indeed, I have been commanded to be the first who submits [to Allah] and 'you should not be of the polytheists.' "
15. Say, "Indeed I fear, if I disobey my Rabb, the punishment of a tremendous Day."
16. He from whom it is averted that Day – [Allah] has granted him mercy. And that is the clear attainment.
17. And if Allah touch you with adversity, there is no remover of it except Him. And if He touches you with good – then He is over all things competent.

سُوْرَةُ الأنعَام

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیاز عام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

ہر حمد اللہ کیلئے ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو خلق کیا اور ظلمت اور نور کو بنایا؛ پھر جنہوں نے کفر کیا وہ دوسروں کو اپنے رب کے برابر قرار دیتے ہیں۔ وہ وہی ہے جس نے تمہیں طین (گیلی چکنی مٹی) سے خلق کیا پھر ایک مدت کا فیصلہ کر دیا؛ اور مقررہ مدت اس کے پاس ہے پھر بھی تم شک میں پڑے ہوئے ہو۔ اور وہی اللہ ہے آسمانوں میں اور زمین میں بھی؛ وہ جانتا ہے تمہاری پوشیدہ اور اعلانیہ باتوں کو اور وہ جانتا ہے جو تم کماتے ہو۔ اور ان کے پاس ان کے رب کی آیات میں سے کوئی آیت نہیں آتی مگر وہ اس سے منہ موڑنے والے بنے ہوئے ہیں۔ پس تحقیق انہوں نے حق کی تکذیب کی جب وہ ان کے پاس آیا؛ پس عنقریب ان کے پاس اس چیز کی خبریں آئیں گی جس کا وہ مذاق اڑاتے رہے ہیں۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا ان سے پہلے ہم نے کتنی ایسی قوموں کو ہلاک کر دیا جن کو ہم نے زمین میں وہ اقتدار دیا جو ہم نے تم کو نہیں دیا اور ہم نے ان پر آسمان سے خوب بارشیں برسائیں، اور ہم نے نہریں بنائیں جو ان کے نیچے بہتی تھیں پھر ہم نے ان کو ان کے گناہوں کی وجہ سے ہلاک کر دیا اور ان کے بعد ہم نے دوسری قوموں کو پیدا کر دیا۔ اور اگر ہم تم پر کاغذ میں (لکھی ہوئی) کتاب نازل کرتے اور وہ اسے اپنے ہاتھوں سے چھو بھی لیتے تو جن لوگوں نے کفر کیا ہے وہ ضرور کہتے کہ یہ واضح جادو کے سوا کچھ نہیں۔ اور انہوں نے کہا اس پر کوئی فرشتہ نازل کیوں نہیں کیا گیا؛ اور اگر ہم کوئی فرشتہ نازل کرتے تو معاملے کو فیصلہ کر دیا جاتا پھر ان کو مہلت نہ دی جاتی۔ اور اگر ہم اسے فرشتہ بناتے تو پھر بھی اسے مرد (کی شکل میں) بناتے اور ہم ضرور ان پر وہی شبہ ڈال دیتے جس شبہ میں وہ اب پڑے ہوئے ہیں۔ اور تحقیق تم سے قبل رسولوں کا مذاق اڑایا گیا پھر جن لوگوں نے ان میں سے مذاق اڑایا ان کو اس چیز نے گھیر لیا جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ کہہ دو زمین میں چلو پھرو پھر دیکھو جھٹلانے والوں کا انجام کیسا ہوا تھا۔ کہہ دو جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے کس کا ہے؟ کہو اللہ کا ہے؛ اس نے اپنے نفس پر رحمت لکھ دیا ہے؛ وہ یوم قیامت ضرور تمہیں جمع کرے گا اس میں کوئی شک نہیں؛ جن لوگوں نے اپنے نفسوں کو خسارے میں ڈالا ہے پس وہی ایمان نہیں لاتے۔ اور لیل و نہار میں جو کچھ سکون پذیر (ٹھہرا ہوا) ہے اسی کا ہے؛ اور وہ سب سننے والا سب جاننے والا ہے۔ کہہ دو کیا میں غیراللہ کو ولی بنا لوں جو (اللہ) آسمانوں اور زمین کو ایجاد کرنے والا ہے اور وہ کھلاتا ہے اور اسے کھلایا نہیں جاتا؛ کہہ دو بیشک مجھے امر ہے کہ میں اول ہوں جس نے اطاعت کی اور (یہ بھی کہ) تم مشرکوں میں سے نہ ہو جاؤ۔ کہہ دو بیشک میں عظیم دن کے عذاب سے خوف کھاتا ہوں اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں۔ اس دن جس کو اس سے دور رکھا گیا پس یقیناً اس پر اللہ نے رحم کیا؛ اور وہ نمایاں کامیابی ہے۔ اور اگر اللہ تمہیں کوئی ضرر پہنچائے تو اسے اس کے سوا کوئی ہٹانے والا نہیں؛ اور اگر وہ تمہیں کوئی خیر عنایت کرے تو وہ ہر شئ پر قادر ہے۔

سُوْرَةُ الأنعَام

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ ٱلَّذِى خَلَقَ ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضَ
وَجَعَلَ ٱلظُّلُمَـٰتِ وَٱلنُّورَ ۖ ثُمَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ بِرَبِّهِمْ
يَعْدِلُونَ (١) هُوَ ٱلَّذِى خَلَقَكُم مِّن طِينٍ ثُمَّ
قَضَىٰٓ أَجَلًا ۖ وَأَجَلٌ مُّسَمًّى عِندَهُۥ ۖ ثُمَّ أَنتُمْ
تَمْتَرُونَ (٢) وَهُوَ ٱللَّهُ فِى ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَفِى
اور یہ کتاب ہم نے اسے مبارک نازل کیا ہے اس کی تصدیق کرتی ہے جو اس سے پہلے (تورات، زبور، انجیل) موجود ہے اور تاکہ تم ام القرٰی (مکہ) اور جو اس کے ارد گرد (تمام اہلِ ارض) ہیں کو خبردار کرو؛ اور جو لوگ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں وہی اس پر ایمان لاتے ہیں اور وہ اپنی صلاۃ کی حفاظت کرتے ہیں۔ اور اس (عبداللہ بن ابی سرح) سے بڑا ظالم اور کون ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھے یا کہے کہ میری طرف وحی آئی ہے اور اس کی طرف کچھ بھی وحی نہ کی گئی ہو اور جو کہے کہ جیسا اللہ نے نازل کیا ہے ویسا میں بھی نازل کروں گا (یعنی جو امامِ معصومؑ کے علاوہ امامت کا دعویٰ کرے) اور کاش تم دیکھ سکو کہ جب (آل محمدؐ کے حق پر ظلم کرنے والے) ظالم لوگ موت کی سختیوں میں (مبتلا) ہوتے ہیں اور ملائکہ اپنے ہاتھ بڑھاتے ہوئے (کہتے ہیں) نکالو اپنے نفسوں (جانوں) کو؛ آج تمہیں جزا دی جائے گی ذلت (پیاس) والے عذاب سے کیونکہ تم اللہ کے ذمہ ناحق باتیں کہتے تھے اور تم اس کی (فضائلِ آل محمدؐ والی) آیات سے تکبر کرتے تھے۔ اور تم ہمارے پاس فرادا (اکیلے) آئے ہو جس طرح ہم نے تمہیں پہلی بار خلق کیا تھا اور جو کچھ ہم نے تمہیں دیا تھا تم اسے اپنی پیٹھ پیچھے چھوڑ آئے ہو اور ہم تمہارے ساتھ تمہارے وہ سفارشی بھی نہیں دیکھ رہے جن (خود ساختہ اماموں) کے متعلق تمہارا زعم (گمان) تھا کہ واقعی وہ تمہارے (کام بنانے) میں شریک ہیں؛ یقیناً تمہارے درمیان (محبت کا) تعلق قطع ہو گیا ہے اور تم سے وہ سب گم ہو گئے ہیں جن کو تم زعم کئے ہوئے تھے۔ بیشک اللہ دانے اور گٹھلی کو شگافتہ کرنے والا ہے وہ زندہ (مؤمن) کو مردے (کافر) سے نکالتا ہے اور مردے (کافر) کو زندہ (مؤمن) سے نکالنے والا ہے؛ وہی تمہارا اللہ ہے پھر تم کدھر بہکائے جا رہے ہو۔ صبح کو پھاڑنے والا اور اس نے رات کو سکون (کیلئے) بنایا اور شمس و قمر کو حساب کیلئے؛ یہ زبردست سب جاننے والے کی تقدیر (مقرر کردہ قانون) ہے۔ اور وہ وہی ہے جس نے تمہارے لئے ستاروں کو بنایا تاکہ تم ان سے خشکی اور سمندر کی تاریکیوں میں راستہ معلوم کرو؛ تحقیق ہم نے علم رکھنے والی قوم کیلئے آیات تفصیل سے بیان کی ہیں۔ اور وہ وہی ہے جس نے تمہیں واحد نفس سے پیدا کیا پھر ایک جائے قرار (رحم) اور ایک سونپنے کی جگہ (صلب)، تحقیق ہم نے سمجھنے والی قوم کیلئے آیات تفصیل سے بیان کی ہیں۔ اور وہ وہی ہے جس نے آسمان سے پانی نازل کیا پھر اس سے ہم نے ہر طرح کی نباتات نکالیں اور اس سے ہم نے سرسبز (کھیت اور درخت) نکالے جن سے ہم تہہ بر تہہ دانے نکالتے ہیں اور کھجوروں کے شگوفوں سے لٹکتے ہوئے گچھے (پیدا کرتے ہیں) اور انگور اور زیتون اور انار کے باغات (ہم نے پیدا کئے جن کے پھل ایک دوسرے سے) ملتے جلتے بھی ہیں اور مختلف بھی ہیں؛ دیکھو ان کے ثمر کی طرف جب پھل لگتا ہے اور اس کے پکنے کی طرف؛ بیشک اس میں ایمان لانے والی قوم کیلئے نشانیاں ہیں۔ اور انہوں نے جنوں کو اللہ کا شریک بنا دیا ہے حالانکہ اس نے ان کو خلق کیا ہے اور انہوں نے بغیر علم کے اس کیلئے بیٹے اور بیٹیاں گھڑ دی ہیں؛ وہ منزہ ہے اور بالاتر ہے ان صفات سے جو وہ بیان کرتے ہیں۔ وہ آسمانوں اور زمین کا موجد ہے؛ اس کا کوئی بیٹا کیسے ہو سکتا ہے جبکہ اس کی کوئی صاحبہ ہی نہیں؛ اور اس نے ہر شئ کو خلق کیا ہے، اور وہ ہر شئ کو خوب جانتا ہے۔ وہ تمہارا اللہ ہے تمہارا رب، نہیں کوئی معبود سوائے اس کے، ہر شئ کا خالق پس اسی کی عبادت کرو، اور وہ ہر شئ پر وکیل (کارساز و محافظ) ہے۔

103. Vision perceives Him not, but He perceives [all] vision; and He is the Subtle, the Acquainted.
104. There has come to you visions [illuminations] from your Rabb. So whoever will see does so for [the benefit of] his soul, and whoever keeps blind [does harm] against himself. And [say], "I am not a guard over you."
105. And thus do We explain in different ways the verses so they will say, "You have studied," and so We may make it [i.e. the Qur'an] clear for a people who know.
106. Follow, [O Mohammad sawaw], what has been revealed to you from your Rabb – there is no Elah [deity] except Him – and turn away from the polytheists.
107. But if Allah had willed, they would not have associated. And We have not appointed you over them as a guard, nor are you an advocate over them.
108. And do not insult those they invoke other than Allah, lest they insult Allah in enmity without knowledge [i.e. they will insult the Wali of Allah]. Thus We have made pleasing to every community their deeds. Then to their Rabb is their return, and He will inform them about what they used to do.
109. And they swear by Allah their strongest oaths that if an Ayat [sign] came to them, they would surely believe in it. Say, "The Ayaat [signs] are only with [i.e. from] Allah." And what will make you perceive that even if it [a sign] came, they would not believe.
110. And We will turn away their hearts and their eyes just as they did not believe in it the first time [in Particle State: Aalam e Zarr]. And We will leave them in their transgression, wandering blindly.

لَّا تُدْرِكُهُ ٱلْأَبْصَٰرُ وَهُوَ يُدْرِكُ ٱلْأَبْصَٰرَ ۖ
وَهُوَ ٱللَّطِيفُ ٱلْخَبِيرُ (١٠٣) قَدْ جَآءَكُم
بَصَآئِرُ مِن رَّبِّكُمْ ۖ فَمَنْ أَبْصَرَ فَلِنَفْسِهِۦ ۖ وَمَنْ
عَمِيَ فَعَلَيْهَا ۚ وَمَآ أَنَا۠ عَلَيْكُم بِحَفِيظٍ (١٠٤)
وَكَذَٰلِكَ نُصَرِّفُ ٱلْءَايَٰتِ وَلِيَقُولُوا۟ دَرَسْتَ
وَلِنُبَيِّنَهُۥ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ (١٠٥) ٱتَّبِعْ مَآ أُوحِيَ
إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ ۖ لَآ إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ وَأَعْرِضْ عَنِ
ٱلْمُشْرِكِينَ (١٠٦) وَلَوْ شَآءَ ٱللَّهُ مَآ أَشْرَكُوا۟ ۗ
وَمَا جَعَلْنَٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظًا ۖ وَمَآ أَنتَ عَلَيْهِم
بِوَكِيلٍ (١٠٧) وَلَا تَسُبُّوا۟ ٱلَّذِينَ يَدْعُونَ مِن
دُونِ ٱللَّهِ فَيَسُبُّوا۟ ٱللَّهَ عَدْوًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ كَذَٰلِكَ
زَيَّنَّا لِكُلِّ أُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّهِم مَّرْجِعُهُمْ
فَيُنَبِّئُهُم بِمَا كَانُوا۟ يَعْمَلُونَ (١٠٨) وَأَقْسَمُوا۟
بِٱللَّهِ جَهْدَ أَيْمَٰنِهِمْ لَئِن جَآءَتْهُمْ ءَايَةٌ لَّيُؤْمِنُنَّ بِهَا ۚ
قُلْ إِنَّمَا ٱلْءَايَٰتُ عِندَ ٱللَّهِ ۖ وَمَا يُشْعِرُكُمْ أَنَّهَآ إِذَا
جَآءَتْ لَا يُؤْمِنُونَ (١٠٩) وَنُقَلِّبُ أَفْـِٔدَتَهُمْ
وَأَبْصَٰرَهُمْ كَمَا لَمْ يُؤْمِنُوا۟ بِهِۦٓ أَوَّلَ مَرَّةٍ
وَنَذَرُهُمْ فِى طُغْيَٰنِهِمْ يَعْمَهُونَ (١١٠)

بصارتیں (نگاہیں) اس کا ادراک نہیں کر سکتیں اور وہ نگاہوں کو پا لیتا ہے، اور وہ باریک بین باخبر ہے۔ یقیناً تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے بصیرتیں آ چکی ہیں تو جو بصیرت سے کام لے گا تو اس کے اپنے نفس کیلئے (فائدہ) ہے اور جو اندھا بنے گا تو اس پر (وبال) ہو گا؛ اور میں تم پر کوئی محافظ نہیں ہوں۔ اور اسی طرح ہم مختلف طریقوں سے آیات بیان کرتے ہیں تاکہ وہ کہیں تم (کہیں سے) درس لے کر آئے ہو اور تاکہ ہم علم رکھنے والی قوم کیلئے واضح بیان کر دیں۔ تم اتباع کرتے رہو جو تمہارے رب کی طرف سے تمہاری طرف وحی کی جاتی ہے، کوئی معبود نہیں سوائے اس کے اور مشرکین سے منہ موڑ لو۔ اور اگر اللہ چاہتا تو وہ شرک نہ کرتے؛ اور ہم نے تمہیں ان پر محافظ نہیں بنایا، اور نہ تم ان پر وکیل ہو۔ اور ان کو برا نہ کہو جن کو وہ اللہ کے علاوہ پکارتے ہیں پھر وہ بغیر علم کے زیادتی کرتے ہوئے اللہ کو برا بھلا کہیں گے (یعنی اللہ کے ولیؑ کو بُرا بھلا کہیں گے)؛ اسی طرح ہم نے ہر امت کیلئے اس کے عمل کو خوشنما بنا دیا ہے، پھر ان سب کو اپنے رب کی طرف واپس آنا ہے پھر وہ ان کو باخبر کرے گا جو وہ کرتے رہے تھے۔ اور وہ اللہ کی قسمیں اٹھاتے ہیں اپنی پکی قسمیں اگر ان کے پاس کوئی آیت آئی تو اس پر ضرور ایمان لائیں گے؛ کہہ دو آیات تو صرف اللہ کے پاس ہیں اور تمہیں کون شعور دے کہ واقعی جب وہ آ جائیں گی تو وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ اور ہم ان کے دلوں اور نگاہوں کو پھیر دیں گے جس طرح وہ (عالمِ زر میں) پہلی بار اس پر ایمان نہیں لائے تھے اور ہم انہیں ان کی سرکشی میں بھٹکتے ہوئے چھوڑ دیں گے۔

111. And even if We had sent down to them the angels [with the message] and the dead had spoken to them [of it] and We gathered together every thing in front of them, they would not believe except if Allah wills. But most of them, are ignorant.
112. And thus We have made for every prophet an enemy – Shaitans [devils] from mankind and jinn, inspiring to one another decorative speech in deception [Habtar & Zurayq during the time of Rasool Allah sawaw]. But if your Rabb had willed, they would not have done it, so leave them and that which they invent.
113. And that the hearts of those who disbelieve in the Hereafter will incline toward it [i.e. deceptive speech] and that they will be pleased with it and that they will commit [sins] that which they are committing.
114. [Say], "Then is it other than Allah I should seek as judge while it is He who has revealed to you the Book [i.e. the Qur'an] explained in detail?" And those to whom We gave the Book know that it is sent down from your Rabb with the Haqq, so never be among the doubters.
115. And the word of your Rabb has been fulfilled in truth and in justice [This verse is written on right shoulder of every Imam swsa and he sees the deeds of all creations]. None can alter His words, and He is all-Hearing, all-Knowing.
116. And if you [people] obey most of those upon the earth, they will mislead you from the Sabeel [the Imam swsa] of Allah. They follow not except Zunn [conjecture], and they are not but guessing [lying].
117. Indeed, your Rabb is most knowing of who strays from His Sabeel, and He is most knowing of the [rightly] guided.
118. So eat of that [meat of an animal] upon which the name of Allah has been mentioned, if you are believers in His verses [i.e. revealed law].
119. And why should you not eat of that [animal's meat] upon which the name of Allah has been mentioned while He has explained in detail to you what He has forbidden you, excepting that to which you are compelled. And indeed do many lead [others] astray through their [own] desires without knowledge. Indeed, your Rabb – He is most knowing of the transgressors.
120. And abandon what is apparent of sin [disobedience] and what is its secret [doubt & Shirk]. Indeed, those who earn sin will be recompensed for that which they used to commit.
121. And do not eat of that [animal's meat] upon which the name of Allah has not been mentioned, for indeed, it is grave disobedience. And indeed Shaitans surely inspire their allies [among men] to dispute with you. And if you were to obey them, indeed, you would be surely polytheists.
122. And is one who was dead [ignorant] and We gave him life and made for him Noor [Imam with whom he is in touch] by which he walks among the people like one who is in darkness [without Mari'fat of Imam swsa and], never to emerge therefrom? Thus it has been made attractive to the disbelievers that which they were doing.
123. And thus We have placed within every town the greatest of its criminals to conspire therein. But they conspire not except against themselves, and they perceive [it] not.

۞ وَلَوْ أَنَّنَا نَزَّلْنَآ إِلَيْهِمُ ٱلْمَلَٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ ٱلْمَوْتَىٰ وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَىْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوا۟ لِيُؤْمِنُوٓا۟ إِلَّآ أَن يَشَآءَ ٱللَّهُ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُونَ (١١١) وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِىٍّ عَدُوًّا شَيَٰطِينَ ٱلْإِنسِ وَٱلْجِنِّ يُوحِى بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ زُخْرُفَ ٱلْقَوْلِ غُرُورًا ۚ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوهُ ۖ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُونَ (١١٢) وَلِتَصْغَىٰٓ إِلَيْهِ أَفْـِٔدَةُ ٱلَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِٱلْءَاخِرَةِ وَلِيَرْضَوْهُ وَلِيَقْتَرِفُوا۟ مَا هُم مُّقْتَرِفُونَ (١١٣) أَفَغَيْرَ ٱللَّهِ أَبْتَغِى حَكَمًا وَهُوَ ٱلَّذِىٓ أَنزَلَ إِلَيْكُمُ ٱلْكِتَٰبَ مُفَصَّلًا ۚ وَٱلَّذِينَ ءَاتَيْنَٰهُمُ ٱلْكِتَٰبَ يَعْلَمُونَ أَنَّهُۥ مُنَزَّلٌ مِّن رَّبِّكَ بِٱلْحَقِّ ۖ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ ٱلْمُمْتَرِينَ (١١٤) وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَعَدْلًا ۚ لَّا مُبَدِّلَ لِكَلِمَٰتِهِۦ ۚ وَهُوَ ٱلسَّمِيعُ ٱلْعَلِيمُ (١١٥) وَإِن تُطِعْ أَكْثَرَ مَن فِى ٱلْأَرْضِ يُضِلُّوكَ عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ ۚ إِن يَتَّبِعُونَ إِلَّا ٱلظَّنَّ وَإِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُونَ (١١٦) إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ مَن يَضِلُّ عَن سَبِيلِهِۦ ۖ وَهُوَ أَعْلَمُ بِٱلْمُهْتَدِينَ (١١٧) فَكُلُوا۟ مِمَّا ذُكِرَ ٱسْمُ ٱللَّهِ عَلَيْهِ إِن كُنتُم بِـَٔايَٰتِهِۦ مُؤْمِنِينَ (١١٨) وَمَا لَكُمْ أَلَّا تَأْكُلُوا۟ مِمَّا ذُكِرَ ٱسْمُ ٱللَّهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُم مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ إِلَّا مَا ٱضْطُرِرْتُمْ إِلَيْهِ ۗ وَإِنَّ كَثِيرًا لَّيُضِلُّونَ بِأَهْوَآئِهِم بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِٱلْمُعْتَدِينَ (١١٩) وَذَرُوا۟ ظَٰهِرَ ٱلْإِثْمِ وَبَاطِنَهُۥٓ ۚ إِنَّ ٱلَّذِينَ يَكْسِبُونَ ٱلْإِثْمَ سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوا۟ يَقْتَرِفُونَ (١٢٠) وَلَا تَأْكُلُوا۟ مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ ٱسْمُ ٱللَّهِ عَلَيْهِ وَإِنَّهُۥ لَفِسْقٌ ۗ وَإِنَّ ٱلشَّيَٰطِينَ لَيُوحُونَ إِلَىٰٓ أَوْلِيَآئِهِمْ لِيُجَٰدِلُوكُمْ ۖ وَإِنْ أَطَعْتُمُوهُمْ إِنَّكُمْ لَمُشْرِكُونَ (١٢١) أَوَمَن كَانَ مَيْتًا فَأَحْيَيْنَٰهُ وَجَعَلْنَا لَهُۥ نُورًا يَمْشِى بِهِۦ فِى ٱلنَّاسِ كَمَن مَّثَلُهُۥ فِى ٱلظُّلُمَٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا ۚ كَذَٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكَٰفِرِينَ مَا كَانُوا۟ يَعْمَلُونَ (١٢٢) وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَا فِى كُلِّ قَرْيَةٍ أَكَٰبِرَ مُجْرِمِيهَا لِيَمْكُرُوا۟ فِيهَا ۖ وَمَا يَمْكُرُونَ إِلَّا بِأَنفُسِهِمْ وَمَا يَشْعُرُونَ (١٢٣)

اور اگر واقعی ہم ان کی طرف ملائکہ نازل کر دیتے اور ان سے مردے کلام کرتے اور ہم ان کے سامنے ہر طرح کی چیزیں جمع کر دیتے وہ ایمان لانے والے نہیں تھے مگر یہ کہ اللہ چاہے لیکن ان میں سے اکثر جہالت کی باتیں کرتے ہیں۔ اور اسی طرح ہم نے ہر نبی کیلئے انسان شیطانوں اور جن شیطانوں کو دشمن بنا دیا ہے جو دھوکا دہی کی ملمع کی ہوئی باتیں ایک دوسرے کو وحی کرتے ہیں (رسولؐ اللہ کے دور میں حبتر اور زریق)؛ اور اگر تیرا رب چاہتا تو وہ ایسا نہ کر سکتے پس ان کوچھوڑ دو اور جو وہ افترا پردازیاں کرتے ہیں۔ اور تاکہ ان لوگوں کے دل جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اس طرف مائل ہو جائیں اور تاکہ وہ اس پر راضی ہو جائیں اور تاکہ وہ (جرائم کا) ارتکاب کر لیں جو انہوں نے ارتکاب کرنا ہے۔ کیا پھر میں اللہ کے سوا کوئی اور فیصلہ کرنے والا تلاش کروں حالانکہ وہ وہی ہے جس نے تمہاری طرف کتاب تفصیلاً نازل کی ہے؛ اور جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ جانتے ہیں کہ بیشک یہ تمہارے رب کی طرف سے حق کے ساتھ نازل کی گئی ہے لہذا تم شک کرنے والوں میں سے نہ ہو جاؤ۔ اور تیرے رب کا کلمہ (بات) صدق اور عدل میں کامل ہے (یہ امامؑ کے دائیں بازو پر لکھا ہوتا ہے، اور امامِ وقت تمام مخلوقات کے اعمال دیکھتا ہے)؛ اس کے کلمات کو کوئی نہیں بدل سکتا، اور وہ سب سننے والا سب جاننے والا ہے۔ اور اگر تم (لوگوں) نے ان کی اطاعت کی جو زمین پر اکثریت میں ہیں وہ تمہیں اللہ کی سبیل (امامؑ) سے گمراہ کر دیں گے؛ وہ اتباع نہیں کرتے سوائے ظنِ (اجتہادی) کے اور وہ قیاس آرائیاں کرنے کے سوا کچھ نہیں کرتے۔ بیشک تیرا رب ہی خوب جانتا ہے کہ کون اس کی سبیل سے بھٹکا ہوا ہے، اور وہ ہدایت یافتہ لوگوں کو خوب جانتا ہے۔ پس اس (جانور کے گوشت) میں سے کھاؤ جس پر اللہ کے اسم کا ذکر کیا جائے اگر تم اس کی آیات پر ایمان رکھتے ہو۔ اور تمہیں کیا ہے کہ تم اس (جانور کے گوشت) میں سے نہیں کھاتے جس پر اللہ کے اسم کا ذکر کیا گیا ہو حالانکہ یقیناً وہ تمہیں تفصیل سے بتا چکا ہے جو اس نے تم پر حرام کیا ہے مگر تم اس کی طرف مجبور ہو جاؤ؛ اور بیشک اکثر لوگ اپنی خواہشات کی بنا پر بغیر علم کے لوگوں کو گمراہ کر رہے ہیں؛ بیشک تمہارا رب ہی حد سے بڑھنے والوں کو خوب جانتا ہے۔ گناہ کے ظاہر (نافرمانی) کو بھی چھوڑ دو اور اس کے باطن (شرک وشک) کو بھی؛ بیشک جو لوگ گناہ کما رہے ہیں عنقریب ان کو جزا دی جائے گی جو وہ ارتکاب کرتے رہے۔ اور اس (جانور کے گوشت) میں سے نہ کھاؤ جس پر اللہ کے اسم کا ذکر نہ کیا گیا ہو کیونکہ وہ بیشک فسق ہے؛ اور بیشک شیاطین اپنے (انسانی) اولیاء کی طرف وحی کرتے ہیں کہ وہ تم سے جھگڑا (مخاصمت) کریں، اور اگر تم نے ان کی اطاعت کی تو بیشک تم واقعی مشرکین ہو۔ کیا وہ شخص جو مردہ (جاہل) تھا پھر ہم نے اسے زندہ کیا اور اس کیلئے نور (امامؑ جس سے وہ متمسک ہوتا ہے) قرار دیا جس سے وہ لوگوں میں چلتا ہے اس شخص کی مثل ہو سکتا ہے جو تاریکیوں میں (معرفتِ امام کے بغیر پڑا ہے اور) ان سے نکلنے والا نہیں ہے؛ اسی طرح کافروں کیلئے اعمال خوشنما بنا دیئے گئے ہیں جو وہ کر رہے ہیں۔ اور اسی طرح ہم نے ہر بستی میں بڑے بڑے (رؤساء) مجرم بنا دیئے ہیں تاکہ وہ اس میں چالیں چلیں؛ اور وہ چالیں نہیں چلتے مگر اپنے نفسوں کے ساتھ لیکن وہ شعور نہیں رکھتے۔

124.And when a sign comes to them, they say, "Never will we believe until we are given like that which was given to the Rasools of Allah." Allah is most knowing of where [i.e. with whom] He places His prophethood. There will afflict those who committed crimes humiliation before Allah and severe punishment for what they used to conspire.

125.So whoever Allah intends to guide – He expands his chest to [contain] Islam [i.e. put a dot of Noor in the heart]; and whoever He intends to misguide – He makes his chest tight and constricted [by putting a black dot in the heart] as though he were climbing into the sky. Thus does Allah place defilement [doubt] upon those who do not believe.

126.And this is Sirat al-Mustaqeem of your Rabb. We have detailed the Ayaat for a people who remember.

127.For them will be the Home of Peace [i.e. Paradise] with their Rabb. And He is their Wali because of what they used to do.

128.And the Day when He will gather them all together [and say], "O assembly of jinn, you have [misled] many of mankind." And their allies among mankind will say, "Our Rabb, some of us profited from others, and we have [now] reached our term which You decided for us." He will say, "The Fire is your residence, wherein you will abide eternally, except for what Allah wills. Indeed, your Rabb is Wise and Knowing."

129.And thus will We make some of the wrongdoers allies of others for what they used to earn.

130."O assembly of jinn and mankind, did there not come to you the Rasools from among you, relating to you My verses and warning you of the meeting of this Day of yours?" They will say, "We bear witness against ourselves"; and the worldly life deceived them, and they will bear witness against themselves that they were disbelievers.

131.That is because your Rabb would not destroy the cities for wrongdoing while their people were unaware.

132.And for all are degrees [i.e. positions resulting] from what they have done. And your Rabb is not unaware of what they do.

133.And your Rabb is the Free of need, the Possessor of mercy. If He wills, He can pass you away and give succession after you to whomever He wills, just as He produced you from the descendants of another people.

134.Indeed, what [Qiyamah, recompense] you are promised is coming, and you cannot subdue Him.

135.Say, "O my people, work on your positions; indeed, I am working [too]. And soon you are going to know who will have good Last home. Indeed, the wrongdoers will not succeed."

136.And they assign to Allah from that which He created of crops and livestock a share and say, "This is for Allah," by their claim, "and this is for our 'partners' [associated with Him]." But what is for their "partners" does not reach Allah, while what is for Allah – this reaches their "partners." Evil is that which they judge.

وَإِذَا جَآءَتۡهُمۡ ءَايَةٞ قَالُواْ لَن نُّؤۡمِنَ حَتَّىٰ نُؤۡتَىٰ
مِثۡلَ مَآ أُوتِيَ رُسُلُ ٱللَّهِۘ ٱللَّهُ أَعۡلَمُ حَيۡثُ يَجۡعَلُ
رِسَالَتَهُۥۗ سَيُصِيبُ ٱلَّذِينَ أَجۡرَمُواْ صَغَارٌ عِندَ
ٱللَّهِ وَعَذَابٞ شَدِيدُۢ بِمَا كَانُواْ يَمۡكُرُونَ (١٢٤)
فَمَن يُرِدِ ٱللَّهُ أَن يَهۡدِيَهُۥ يَشۡرَحۡ صَدۡرَهُۥ
لِلۡإِسۡلَٰمِۖ وَمَن يُرِدۡ أَن يُضِلَّهُۥ يَجۡعَلۡ صَدۡرَهُۥ
ضَيِّقًا حَرَجٗا كَأَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي ٱلسَّمَآءِۚ
كَذَٰلِكَ يَجۡعَلُ ٱللَّهُ ٱلرِّجۡسَ عَلَى ٱلَّذِينَ لَا
يُؤۡمِنُونَ (١٢٥) وَهَٰذَا صِرَٰطُ رَبِّكَ مُسۡتَقِيمٗاۗ
قَدۡ فَصَّلۡنَا ٱلۡأٓيَٰتِ لِقَوۡمٖ يَذَّكَّرُونَ (١٢٦) ۞
لَهُمۡ دَارُ ٱلسَّلَٰمِ عِندَ رَبِّهِمۡۖ وَهُوَ وَلِيُّهُم بِمَا كَانُواْ
يَعۡمَلُونَ (١٢٧) وَيَوۡمَ يَحۡشُرُهُمۡ جَمِيعٗا
يَٰمَعۡشَرَ ٱلۡجِنِّ قَدِ ٱسۡتَكۡثَرۡتُم مِّنَ ٱلۡإِنسِۖ وَقَالَ
أَوۡلِيَآؤُهُم مِّنَ ٱلۡإِنسِ رَبَّنَا ٱسۡتَمۡتَعَ بَعۡضُنَا
بِبَعۡضٖ وَبَلَغۡنَآ أَجَلَنَا ٱلَّذِيٓ أَجَّلۡتَ لَنَاۚ قَالَ ٱلنَّارُ
مَثۡوَىٰكُمۡ خَٰلِدِينَ فِيهَآ إِلَّا مَا شَآءَ ٱللَّهُۗ إِنَّ رَبَّكَ
حَكِيمٌ عَلِيمٞ (١٢٨) وَكَذَٰلِكَ نُوَلِّي بَعۡضَ
ٱلظَّٰلِمِينَ بَعۡضَۢا بِمَا كَانُواْ يَكۡسِبُونَ (١٢٩)
يَٰمَعۡشَرَ ٱلۡجِنِّ وَٱلۡإِنسِ أَلَمۡ يَأۡتِكُمۡ رُسُلٞ مِّنكُمۡ
يَقُصُّونَ عَلَيۡكُمۡ ءَايَٰتِي وَيُنذِرُونَكُمۡ لِقَآءَ يَوۡمِكُمۡ
هَٰذَاۚ قَالُواْ شَهِدۡنَا عَلَىٰٓ أَنفُسِنَاۖ وَغَرَّتۡهُمُ ٱلۡحَيَوٰةُ
ٱلدُّنۡيَا وَشَهِدُواْ عَلَىٰٓ أَنفُسِهِمۡ أَنَّهُمۡ كَانُواْ
كَٰفِرِينَ (١٣٠) ذَٰلِكَ أَن لَّمۡ يَكُن رَّبُّكَ مُهۡلِكَ
ٱلۡقُرَىٰ بِظُلۡمٖ وَأَهۡلُهَا غَٰفِلُونَ (١٣١) وَلِكُلّٖ
دَرَجَٰتٞ مِّمَّا عَمِلُواْۚ وَمَا رَبُّكَ بِغَٰفِلٍ عَمَّا
يَعۡمَلُونَ (١٣٢) وَرَبُّكَ ٱلۡغَنِيُّ ذُو ٱلرَّحۡمَةِۚ إِن
يَشَأۡ يُذۡهِبۡكُمۡ وَيَسۡتَخۡلِفۡ مِنۢ بَعۡدِكُم مَّا يَشَآءُ
كَمَآ أَنشَأَكُم مِّن ذُرِّيَّةِ قَوۡمٍ ءَاخَرِينَ (١٣٣)
إِنَّ مَا تُوعَدُونَ لَأٓتٖۖ وَمَآ أَنتُم بِمُعۡجِزِينَ
(١٣٤) قُلۡ يَٰقَوۡمِ ٱعۡمَلُواْ عَلَىٰ مَكَانَتِكُمۡ إِنِّي
عَامِلٞۖ فَسَوۡفَ تَعۡلَمُونَ مَن تَكُونُ لَهُۥ عَٰقِبَةُ
ٱلدَّارِۖ إِنَّهُۥ لَا يُفۡلِحُ ٱلظَّٰلِمُونَ (١٣٥) وَجَعَلُواْ
لِلَّهِ مِمَّا ذَرَأَ مِنَ ٱلۡحَرۡثِ وَٱلۡأَنۡعَٰمِ نَصِيبٗا فَقَالُواْ
هَٰذَا لِلَّهِ بِزَعۡمِهِمۡ وَهَٰذَا لِشُرَكَآئِنَاۖ فَمَا كَانَ
لِشُرَكَآئِهِمۡ فَلَا يَصِلُ إِلَى ٱللَّهِۖ وَمَا كَانَ لِلَّهِ
فَهُوَ يَصِلُ إِلَىٰ شُرَكَآئِهِمۡۗ سَآءَ مَا يَحۡكُمُونَ
(١٣٦)

اور جب ان کے پاس کوئی آیت آتی ہے تو وہ کہتے ہیں ہم ہرگز نہیں مانیں گے حتیٰ کہ ہمیں بھی اس کی مثل دی جائے جو اللہ کے رسولوں کی دی گئی ہے؛ اللہ خوب جانتا ہے کہ اپنی رسالت کس جگہ رکھے؛ جن لوگوں نے جرم کئے ہیں عنقریب ان کو اللہ کے ہاں ذلت اور شدید عذاب نصیب ہو گا کیونکہ وہ چالبازیاں کرتے تھے۔ پس جسے اللہ ہدایت دینے کا ارادہ کرتا ہے اس کا سینہ اسلام کیلئے کھول دیتا ہے (دل میں نور کا نکتہ لگا دیتا ہے)، اور جسے گمراہ کرنے کا ارادہ کرتا ہے اس کے (دل میں کالا نکتہ لگا کر) سینے کو تنگ اور سکڑا ہوا بنا دیتا ہے گویا کہ وہ آسمان میں چڑھ رہا ہے؛ اسی طرح اللہ ان لوگوں پر رجس (شک) ڈال دیتا ہے جو ایمان نہیں لاتے۔ اور یہ تمہارے رب کا صراط مستقیم ہے؛ تحقیق ہم نے نصیحت قبول کرنے والی قوم کیلئے آیات تفصیل سے بیان کر دی ہیں۔ ان کیلئے ان کے رب کے پاس دارالسلام ہے اور وہ ان کا ولی ہے ان اعمال کی وجہ سے جو وہ کرتے رہے تھے۔ اور جس دن وہ ان سب کو اکٹھا محشور کرے گا، (تو وہ کہے گا) اے گروہِ جن تم نے انسانوں میں سے اکثر کو لے لیا (گمراہی میں)، اور انسانوں میں سے ان (جنوں) کے اولیاء کہیں گے اے ہمارے رب ہم نے ایک دوسرے سے فائدہ اٹھایا اور ہم اپنی مدت (قیامت) تک پہنچ گئے جو تو نے ہمارے لئے مقرر کی تھی؛ اللہ کہے گا نار تمہارا ٹھکانا ہے اس میں ہمیشہ رہو مگر جو اللہ چاہے؛ بیشک تمہارا رب حکمت والا سب جاننے والا ہے۔ اور اس طرح ہم ظالموں کو ایک دوسرے کا ولی بناتے ہیں ان اعمال کی وجہ سے جو وہ کماتے رہے۔ اے گروہِ جن و انس کیا تمہارے پاس تم میں سے رسول نہیں آئے تھے جو تمہیں میری آیات سناتے تھے اور تمہیں تمہارے اس دن کی ملاقات سے ڈراتے تھے؛ وہ کہیں گے ہم اپنے نفسوں کے خلاف گواہی دیتے ہیں اور ان کو دنیا کی زندگی نے دھوکے میں ڈال دیا اور وہ اپنے نفسوں کے خلاف گواہی دیں گے کہ بیشک وہ کافر تھے۔ یہ اسلئے کہ تیرا رب بستیوں کو ظلم کے ساتھ ہلاک کرنے والا نہ تھا جبکہ ان کے باشندے غافل ہوں۔ اور ہر ایک کیلئے درجات ہیں (ان اعمال کے اعتبار سے) جو انہوں نے کئے ہیں؛ اور تیرا رب غافل نہیں اس سے جو وہ کر رہے ہیں۔ اور تیرا رب بے نیاز رحمت والا ہے؛ اگر وہ چاہے تو تمہیں لے جائے اور تمہاری جگہ تمہارے بعد جسے چاہے لے آئے جس طرح اس نے تمہیں دوسرے لوگوں کی نسل سے پیدا کیا ہے۔ بیشک جس چیز (قیامت، ثواب وعقاب) کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہے وہ ضرور آنے والی ہے، اور تم عاجز کر دینے والے نہیں۔ (اے میرے حبیبؐ) کہہ دو اے قوم تم اپنی جگہوں پر عمل کرتے رہو بیشک میں بھی عمل کر رہا ہوں، پس عنقریب تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ آخرت کا (اچھا) گھر کس کیلئے ہے بیشک ظالمین فلاح نہیں پاتے۔ اور وہ اللہ کیلئے ان کھیتوں اور مویشیوں سے جو خود اس نے پیدا کئے ہیں حصہ مقرر کرتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ یہ ان کے زعم (دعوے) کے مطابق اللہ کا ہے اور یہ ہمارے (خود ساختہ) شریکوں کا ہے، پھر جو ان کے شریکوں کا ہے وہ تو اللہ کو نہیں پہنچتا، اور جو اللہ کا ہے وہ ان کے شریکوں کو پہنچ جاتا ہے؛ بہت برا ہے جو وہ فیصلے کرتے ہیں۔

137. And likewise, to many of the polytheists their partners have made attractive the killing of their children in order to destroy them and to cover them with confusion in their religion. And if Allah had willed, they would not have done so. So leave them and that which they invent.
138. And they say, "These animals and crops are forbidden; no one may eat from them except whom we will," by their claim. And there are cattle whose backs are forbidden [by them] and those upon which the name of Allah is not mentioned – [all of this] fabrication about Him. He will recompense them for what they were inventing.
139. And they say, "What is in the bellies of these animals is exclusively for our males and forbidden to our spouses. But if it is [born] dead, then all of them are shareholders in it [to eat]." He will recompense them for their description [Fatwa]. Indeed, He is Wise all-Knowing.
140. Those have lost who kill their children [to be] in foolishness without knowledge and prohibit what Allah had provided for them, fabricating about Allah. They have surely gone astray and were not [rightly] guided.
141. And He it is Who produces gardens, [both] trellised and non-trellised, and palm trees and crops of different [kinds of] edibles and olives and pomegranates, similar and dissimilar [varieties]. Eat of [each of] its fruit when it yields and give its due [Zakaat] on the day of its harvest. And be not uneconomical. Indeed, He does not like wasteful ones.
142. And of the cattle are carriers [of burdens] and meat producer. Eat of what Allah has provided for you and do not follow the footsteps of Shaitan. Indeed, he is to you an open enemy.
143. Eight in pairs – two of the sheep and two of the goats. Say, "Is it the two males He has forbidden or the two females or that which the wombs of the two females contain? Inform me with knowledge, if you are truthful."
144. And two of the camels and two of the cows. Say, "Is it the two males He has forbidden or the two females or that which the wombs of the two females contain? Or were you witnesses when Allah instructed you with this? Then who is more unjust than one who invents a lie about Allah to mislead the people without knowledge? Indeed, Allah does not guide the wrongdoing people."
145. Say, "I do not find within that which was revealed to me [anything] forbidden for an eater to eat it except it be a dead animal or blood bleeding out or the flesh of swine – for indeed, it is impure – or [slaughtered in] disobedience, dedicated to other than Allah. But whoever is forced [by necessity], neither desiring [it] nor transgressing [its limit], then indeed, your Rabb is Forgiving and Merciful."

وَكَذَٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيرٖ مِّنَ ٱلۡمُشۡرِكِينَ قَتۡلَ
أَوۡلَٰدِهِمۡ شُرَكَآؤُهُمۡ لِيُرۡدُوهُمۡ وَلِيَلۡبِسُواْ عَلَيۡهِمۡ
دِينَهُمۡۖ وَلَوۡ شَآءَ ٱللَّهُ مَا فَعَلُوهُۖ فَذَرۡهُمۡ وَمَا
يَفۡتَرُونَ (١٣٧) وَقَالُواْ هَٰذِهِۦٓ أَنۡعَٰمٞ وَحَرۡثٌ
حِجۡرٞ لَّا يَطۡعَمُهَآ إِلَّا مَن نَّشَآءُ بِزَعۡمِهِمۡ وَأَنۡعَٰمٌ
حُرِّمَتۡ ظُهُورُهَا وَأَنۡعَٰمٞ لَّا يَذۡكُرُونَ ٱسۡمَ ٱللَّهِ
عَلَيۡهَا ٱفۡتِرَآءً عَلَيۡهِۚ سَيَجۡزِيهِم بِمَا كَانُواْ
يَفۡتَرُونَ (١٣٨) وَقَالُواْ مَا فِي بُطُونِ هَٰذِهِ
ٱلۡأَنۡعَٰمِ خَالِصَةٞ لِّذُكُورِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلَىٰٓ
أَزۡوَٰجِنَاۖ وَإِن يَكُن مَّيۡتَةٗ فَهُمۡ فِيهِ شُرَكَآءُۚ
سَيَجۡزِيهِمۡ وَصۡفَهُمۡۚ إِنَّهُۥ حَكِيمٌ عَلِيمٞ (١٣٩)
قَدۡ خَسِرَ ٱلَّذِينَ قَتَلُوٓاْ أَوۡلَٰدَهُمۡ سَفَهَۢا بِغَيۡرِ عِلۡمٖ
وَحَرَّمُواْ مَا رَزَقَهُمُ ٱللَّهُ ٱفۡتِرَآءً عَلَى ٱللَّهِۚ قَدۡ
ضَلُّواْ وَمَا كَانُواْ مُهۡتَدِينَ (١٤٠) ۞ وَهُوَ
ٱلَّذِيٓ أَنشَأَ جَنَّٰتٖ مَّعۡرُوشَٰتٖ وَغَيۡرَ مَعۡرُوشَٰتٖ
وَٱلنَّخۡلَ وَٱلزَّرۡعَ مُخۡتَلِفًا أُكُلُهُۥ وَٱلزَّيۡتُونَ
وَٱلرُّمَّانَ مُتَشَٰبِهٗا وَغَيۡرَ مُتَشَٰبِهٖۚ كُلُواْ مِن
ثَمَرِهِۦٓ إِذَآ أَثۡمَرَ وَءَاتُواْ حَقَّهُۥ يَوۡمَ حَصَادِهِۦۖ
وَلَا تُسۡرِفُوٓاْۚ إِنَّهُۥ لَا يُحِبُّ ٱلۡمُسۡرِفِينَ (١٤١)
وَمِنَ ٱلۡأَنۡعَٰمِ حَمُولَةٗ وَفَرۡشٗاۚ كُلُواْ مِمَّا رَزَقَكُمُ
ٱللَّهُ وَلَا تَتَّبِعُواْ خُطُوَٰتِ ٱلشَّيۡطَٰنِۚ إِنَّهُۥ لَكُمۡ
عَدُوّٞ مُّبِينٞ (١٤٢) ثَمَٰنِيَةَ أَزۡوَٰجٖۖ مِّنَ ٱلضَّأۡنِ
ٱثۡنَيۡنِ وَمِنَ ٱلۡمَعۡزِ ٱثۡنَيۡنِۗ قُلۡ ءَآلذَّكَرَيۡنِ حَرَّمَ
أَمِ ٱلۡأُنثَيَيۡنِ أَمَّا ٱشۡتَمَلَتۡ عَلَيۡهِ أَرۡحَامُ ٱلۡأُنثَيَيۡنِۖ
نَبِّـُٔونِي بِعِلۡمٍ إِن كُنتُمۡ صَٰدِقِينَ (١٤٣) وَمِنَ
ٱلۡإِبِلِ ٱثۡنَيۡنِ وَمِنَ ٱلۡبَقَرِ ٱثۡنَيۡنِۗ قُلۡ ءَآلذَّكَرَيۡنِ
حَرَّمَ أَمِ ٱلۡأُنثَيَيۡنِ أَمَّا ٱشۡتَمَلَتۡ عَلَيۡهِ أَرۡحَامُ
ٱلۡأُنثَيَيۡنِۖ أَمۡ كُنتُمۡ شُهَدَآءَ إِذۡ وَصَّىٰكُمُ ٱللَّهُ بِهَٰذَاۚ
فَمَنۡ أَظۡلَمُ مِمَّنِ ٱفۡتَرَىٰ عَلَى ٱللَّهِ كَذِبٗا لِّيُضِلَّ
ٱلنَّاسَ بِغَيۡرِ عِلۡمٍۗ إِنَّ ٱللَّهَ لَا يَهۡدِي ٱلۡقَوۡمَ
ٱلظَّٰلِمِينَ (١٤٤) قُل لَّآ أَجِدُ فِي مَآ أُوحِيَ إِلَيَّ
مُحَرَّمًا عَلَىٰ طَاعِمٖ يَطۡعَمُهُۥٓ إِلَّآ أَن يَكُونَ مَيۡتَةً
أَوۡ دَمٗا مَّسۡفُوحًا أَوۡ لَحۡمَ خِنزِيرٖ فَإِنَّهُۥ رِجۡسٌ
أَوۡ فِسۡقًا أُهِلَّ لِغَيۡرِ ٱللَّهِ بِهِۦۚ فَمَنِ ٱضۡطُرَّ غَيۡرَ
بَاغٖ وَلَا عَادٖ فَإِنَّ رَبَّكَ غَفُورٞ رَّحِيمٞ (١٤٥)

اور اسی طرح کثیر مشرکوں کیلئے ان کے شریکوں نے ان کی اولاد کے قتل کو خوشنما بنا دیا ہے تاکہ وہ ان کو تباہ کردیں اور ان پر ان کے دین کو مشتبہ بنا دیں؛ اور اگر اللہ چاہتا تو وہ ایسا نہ کرتے لہذا چھوڑ دو ان کو اور جو وہ افتراپردازیاں کرتے ہیں۔ اور وہ کہتے ہیں کہ یہ مویشی اور کھیت ممنوع ہیں، ان کو کوئی نہیں کھائے گا مگر جس کو ہم چاہیں، ان کے زعم کے مطابق اور کچھ جانور ہیں جن کی پیٹھوں پر سواری حرام کر دی گئی ہے اور کچھ جانور ہیں جن پر وہ اللہ کے اسم کا ذکر نہیں کرتے اس پر افترا پردازی کرتے ہوئے؛ عنقریب ان کو جزا ملے گی ان افتراپردازیوں کی جو وہ کرتے رہے۔ اور وہ کہتے ہیں جو ان جانوروں کے بطنوں میں ہے وہ ہمارے مردوں کیلئے مخصوص ہے اور ہماری ازواج پر حرام ہے، اور اگر وہ مردہ ہو تو اس (کے کھانے) میں سب شریک ہیں؛ عنقریب اللہ ان کو ان کے اوصاف (فتوے بازی) کی جزا دے گا؛ بیشک وہ حکمت والا سب جاننے والا ہے۔ یقیناً خسارے میں پڑ گئے جن لوگوں نے اپنی (ہونے والی) اولاد کو بیوقوفی میں بغیر علم کے قتل کیا اور حرام کر لیا جو رزق اللہ نے ان کو دیا تھا اللہ پر افترا پردازی کرتے ہوئے؛ تحقیق وہ گمراہ ہو گئے ہیں اور وہ ہدایت یافتہ نہ تھے۔ اور وہ وہی ہے جس نے پیدا کئے باغات ٹٹیوں (لکڑی کے جنگلے) پر چڑھائے جانے والے اور بغیر ٹٹیوں کے اور کھجور اور کھیت جس کی مختلف کھانے کی چیزیں ہیں اور زیتون اور انار، ایک دوسرے سے مشابہ اور مختلف (قسمیں)؛ کھاؤ ان کے پھل جب یہ پھل دیں اور اس کا حق ادا کرو فصل کاٹنے کے دن، اور تم اسراف (حد سے تجاوز، ضائع کاری) نہ کرو؛ بیشک وہ اسراف کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ اور مویشیوں میں سے کچھ سواری و باربرداری کیلئے اور کچھ کھانے (گوشت) بچھانے (کھال) کیلئے ہیں؛ اس میں سے کھاؤ جو اللہ نے تمہیں رزق دیا ہے اور شیطان کے نقشِ قدم کا اتباع نہ کرو؛ بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ آٹھ جوڑے ہیں، بھیڑ کے دو اور بکری کے دو؛ کہو کیا اس نے دو نر حرام کئے ہیں یا دو مادہ یا جو دو مادہ کے رحموں میں ہیں پر مشتمل ہے؛ مجھے علم کے ساتھ بتاؤ اگر تم سچے ہو۔ اور اونٹ کے دو اور گائے کے دو؛ کہو کیا اس نے دو نر حرام کئے ہیں یا دو مادہ یا جو دو مادہ کے رحموں میں ہیں پر مشتمل ہے؛ کیا تم اس وقت شاہد (موجود) تھے جب اللہ نے تمہیں اس کا حکم دیا تھا، پس اس سے بڑھ کر ظالم اور کون ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھے تاکہ لوگوں کو علم کے بغیر گمراہ کرے؛ بیشک اللہ ظالموں کی قوم کو ہدایت نہیں کرتا۔ کہہ دو میں اس وحی میں جو میری طرف کی گئی ہے کوئی چیز کسی کھانے والے پر حرام نہیں پاتا کہ وہ اسے کھائے سوائے اس کے کہ وہ مردار ہو یا بہایا ہوا خون یا خنزیر کا گوشت کیونکہ بیشک وہ رجس (ناپاک) ہے، یا فسق ہو کہ اللہ کے سوا کسی اور کے نام پر پکارا گیا ہو، پس جو شخص مجبور ہو جائے (مگر) نہ باغی (نافرمان) ہو اور نہ حد سے بڑھنے والا ہو تو بیشک تیرا رب بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔

146.And to those who are Jews We prohibited every animal having claws [nails]; and of the oxen and the sheep We prohibited to them their fat, except what adheres to their backs or the entrails or what is joined with bone. That We rewarded them for their rebellion. And indeed, We are truthful.

147.So if they belie you, [O Mohammad sawaw], say, "Your Rabb is the Possessor of vast mercy; but His punishment cannot be repelled from the people who are criminals."

148.Those who associated with Allah will say, "If Allah had willed, we would not have associated [anything] and neither would our fathers, nor would we have prohibited anything." Likewise belied those before them until they tasted Our punishment. Say, "Do you have any knowledge that you can produce for us? You follow not except Zunn [conjecture], and you are not but guessing [falsifying]."

149.Say, "With Allah is the far-reaching argument [conclusive proof which an illiterate & scholar both can understand]. If He had willed, He would have guided you all."

150.Say, [O Mohammad sawaw], "Bring forward your witnesses who will testify that Allah has prohibited this." And if they testify, do not testify with them. And do not follow the desires of those who belie Our Ayaat and those who do not believe in the Hereafter, while they equate [others] with their Rabb.

151.Say, "Come, I will recite what your Rabb has prohibited to you. [He commands] that you should not associate anything with Him, and to parents good treatment, and do not kill your children [due to fear] of poverty; We provide for you and them. And do not approach immoralities – what is apparent of them [i.e. marrying the wives of father] and what is concealed [Zina]. And do not kill the soul which Allah has forbidden [to be killed] except by [legal] right. This has He instructed you that you may use reason."

152.And do not approach the orphan's property except in a way that is best [i.e. intending improvement] until he reaches maturity. And give full measure and weight in justice. We do not charge any soul except [with that within] its capacity. And when you speak [i.e. testify], be just, even if [it concerns] a near relative. And fulfill the covenant of Allah. That He has instructed you that you may remember.

153.And this is My Sirat Mustaqeem [Maola Ali swsa], so follow it; and do not follow [other fallible people's] ways, for you will be separated from His Sabeel. That He has instructed you that you may become righteous.

154.Then We gave Musa the Book, making complete [Our favour] upon the one who did good and as a detailed explanation of all things and as guidance and mercy that perhaps in the meeting with their Rabb they would believe.

155.And this [Qur'an] is a Book We have revealed [which is] blessed, so follow it and fear Allah that you may receive mercy.

156.[We revealed it] lest you [Quraysh] say, "The Book was only sent down to two groups before us [Jews & Christians], but we were of their study unaware,"

وَعَلَى ٱلَّذِينَ هَادُواْ حَرَّمۡنَا كُلَّ ذِى ظُفُرٖۖ وَمِنَ
ٱلۡبَقَرِ وَٱلۡغَنَمِ حَرَّمۡنَا عَلَيۡهِمۡ شُحُومَهُمَآ إِلَّا مَا
حَمَلَتۡ ظُهُورُهُمَآ أَوِ ٱلۡحَوَايَآ أَوۡ مَا ٱخۡتَلَطَ
بِعَظۡمٖۚ ذَٰلِكَ جَزَيۡنَٰهُم بِبَغۡيِهِمۡۖ وَإِنَّا لَصَٰدِقُونَ
(١٤٦) فَإِن كَذَّبُوكَ فَقُل رَّبُّكُمۡ ذُو رَحۡمَةٖ
وَٰسِعَةٖ وَلَا يُرَدُّ بَأۡسُهُۥ عَنِ ٱلۡقَوۡمِ ٱلۡمُجۡرِمِينَ
(١٤٧) سَيَقُولُ ٱلَّذِينَ أَشۡرَكُواْ لَوۡ شَآءَ ٱللَّهُ مَآ
أَشۡرَكۡنَا وَلَآ ءَابَآؤُنَا وَلَا حَرَّمۡنَا مِن شَيۡءٖۚ
كَذَٰلِكَ كَذَّبَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡ حَتَّىٰ ذَاقُواْ بَأۡسَنَاۗ
قُلۡ هَلۡ عِندَكُم مِّنۡ عِلۡمٖ فَتُخۡرِجُوهُ لَنَآۖ إِن
تَتَّبِعُونَ إِلَّا ٱلظَّنَّ وَإِنۡ أَنتُمۡ إِلَّا تَخۡرُصُونَ
(١٤٨) قُلۡ فَلِلَّهِ ٱلۡحُجَّةُ ٱلۡبَٰلِغَةُۖ فَلَوۡ شَآءَ لَهَدَىٰكُمۡ
أَجۡمَعِينَ (١٤٩) قُلۡ هَلُمَّ شُهَدَآءَكُمُ ٱلَّذِينَ
يَشۡهَدُونَ أَنَّ ٱللَّهَ حَرَّمَ هَٰذَاۖ فَإِن شَهِدُواْ فَلَا
تَشۡهَدۡ مَعَهُمۡۚ وَلَا تَتَّبِعۡ أَهۡوَآءَ ٱلَّذِينَ كَذَّبُواْ بِـَٔايَٰتِنَا
وَٱلَّذِينَ لَا يُؤۡمِنُونَ بِٱلۡأٓخِرَةِ وَهُم بِرَبِّهِمۡ يَعۡدِلُونَ
(١٥٠) ۞ قُلۡ تَعَالَوۡاْ أَتۡلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمۡ
عَلَيۡكُمۡۖ أَلَّا تُشۡرِكُواْ بِهِۦ شَيۡـٔٗاۖ وَبِٱلۡوَٰلِدَيۡنِ
إِحۡسَٰنٗاۖ وَلَا تَقۡتُلُوٓاْ أَوۡلَٰدَكُم مِّنۡ إِمۡلَٰقٖۖ نَّحۡنُ
نَرۡزُقُكُمۡ وَإِيَّاهُمۡۖ وَلَا تَقۡرَبُواْ ٱلۡفَوَٰحِشَ مَا
ظَهَرَ مِنۡهَا وَمَا بَطَنَۖ وَلَا تَقۡتُلُواْ ٱلنَّفۡسَ ٱلَّتِي
حَرَّمَ ٱللَّهُ إِلَّا بِٱلۡحَقِّۚ ذَٰلِكُمۡ وَصَّىٰكُم بِهِۦ لَعَلَّكُمۡ
تَعۡقِلُونَ (١٥١) وَلَا تَقۡرَبُواْ مَالَ ٱلۡيَتِيمِ إِلَّا
بِٱلَّتِي هِيَ أَحۡسَنُ حَتَّىٰ يَبۡلُغَ أَشُدَّهُۥۖ وَأَوۡفُواْ
ٱلۡكَيۡلَ وَٱلۡمِيزَانَ بِٱلۡقِسۡطِۖ لَا نُكَلِّفُ نَفۡسًا إِلَّا
وُسۡعَهَاۖ وَإِذَا قُلۡتُمۡ فَٱعۡدِلُواْ وَلَوۡ كَانَ ذَا قُرۡبَىٰۖ
وَبِعَهۡدِ ٱللَّهِ أَوۡفُواْۚ ذَٰلِكُمۡ وَصَّىٰكُم بِهِۦ لَعَلَّكُمۡ
تَذَكَّرُونَ (١٥٢) وَأَنَّ هَٰذَا صِرَٰطِي مُسۡتَقِيمٗا
فَٱتَّبِعُوهُۖ وَلَا تَتَّبِعُواْ ٱلسُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمۡ عَن
سَبِيلِهِۦۚ ذَٰلِكُمۡ وَصَّىٰكُم بِهِۦ لَعَلَّكُمۡ تَتَّقُونَ
(١٥٣) ثُمَّ ءَاتَيۡنَا مُوسَى ٱلۡكِتَٰبَ تَمَامًا عَلَى
ٱلَّذِيٓ أَحۡسَنَ وَتَفۡصِيلٗا لِّكُلِّ شَيۡءٖ وَهُدٗى
وَرَحۡمَةٗ لَّعَلَّهُم بِلِقَآءِ رَبِّهِمۡ يُؤۡمِنُونَ (١٥٤)
وَهَٰذَا كِتَٰبٌ أَنزَلۡنَٰهُ مُبَارَكٞ فَٱتَّبِعُوهُ وَٱتَّقُواْ
لَعَلَّكُمۡ تُرۡحَمُونَ (١٥٥) أَن تَقُولُوٓاْ إِنَّمَآ أُنزِلَ
ٱلۡكِتَٰبُ عَلَىٰ طَآئِفَتَيۡنِ مِن قَبۡلِنَا وَإِن كُنَّا عَن
دِرَاسَتِهِمۡ لَغَٰفِلِينَ (١٥٦)

اور جو لوگ یہودی بن گئے ہیں ہم نے ان پر ہر ناخن والا جانور حرام کر دیا تھا، اور گائے اور بکری کی چربی بھی ہم نے ان پر حرام کر دی تھی سوائے اس کے جو ان کی پیٹھ یا انتڑیوں سے لگی ہوئی ہو یا جو ہڈی سے لگی رہ جائے؛ یہ ہم نے ان کو ان کی بغاوت (سرکشی) کی جزا دی تھی اور یقیناً ہم سچے ہیں۔ پس اگر یہ تمہاری تکذیب کریں تو کہہ دو تمہارا رب وسیع رحمت والا ہے، اور اس کا عذاب مجرموں کی قوم سے رد نہیں کیا جا سکتا۔ عنقریب جن لوگوں نے شرک کیا ہے وہ کہیں گے اگر اللہ چاہتا تو ہم شرک نہ کرتے اور نہ ہمارے باپ دادا اور نہ ہم کسی چیز کو حرام کرتے؛ اس طرح ان لوگوں نے بھی جھٹلایا تھا جو ان سے پہلے ہوئے ہیں حتیٰ کہ انہوں نے ہمارے عذاب کا مزہ چکھا؛ کہو کیا تمہارے پاس کوئی علم ہے تو اسے ہمارے سامنے لاؤ؛ تم اتباع نہیں کرتے سوائے ظن کے اور تم نہیں کرتے مگر قیاس آرائیاں۔ کہہ دو پس پہنچنے والی حجت (جس کو جاہل وعالم دونوں سمجھ جائیں) تو اللہ کے پاس ہے اگر وہ چاہتا تو تم سب کو ضرور ہدایت دے دیتا۔ کہو لاؤ اپنے گواہ جو اس بات کی شہادت دیں کہ واقعی اللہ نے یہ حرام کیا ہے، پھر اگر وہ شہادت دے دیں تو تم ان کے ساتھ شہادت نہ دینا، اور ان لوگوں کی خواہشات کا اتباع نہ کرنا جنہوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا ہے اور جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اور وہ دوسروں کو اپنے رب کے برابر قرار دیتے ہیں۔ کہو آؤ میں تمہیں تلاوت کرکے سناؤں جو تمہارے رب نے تم پر حرام کیا ہے کہ تم اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کرو اور والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کرو، اور اپنی اولاد کو مفلسی کے ڈر سے قتل نہ کرو؛ ہم تمہیں بھی رزق دیتے ہیں اور ان کو بھی، اور فحاشی کے قریب بھی نہ جاؤ خواہ وہ ظاہر ہوں (باپ کی عورتوں سے نکاح) یا پوشیدہ (زنا)، اور اس نفس کو قتل نہ کرو جسے اللہ نے حرام کیا ہے مگر حق کے ساتھ؛ یہ اس نے تمہیں ہدایت کی ہے شاید کہ تم عقل کر سکو۔ اور یتیم کے مال کے قریب نہ جاؤ مگر اس طریقے سے جو بہتر ہو حتیٰ کہ وہ اپنی شدبدھ (سمجھ بوجھ) کی عمر کو پہنچ جائے، اور ماپ اور تول کو انصاف کے ساتھ پورا رکھو، ہم کسی نفس پر بوجھ نہیں ڈالتے مگر اس کی وسعت کے مطابق، اور جب تم بات کہو تو انصاف سے خواہ تمہارا کوئی قرابتدار ہی ہو، اور اللہ کے عہد کو پورا کرو؛ یہ اس نے تمہیں ہدایت کی ہے شاید کہ تم نصیحت قبول کرو۔ اور بیشک یہ ہی میرا صراط مستقیم (مولا علیؑ) ہے پس اسی کا اتباع کرو، اور دوسری سبیلوں (امامؑ کے علاوہ کسی اور) کا اتباع نہ کرو کیونکہ وہ تمہیں اس کی سبیل سے الگ کر دیں گی؛ یہ اس نے تمہیں ہدایت کی ہے شاید کہ تم تقویٰ اختیار کرو۔ پھر ہم نے موسیٰؑ کو کتاب عطا کی، جو بھلائی کرے اس پر تمام (نعمت) تھی اور ہر شئ کی تفصیل اور ہدایت اور رحمت تھی شاید کہ وہ اپنے رب کی ملاقات پر ایمان لے آئیں۔ اور یہ کتاب (قرآن) ہم نے مبارک نازل کی ہے پس اس کا اتباع کرو اور تقویٰ اختیار کرو شاید کہ تم پر رحم کیا جائے۔ کہ تم (قریش یہ نہ) کہو کہ کتاب تو صرف ان دو گروہوں (یہود ونصاریٰ) پر نازل کی گئی جو ہم سے قبل تھے اور ہم تو ان کے درس (پڑھنے پڑھانے) سے غافل (بے خبر) تھے۔

157.Or lest you [Quraysh] say, "If only the Book had been revealed to us, we would have been better guided than they." So there has [now] come to you a clear evidence from your Rabb and a guidance and mercy [Qur'an]. Then who is more unjust than one who belies the Ayaat of Allah and turns away from them? We will recompense those who turn away from Our Ayaat with the worst of punishment for their having turned away.

158.Do they [then] wait for anything except that the angels should come to them or your Rabb should come or that there come some of the Ayaat of your Rabb? The Day that some of the Ayaat [Qaim e Aal e Mohammad swsa] of your Rabb will come no soul will benefit from its faith as long as it had not believed before [the sun rises from the West] or had earned through its faith some good [Wilayat e Ali swsa]. Say, "Wait. Indeed, we [also] are waiting."

159.Indeed, those who have divided their religion and become sects [by leaving Maola Ali swsa] – you, [O Mohammad sawaw], are not [associated] with them in anything. Their affair is only [left] to Allah; then He will inform them about what they used to do.

160.Whoever comes [on the Day of Judgement] with a good deed [Wilayat e Masumeen swsa] will have ten times the like thereof [to his credit], and whoever comes with an evil deed [animosity of the Masumeen swsa] will not be recompensed except the like thereof; and they will not be wronged.

161.Say, "Indeed, my Rabb has guided me to Sirat al-Mustaqeem – upright religion – the way of Ibraheem, inclining towards the truth. And he was not from among the polytheists."

162.Say, "Indeed, my prayer, my rites of sacrifice, my living and my dying are for Allah, Rabb of Aalameen.

163.No partner has He. And this I have been commanded, and I am the first of the Muslims."

164.Say, "Is it other than Allah I should seek a Rabb while He is the Rabb of all things? And every soul earns not [blame] except against itself, and no bearer of burdens will bear the burden of another [except who is happy with the murderers of Maola Hussain swsa he is included in those murderers]. Then to your Rabb is your return, and He will inform you concerning that over which you used to differ."

165.And it is He who has made you successors upon the earth and has raised some of you above others in degrees [of rank] that He may try you through what He has given you. Indeed, your Rabb is swift in penalty; but indeed, He is Forgiving and Merciful.

أَوۡ تَقُولُواْ لَوۡ أَنَّآ أُنزِلَ عَلَيۡنَا ٱلۡكِتَٰبُ لَكُنَّآ أَهۡدَىٰ
مِنۡهُمۡۚ فَقَدۡ جَآءَكُم بَيِّنَةٞ مِّن رَّبِّكُمۡ وَهُدٗى
وَرَحۡمَةٞۚ فَمَنۡ أَظۡلَمُ مِمَّن كَذَّبَ بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ
وَصَدَفَ عَنۡهَاۗ سَنَجۡزِي ٱلَّذِينَ يَصۡدِفُونَ عَنۡ
ءَايَٰتِنَا سُوٓءَ ٱلۡعَذَابِ بِمَا كَانُواْ يَصۡدِفُونَ
(١٥٧) هَلۡ يَنظُرُونَ إِلَّآ أَن تَأۡتِيَهُمُ ٱلۡمَلَٰٓئِكَةُ أَوۡ
يَأۡتِيَ رَبُّكَ أَوۡ يَأۡتِيَ بَعۡضُ ءَايَٰتِ رَبِّكَۗ يَوۡمَ
يَأۡتِي بَعۡضُ ءَايَٰتِ رَبِّكَ لَا يَنفَعُ نَفۡسًا إِيمَٰنُهَا لَمۡ
تَكُنۡ ءَامَنَتۡ مِن قَبۡلُ أَوۡ كَسَبَتۡ فِيٓ إِيمَٰنِهَا
خَيۡرٗاۗ قُلِ ٱنتَظِرُوٓاْ إِنَّا مُنتَظِرُونَ (١٥٨) إِنَّ
ٱلَّذِينَ فَرَّقُواْ دِينَهُمۡ وَكَانُواْ شِيَعٗا لَّسۡتَ مِنۡهُمۡ فِي
شَيۡءٍۚ إِنَّمَآ أَمۡرُهُمۡ إِلَى ٱللَّهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُم بِمَا كَانُواْ
يَفۡعَلُونَ (١٥٩) مَن جَآءَ بِٱلۡحَسَنَةِ فَلَهُۥ عَشۡرُ
أَمۡثَالِهَاۖ وَمَن جَآءَ بِٱلسَّيِّئَةِ فَلَا يُجۡزَىٰٓ إِلَّا مِثۡلَهَا
وَهُمۡ لَا يُظۡلَمُونَ (١٦٠) قُلۡ إِنَّنِي هَدَىٰنِي رَبِّيٓ
إِلَىٰ صِرَٰطٖ مُّسۡتَقِيمٖ دِينٗا قِيَمٗا مِّلَّةَ إِبۡرَٰهِيمَ
حَنِيفٗاۚ وَمَا كَانَ مِنَ ٱلۡمُشۡرِكِينَ (١٦١) قُلۡ إِنَّ
صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحۡيَايَ وَمَمَاتِي لِلَّهِ رَبِّ
ٱلۡعَٰلَمِينَ (١٦٢) لَا شَرِيكَ لَهُۥۖ وَبِذَٰلِكَ أُمِرۡتُ
وَأَنَا۠ أَوَّلُ ٱلۡمُسۡلِمِينَ (١٦٣) قُلۡ أَغَيۡرَ ٱللَّهِ أَبۡغِي
رَبّٗا وَهُوَ رَبُّ كُلِّ شَيۡءٖۚ وَلَا تَكۡسِبُ كُلُّ نَفۡسٍ
إِلَّا عَلَيۡهَاۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٞ وِزۡرَ أُخۡرَىٰۚ ثُمَّ إِلَىٰ
رَبِّكُم مَّرۡجِعُكُمۡ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمۡ فِيهِ تَخۡتَلِفُونَ
(١٦٤) وَهُوَ ٱلَّذِي جَعَلَكُمۡ خَلَٰٓئِفَ ٱلۡأَرۡضِ
وَرَفَعَ بَعۡضَكُمۡ فَوۡقَ بَعۡضٖ دَرَجَٰتٖ لِّيَبۡلُوَكُمۡ فِي
مَآ ءَاتَىٰكُمۡۗ إِنَّ رَبَّكَ سَرِيعُ ٱلۡعِقَابِ وَإِنَّهُۥ لَغَفُورٞ
رَّحِيمُۢ (١٦٥)

یا تم (قریش) کہو کہ اگر ہم پر کتاب نازل کی جاتی تو ہم ان سے زیادہ ہدایت یافتہ ہوتے، پس یقیناً تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے واضح دلیل آ چکی ہے اور ہدایت اور رحمت (یعنی قرآن)، پس اس سے بڑھ کر ظالم کون ہو گا جو اللہ کی آیات کی تکذیب کرے اور ان سے منہ موڑے؛ جو ہماری آیات سے منہ موڑتے ہیں ہم عنقریب انہیں بدترین عذاب دیں گے کیونکہ وہ منہ موڑ لیا کرتے تھے۔ کیا وہ محض اس بات کا انتظار کر رہے ہیں کہ ان کے پاس ملائکہ آئیں یا تیرا رب آئے یا تیرے رب کی بعض آیات آئیں، جس دن تیرے رب کی بعض آیات (قائمِ آلِ محمدؑ) آ جائیں گی تو پھر کسی ایسے نفس کو اس کا ایمان کوئی نفع نہ دے گا جو پہلے سے ایمان نہ لایا ہو (سورج مغرب سے طلوع ہونے سے پہلے) یا جس نے اپنے ایمان میں کوئی خیر (ولایتِ علیؑ) کمائی ہو؛ کہہ دو انتظار کرو بیشک ہم بھی انتظار کر رہے ہیں۔ بیشک جن لوگوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے (فرقہ فرقہ) کر دیا اور وہ (مولا علیؑ کو چھوڑ کر) گروہ گروہ بن گئے ان سے تمہارا کچھ تعلق نہیں؛ ان کا معاملہ صرف اللہ کی طرف (سپرد) ہے پھر وہ ان کو اس سے باخبر کرے گا جو وہ کرتے رہے تھے۔ جو نیکی (ولایتِ اہلبیتؑ) لے کر آئے گا تو اس کیلئے دس گنا (اجر) ہے اور جو بدی (عداوتِ اہلبیتؑ) لے کر آئے گا تو اس کی جزا نہیں مگر اسی کی مثل (برابر) اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ (اے میرے حبیبؐ) کہہ دو بیشک میرے رب نے مجھے صراط مستقیم کی طرف ہدایت دی ہے، ہمیشہ قائم رہنے والا دین، ابراھیمؑ کا دین جو حق کی طرف مڑا ہوا تھا اور وہ مشرکین میں سے نہ تھا۔ کہہ دو بیشک میری صلاۃ اور میرے مناسکِ قربانی اور میری حیات اور میری ممات اللہ عالمین کے رب کیلئے ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں اور اسی بات کا مجھے امر کیا گیا ہے اور میں مسلمین میں اول ہوں۔ کہہ دو کیا میں اللہ کے سوا کوئی اور رب تلاش کروں اور وہ ہر شئ کا رب ہے؛ اور ہر نفس جو کماتا ہے (اس کی ذمہ داری) اسی پر ہے، اور کوئی بوجھ اٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھاتا (مگر جو قاتلانِ حسینؑ پر راضی ہے وہ انہی قاتلان میں شامل ہے)، پھر تم سب کو اپنے رب کی طرف واپس پلٹنا ہے پھر وہ تمہیں اس چیز کے متعلق خبر دے گا جس میں تم اختلاف کرتے رہے تھے۔ اور وہ وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں خلیفے بنایا اور تم میں بعض کے بعض پر درجات بلند کئے تاکہ جو اس نے تمہیں عطا کیا ہے اس میں تمہاری آزمائش کرے؛ بیشک تیرا رب سرعت سے سزا دینے والا ہے، اور بیشک وہ واقعی بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔

Surah al-A'raaf
[The Heights]

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem

1. Alif Laam Meem Saad [Ana Allah al-Muqtadir as-Sadiq].
2. [This is] a Book revealed to you, [O Mohammad sawaw] – so let there not be in your chest distress therefrom – that you may warn thereby and as Zikr [reminder] to the believers.
3. Follow, [O mankind], what has been revealed to you from your Rabb and do not follow other than Him any guardians. Little do you remember.
4. And how many cities have We destroyed, and Our punishment came to them at night or while they were sleeping at noon.
5. And their declaration when Our punishment came to them was only that they said, "Indeed, we were wrongdoers!"
6. Then We will surely question those to whom [the messengers] were sent, and We will surely question the Rasools.
7. Then We will surely relate [their deeds] to them with knowledge, and We were never [at all] absent.
8. And the weight [measure & standard of deeds] that Day will be the Haqq. So those whose measures are heavy – it is they who will be the successful.
9. And those whose measures are low – they are the ones who will lose themselves for what injustice they were doing with Our Ayaat [i.e. used to oppose the Imams swsa].
10. And We have certainly established you upon the earth and made for you therein means of livelihood. Little is that what you give thanks.
11. And We have certainly created you, [O mankind], then gave you [human] form. Then We said to the angels, "Prostrate to Adam"; so they prostrated, except for Iblees. He was not of those who prostrated.
12. [Allah] said, "What prevented you from prostrating when I commanded you?" [Shaitan] said [with Qiyas], "I am better than him. You created me from fire and created him from clay [i.e. earth]."
13. [Allah] said, "Descend from this [state], for it is not for you to be arrogant therein. So get out; indeed, you are of the degraded ones."
14. [Shaitan] said, "Respite me until the Day they are resurrected."
15. [Allah] said, "Surely, you are of those respited."
16. [Shaitan] said, "Because You led me astray, I will surely sit in wait for them [i.e. mankind] on Your Sirat al-Mustaqeem [Wilayat e Ali swsa].
17. Then I will come to them from front of them [destroying the Hereafter] and from behind them [destroying the worldly life] and on their right [destroying Deen] and on their left [attacking with lust], and You will not find most of them grateful [to You]."
18. [Allah] said, "Depart from this [state], disgraced and expelled. Whoever follows you among them – I will surely fill Hell with you, all together."
19. And "O Adam, dwell, you and your wife, in the Garden and eat from wherever you wish but do not approach this tree, lest you be among the wrongdoers."
20. But Shaitan whispered to them to make apparent to them that which was concealed from them of their private parts. He said, "Your Rabb did not forbid you from this tree except that you become angels or become of the immortal."
21. And he swore [by Allah] to them both, "Indeed, I am to you from among the sincere advisors."

سُوْرَةُ الأعرَاف

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیازعام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

انا اللہ المقتدر الصادق۔ (یہ) کتاب تمہاری طرف نازل کی گئی ہے پس اس سے تمہارے سینے میں کوئی دقت محسوس نہ ہو تاکہ تم اس سے نذارت (خبردار) کرو اور مؤمنین کو یاد دہانی کراؤ۔ اتباع کرو اس کا جو تمہارے رب کی طرف سے تم پر نازل کیا گیا ہے اور اس کے علاوہ اولیاء کا اتباع نہ کرو؛ تم بہت کم نصیحت قبول کرتے ہو۔ اور کتنی ہی بستیاں ہیں جنہیں ہم نے ہلاک کر دیا پس ان پر ہمارا عذاب رات کو آگیا یا جب وہ قیلولہ کر رہے تھے۔ اور جب ہمارا عذاب ان پر آیا تو اس کے سوا ان کی کوئی پکار نہ تھی کہ انہوں نے کہا بیشک ہم ہی ظالم لوگ تھے۔ پس ہم ان لوگوں سے ضرور سوال کریں گے جن کی طرف رسول بھیجے گئے اور ہم مرسلین سے بھی ضرور سوال کریں گے۔ پھر ہم ضرور ان کو علم کے ساتھ بیان کریں گے اور ہم کبھی بھی غائب نہیں تھے۔ اس دن وزن حق ہو گا، پس جن کے پلڑے بھاری ہوں گے تو وہی لوگ فلاح پانے والے ہوں گے۔ اور جن کے پلڑے ہلکے ہوں گے تو انہی لوگوں نے اپنے نفسوں کو خسارے میں ڈالا کیونکہ وہ ہماری آیات کے ساتھ ظلم کرتے تھے (یعنی آئمہؑ کی مخالفت کرتے تھے)۔ اور تحقیق ہم نے تمہیں زمین میں آباد کیا (قائم کیا، اختیارات دیئے) اور اس میں تمہارے لئے ذرائع معاش بنائے؛ بہت کم ہے جو تم شکر کرتے ہو۔ اور تحقیق ہم نے تمہیں خلق کیا پھر تمہاری صورت بنائی پھر ہم نے ملائکہ سے کہا آدمؑ کو سجدہ کرو، تو ان سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے؛ وہ سجدہ کرنے والوں میں سے نہ ہوا۔ اللہ نے کہا تجھے کس نے منع کیا کہ تو سجدہ نہ کرے جب کہ میں نے تجھے حکم دیا تھا؛ اس نے (قیاس سے) کہا میں اس سے بہتر ہوں، تو نے مجھے نار سے خلق کیا اور اس کو طین (گیلی چکنی مٹی) سے خلق کیا۔ اللہ نے کہا پس تو یہاں سے اتر جا کیونکہ تیرے لئے (جائز) نہیں کہ تو اس میں تکبر کرے پس تو نکل جا یقیناً تو ذلیلوں میں سے ہے۔ اس نے کہا مجھے اس دن تک مہلت دے جب یہ سب اٹھائے جائیں گے۔ اللہ نے کہا بیشک تو مہلت دیئے جانے والوں میں سے ہے۔ اس نے کہا کیونکہ تو نے مجھے اغوا کیا (گمراہی میں) میں تیری صراطِ مستقیم (ولایتِ علیؑ) پر ضرور ان کی گھات میں بیٹھوں گا۔ پھر میں ان کے آگے سے (آخرت کی خرابی) اور ان کے پیچھے سے (دنیا کی خرابی) اور ان کے دائیں سے (دین کی خرابی) اور ان کے بائیں سے (شہوات سے حملہ کرنے) آؤں گا؛ اور تو ان کی اکثریت کو شکرگذار نہ پائے گا۔ اللہ نے کہا نکل جا یہاں سے ذلیل ٹھکرایا ہوا؛ ان میں سے واقعی جو بھی تیرا اتباع کرے گا یقیناً میں تم سب سے جہنم کو بھر دوں گا۔ اور اے آدمؑ تو اور تیری زوجہ دونوں اس جنت میں سکونت اختیار کرو پس تم دونوں کھاؤ جہاں سے چاہو لیکن اس شجرہ کے قریب نہ جانا ورنہ تم ظالموں میں سے ہو جاؤ گے۔ پھر شیطان نے ان دونوں کو وسوسہ میں ڈال دیا تاکہ ان کی شرمگاہیں جو ان سے چھپائی گئیں تھیں ان کے سامنے ظاہر کردے اور اس نے کہا تمہارے رب نے تم دونوں کو اس شجرہ سے نہیں روکا مگر یہ کہ تم دونوں کہیں ملائکہ یا ہمیشہ رہنے والوں میں سے (نہ) بن جاؤ۔ اور اس نے دونوں سے قسمیں کھائیں کہ بیشک میں تم دونوں کیلئے نصیحت کرنے والوں (خیرخواہوں) میں سے ہوں۔

سُوْرَةُ الأعرَاف

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

رَّبِّيۚ هَٰذَا بَصَآئِرُ مِن رَّبِّكُمۡ وَهُدٗى وَرَحۡمَةٞ
لِّقَوۡمٖ يُؤۡمِنُونَ (٢٠٣) وَإِذَا قُرِئَ ٱلۡقُرۡءَانُ
فَٱسۡتَمِعُواْ لَهُۥ وَأَنصِتُواْ لَعَلَّكُمۡ تُرۡحَمُونَ
(٢٠٤) وَٱذۡكُر رَّبَّكَ فِي نَفۡسِكَ تَضَرُّعٗا وَخِيفَةٗ
وَدُونَ ٱلۡجَهۡرِ مِنَ ٱلۡقَوۡلِ بِٱلۡغُدُوِّ وَٱلۡأٓصَالِ وَلَا
تَكُن مِّنَ ٱلۡغَٰفِلِينَ (٢٠٥) إِنَّ ٱلَّذِينَ عِندَ رَبِّكَ
لَا يَسۡتَكۡبِرُونَ عَنۡ عِبَادَتِهِۦ وَيُسَبِّحُونَهُۥ وَلَهُۥ
يَسۡجُدُونَ ۩ (٢٠٦)

پھر جب ان دونوں کو صالح (بچہ) دیا تو وہ اس کے شریک بنانے لگے اس چیز میں جو ان دونوں کو دی تھی، پس اللہ ان سے بہت بلند ہے جن کو وہ شریک بناتے ہیں۔ کیا وہ ان کو شریک بناتے ہیں جو کوئی شئ خلق نہیں کرتے بلکہ وہ خلق کئے جاتے ہیں۔ اور جو نہ ان کی نصرت کی استطاعت رکھتے ہیں اور نہ وہ اپنے نفسوں کی نصرت کر سکتے ہیں۔ اور اگر تم ان کو ھدایت کی طرف دعوت دو تو وہ تمہارا اتباع نہیں کریں گے؛ تمہارے لئے برابر ہے خواہ تم انہیں دعوت دو یا تم خاموش رہو۔ بیشک تم لوگ جن کو اللہ کے سوا پکارتے ہو تمہاری مثل بندے ہیں پس ان کو پکارو کہ تمہاری دعاؤں کا جواب دیں اگر تم سچے ہو۔ کیا ان کے پاؤں ہیں جن سے وہ چلتے ہیں یا ان کے ہاتھ ہیں جن سے وہ پکڑتے ہیں یا ان کی آنکھیں ہیں جن سے وہ دیکھتے ہیں یا ان کے کان ہیں جن سے وہ سنتے ہیں؛ کہہ دو بلا لو اپنے شریکوں کو پھر میرے خلاف چال چلو اور تم مجھے مہلت نہ دو۔ بیشک میرا ولی اللہ ہے جس نے کتاب نازل کی اور وہ صالحین کی محافظت کرتا ہے۔ اور تم لوگ جن کو اس کے سوا پکارتے ہو وہ تمہاری نصرت کی استطاعت نہیں رکھتے اور نہ ہی وہ اپنے نفسوں کی نصرت کر سکتے ہیں۔ اور اگر تم ان کو ھدایت کی طرف دعوت دو تو وہ نہیں سنتے؛ اور تم ان کو دیکھتے ہو کہ وہ تمہاری طرف دیکھ (نظر کر) رہے ہیں مگر وہ نہیں دیکھتے (بصارت رکھتے)۔ (اے میرے حبیبؐ) درگذر اختیار کرو اور نیکی (ولایت) کا حکم دیتے رہو اور (ولایت کے) جاہلوں سے منہ موڑ لو۔ اور اگر شیطان کی طرف سے تمہیں کوئی اکساہٹ ہو تو اللہ سے پناہ مانگو، بیشک وہ سب سننے والا سب جاننے والا ہے۔ بیشک جو لوگ تقویٰ کرتے ہیں جب ان کو شیطان سے برا خیال چمٹتا ہے تو وہ ذکر کرتے ہیں تو یکایک وہ (بصیرت سے) دیکھنے لگتے ہیں۔ اور ان کے بھائی (جن) ان کو گمراہی میں کھنچتے ہیں پھر کوئی کسر نہیں چھوڑتے۔ اور جب تم ان کے پاس کوئی آیت نہیں لاتے تو وہ (قریش) کہتے ہیں تم خود اسے منتخب کیوں نہیں کر لیتے؛ کہہ دو میں صرف اتباع کرتا ہوں جو مجھے میرے رب کی طرف سے وحی کی جاتی ہے، یہ تمہارے رب کی طرف سے بصیرت کی باتیں ہیں اور ایمان لانے والی قوم کیلئے ھدایت و رحمت ہے۔ اور جب قرآن پڑھا جائے تو اسے (یعنی صلاۃ میں امام کی قرآت) سنو اور خاموش رہو شاید کہ تم پر رحم کیا جائے۔ اور صبح و شام اپنے دل میں اپنے رب کا ذکر کرو عاجزی سے اور ڈرتے ہوئے اور اونچی آواز کی بجائے (پست آواز سے) اور غافلوں میں سے نہ ہو جاؤ۔ بیشک جو تیرے رب کے پاس ہیں وہ (معصومینؑ) اس کی عبادت سے تکبر نہیں کرتے اور وہ اسی کی تسبیح کرتے ہیں اور وہ اسی کو سجدہ کرتے ہیں۔

سورة الأنفال

Surah al-Anfaal

[The spoils of war]

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem

1. They ask you, [O Mohammad sawaw], about the spoils of war. Say, "The spoils of war is for Allah and the Rasool." So fear Allah and amend that which is between you and obey Allah and His Rasool, if you are believers.
2. The believers [i.e. As'hab e Amirul Momineen] are only those who, when Allah is mentioned, their hearts become fearful, and when His verses are recited to them, it increases them in faith; and upon their Rabb they rely –
3. The ones who establish Salaat, and from what We have provided them, they spend.
4. Those are the believers, truly. For them are degrees [of high position] with their Rabb and forgiveness and noble provision.
5. Just as when your Rabb brought you out of your home [for the battle of Badr] with the Haqq, while indeed, a party among the believers were unwilling,
6. Arguing with you concerning the truth after it had become clear, as if they were being driven toward death while they were looking on.
7. And [remember, O believers], when Allah promised you one of the two groups – that it would be yours – and you wished that the unarmed one would be yours. But Allah intended to establish the truth by His words and to cut off the root of the disbelievers [Banu Umayyads]
8. That He should establish the truth [by Qiyam e Qaim swsa] and abolish falsehood, even if the criminals disliked it.
9. [Remember] when you asked help of your Rabb, and He answered you, "Indeed, I will reinforce you with a thousand from the angels, following one another."
10. And Allah made it not but good tidings and so that your hearts would be assured thereby. And help is not but from Allah. Indeed, Allah is Exalted in Might and Wise.
11. [Remember] when He overwhelmed you with drowsiness [giving] security from Him and sent down upon you from the sky, rain by which to purify you and remove from you the uncleanness of Shaitan and to make steadfast your hearts and plant firmly thereby your feet.
12. [Remember] when your Rabb revealed to the angels, "I am with you, so strengthen those who believe. I will cast terror into the hearts of those who disbelieve, so strike [them] upon the necks and strike them on every fingertip."
13. That is because they opposed Allah and His Rasool. And whoever opposes Allah and His Rasool – indeed, Allah is severe in penalty.
14. "That is yours, so taste it." And indeed for the disbelievers is the punishment of the Fire.
15. O you who believe, when you meet those who disbelieve advancing [in battle], then do not turn to them your backs [in flight].
16. And whoever turns his back to them on such a day, unless swerving [as a strategy] for war or joining [another] company, has certainly is surrounded by anger from Allah, and his refuge is Hell – and wretched is the destination.

سُوْرَةُ الأنفَال

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیاز عام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

وہ تم سے انفال (اموالِ غنیمت) کے متعلق پوچھتے ہیں؛ کہہ دو انفال اللہ اور رسول کیلئے ہیں، پس اللہ سے ڈرو اور اپنے مابین اصلاح کر لو، اور اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرو اگر تم مؤمنین ہو۔ مؤمنین صرف وہی لوگ (اصحابِ امیرالمؤمنینؑ) ہیں کہ جب اللہ کا ذکر کیا جائے تو ان کے قلوب ڈر جاتے ہیں اور جب ان پر اس کی آیات تلاوت کی جاتی ہیں تو ان کے ایمان کو زیادہ کرتی ہیں اور وہ اپنے رب پر توکل کرتے ہیں۔ جو صلاۃ قائم کرتے ہیں اور جو ہم نے انہیں رزق دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ وہی لوگ حقیقی مؤمن ہیں؛ ان کیلئے ان کے رب کے پاس درجات ہیں اور مغفرت اور باعزت رزق ہے۔ جس طرح (جنگِ بدر کیلئے) تیرے رب نے تجھے تمہارے گھر سے حق کے ساتھ نکالا، اور بیشک مؤمنین کا ایک فریق ناپسند کر رہا تھا۔ وہ حق کے بارے میں تجھ سے جھگڑ رہے تھے اس کے واضح ہو جانے کے بعد گویا کہ وہ موت کی طرف ہانکے جا رہے ہیں جبکہ وہ دیکھ رہے ہیں۔ اور جب اللہ تم سے وعدہ کر رہا تھا کہ دونوں گروہوں میں سے ایک یقیناً تمہارے لئے ہوگا اور تم چاہتے تھے کہ غیر مسلح گروہ تمہارے لئے ہو اور اللہ چاہتا تھا کہ وہ اپنے کلمات سے حق کو حق کر دکھائے اور کافروں (بنوامیہ) کی جڑ قطع کر دے۔ تاکہ (قیامِ قائمؑ سے) حق کو حق کر دکھائے اور باطل کو باطل کر دکھائے اگرچہ مجرموں کو ناگوار ہو۔ جب تم اپنے رب سے استغاثہ کر رہے تھے تو اس نے تمہارا (استغاثہ) قبول کیا (اور کہا) بیشک میں تمہاری مدد ایک ہزار پےدرپے آنے والے ملائکہ سے کر رہا ہوں۔ اور اللہ نے اس کو بس تمہارے لئے بشارت بنا دیا اور تاکہ تمہارے قلوب اس سے مطمئن ہو جائیں، اور نصرت نہیں ہوتی سوائے اللہ کی طرف سے؛ بیشک اللہ زبردست حکمت والا ہےجب اللہ اپنی طرف سے تم پر غنودگی بطور اطمینان تاری کر رہا تھا اور تم پر آسمان سے پانی نازل کر رہا تھا تاکہ تمہیں اس سے پاک کرے اور تم سے شیطان کی نجاست دور کردے اور تاکہ تمہارے قلوب کو مربوط کردے اور اس کے ذریعے تمہارے قدموں کو جما دے۔ جب تمہارا رب ملائکہ کی طرف وحی کر رہا تھا کہ بیشک میں تمہارے ساتھ ہوں پس تم ان کو ثابت قدم رکھو جو لوگ ایمان لائے ہیں؛ جنہوں نے کفر کیا میں ان کے قلوب میں رعب ڈالوں گا پس تم گردنوں پر ضرب لگاؤ اور ان کے ہر پور پر ضرب لگاؤ۔ وہ اس لئے کہ انہوں نے اللہ اور اسکے رسولؐ کی مخالفت کی، اور جو اللہ اور اس کے رسولؐ کی مخالفت کرے تو بیشک اللہ شدید سزا دینے والا ہے۔ یہ ہے پس چکھ لو اسے اور بیشک کافروں کیلئے نار کا عذاب ہے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو جب تم لشکر کی صورت میں جنہوں نے کفر کیا ہے کا سامنا کرو تو ان سے پیٹھ نہ پھیرو۔ جس نے اس دن ان سے پیٹھ پھیری سوائے اس کے کہ کوئی لڑائی کیلئے جگہ بدلے یا (اپنی) جماعت میں شامل ہو، پس تحقیق وہ اللہ کے غضب میں گھر گیا اور اس پناہ گاہ جہنم ہے اور وہ برا ٹھکانا ہے۔

سُوْرَةُ الأنفَال

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

يَسۡـَٔلُونَكَ عَنِ ٱلۡأَنفَالِۖ قُلِ ٱلۡأَنفَالُ لِلَّهِ وَٱلرَّسُولِۖ
فَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ وَأَصۡلِحُواْ ذَاتَ بَيۡنِكُمۡۖ وَأَطِيعُواْ ٱللَّهَ
وَرَسُولَهُۥٓ إِن كُنتُم مُّؤۡمِنِينَ (١) إِنَّمَا
ٱلۡمُؤۡمِنُونَ ٱلَّذِينَ إِذَا ذُكِرَ ٱللَّهُ وَجِلَتۡ قُلُوبُهُمۡ
وَإِذَا تُلِيَتۡ عَلَيۡهِمۡ ءَايَـٰتُهُۥ زَادَتۡهُمۡ إِيمَـٰنًا وَعَلَىٰ
رَبِّهِمۡ يَتَوَكَّلُونَ (٢) ٱلَّذِينَ يُقِيمُونَ ٱلصَّلَوٰةَ
وَمِمَّا رَزَقۡنَـٰهُمۡ يُنفِقُونَ (٣) أُوْلَـٰٓئِكَ هُمُ
ٱلۡمُؤۡمِنُونَ حَقًّاۚ لَّهُمۡ دَرَجَـٰتٌ عِندَ رَبِّهِمۡ وَمَغۡفِرَةٌ
وَرِزۡقٌ كَرِيمٌ (٤) كَمَآ أَخۡرَجَكَ رَبُّكَ مِنۢ
بَيۡتِكَ بِٱلۡحَقِّ وَإِنَّ فَرِيقًا مِّنَ ٱلۡمُؤۡمِنِينَ لَكَـٰرِهُونَ
(٥) يُجَـٰدِلُونَكَ فِى ٱلۡحَقِّ بَعۡدَ مَا تَبَيَّنَ كَأَنَّمَا
يُسَاقُونَ إِلَى ٱلۡمَوۡتِ وَهُمۡ يَنظُرُونَ (٦) وَإِذۡ
يَعِدُكُمُ ٱللَّهُ إِحۡدَى ٱلطَّآئِفَتَيۡنِ أَنَّهَا لَكُمۡ وَتَوَدُّونَ
أَنَّ غَيۡرَ ذَاتِ ٱلشَّوۡكَةِ تَكُونُ لَكُمۡ وَيُرِيدُ ٱللَّهُ
أَن يُحِقَّ ٱلۡحَقَّ بِكَلِمَـٰتِهِۦ وَيَقۡطَعَ دَابِرَ ٱلۡكَـٰفِرِينَ
(٧) لِيُحِقَّ ٱلۡحَقَّ وَيُبۡطِلَ ٱلۡبَـٰطِلَ وَلَوۡ كَرِهَ
ٱلۡمُجۡرِمُونَ (٨) إِذۡ تَسۡتَغِيثُونَ رَبَّكُمۡ فَٱسۡتَجَابَ
لَكُمۡ أَنِّى مُمِدُّكُم بِأَلۡفٍ مِّنَ ٱلۡمَلَـٰٓئِكَةِ مُرۡدِفِينَ
(٩) وَمَا جَعَلَهُ ٱللَّهُ إِلَّا بُشۡرَىٰ وَلِتَطۡمَئِنَّ بِهِۦ
قُلُوبُكُمۡۚ وَمَا ٱلنَّصۡرُ إِلَّا مِنۡ عِندِ ٱللَّهِۚ إِنَّ ٱللَّهَ
عَزِيزٌ حَكِيمٌ (١٠) إِذۡ يُغَشِّيكُمُ ٱلنُّعَاسَ أَمَنَةً
مِّنۡهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيۡكُم مِّنَ ٱلسَّمَآءِ مَآءً لِّيُطَهِّرَكُم
بِهِۦ وَيُذۡهِبَ عَنكُمۡ رِجۡزَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ وَلِيَرۡبِطَ عَلَىٰ
قُلُوبِكُمۡ وَيُثَبِّتَ بِهِ ٱلۡأَقۡدَامَ (١١) إِذۡ يُوحِى
رَبُّكَ إِلَى ٱلۡمَلَـٰٓئِكَةِ أَنِّى مَعَكُمۡ فَثَبِّتُواْ ٱلَّذِينَ
ءَامَنُواْۚ سَأُلۡقِى فِى قُلُوبِ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ ٱلرُّعۡبَ
فَٱضۡرِبُواْ فَوۡقَ ٱلۡأَعۡنَاقِ وَٱضۡرِبُواْ مِنۡهُمۡ كُلَّ
بَنَانٍ (١٢) ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمۡ شَآقُّواْ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥۚ
وَمَن يُشَاقِقِ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ فَإِنَّ ٱللَّهَ شَدِيدُ
ٱلۡعِقَابِ (١٣) ذَٰلِكُمۡ فَذُوقُوهُ وَأَنَّ لِلۡكَـٰفِرِينَ
عَذَابَ ٱلنَّارِ (١٤) يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ إِذَا لَقِيتُمُ
ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ زَحۡفًا فَلَا تُوَلُّوهُمُ ٱلۡأَدۡبَارَ (١٥)
وَمَن يُوَلِّهِمۡ يَوۡمَئِذٍ دُبُرَهُۥٓ إِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ أَوۡ
مُتَحَيِّزًا إِلَىٰ فِئَةٍ فَقَدۡ بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ ٱللَّهِ
وَمَأۡوَىٰهُ جَهَنَّمُۖ وَبِئۡسَ ٱلۡمَصِيرُ (١٦)

17. And you did not kill them, but it was Allah who killed them [i.e. Allah is declaring Maola Ali's swsa fight as His fight]. And you threw not, [O Mohammad sawaw], when you threw, but it was Allah who threw [i.e. Action of Maola Mohammad sawaw is action of Allah], and that He might test the believers with a good test. Indeed, Allah is all-Hearing all-Knowing.
18. That [is so], and [also] that Allah will weaken the plot of the disbelievers.
19. If you [disbelievers] seek the decision [i.e. victory] – the decision [i.e. defeat] has come to you. And if you desist [from hostilities], it is best for you; but if you return [to war], We will return, and never will you be availed by your [large] company at all, even if it should increase; and that Allah is with the believers.
20. O you who believe, obey Allah and His Rasool and do not turn from him while you hear [his order].
21. And do not be like those who say, "We have heard," while they do not listen.
22. Indeed, the worst of walking creatures near Allah are the deaf and dumb who do not use reason.
23. Had Allah known any good in them, He would have made them hear. And if He had made them hear, they would [still] have turned away, while they were refusing.
24. O you who believe, respond to Allah and to the Rasool when he calls you to that [Wilayat e Ali swsa] which gives you life. And know that Allah intervenes between a man and his heart [to prevent Momin from disobedience] and that to Him you will be gathered.
25. And fear a trial which will not strike those who have wronged among you exclusively [i.e. injustice done to Maola Ali swsa after martyrdom of Rasool Allah sawaw], and know that Allah is severe in penalty.
26. And remember when you were few, oppressed in the land, fearing that people might abduct you, but He sheltered you, supported you with His help, and provided you with good things – that you might be grateful.
27. O you who believe, do not betray Allah and the Rasool or betray your trusts while you know [Condemnation of Abu Lababah when he gestured to the Jews of Banu Qurayza about the intention of Rasool Allah sawaw].
28. And know that your properties and your children are but a trial and that Allah has with Him a great reward.
29. O you who believe, if you fear Allah, He will grant you a criterion [of the Haqq & the Batil] and will remove from you your misdeeds and forgive you. And Allah is the possessor of great bounty.
30. And [recall, O Mohammad sawaw], when those who disbelieved plotted against you to restrain you or kill you or evict you [from Makkah]. But they plan, and Allah plans. And Allah is the best of planners. [Rasool Allah sawaw threw some dust on the people surrounding his house during the night of migration and they could not see him going out]
31. And when Our verses are recited to them, they say, "We have heard indeed. If we willed, we could say [something] like this. This is not but legends of the former peoples."
32. And [remember] when they said, "O Allah, if this [Wilayat e Ali swsa] should be the Haqq [truth] from You, then rain down upon us stones from the sky or bring us a painful punishment."
33. But Allah would not punish them while you, [O Mohammad sawaw], are among them, and Allah would not punish them while they seek forgiveness.

فَلَمْ تَقْتُلُوهُمْ وَلَٰكِنَّ ٱللَّهَ قَتَلَهُمْ ۚ وَمَا رَمَيْتَ إِذْ
رَمَيْتَ وَلَٰكِنَّ ٱللَّهَ رَمَىٰ ۚ وَلِيُبْلِيَ ٱلْمُؤْمِنِينَ مِنْهُ
بَلَآءً حَسَنًا ۚ إِنَّ ٱللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ (١٧) ذَٰلِكُمْ وَأَنَّ
ٱللَّهَ مُوهِنُ كَيْدِ ٱلْكَٰفِرِينَ (١٨) إِن تَسْتَفْتِحُوا۟
فَقَدْ جَآءَكُمُ ٱلْفَتْحُ ۖ وَإِن تَنتَهُوا۟ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۖ
وَإِن تَعُودُوا۟ نَعُدْ وَلَن تُغْنِىَ عَنكُمْ فِئَتُكُمْ شَيْـًٔا
وَلَوْ كَثُرَتْ وَأَنَّ ٱللَّهَ مَعَ ٱلْمُؤْمِنِينَ (١٩) يَٰٓأَيُّهَا
ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟ أَطِيعُوا۟ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ وَلَا تَوَلَّوْا۟
عَنْهُ وَأَنتُمْ تَسْمَعُونَ (٢٠) وَلَا تَكُونُوا۟ كَٱلَّذِينَ
قَالُوا۟ سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُونَ (٢١) ۞ إِنَّ
شَرَّ ٱلدَّوَآبِّ عِندَ ٱللَّهِ ٱلصُّمُّ ٱلْبُكْمُ ٱلَّذِينَ لَا
يَعْقِلُونَ (٢٢) وَلَوْ عَلِمَ ٱللَّهُ فِيهِمْ خَيْرًا
لَّأَسْمَعَهُمْ ۖ وَلَوْ أَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوا۟ وَّهُم مُّعْرِضُونَ
(٢٣) يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ ٱسْتَجِيبُوا۟ لِلَّهِ
وَلِلرَّسُولِ إِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيكُمْ ۖ وَٱعْلَمُوٓا۟ أَنَّ
ٱللَّهَ يَحُولُ بَيْنَ ٱلْمَرْءِ وَقَلْبِهِۦ وَأَنَّهُۥٓ إِلَيْهِ
تُحْشَرُونَ (٢٤) وَٱتَّقُوا۟ فِتْنَةً لَّا تُصِيبَنَّ ٱلَّذِينَ
ظَلَمُوا۟ مِنكُمْ خَآصَّةً ۖ وَٱعْلَمُوٓا۟ أَنَّ ٱللَّهَ شَدِيدُ
ٱلْعِقَابِ (٢٥) وَٱذْكُرُوٓا۟ إِذْ أَنتُمْ قَلِيلٌ
مُّسْتَضْعَفُونَ فِى ٱلْأَرْضِ تَخَافُونَ أَن يَتَخَطَّفَكُمُ
ٱلنَّاسُ فَـَٔاوَىٰكُمْ وَأَيَّدَكُم بِنَصْرِهِۦ وَرَزَقَكُم مِّنَ
ٱلطَّيِّبَٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ (٢٦) يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ
ءَامَنُوا۟ لَا تَخُونُوا۟ ٱللَّهَ وَٱلرَّسُولَ وَتَخُونُوٓا۟
أَمَٰنَٰتِكُمْ وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ (٢٧) وَٱعْلَمُوٓا۟ أَنَّمَآ
أَمْوَٰلُكُمْ وَأَوْلَٰدُكُمْ فِتْنَةٌ وَأَنَّ ٱللَّهَ عِندَهُۥٓ أَجْرٌ
عَظِيمٌ (٢٨) يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟ إِن تَتَّقُوا۟ ٱللَّهَ
يَجْعَل لَّكُمْ فُرْقَانًا وَيُكَفِّرْ عَنكُمْ سَيِّـَٔاتِكُمْ وَيَغْفِرْ
لَكُمْ ۗ وَٱللَّهُ ذُو ٱلْفَضْلِ ٱلْعَظِيمِ (٢٩) وَإِذْ يَمْكُرُ
بِكَ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ لِيُثْبِتُوكَ أَوْ يَقْتُلُوكَ أَوْ
يُخْرِجُوكَ ۚ وَيَمْكُرُونَ وَيَمْكُرُ ٱللَّهُ ۖ وَٱللَّهُ خَيْرُ
ٱلْمَٰكِرِينَ (٣٠) وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ ءَايَٰتُنَا قَالُوا۟
قَدْ سَمِعْنَا لَوْ نَشَآءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هَٰذَآ ۙ إِنْ هَٰذَآ إِلَّآ
أَسَٰطِيرُ ٱلْأَوَّلِينَ (٣١) وَإِذْ قَالُوا۟ ٱللَّهُمَّ إِن كَانَ
هَٰذَا هُوَ ٱلْحَقَّ مِنْ عِندِكَ فَأَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً
مِّنَ ٱلسَّمَآءِ أَوِ ٱئْتِنَا بِعَذَابٍ أَلِيمٍ (٣٢) وَمَا
كَانَ ٱللَّهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنتَ فِيهِمْ ۚ وَمَا كَانَ ٱللَّهُ
مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُونَ (٣٣)

پس تم نے ان کو قتل نہیں کیا بلکہ اللہ نے ان کو قتل کیا ہے (یعنی مولا علیؑ کا قتال اللہ کا قتال ہے)، اور تو نے نہیں پھینکی جب تو نے پھینکی بلکہ اللہ نے پھینکی (یعنی مولا محمدؐ کا عمل اللہ کو عمل ہے)، اور تاکہ وہ مؤمنین کو اس سے اچھی طرح آزما لے؛ بیشک اللہ سب سننے والا سب جاننے والا ہے۔ یہ ہے اور بیشک اللہ کافروں کی چال کمزور کرنے والا ہے۔ اگر تم فیصلہ چاہتے ہو تو تحقیق فیصلہ تمہارے پاس آ چکا ہے اور اگر تم باز آجاؤ تو وہ تمہارے لئے بہتر ہے، اور اگر تم دوبارہ (جنگ کیلئے) آؤ گے تو ہم بھی دوبارہ آئیں گے، اور تمہارا جتھا تمہارے کسی کام نہ آئے گا خواہ وہ کتنا ہی زیادہ ہو، اور بیشک اللہ مؤمنین کے ساتھ ہے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرو اور اس سے منہ نہ موڑو جبکہ تم سن رہے ہو۔ اور ان لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جنہوں نے کہا ہم نے سنا حالانکہ وہ نہیں سنتے۔ بیشک اللہ کے نزدیک بدترین چلنے والے وہ بہرے گونگے ہیں جو عقل سے کام نہیں لیتے۔ اور اگر اللہ کو معلوم ہوتا کہ ان میں (کچھ بھی) بھلائی ہے تو وہ ضرور انہیں سناتا؛ اور اگر انہیں سناتا تو وہ ضرور منہ موڑتے اور وہ ہیں ہی منہ موڑنے والے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو اللہ اور اس کے رسولؐ کی پکار پر لبیک کہو جب (رسولؐ) تمہیں اس چیز کی طرف دعوت دے جو تمہیں حیات دیتی ہے (یعنی ولایتِ علیؑ)، اور جان لو کہ اللہ آدمی اور اس کے قلب کے درمیان حائل ہے (کہ مؤمن کو نافرمانی سے روکتا ہے) اور بیشک اسی کی طرف تمہیں محشور کیا جائے گا۔ اور اس فتنے سے بچو جو محض انہی لوگوں پر نہیں آئے گا جنہوں نے تم میں سے ظلم کیا ہو (یعنی رسولؐ کی شہادت کے بعد علیؑ پر ظلم)، اور جان لو بیشک اللہ شدید سزا دینے والا ہے۔ اور یاد کرو جب تم قلیل تھے زمین میں کمزور سمجھے جاتے تھے تم ڈرتے تھے کہ لوگ تمہیں اچک لیں پھر اللہ نے تم کو پناہ دی اور اپنی نصرت سے تمہاری پشت پناہی کی اور تمہیں طیب چیزوں کا رزق دیا شاید کہ تم شکر کرو۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو تم اللہ اور رسولؐ سے خیانت نہ کرو اور تم اپنی امانتوں میں بھی خیانت نہ کرو جبکہ تم جانتے ہو (ابو لبابہ کی مذمت جب اس نے اشارے سے بنو قریظہ کے یہودیوں کو رسولؐ اللہ کا ارادہ بتا دیا)۔ اور جان لو بیشک تمہارے اموال اور تمہاری اولاد آزمائش ہیں، اور بیشک اللہ کے پاس اجر عظیم ہے۔ اے ایمان لانے والو اگر تم اللہ سے ڈرتے رہو تو وہ تمہارے لئے فرقان (حق و باطل کی کسوٹی) بنا دے گا اور وہ تمہاری برائیوں کو تم سے مٹا دے گا اور تمہیں بخش دے گا؛ اور اللہ عظیم فضل والا ہے۔ اور جب کفر کرنے والے لوگ تمہارے خلاف خفیہ تدبیریں کر رہے تھے تاکہ وہ تجھے قید کر دیں یا وہ تجھے قتل کر دیں یا وہ تجھے نکال دیں؛ اور وہ خفیہ تدبیریں کر رہے تھے اور اللہ بھی خفیہ تدبیر کر رہا تھا؛ اور اللہ خفیہ تدبیر کرنے والوں میں بہترین ہے (شب ہجرت رسولؐ اللہ نے محاصرہ کرنے والوں پر مٹی پھینکی تہ وہ کچھ نہ دیکھ سکے اور آپؐ نکل گئے)۔ اور جب ان پر ہماری آیات تلاوت کی جاتی ہیں تو کہتے ہیں ہم نے سن لیا اگر ہم چاہیں تو اس کی مثل باتیں ہم بھی کہہ سکتے ہیں، یہ کچھ نہیں سوائے پہلے لوگوں کی کہانیوں کے۔ اور جب انہوں نے کہا اے اللہ اگر واقعی یہ (ولایتِ علیؑ) حق ہے تمہاری طرف سے تو ہم پر آسمان سے پتھر برسا دے یا ہم پر درد ناک عذاب لے آ۔ اور اللہ ان کو (اس وقت تو) عذاب دینے والا نہ تھا جبکہ تو ان کے درمیان موجود تھا؛ اور نہ اللہ ان کو (اس وقت) عذاب دینے والا ہے جبکہ وہ استغفار کر رہے ہوں۔

34. But why should Allah not punish them while they obstruct [people] from al-Masjid al-Haraam and they were not [fit to be] its guardians? Its [true] guardians are not but the righteous, but most of them do not know.
35. And their prayer at the House [i.e. the Ka'bah] was not except whistling and clapping hands. So taste the punishment for what you disbelieved.
36. Indeed, those who disbelieve spend their wealth to prevent [people] from the Sabeel of Allah. So they will spend it; then it will be for them a [source of] regret; then they will be overcome. And those who have disbelieved – unto Hell they will be gathered.
37. [It is] so that Allah may distinguish the wicked from the good and place the wicked some of them upon others and heap them all together and put them into Hell. It is those who are the losers.
38. Say to those who have disbelieved [that] if they desist, what has previously occurred will be forgiven for them. But if they return [to hostility] – then the precedent of the former [rebellious] peoples has already taken place.
39. And fight them until there is no fitnah [persecution] and [until] the religion, all of it, is for Allah [at the time of Qiyam e Qaim swsa]. Then if they desist – then indeed, Allah is Seeing of what they do.
40. But if they turn away – then know that Allah is your Wali. Excellent Guardian, and excellent Helper.

وَمَا لَهُمۡ أَلَّا يُعَذِّبَهُمُ ٱللَّهُ وَهُمۡ يَصُدُّونَ عَنِ
ٱلۡمَسۡجِدِ ٱلۡحَرَامِ وَمَا كَانُوٓاْ أَوۡلِيَآءَهُۥٓۚ إِنۡ
أَوۡلِيَآؤُهُۥٓ إِلَّا ٱلۡمُتَّقُونَ وَلَٰكِنَّ أَكۡثَرَهُمۡ لَا
يَعۡلَمُونَ (٣٤) وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمۡ عِندَ ٱلۡبَيۡتِ إِلَّا
مُكَآءٗ وَتَصۡدِيَةٗۚ فَذُوقُواْ ٱلۡعَذَابَ بِمَا كُنتُمۡ
تَكۡفُرُونَ (٣٥) إِنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ يُنفِقُونَ
أَمۡوَٰلَهُمۡ لِيَصُدُّواْ عَن سَبِيلِ ٱللَّهِۚ فَسَيُنفِقُونَهَا ثُمَّ
تَكُونُ عَلَيۡهِمۡ حَسۡرَةٗ ثُمَّ يُغۡلَبُونَۗ وَٱلَّذِينَ كَفَرُوٓاْ
إِلَىٰ جَهَنَّمَ يُحۡشَرُونَ (٣٦) لِيَمِيزَ ٱللَّهُ ٱلۡخَبِيثَ
مِنَ ٱلطَّيِّبِ وَيَجۡعَلَ ٱلۡخَبِيثَ بَعۡضَهُۥ عَلَىٰ
بَعۡضٖ فَيَرۡكُمَهُۥ جَمِيعٗا فَيَجۡعَلَهُۥ فِي جَهَنَّمَۚ
أُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡخَٰسِرُونَ (٣٧) قُل لِّلَّذِينَ كَفَرُوٓاْ
إِن يَنتَهُواْ يُغۡفَرۡ لَهُم مَّا قَدۡ سَلَفَ وَإِن يَعُودُواْ
فَقَدۡ مَضَتۡ سُنَّتُ ٱلۡأَوَّلِينَ (٣٨) وَقَٰتِلُوهُمۡ حَتَّىٰ
لَا تَكُونَ فِتۡنَةٞ وَيَكُونَ ٱلدِّينُ كُلُّهُۥ لِلَّهِۚ فَإِنِ
ٱنتَهَوۡاْ فَإِنَّ ٱللَّهَ بِمَا يَعۡمَلُونَ بَصِيرٞ (٣٩) وَإِن
تَوَلَّوۡاْ فَٱعۡلَمُوٓاْ أَنَّ ٱللَّهَ مَوۡلَىٰكُمۡۚ نِعۡمَ ٱلۡمَوۡلَىٰ وَنِعۡمَ
ٱلنَّصِيرُ (٤٠)

اور انہیں کیا ہے کہ اللہ انہیں عذاب نہ دے جبکہ وہ مسجدِ حرام سے روکتے ہیں اور وہ اس کے متولی (ہونے کے لائق) نہیں ہیں؛ نہیں متولی اسکے مگر متقین لیکن ان میں اکثر نہیں جانتے۔ اور بیت اللہ کے پاس ان کی نماز نہیں سوائے سیٹیاں بجانے اور تالیاں پیٹنے کے؛ پس چکھو عذاب اس لئے کہ تم کفر کرتے رہے تھے۔ بیشک جنہوں نے کفر کیا ہے وہ اپنے اموال اللہ کی سبیل سے روکنے کیلئے خرچ کرتے ہیں؛ اور وہ اسے خرچ کرتے رہیں گے پھر وہ ان پر حسرت (پچھتاوا) بن جائے گا پھر وہ مغلوب ہو جائیں گے؛ اور جنہوں نے کفر کیا جہنم کی طرف محشور کئے جائیں گے۔ تاکہ اللہ خبیث کو طیب سے الگ کر دے اور خبیثوں کو ایک دوسرے پر رکھے اور سب کو اکٹھا جمع کرکے ان کو جہنم میں ڈال دے؛ وہی لوگ خسارہ پانے والے ہیں۔ کفر کرنے والوں سے کہہ دو اگر وہ باز آ جائیں توجو کچھ پہلے گذر چکا ہے ان کو معاف کر دیا جائے گا، اور اگر وہ دوبارہ کریں گے تو تحقیق پہلے لوگوں کی سنت (عادت) گذر چکی ہے۔ اور ان سے لڑو حتیٰ کہ فتنہ باقی نہ رہے اور دین کل کا کل اللہ کا ہو جائے (یعنی قیامِ قائمؑ کے وقت)، پس اگر وہ باز آ جائیں تو بیشک جو کچھ وہ کرتے ہیں اللہ دیکھ رہا ہے۔ اور اگر وہ منہ موڑ لیں تو جان لو بیشک اللہ تمہارا مولا ہے؛ بہترین مولا اور بہترین مدد گار۔

41. And know that whatever thing you obtain of war booty – then indeed, for Allah is one fifth of it and for the Rasool and for [his] near relatives and the orphans, the needy, and the [stranded] traveler, if you have believed in Allah and in that which We sent down to Our Abd on the day of criterion [i.e. decisive encounter] – the day when the two armies met [at Badr]. And Allah, over all things, is competent.
42. [Remember] when you were on the near side of the valley [of Badr], and they were on the farther side, and the caravan [of Abu Sufyan and company] was lower [in position] than you. If you had made an appointment [to meet], you would have missed the appointment. But [it was] so that Allah might accomplish a matter already destined – that those who perished would perish upon evidence and those who lived [in faith] would live upon evidence; and indeed, Allah is all-Hearing all-Knowing.
43. [Remember], when Allah showed them to you in your dream as few; and if He had shown them to you as many, you [believers] would have lost courage and would have disputed in the matter [of whether to fight], but Allah saved [you from that]. Indeed, He is Knowing of that within the chests.
44. And [remember] when He showed them to you, when you met, as few in your eyes, and He made you [appear] as few in their eyes so that Allah might accomplish a matter already destined. And to Allah are [all] matters returned.
45. O you who believe, when you encounter a company [from the enemy forces], stand firm and do Zikr of Allah much that you may be successful.
46. And obey Allah and His Rasool, and do not dispute and [thus] lose courage and [then] your strength would depart; and be patient. Indeed, Allah is with the patient ones.
47. And do not be like those who came forth from their homes boastfully and to be seen by people and prohibiting from the way of Allah. And Allah is encompassing of what they do.
48. And [remember] when Shaitan made their deeds adoring to them and said, "No one can overcome you today from among the people, and indeed, I am your protector." But when the two armies sighted each other, he turned on his heels and said, "Indeed, I am disassociated from you. Indeed, I see what you do not see; indeed, I fear Allah. And Allah is severe in penalty."
49. [Remember] when the hypocrites and those in whose hearts was disease said, "Their religion has deluded these [Muslims]." But whoever relies upon Allah – then indeed, Allah is Exalted in Might and Wise.
50. And if you could see when the angels take the souls of those who disbelieved…They are striking their faces and their backs and [saying], "Taste the punishment of the Burning Fire.
51. That is for what your hands have sent forth [of evil] and that Allah is not ever unjust to His servants."
52. Like the custom of the people of Fir'aoun and of those before them. They disbelieved in the signs of Allah, so Allah seized them for their sins. Indeed, Allah is Powerful and severe in penalty.
53. That is because Allah would not change a favour which He had bestowed upon a people until they change what is within themselves. And indeed, Allah is All-Hearing all-Knowing.

۞ وَٱعۡلَمُوٓاْ أَنَّمَا غَنِمۡتُم مِّن شَيۡءٖ فَأَنَّ لِلَّهِ
خُمُسَهُۥ وَلِلرَّسُولِ وَلِذِي ٱلۡقُرۡبَىٰ وَٱلۡيَتَٰمَىٰ
وَٱلۡمَسَٰكِينِ وَٱبۡنِ ٱلسَّبِيلِ إِن كُنتُمۡ ءَامَنتُم بِٱللَّهِ
وَمَآ أَنزَلۡنَا عَلَىٰ عَبۡدِنَا يَوۡمَ ٱلۡفُرۡقَانِ يَوۡمَ ٱلۡتَقَى
ٱلۡجَمۡعَانِۗ وَٱللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ قَدِيرٌ (٤١) إِذۡ
أَنتُم بِٱلۡعُدۡوَةِ ٱلدُّنۡيَا وَهُم بِٱلۡعُدۡوَةِ ٱلۡقُصۡوَىٰ
وَٱلرَّكۡبُ أَسۡفَلَ مِنكُمۡۚ وَلَوۡ تَوَاعَدتُّمۡ لَٱخۡتَلَفۡتُمۡ
فِي ٱلۡمِيعَٰدِۙ وَلَٰكِن لِّيَقۡضِيَ ٱللَّهُ أَمۡرٗا كَانَ
مَفۡعُولٗا لِّيَهۡلِكَ مَنۡ هَلَكَ عَنۢ بَيِّنَةٖ وَيَحۡيَىٰ مَنۡ
حَيَّ عَنۢ بَيِّنَةٖۗ وَإِنَّ ٱللَّهَ لَسَمِيعٌ عَلِيمٌ (٤٢) إِذۡ
يُرِيكَهُمُ ٱللَّهُ فِي مَنَامِكَ قَلِيلٗاۖ وَلَوۡ أَرَىٰكَهُمۡ
كَثِيرٗا لَّفَشِلۡتُمۡ وَلَتَنَٰزَعۡتُمۡ فِي ٱلۡأَمۡرِ وَلَٰكِنَّ
ٱللَّهَ سَلَّمَۗ إِنَّهُۥ عَلِيمُۢ بِذَاتِ ٱلصُّدُورِ (٤٣) وَإِذۡ
يُرِيكُمُوهُمۡ إِذِ ٱلۡتَقَيۡتُمۡ فِيٓ أَعۡيُنِكُمۡ قَلِيلٗا وَيُقَلِّلُكُمۡ
فِيٓ أَعۡيُنِهِمۡ لِيَقۡضِيَ ٱللَّهُ أَمۡرٗا كَانَ مَفۡعُولٗاۗ
وَإِلَى ٱللَّهِ تُرۡجَعُ ٱلۡأُمُورُ (٤٤) يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ
ءَامَنُوٓاْ إِذَا لَقِيتُمۡ فِئَةٗ فَٱثۡبُتُواْ وَٱذۡكُرُواْ ٱللَّهَ
كَثِيرٗا لَّعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُونَ (٤٥) وَأَطِيعُواْ ٱللَّهَ
وَرَسُولَهُۥ وَلَا تَنَٰزَعُواْ فَتَفۡشَلُواْ وَتَذۡهَبَ
رِيحُكُمۡۖ وَٱصۡبِرُوٓاْۚ إِنَّ ٱللَّهَ مَعَ ٱلصَّٰبِرِينَ (٤٦)
وَلَا تَكُونُواْ كَٱلَّذِينَ خَرَجُواْ مِن دِيَٰرِهِم بَطَرٗا
وَرِئَآءَ ٱلنَّاسِ وَيَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ ٱللَّهِۚ وَٱللَّهُ بِمَا
يَعۡمَلُونَ مُحِيطٞ (٤٧) وَإِذۡ زَيَّنَ لَهُمُ ٱلشَّيۡطَٰنُ
أَعۡمَٰلَهُمۡ وَقَالَ لَا غَالِبَ لَكُمُ ٱلۡيَوۡمَ مِنَ ٱلنَّاسِ
وَإِنِّي جَارٞ لَّكُمۡۖ فَلَمَّا تَرَآءَتِ ٱلۡفِئَتَانِ نَكَصَ
عَلَىٰ عَقِبَيۡهِ وَقَالَ إِنِّي بَرِيٓءٞ مِّنكُمۡ إِنِّيٓ أَرَىٰ
مَا لَا تَرَوۡنَ إِنِّيٓ أَخَافُ ٱللَّهَۚ وَٱللَّهُ شَدِيدُ ٱلۡعِقَابِ
(٤٨) إِذۡ يَقُولُ ٱلۡمُنَٰفِقُونَ وَٱلَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم
مَّرَضٌ غَرَّ هَٰٓؤُلَآءِ دِينُهُمۡۗ وَمَن يَتَوَكَّلۡ عَلَى
ٱللَّهِ فَإِنَّ ٱللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٞ (٤٩) وَلَوۡ تَرَىٰٓ إِذۡ
يَتَوَفَّى ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ ٱلۡمَلَٰٓئِكَةُ يَضۡرِبُونَ
وُجُوهَهُمۡ وَأَدۡبَٰرَهُمۡ وَذُوقُواْ عَذَابَ ٱلۡحَرِيقِ
(٥٠) ذَٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتۡ أَيۡدِيكُمۡ وَأَنَّ ٱللَّهَ لَيۡسَ
بِظَلَّٰمٖ لِّلۡعَبِيدِ (٥١) كَدَأۡبِ ءَالِ فِرۡعَوۡنَ وَٱلَّذِينَ
مِن قَبۡلِهِمۡۚ كَفَرُواْ بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ فَأَخَذَهُمُ ٱللَّهُ
بِذُنُوبِهِمۡۗ إِنَّ ٱللَّهَ قَوِيّٞ شَدِيدُ ٱلۡعِقَابِ (٥٢) ذَٰلِكَ
بِأَنَّ ٱللَّهَ لَمۡ يَكُ مُغَيِّرٗا نِّعۡمَةً أَنۡعَمَهَا عَلَىٰ قَوۡمٍ
حَتَّىٰ يُغَيِّرُواْ مَا بِأَنفُسِهِمۡ وَأَنَّ ٱللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٞ
(٥٣)

اور جان لو کہ جو کچھ تم نے مالِ غنیمت حاصل کیا ہے تو بیشک اس کا پانچواں حصہ اللہ کیلئے اور رسولؐ کیلئے اور قریبی رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافر کیلئے ہے، اگر تم ایمان لائے ہو اللہ پر اور جو ہم نے فیصلے کے دن اپنے عبد پر نازل کیا ہے جس دن دونوں گروہوں کا سامنا ہوا؛ اور اللہ ہر شئ پر قادر ہے۔ جب تم (وادی بدر کے) قریبی کنارے پر تھے اور وہ دور کے کنارے پر اور سواروں کا قافلہ تم سے نیچے تھا (ابو سفیان اور اس کے ساتھی)؛ اور تم نے (کہیں پہلے) وعدہ کیا ہوتا تو تم ضرور قرارداد کی وعدہ خلافی کر جاتے، لیکن (یہ اسلئے ہوا) تاکہ اللہ امر کا فیصلہ کر دے جو ہو کر رہنے والا تھا، تاکہ جسے ہلاک ہونا ہے وہ دلیل کے ساتھ ہلاک ہو اور جسے زندہ رہنا ہے دلیل کے ساتھ زندہ رہے؛ اور بیشک اللہ سب سننے والا سب جاننے والا ہے۔ جب اللہ ان کو تمہارے خواب میں قلیل دکھا رہا تھا؛ اور اگر وہ تمہیں ان کی کثرت دکھا دیتا تو یقیناً تم ہمت ہار جاتے اور ضرور تم (لڑائی کے) امر میں تنازع کرتے لیکن اللہ نے (تمہیں) سلامت رکھا؛ بیشک جو سینوں میں ہے وہ سب جانتا ہے۔ اور جب تمہارا سامنا ہوا تو اللہ نے ان کو تمہاری آنکھوں میں قلیل دکھایا اور تمہیں ان کی آنکھوں میں قلیل کرکے دکھایا تاکہ اللہ امر کا فیصلہ کر دے جو ہو کر رہنے والا تھا؛ اور اللہ کی طرف تمام امور رجوع ہوتے ہیں۔ اے ایمان والو جب کسی گروہ سے تمہارا سامنا ہو تو ثابت قدم رہو اور اللہ کا ذکر کثرت سے کرو شاید کہ تم فلاح پاؤ۔ اور اطاعت کرو اللہ کی اور اس کے رسولؐ کی اور آپس میں تنازع نہ کرو ورنہ تم ہمت ہار جاؤگے اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی اور صبر کرو؛ بیشک اللہ صابرین کے ساتھ ہے۔ اور ان لوگوں کی مانند نہ ہو جاؤ جو اپنے گھروں سے اِتراتے ہوئے اور لوگوں کو (اپنی شان و شوکت) دکھاتے ہوئے نکلے اور وہ اللہ کی سبیل سے (دوسروں کو) روکتے ہیں؛ اور جو وہ کر رہے ہیں اللہ اسکا احاطہ کئے ہوئے ہے۔ اور جب شیطان نے ان کیلئے انکے اعمال خوشنما بنا دیئے اور کہا کہ آج لوگوں میں سے کوئی تم پر غالب آنے والا نہیں اور میں تمہارا پشت پناہ ہوں، لیکن جب دونوں گروہوں نے ایک دوسرے کو دیکھا تو وہ الٹے پاؤں پھر گیا اور کہا میں تم سے لاتعلق ہوں بیشک میں وہ کچھ دیکھ رہا ہوں جو تم نہیں دیکھ رہے ہو میں واقعی اللہ سے خوف کھاتا ہوں؛ اور اللہ شدید سزا دینے والا ہے۔ جب منافقین اور وہ لوگ جن کے قلوب میں مرض ہے کہہ رہے تھے کہ ان لوگوں کو ان کے دین نے دھوکا دیا ہے؛ اور جو اللہ پر توکل کرے تو اللہ زبردست حکمت والا ہے۔ اور کاش تم دیکھ سکتے کہ جب ملائکہ ان لوگوں کو وفات دیتے ہیں جنہوں نے کفر کیا ہے وہ ان کے چہروں اور ان کی پیٹھوں پر ضربیں لگاتے ہیں، اور (کہتے ہیں) چکھو عذاب جلانے والی آگ کا۔ یہ (ان اعمال کی) وجہ سے ہے جو تم نے آگے بھیجے ہیں اور بیشک اللہ بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے۔ آلِ فرعون اور ان سے پہلے لوگوں کے رویہ کی طرح؛ انہوں نے اللہ کی آیات سے کفر کیا تو اللہ نے ان کو ان کے گناہوں کی وجہ سے پکڑ لیا؛ بیشک اللہ قوت والا شدید سزا دینے والا ہے۔ یہ اس لئے کہ اللہ کسی نعمت کو بدلنے والا نہیں جو اس نے کسی قوم پر انعام کی ہو حتیٰ کہ وہ اس کو بدل دیں جو ان کے دلوں میں ہے اور بیشک اللہ سب سننے والا سب جاننے والا ہے۔

54. Like the custom of the people of Fir'aoun and of those before them. They belied the signs of their Rabb, so We destroyed them for their sins, and We drowned the people of Fir'aoun. And all [of them] were wrongdoers.
55. Indeed, the worst of walking creatures near Allah are those [Banu Umayyads] who have disbelieved, and they would never believe –
56. The ones with whom you made a treaty but then they break their agreement every time, and they do not fear Allah.
57. So if you, [O Mohammad sawaw], gain dominance over them in war, disperse by [means of] them those behind them that perhaps they will take heed.
58. If you [have reason to] fear from a people betrayal, throw [their treaty] back to them, on equal terms. Indeed, Allah does not like traitors [to Maola Ali swsa].
59. And let not those who disbelieve think they will excel. Indeed, they will not subdue [Allah].
60. And prepare against them whatever you are able to afford of [defence] power and of steeds of war [ready horses] by which you may terrify the enemy of Allah and your enemy and others [enemies] besides them whom you do not know [but] whom Allah knows. And whatever you spend in the cause of Allah will be fully repaid to you, and you will not be wronged.
61. And if they [enemies] incline to peace, then incline to it [also] and rely upon Allah. Indeed, it is He who is all-Hearing, all-Knowing.
62. But if they intend to deceive you – then sufficient for you is Allah. It is He who supported you with His help [i.e. Maola Ali swsa] and with the believers [i.e. Maola Ali swsa]
63. And brought together their hearts. If you had spent all that is in the earth, you could not have brought their hearts together; but Allah brought them together. Indeed, He is Exalted in Might and Wise.
64. O Nabi [sawaw], sufficient for you is Allah and for whoever [i.e. Maola Ali swsa] follows you of the believers.
65. O Nabi [sawaw], urge the believers to battle. If there are among you twenty [who are] steadfast, they will overcome two hundred. And if there are among you one hundred [who are steadfast], they will overcome a thousand of those who disbelieve because they are a people who do not understand.
66. Now, Allah has lightened [the hardship] for you, and He knows that among you is weakness. So if there are from you one hundred [who are] steadfast, they will overcome two hundred. And if there are among you a thousand, they will overcome two thousand by permission of Allah. And Allah is with the steadfast.
67. It is not for a prophet to have captives [of war] until he has battled until victory in the land. You [i.e. some Muslims] desire the goods of this world, but Allah desires [for you] the Hereafter. And Allah is Exalted in Might and Wise.
68. If not for a decree from Allah that preceded, you would have been touched for what you took by a great punishment.
69. So consume what you have taken of war booty [as being] Halaal and good, and fear Allah. Indeed, Allah is Forgiving Merciful.
70. O Nabi [sawaw], say to whoever is in your hands of the captives, “If Allah knows [any] good in your hearts, He will give you better than what was taken from you, and He will forgive you; and Allah is Forgiving Merciful.”

كَدَأۡبِ ءَالِ فِرۡعَوۡنَ وَٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡۚ كَذَّبُواْ
بِـَٔايَٰتِ رَبِّهِمۡ فَأَهۡلَكۡنَٰهُم بِذُنُوبِهِمۡ وَأَغۡرَقۡنَآ ءَالَ
فِرۡعَوۡنَۚ وَكُلٌّ كَانُواْ ظَٰلِمِينَ (٥٤) إِنَّ شَرَّ
ٱلدَّوَآبِّ عِندَ ٱللَّهِ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ فَهُمۡ لَا يُؤۡمِنُونَ
(٥٥) ٱلَّذِينَ عَٰهَدتَّ مِنۡهُمۡ ثُمَّ يَنقُضُونَ عَهۡدَهُمۡ
فِي كُلِّ مَرَّةٖ وَهُمۡ لَا يَتَّقُونَ (٥٦) فَإِمَّا تَثۡقَفَنَّهُمۡ
فِي ٱلۡحَرۡبِ فَشَرِّدۡ بِهِم مَّنۡ خَلۡفَهُمۡ لَعَلَّهُمۡ
يَذَّكَّرُونَ (٥٧) وَإِمَّا تَخَافَنَّ مِن قَوۡمٍ خِيَانَةٗ
فَٱنۢبِذۡ إِلَيۡهِمۡ عَلَىٰ سَوَآءٍۚ إِنَّ ٱللَّهَ لَا يُحِبُّ ٱلۡخَآئِنِينَ
(٥٨) وَلَا يَحۡسَبَنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ سَبَقُوٓاْۚ إِنَّهُمۡ لَا
يُعۡجِزُونَ (٥٩) وَأَعِدُّواْ لَهُم مَّا ٱسۡتَطَعۡتُم مِّن
قُوَّةٖ وَمِن رِّبَاطِ ٱلۡخَيۡلِ تُرۡهِبُونَ بِهِۦ عَدُوَّ ٱللَّهِ
وَعَدُوَّكُمۡ وَءَاخَرِينَ مِن دُونِهِمۡ لَا تَعۡلَمُونَهُمُ
ٱللَّهُ يَعۡلَمُهُمۡۚ وَمَا تُنفِقُواْ مِن شَيۡءٖ فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ
يُوَفَّ إِلَيۡكُمۡ وَأَنتُمۡ لَا تُظۡلَمُونَ (٦٠) ۞ وَإِن
جَنَحُواْ لِلسَّلۡمِ فَٱجۡنَحۡ لَهَا وَتَوَكَّلۡ عَلَى ٱللَّهِۚ إِنَّهُۥ
هُوَ ٱلسَّمِيعُ ٱلۡعَلِيمُ (٦١) وَإِن يُرِيدُوٓاْ أَن
يَخۡدَعُوكَ فَإِنَّ حَسۡبَكَ ٱللَّهُۚ هُوَ ٱلَّذِيٓ أَيَّدَكَ
بِنَصۡرِهِۦ وَبِٱلۡمُؤۡمِنِينَ (٦٢) وَأَلَّفَ بَيۡنَ قُلُوبِهِمۡۚ
لَوۡ أَنفَقۡتَ مَا فِي ٱلۡأَرۡضِ جَمِيعٗا مَّآ أَلَّفۡتَ بَيۡنَ
قُلُوبِهِمۡ وَلَٰكِنَّ ٱللَّهَ أَلَّفَ بَيۡنَهُمۡۚ إِنَّهُۥ عَزِيزٌ
حَكِيمٞ (٦٣) يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِيُّ حَسۡبُكَ ٱللَّهُ وَمَنِ
ٱتَّبَعَكَ مِنَ ٱلۡمُؤۡمِنِينَ (٦٤) يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِيُّ حَرِّضِ
ٱلۡمُؤۡمِنِينَ عَلَى ٱلۡقِتَالِۚ إِن يَكُن مِّنكُمۡ عِشۡرُونَ
صَٰبِرُونَ يَغۡلِبُواْ مِاْئَتَيۡنِۚ وَإِن يَكُن مِّنكُم مِّاْئَةٞ
يَغۡلِبُوٓاْ أَلۡفٗا مِّنَ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ بِأَنَّهُمۡ قَوۡمٞ لَّا
يَفۡقَهُونَ (٦٥) ٱلۡـَٰٔنَ خَفَّفَ ٱللَّهُ عَنكُمۡ وَعَلِمَ أَنَّ
فِيكُمۡ ضَعۡفٗاۚ فَإِن يَكُن مِّنكُم مِّاْئَةٞ صَابِرَةٞ
يَغۡلِبُواْ مِاْئَتَيۡنِۚ وَإِن يَكُن مِّنكُمۡ أَلۡفٞ يَغۡلِبُوٓاْ أَلۡفَيۡنِ
بِإِذۡنِ ٱللَّهِۗ وَٱللَّهُ مَعَ ٱلصَّٰبِرِينَ (٦٦) مَا كَانَ
لِنَبِيٍّ أَن يَكُونَ لَهُۥٓ أَسۡرَىٰ حَتَّىٰ يُثۡخِنَ فِي
ٱلۡأَرۡضِۚ تُرِيدُونَ عَرَضَ ٱلدُّنۡيَا وَٱللَّهُ يُرِيدُ
ٱلۡأٓخِرَةَۗ وَٱللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٞ (٦٧) لَّوۡلَا كِتَٰبٞ مِّنَ
ٱللَّهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمۡ فِيمَآ أَخَذۡتُمۡ عَذَابٌ عَظِيمٞ
(٦٨) فَكُلُواْ مِمَّا غَنِمۡتُمۡ حَلَٰلٗا طَيِّبٗاۚ وَٱتَّقُواْ ٱللَّهَۚ
إِنَّ ٱللَّهَ غَفُورٞ رَّحِيمٞ (٦٩) يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِيُّ قُل لِّمَن
فِيٓ أَيۡدِيكُم مِّنَ ٱلۡأَسۡرَىٰٓ إِن يَعۡلَمِ ٱللَّهُ فِي قُلُوبِكُمۡ
خَيۡرٗا يُؤۡتِكُمۡ خَيۡرٗا مِّمَّآ أُخِذَ مِنكُمۡ وَيَغۡفِرۡ لَكُمۡۚ
وَٱللَّهُ غَفُورٞ رَّحِيمٞ (٧٠)

آلِ فرعون اور ان سے پہلے لوگوں کے رویہ کی طرح؛ انہوں نے اپنے رب کی آیات کی تکذیب کی تو ہم نے ان کو ان کے گناہوں کی وجہ سے ہلاک کر دیا اور ہم نے آلِ فرعون کو غرق کر دیا اور وہ سب ظالم لوگ تھے۔ بیشک اللہ کے نزدیک بدترین چلنے والے وہ لوگ (بنو امیہ) ہیں جنہوں نے کفر کیا ہے اور وہ ایمان نہیں لاتے۔ جن سے تم نے عہد لیا پھر وہ اپنا عہد ہر بار توڑ دیتے ہیں اور وہ نہیں ڈرتے۔ پس اگر تم ان کو جنگ میں پاؤ تو (ان کی ایسی خبر لو کہ) جو ان کے پیچھے ہیں ان کو تِتربِتر کردو شاید کہ وہ سبق لیں۔ اور اگر تمہیں کسی قوم سے خیانت کا اندیشہ ہو تو اس (معاہدے) کو برابری کے ساتھ ان کی طرف پھینک دو؛ بیشک اللہ (مولا علیؑ سے) خیانت کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ اور جنہوں نے کفر کیا وہ گمان نہ کریں کہ وہ سبقت لے جائیں گے بیشک وہ (ہمیں) عاجز نہیں کر سکتے۔ اور تم جو استطاعت رکھتے ہو قوت (دفاع) اور تیار بندھے گھوڑے ان کے خلاف مہیا رکھو، اس سے اللہ کے دشمنوں اور اپنے دشمنوں اور ان کے علاوہ دوسروں (دشمنوں) کو خوفزدہ رکھو جنہیں تم نہیں جانتے مگر اللہ ان کو جانتا ہے؛ اور جو کچھ تم اللہ کی سبیل میں خرچ کرو گے تمہیں پورا (اجر) دیا جائے گا اور تم پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ اور اگر وہ (دشمن) صلح و سلامتی کیلئے آمادہ ہوں تو تم بھی اس کی طرف آمادہ ہو جاؤ اور اللہ پر توکل کرو؛ بیشک وہ سب سننے والا سب جاننے والا ہے۔ اور اگر وہ تمہیں دھوکا دینے کا ارادہ کریں تو یقیناً اللہ تمہارے لئے کافی ہے؛ وہ وہی ہے جس نے اپنی نصرت (مولا علیؑ) کے ساتھ اور مؤمنین (مولا علیؑ) کے ذریعے تمہاری تائید کی۔ اوران کے قلوب کو جوڑ دیا؛ اگر تم زمین میں جو کچھ ہے سب خرچ کر دیتے تو ان کے قلوب کو باہم نہ جوڑ سکتے لیکن اللہ نے ان کو آپس میں جوڑا ہے؛ بیشک وہ زبردست حکمت والا ہے۔ اے نبیؐ تمہارے لئے اللہ کافی ہے اور مؤمنین میں سے جو تیرا اتباع کرتے ہیں (یعنی مولا علیؑ)۔ اے نبیؐ مؤمنین کو جنگ پر ابھارو؛ اگر تم میں سے بیس آدمی صابر ہوں تو وہ دو سو پر غالب آئیں گے، اور اگر تم میں سے سو آدمی ہوں تو وہ کفر کرنے والوں میں سے ہزار آدمیوں پر غالب رہیں گے کیونکہ وہ سمجھ نہ رکھنے والی قوم ہے۔ اب اللہ نے تم پر سے تخفیف کی ہے اور جان لیا ہے کہ تم میں کچھ ضعف ہے؛ پس اگر تم میں سے سو آدمی صابر ہوں تو وہ دو سو پر غالب آئیں گے، اور اگر تم میں سے ہزار ہوں تو وہ اللہ کے اذن سے دو ہزار پر غالب آئیں گے؛ اور اللہ صابرین کے ساتھ ہے۔ کسی نبیؐ کیلئے (زیبا) نہیں کہ اس کے پاس قیدی ہوں حتیٰ کہ وہ زمین میں (دشمنوں کو) کچل دے؛ تم لوگ دنیا کا سروسامان چاہتے ہو، اور اللہ آخرت کا ارادہ رکھتا ہے؛ اور اللہ زبردست حکمت والا ہے۔ اگر اللہ کا نوشتہ پہلے سے نہ ہوتا تو جو کچھ تم لوگوں نے لیا ہے اس کی وجہ سے ضرور تم کو عذابِ عظیم چمٹ جاتا۔ پس جو مالِ غنیمت تم نے حاصل کیا ہے اس میں سے کھاؤ حلال طیب، اور اللہ سے ڈرو؛ بیشک اللہ غفور و رحیم ہے۔ اے نبیؐ تم لوگوں کے ہاتھوں میں جو قیدی ہیں ان سے کہو اگر اللہ کو معلوم ہوگا کہ تمہارے قلوب میں خیر ہے تو وہ تمہیں اس سے بہتر دے گا جو تم سے لیا گیا ہے اور وہ تمہیں بخش دے گا؛ اور اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔

71. But if they intend to betray you – then they have already betrayed Allah before, and He empowered [you] over them. And Allah is Knowing and Wise.
72. Indeed, those who believe and emigrated and fought with their wealth and lives in the Sabeel of Allah and those who gave shelter [to emigrants] and aided – they are allies of one another. But those who believed and did not emigrate – for you there is no protection of them until they emigrate. And if they seek help of you for the religion, then you must help, except against a people between yourselves and whom is a treaty. And Allah is Seeing of what you do.
73. And those who disbelieved are allies of one another. If you do not do so [i.e. ally yourselves with other believers], there will be Fitnah [persecution] on earth and great corruption.
74. But those who believe and emigrated and fought in the cause of Allah and those who gave shelter and aided – it is they who are the believers, truly. For them is forgiveness and noble provision.
75. And those who believed later and emigrated and fought with you – they are of you. But those of [blood] relationship are more entitled [to inheritance] in the decree of Allah [i.e. Maola Ali swsa has the right of Wilayat e Elahia after Rasool Allah sawaw]. Indeed, Allah is Knowing of all things.

وَإِن يُرِيدُواْ خِيَانَتَكَ فَقَدۡ خَانُواْ ٱللَّهَ مِن قَبۡلُ
فَأَمۡكَنَ مِنۡهُمۡۗ وَٱللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ (٧١) إِنَّ ٱلَّذِينَ
ءَامَنُواْ وَهَاجَرُواْ وَجَٰهَدُواْ بِأَمۡوَٰلِهِمۡ وَأَنفُسِهِمۡ
فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ وَٱلَّذِينَ ءَاوَواْ وَّنَصَرُوٓاْ أُوْلَٰٓئِكَ
بَعۡضُهُمۡ أَوۡلِيَآءُ بَعۡضٖۚ وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَلَمۡ
يُهَاجِرُواْ مَا لَكُم مِّن وَلَٰيَتِهِم مِّن شَيۡءٍ حَتَّىٰ
يُهَاجِرُواْۚ وَإِنِ ٱسۡتَنصَرُوكُمۡ فِي ٱلدِّينِ فَعَلَيۡكُمُ
ٱلنَّصۡرُ إِلَّا عَلَىٰ قَوۡمِۭ بَيۡنَكُمۡ وَبَيۡنَهُم مِّيثَٰقٞۗ وَٱللَّهُ
بِمَا تَعۡمَلُونَ بَصِيرٞ (٧٢) وَٱلَّذِينَ كَفَرُواْ
بَعۡضُهُمۡ أَوۡلِيَآءُ بَعۡضٍۚ إِلَّا تَفۡعَلُوهُ تَكُن فِتۡنَةٞ فِي
ٱلۡأَرۡضِ وَفَسَادٞ كَبِيرٞ (٧٣) وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ
وَهَاجَرُواْ وَجَٰهَدُواْ فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ وَٱلَّذِينَ ءَاوَواْ
وَّنَصَرُوٓاْ أُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡمُؤۡمِنُونَ حَقّٗاۚ لَّهُم مَّغۡفِرَةٞ
وَرِزۡقٞ كَرِيمٞ (٧٤) وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنۢ بَعۡدُ
وَهَاجَرُواْ وَجَٰهَدُواْ مَعَكُمۡ فَأُوْلَٰٓئِكَ مِنكُمۡۚ وَأُوْلُواْ
ٱلۡأَرۡحَامِ بَعۡضُهُمۡ أَوۡلَىٰ بِبَعۡضٖ فِي كِتَٰبِ ٱللَّهِۗ إِنَّ
ٱللَّهَ بِكُلِّ شَيۡءٍ عَلِيمُۢ (٧٥)

اور اگر وہ تم سے خیانت کا ارادہ رکھتے ہیں تو تحقیق اس سے قبل وہ اللہ سے بھی خیانت کر چکے ہیں پس اس نے تمہیں ان پر قابو دے دیا ہے؛ اور اللہ سب جاننے والا حکمت والا ہے۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی اور اللہ کی سبیل میں اپنے اموال اور اپنے نفسوں سے جہاد کیا اور جنہوں نے (مہاجروں کو) پناہ دی اور نصرت کی وہی ایک دوسرے کے ولی ہیں؛ اور جو ایمان تو لائے مگر انہوں نے ہجرت نہیں کی تمہارا ان کی ولایت (وحکومت) میں کوئی حصہ نہیں حتیٰ کہ وہ ہجرت کریں، اور اگر وہ دین کے معاملے میں تم سے نصرت مانگیں تو تم پر ان کی نصرت فرض ہے سوائے اس قوم کے خلاف کہ تمہارے اور ان کے درمیان میثاق ہو؛ اور اللہ دیکھ رہا ہے جو کچھ تم کر رہے ہو۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا ہے وہ ایک دوسرے کے ولی ہیں؛ اگر تم یہ نہ کرو گے تو زمین میں فتنہ اور بڑا فساد ہو گا۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی اور اللہ کی سبیل میں جہاد کیا اور جنہوں نے ان کو پناہ دی اور ان کی نصرت کی وہی حقیقی مؤمنین ہیں؛ ان کیلئے بخشش اور باعزت رزق ہے۔ اور جو لوگ بعد میں ایمان لائے اور ہجرت کی اور تمہارے ساتھ (مل کر) جہاد کیا تو وہ بھی تم میں سے ہیں؛ مگر اللہ کی کتاب میں خونی رشتہ دار ایک دوسرے کے زیادہ حقدار ہیں (یعنی رسولؐ اللہ کے بعد مولا علیؑ ولایتِ الہیہ کے حقدار ہیں)؛ بیشک اللہ ہر شئ کو خوب جانتا ہے۔

Surah Bara'at / at-Tawbah
[Immunity / Repentance]

1. [Mo'azzin & Azan of Allah Maola Ali swsa proclaimed by reciting these verses in Makkah on 10 Zil Hijjah 9 Hijri] [This is a declaration of] disassociation, from Allah and His Rasool, to those with whom you had made a treaty among the polytheists.
2. So travel freely, [O disbelievers], throughout the land [during] four months but know that you cannot subdue Allah and that Allah will disgrace the disbelievers.
3. And [it is] an announcement from Allah and His Rasool to the people on the day of the greater Hajj that Allah is disassociated [immune] from the polytheists, and [so is] His Rasool. So if you repent, that is best for you; but if you turn away – then know that you will not subdue Allah. And give tidings to those who disbelieve of a painful punishment.
4. Except those with whom you made a treaty among the polytheists and then they have not been deficient toward you in anything or supported anyone against you; so complete for them their treaty until their term [has ended]. Indeed, Allah loves the righteous.
5. And when the sacred months have passed, then kill the polytheists wherever you find them and capture them and besiege them and sit in wait for them at every place of ambush. But if they should repent, establish Salaat, and give Zakaat, let them [go] on their way. Indeed, Allah is Forgiving, Merciful.
6. And if any one of the polytheists seeks your protection, then grant him protection so that he may hear the words of Allah [i.e. the Qur'an]. Then deliver him to his place of safety. That is because they are a people who do not know.
7. How can there be for the polytheists a treaty in the sight of Allah and with His Rasool, except for those with whom you made a treaty at al-Masjid al-Haraam? So as long as they are upright toward you, be upright toward them. Indeed, Allah loves the righteous.
8. How [can there be a treaty] while, if they gain dominance over you, they do not regard about you any ties of kinship or covenant of protection? They satisfy you with their mouths, but their hearts refuse, and most of them are defiantly disobedient.
9. They have exchanged the Ayaat of Allah for a small price and prohibit [people] from His Sabeel. Indeed, it was evil that they were doing.
10. They do not regard about a believer any ties of kinship or covenant of protection. And it is they who are the transgressors.
11. But if they repent, establish Salaat, and give Zakaat, then they are your brothers in religion; and We detail the verses for a people who know.
12. And if they break their oaths after their agreement and defame your religion, then fight the leaders [who fight against Maola Ali swsa] of disbelief, for indeed, there are no oaths [sacred] to them; [so that] they may desist.
13. Would you not fight a people who broke their oaths and determined to expel the Rasool [sawaw], and they began [to attack] you the first time? Do you fear them? But Allah has more right that you should fear Him, if you are [truly] believers.

سُوۡرَةُ التّوبَة

(اللہ کے مؤذن اور اذان یعنی مولا علی نے یہ آیات نو ہجری دس ذی الحجۃ کے دن مکہ میں تلاوت کر کے اعلان کیا) برآت (اعلان بیزاری ولا تعلقی) ہے اللہ اور اس کے رسولؐ کی طرف سے ان مشرکین کیلئے جن سے تم نے معاہدے کئے تھے۔ پس تم لوگ زمین میں چار ماہ اور چل پھر لو اور جان لو کہ تم اللہ کو عاجز کرنے والے نہیں ہو اور بیشک اللہ کافروں کو رسوا کرنے والا ہے۔ اور اللہ اور اس کے رسولؐ کی طرف سے لوگوں کو حج اکبر کے دن اذان (اطلاع عام) دی جا رہی ہے کہ بیشک اللہ مشرکین سے بیزار (بریٔ الذمہ) ہو چکا ہے اور اس کا رسولؐ بھی؛ پس اگر تم توبہ کرلو تو وہ تمہارے لئے بہتر ہے، اور اگر تم منہ موڑ لو تو جان لو کہ تم اللہ کو عاجز کرنے والے نہیں؛ اور کفر کرنے والوں کو درد ناک عذاب کی بشارت دے دو۔ سوائے ان مشرکین کے جن سے تم نے معاہدہ کیا اور انہوں نے اس میں تمہارے (حق میں) کوئی نقصان نہیں کیا اور تمہارے خلاف کسی ایک کی بھی مدد نہیں کی تو تم ان کے ساتھ ان کے معاہدے کو اس کی مدت تک پورا کرو؛ بیشک اللہ متقین کو پسند کرتا ہے۔ پس جب محترم مہینے گذر جائیں تو مشرکین کو قتل کرو جہاں انہیں پاؤ اور انہیں پکڑو اور انہیں محصور کرو اور ہر گھات میں ان کیلئے بیٹھو، پس اگر وہ توبہ کرلیں اور صلاۃ قائم کریں اور زکاۃ دیں تو ان کی راہ چھوڑ دو؛ بیشک اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔ اور اگر مشرکین میں سے کوئی تم سے پناہ مانگے تو اسے پناہ دے دو تاکہ وہ اللہ کا کلام سنے پھر اسے امان کی جگہ تک پہنچا دو؛ یہ اس لئے کہ وہ ایسی قوم ہے جو علم نہیں رکھتی۔ مشرکین کیلئے اللہ کے پاس اور اس کے رسولؐ کے پاس کوئی عہد کیسے ہو سکتا ہے سوائے ان لوگوں کے جن سے تم نے مسجدِ حرام کے پاس معاہدہ کیا تھا، تو جب تک وہ تمہارے ساتھ سیدھے رہیں تو تم بھی ان کے ساتھ سیدھے رہو؛ بیشک اللہ متقین کو پسند کرتا ہے۔ کیسا (معاہدہ)؟ اگر وہ تم پر قابو پائیں تو تمہارے معاملہ میں قرابت کا لحاظ نہیں کرتے اور نہ (کسی عہد کی) ذمہ داری کا؛ وہ اپنی منہ زبانی تم کو راضی کرتے ہیں مگر ان کے قلوب انکار کرتے ہیں، اور ان میں اکثر فاسقین ہیں۔ انہوں نے اللہ کی آیات کے بدلے قلیل قیمت حاصل کی ہے پس وہ اس کی سبیل سے لوگوں کو روکتے ہیں؛ بیشک بہت برا ہے جو کچھ وہ کر رہے ہیں۔ مؤمن کے معاملے میں نہ وہ قرابت کا لحاظ کرتے ہیں اور نہ کسی (عہد کی) ذمہ داری کا؛ اور وہ وہی ہیں جو حد سے گذرنے والے ہیں۔ پس اگر وہ توبہ کرلیں اور صلاۃ قائم کریں اور زکاۃ ادا کریں تو وہ تمہارے دینی بھائی ہیں؛ اور ہم آیات کو جاننے والی قوم کیلئے تفصیل سے بیان کرتے ہیں۔ اگر وہ اپنا عہد کرنے کے بعد اپنی قسمیں توڑ دیں اور تمہارے دین میں طعنہ زنی کریں تو کفر کے اماموں (یعنی مولا علیؑ سے جنگ کرنے والوں) سے لڑو کیونکہ ان کے نزدیک واقعی قسموں کی کوئی قدر نہیں، شاید کہ وہ باز آ جائیں۔ کیا تم ایسی قوم سے نہ لڑو گے جنہوں نے اپنا عہد توڑا اور انہوں نے رسولؐ کو جلا وطن کرنے کا ارادہ کیا اور پہلی بار انہوں نے تم سے (جنگ کی) ابتداء کی؛ کیا تم ان سے ڈرتے ہو حالانکہ اللہ کا حق ہے کہ تم اس سے ڈرو اگر تم مؤمنین ہو۔

سُوۡرَةُ التّوبَة

بَرَآءَةٞ مِّنَ ٱللَّهِ وَرَسُولِهِۦٓ إِلَى ٱلَّذِينَ عَٰهَدتُّم مِّنَ
ٱلۡمُشۡرِكِينَ (١) فَسِيحُواْ فِي ٱلۡأَرۡضِ أَرۡبَعَةَ
أَشۡهُرٖ وَٱعۡلَمُوٓاْ أَنَّكُمۡ غَيۡرُ مُعۡجِزِي ٱللَّهِۙ وَأَنَّ ٱللَّهَ
مُخۡزِي ٱلۡكَٰفِرِينَ (٢) وَأَذَٰنٞ مِّنَ ٱللَّهِ وَرَسُولِهِۦٓ
إِلَى ٱلنَّاسِ يَوۡمَ ٱلۡحَجِّ ٱلۡأَكۡبَرِ أَنَّ ٱللَّهَ بَرِيٓءٞ
مِّنَ ٱلۡمُشۡرِكِينَ وَرَسُولُهُۥۚ فَإِن تُبۡتُمۡ فَهُوَ خَيۡرٞ
لَّكُمۡۖ وَإِن تَوَلَّيۡتُمۡ فَٱعۡلَمُوٓاْ أَنَّكُمۡ غَيۡرُ مُعۡجِزِي
ٱللَّهِۗ وَبَشِّرِ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ (٣) إِلَّا
ٱلَّذِينَ عَٰهَدتُّم مِّنَ ٱلۡمُشۡرِكِينَ ثُمَّ لَمۡ يَنقُصُوكُمۡ
شَيۡـٔٗا وَلَمۡ يُظَٰهِرُواْ عَلَيۡكُمۡ أَحَدٗا فَأَتِمُّوٓاْ إِلَيۡهِمۡ
عَهۡدَهُمۡ إِلَىٰ مُدَّتِهِمۡۚ إِنَّ ٱللَّهَ يُحِبُّ ٱلۡمُتَّقِينَ (٤)
فَإِذَا ٱنسَلَخَ ٱلۡأَشۡهُرُ ٱلۡحُرُمُ فَٱقۡتُلُواْ ٱلۡمُشۡرِكِينَ
حَيۡثُ وَجَدتُّمُوهُمۡ وَخُذُوهُمۡ وَٱحۡصُرُوهُمۡ
وَٱقۡعُدُواْ لَهُمۡ كُلَّ مَرۡصَدٖۚ فَإِن تَابُواْ وَأَقَامُواْ
ٱلصَّلَوٰةَ وَءَاتَوُاْ ٱلزَّكَوٰةَ فَخَلُّواْ سَبِيلَهُمۡۚ إِنَّ ٱللَّهَ
غَفُورٞ رَّحِيمٞ (٥) وَإِنۡ أَحَدٞ مِّنَ ٱلۡمُشۡرِكِينَ
ٱسۡتَجَارَكَ فَأَجِرۡهُ حَتَّىٰ يَسۡمَعَ كَلَٰمَ ٱللَّهِ ثُمَّ أَبۡلِغۡهُ
مَأۡمَنَهُۥۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمۡ قَوۡمٞ لَّا يَعۡلَمُونَ (٦) كَيۡفَ
يَكُونُ لِلۡمُشۡرِكِينَ عَهۡدٌ عِندَ ٱللَّهِ وَعِندَ
رَسُولِهِۦٓ إِلَّا ٱلَّذِينَ عَٰهَدتُّمۡ عِندَ ٱلۡمَسۡجِدِ ٱلۡحَرَامِۖ
فَمَا ٱسۡتَقَٰمُواْ لَكُمۡ فَٱسۡتَقِيمُواْ لَهُمۡۚ إِنَّ ٱللَّهَ يُحِبُّ
ٱلۡمُتَّقِينَ (٧) كَيۡفَ وَإِن يَظۡهَرُواْ عَلَيۡكُمۡ لَا
يَرۡقُبُواْ فِيكُمۡ إِلّٗا وَلَا ذِمَّةٗۚ يُرۡضُونَكُم بِأَفۡوَٰهِهِمۡ
مِّن كُلِّ مَا سَأَلۡتُمُوهُۚ وَإِن تَعُدُّواْ نِعۡمَتَ ٱللَّهِ لَا
تُحۡصُوهَآۗ إِنَّ ٱلۡإِنسَٰنَ لَظَلُومٞ كَفَّارٞ (٣٤) وَإِذۡ
قَالَ إِبۡرَٰهِيمُ رَبِّ ٱجۡعَلۡ هَٰذَا ٱلۡبَلَدَ ءَامِنٗا
وَٱجۡنُبۡنِي وَبَنِيَّ أَن نَّعۡبُدَ ٱلۡأَصۡنَامَ (٣٥) رَبِّ
إِنَّهُنَّ أَضۡلَلۡنَ كَثِيرٗا مِّنَ ٱلنَّاسِۖ فَمَن تَبِعَنِي
فَإِنَّهُۥ مِنِّيۖ وَمَنۡ عَصَانِي فَإِنَّكَ غَفُورٞ رَّحِيمٞ
(٣٦) رَّبَّنَآ إِنِّيٓ أَسۡكَنتُ مِن ذُرِّيَّتِي بِوَادٍ غَيۡرِ
ذِي زَرۡعٍ عِندَ بَيۡتِكَ ٱلۡمُحَرَّمِ رَبَّنَا لِيُقِيمُواْ
ٱلصَّلَوٰةَ فَٱجۡعَلۡ أَفۡـِٔدَةٗ مِّنَ ٱلنَّاسِ تَهۡوِيٓ إِلَيۡهِمۡ
وَٱرۡزُقۡهُم مِّنَ ٱلثَّمَرَٰتِ لَعَلَّهُمۡ يَشۡكُرُونَ (٣٧)
رَبَّنَآ إِنَّكَ تَعۡلَمُ مَا نُخۡفِي وَمَا نُعۡلِنُۗ وَمَا يَخۡفَىٰ
عَلَى ٱللَّهِ مِن شَيۡءٖ فِي ٱلۡأَرۡضِ وَلَا فِي ٱلسَّمَآءِ
(٣٨) ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ ٱلَّذِي وَهَبَ لِي عَلَى ٱلۡكِبَرِ
إِسۡمَٰعِيلَ وَإِسۡحَٰقَۚ إِنَّ رَبِّي لَسَمِيعُ ٱلدُّعَآءِ
(٣٩) رَبِّ ٱجۡعَلۡنِي مُقِيمَ ٱلصَّلَوٰةِ وَمِن ذُرِّيَّتِيۚ
رَبَّنَا وَتَقَبَّلۡ دُعَآءِ (٤٠) رَبَّنَا ٱغۡفِرۡ لِي
وَلِوَٰلِدَيَّ وَلِلۡمُؤۡمِنِينَ يَوۡمَ يَقُومُ ٱلۡحِسَابُ (٤١)
وَلَا تَحۡسَبَنَّ ٱللَّهَ غَٰفِلٗا عَمَّا يَعۡمَلُ ٱلظَّٰلِمُونَۚ
إِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمۡ لِيَوۡمٖ تَشۡخَصُ فِيهِ ٱلۡأَبۡصَٰرُ
(٤٢) مُهۡطِعِينَ مُقۡنِعِي رُءُوسِهِمۡ لَا يَرۡتَدُّ إِلَيۡهِمۡ
طَرۡفُهُمۡۖ وَأَفۡـِٔدَتُهُمۡ هَوَآءٞ (٤٣)

اللہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے ہیں قولِ ثابت (ولایتِ علیؑ) کی وجہ سے دنیا کی حیات اور آخرت میں ثبات (یعنی قبر میں بھی ثابت قدمی) عطا فرماتا ہے، اور ظالموں کو اللہ گمراہ کر دیتا ہے، اور اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ کیا تم نے نہیں دیکھا ان لوگوں کو جنہوں نے اللہ کی نعمت (آئمۂ معصومینؑ) کو کفر سے بدل دیا اور اپنی قوم کو دارِ ہلاکت میں اتار دیا۔ (یعنی) جہنم، جس میں وہ جلیں گے؛ اور وہ بہت بری جائے قرار ہے۔ اور انہوں نے اللہ کے مدمقابل بنائے ہیں تاکہ وہ اس کی سبیل سے گمراہ کریں؛ کہہ دو تم مزے کر لو پھر تمہاری منزل نار کی طرف ہے۔ میرے جو بندے ایمان لائے ہیں ان سے کہہ دو صلاۃ قائم کرو اور جو رزق ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے خفیہ طور پر اور علانیہ خرچ کرو قبل اس کے کہ وہ دن آجائے جس میں نہ سوداگری ہو گی اور نہ دوست داری۔ اللہ وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو خلق کیا اور آسمان سے پانی نازل کیا پھر اس کے ذریعے تمہارے رزق کیلئے ثمرات نکالے، اور تمہارے لئے کشتی کو مسخر کیا تاکہ سمندر میں اس کے امر سے چلے، اور تمہارے لئے نہروں کو مسخر کیا۔ اور تمہارے لئے شمس و قمر کو مسخر کیا (کہ دونوں مدار میں) چلے جا رہے ہیں، اور تمہارے لئے لیل و نہار کو مسخر کیا۔ اور تمہیں ہر چیز میں سے دیا جو تم نے اس سے سوال کیا؛ اور اگر تم اللہ کی نعمتوں کی تعداد گننا چاہو تو تم ان کا احاطہ (شمار) نہیں کر سکتے؛ بیشک انسان واقعی ظالم کفر کرنے والا ہے۔ اور جب ابراھیمؑ نے کہا میرے رب اس شہر (مکہ) کو پر امن بنا دے اور مجھے اور میری اولاد کو بچا لے کہ ہم بتوں کی عبادت کریں (اللہ نے خلیلؑ کی دعا قبول کی اور یہ ثبوت ہے کہ اسمٰعیلؑ کی اولاد میں کوئی بت پرست نہ تھا)۔ میرے رب بیشک بتوں نے لوگوں کی اکثریت کو گمراہ کیا ہے، پس جو میرا اتباع کرے گا تو یقیناً وہ مجھ سے ہے، اور جو میری نافرمانی کرے تو بیشک تو بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔ اے ہمارے رب بیشک میں نے اپنی اولاد میں سے بعض کو اس وادی جس میں زراعت نہیں تیرے محترم بیت کے پاس بسایا ہے، اے ہمارے رب تاکہ وہ صلاۃ قائم کریں پس تو لوگوں میں سے بعض (یعنی طاہرالولادۃ) کے دلوں کو ان (آلِ محمدؐ) کی طرف مائل کردے اور ان کو ثمرات سے رزق دے شاید کہ وہ شکر کریں۔ اے ہمارے رب بیشک تو جانتا ہے جو ہم چھپاتے ہیں اور جو ہم ظاہر کرتے ہیں؛ اور اللہ سے زمین میں کوئی شئ بھی چھپی ہوئی نہیں ہے اور نہ ہی آسمان میں۔ ہر حمد ہے اس اللہ کیلئے جس نے مجھے بڑھاپے میں اسمٰعیلؑ اور اسحٰقؑ دیئے؛ بیشک میرا رب ضرور دعا سننے والا ہے۔ اے میرے رب مجھے صلاۃ قائم کرنے والا بنا دے اور میری اولاد میں سے بھی، اے ہمارے رب تو ہماری دعا قبول کر لے۔ اے ہمارے رب مجھے اور میرے والدین اور مؤمنین کو حساب قائم ہونے کے دن بخش دے۔ اور تم اللہ کو اس سے غافل نہ سمجھو جو کچھ ظالم کر رہے ہیں؛ وہ صرف انہیں مؤخر (ڈھیل دینا) کر رہا ہے اس دن کیلئے جس میں نگاہیں (خوف سے) پھٹی رہ جائیں گی۔ وہ سر اٹھائے تیزی سے بھاگ رہے ہوں گے ان کی آنکھیں نہیں جھپکیں گی، اور ان کے دل بیٹھ (ڈوب) رہے ہوں گے۔

44. And, [O Mohammad sawaw], warn the people of a Day when the punishment will come to them and those who did wrong will say, "Our Rabb, delay us for a short term [until Qiyam e Qaim swsa]; we will answer Your call and we will follow the Rasools." [But it will be said], "Had you not sworn, before, that for you there would be no downfall?
45. And you lived among the dwellings of those [Banu Umayyads] who wronged themselves, and it had become clear to you how We dealt with them. And We presented for you [many] examples."
46. And they had planned their plan, but with Allah is [recorded] their plan, even if their [Abbasids] plan had been [sufficient] to do away with the mountains.
47. So never think that Allah will fail in His promise to His Rasools. Indeed, Allah is Exalted in Might and Owner of Retribution.
48. [It will be] on the Day the earth will be replaced by another earth [i.e earth will be bread in Mahshar for Momineen], and the heavens [as well], and they [i.e. all creatures] will come out before Allah, the One, the Prevailing,
49. And you will see the criminals that Day bound together in shackles,
50. Their garments of tar and their faces covered by the Fire
51. So that Allah will recompense every soul for what it earned. Indeed, Allah is swift in account.
52. This [Qur'an e Natiq Mohammad sawaw] is notification for the people that they may be warned thereby and that they may know that He is but one God and that people of understanding will be reminded.

وَأَنذِرِ ٱلنَّاسَ يَوۡمَ يَأۡتِيهِمُ ٱلۡعَذَابُ فَيَقُولُ ٱلَّذِينَ
ظَلَمُواْ رَبَّنَآ أَخِّرۡنَآ إِلَىٰٓ أَجَلٖ قَرِيبٖ نُّجِبۡ
دَعۡوَتَكَ وَنَتَّبِعِ ٱلرُّسُلَۗ أَوَلَمۡ تَكُونُوٓاْ أَقۡسَمۡتُم
مِّن قَبۡلُ مَا لَكُم مِّن زَوَالٖ (٤٤) وَسَكَنتُمۡ فِي
مَسَٰكِنِ ٱلَّذِينَ ظَلَمُوٓاْ أَنفُسَهُمۡ وَتَبَيَّنَ لَكُمۡ
كَيۡفَ فَعَلۡنَا بِهِمۡ وَضَرَبۡنَا لَكُمُ ٱلۡأَمۡثَالَ (٤٥)
وَقَدۡ مَكَرُواْ مَكۡرَهُمۡ وَعِندَ ٱللَّهِ مَكۡرُهُمۡ وَإِن
كَانَ مَكۡرُهُمۡ لِتَزُولَ مِنۡهُ ٱلۡجِبَالُ (٤٦) فَلَا
تَحۡسَبَنَّ ٱللَّهَ مُخۡلِفَ وَعۡدِهِۦ رُسُلَهُۥٓۚ إِنَّ ٱللَّهَ
عَزِيزٞ ذُو ٱنتِقَامٖ (٤٧) يَوۡمَ تُبَدَّلُ ٱلۡأَرۡضُ غَيۡرَ
ٱلۡأَرۡضِ وَٱلسَّمَٰوَٰتُۖ وَبَرَزُواْ لِلَّهِ ٱلۡوَٰحِدِ ٱلۡقَهَّارِ
(٤٨) وَتَرَى ٱلۡمُجۡرِمِينَ يَوۡمَئِذٖ مُّقَرَّنِينَ فِي
ٱلۡأَصۡفَادِ (٤٩) سَرَابِيلُهُم مِّن قَطِرَانٖ وَتَغۡشَىٰ
وُجُوهَهُمُ ٱلنَّارُ (٥٠) لِيَجۡزِيَ ٱللَّهُ كُلَّ نَفۡسٖ مَّا
كَسَبَتۡۚ إِنَّ ٱللَّهَ سَرِيعُ ٱلۡحِسَابِ (٥١) هَٰذَا بَلَٰغٞ
لِّلنَّاسِ وَلِيُنذَرُواْ بِهِۦ وَلِيَعۡلَمُوٓاْ أَنَّمَا هُوَ إِلَٰهٞ
وَٰحِدٞ وَلِيَذَّكَّرَ أُوْلُواْ ٱلۡأَلۡبَٰبِ (٥٢)

اور (اے میرے حبیبؐ) لوگوں کو اس دن سے ڈراؤ جب ان پر عذاب آ جائے گا پھر وہ لوگ جنہوں نے ظلم کیا ہے کہیں گے اے ہمارے رب ہمیں قریب مدت تک (یعنی قیامِ قائمؑ تک) مہلت دے دے ہم تیری دعوت قبول کریں گے اور ہم تیرے رسولوں کا اتباع کریں گے؛ (ان سے کہا جائے گا) کیا تم ہی نہ تھے کہ اس سے قبل تم نے قسمیں کھائیں کہ تمہارے لئے زوال ہی نہیں۔ اور تم ان لوگوں (بنو امیہ) کے مساکن (رہائشوں) میں سکونت رکھ چکے ہو جنہوں نے اپنے نفسوں پر ظلم کیا اور تمہارے سامنے واضح ہو چکا تھا کہ ہم نے ان کے ساتھ کیسا سلوک کیا اور ہم نے تمہارے لئے مثالیں بھی پیش کیں۔ اور تحقیق انہوں نے اپنی خفیہ تدبیریں خفیہ طور پر چلیں اور ان کی خفیہ تدبیریں اللہ کے سامنے ہیں؛ اگرچہ ان (بنو عباس) کی خفیہ تدبیر سے پہاڑ ٹل جائیں۔ پس ہرگز نہ سمجھو کہ اللہ اپنے رسولوں سے اپنے وعدے کی خلاف ورزی کرے گا؛ بیشک اللہ زبردست انتقام لینے والا ہے۔ جس دن زمین کو دوسری زمین سے بدل دیا جائے گا (یعنی محشر میں زمین مؤمنین کیلئے روٹی بن جائے گی) اور آسمانوں کو بھی اور (سب لوگ) زبردست غالب واحد اللہ کے سامنے نکلیں گے۔ اور تم مجرموں کو اس دن زنجیروں میں جکڑے ہوئے دیکھو گے۔ ان کے لباس تارکول کے ہوں گے اور ان کے چہروں پر نار چھائی ہو گی۔ تاکہ اللہ ہر شخص کو جزا دے جو اس نے کمایا؛ بیشک اللہ سرعت سے حساب لینے والا ہے۔ یہ (قرآنِ ناطق محمدؐ) لوگوں کیلئے اعلانیہ ہے اور تاکہ اس کے ذریعے ان کو ڈرایا جائے اور تاکہ وہ جان لیں کہ صرف وہی واحد معبود ہے اور تاکہ صاحبانِ عقل نصیحت لیں۔

Surah al-Hijr
[The Rock]

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem

1. Alif Laam Raa. Those are the Ayaat of the Book and a clear Qur'an.
2. Perhaps those who disbelieve [in Wilyat e Ali swsa] will wish that they had been Muslims [believing in Imamat].
3. Let them eat and enjoy themselves and be diverted by [false] hope, for they are going to know.
4. And We did not destroy any city but that for it was a known decree.
5. No nation can precede its term, nor can they postpone.
6. And they say, "O you upon whom the message has been sent down, indeed you are mad.
7. Why do you not bring us the angels, if you are among the truthful?"
8. We do not send down the angels except with truth; and they [i.e. the disbelievers] would not then be respited.
9. Indeed, it is We who sent down the Zikr [i.e. the Qur'an], and indeed, We will be its guardian [the Masumeen are Ahl e Zikr, and Tanzeel and Taweel].
10. And We had certainly sent [the Rasools] before you, [O Mohammad sawaw], among the sects of the former peoples.
11. And no Rasool came to them except that they ridiculed him.
12. Thus do We insert it [i.e. denial & error] into the hearts of the criminals.
13. They will not believe in it, while there has already occurred the precedent of the former peoples.
14. And [even] if We opened to them a gate from the heaven and they continued therein to ascend,
15. They would say, "Our eyes have only been dazzled. Rather, we are a people affected by magic."
16. And We have placed within the heaven great stars and have beautified it for the observers.
17. And We have protected it from every Shaitan expelled [from the mercy of Allah]
18. Except one who steals a hearing and is pursued by a clear burning flame.
19. And the earth – We have spread it and cast therein firmly set mountains and caused to grow therein [something] of every thing in appropriate amount [gold, silver, gems, metals and minerals] .
20. And We have made for you therein means of living and [for] those for whom you are not providers.
21. And there is not a thing but that with Us are its treasures, and We do not send it down except according to a known [i.e. specified] measure.
22. And We have sent the fertilizing winds and sent down water from the sky and given you drink from it. And you are not its retainers.
23. And indeed, it is We who give life and cause death, and We are the Inheritor.
24. And We have already known the preceding [generations] among you, and We have already known the later [ones to come].
25. And indeed, your Rabb will gather them; indeed, He is Wise and Knowing.
26. And We did certainly create man out of sound producing clay from a processed mud fashioned in shape.
27. And the jinn We created before from scorching fire.
28. And [recall, O Mohammad sawaw], when your Rabb said to the angels, "I will create a human being out of sound producing clay from a processed mud fashioned in shape.

سُوْرَةُ الحِجر

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیاز عام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

الٓرٰ۔ یہ الکتاب اور قرآن مبین کی آیات ہیں۔ شاید جنہوں نے (ولایتِ علیؑ سے) کفر کیا ہے چاہیں گے کاش وہ مسلمان ہوتے (یعنی کاش امامت کے قائل ہوتے)۔ چھوڑ دو انہیں کھا (پی) لیں اور وہ فائدہ اٹھا لیں اور جھوٹی امید انہیں غافل کئے رکھے پھر عنقریب وہ جان لیں گے۔ ہم نے ہلاک نہیں کیا کسی بھی بستی کو مگر اس کی معلوم مدت لکھی ہوئی تھی۔ کوئی بھی امت اپنی (مقررہ) مدت سے سبقت نہیں کر سکتی اور نہ ہی وہ مؤخر کر سکتی ہے۔ اور انہوں نے کہا اے وہ شخص جس پر ذکر نازل کیا گیا ہے تو یقیناً مجنون ہے۔ تو ہمارے پاس ملائکہ کیوں نہیں لے آتا اگر تو سچوں میں سے ہے۔ (لیکن) ہم ملائکہ کو نازل نہیں کرتے مگر حق کے ساتھ اور تب انہیں مہلت نہیں دی جاتی۔ بیشک ہم ہی نے ذکر کو نازل کیا ہے اور ہم ہی یقیناً اس کی حفاظت کرنے والے ہیں (معصومینؑ ہی اہلِ ذکر ہیں اور تنزیل و تاویل ہیں)۔ اور تحقیق تم سے قبل ہم نے پہلے گروہوں میں (رسول) بھیجے ہیں۔ اور نہیں آتا تھا ان کے پاس کوئی رسول مگر وہ اس کا مذاق اڑاتے تھے۔ اس طرح ہم مجرموں کے قلوب کا اس (کفروگمراہی) سے رابطہ جوڑ دیتے ہیں۔ وہ اس پر ایمان نہیں لائیں گے اور تحقیق پہلے لوگوں کی سنت گذر چکی ہے۔ اور اگر ہم ان پر آسمان کا باب کھول دیتے تو وہ دن میں اس میں چڑھنے بھی لگتے۔ تو ضرور کہتے صرف ہماری بصارت نشے میں ہے بلکہ ہماری قوم پر جادو کر دیا گیا ہے۔ اور تحقیق ہم نے آسمان میں برج بنائے ہیں اور ان کو دیکھنے والوں کیلئے مزین کر دیا ہے۔ اور ان کو ہر شیطان مردود سے محفوظ کر دیا ہے۔ مگر کوئی سُن گِن چوری کرلے تو واضح شہاب (جلتا ہوا سیارہ) اس کا پیچھا کرتا ہے۔ اور ہم نے زمین کو پھیلایا اور اس میں مضبوط پہاڑ ڈال دیئے اور ہم نے اس میں ہر طرح کی چیزیں موزوں (مطلوبہ) مقدار میں اگائیں (یعنی سونا، چاندی، جواہرات، معدنیات وغیرہ)۔ اور ہم نے تمہارے لئے اس میں اسبابِ معیشت بنائے اور ان کیلئے بھی جن کے تم رازق نہیں ہو۔ اور کوئی شئ نہیں مگر اس کے خزانے ہمارے پاس ہیں اور ہم اسے نازل نہیں کرتے مگر معلوم (مقررہ) مقدار کے ساتھ ۔ اور ہم نے بارآور ہواؤں کو بھیجا پھر آسمان سے پانی نازل کیا تو اس سے تمہیں سیراب کیا، اور تم اس کے خازن (جمع کرکے رکھنے والے) نہیں ہو۔ اور بیشک ہم ہی حیات دیتے ہیں اور ہم ہی موت دیتے ہیں اور ہم ہی وارث ہیں۔ اور تحقیق ہم تم میں پہلے گذر جانے والوں کو جانتے ہیں اور یقیناً ہم بعد میں آنے والوں کو بھی جانتے ہیں۔ اور بیشک تمہارا رب ہی ان کو محشور کرے گا؛ بیشک وہ حکمت والا سب جاننے والا ہے۔ اور تحقیق ہم نے انسان کو صورت میں ڈھلی گوندھی ہوئی آواز پیدا کرنے والی مٹی سے خلق کیا۔ اور اس سے قبل ہم نے جنوں کو جھلس دینے والی نار سے خلق کیا تھا۔ اور جب تیرے رب نے ملائکہ سے کہا بیشک میں صورت میں ڈھلی گوندھی ہوئی آواز پیدا کرنے والی سوکھی چکنی مٹی سے بشر خلق کرنے والا ہوں۔

سُوْرَةُ الحِجر

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

الٓرٰ تِلْكَ ءَايَـٰتُ ٱلْكِتَـٰبِ وَقُرْءَانٍ مُّبِينٍ (١)
رُّبَمَا يَوَدُّ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ لَوْ كَانُوا۟ مُسْلِمِينَ (٢)
ذَرْهُمْ يَأْكُلُوا۟ وَيَتَمَتَّعُوا۟ وَيُلْهِهِمُ ٱلْأَمَلُ ۖ فَسَوْفَ
يَعْلَمُونَ (٣) وَمَآ أَهْلَكْنَا مِن قَرْيَةٍ إِلَّا وَلَهَا
كِتَابٌ مَّعْلُومٌ (٤) مَّا تَسْبِقُ مِنْ أُمَّةٍ أَجَلَهَا وَمَا
يَسْتَـْٔخِرُونَ (٥) وَقَالُوا۟ يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِى نُزِّلَ عَلَيْهِ
ٱلذِّكْرُ إِنَّكَ لَمَجْنُونٌ (٦) لَّوْ مَا تَأْتِينَا بِٱلْمَلَـٰٓئِكَةِ
إِن كُنتَ مِنَ ٱلصَّـٰدِقِينَ (٧) مَا نُنَزِّلُ ٱلْمَلَـٰٓئِكَةَ
إِلَّا بِٱلْحَقِّ وَمَا كَانُوٓا۟ إِذًا مُّنظَرِينَ (٨) إِنَّا نَحْنُ
نَزَّلْنَا ٱلذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُۥ لَحَـٰفِظُونَ (٩) وَلَقَدْ
أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ فِى شِيَعِ ٱلْأَوَّلِينَ (١٠) وَمَا
يَأْتِيهِم مِّن رَّسُولٍ إِلَّا كَانُوا۟ بِهِۦ يَسْتَهْزِءُونَ
(١١) كَذَٰلِكَ نَسْلُكُهُۥ فِى قُلُوبِ ٱلْمُجْرِمِينَ
(١٢) لَا يُؤْمِنُونَ بِهِۦ ۖ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ ٱلْأَوَّلِينَ
(١٣) وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِم بَابًا مِّنَ ٱلسَّمَآءِ فَظَلُّوا۟
فِيهِ يَعْرُجُونَ (١٤) لَقَالُوٓا۟ إِنَّمَا سُكِّرَتْ
أَبْصَـٰرُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُورُونَ (١٥) وَلَقَدْ
جَعَلْنَا فِى ٱلسَّمَآءِ بُرُوجًا وَزَيَّنَّـٰهَا لِلنَّـٰظِرِينَ
(١٦) وَحَفِظْنَـٰهَا مِن كُلِّ شَيْطَـٰنٍ رَّجِيمٍ (١٧)
إِلَّا مَنِ ٱسْتَرَقَ ٱلسَّمْعَ فَأَتْبَعَهُۥ شِهَابٌ مُّبِينٌ
(١٨) وَٱلْأَرْضَ مَدَدْنَـٰهَا وَأَلْقَيْنَا فِيهَا رَوَٰسِىَ
وَأَنۢبَتْنَا فِيهَا مِن كُلِّ شَىْءٍ مَّوْزُونٍ (١٩)
وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيهَا مَعَـٰيِشَ وَمَن لَّسْتُمْ لَهُۥ
بِرَٰزِقِينَ (٢٠) وَإِن مِّن شَىْءٍ إِلَّا عِندَنَا
خَزَآئِنُهُۥ وَمَا نُنَزِّلُهُۥٓ إِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُومٍ (٢١)
وَأَرْسَلْنَا ٱلرِّيَـٰحَ لَوَٰقِحَ فَأَنزَلْنَا مِنَ ٱلسَّمَآءِ مَآءً
فَأَسْقَيْنَـٰكُمُوهُ وَمَآ أَنتُمْ لَهُۥ بِخَـٰزِنِينَ (٢٢) وَإِنَّا
لَنَحْنُ نُحْىِۦ وَنُمِيتُ وَنَحْنُ ٱلْوَٰرِثُونَ (٢٣)
وَلَقَدْ عَلِمْنَا ٱلْمُسْتَقْدِمِينَ مِنكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا
ٱلْمُسْتَـْٔخِرِينَ (٢٤) وَإِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَحْشُرُهُمْ ۚ
إِنَّهُۥ حَكِيمٌ عَلِيمٌ (٢٥) وَلَقَدْ خَلَقْنَا ٱلْإِنسَـٰنَ مِن
صَلْصَـٰلٍ مِّنْ حَمَإٍ مَّسْنُونٍ (٢٦) وَٱلْجَآنَّ
خَلَقْنَـٰهُ مِن قَبْلُ مِن نَّارِ ٱلسَّمُومِ (٢٧) وَإِذْ قَالَ
رَبُّكَ لِلْمَلَـٰٓئِكَةِ إِنِّى خَـٰلِقٌۢ بَشَرًا مِّن صَلْصَـٰلٍ
مِّنْ حَمَإٍ مَّسْنُونٍ (٢٨)

29. And when I have proportioned him and breathed into him of My Rooh, then fall down to him in Sajdah.”
30. So the angels prostrated – all of them entirely,
31. Except Iblees; he refused to be with those who did Sajdah.
32. [Allah] said, "O Iblees, what is [the matter] with you that you are not with those who did Sajdah?”
33. He said, "Never would I do Sajdah to a human whom You created out of sound producing clay from a processed mud fashioned in shape.”
34. [Allah] said, "Then depart from it, for indeed, you are expelled.
35. And indeed, upon you is the curse until the Day of Recompense.”
36. He said, "My Rabb, then respite me until the Day they are resurrected.”
37. [Allah] said, "So indeed, you are of those respited ones
38. Until the Day of the time well-known [i.e. day of Qiyam e Qaim swsa, then in Raj’at Rasool Allah sawaw will kill Shaitan].”
39. [Iblees] said, "My Rabb, because You have put me in error, I will surely make [disobedience] attractive to them [i.e. mankind] on earth, and I will mislead them all
40. Except, among them, Your sincere servants.”
41. [Allah] said, "This Sirat of Ali [swsa] is Mustaqeem.
42. Indeed, My servants [real Shias of the Masumeen swsa] – no authority will you have over them, except those who follow you of the deviators.
43. And indeed, Hell is the promised place for them all.
44. It has seven gates; for every gate is of them [i.e. Shaitan's followers] a portion designated.”
45. Indeed, the righteous will be within gardens and springs,
46. [Having been told], "Enter it in peace, safe [and secure].”
47. And We will remove whatever is in their chests of resentment, [so they will be] brothers, on thrones facing each other.
48. No fatigue will touch them therein, nor from it will they [ever] be removed.
49. [O Mohammad sawaw], inform My servants that it is I who is the Forgiving, the Merciful,
50. And that it is My punishment which is the painful punishment.
51. And inform them about the guests of Ibraheem,
52. When they entered upon him then said, "Salaam." [Ibraheem] said, "Indeed, we are fearful [i.e. apprehensive] of you.”
53. [The angels] said, "Fear not. Indeed, we give you good tidings of a learned boy.”
54. He said, "Do you give me good tidings although old age has come upon me? Then of what do you give me good news?”
55. They said, "We have given you good tidings in truth, so do not be of the despairing.”
56. He said, "And who despairs of the mercy of his Rabb except for those astray?”
57. [Ibraheem] said, "Then what is your business [here after giving good news], O messengers?”
58. They said, "Indeed, we have been sent to a nation of criminals,
59. Except the family of Loot; indeed, we will save them all
60. Except his wife." We [i.e. Allah] decreed that she is of those who remain behind.
61. And when the messengers came to the family of Loot,
62. He said, "Indeed, you are people unknown.”
63. They said, "But we have come to you with that about which they were disputing,
64. And we have come to you with truth, and indeed, we are truthful.

فَإِذَا سَوَّيْتُهُۥ وَنَفَخْتُ فِيهِ مِن رُّوحِي فَقَعُوا۟ لَهُۥ سَـٰجِدِينَ (٢٩) فَسَجَدَ ٱلْمَلَـٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ أَجْمَعُونَ (٣٠) إِلَّآ إِبْلِيسَ أَبَىٰٓ أَن يَكُونَ مَعَ ٱلسَّـٰجِدِينَ (٣١) قَالَ يَـٰٓإِبْلِيسُ مَا لَكَ أَلَّا تَكُونَ مَعَ ٱلسَّـٰجِدِينَ (٣٢) قَالَ لَمْ أَكُن لِّأَسْجُدَ لِبَشَرٍ خَلَقْتَهُۥ مِن صَلْصَـٰلٍ مِّنْ حَمَإٍ مَّسْنُونٍ (٣٣) قَالَ فَٱخْرُجْ مِنْهَا فَإِنَّكَ رَجِيمٌ (٣٤) وَإِنَّ عَلَيْكَ ٱللَّعْنَةَ إِلَىٰ يَوْمِ ٱلدِّينِ (٣٥) قَالَ رَبِّ فَأَنظِرْنِىٓ إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ (٣٦) قَالَ فَإِنَّكَ مِنَ ٱلْمُنظَرِينَ (٣٧) إِلَىٰ يَوْمِ ٱلْوَقْتِ ٱلْمَعْلُومِ (٣٨) قَالَ رَبِّ بِمَآ أَغْوَيْتَنِى لَأُزَيِّنَنَّ لَهُمْ فِى ٱلْأَرْضِ وَلَأُغْوِيَنَّهُمْ أَجْمَعِينَ (٣٩) إِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ ٱلْمُخْلَصِينَ (٤٠) قَالَ هَـٰذَا صِرَٰطٌ عَلَىَّ مُسْتَقِيمٌ (٤١) إِنَّ عِبَادِى لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطَـٰنٌ إِلَّا مَنِ ٱتَّبَعَكَ مِنَ ٱلْغَاوِينَ (٤٢) وَإِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ أَجْمَعِينَ (٤٣) لَهَا سَبْعَةُ أَبْوَٰبٍ لِّكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُومٌ (٤٤) إِنَّ ٱلْمُتَّقِينَ فِى جَنَّـٰتٍ وَعُيُونٍ (٤٥) ٱدْخُلُوهَا بِسَلَـٰمٍ ءَامِنِينَ (٤٦) وَنَزَعْنَا مَا فِى صُدُورِهِم مِّنْ غِلٍّ إِخْوَٰنًا عَلَىٰ سُرُرٍ مُّتَقَـٰبِلِينَ (٤٧) لَا يَمَسُّهُمْ فِيهَا نَصَبٌ وَمَا هُم مِّنْهَا بِمُخْرَجِينَ (٤٨) ۞ نَبِّئْ عِبَادِىٓ أَنِّىٓ أَنَا ٱلْغَفُورُ ٱلرَّحِيمُ (٤٩) وَأَنَّ عَذَابِى هُوَ ٱلْعَذَابُ ٱلْأَلِيمُ (٥٠) وَنَبِّئْهُمْ عَن ضَيْفِ إِبْرَٰهِيمَ (٥١) إِذْ دَخَلُوا۟ عَلَيْهِ فَقَالُوا۟ سَلَـٰمًا قَالَ إِنَّا مِنكُمْ وَجِلُونَ (٥٢) قَالُوا۟ لَا تَوْجَلْ إِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَـٰمٍ عَلِيمٍ (٥٣) قَالَ أَبَشَّرْتُمُونِى عَلَىٰٓ أَن مَّسَّنِىَ ٱلْكِبَرُ فَبِمَ تُبَشِّرُونَ (٥٤) قَالُوا۟ بَشَّرْنَـٰكَ بِٱلْحَقِّ فَلَا تَكُن مِّنَ ٱلْقَـٰنِطِينَ (٥٥) قَالَ وَمَن يَقْنَطُ مِن رَّحْمَةِ رَبِّهِۦٓ إِلَّا ٱلضَّآلُّونَ (٥٦) قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ أَيُّهَا ٱلْمُرْسَلُونَ (٥٧) قَالُوٓا۟ إِنَّآ أُرْسِلْنَآ إِلَىٰ قَوْمٍ مُّجْرِمِينَ (٥٨) إِلَّآ ءَالَ لُوطٍ إِنَّا لَمُنَجُّوهُمْ أَجْمَعِينَ (٥٩) إِلَّا ٱمْرَأَتَهُۥ قَدَّرْنَآ إِنَّهَا لَمِنَ ٱلْغَـٰبِرِينَ (٦٠) فَلَمَّا جَآءَ ءَالَ لُوطٍ ٱلْمُرْسَلُونَ (٦١) قَالَ إِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنكَرُونَ (٦٢) قَالُوا۟ بَلْ جِئْنَـٰكَ بِمَا كَانُوا۟ فِيهِ يَمْتَرُونَ (٦٣) وَأَتَيْنَـٰكَ بِٱلْحَقِّ وَإِنَّا لَصَـٰدِقُونَ (٦٤)

پھر جب میں اس کو سنوار (موزوں متوازن کر) لوں اور میں اس میں اپنی روح میں سے کچھ پھونک دوں تو اس کے سامنے سجدہ کرتے ہوئے گر جانا۔ تو کل ملائکہ نے اجتماعی طور پر سجدہ کیا۔ سوائے ابلیس کے؛ اس نے انکار کر دیا کہ وہ سجدہ کرنے والوں کے ساتھ (شامل) ہو۔ اللہ نے کہا اے ابلیس تجھے کیا ہوا کہ توسجدہ کرنے والوں کے ساتھ نہ ہوا؟ اس نے کہا میں ہرگز بشر کو سجدہ کرنے والا نہیں جس کو تو نے صورت میں ڈھلی گوندھی ہوئی آواز دینے والی چکنی مٹی سے خلق کیا ہے۔ اللہ نے کہا پس تو نکل جا یہاں سے کیونکہ تو مردود ہے۔ اور بیشک بدلے کے دن تک تجھ پر لعنت ہے۔ اس نے کہا اے میرے رب تو تو مجھے اس دن تک مہلت دے دے جس میں (سب دوبارہ) اٹھائے جائیں گے۔ اللہ نے کہا پس بیشک تو مہلت پانے والوں میں سے ہے۔ وقتِ معلوم (ظہور قائمؑ) کے دن تک (یعنی رجعت میں رسولؐ اللہ شیطان کو ذبح کر دیں گے) ۔ اس نے کہا اے میرے رب کیونکہ تو نے مجھے اغوا (گمراہ) کیا ہے تو میں ضرور ان کیلئے زمین میں (نافرمانی) خوشنما بنا دوں گا اور ضرور ان سب کو اکٹھا اغوا کر لوں گا۔ سوائے ان میں سے تیرے مخلص بندوں کے۔ اللہ نے کہا یہ علیؑ کا راستہ مستقیم ہے۔ بیشک میرے بندوں (یعنی معصومینؑ اور ان کے حقیقی شیعیوں) پر تمہارے لئے کوئی اختیار نہیں مگر (ان پر) جو تیرا اتباع کرنے والے اغوا شدہ میں سے ہیں۔ اور بیشک جہنم ان سب کی وعدہ گاہ ہے۔ اس کے سات باب ہیں؛ ہر باب کیلئے ان میں سے تقسیم شدہ حصہ ہے۔ بیشک متقین جنتوں اور چشموں میں ہوں گے۔ (ان سے کہا جائے گا) داخل ہو جاؤ ان میں سلامتی کے ساتھ امن وامان میں۔ اور ہم نکال دیں گے جو ان کے سینوں میں کدورت ہو گی، وہ آپس میں بھائی بھائی آمنے سامنے تختوں پر ہوں گے۔ ان کو اس میں نہ تھکاوٹ چھوئے گی اور نہ ہی وہ اس میں سے نکالے جائیں گے۔ (اے میرے حبیبؐ) میرے بندوں کو خبر دے دو بیشک میں بخشنے والا رحم کرنے والا ہوں۔ اور بیشک میرا عذاب بھی دردناک عذاب ہے۔ اور انہیں ابراھیمؑ کے مہمانوں کی خبر دو۔ جب وہ اس کے ہاں داخل ہوئے تو انہوں نے کہا سلام؛ (ابراھیمؑ نے) کہا بیشک ہم تم سے ڈرتے ہیں۔ انہوں نے کہا تم نہ ڈرو بیشک ہم تمہیں ایک علم والے لڑکے کی بشارت دیتے ہیں۔ اس نے کہا کیا تم مجھے بشارت دیتے ہو جبکہ مجھے بڑھاپے نے چھو لیا ہے پھر تم کس بات کی بشارت دے رہے ہو۔ انہوں نے کہا ہم تمہیں حق کے ساتھ بشارت دیتے ہیں پس تم مایوس ہونے والوں میں سے نہ ہو۔ اس نے کہا کون اپنے رب کی رحمت سے مایوس ہوتا ہے سوائے گمراہوں کے۔ (پھر) اس نے کہا اے بھیجے ہوئے (فرشتو) تو تمہارا (بشارت کے بعد) مقصد کیا ہے؟ انہوں نے کہا بیشک ہمیں مجرموں کی قوم کی طرف بھیجا گیا ہے۔ سوائے لوطؑ کی آل کے؛ بیشک ہم ان سب کو نجات دیں گے سوائے اس کی بیوی ہم نے مقدر کر دیا ہے کہ وہ یقیناً پیچھے رہ جانے والوں میں سے ہے۔ پھر جب ہمارے بھیجے ہوئے لوطؑ کے گھر والوں کے پاس آئے۔ لوطؑ نے کہا بیشک تم اجنبی لوگ لگتے ہو۔ انہوں نے کہا ہم تمہارے پاس وہ لے کر آئے ہیں جس میں وہ شک کیا کرتے تھے اور ہم تمہارے پاس حق کے ساتھ آئے ہیں اور بیشک ہم واقعی سچے ہیں۔

65. So set out with your family during a portion of the night and follow behind them and let not anyone among you look back and continue on to where you are commanded."
66. And We conveyed to him [the decree] of that matter: that the roots of these [sinners] shall be cut off by the morning.
67. And the people of the city came rejoicing.
68. [Loot] said, "Indeed, these are my guests, so do not shame me.
69. And fear Allah and do not disgrace me."
70. They said, "Have we not forbidden you from [meeting people of] the worlds?"
71. [Loot] said, "These [women of the community] are my daughters – if you would be doers [of lawful marriage]."
72. By your life, [O Mohammad sawaw], indeed they were, in their intoxication, wandering blindly.
73. So the lethal shriek seized them at sunrise.
74. And We made the highest part [of the city] its lowest and rained upon them stones of hard clay.
75. Indeed in that are signs for [the Masumeen swsa] those who discern [between their enemies and friends].
76. And indeed, this Sabeel [way to Paradise] is established [in the Masumeen swsa].
77. Indeed in that is a sign for the believers.
78. And the companions of the forest [i.e. the people of Madyan] were [also] wrongdoers,
79. So We took retribution from them, and indeed, [the news of] both [nations] are with the Imam e Mubeen.
80. And certainly the companions of al-Hijr [i.e. the Samood] belied the Rasools.
81. And We gave them Our signs, but from them they were turning away.
82. And they used to carve secure houses in the mountains.
83. But the lethal shriek seized them in the morning,
84. So nothing availed them [from] what they used to earn.
85. And We have not created the heavens and earth and that between them except with the Haqq. And indeed, the Hour is coming; so forgive with gracious forgiveness.
86. Indeed, your Rabb – He is the Creator of all, all-Knowing.
87. And We have certainly given you, [O Mohammad sawaw], seven of the often repeated [Ayaat i.e. Sura Fatiha and seven Asma-e-Husna which are repeated: Mohammad, Ali, Fatima, Hassan, Hussain, Jafar, Musa] and the great Qur'an.
88. Do not extend your eyes toward that by which We have given to [certain] classes of them [i.e. the disbelievers] to enjoy, and do not grieve over them. And lower your wing to the believers [i.e. Maola Ali swsa]
89. And say, "Indeed, I am the clear warner" –
90. Just as We have revealed [warning] to the dividers
91. Who have made the Qur'an into portions [and did not gathered on Wilayat which Allah revealed in it].
92. So by your Rabb, We will surely question them all
93. About what they used to do.
94. Then [O Habib sawaw] declare what you are commanded [to proclaim Wilayat e Ali swsa] and turn away from the polytheists.
95. Indeed, We are sufficient for you against the mockers [to take revenge from those five people who mocked you: Waleed, Aas, Aswad, Aswad, & Haris. Allah killed them in one day with bad deaths and all were saying "Rabb of Mohammad killed me"]
96. Who make [equal] with Allah another deity. So they are going to know soon.
97. And We already know that your chest is constrained by what they say [i.e. they belie Rasool Allah sawaw].
98. So exalt [Allah] with praise of your Rabb and be of those who do Sajdah.
99. And worship your Rabb until there comes to you the certainty [highest stage of Eman].

فَأَسْرِ بِأَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ ٱلَّيْلِ وَٱتَّبِعْ أَدْبَـٰرَهُمْ وَلَا
يَلْتَفِتْ مِنكُمْ أَحَدٌ وَٱمْضُوا۟ حَيْثُ تُؤْمَرُونَ
(٦٥) وَقَضَيْنَآ إِلَيْهِ ذَٰلِكَ ٱلْأَمْرَ أَنَّ دَابِرَ
هَـٰٓؤُلَآءِ مَقْطُوعٌ مُّصْبِحِينَ (٦٦) وَجَآءَ أَهْلُ
ٱلْمَدِينَةِ يَسْتَبْشِرُونَ (٦٧) قَالَ إِنَّ هَـٰٓؤُلَآءِ
ضَيْفِى فَلَا تَفْضَحُونِ (٦٨) وَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ وَلَا
تُخْزُونِ (٦٩) قَالُوٓا۟ أَوَلَمْ نَنْهَكَ عَنِ ٱلْعَـٰلَمِينَ
(٧٠) قَالَ هَـٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِىٓ إِن كُنتُمْ فَـٰعِلِينَ (٧١)
لَعَمْرُكَ إِنَّهُمْ لَفِى سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُونَ (٧٢)
فَأَخَذَتْهُمُ ٱلصَّيْحَةُ مُشْرِقِينَ (٧٣) فَجَعَلْنَا عَـٰلِيَهَا
سَافِلَهَا وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّن سِجِّيلٍ
(٧٤) إِنَّ فِى ذَٰلِكَ لَءَايَـٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِينَ (٧٥)
وَإِنَّهَا لَبِسَبِيلٍ مُّقِيمٍ (٧٦) إِنَّ فِى ذَٰلِكَ لَءَايَةً
لِّلْمُؤْمِنِينَ (٧٧) وَإِن كَانَ أَصْحَـٰبُ ٱلْأَيْكَةِ
لَظَـٰلِمِينَ (٧٨) فَٱنتَقَمْنَا مِنْهُمْ وَإِنَّهُمَا لَبِإِمَامٍ
مُّبِينٍ (٧٩) وَلَقَدْ كَذَّبَ أَصْحَـٰبُ ٱلْحِجْرِ
ٱلْمُرْسَلِينَ (٨٠) وَءَاتَيْنَـٰهُمْ ءَايَـٰتِنَا فَكَانُوا۟ عَنْهَا
مُعْرِضِينَ (٨١) وَكَانُوا۟ يَنْحِتُونَ مِنَ ٱلْجِبَالِ
بُيُوتًا ءَامِنِينَ (٨٢) فَأَخَذَتْهُمُ ٱلصَّيْحَةُ
مُصْبِحِينَ (٨٣) فَمَآ أَغْنَىٰ عَنْهُم مَّا كَانُوا۟
يَكْسِبُونَ (٨٤) وَمَا خَلَقْنَا ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضَ
وَمَا بَيْنَهُمَآ إِلَّا بِٱلْحَقِّ ۗ وَإِنَّ ٱلسَّاعَةَ لَءَاتِيَةٌ ۖ
فَٱصْفَحِ ٱلصَّفْحَ ٱلْجَمِيلَ (٨٥) إِنَّ رَبَّكَ هُوَ
ٱلْخَلَّـٰقُ ٱلْعَلِيمُ (٨٦) وَلَقَدْ ءَاتَيْنَـٰكَ سَبْعًا مِّنَ
ٱلْمَثَانِى وَٱلْقُرْءَانَ ٱلْعَظِيمَ (٨٧) لَا تَمُدَّنَّ
عَيْنَيْكَ إِلَىٰ مَا مَتَّعْنَا بِهِۦٓ أَزْوَٰجًا مِّنْهُمْ وَلَا
تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَٱخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِينَ (٨٨)
وَقُلْ إِنِّىٓ أَنَا ٱلنَّذِيرُ ٱلْمُبِينُ (٨٩) كَمَآ أَنزَلْنَا
عَلَى ٱلْمُقْتَسِمِينَ (٩٠) ٱلَّذِينَ جَعَلُوا۟ ٱلْقُرْءَانَ
عِضِينَ (٩١) فَوَرَبِّكَ لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ أَجْمَعِينَ (٩٢)
عَمَّا كَانُوا۟ يَعْمَلُونَ (٩٣) فَٱصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ
وَأَعْرِضْ عَنِ ٱلْمُشْرِكِينَ (٩٤) إِنَّا كَفَيْنَـٰكَ
ٱلْمُسْتَهْزِءِينَ (٩٥) ٱلَّذِينَ يَجْعَلُونَ مَعَ ٱللَّهِ إِلَـٰهًا
ءَاخَرَ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ (٩٦) وَلَقَدْ نَعْلَمُ أَنَّكَ
يَضِيقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُولُونَ (٩٧) فَسَبِّحْ بِحَمْدِ
رَبِّكَ وَكُن مِّنَ ٱلسَّـٰجِدِينَ (٩٨) وَٱعْبُدْ رَبَّكَ
حَتَّىٰ يَأْتِيَكَ ٱلْيَقِينُ (٩٩)

پس تم رات کے کچھ حصہ (باقی رہنے) میں اپنے گھر والوں کے ساتھ چل پڑو اور (خود) ان کے پیچھے چلو اور تم میں سے کوئی ایک بھی پلٹ کر نہ دیکھے اور چلتے جانا جدھر تمہیں حکم دیا جائے۔ اور ہم نے اس معاملے کا فیصلہ اس تک پہنچا دیا کہ بیشک ان (مجرموں) کی جڑ صبح تک کاٹ دی جائے گی۔ اور شہر کے باسی خوش خوش آگئے۔ لوطؑ نے کہا بیشک یہ میرے مہمان ہیں پس تم مجھے فضیحت نہ کرو۔ اور اللہ سے ڈرو اور تم مجھے ذلیل نہ کرو۔ انہوں نے کہا کیا ہم نے تمہیں دنیا بھر کے لوگوں سے (ملاقات کرنے سے) منع نہیں کیا؟ اس نے کہا یہ میری (قوم کی) بیٹیاں ہیں اگر تم کچھ کرنے والے ہو۔ (اے میرے حبیبؐ) تیری عمر کی قسم بیشک وہ اپنے نشے میں بہک رہے تھے۔ پھر سورج نکلتے ہی ان کو جان لیوا چنگھاڑ نے آ لیا۔ تو ہم نے اس (بستی) کا اوپر اس کا نیچا بنا دیا اور ہم نے ان پر پکی ہوئی مٹی کے پتھر برسائے۔ بیشک اس میں (اپنے دشمن اور دوست میں) تمیز کرنے والوں (یعنی محمدؐ وآلِ محمدؐ) کیلئے آیات ہیں۔ اور بیشک یہ (جنت کی طرف جانے والی) سبیل (معصومینؑ میں) قائم ہے۔ بیشک اس میں مؤمنین کیلئے آیت ہے۔ اور بیشک اہلِ ایکہ (مدین کے جنگل کے لوگ) واقعی ظالم تھے۔ پھر ہم نے ان سے انتقام لیا اور بیشک دونوں (قوموں کے حالات) امام مبین کے پاس ہیں۔ اور تحقیق اہل حجر (ثمود) نے رسولوں کی تکذیب کی۔ اور ہم نے ان کو اپنی آیات عطا کیں مگر وہ ان سے اعراض کرتے رہے۔ اور وہ پہاڑوں کو تراش کر محفوظ گھر بناتے تھے۔ پھر ان کو جان لیوا چنگھاڑ نے صبح ہوتے ہی پکڑ لیا۔ تو جو کچھ وہ کماتے تھے ان کے کسی کام نہ آیا۔ اور نہیں خلق کیا ہم نے آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان دونوں کے مابین ہے مگر حق کے ساتھ ؛ اور بیشک ساعت واقعی آنے والی ہے پس (اے میرے حبیبؐ) ان سے اچھے طریقے (یعنی بغیر سزا) سے درگذر کرتے ہوئے منہ موڑ لو۔ بیشک تیرا رب سب کا خالق سب جاننے والا ہے۔ اور(اے میرے حبیبؐ) تحقیق ہم نے تم کو سات باربار دہرائی جانے والی (آیات یعنی سورۃ فاتحہ، اور سات اسمائے حسنیٰ جو دوہرائے گئے ہیں: محمدؐ، علیؑ، فاطمہؑ، حسنؑ، حسینؑ، جعفرؑ، موسیٰؑ) اور قرآنِ عظیم عطا کیا ہے۔ تم آنکھیں اٹھا کر نہ دیکھو اس مال متاع کی طرف جو ہم نے ان میں سے مختلف قسم کے لوگوں کو دیا ہے اور نہ تم ان پر غم کرو اور اپنے شانوں کو مؤمنین (مولا علیؑ) کیلئے جھکا دو۔ اور کہہ دو بیشک میں کھلا خبردار کرنے والا ہوں۔ جیسا کہ ہم نے (ایسی ہی تنبیہہ) تقسیم کرنے والوں پر نازل کی۔ جنہوں نے قرآن کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا (اور اس ولایت پر اکٹھے نہ ہوئے جو اس میں اللہ نے نازل کی ہے)۔ پس قسم ہے تیرے رب کی ضرور ہم ان سب سے پوچھیں گے۔ ان (اعمال) کے متعلق جو وہ کرتے رہے تھے۔ پس (اے حبیبؐ) کھلم کھلا کہہ دو جو تمہیں (ولایتِ علیؑ کے اعلان کا) امر کیا جاتا ہے اور مشرکوں سے منہ موڑ لو۔ بیشک ہم مذاق اڑانے والوں (سے انتقام) کیلئے تمہیں کافی ہیں (پانچ لوگوں نے رسولؐ اللہ کا مذاق اڑایا: ولید، عاص، اسود، اسود، حارث۔ اللہ نے ان کو ایک ہی دن میں بری قسم کی موتوں سے مار دیا اور سب موت کے وقت کہہ رہے تھے"مجھے محمدؐ کے رب نے قتل کیا ہے ")۔ جن لوگوں نے اللہ کے ساتھ دوسرے معبود بنا لئے ہیں، تو عنقریب وہ جان لیں گے۔ اور تحقیق ہم جانتے ہیں کہ یقیناً ان باتوں سے تمہارا سینہ تنگ ہو رہا ہے جو وہ کہہ رہے ہیں (یعنی آپؐ کی تکذیب کرتے ہیں)۔ پس اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرو اور ساجدین میں سے ہو۔ اور اپنے رب کی عبادت کرو حتیٰ کہ تمہیں یقین (ایمان کی آخری منزل) آ جائے۔

Surah an-Nahl
[The Bee]

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem

1. The command of Allah has come, so be not impatient for it [Jibraeel will announce Qiyam e Qaim swsa with this Ayat]. Exalted is He and high above what they associate with Him.
2. He sends down the angels, with the Rooh by His command, upon whom He wills of His servants, [telling them], "Warn that there is no deity except Me; so fear Me."
3. He created the heavens and earth with the Haqq. High is He above what they associate with Him.
4. He created man from a semen-drop; then at once he is an open opponent.
5. And the cattle He has created for you; in them is warm clothing for you and [numerous] benefits, and from them [some] you eat.
6. And for you in them is [the enjoyment of] beauty when you bring them in [for the evening] and when you send them out [to pasture in the morning].
7. And they carry your loads to a land you could not have reached except with difficulty to yourselves. Indeed, your Rabb is Kind and Merciful.
8. And [He created] the horses and mules and donkeys for you to ride and [as] adornment. And He creates that which you do not know.
9. And upon Allah is the direction of the [right] Sabeel, and there are some deviating [ways]. And if He willed, He could have guided you all.
10. It is He who sends down rainwater from the sky; from it is drink and from it is plants in which you pasture [animals].
11. He causes to grow for you thereby the crops, and olives, and palm trees, and grapevines, and of all the fruits. Indeed in that is a sign for a people who give thought.
12. And He has subjected for you the night and day and the sun and moon, and the stars are subjected by His command. Indeed in that are signs for a people who reason.
13. And [He has subjected] whatever He grew for you in the earth of varying colours. Indeed in that is a sign for a people who remember.
14. And it is He who subjected the sea for you to eat from it fresh meat and to take out from it ornaments which you wear. And you see the ships cleaving through it, and that you may seek of His bounty; and perhaps you will be grateful.
15. And He has cast into the earth firmly set mountains, lest it shake [loosing balance] with you, and [made] rivers and roads, that you may be guided,
16. And landmarks [the infallible Imams swsa]; and by the star [Rasool Allah sawaw] they are guided.
17. Then is He who creates like one who does not create? So will you not be reminded?
18. And if you should count the favours of Allah, you cannot enumerate them. Indeed, Allah is Forgiving and Merciful.
19. And Allah knows what you conceal and what you declare.
20. And those [pioneers in founding the animosity to Ali swsa] they invoke other than Allah create nothing, and they [themselves] are created.
21. They are, [in fact], dead, not alive, and they do not perceive when they will be resurrected.

سُوْرَةُ النّحل

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیاز عام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

اللہ کا امر آ گیا ہے پس اس کیلئے عجلت نہ کرو (جبرائیلؑ قیامِ قائمؑ کا اس آیت سے اعلان کرے گا)؛ منزہ ہے وہ اور بلند ہے ان سے جن کو وہ شریک بناتے ہیں۔ وہ ملائکہ کو روح کے ساتھ نازل کرتا ہے اپنے امر سے اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے تاکہ ان (لوگوں) کو خبردار کر دو بیشک میرے سوا کوئی معبود نہیں ہے لہذا مجھ سے ڈرو۔ اس نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ خلق کیا؛ وہ ان سے بلند ہے جن کو وہ شریک بناتے ہیں۔ اس نے انسان کو نطفہ سے خلق کیا پھر یکایک وہ کھلا جھگڑالو بن گیا۔ اور جانور اس نے ان کو خلق کیا تمہارے لئے ان میں گرم لباس اور منافع ہے اور ان میں سے (بعض کا گوشت) تم کھاتے ہو۔ اور ان میں تمہارے لئے جمال ہے جب تم انہیں (شام کو) واپس لاتے ہو اور جب تم انہیں (صبح چرنے) بھیجتے ہو۔ اور وہ تمہارے بوجھ اٹھاتے ہیں ایسے شہر تک جہاں تم نہیں پہنچ سکتے مگر اپنی جانوں کی مشقت کے ساتھ؛ بیشک تمہارا رب واقعی شفیق رحم کرنے والا ہے۔ اور (خلق کئے) گھوڑے اور خچر اور گدھے تاکہ تم ان پر سوار ہو اور (بطور) زینت؛ اور وہ خلق کرتا ہے جو تم نہیں جانتے۔ اور اللہ کے اوپر ذمہ ہے سیدھی سبیل (بتانا) اور ان میں ٹیڑھی (سبیلیں) بھی ہیں؛ اور اگر وہ چاہتا تو تم سب کو ہدایت دے دیتا۔ وہ وہی ہے جس نے تمہارے لئے آسمان سے پانی نازل کیا جس میں مشروب (پینے کا پانی) ہے اور اس سے پودے (اگتے) ہیں جن میں تم (جانور) چراتے ہو۔ وہ اس کے ذریعے تمہارے لئے زراعت (کھیتیاں) اور زیتون اور کھجور اور انگور اور ہر طرح کے ثمرات اگاتا ہے؛ بیشک اس میں تفکر کرنے والی قوم کیلئے واقعی آیت ہے۔ اور اس نے تمہارے لئے لیل و نہار اور شمس و قمر کو مسخر کیا ہے؛ اور ستارے بھی اس کے امر سے مسخر ہیں؛ بیشک اس میں عقل کرنے والی قوم کیلئے آیات ہیں۔ اور جو چیزیں اس نے تمہارے لئے زمین میں پیدا کی ہیں ان کے مختلف رنگ ہیں؛ بیشک اس میں نصیحت لینے والی قوم کیلئے آیت ہے۔ اور وہ وہی ہے جس نے سمندر کو مسخر کیا تاکہ تم اس میں سے تروتازہ گوشت کھاؤ اور تم اس میں سے زیور نکالو جسے تم پہنتے ہو۔ اور تم دیکھتے ہو کہ کشتیاں اس میں چیرتی چلی جاتی ہیں اور تاکہ تم اس کا فضل تلاش کرو اور شاید کہ تم شکر کرو۔ اور اس نے زمین میں مضبوط پہاڑ ڈال دیئے تاکہ تمہیں لے کر ہچکولے نہ کھانے لگے اور نہریں اور راستے (بنائے) شاید کہ تم ہدایت پاؤ۔ اور علامات (آئمۂ معصومینؑ) اور نجم (رسولؐ اللہ) سے وہ ہدایت پاتے ہیں۔ کیا پھر جو خلق کرتا ہے اس کی مانند ہے جو کچھ بھی خلق نہیں کرتا؛ کیا پھر تم نصیحت نہیں لیتے۔ اور اگر تم اللہ کی نعمتوں کی تعداد شمار کرنا چاہو تو تم ان کا احاطہ نہیں کر سکتے؛ بیشک اللہ واقعی بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔ اور اللہ جانتا ہے جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو۔ اور جن (عداوتِ علیؑ کی بنیاد رکھنے والے اولین لوگوں) کو وہ اللہ کے علاوہ پکارتے ہیں وہ کسی شئ کو خلق نہیں کرتے بلکہ وہ (خود) خلق کئے گئے ہیں۔ (درحقیقت وہ) مردہ ہیں زندہ نہیں، اور وہ شعور نہیں رکھتے کہ کب ان کو اٹھایا جائے گا۔

سُوْرَةُ النّحل

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

أَتَىٰٓ أَمْرُ ٱللَّهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوهُ ۚ سُبْحَـٰنَهُۥ وَتَعَـٰلَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ (١) يُنَزِّلُ ٱلْمَلَـٰٓئِكَةَ بِٱلرُّوحِ مِنْ أَمْرِهِۦ عَلَىٰ مَن يَشَآءُ مِنْ عِبَادِهِۦٓ أَنْ أَنذِرُوٓا۟ أَنَّهُۥ لَآ إِلَـٰهَ إِلَّآ أَنَا۠ فَٱتَّقُونِ (٢) خَلَقَ ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضَ بِٱلْحَقِّ ۚ تَعَـٰلَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ (٣) خَلَقَ ٱلْإِنسَـٰنَ مِن نُّطْفَةٍ فَإِذَا هُوَ خَصِيمٌ مُّبِينٌ (٤) وَٱلْأَنْعَـٰمَ خَلَقَهَا ۗ لَكُمْ فِيهَا دِفْءٌ وَمَنَـٰفِعُ وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ (٥) وَلَكُمْ فِيهَا جَمَالٌ حِينَ تُرِيحُونَ وَحِينَ تَسْرَحُونَ (٦) وَتَحْمِلُ أَثْقَالَكُمْ إِلَىٰ بَلَدٍ لَّمْ تَكُونُوا۟ بَـٰلِغِيهِ إِلَّا بِشِقِّ ٱلْأَنفُسِ ۚ إِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ (٧) وَٱلْخَيْلَ وَٱلْبِغَالَ وَٱلْحَمِيرَ لِتَرْكَبُوهَا وَزِينَةً ۚ وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُونَ (٨) وَعَلَى ٱللَّهِ قَصْدُ ٱلسَّبِيلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ ۚ وَلَوْ شَآءَ لَهَدَىٰكُمْ أَجْمَعِينَ (٩) هُوَ ٱلَّذِىٓ أَنزَلَ مِنَ ٱلسَّمَآءِ مَآءً لَّكُم مِّنْهُ شَرَابٌ وَمِنْهُ شَجَرٌ فِيهِ تُسِيمُونَ (١٠) يُنۢبِتُ لَكُم بِهِ ٱلزَّرْعَ وَٱلزَّيْتُونَ وَٱلنَّخِيلَ وَٱلْأَعْنَـٰبَ وَمِن كُلِّ ٱلثَّمَرَٰتِ ۗ إِنَّ فِى ذَٰلِكَ لَءَايَةً لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ (١١) وَسَخَّرَ لَكُمُ ٱلَّيْلَ وَٱلنَّهَارَ وَٱلشَّمْسَ وَٱلْقَمَرَ ۖ وَٱلنُّجُومُ مُسَخَّرَٰتٌۢ بِأَمْرِهِۦٓ ۗ إِنَّ فِى ذَٰلِكَ لَءَايَـٰتٍ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ (١٢) وَمَا ذَرَأَ لَكُمْ فِى ٱلْأَرْضِ مُخْتَلِفًا أَلْوَٰنُهُۥٓ ۗ إِنَّ فِى ذَٰلِكَ لَءَايَةً لِّقَوْمٍ يَذَّكَّرُونَ (١٣) وَهُوَ ٱلَّذِى سَخَّرَ ٱلْبَحْرَ لِتَأْكُلُوا۟ مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَتَسْتَخْرِجُوا۟ مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُونَهَا وَتَرَى ٱلْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيهِ وَلِتَبْتَغُوا۟ مِن فَضْلِهِۦ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ (١٤) وَأَلْقَىٰ فِى ٱلْأَرْضِ رَوَٰسِىَ أَن تَمِيدَ بِكُمْ وَأَنْهَـٰرًا وَسُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ (١٥) وَعَلَـٰمَـٰتٍ ۚ وَبِٱلنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُونَ (١٦) أَفَمَن يَخْلُقُ كَمَن لَّا يَخْلُقُ ۗ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ (١٧) وَإِن تَعُدُّوا۟ نِعْمَةَ ٱللَّهِ لَا تُحْصُوهَا ۗ إِنَّ ٱللَّهَ لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ (١٨) وَٱللَّهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّونَ وَمَا تُعْلِنُونَ (١٩) وَٱلَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِ ٱللَّهِ لَا يَخْلُقُونَ شَيْـًٔا وَهُمْ يُخْلَقُونَ (٢٠) أَمْوَٰتٌ غَيْرُ أَحْيَآءٍ ۖ وَمَا يَشْعُرُونَ أَيَّانَ يُبْعَثُونَ (٢١)

22. Your god is one God. But those who do not believe in the Hereafter – their hearts are denying [Raj'at], and they are arrogant [to Wilayat e Ali swsa].
23. Assuredly, Allah knows what they conceal and what they declare. Indeed, He does not like the arrogant [to Wilayat e Ali swsa].
24. And when it is said to them, "What has your Rabb sent down?" they say, "Legends of the former peoples,"
25. That they [i.e. usurpers of the right of Ali swsa] may bear their own burdens [i.e. sins] in full on the Day of Qiyamah and some of the burdens of those [who followed them] whom they misguide without knowledge. Behold, evil is that which they bear.
26. Those before them had already plotted, but Allah came [demolishing] their building from the foundations [where they used to sit and plot], so the roof fell upon them from above them, and the punishment came to them from where they did not perceive.
27. Then on the Day of Qiyamah He will disgrace them and say, "Where are My 'partners' for whom you used to oppose?" Those who were given knowledge [i.e. the Masumeen swsa] will say, "Indeed disgrace, this Day, and evil are upon the disbelievers" –
28. The ones whom the angels take in death [while] wronging themselves, and [who] then offer submission, [saying], "We were not doing any evil." [Angels will say]: But, yes! Indeed, Allah is Knowing of what you used to do.
29. So enter the gates of Hell to abide eternally therein, and how wretched is the residence of the arrogant.
30. And it will be said to those who feared Allah, "What did your Rabb send down?" They will say, "Khair [the Best]." For those who do good in this world is good; and the home of the Hereafter is better. And how excellent is the home of the righteous –
31. Gardens of perpetual residence, which they will enter, beneath which rivers flow. They will have therein whatever they wish. Thus does Allah reward the righteous –
32. The ones whom the angels take in death, [being] pure [i.e. Shian-e-Ali with pure birth]; [the angels] will say, "Salamun Alaikum. Enter Paradise for what you used to do."
33. Do they [i.e. the disbelievers] await except that the angels should come to them [with punishment or death] or there comes the command [Zahoor of Qaim swsa] of your Rabb? Thus did those before them. And Allah wronged them not, but they had been wronging themselves.
34. So they were struck by the evil [consequences] of what they did and were surrounded by what they used to ridicule [i.e. mocking punishment in Raj'at].
35. And those who associate others with Allah say, "If Allah had willed, we would not have worshipped anything other than Him, neither we nor our fathers, nor would we have forbidden anything without [order from] Him." Thus did those before them. So is there upon the Rasools except [the duty of] clear notification?
36. And We certainly sent into every nation a Rasool, [saying], "Worship Allah and avoid Taghoot." And among them were those whom Allah guided, and among them were those upon whom error deserved [by belying Aal e Mohammad swsa]. So proceed [i.e. travel] through the earth and observe how was the end of the beliers.

إِلَـٰهُكُمۡ إِلَـٰهٌ وَٰحِدٌۚ فَٱلَّذِينَ لَا يُؤۡمِنُونَ بِٱلۡأٓخِرَةِ
قُلُوبُهُم مُّنكِرَةٌ وَهُم مُّسۡتَكۡبِرُونَ (٢٢) لَا جَرَمَ
أَنَّ ٱللَّهَ يَعۡلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعۡلِنُونَۚ إِنَّهُۥ لَا
يُحِبُّ ٱلۡمُسۡتَكۡبِرِينَ (٢٣) وَإِذَا قِيلَ لَهُم مَّاذَآ
أَنزَلَ رَبُّكُمۡۙ قَالُوٓاْ أَسَٰطِيرُ ٱلۡأَوَّلِينَ (٢٤)
لِيَحۡمِلُوٓاْ أَوۡزَارَهُمۡ كَامِلَةٗ يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِۙ وَمِنۡ
أَوۡزَارِ ٱلَّذِينَ يُضِلُّونَهُم بِغَيۡرِ عِلۡمٍۗ أَلَا سَآءَ مَا
يَزِرُونَ (٢٥) قَدۡ مَكَرَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡ فَأَتَى
ٱللَّهُ بُنۡيَٰنَهُم مِّنَ ٱلۡقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَيۡهِمُ ٱلسَّقۡفُ مِن
فَوۡقِهِمۡ وَأَتَىٰهُمُ ٱلۡعَذَابُ مِنۡ حَيۡثُ لَا يَشۡعُرُونَ
(٢٦) ثُمَّ يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِ يُخۡزِيهِمۡ وَيَقُولُ أَيۡنَ
شُرَكَآءِيَ ٱلَّذِينَ كُنتُمۡ تُشَٰٓقُّونَ فِيهِمۡۚ قَالَ ٱلَّذِينَ
أُوتُواْ ٱلۡعِلۡمَ إِنَّ ٱلۡخِزۡيَ ٱلۡيَوۡمَ وَٱلسُّوٓءَ عَلَى
ٱلۡكَٰفِرِينَ (٢٧) ٱلَّذِينَ تَتَوَفَّىٰهُمُ ٱلۡمَلَٰٓئِكَةُ
ظَالِمِيٓ أَنفُسِهِمۡۖ فَأَلۡقَوُاْ ٱلسَّلَمَ مَا كُنَّا نَعۡمَلُ مِن
سُوٓءِۭۚ بَلَىٰٓ إِنَّ ٱللَّهَ عَلِيمُۢ بِمَا كُنتُمۡ تَعۡمَلُونَ (٢٨)
فَٱدۡخُلُوٓاْ أَبۡوَٰبَ جَهَنَّمَ خَٰلِدِينَ فِيهَاۖ فَلَبِئۡسَ مَثۡوَى
ٱلۡمُتَكَبِّرِينَ (٢٩) ۞ وَقِيلَ لِلَّذِينَ ٱتَّقَوۡاْ مَاذَآ
أَنزَلَ رَبُّكُمۡۚ قَالُواْ خَيۡرٗاۗ لِّلَّذِينَ أَحۡسَنُواْ فِي هَٰذِهِ
ٱلدُّنۡيَا حَسَنَةٞۚ وَلَدَارُ ٱلۡأٓخِرَةِ خَيۡرٞۚ وَلَنِعۡمَ دَارُ
ٱلۡمُتَّقِينَ (٣٠) جَنَّٰتُ عَدۡنٖ يَدۡخُلُونَهَا تَجۡرِي
مِن تَحۡتِهَا ٱلۡأَنۡهَٰرُۖ لَهُمۡ فِيهَا مَا يَشَآءُونَۚ كَذَٰلِكَ
يَجۡزِي ٱللَّهُ ٱلۡمُتَّقِينَ (٣١) ٱلَّذِينَ تَتَوَفَّىٰهُمُ
ٱلۡمَلَٰٓئِكَةُ طَيِّبِينَۙ يَقُولُونَ سَلَٰمٌ عَلَيۡكُمُ ٱدۡخُلُواْ
ٱلۡجَنَّةَ بِمَا كُنتُمۡ تَعۡمَلُونَ (٣٢) هَلۡ يَنظُرُونَ إِلَّآ
أَن تَأۡتِيَهُمُ ٱلۡمَلَٰٓئِكَةُ أَوۡ يَأۡتِيَ أَمۡرُ رَبِّكَۚ كَذَٰلِكَ
فَعَلَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡۚ وَمَا ظَلَمَهُمُ ٱللَّهُ وَلَٰكِن
كَانُوٓاْ أَنفُسَهُمۡ يَظۡلِمُونَ (٣٣) فَأَصَابَهُمۡ
سَيِّـَٔاتُ مَا عَمِلُواْ وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُواْ بِهِۦ
يَسۡتَهۡزِءُونَ (٣٤) وَقَالَ ٱلَّذِينَ أَشۡرَكُواْ لَوۡ شَآءَ
ٱللَّهُ مَا عَبَدۡنَا مِن دُونِهِۦ مِن شَيۡءٖ نَّحۡنُ وَلَآ
ءَابَآؤُنَا وَلَا حَرَّمۡنَا مِن دُونِهِۦ مِن شَيۡءٖۚ كَذَٰلِكَ
فَعَلَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡۚ فَهَلۡ عَلَى ٱلرُّسُلِ إِلَّا
ٱلۡبَلَٰغُ ٱلۡمُبِينُ (٣٥) وَلَقَدۡ بَعَثۡنَا فِي كُلِّ أُمَّةٖ
رَّسُولًا أَنِ ٱعۡبُدُواْ ٱللَّهَ وَٱجۡتَنِبُواْ ٱلطَّٰغُوتَۖ
فَمِنۡهُم مَّنۡ هَدَى ٱللَّهُ وَمِنۡهُم مَّنۡ حَقَّتۡ عَلَيۡهِ
ٱلضَّلَٰلَةُۚ فَسِيرُواْ فِي ٱلۡأَرۡضِ فَٱنظُرُواْ كَيۡفَ
كَانَ عَٰقِبَةُ ٱلۡمُكَذِّبِينَ (٣٦)

تمہارا معبود صرف واحد معبود ہے پس جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے ان کے قلوب منکر ہیں (رجعت کے) اور وہی تکبر کرتے ہیں (ولایتِ علیؑ سے)۔ اس میں کوئی گڑبڑ نہیں بیشک اللہ جانتا ہے جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اور جو کچھ وہ ظاہر کرتے ہیں؛ بیشک وہ (ولایتِ علیؑ سے) تکبر کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تمہارے رب نے کیا نازل کیا ہے تو وہ کہتے ہیں پہلے لوگوں کے قصے کہانیاں۔ تاکہ وہ (حقِ علیؑ غصب کرنے والے) قیامت کے دن اپنے بوجھ کامل اٹھائیں اور ان لوگوں کے (جنہوں نے ان کی پیروی کی) کچھ بوجھ بھی جن کو وہ علم کے بغیر گمراہ کرتے تھے؛ خبردار بہت برا بوجھ ہے جو وہ اٹھا رہے ہیں۔ تحقیق جو لوگ ان سے قبل تھے انہوں نے بھی خفیہ تدبیریں کیں تو اللہ نے ان کی عمارت (جس میں بیٹھ کر سازش کرتے تھے) کو بنیادوں سے اکھاڑ دیا اور ان پر چھت کو گرا دیا ان کے اوپر اور ان پر عذاب آیا جہاں سے وہ شعور نہیں رکھتے تھے۔ پھر یومِ قیامت اللہ ان کو ذلیل کرے گا اور کہے گا کہاں ہیں میرے وہ شریک جن کیلئے تم جھگڑتے تھے؛ جن لوگوں کو علم عطا کیا گیا ہے (یعنی معصومینؑ) کہیں گے بیشک آج ذلت اور بدبختی کافروں پر ہے۔ جن کو ملائکہ وفات دیتے ہیں جب وہ اپنے نفسوں پر ظلم کر رہے ہوتے ہیں، تو وہ (فوراً) اطاعت پیش کر دیتے ہیں (اور کہتے ہیں) ہم تو کوئی برائی نہیں کر رہے تھے؛ (ملائکہ کہیں گے) کیوں نہیں، بیشک اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ تم کرتے رہے تھے۔ پس جہنم کے ابواب میں داخل ہو جاؤ اس میں ہمیشہ رہنے کیلئے؛ پس واقعی بہت برا ٹھکانا ہے تکبر کرنے والوں کیلئے۔ اور جن لوگوں نے تقویٰ کیا ان سے کہا گیا تمہارے رب نے کیا نازل کیا ہے تو وہ کہتے ہیں خیر؛ جن لوگوں نے نیک رویہ رکھا ان کیلئے اس دنیا میں بھلائی ہے؛ اور آخرت کا گھر یقیناً بہتر ہے؛ اور متقین کا گھر واقعی بہت اچھا ہے۔ وہ عدن (ہمیشگی) کی جنتوں میں داخل ہوں گے جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں ان کیلئے وہ سب کچھ ان میں ہوگا جو وہ چاہیں گے؛ اس طرح اللہ متقین کو جزا دیتا ہے۔ ان لوگوں کو ملائکہ وفات دیتے ہیں جبکہ ہو طیب (پاک ولادت والے شیعانِ علیؑ) ہوتے ہیں، (ملائکہ) کہتے ہیں سلام علیکم، جنت میں داخل ہو جاؤ ان اعمال کی وجہ سے جو تم کیا کرتے تھے۔ کیا وہ انتظار کر رہے ہیں سوائے اس کے کہ ان کے پاس ملائکہ آجائیں (عذاب یا موت لے کر) یا تیرے رب کا امر آجائے (یعنی ظہورِ قائمؑ)؛ اسی طرح ان لوگوں نے بھی کیا جو ان سے قبل تھے؛ اور اللہ نے ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ (خود) اپنے نفسوں پر ظلم کرتے تھے۔ تو وہ برائیاں انہیں (گلے) آپڑیں جو وہ کرتے تھے اور وہ اس چیز میں گھر گئے جس کا (یعنی رجعت میں سزا کا) وہ مذاق اڑاتے تھے۔ اور جن لوگوں نے شرک کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ اگر اللہ چاہتا تو نہ ہم اور نہ ہی ہمارے باپ دادا اس کے علاوہ کسی شئ کی عبادت کرتے اور نہ اس کے (حکم کے) علاوہ کسی شئ کو ہم حرام کر لیتے؛ اسی طرح ان لوگوں نے بھی کیا جو ان سے قبل تھے، تو کیا رسولوں پر ذمہ داری ہے سوائے واضح پہنچا دینے کے؟ اور تحقیق ہم نے ہر امت میں رسول مبعوث کیا (اور کہا) کہ اللہ کی عبادت کرو اور طاغوت سے اجتناب کرو، پھر ان میں کچھ تھے جن کو اللہ نے ہدایت دے دی اور ان میں کچھ تھے جن پر گمراہی کا استحقاق ہو گیا (آلِ محمدؐ کو جھٹلانے کی وجہ سے)؛ پس زمین میں چلو پھرو اور دیکھو تکذیب کرنے والوں کا انجام کیسا ہوا۔

37. If you desire for their guidance, indeed, Allah does not guide those He sends astray, and they will have no helpers.
38. And they [so-called Muslims] swear by Allah their strongest oaths [that] Allah will not resurrect [in Raj'at] one who dies. Why not – [it is] a true promise [binding] upon Him, but most of the people do not know.
39. So that He will make clear to them [the truth of] that about which they differ and that those who disbelieved may know that they were liars [about the fact that enemies of the Masumeen swsa will be killed and Momineen will feel cool in their chests].
40. Indeed, Our word to a thing when We intend it, is only that We say to it, "Be," and it is.
41. And those who emigrated for [the cause of] Allah after they had been wronged – We will surely settle them in this world in a good place; but the reward of the Hereafter is greater, if only they could know.
42. [They are] those who endure patiently and trust upon their Rabb.
43. And We sent not before you except men to whom We revealed [Our message]. So ask Ahl az-Zikr [the family of Zikr: the infallible Imams swsa] if you do not know. [But know that to answer every question is not obligation on the Imams swsa]
44. [We sent them] with clear proofs and written ordinances. And We revealed to you the Zikr [i.e. the Qur'an] that you may make clear to the people what was sent down to them and that they might give thought.
45. Then, do those who have planned evil deeds feel secure that Allah will not cause the earth to swallow them or that the punishment will not come upon them from where they do not perceive?
46. Or that He would not seize them during their [business or usual] activity, but they cannot subdue [i.e. escape from Him]?
47. Or that He would not seize them gradually in a state of dread [anticipating any hardship]? But indeed, your Rabb is Kind and Merciful.
48. Have they not observed what things Allah has created? Their shadows incline to the right and to the left, prostrating to Allah, while they [i.e. those creations] are humble.
ہر حمد اللہ کیلئے ہے جس نے اپنے عبد پر کتاب نازل کی اور اس میں کوئی ٹیڑھ نہیں بنائی۔ سیدھی ہمیشہ قائم رہنے والی، تاکہ وہ اللہ کے پاس سے شدید عذاب سے خبردار کرے (اعداء اللہ کیلئے شدید عذاب مولا علیؑ ہے) اور وہ مؤمنین کو بشارت دے جو صالح اعمال کرتے ہیں کہ بیشک ان کیلئے اچھا اجر ہے۔ جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ اور ان لوگوں کو بھی خبردار کرے جو کہتےہیں کہ اللہ نے کوئی بیٹا بنا لیا ہے۔ اس بات کا انہیں کوئی علم نہیں اور نہ ان کے باپ دادا کو تھا؛ بہت بڑی بات ہے جو ان کے منہ سے نکلتی ہے؛ وہ نہیں کہتے مگر جھوٹ۔ پھر شاید تم اپنی جان کو ہلاک کر لو گے ان کے اثار (طرزِعمل) کے پیچھے افسوس کے مارے کہ وہ اس حدیث پر ایمان نہیں لاتے۔ بیشک ہم نے جو کچھ زمین پر ہے اس کیلئے زینت بنایا ہے تاکہ ہم ان لوگوں کو آزمائیں کہ ان میں سے کون احسن عمل کرتا ہے۔ اور ہم اس سب کو جو اس (زمین) پر ہے ایک چٹیل میدان بنا دیں گے۔ کیا تم سمجھتے ہو کہ اصحابِ کھف (غار والے) اور رقیم (کتبے والے) ہماری عجیب آیات میں سے تھے۔ جب جوانوں نے غار میں پنا لی تو انہوں نے کہا اے ہمارے رب ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا کر اور ہمارے معاملے میں ہمیں درستگی مہیا فرما۔ پھر ہم نے ان کے کانوں پر (نیند کا) تھپکا مار کر غار میں کئی سال سلا دیا۔ پھر ہم نے انہیں اٹھایا تاکہ ہم جان لیں کہ کون سا گروہ بہتر شمار کرتا ہے کہ وہ کتنی مدت پڑے رہے۔ ہم تمہیں ان کی خبر حق کے ساتھ سناتے ہیں؛ بیشک وہ چند جوان تھے جو اپنے رب پر ایمان رکھتے تھے اور ہم نے ان کی ہدایت میں اضافہ کیا تھا۔ اور ہم نے ان کے قلوب رابطے میں (مضبوط) رکھے جب وہ اٹھے تو انہوں نے کہا ہمارا رب آسمانوں اور زمین کا رب ہے ہم ہرگز اس کے علاوہ کسی کو معبود نہیں پکاریں گے، (اگر ہم ایسا نہ کریں) تو یقیناً ہم نے تب بہت زیادہ حد سے گذرنے والی بات کہی۔ یہ ہماری قوم اس نے اللہ کے علاوہ معبود بنا لئے ہیں؛ وہ لوگ ان (جھوٹے معبودوں) پر واضح دلیل کیوں نہیں لاتے؛ پس اس سے بڑا ظالم کون ہو سکتا ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھے۔ اور (وہ ایک دوسرے سے کہنے لگے) جب تم ان سے الگ ہو چکے ہو اور ان (معبودوں) سے جن کی وہ اللہ کے سوا عبادت کرتے ہیں تو چلو غار میں پناہ لو تمہارا رب تمہارے لئے اپنی رحمت پھیلا دے گا اور تمہارے لئے تمہارے معاملے میں آسانی مہیا کر دے گا۔ اور تم دیکھتے ہو کہ سورج جب طلوع ہوتا ہے تو ان کی غار سے دائیں جانب چلا جاتا ہے اور جب غروب ہوتا ہے تو ان سے بچ کر بائیں جانب نکل جاتا ہے اور وہ اس (غار) کے اندر ایک کھلی جگہ میں ہیں؛ وہ اللہ کی آیات میں سے ہیں؛ جسے اللہ ہدایت دے پس وہی ہدایت یافتہ ہے، اور جسے وہ گمراہ کر دے تو اس کیلئے تم ہرگز کوئی ولی مرشد نہ پاؤ گے۔ اور تم سمجھتے ہو کہ وہ جاگ رہے ہیں حالانکہ وہ سو رہے ہیں، اور ہم انہیں دائیں جانب اور بائیں جانب کروٹ دلواتے رہتے ہیں، اور ان کا کتا (غار کے) دہانے پر بازو پھیلائے ہوئے (بیٹھا) تھا؛ اگر تم ان پر جھانک کر دیکھتے تو ان سے مڑ کر فرار ہو جاتے اور تم واقعی ان کے رعب سے بھر جاتے۔

سُوْرَةُ الكهف

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ ٱلَّذِىٓ أَنزَلَ عَلَىٰ عَبْدِهِ ٱلْكِتَـٰبَ وَلَمْ
يَجْعَل لَّهُۥ عِوَجَا ۜ (١) قَيِّمًا لِّيُنذِرَ بَأْسًا شَدِيدًا
مِّن لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ ٱلْمُؤْمِنِينَ ٱلَّذِينَ يَعْمَلُونَ
ٱلصَّـٰلِحَـٰتِ أَنَّ لَهُمْ أَجْرًا حَسَنًا (٢) مَّـٰكِثِينَ فِيهِ
أَبَدًا (٣) وَيُنذِرَ ٱلَّذِينَ قَالُوا۟ ٱتَّخَذَ ٱللَّهُ وَلَدًا (٤)
مَّا لَهُم بِهِۦ مِنْ عِلْمٍ وَلَا لِـَٔابَآئِهِمْ ۚ كَبُرَتْ كَلِمَةً
تَخْرُجُ مِنْ أَفْوَٰهِهِمْ ۚ إِن يَقُولُونَ إِلَّا كَذِبًا (٥)
فَلَعَلَّكَ بَـٰخِعٌ نَّفْسَكَ عَلَىٰٓ ءَاثَـٰرِهِمْ إِن لَّمْ يُؤْمِنُوا۟
بِهَـٰذَا ٱلْحَدِيثِ أَسَفًا (٦) إِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى
ٱلْأَرْضِ زِينَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ أَيُّهُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا
(٧) وَإِنَّا لَجَـٰعِلُونَ مَا عَلَيْهَا صَعِيدًا جُرُزًا (٨)
أَمْ حَسِبْتَ أَنَّ أَصْحَـٰبَ ٱلْكَهْفِ وَٱلرَّقِيمِ كَانُوا۟
مِنْ ءَايَـٰتِنَا عَجَبًا (٩) إِذْ أَوَى ٱلْفِتْيَةُ إِلَى
ٱلْكَهْفِ فَقَالُوا۟ رَبَّنَآ ءَاتِنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً وَهَيِّئْ
لَنَا مِنْ أَمْرِنَا رَشَدًا (١٠) فَضَرَبْنَا عَلَىٰٓ
ءَاذَانِهِمْ فِى ٱلْكَهْفِ سِنِينَ عَدَدًا (١١) ثُمَّ
بَعَثْنَـٰهُمْ لِنَعْلَمَ أَىُّ ٱلْحِزْبَيْنِ أَحْصَىٰ لِمَا لَبِثُوٓا۟
أَمَدًا (١٢) نَّحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَأَهُم بِٱلْحَقِّ ۚ إِنَّهُمْ
فِتْيَةٌ ءَامَنُوا۟ بِرَبِّهِمْ وَزِدْنَـٰهُمْ هُدًى (١٣)
وَرَبَطْنَا عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ إِذْ قَامُوا۟ فَقَالُوا۟ رَبُّنَا رَبُّ
ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ لَن نَّدْعُوَا۟ مِن دُونِهِۦٓ إِلَـٰهًا ۖ
لَّقَدْ قُلْنَآ إِذًا شَطَطًا (١٤) هَـٰٓؤُلَآءِ قَوْمُنَا ٱتَّخَذُوا۟
مِن دُونِهِۦٓ ءَالِهَةً ۖ لَّوْلَا يَأْتُونَ عَلَيْهِم بِسُلْطَـٰنٍۭ
بَيِّنٍ ۖ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ ٱفْتَرَىٰ عَلَى ٱللَّهِ كَذِبًا
(١٥) وَإِذِ ٱعْتَزَلْتُمُوهُمْ وَمَا يَعْبُدُونَ إِلَّا ٱللَّهَ
فَأْوُۥٓا۟ إِلَى ٱلْكَهْفِ يَنشُرْ لَكُمْ رَبُّكُم مِّن رَّحْمَتِهِۦ
وَيُهَيِّئْ لَكُم مِّنْ أَمْرِكُم مِّرْفَقًا (١٦) ۞ وَتَرَى
ٱلشَّمْسَ إِذَا طَلَعَت تَّزَٰوَرُ عَن كَهْفِهِمْ ذَاتَ
ٱلْيَمِينِ وَإِذَا غَرَبَت تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ ٱلشِّمَالِ وَهُمْ
فِى فَجْوَةٍ مِّنْهُ ۚ ذَٰلِكَ مِنْ ءَايَـٰتِ ٱللَّهِ ۗ مَن يَهْدِ ٱللَّهُ
فَهُوَ ٱلْمُهْتَدِ ۖ وَمَن يُضْلِلْ فَلَن تَجِدَ لَهُۥ وَلِيًّا
مُّرْشِدًا (١٧) وَتَحْسَبُهُمْ أَيْقَاظًا وَهُمْ رُقُودٌ ۚ
وَنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ ٱلْيَمِينِ وَذَاتَ ٱلشِّمَالِ ۖ وَكَلْبُهُم
بَـٰسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِٱلْوَصِيدِ ۚ لَوِ ٱطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ
لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا (١٨)

19. And similarly, We awakened them that they might question one another. Said a speaker from among them, "How long have you remained [here]?" They said, "We have remained a day or part of a day." They said, "Your Rabb is most knowing of how long you remained. So send one of you with this silver coin of yours to the city and let him look to which is the best of food [dates] and bring you provision from it and let him be cautious. And let no one be aware of you.
20. Indeed, if they come to know of you, they will stone you or return you to their religion. And never would you succeed, then – ever."
21. And similarly, We caused them to be found that they [who found them] would know that the promise of Allah is truth and that of the Hour there is no doubt. [That was] when they disputed among themselves about their affair and [then] said, "Construct over them a structure. Their Rabb is most knowing about them." Said those who prevailed in the matter, "We will surely make over them a Masjid."
22. They [i.e. people] will say there were three, the fourth of them being their dog; and they will say there were five, the sixth of them being their dog – guessing at the unseen; and they will say there were seven, and the eighth of them was their dog. Say, [O Mohammad sawaw], "My Rabb is most knowing of their number. None knows them except a few. So do not argue about them except with an obvious argument and do not inquire about them among [the people of the book] from anyone."
23. And never say of anything, "Surely, I will do that tomorrow,"
24. Except [when adding], "If Allah wills." And remember your Rabb when you forget [it] and say, "Perhaps my Rabb will guide me to what is nearer than this to right conduct."
25. And they remained in their cave for three hundred years and exceeded by nine.
26. Say, "Allah is most knowing of how long they remained. He has [knowledge of] the unseen [aspects] of the heavens and the earth. How clear Seeing is He and how clear Hearing! They have not besides Him any guardian, and He shares not His judgement with anyone."
27. And recite, [O Mohammad sawaw], what has been revealed to you of the Book of your Rabb. There is no changer of His words, and never will you find in other than Him a refuge.
28. And keep yourself patient [by being] with those [like Salman] who call upon their Rabb in the morning and the evening [in Salaat], seeking His Face [countenance: Wajhullah]. And let not your eyes pass beyond them, desiring adornments of the worldly life, and do not obey one whose heart We have made heedless of Our Zikr [remembrance] and who follows his desire and whose affair is ever [in] neglect.
29. And say, "The Haqq [Wilayat e Ali swsa] is from your Rabb, so whoever wills – let him believe; and whoever wills – let him disbelieve." Indeed, We have prepared for the wrongdoers [who do injustice to the rights of Aal e Mohammad swsa] a fire whose walls will surround them. And if they call for relief, they will be relieved with water like murky oil, which scalds [their] faces. Wretched is the drink, and evil is the resting place.
30. Indeed, those who believe and do righteous deeds – indeed, We will not allow to be lost the reward of any who did the best deed.

وَكَذَٰلِكَ بَعَثْنَٰهُمْ لِيَتَسَآءَلُوا۟ بَيْنَهُمْ ۚ قَالَ قَآئِلٌ
مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ ۖ قَالُوا۟ لَبِثْنَا يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۚ
قَالُوا۟ رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ فَٱبْعَثُوٓا۟ أَحَدَكُم
بِوَرِقِكُمْ هَٰذِهِۦٓ إِلَى ٱلْمَدِينَةِ فَلْيَنظُرْ أَيُّهَآ أَزْكَىٰ
طَعَامًا فَلْيَأْتِكُم بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا
يُشْعِرَنَّ بِكُمْ أَحَدًا (١٩) إِنَّهُمْ إِن يَظْهَرُوا۟
عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوكُمْ أَوْ يُعِيدُوكُمْ فِى مِلَّتِهِمْ وَلَن
تُفْلِحُوٓا۟ إِذًا أَبَدًا (٢٠) وَكَذَٰلِكَ أَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ
لِيَعْلَمُوٓا۟ أَنَّ وَعْدَ ٱللَّهِ حَقٌّ وَأَنَّ ٱلسَّاعَةَ لَا رَيْبَ
فِيهَآ إِذْ يَتَنَٰزَعُونَ بَيْنَهُمْ أَمْرَهُمْ ۖ فَقَالُوا۟ ٱبْنُوا۟
عَلَيْهِم بُنْيَٰنًا ۖ رَّبُّهُمْ أَعْلَمُ بِهِمْ ۚ قَالَ ٱلَّذِينَ غَلَبُوا۟
عَلَىٰٓ أَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِم مَّسْجِدًا (٢١)
سَيَقُولُونَ ثَلَٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ وَيَقُولُونَ خَمْسَةٌ
سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْمًۢا بِٱلْغَيْبِ ۖ وَيَقُولُونَ سَبْعَةٌ
وَثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ قُل رَّبِّىٓ أَعْلَمُ بِعِدَّتِهِم مَّا
يَعْلَمُهُمْ إِلَّا قَلِيلٌ ۗ فَلَا تُمَارِ فِيهِمْ إِلَّا مِرَآءً ظَٰهِرًا
وَلَا تَسْتَفْتِ فِيهِم مِّنْهُمْ أَحَدًا (٢٢) وَلَا تَقُولَنَّ
لِشَاْىْءٍ إِنِّى فَاعِلٌ ذَٰلِكَ غَدًا (٢٣) إِلَّآ أَن يَشَآءَ
ٱللَّهُ ۚ وَٱذْكُر رَّبَّكَ إِذَا نَسِيتَ وَقُلْ عَسَىٰٓ أَن
يَهْدِيَنِ رَبِّى لِأَقْرَبَ مِنْ هَٰذَا رَشَدًا (٢٤)
وَلَبِثُوا۟ فِى كَهْفِهِمْ ثَلَٰثَ مِا۟ئَةٍ سِنِينَ وَٱزْدَادُوا۟
تِسْعًا (٢٥) قُلِ ٱللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوا۟ ۖ لَهُۥ غَيْبُ
ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ ۖ أَبْصِرْ بِهِۦ وَأَسْمِعْ ۚ مَا لَهُم
مِّن دُونِهِۦ مِن وَلِىٍّ وَلَا يُشْرِكُ فِى حُكْمِهِۦٓ
أَحَدًا (٢٦) وَٱتْلُ مَآ أُوحِىَ إِلَيْكَ مِن كِتَابِ
رَبِّكَ ۖ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَٰتِهِۦ وَلَن تَجِدَ مِن دُونِهِۦ
مُلْتَحَدًا (٢٧) وَٱصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ ٱلَّذِينَ يَدْعُونَ
رَبَّهُم بِٱلْغَدَوٰةِ وَٱلْعَشِىِّ يُرِيدُونَ وَجْهَهُۥ ۖ وَلَا
تَعْدُ عَيْنَاكَ عَنْهُمْ تُرِيدُ زِينَةَ ٱلْحَيَوٰةِ ٱلدُّنْيَا ۖ وَلَا
تُطِعْ مَنْ أَغْفَلْنَا قَلْبَهُۥ عَن ذِكْرِنَا وَٱتَّبَعَ هَوَىٰهُ
وَكَانَ أَمْرُهُۥ فُرُطًا (٢٨) وَقُلِ ٱلْحَقُّ مِن رَّبِّكُمْ ۖ
فَمَن شَآءَ فَلْيُؤْمِن وَمَن شَآءَ فَلْيَكْفُرْ ۚ إِنَّآ أَعْتَدْنَا
لِلظَّٰلِمِينَ نَارًا أَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ۚ وَإِن
يَسْتَغِيثُوا۟ يُغَاثُوا۟ بِمَآءٍ كَٱلْمُهْلِ يَشْوِى ٱلْوُجُوهَ ۚ
بِئْسَ ٱلشَّرَابُ وَسَآءَتْ مُرْتَفَقًا (٢٩) إِنَّ ٱلَّذِينَ
ءَامَنُوا۟ وَعَمِلُوا۟ ٱلصَّٰلِحَٰتِ إِنَّا لَا نُضِيعُ أَجْرَ
مَنْ أَحْسَنَ عَمَلًا (٣٠)

اور اس طرح ہم نے انہیں اٹھایا تاکہ وہ آپس میں ایک دوسرے سے پوچھیں؛ ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا تم کتنی دیر پڑے رہے؟ انہوں نے کہا ہم ایک دن یا دن کو کچھ حصہ پڑے رہے؛ (مزید) انہوں نے کہا تمہارا رب زیادہ جانتا ہے کہ تم کتنی دیر پڑے رہے؛ پس اپنے میں سے کسی ایک کو اپنا چاندی کا یہ سکہ دے کر شہر بھیجو تو وہ دیکھے کہ بہترین کھانا (کھجور) کہاں (ملتا) ہے تو وہ وہاں سے تمہارے پاس کچھ رزق لائے اور ہوشیار رہے اور کسی ایک کو بھی تمہارے متعلق پتہ نہ لگنے دے۔ بیشک اگر انہوں نے تم پر قابو پا لیا تو تمہیں سنگسار کر دیں گے یا تمہیں اپنی ملت (دین) میں واپس لے جائیں گے اور پھر تم ہرگز تاابد فلاح نہ پا سکو گے۔ اور اس طرح ہم نے (اہلِ شہر کو) ان پر مطلع کر دیا تاکہ وہ لوگ جان لیں کہ اللہ کا وعدہ حق سچ ہے اور بیشک ساعت میں کوئی شک نہیں، جب وہ ان کے معاملے میں آپس میں تنازع کر رہے تھے تو انہوں نے کہا کہ ان پر ایک عمارت بنا دو؛ ان کو رب ان کے متعلق بہتر جانتا ہے؛ جو لوگ ان کے معاملے میں غالب آگئے انہوں نے کہا ہم ان پر ضرور ایک مسجد بنائیں گے۔ کچھ کہیں گے تین تھے ان کا چوتھا ان کا کتا تھا، اور کچھ کہتے ہیں پانچ ان کو چھٹا ان کا کتا تھا، بغیر دیکھے نشانے مارتے ہوئے (یعنی ظنی فتاویٰ)، اور کچھ کہتے ہیں سات اور ان کا آٹھواں ان کا کتا تھا؛ کہہ دو میرا رب بہتر جانتا ہے ان کی تعداد کو، ان کو کوئی نہیں جانتا سوائے قلیل افراد کے، پس تم ان کے بارے میں بحث نہ کرو سوائے اس بحث کے جو ظاہر ہے، اور نہ ان کے متعلق ان (اہلِ کتاب) میں سے کسی سے پوچھو۔ اور تم کسی شئ کے لئے نہ کہو کہ بیشک وہ (کام) میں کل کروں گا۔ مگر یہ کہ اللہ چاہے، اور جب تم بھول جاؤ تو اپنے رب کو یاد کرو اور کہو ہو سکتا ہے کہ میرا رب مجھے ہدایت دے جو اس سے زیادہ درستگی کے قریب ہے۔ اور (کچھ کہتے ہیں) وہ اپنی غار میں تین سو سال پڑے رہے اور مزید نو سال۔ کہہ دو اللہ بہتر جانتا ہے جتنا عرصہ وہ پڑے رہے، آسمانوں اور زمین کا غیب اسی کیلئے ہے؛ کیا خوب دیکھنے والا ہے اور کیا خوب سننے والا ہے؛ ان کا اس کے علاوہ کوئی ولی نہیں، اور وہ اپنے فیصلے میں کسی کو شریک نہیں کرتا۔ اور (اے حبیبؐ) تمہارے رب کی کتاب میں سے جو تمہاری طرف وحی کیا گیا ہے تلاوت کرکے سنا دو؛ کوئی اس کے کلمات کو بدلنے والا نہیں، اور تم اس کے علاوہ ہرگز کوئی پناہ گاہ نہ پاؤ گے۔ اور اپنے آپ کو صبر کے ساتھ ان (سلمانؓ جیسے) لوگوں کی معیت میں رکھو جو اپنے رب کو صبح و شام پکارتے ہیں (یعنی صلاۃ قائم کرتے ہیں) وہ وجہ اللہ چاہتے ہیں اور تم اپنی آنکھیں ان سے نہ ہٹانا کہ تم دنیا کی زندگی کی زینت چاہو، اور نہ اس کی اطاعت کرنا جس کے قلب کو ہم نے اپنے ذکر سے غافل کر دیا ہے اور جس نے اپنی خواہش کا اتباع کیا ہے اور اس کا معاملہ کوتاہی میں حد سے بڑھا ہوا ہے۔ اور کہہ دو حق (ولایتِ علیؑ) تمہارے رب کی طرف سے ہے، پس جو چاہے ایمان لے آئے اور جو چاہے کفر کر دے، بیشک ہم نے (آلِ محمدؐ کے حق پر ظلم کرنے والے) ظالموں کیلئے نار تیار کر رکھی ہے جس کی دیواریں ان کا احاطہ کر لیں گی؛ اور اگر وہ پانی کی فریاد کریں گے تو ان کی فریاد رسی ایسے پانی سے کی جائے گی جو پگھلے ہوئے تانبے کی طرح ہو گا جو چہروں کو جلا ڈالے گا؛ بدترین مشروب؛ اور بہت بری آرام گاہ۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور صالح اعمال کئے بیشک ہم اس کا اجر ضائع نہیں کرتے جس نے احسن عمل کیا۔

31. Those will have gardens of perpetual residence; beneath them rivers will flow. They will be adorned therein with bracelets of gold and will wear green garments of fine silk and brocade, reclining therein on adorned couches. Excellent is the reward, and good is the resting place.
32. And present to them an example of two men: We granted to one of them two gardens of grapevines, and We bordered them both with palm trees and placed between them [fields of] crops.
33. Each of the two gardens produced its fruit and did not fall short thereof in anything. And We caused to gush forth within them a river.
34. And he used to have fruit, so he said to his companion while he was conversing with him, "I am greater than you in wealth and mightier in [numbers of] men."
35. And he entered his garden while he was unjust to himself. He said, "I do not think that this will perish – ever.
36. And I do not think the Hour will occur. And even if I should be brought back to my Rabb, I will surely find better than this as a return."
37. His companion said to him while he was conversing with him, "Have you disbelieved in He who created you from dust and then from a semen-drop and then proportioned you [as] a man [i.e. O enemy of Ali swsa! Did you forget your creation?]
38. But as for me, He is Allah, my Rabb, and I do not associate with my Rabb anyone.
39. And why did you, when you entered your garden, not say, 'What Allah willed [has occurred]; there is no power except in Allah'? Although you see me less than you in wealth and children,
40. It may be that my Rabb will give me [something] better than your garden and will send upon it [i.e. your garden] a calamity from the sky, and it will become a smooth, dusty ground,
41. Or its water will become sunken [into the earth], so you would never be able to find it."
42. And his fruits were encompassed [by ruin], so he began to wring his hands [in dismay] over what he had spent on it, while it had collapsed upon its trellises, and said, "Oh, I wish I had not associated with my Rabb anyone."
43. And there was for him no company to aid him other than Allah, nor could he defend himself.
44. Here is the Walayat [completely] for Allah, the Haqq [i.e. Wilayat e Ali swsa is Wilayat e Elahiya]. He is best in reward and best in requiting.
45. And present to them the example of the life of this world, [its being] like rainwater which We send down from the sky, and the vegetation of the earth mingles with it and [then] it becomes dry remnants, scattered by the winds. And Allah is ever, over all things, Perfect in Ability.
46. Wealth and children are [but] adornment of the worldly life. But the enduring good deeds are better near your Rabb for reward and better for [one's] hope.
47. And [warn of] the Day when We will remove the mountains and you will see the earth levelled plain, and We will gather them and not leave behind from them anyone.
48. And they will be presented before your Rabb in rows, [and He will say], "You have certainly come to Us just as We created you the first time. But you claimed that We would never make for you an appointment."

أُوْلَٰٓئِكَ لَهُمۡ جَنَّٰتُ عَدۡنٖ تَجۡرِي مِن تَحۡتِهِمُ ٱلۡأَنۡهَٰرُ يُحَلَّوۡنَ فِيهَا مِنۡ أَسَاوِرَ مِن ذَهَبٖ وَيَلۡبَسُونَ ثِيَابًا خُضۡرٗا مِّن سُندُسٖ وَإِسۡتَبۡرَقٖ مُّتَّكِـِٔينَ فِيهَا عَلَى ٱلۡأَرَآئِكِۚ نِعۡمَ ٱلثَّوَابُ وَحَسُنَتۡ مُرۡتَفَقٗا (٣١) ۞ وَٱضۡرِبۡ لَهُم مَّثَلٗا رَّجُلَيۡنِ جَعَلۡنَا لِأَحَدِهِمَا جَنَّتَيۡنِ مِنۡ أَعۡنَٰبٖ وَحَفَفۡنَٰهُمَا بِنَخۡلٖ وَجَعَلۡنَا بَيۡنَهُمَا زَرۡعٗا (٣٢) كِلۡتَا ٱلۡجَنَّتَيۡنِ ءَاتَتۡ أُكُلَهَا وَلَمۡ تَظۡلِم مِّنۡهُ شَيۡـٔٗاۚ وَفَجَّرۡنَا خِلَٰلَهُمَا نَهَرٗا (٣٣) وَكَانَ لَهُۥ ثَمَرٞ فَقَالَ لِصَٰحِبِهِۦ وَهُوَ يُحَاوِرُهُۥٓ أَنَا۠ أَكۡثَرُ مِنكَ مَالٗا وَأَعَزُّ نَفَرٗا (٣٤) وَدَخَلَ جَنَّتَهُۥ وَهُوَ ظَالِمٞ لِّنَفۡسِهِۦ قَالَ مَآ أَظُنُّ أَن تَبِيدَ هَٰذِهِۦٓ أَبَدٗا (٣٥) وَمَآ أَظُنُّ ٱلسَّاعَةَ قَآئِمَةٗ وَلَئِن رُّدِدتُّ إِلَىٰ رَبِّي لَأَجِدَنَّ خَيۡرٗا مِّنۡهَا مُنقَلَبٗا (٣٦) قَالَ لَهُۥ صَاحِبُهُۥ وَهُوَ يُحَاوِرُهُۥٓ أَكَفَرۡتَ بِٱلَّذِي خَلَقَكَ مِن تُرَابٖ ثُمَّ مِن نُّطۡفَةٖ ثُمَّ سَوَّىٰكَ رَجُلٗا (٣٧) لَّٰكِنَّا۠ هُوَ ٱللَّهُ رَبِّي وَلَآ أُشۡرِكُ بِرَبِّيٓ أَحَدٗا (٣٨) وَلَوۡلَآ إِذۡ دَخَلۡتَ جَنَّتَكَ قُلۡتَ مَا شَآءَ ٱللَّهُ لَا قُوَّةَ إِلَّا بِٱللَّهِۚ إِن تَرَنِ أَنَا۠ أَقَلَّ مِنكَ مَالٗا وَوَلَدٗا (٣٩) فَعَسَىٰ رَبِّيٓ أَن يُؤۡتِيَنِ خَيۡرٗا مِّن جَنَّتِكَ وَيُرۡسِلَ عَلَيۡهَا حُسۡبَانٗا مِّنَ ٱلسَّمَآءِ فَتُصۡبِحَ صَعِيدٗا زَلَقًا (٤٠) أَوۡ يُصۡبِحَ مَآؤُهَا غَوۡرٗا فَلَن تَسۡتَطِيعَ لَهُۥ طَلَبٗا (٤١) وَأُحِيطَ بِثَمَرِهِۦ فَأَصۡبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيۡهِ عَلَىٰ مَآ أَنفَقَ فِيهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَىٰ عُرُوشِهَا وَيَقُولُ يَٰلَيۡتَنِي لَمۡ أُشۡرِكۡ بِرَبِّيٓ أَحَدٗا (٤٢) وَلَمۡ تَكُن لَّهُۥ فِئَةٞ يَنصُرُونَهُۥ مِن دُونِ ٱللَّهِ وَمَا كَانَ مُنتَصِرٗا (٤٣) هُنَالِكَ ٱلۡوَلَٰيَةُ لِلَّهِ ٱلۡحَقِّۚ هُوَ خَيۡرٞ ثَوَابٗا وَخَيۡرٌ عُقۡبٗا (٤٤) وَٱضۡرِبۡ لَهُم مَّثَلَ ٱلۡحَيَوٰةِ ٱلدُّنۡيَا كَمَآءٍ أَنزَلۡنَٰهُ مِنَ ٱلسَّمَآءِ فَٱخۡتَلَطَ بِهِۦ نَبَاتُ ٱلۡأَرۡضِ فَأَصۡبَحَ هَشِيمٗا تَذۡرُوهُ ٱلرِّيَٰحُۗ وَكَانَ ٱللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ مُّقۡتَدِرًا (٤٥) ٱلۡمَالُ وَٱلۡبَنُونَ زِينَةُ ٱلۡحَيَوٰةِ ٱلدُّنۡيَاۖ وَٱلۡبَٰقِيَٰتُ ٱلصَّٰلِحَٰتُ خَيۡرٌ عِندَ رَبِّكَ ثَوَابٗا وَخَيۡرٌ أَمَلٗا (٤٦) وَيَوۡمَ نُسَيِّرُ ٱلۡجِبَالَ وَتَرَى ٱلۡأَرۡضَ بَارِزَةٗ وَحَشَرۡنَٰهُمۡ فَلَمۡ نُغَادِرۡ مِنۡهُمۡ أَحَدٗا (٤٧) وَعُرِضُواْ عَلَىٰ رَبِّكَ صَفّٗا لَّقَدۡ جِئۡتُمُونَا كَمَا خَلَقۡنَٰكُمۡ أَوَّلَ مَرَّةِۭۚ بَلۡ زَعَمۡتُمۡ أَلَّن نَّجۡعَلَ لَكُم مَّوۡعِدٗا (٤٨)

ان لوگوں کیلئے ہمیشہ رہنے والی جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، ان کو وہاں سونے کے کنگنوں سے آراستہ کیا جائے گا اور وہ باریک ریشم اور اطلس ودیبا کے سبز کپڑے پہنیں گے، مزین مسندوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے؛ بہترین اجروثواب اور بہت اچھی آرام گاہ۔ اور (اے حبیبؐ) ان کیلئے دو اشخاص کی مثال پیش کرو ہم نے ان میں سے ایک کیلئے دو باغ بنائے تھے انگوروں کے اور ان پر کھجور کے درختوں کی باڑ لگائی اور ان کے درمیان کھیت بنائے۔ دونوں باغوں میں سے ہر ایک نے خوب پھل دیا اور اس میں کوئی کمی نہ کی، اور ان دونوں کے درمیان ہم نے ایک نہر جاری کر دی۔ اور اس کا بہت پھل ہوتا تھا، تو اس نے اپنے ساتھی سے کہا جب وہ اس سے باتیں کر رہا تھا میں تم سے زیادہ مالدار ہوں اور نفری میں زیادہ طاقتور ہوں۔ اور وہ اپنے باغ میں داخل ہوا اور وہ اپنے نفس کیلئے ظالم تھا، اس نے کہا میں نہیں سمجھتا کہ یہ کبھی بھی فنا ہو جائے گا۔ اور میں نہیں سمجھتا کہ ساعت قائم ہونے والی ہے، اور اگر مجھے اپنے رب کی طرف واپس بھی لایا گیا تو میں ضرور اس سے بہتر پا لوں گا بدلے میں۔ اس سے اس کے ساتھی نے کہا جب وہ اس سے باتیں کر رہا تھا کیا تو کفر کرتا ہے اس کا جس نے تمہیں تراب سے خلق کیا پھر نطفہ سے پھر تمہیں سنوار کر آدمی بنا دیا (یعنی اے دشمنِ علیؑ! کیا تو اپنی خلقت کو بھول گیا ہے)۔ لیکن میرا رب تو وہ اللہ ہی ہے اور میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا۔ اور جب تو اپنے باغ میں داخل ہوا تو تم نے کیوں نہ کہا ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ، اگر تم دیکھتے (سمجھتے) ہو میں تم سے مال اور اولاد میں کمتر ہوں۔ تو ہو سکتا ہے کہ میرا رب مجھے تیرے باغ سے بہتر دے دے اور اس (تیرے باغ) پر آسمان سے کوئی آفت بھیج دے تو وہ صبح کو صاف میدان بن کر رہ جائے۔ یا صبح تک اس کا پانی (زمین میں) نیچے اتر جائے پھر تم اس کی تلاش کی ہرگز استطاعت نہیں رکھتے۔ اور اس کا پھل (آفت کے) گھیرے میں آ گیا تو وہ ہاتھ مَلتا رہ گیا اس (مال) پر جو اس نے اس میں خرچ کیا تھا اور وہ (باغ) اپنی ٹٹیوں (لکڑی کے جنگلے) پر گرا پڑا تھا اور وہ کہہ رہا تھا اے کاش میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناتا۔ اور اس کے پاس کوئی گروہ نہیں تھا جو اللہ کے علاوہ اس کی نصرت کرتا اور نہ وہ مدافعت کر سکا۔ یہاں (ثابت ہے کہ) ولایت اللہ کیلئے حق ہے (یعنی ولایتِ علیؑ ہی ولایتِ الٰہیہ ہے)؛ وہی بہتر ثواب اور بہتر نتیجہ دینے والا ہے۔ اور ان کیلئے دنیا کی حیات کی مثال پیش کرو جیسا کہ ہم نے آسمان سے پانی نازل کیا تو وہ زمین کے نباتات سے مل جاتا ہے پھر وہ خشک بھوسہ ہو جاتی ہیں جسے ہوا بکھیر دیتی ہے؛ اور اللہ ہمیشہ سے ہر شئ پر مکمل قدرت رکھتا ہے۔ مال اور بیٹے دنیا کی حیات کی زینت ہیں، اور باقی رہنے والے صالح اعمال تیرے رب کے نزدیک بہتر ہیں ثواب اور بہتر امید کیلئے۔ اور جس دن ہم پہاڑوں کو چلا دیں گے اور تم زمین کو ہموار میدان دیکھو گے، اور ہم ان کو محشور کریں گے تو ان میں سے کسی ایک کو بھی ہم پیچھے نہیں چھوڑیں گے۔ اور وہ تمہارے رب کے سامنے صف در صف پیش کئے جائیں گے؛ تحقیق تم ہمارے پاس آگئے جس طرح ہم نے تمہیں پہلی بار خلق کیا تھا، بلکہ تم نے سمجھا تھا کہ ہم ہرگز تمہارے لئے وعدے کا وقت مقرر نہیں کریں گے۔

49. And the record [of deeds] will be placed [open], and you will see the criminals fearful of that within it, and they will say, "Oh, woe to us! What is this book that leaves nothing small or great except that it has enumerated [included] it?" And they will find what they did present [before them]. And your Rabb does not do injustice to anyone.
50. And [recall] when We said to the angels, “Do Sajdah to Adam,” and they did Sajdah, except Iblees. He was of the jinn, so he disobeyed the command of his Rabb. Then will you take him and his descendants as Aoliya [guardians] other than Me while they are enemies to you? Wretched it is for the wrongdoers as an exchange.
51. I did not make them witness to the creation of the heavens and the earth nor to the creation of themselves, and I never take the misguiders as assistants.
52. And [warn of] the Day when He will say, "Call 'My partners’ whom you claimed," and they will invoke them, but they will not respond to them. And We will put between them a valley of Hell.
53. And the criminals will see the Fire and will be certain that they are to fall therein. And they will not find a place to turn away from it.
54. And We have certainly explained in different ways in this Qur'an for the people from every [kind of] example; but man has ever been, most of anything, [prone to] disputing.
55. And nothing has prevented the people from believing when guidance came to them and from asking forgiveness of their Rabb except that there [must] befall them the [accustomed] precedent of the former peoples or that the punishment should come [directly] before them.
56. And We send not the Rasools except as bringers of good tidings and warners. And those who disbelieve dispute by [using] falsehood to [attempt to] invalidate thereby the truth and have taken My verses, and that of which they are warned, in ridicule.
57. And who is more unjust than one who is reminded of the Ayaat of his Rabb but turns away from them and forgets what his hands have put forth? Indeed, We have placed over their hearts coverings, lest they understand it, and in their ears deafness. And if you invite them to guidance – they will never be guided, then – ever.
58. And your Rabb is the Forgiving, Possessor of mercy. If He were to impose blame upon them for what they earned, He would have hastened for them the punishment. Rather, for them is an appointment from which they will never find an escape.
59. And those cities – We destroyed them when they wronged, and We made for their destruction an appointed time.
60. And [recall] when Musa said to his boy [i.e. servant], “I will not cease [traveling] until I reach the junction of the two seas or continue for a long period.”
61. But when they reached the junction between two [seas], they forgot their fish, and it took its course into the sea, slipping away.
62. So when they had passed beyond it, [Musa] said to his boy, "Bring us our morning meal. We have certainly suffered in this, our journey, [much] fatigue.”
63. He said, "Did you see when we retired to the rock? Indeed, I forgot [there] the fish. And none made me forget it except Shaitan – that I should mention it. And it took its course into the sea amazingly.”

وَوُضِعَ ٱلۡكِتَـٰبُ فَتَرَى ٱلۡمُجۡرِمِينَ مُشۡفِقِينَ مِمَّا
فِيهِ وَيَقُولُونَ يَـٰوَيۡلَتَنَا مَالِ هَـٰذَا ٱلۡكِتَـٰبِ لَا
يُغَادِرُ صَغِيرَةً وَلَا كَبِيرَةً إِلَّآ أَحۡصَىٰهَاۚ وَوَجَدُواْ
مَا عَمِلُواْ حَاضِرًاۗ وَلَا يَظۡلِمُ رَبُّكَ أَحَدًا (٤٩)
وَإِذۡ قُلۡنَا لِلۡمَلَـٰٓئِكَةِ ٱسۡجُدُواْ لِأٓدَمَ فَسَجَدُوٓاْ إِلَّآ
إِبۡلِيسَ كَانَ مِنَ ٱلۡجِنِّ فَفَسَقَ عَنۡ أَمۡرِ رَبِّهِۦٓۗ
أَفَتَتَّخِذُونَهُۥ وَذُرِّيَّتَهُۥٓ أَوۡلِيَآءَ مِن دُونِي وَهُمۡ
لَكُمۡ عَدُوٌّۢۖ بِئۡسَ لِلظَّـٰلِمِينَ بَدَلًا (٥٠) ۞ مَّآ
أَشۡهَدتُّهُمۡ خَلۡقَ ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ وَلَا خَلۡقَ
أَنفُسِهِمۡ وَمَا كُنتُ مُتَّخِذَ ٱلۡمُضِلِّينَ عَضُدًا (٥١)
وَيَوۡمَ يَقُولُ نَادُواْ شُرَكَآءِيَ ٱلَّذِينَ زَعَمۡتُمۡ
فَدَعَوۡهُمۡ فَلَمۡ يَسۡتَجِيبُواْ لَهُمۡ وَجَعَلۡنَا بَيۡنَهُم مَّوۡبِقًا
(٥٢) وَرَءَا ٱلۡمُجۡرِمُونَ ٱلنَّارَ فَظَنُّوٓاْ أَنَّهُم
مُّوَاقِعُوهَا وَلَمۡ يَجِدُواْ عَنۡهَا مَصۡرِفًا (٥٣) وَلَقَدۡ
صَرَّفۡنَا فِي هَـٰذَا ٱلۡقُرۡءَانِ لِلنَّاسِ مِن كُلِّ مَثَلٖۚ
وَكَانَ ٱلۡإِنسَـٰنُ أَكۡثَرَ شَيۡءٖ جَدَلًا (٥٤) وَمَا
مَنَعَ ٱلنَّاسَ أَن يُؤۡمِنُوٓاْ إِذۡ جَآءَهُمُ ٱلۡهُدَىٰ
وَيَسۡتَغۡفِرُواْ رَبَّهُمۡ إِلَّآ أَن تَأۡتِيَهُمۡ سُنَّةُ ٱلۡأَوَّلِينَ أَوۡ
يَأۡتِيَهُمُ ٱلۡعَذَابُ قُبُلًا (٥٥) وَمَا نُرۡسِلُ ٱلۡمُرۡسَلِينَ
إِلَّا مُبَشِّرِينَ وَمُنذِرِينَۚ وَيُجَـٰدِلُ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ
بِٱلۡبَـٰطِلِ لِيُدۡحِضُواْ بِهِ ٱلۡحَقَّۖ وَٱتَّخَذُوٓاْ ءَايَـٰتِي
وَمَآ أُنذِرُواْ هُزُوًا (٥٦) وَمَنۡ أَظۡلَمُ مِمَّن ذُكِّرَ
بِـَٔايَـٰتِ رَبِّهِۦ فَأَعۡرَضَ عَنۡهَا وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتۡ
يَدَاهُۚ إِنَّا جَعَلۡنَا عَلَىٰ قُلُوبِهِمۡ أَكِنَّةً أَن يَفۡقَهُوهُ
وَفِيٓ ءَاذَانِهِمۡ وَقۡرٗاۖ وَإِن تَدۡعُهُمۡ إِلَى ٱلۡهُدَىٰ فَلَن
يَهۡتَدُوٓاْ إِذًا أَبَدًا (٥٧) وَرَبُّكَ ٱلۡغَفُورُ ذُو
ٱلرَّحۡمَةِۖ لَوۡ يُؤَاخِذُهُم بِمَا كَسَبُواْ لَعَجَّلَ لَهُمُ
ٱلۡعَذَابَۚ بَل لَّهُم مَّوۡعِدٞ لَّن يَجِدُواْ مِن دُونِهِۦ
مَوۡئِلٗا (٥٨) وَتِلۡكَ ٱلۡقُرَىٰٓ أَهۡلَكۡنَـٰهُمۡ لَمَّا ظَلَمُواْ
وَجَعَلۡنَا لِمَهۡلِكِهِم مَّوۡعِدٗا (٥٩) وَإِذۡ قَالَ مُوسَىٰ
لِفَتَىٰهُ لَآ أَبۡرَحُ حَتَّىٰٓ أَبۡلُغَ مَجۡمَعَ ٱلۡبَحۡرَيۡنِ أَوۡ
أَمۡضِيَ حُقُبٗا (٦٠) فَلَمَّا بَلَغَا مَجۡمَعَ بَيۡنِهِمَا
نَسِيَا حُوتَهُمَا فَٱتَّخَذَ سَبِيلَهُۥ فِي ٱلۡبَحۡرِ سَرَبًا
(٦١) فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتَىٰهُ ءَاتِنَا غَدَآءَنَا لَقَدۡ
لَقِينَا مِن سَفَرِنَا هَـٰذَا نَصَبًا (٦٢) قَالَ أَرَءَيۡتَ
إِذۡ أَوَيۡنَآ إِلَى ٱلصَّخۡرَةِ فَإِنِّي نَسِيتُ ٱلۡحُوتَ وَمَآ
أَنسَىٰنِيهُ إِلَّا ٱلشَّيۡطَـٰنُ أَنۡ أَذۡكُرَهُۥۚ وَٱتَّخَذَ سَبِيلَهُۥ
فِي ٱلۡبَحۡرِ عَجَبًا (٦٣)

اور کتاب (نامۂ اعمال) کو رکھا جائے گا پھر تم دیکھو گے کہ مجرم لوگ جو کچھ اس میں ہوگا اس سے ڈر رہے ہوں گے اور وہ کہیں گے ہائے ہماری تباہی! یہ کیسی کتاب ہے جو نہیں چھوڑتی کسی چھوٹی بات کو اور نہ بڑی کو مگر اس کا احاطہ کرتی ہے، اور جو کچھ انہوں نے کیا تھا وہ اس کو حاضر پائیں گے؛ اور تیرے رب کسی ایک پر بھی ظلم نہیں کرے گا۔ اور جب ہم نے ملائکہ سے کہا آدمؑ کو سجدہ کرو تو انہوں نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے؛ وہ جنوں میں سے تھا پس اس نے اپنے رب کے امر کی نافرمانی کی؛ کیا پھر تم میرے علاوہ اسے اور اس کی اولاد کو اولیاء بناتے ہو حالانکہ وہ تمہارے دشمن ہیں؛ بہت بُرا بدل ہے ظالموں کیلئے۔ میں نے آسمانوں اور زمین کی خلقت پر ان کو گواہ نہیں بنایا اور نہ ان کے نفسوں کی خلقت پر اور میں گمراہ کرنے والوں کو بازو (مددگار، قوتِ بازو) بنانے والا نہیں ہوں۔ اور جس دن وہ کہے گا پکارو میرے ان شریکوں کو جن کے متعلق تمہارا بڑا زعم تھا، تو وہ ان کو پکاریں گے مگر وہ ان کو جواب نہیں دیں گے اور ہم ان کے درمیان (جہنم کی) مہلک وادی بنا دیں گے۔ اور مجرمین نار دیکھیں گے تو سمجھ لیں گے کہ یقیناً وہ اس میں گرنے والے ہیں اور وہ اس سے بچ نکلنے کی کوئی جگہ نہیں پائیں گے۔ اور تحقیق ہم نے اس قرآن میں لوگوں کیلئے ہر طرح کی مثالیں مختلف طریقوں سے بیان کی ہیں اور انسان ہمیشہ سے ہر شئ سے زیادہ جھگڑالو ہے۔ اور نہیں روکا لوگوں کو کہ وہ ایمان لائیں جب ان کے پاس ہدایت آگئی اور وہ اپنے رب سے استغفار کریں سوائے اس کے کہ ان کے پاس پہلے لوگوں کی سنت (عادت) آ جائے یا ان کے سامنے عذاب آجائے۔ اور ہم نے مرسلین نہیں بھیجے مگر بشارت دینے والے اور خبردار کرنے والے، اور جن لوگوں نے کفر کیا ہے وہ باطل کے سہارے جھگڑا کرتے ہیں تاکہ اس کے ذریعے حق کو پھسلا کرجھوٹا ثابت کریں اور وہ میری آیات کو اور جو تنبیہہ انہیں کی گئی ہے اسے مذاق بناتے ہیں۔ اور اس سے بڑا ظالم کون ہو گا جسے اس کے رب کی آیات یاد دلائی جائیں تو وہ ان سے اعراض کرے اور بھول گیا جو اس کے ہاتھوں نے آگے بھیجا ہے؛ بیشک ہم نے ان کے قلوب پر غلاف بنا دیا ہے کہ وہ اس کو سمجھ سکیں اور ان کے کانوں میں بہرہ پن؛ اور اگر تم ان کو ہدایت کی طرف بلاؤ تو تب بھی ہرگز وہ تاابد ہدایت نہ پائیں گے۔ اور تیرا رب بخشنے والا رحم والا ہے؛ اور اگر وہ ان کو ان (کرتوتوں) کی وجہ سے پکڑ لیتا جو انہوں نے کئے ہیں تو ضرور ان کیلئے عذاب میں جلدی کرتا؛ بلکہ ان کیلئے وعدے کا ایک وقت ہے جس سے وہ ہرگز راہِ فرار نہیں پائیں گے۔ اور یہ وہ بستیاں ہیں جن کو ہم نے ہلاک کیا جب انہوں نے ظلم کیا اور ان کی ہلاکت کیلئے ایک وقت مقرر کر دیا۔ اور جب موسیٰؑ نے اپنے جوان سے کہا میں نہیں رُکوں گا حتیٰ کہ میں دو سمندروں کے سنگم پر پہنچ جاؤں یا میں عرصۂ دراز تک چلتا رہوں گا۔ پھر جب وہ دونوں ان (سمندروں) کے مابین سنگم پر پہنچے تو وہ اپنی مچھلی بھول گئے اور اس نے سمندر میں سرنگ کی طرح اپنا راستہ بنا لیا۔ پھر جب وہ آگے گذر گئے تو اس نے اپنے جوان سے کہا ہمارے پاس ہمارا کھانا لاؤ یقیناً ہم نے اپنے اس سفر سے تھکاوٹ پائی ہے۔ اس نے کہا کیا آپ نے دیکھا جب ہم چٹان کے پاس ٹھہرے تھے تو بیشک میں مچھلی کو بھول گیا ، اور مجھے نہیں بھلایا مگر شیطان نے کہ میں اس کا ذکر کروں، اور اس نے سمندر میں اپنا راستہ بنا لیا، عجیب طریقے سے۔

64. [Musa] said, "That is what we were seeking." So they returned, following their footprints.
65. Then they found a servant from among Our servants [i.e. al-Khizr] to whom We had given mercy from Us and had taught him from Us a [certain] knowledge.
66. Musa said to him, "May I follow you on [the condition] that you teach me from what you have been taught of sound judgement?”
67. He said, "Indeed, with me you will never be able to have patience.
68. And how can you have patience for what you do not encompass in knowledge?”
69. [Musa] said, "You will find me, if Allah wills, patient, and I will not disobey you in [any] order.”
70. He said, "Then if you follow me, do not ask me about anything until I make to you about it mention [i.e. explanation].”
71. So they set out, until when they had embarked in the boat, he [i.e. al-Khizr] tore it open. [Musa] said, "Have you torn it open to drown its people? You have certainly done a grave thing.”
72. [Al-Khizr] said, "Did I not say that with me you would never be able to have patience?”
73. [Musa] said, "Do not blame me for what I forgot and do not overburden me in my matter with difficulty.”
74. So they set out, until when they met a boy, he [i.e. al-Khizr] killed him. [Musa] said, "Have you killed an innocent soul for other than [having killed] a soul? You have certainly done an evil thing.”

قَالَ ذَٰلِكَ مَا كُنَّا نَبۡغِۚ فَٱرۡتَدَّا عَلَىٰٓ ءَاثَارِهِمَا
قَصَصًا (٦٤) فَوَجَدَا عَبۡدًا مِّنۡ عِبَادِنَآ ءَاتَيۡنَٰهُ
رَحۡمَةً مِّنۡ عِندِنَا وَعَلَّمۡنَٰهُ مِن لَّدُنَّا عِلۡمًا (٦٥)
قَالَ لَهُۥ مُوسَىٰ هَلۡ أَتَّبِعُكَ عَلَىٰٓ أَن تُعَلِّمَنِ مِمَّا
عُلِّمۡتَ رُشۡدًا (٦٦) قَالَ إِنَّكَ لَن تَسۡتَطِيعَ مَعِيَ
صَبۡرًا (٦٧) وَكَيۡفَ تَصۡبِرُ عَلَىٰ مَا لَمۡ تُحِطۡ
بِهِۦ خُبۡرًا (٦٨) قَالَ سَتَجِدُنِيٓ إِن شَآءَ ٱللَّهُ
صَابِرًا وَلَآ أَعۡصِي لَكَ أَمۡرًا (٦٩) قَالَ فَإِنِ
ٱتَّبَعۡتَنِي فَلَا تَسۡـَٔلۡنِي عَن شَيۡءٍ حَتَّىٰٓ أُحۡدِثَ لَكَ
مِنۡهُ ذِكۡرًا (٧٠) فَٱنطَلَقَا حَتَّىٰٓ إِذَا رَكِبَا فِي
ٱلسَّفِينَةِ خَرَقَهَاۖ قَالَ أَخَرَقۡتَهَا لِتُغۡرِقَ أَهۡلَهَا لَقَدۡ
جِئۡتَ شَيۡـًٔا إِمۡرًا (٧١) قَالَ أَلَمۡ أَقُلۡ إِنَّكَ لَن
تَسۡتَطِيعَ مَعِيَ صَبۡرًا (٧٢) قَالَ لَا تُؤَاخِذۡنِي
بِمَا نَسِيتُ وَلَا تُرۡهِقۡنِي مِنۡ أَمۡرِي عُسۡرًا
(٧٣) فَٱنطَلَقَا حَتَّىٰٓ إِذَا لَقِيَا غُلَٰمًا فَقَتَلَهُۥ قَالَ
أَقَتَلۡتَ نَفۡسًا زَكِيَّةَۢ بِغَيۡرِ نَفۡسٍ لَّقَدۡ جِئۡتَ شَيۡـًٔا
نُّكۡرًا (٧٤)

موسیٰؑ نے کہا وہی ہے جس کی ہمیں تلاش تھی، پھر وہ دونوں اپنے قدموں کے نشانات دیکھتے ہوئے واپس آئے۔ تو انہوں نے ہمارے بندوں میں سے ایک بندہ پایا جسے ہم نے اپنے پاس سے رحمت دی تھی اور ہم نے اسے اپنے پاس سے علم پڑھایا تھا۔ موسیٰؑ نے اس سے کہا کیا میں تمہارا اس (شرط) پر اتباع کر سکتا ہوں کہ تم مجھے وہ دانش تعلیم کرو جو تم کو تعلیم کی گئی ہے۔ خضرؑ نے کہا بیشک تم ہرگز میرے ساتھ صبر کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے۔ اور تم کیسے صبر کر سکتے ہو اس پر جس کا تم نے علم میں احاطہ نہ کیا ہو۔ موسیٰؑ نے کہا ان شاء اللہ تم مجھے صابر پاؤ گے اور میں تمہاری نافرمانی نہیں کروں گا کسی امر میں۔ اس نے کہا پس اگر تم میرا اتباع کرتے ہو تو تم مجھ سے کسی شئ کے متعلق نہ پوچھنا حتیٰ کہ میں خود تم سے گفتگو میں اس کا ذکر کروں۔ پس وہ دونوں روانہ ہوئے، حتیٰ کہ جب وہ دونوں کشتی میں سوار ہو گئے اس (خضرؑ) نے اس میں شگاف کر دیا؛ موسیٰؑ نے کہا تم نے اس میں شگاف ڈال دیا تاکہ اس کے (سوار) لوگ غرق ہو جائیں، تحقیق تم بڑی شئ لائے ہو۔ اس نے کہا کیا میں نے کہا نہ تھا بیشک تو ہرگز میرے ساتھ صبر کرنے کی استطاعت نہیں رکھتا۔ موسیٰؑ نے کہا تم میرا مواخذہ نہ کرو میرے بھول جانے کی وجہ سے اور تم میرے معاملے میں مجھے مشکل میں نہ ڈالو۔ پھر وہ دونوں روانہ ہوئے، حتیٰ کہ وہ دونوں ایک لڑکے کو ملے تو اس (خضرؑ) نے اسے قتل کر دیا، موسیٰؑ نے کہا کیا تم نے ایک بے گناہ نفس کو کسی نفس کے (بدلے کے) بغیر قتل کر دیا؛ تحقیق تم بہت بُری شئ لائے ہو۔

75. [Al-Khizr] said, "Did I not tell you that with me you would never be able to have patience?"
76. [Musa] said, "If I ask you about anything after this, then do not keep me as a companion. You have obtained from me an excuse."
77. So they set out, until when they came to the people of a town [Nasira], they asked its people for food, but they refused to offer them hospitality. And they found therein a wall about to collapse, so he [i.e. al-Khizr] restored it. [Musa] said, "If you wished, you could have taken for it a payment."
78. [Al-Khizr] said, "This is parting between me and you. I will inform you of the interpretation of that about which you could not have patience.
79. As for the ship, it belonged to poor people working at sea. So I intended to cause defect in it as there was after them a king who seized every [good] ship by force.
80. And as for the boy, his parents were believers, and we feared that he would overburden them by transgression and disbelief.
81. So we intended that their Rabb should substitute for them one better than him in purity and nearer to mercy.
82. And as for the wall, it belonged to two orphan boys in the city, and there was beneath it a treasure [a gold tablet on which Kalima Tayyiba was written] for them, and their father had been righteous. So your Rabb intended that they reach maturity and extract their treasure, as a mercy from your Rabb. And I did it not of my own accord. That is the interpretation of that about which you could not have patience."
83. And they ask you, [O Mohammad sawaw], about Zul-Qarnayn. Say, "I will recite to you about him a report."
84. Indeed, We established him upon the earth, and We gave him the means [way of access] to everything.
85. So he followed a way
86. Until, when he reached the setting of the sun [i.e. the West], he found it [as if] setting in a spring of dark mud [black sea], and he found near it a people. We [i.e. Allah] said, "O Zul-Qarnayn, either you punish [them] or else adopt among them [a way of] goodness."
87. He said, "As for one who wrongs, we will punish him. Then he will be returned to his Rabb, and He will punish him with a terrible punishment [i.e. Hellfire].
88. But as for one who believes and does righteousness, he will have a reward of the best [i.e. Paradise], and we [i.e. Zul-Qarnayn] will speak to him from our command with ease."
89. Then he followed [another] way
90. Until, when he came to the rising of the sun [i.e. the East], he found it rising on a people for whom We had not made against it any shield [i.e. shade or houses to protect from sun].
91. Thus. And We had encompassed [all] what he had in knowledge.
92. Then he followed [another] way
93. Until, when he reached [a pass] between two mountains, he found beside them a people who could hardly understand a word [of him].
94. They said, "O Zul-Qarnayn, indeed Yajooj and Majooj [Gog & Magog] are corrupters in the land. So may we pay you a tribute on that you should make between us and them a barrier?"

۞ قَالَ أَلَمۡ أَقُل لَّكَ إِنَّكَ لَن تَسۡتَطِيعَ مَعِيَ
صَبۡرٗا (٧٥) قَالَ إِن سَأَلۡتُكَ عَن شَيۡءِۭ بَعۡدَهَا
فَلَا تُصَٰحِبۡنِيۖ قَدۡ بَلَغۡتَ مِن لَّدُنِّي عُذۡرٗا (٧٦)
فَٱنطَلَقَا حَتَّىٰٓ إِذَآ أَتَيَآ أَهۡلَ قَرۡيَةٍ ٱسۡتَطۡعَمَآ أَهۡلَهَا
فَأَبَوۡاْ أَن يُضَيِّفُوهُمَا فَوَجَدَا فِيهَا جِدَارٗا يُرِيدُ أَن
يَنقَضَّ فَأَقَامَهُۥۖ قَالَ لَوۡ شِئۡتَ لَتَّخَذۡتَ عَلَيۡهِ
أَجۡرٗا (٧٧) قَالَ هَٰذَا فِرَاقُ بَيۡنِي وَبَيۡنِكَۚ
سَأُنَبِّئُكَ بِتَأۡوِيلِ مَا لَمۡ تَسۡتَطِع عَّلَيۡهِ صَبۡرًا
(٧٨) أَمَّا ٱلسَّفِينَةُ فَكَانَتۡ لِمَسَٰكِينَ يَعۡمَلُونَ فِي
ٱلۡبَحۡرِ فَأَرَدتُّ أَنۡ أَعِيبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُم مَّلِكٞ
يَأۡخُذُ كُلَّ سَفِينَةٍ غَصۡبٗا (٧٩) وَأَمَّا ٱلۡغُلَٰمُ فَكَانَ
أَبَوَاهُ مُؤۡمِنَيۡنِ فَخَشِينَآ أَن يُرۡهِقَهُمَا طُغۡيَٰنٗا
وَكُفۡرٗا (٨٠) فَأَرَدۡنَآ أَن يُبۡدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيۡرٗا
مِّنۡهُ زَكَوٰةٗ وَأَقۡرَبَ رُحۡمٗا (٨١) وَأَمَّا ٱلۡجِدَارُ
فَكَانَ لِغُلَٰمَيۡنِ يَتِيمَيۡنِ فِي ٱلۡمَدِينَةِ وَكَانَ تَحۡتَهُۥ
كَنزٞ لَّهُمَا وَكَانَ أَبُوهُمَا صَٰلِحٗا فَأَرَادَ رَبُّكَ أَن
يَبۡلُغَآ أَشُدَّهُمَا وَيَسۡتَخۡرِجَا كَنزَهُمَا رَحۡمَةٗ مِّن
رَّبِّكَۚ وَمَا فَعَلۡتُهُۥ عَنۡ أَمۡرِيۚ ذَٰلِكَ تَأۡوِيلُ مَا لَمۡ
تَسۡطِع عَّلَيۡهِ صَبۡرٗا (٨٢) وَيَسۡـَٔلُونَكَ عَن ذِي
ٱلۡقَرۡنَيۡنِۖ قُلۡ سَأَتۡلُواْ عَلَيۡكُم مِّنۡهُ ذِكۡرًا (٨٣) إِنَّا
مَكَّنَّا لَهُۥ فِي ٱلۡأَرۡضِ وَءَاتَيۡنَٰهُ مِن كُلِّ شَيۡءٖ
سَبَبًا (٨٤) فَأَتۡبَعَ سَبَبًا (٨٥) حَتَّىٰٓ إِذَا بَلَغَ
مَغۡرِبَ ٱلشَّمۡسِ وَجَدَهَا تَغۡرُبُ فِي عَيۡنٍ حَمِئَةٖ
وَوَجَدَ عِندَهَا قَوۡمٗاۗ قُلۡنَا يَٰذَا ٱلۡقَرۡنَيۡنِ إِمَّآ أَن
تُعَذِّبَ وَإِمَّآ أَن تَتَّخِذَ فِيهِمۡ حُسۡنٗا (٨٦) قَالَ أَمَّا
مَن ظَلَمَ فَسَوۡفَ نُعَذِّبُهُۥ ثُمَّ يُرَدُّ إِلَىٰ رَبِّهِۦ
فَيُعَذِّبُهُۥ عَذَابٗا نُّكۡرٗا (٨٧) وَأَمَّا مَنۡ ءَامَنَ
وَعَمِلَ صَٰلِحٗا فَلَهُۥ جَزَآءً ٱلۡحُسۡنَىٰۖ وَسَنَقُولُ
لَهُۥ مِنۡ أَمۡرِنَا يُسۡرٗا (٨٨) ثُمَّ أَتۡبَعَ سَبَبًا (٨٩)
حَتَّىٰٓ إِذَا بَلَغَ مَطۡلِعَ ٱلشَّمۡسِ وَجَدَهَا تَطۡلُعُ عَلَىٰ
قَوۡمٖ لَّمۡ نَجۡعَل لَّهُم مِّن دُونِهَا سِتۡرٗا (٩٠) كَذَٰلِكَ
وَقَدۡ أَحَطۡنَا بِمَا لَدَيۡهِ خُبۡرٗا (٩١) ثُمَّ أَتۡبَعَ سَبَبًا
(٩٢) حَتَّىٰٓ إِذَا بَلَغَ بَيۡنَ ٱلسَّدَّيۡنِ وَجَدَ مِن
دُونِهِمَا قَوۡمٗا لَّا يَكَادُونَ يَفۡقَهُونَ قَوۡلٗا (٩٣)
قَالُواْ يَٰذَا ٱلۡقَرۡنَيۡنِ إِنَّ يَأۡجُوجَ وَمَأۡجُوجَ
مُفۡسِدُونَ فِي ٱلۡأَرۡضِ فَهَلۡ نَجۡعَلُ لَكَ خَرۡجًا
عَلَىٰٓ أَن تَجۡعَلَ بَيۡنَنَا وَبَيۡنَهُمۡ سَدّٗا (٩٤)

اس (خضرؑ) نے کہا کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا بیشک تم میرے ساتھ ہرگز صبر کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے۔ موسٰیؑ نے کہا اگر میں اس کے بعد تم سے کسی شئ کے بارے میں پوچھوں تو تم مجھے ساتھ نہ رکھنا، تحقیق میری طرف سے تم کو عذر پہنچ گیا ہے۔ پھر وہ دونوں روانہ ہوئے، حتیٰ کہ جب وہ ایک بستی (ناصرہ) والوں کے پاس آئے تو انہوں نے اس کے باشندوں سے طعام مانگا مگر انہوں نے ان دونوں کی ضیافت کرنے سے انکار کر دیا، پھر انہوں نے اس میں ایک دیوار دیکھی جو گرا چاہتی تھی تو اس (خضرؑ) نے اسے پھر قائم کر دیا؛ موسٰیؑ نے کہا اگر تم چاہتے تو تم اس (کام) پر اجرت لے لیتے۔ اس نے کہا یہ میرے اور تمہارے درمیان جدائی ہے، میں تمہیں تاویل (اصل حقیقت) کی خبر دیتا ہوں جن پر تم صبر نہ کر سکے۔ رہی کشتی تو وہ مسکینوں کی تھی جو سمندر میں کام کرتے تھے میں نے ارادہ کیا کہ اسے عیب دار کر دوں کیونکہ ان کے پیچھے ایک بادشاہ تھا جو ہر کشتی غصب کرتے ہوئے پکڑ رہا تھا۔ اور رہا وہ لڑکا تو اس کے والدین مؤمن تھے تو ہمیں اندیشہ ہوا کہ وہ ان دونوں پر سرکشی اور کفر سے سختی کرے گا۔ تو ہم نے ارادہ کیا کہ ان کا رب اس کو ان کیلئے بدل دے جو پاکیزگی میں اس سے بہتر ہو اور صلہ رحمی میں قریب تر ہو۔ اور رہی دیوار تو وہ شہر میں دو یتیم لڑکوں کی ہے اور اس کے نیچے ان دونوں کیلئے خزانہ (سونے کی تختی جس پر مکمل کلمۂ طیبہ لکھا ہوا تھا) ہے اور ان کا باپ صالح آدمی تھا تو تیرے رب نے ارادہ کیا کہ وہ دونوں اپنی بلوغت کو پہنچ جائیں اور وہ اپنا خزانہ نکال لیں، تمہارے رب کی طرف سے رحمت، اور میں نے اسے اپنے امر سے نہیں کیا، یہ ہے تاویل (حقیقت) جس پر تم صبر نہ کر سکے۔ اور (اے حبیبؐ) وہ تمہیں ذوالقرنین کے متعلق پوچھتے ہیں؛ کہہ دو میں اس کا کچھ ذکر تمہیں تلاوت کرکے سناتا ہوں۔ بیشک ہم نے اسے زمین میں اقتدار دیا تھا اور ہم نے اسے ہر شئ کے اسباب و وسائل دیئے تھے۔ تو وہ ایک وسیلے کے پیچھے چلا۔ حتیٰ کہ جب وہ سورج کے غروب ہونے کی جگہ (یعنی مغرب) پہنچا اور اس نے دیکھا (گویا) کہ وہ ایک سیاہ کیچڑ کے چشمے (بحراسود) میں ڈوب رہا ہے اور اس کے پاس ایک قوم کو پایا؛ ہم نے کہا اے ذوالقرنین یا تو (ان کو) عذاب دے اور یا تو ان سے حسنِ سلوک اختیار کرے۔ اس نے کہا رہا وہ جو ظلم کرے گا تو عنقریب ہم اس کو عذاب دیں گے پھر وہ اپنے رب کی طرف پلٹایا جائے گا تو وہ اسے بہت بُرا عذاب دے گا۔ اور رہا وہ جو ایمان لائے گا اور صالح عمل کرے گا تو اس کیلئے اچھی جزا ہے، تو ہم اس کیلئے اپنے امر میں سے آسان کہیں گے۔ پھر وہ ایک وسیلے کے پیچھے چلا۔ حتیٰ کہ جب وہ سورج طلوع ہونے کی جگہ (یعنی مشرق) پہنچا تو اس نے ایسی قوم پر اسے طلوع ہوتے پایا جس کیلئے ہم نے اس سے (بچاؤ کیلئے) کوئی پردہ (دھوپ سے بچنے کیلئے سایہ، مکان وغیرہ) نہیں بنایا تھا۔ اسی طرح تھا؛ اور تحقیق ہم نے احاطہ کر رکھا تھا جو کچھ علم اس کے پاس تھا۔ پھر وہ ایک وسیلے کے پیچھے چلا۔ حتیٰ کہ جب وہ دو پہاڑوں کے درمیان پہنچا تو ان دونوں کے پاس ایک قوم کو پایا، جو مشکل سے کوئی بات سمجھتے تھے۔ انہوں نے کہا اے ذوالقرنین بیشک یاجوج اور ماجوج اس زمین میں فساد کرتے ہیں تو کیا ہم اس (کام) پر تمہیں خراج دیں کہ تم ہمارے اور ان کے درمیان ایک فصیل بنا دو۔

95. He said, "That in which my Rabb has established me is better [than what you offer], but assist me with strength [i.e. manpower]; I will make between you and them a strong barrier.
96. Bring me sheets of iron" – until, when he had levelled [them] between the two mountain walls, he said, "Blow [with bellows]," until when he had made it [like] fire, he said, "Bring me, that I may pour over it molten copper."
97. So they [i.e. Gog and Magog] were unable to pass over it, nor were they able to make a hole in it.
98. [Zul-Qarnayn] said, "This is a mercy from my Rabb; but when the promise of my Rabb comes [i.e. approaches], He will make it level [with the ground], and ever is the promise of my Rabb true."
99. And We will leave them that day surging over each other [like the waves of a sea], and [then] the Horn will be blown, and We will assemble them in [one] assembly.
100. And We will present Hell that Day to the disbelievers, on display –
101. Those whose eyes had been within a cover from My Zikr [Maola Ali swsa], and they were not able to hear.
102. Then do those who disbelieve think that they can take My servants [fallible people who oppose Wilayat e Ali swsa] instead of Me as Aoliya [guardians]? Indeed, We have prepared Hell for the disbelievers [self-appointed imams and their Muqallideen] as an entertainment.
103. Say, [O Mohammad sawaw], "Shall We inform you of the greatest losers in deeds?
104. [They are] those whose effort is lost in worldly life, while they think that they are doing well in work."
105. Those are the ones who disbelieve in the Ayaat of their Rabb and in [their] meeting Him, so their deeds have become worthless; and We will not set up for them on the Day of Qiyamah any weight [in the balance].
106. That is their recompense – Hell – for what they denied and [because] they took My Ayaat [Vicegerents] and My Rasools in ridicule.
107. Indeed, those who believe and do righteous deeds – they will have entertainment in the Gardens of Firdous,
108. Wherein they abide eternally. They will not desire from it any transfer.
109. Say, "If [all] the sea were ink for [writing] the Kalimaat [words] of my Rabb, the sea would be finished before the Kalimaat of my Rabb would finish, even if We brought the like of it [sea of ink] as a supplement."
110. Say, "I am only a human similitude of you [i.e. Allah sent my Noor in Bashri form that you can have the honour to see me, otherwise even a prophet like Musa cannot bear the show of the Noor of the Imam swsa], Wahi [revaltion] comes to me, only your god is one God. So whoever would hope for the meeting with his Rabb – let him do righteous deed [gaining knowledge of Wilayat e Masumeen swsa] and not associate in the worship of his Rabb anyone [i.e. don't associate Wilayat of any fallible with Wilayat e Ali swsa] ."

قَالَ مَا مَكَّنِّى فِيهِ رَبِّى خَيْرٌ فَأَعِينُونِى بِقُوَّةٍ
أَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا (٩٥) ءَاتُونِى زُبَرَ
ٱلْحَدِيدِ ۖ حَتَّىٰٓ إِذَا سَاوَىٰ بَيْنَ ٱلصَّدَفَيْنِ قَالَ
ٱنفُخُوا۟ ۖ حَتَّىٰٓ إِذَا جَعَلَهُۥ نَارًا قَالَ ءَاتُونِىٓ أُفْرِغْ
عَلَيْهِ قِطْرًا (٩٦) فَمَا ٱسْطَٰعُوٓا۟ أَن يَظْهَرُوهُ
وَمَا ٱسْتَطَٰعُوا۟ لَهُۥ نَقْبًا (٩٧) قَالَ هَٰذَا رَحْمَةٌ
مِّن رَّبِّى ۖ فَإِذَا جَآءَ وَعْدُ رَبِّى جَعَلَهُۥ دَكَّآءَ ۖ
وَكَانَ وَعْدُ رَبِّى حَقًّا (٩٨) ۝ وَتَرَكْنَا
بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَمُوجُ فِى بَعْضٍ ۖ وَنُفِخَ فِى
ٱلصُّورِ فَجَمَعْنَٰهُمْ جَمْعًا (٩٩) وَعَرَضْنَا جَهَنَّمَ
يَوْمَئِذٍ لِّلْكَٰفِرِينَ عَرْضًا (١٠٠) ٱلَّذِينَ كَانَتْ
أَعْيُنُهُمْ فِى غِطَآءٍ عَن ذِكْرِى وَكَانُوا۟ لَا
يَسْتَطِيعُونَ سَمْعًا (١٠١) أَفَحَسِبَ ٱلَّذِينَ
كَفَرُوٓا۟ أَن يَتَّخِذُوا۟ عِبَادِى مِن دُونِىٓ أَوْلِيَآءَ ۚ إِنَّآ
أَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكَٰفِرِينَ نُزُلًا (١٠٢) قُلْ هَلْ
نُنَبِّئُكُم بِٱلْأَخْسَرِينَ أَعْمَٰلًا (١٠٣) ٱلَّذِينَ ضَلَّ
سَعْيُهُمْ فِى ٱلْحَيَوٰةِ ٱلدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ
يُحْسِنُونَ صُنْعًا (١٠٤) أُو۟لَٰٓئِكَ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟
بِـَٔايَٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَآئِهِۦ فَحَبِطَتْ أَعْمَٰلُهُمْ فَلَا نُقِيمُ
لَهُمْ يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ وَزْنًا (١٠٥) ذَٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ
جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوا۟ وَٱتَّخَذُوٓا۟ ءَايَٰتِى وَرُسُلِى
هُزُوًا (١٠٦) إِنَّ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَعَمِلُوا۟
ٱلصَّٰلِحَٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنَّٰتُ ٱلْفِرْدَوْسِ نُزُلًا
(١٠٧) خَٰلِدِينَ فِيهَا لَا يَبْغُونَ عَنْهَا حِوَلًا
(١٠٨) قُل لَّوْ كَانَ ٱلْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمَٰتِ رَبِّى
لَنَفِدَ ٱلْبَحْرُ قَبْلَ أَن تَنفَدَ كَلِمَٰتُ رَبِّى وَلَوْ جِئْنَا
بِمِثْلِهِۦ مَدَدًا (١٠٩) قُلْ إِنَّمَآ أَنَا۠ بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ
يُوحَىٰٓ إِلَىَّ أَنَّمَآ إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَٰحِدٌ ۖ فَمَن كَانَ
يَرْجُوا۟ لِقَآءَ رَبِّهِۦ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَٰلِحًا وَلَا
يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهِۦٓ أَحَدًۢا (١١٠)

اس نے کہا جو میرے رب نے مجھے اس (زمین) میں اقتدار دیا ہے وہی اچھا ہے پس تم (افرادی) قوت سے میری مدد کرو میں تمہارے اور ان کے درمیان بند بنائے دیتا ہوں۔ مجھے لوہے کی چادریں لا کر دو؛ حتیٰ کہ جب اس نے دونوں پہاڑوں کے درمیان (خلا) کو برابر کر دیا تو کہا ہوا دے کر آگ دھکاؤ حتیٰ کہ جب اسے آگ (کی طرح سرخ) بنا دیا تو کہا مجھے لا کر دو میں اس پر پگھلا ہوا تانبا انڈیلوں گا۔ پس وہ (یاجوج ماجوج) اس پر چڑھ بھی نہیں سکتے تھے اور نہ ان میں اس میں نقب لگانے کی استطاعت تھی۔ اس نے کہا یہ میرے رب کی طرف سے رحمت ہے، مگر جب میرے رب کے وعدے کا وقت آ جائے گا تو وہ اسے ریزہ ریزہ کر دے گا، اور میرے رب کا وعدہ ہمیشہ سے حق سچ ہے۔ اور اس دن ہم لوگوں کو چھوڑ دیں گے کہ ایک دوسرے پر (سمندر کی موجوں کی طرح) چڑھائی کریں گے اور صور پھونکا جائے گا پھر ہم ان کو ایک ساتھ جمع کریں گے۔ اور اس دن ہم جہنم کو کافروں کیلئے سامنے پیش کریں گے۔ جن لوگوں کی آنکھیں میرے ذکر (یعنی ذکرِ ولایتِ علیؑ) سے پردے میں تھیں اور وہ سننے کی بھی استطاعت نہیں رکھتے تھے۔ کیا پھر جن لوگوں نے کفر کیا ہے خیال کرتے ہیں کہ وہ میرے علاوہ میرے (ولایتِ علیؑ کی مخالفت کرنے والے غیرمعصوم) بندوں کو اولیاء بنا لیں؛ بیشک ہم نے کافروں (خود ساختہ اماموں اور ان کے مقلدوں) کی ضیافت کیلئے جہنم تیار کر رکھا ہے۔ کہہ دو کیا ہم تمہیں ان لوگوں کی خبر بتائیں جو اعمال میں سب سے زیادہ خسارہ پانے والے ہیں۔ وہ لوگ جن کی سعی دنیا کی زندگی میں ہی گم ہو گئی اور وہ سمجھتے رہے کہ یقیناً وہ اچھے کام کر رہے ہیں۔ یہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب کی آیات کا اور اس کی ملاقات کا کفر کیا تو ان کے اعمال ضائع ہو گئے پس قیامت کے دن ہم ان کیلئے کوئی وزن قائم نہیں کریں گے۔ وہ جہنم ان کی جزا ہے اسلئے کہ انہوں نے کفر کیا اور میری آیات (اوصیاءؑ) اور میرے رسولوں کو مذاق بنایا۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور صالح اعمال کئے ان کی ضیافت کیلئے جنت الفردوس ہے۔ وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے وہ اس سے کہیں اور جانا نہ چاہیں گے۔ (اے حبیبؐ) کہہ دو اگر میرے رب کے کلمات (لکھنے) کیلئے سمندر روشنائی بن جائے تو میرے رب کے کلمات ختم ہونے سے قبل وہ سمندر واقعی ختم ہو جائے اگرچہ ہم اس کے برابر مزید (روشنائی) لے آئیں۔ (اے حبیبؐ) کہہ دو میں صرف تمہاری مثل بشر (جس کا جسم نظر آتا ہو یعنی اللہ نے میرے نورِ مجسم کو لباس بشری میں نازل کیا تاکہ تم زیارت کا شرف حاصل کر سکو، ورنہ نورِ امامؑ کا جلوہ تو موسیٰؑ جیسا نبی برداشت نہیں کر سکتا) ہوں میری طرف وحی کی جاتی ہے تمہارا معبود صرف واحد معبود ہے پس جو اپنے رب کی ملاقات کی امید رکھتا ہے تو اسے چاہیئے کہ صالح عمل (یعنی معرفتِ ولایتِ معصومینؑ حاصل) کرے اور اپنے رب کی عبادت میں کسی ایک کو بھی شریک نہ کرے (یعنی ولایتِ علیؑ میں کسی غیر معصوم کی ولایت کو شریک نہ کرے)۔

Surah Mariyam [s.a.]

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem

1. Kaaf Haa Yaa Ayn Saad [Ana al-Kafi al-Hadi al-Wali al-Alim as-Sadiq al-Wa'd]
2. [This is] a mention of the mercy of your Rabb to His servant Zakariya
3. When he called to his Rabb a private call [i.e. supplication].
4. He said, "My Rabb, indeed my bones have weakened, and my head has filled with white, and never have I been in my supplication to You, my Rabb, unhappy [i.e. disappointed].
5. And indeed, I fear the successors [relatives] after me, and my wife has been barren, so give me from Yourself an heir
6. Who will inherit me and inherit from the family of Yaqoob. And make him, my Rabb, pleasing [to You]."
7. [He was told], "O Zakariya, indeed We give you good tidings of a boy whose name will be Yahya. We have not assigned to any before [this] name."
8. He said, "My Rabb, how will I have a boy when my wife has been barren and I have reached extreme old age?"
9. [An angel] said, "Thus [it will be]; your Rabb says, 'It is easy for Me, for I created you before, while you were nothing.' "
10. [Zakariya] said, "My Rabb, make for me a sign." He said, "Your sign is that you will not speak to the people for three [days &] nights, [in spite of being] sound."
11. So he came out to his people from the prayer chamber and signalled to them to exalt [Allah] in the morning and evening.
12. [Allah said], "O Yahya, take the Book [i.e. adhere to it] with determination." And We gave him judgement [while yet] a boy
13. And affection from Us and purity, and he was fearing of Allah
14. And dutiful to his parents, and he was not a disobedient tyrant.
15. And Salaam upon him the day he was born and the day he dies and the day he is raised alive.
16. And mention, [O Mohammad sawaw], in the Book [the story of] Mariyam, when she withdrew from her family to a place toward the East.
17. And she took a veil [to screen herself] from them. Then We sent to her Our Rooh [Angel], and he represented himself to her as exactly proper man.
18. She said, "Indeed, I seek refuge in the Rahman from you, [so leave me], if you are fearing Allah."
19. He said, "I am only the messenger of your Rabb to give you a pure boy [i.e. son]."
20. She said, "How can I have a boy while no man has touched me and I have not been unchaste?"
21. He said, "Thus [it will be]; your Rabb says, 'It is easy for Me, and We will make him an Ayat for the people and a mercy from Us. And it is a matter [already] decreed.' "
22. So she conceived him, and she withdrew with him to a remote place.
23. And the pains of childbirth drove her to the trunk of a palm tree. She said, "Oh, I wish I had died before this and was in oblivion, forgotten."
24. But he called her from below her, "Do not grieve; your Rabb has made beneath you a stream.
25. And shake toward you the trunk of the palm tree; it will drop upon you ripe, fresh dates.

سُوْرَةُ مَرِيَم

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیاز عام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

انا الکافی الھادی الولی العالم الصادق الوعد۔ (یہ) ذکر ہے تیرے رب کی رحمت کا اس کے عبد زکریاً پر۔ جب اس نے اپنے رب کو ندا دی دھیمی ندا۔ اس نے کہا اے میرے رب بیشک کمزور ہو گئی ہیں ہڈیاں میری اور سفید ہو گیا ہے سر بڑھاپے سے اور اے رب میں کبھی تجھ سے دعا مانگ کر نامراد نہیں رہا۔ اور بیشک مجھے اپنے پیچھے اپنے موالیوں (رشتہ داروں) سے خوف ہے اور میری بیوی بانجھ ہے پس تو مجھے اپنے پاس سے ایک ولی (وارث) عطا کر دے۔ جو میرا وارث ہو اور آلِ یعقوبؑ کا بھی وارث ہو، اور اے رب اسے اپنا پسندیدہ بنا۔ اے زکریاً بیشک ہم تجھے ایک لڑکے کی بشارت دیتے ہیں جس کا نام یحییٰؑ ہو گا ہم نے اس سے پہلے اس کا کوئی ہمنام نہیں بنایا۔ اس نے کہا اے رب میرے ہاں لڑکا کیسے ہو گا جبکہ میری بیوی بانجھ ہے اور میں بڑھاپے کی انتہا تک پہنچ گیا ہوں۔ اس (فرشتے) نے کہا اسی طرح ہوگا، تیرا رب کہتا ہے یہ میرے لئے بہت آسان ہے اور میں نے اس سے قبل تجھے خلق کیا تھا جبکہ تو کوئی شئ نہ تھا۔ اس نے کہا اے رب میرے لئے کوئی آیت بنا دے؛ اللہ نے کہا تیرے لئے آیت ہے کہ تو صحیح سالم ہوتے ہوئے بھی تین (دن) راتیں لوگوں سے کلام نہ کر سکے گا۔ پس وہ اپنی محراب (عبادت) سے اپنی قوم کے سامنے نکلا تو ان کو اشارے سے کہا کہ صبح و شام تسبیح کرو۔ (اللہ نے کہا) اے یحییٰؑ کتاب کو قوت سے پکڑو؛ اور ہم نے اسے بچپن میں ہی حکمت عطا کی۔ اور اپنے پاس سے نرم دلی اور پاکیزگی؛ اور وہ متقی اور اپنے والدین سے نیکی کرنے والا تھا اور وہ سرکش نافرمان نہیں تھا۔ اور سلام اس پر جس دن وہ پیدا ہوا اور جس دن اسے موت آئے اور جس دن وہ زندہ کرکے اٹھایا جائے۔ اور (اے حبیبؐ) کتاب میں مریمؑ کا ذکر کرو جب وہ اپنے لوگوں سے الگ ہو کر مشرقی مکان چلی گئی۔ تو اس نے ان کی طرف سے حجاب اختیار کر لیا، پھر ہم نے اس کی طرف اپنی روح (یعنی فرشتے) کو بھیجا تو وہ اس کیلئے مکمل بشر کی شکل میں نمودار ہوا۔ اس نے کہا بیشک میں تجھ سے رحمان کی پناہ میں آتی ہوں اگر تم متقی ہو۔ اس نے کہا میں صرف تمہارے رب کا بھیجا ہوا ہوں، تاکہ تجھے ایک پاکیزہ لڑکا دوں۔ اس نے کہا میرے ہاں لڑکا کیسے ہوگا جبکہ مجھے کسی بشر نے چھوا تک نہیں اور میں کوئی بدکار عورت نہیں ہوں۔ اس نے کہا اسی طرح ہوگا، تیرے رب نے کہا ہے یہ میرے لئے بہت آسان ہے، اور تاکہ ہم اسے لوگوں کیلئے آیت بنائیں اور اپنی طرف سے رحمت، اور امر کا فیصلہ ہو چکا ہے۔ پھر اسے اس (بچے) کا حمل ہو گیا تو وہ اس کے ساتھ الگ ہو کر ایک دور مقام پر چلی گئی۔ پھر دردِزہ اسے ایک کھجور کے تنے تک لے آیا، وہ کہنے لگی اے کاش میں اس سے پہلے مر جاتی اور میں یاداشت سے مٹا کر بھلا دی گئی ہوتی۔ تو (فرشتے) نے اسے نیچے (کی جانب) سے آواز دی کہ تم غم نہ کرو تیرے رب نے تیرے نیچے ایک چشمہ بنا دیا ہے۔ اور تم اس کھجور کے تنے کو اپنی طرف ہلاؤ تمہارے اوپر تروتازہ کھجوریں گریں گی۔

سُوْرَةُ مَرِيَم

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

كٓهيعٓصٓ (١) ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهُۥ
زَكَرِيَّآ (٢) إِذْ نَادَىٰ رَبَّهُۥ نِدَآءً خَفِيًّا (٣)
قَالَ رَبِّ إِنِّى وَهَنَ ٱلْعَظْمُ مِنِّى وَٱشْتَعَلَ ٱلرَّأْسُ
شَيْبًا وَلَمْ أَكُنۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا (٤) وَإِنِّى
خِفْتُ ٱلْمَوَٰلِىَ مِن وَرَآءِى وَكَانَتِ ٱمْرَأَتِى
عَاقِرًا فَهَبْ لِى مِن لَّدُنكَ وَلِيًّا (٥) يَرِثُنِى
وَيَرِثُ مِنْ ءَالِ يَعْقُوبَ ۖ وَٱجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا
(٦) يَـٰزَكَرِيَّآ إِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَـٰمٍ ٱسْمُهُۥ يَحْيَىٰ
لَمْ نَجْعَل لَّهُۥ مِن قَبْلُ سَمِيًّا (٧) قَالَ رَبِّ أَنَّىٰ
يَكُونُ لِى غُلَـٰمٌ وَكَانَتِ ٱمْرَأَتِى عَاقِرًا وَقَدْ
بَلَغْتُ مِنَ ٱلْكِبَرِ عِتِيًّا (٨) قَالَ كَذَٰلِكَ قَالَ
رَبُّكَ هُوَ عَلَىَّ هَيِّنٌ وَقَدْ خَلَقْتُكَ مِن قَبْلُ وَلَمْ
تَكُ شَيْـًٔا (٩) قَالَ رَبِّ ٱجْعَل لِّىٓ ءَايَةً ۚ قَالَ
ءَايَتُكَ أَلَّا تُكَلِّمَ ٱلنَّاسَ ثَلَـٰثَ لَيَالٍ سَوِيًّا (١٠)
فَخَرَجَ عَلَىٰ قَوْمِهِۦ مِنَ ٱلْمِحْرَابِ فَأَوْحَىٰٓ إِلَيْهِمْ
أَن سَبِّحُوا۟ بُكْرَةً وَعَشِيًّا (١١) يَـٰيَحْيَىٰ خُذِ
ٱلْكِتَـٰبَ بِقُوَّةٍ ۖ وَءَاتَيْنَـٰهُ ٱلْحُكْمَ صَبِيًّا (١٢)
وَحَنَانًا مِّن لَّدُنَّا وَزَكَوٰةً ۖ وَكَانَ تَقِيًّا (١٣) وَبَرًّۢا
بِوَٰلِدَيْهِ وَلَمْ يَكُن جَبَّارًا عَصِيًّا (١٤) وَسَلَـٰمٌ
عَلَيْهِ يَوْمَ وُلِدَ وَيَوْمَ يَمُوتُ وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا
(١٥) وَٱذْكُرْ فِى ٱلْكِتَـٰبِ مَرْيَمَ إِذِ ٱنتَبَذَتْ مِنْ
أَهْلِهَا مَكَانًا شَرْقِيًّا (١٦) فَٱتَّخَذَتْ مِن دُونِهِمْ
حِجَابًا فَأَرْسَلْنَآ إِلَيْهَا رُوحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا
سَوِيًّا (١٧) قَالَتْ إِنِّىٓ أَعُوذُ بِٱلرَّحْمَـٰنِ مِنكَ إِن
كُنتَ تَقِيًّا (١٨) قَالَ إِنَّمَآ أَنَا۠ رَسُولُ رَبِّكِ
لِأَهَبَ لَكِ غُلَـٰمًا زَكِيًّا (١٩) قَالَتْ أَنَّىٰ يَكُونُ
لِى غُلَـٰمٌ وَلَمْ يَمْسَسْنِى بَشَرٌ وَلَمْ أَكُ بَغِيًّا (٢٠)
قَالَ كَذَٰلِكِ قَالَ رَبُّكِ هُوَ عَلَىَّ هَيِّنٌ ۖ وَلِنَجْعَلَهُۥٓ
ءَايَةً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِّنَّا ۚ وَكَانَ أَمْرًا مَّقْضِيًّا
(٢١) ۞ فَحَمَلَتْهُ فَٱنتَبَذَتْ بِهِۦ مَكَانًا قَصِيًّا
(٢٢) فَأَجَآءَهَا ٱلْمَخَاضُ إِلَىٰ جِذْعِ ٱلنَّخْلَةِ
قَالَتْ يَـٰلَيْتَنِى مِتُّ قَبْلَ هَـٰذَا وَكُنتُ نَسْيًا مَّنسِيًّا
(٢٣) فَنَادَىٰهَا مِن تَحْتِهَآ أَلَّا تَحْزَنِى قَدْ جَعَلَ
رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِيًّا (٢٤) وَهُزِّىٓ إِلَيْكِ بِجِذْعِ
ٱلنَّخْلَةِ تُسَـٰقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا (٢٥)

26. So eat and drink and cool eyes [by seeing the child]. And if you see from among humanity anyone, say, 'Indeed, I have vowed a fast for the Rahman, so I will not speak today to [any] man.' "
27. Then she brought him to her people, carrying him. They said, "O Mariyam, you have certainly done a thing amazing.
28. O sister of Haroon, your father was not a man of evil, nor was your mother unchaste."
29. So she pointed to him. They said, "How can we speak to one who is in the cradle a child?"
30. [Esa] said, "Indeed, I am the servant of Allah. He has given me the Book and made me a Nabi.
31. And He has made me blessed wherever I am and has commanded upon me Salaat and Zakaat as long as I remain alive
32. And [made me] dutiful to my mother, and He has not made me a wretched tyrant.
33. And Salaam is on me the day I was born and the day I will die and the day I am raised alive."
34. That is Esa, the son of Mariyam – the word of truth about which they are in dispute.
35. It is not [befitting] for Allah to take a son; exalted is He! When He decrees an affair, He only says to it, "Be," and it is.
36. [Esa said], "And indeed, Allah is my Rabb and your Rabb, so worship Him. This is Sirat al-Mustaqeem."
37. Then the factions differed [concerning Esa] from among them, so woe to those who disbelieved – from the scene of a tremendous Day.
38. How [clearly] they will hear and see the Day they come to Us, but the wrongdoers today are in clear error.
39. And warn them, [O Mohammad sawaw], of the Day of Regret, when the matter will be concluded; and [yet], they are in [a state of] heedlessness, and they do not believe.
40. Indeed, it is We who will inherit the earth and whoever is on it, and to Us they will be returned.
41. And mention in the Book [the story of] Ibraheem. Indeed, he was a man of truth and a Nabi.
42. When he said to his uncle, "O my uncle, why do you worship that which does not hear and does not see and will not benefit you at all?
43. O my uncle, indeed there has come to me of knowledge that which has not come to you, so follow me; I will guide you to an even path.
44. O my uncle, do not worship [i.e. obey] Shaitan. Indeed Shaitan has ever been, to the Rahman, disobedient.
45. O my uncle, indeed I fear that there will touch you a punishment from the Rahman so you would be to Shaitan a friend."
46. [His uncle] said, "Do you dislike my gods, O Ibraheem? If you do not desist, I will surely stone you, so emigrate from me for a prolonged time."
47. [Ibraheem] said, "Salamun Alaika. I will ask forgiveness for you of my Rabb. Indeed, He is ever gracious to me.
48. And I will leave you and those you invoke other than Allah, and I will invoke my Rabb. I expect that I will not be in invocation to my Rabb unhappy [i.e. disappointed]."
49. So when he had left them and those they worshipped other than Allah, We gave him Is'haq and Yaqoob, and each [of them] We made a Nabi.

فَكُلِى وَٱشۡرَبِى وَقَرِّى عَيۡنٗاۖ فَإِمَّا تَرَيِنَّ مِنَ
ٱلۡبَشَرِ أَحَدٗا فَقُولِيٓ إِنِّي نَذَرۡتُ لِلرَّحۡمَٰنِ صَوۡمٗا
فَلَنۡ أُكَلِّمَ ٱلۡيَوۡمَ إِنسِيّٗا (٢٦) فَأَتَتۡ بِهِۦ قَوۡمَهَا
تَحۡمِلُهُۥۖ قَالُواْ يَٰمَرۡيَمُ لَقَدۡ جِئۡتِ شَيۡـٔٗا فَرِيّٗا (٢٧)
يَٰٓأُخۡتَ هَٰرُونَ مَا كَانَ أَبُوكِ ٱمۡرَأَ سَوۡءٖ وَمَا
كَانَتۡ أُمُّكِ بَغِيّٗا (٢٨) فَأَشَارَتۡ إِلَيۡهِۖ قَالُواْ كَيۡفَ
نُكَلِّمُ مَن كَانَ فِي ٱلۡمَهۡدِ صَبِيّٗا (٢٩) قَالَ إِنِّي
عَبۡدُ ٱللَّهِ ءَاتَىٰنِيَ ٱلۡكِتَٰبَ وَجَعَلَنِي نَبِيّٗا (٣٠)
وَجَعَلَنِي مُبَارَكًا أَيۡنَ مَا كُنتُ وَأَوۡصَٰنِي
بِٱلصَّلَوٰةِ وَٱلزَّكَوٰةِ مَا دُمۡتُ حَيّٗا (٣١) وَبَرَّۢا
بِوَٰلِدَتِي وَلَمۡ يَجۡعَلۡنِي جَبَّارٗا شَقِيّٗا (٣٢)
وَٱلسَّلَٰمُ عَلَيَّ يَوۡمَ وُلِدتُّ وَيَوۡمَ أَمُوتُ وَيَوۡمَ
أُبۡعَثُ حَيّٗا (٣٣) ذَٰلِكَ عِيسَى ٱبۡنُ مَرۡيَمَۚ قَوۡلَ
ٱلۡحَقِّ ٱلَّذِي فِيهِ يَمۡتَرُونَ (٣٤) مَا كَانَ لِلَّهِ أَن
يَتَّخِذَ مِن وَلَدٖۖ سُبۡحَٰنَهُۥٓۚ إِذَا قَضَىٰٓ أَمۡرٗا فَإِنَّمَا
يَقُولُ لَهُۥ كُن فَيَكُونُ (٣٥) وَإِنَّ ٱللَّهَ رَبِّي
وَرَبُّكُمۡ فَٱعۡبُدُوهُۚ هَٰذَا صِرَٰطٞ مُّسۡتَقِيمٞ (٣٦)
فَٱخۡتَلَفَ ٱلۡأَحۡزَابُ مِنۢ بَيۡنِهِمۡۖ فَوَيۡلٞ لِّلَّذِينَ كَفَرُواْ
مِن مَّشۡهَدِ يَوۡمٍ عَظِيمٍ (٣٧) أَسۡمِعۡ بِهِمۡ وَأَبۡصِرۡ
يَوۡمَ يَأۡتُونَنَا لَٰكِنِ ٱلظَّٰلِمُونَ ٱلۡيَوۡمَ فِي ضَلَٰلٖ
مُّبِينٖ (٣٨) وَأَنذِرۡهُمۡ يَوۡمَ ٱلۡحَسۡرَةِ إِذۡ قُضِيَ
ٱلۡأَمۡرُ وَهُمۡ فِي غَفۡلَةٖ وَهُمۡ لَا يُؤۡمِنُونَ (٣٩) إِنَّا
نَحۡنُ نَرِثُ ٱلۡأَرۡضَ وَمَنۡ عَلَيۡهَا وَإِلَيۡنَا يُرۡجَعُونَ
(٤٠) وَٱذۡكُرۡ فِي ٱلۡكِتَٰبِ إِبۡرَٰهِيمَۚ إِنَّهُۥ كَانَ
صِدِّيقٗا نَّبِيًّا (٤١) إِذۡ قَالَ لِأَبِيهِ يَٰٓأَبَتِ لِمَ تَعۡبُدُ
مَا لَا يَسۡمَعُ وَلَا يُبۡصِرُ وَلَا يُغۡنِي عَنكَ شَيۡـٔٗا
(٤٢) يَٰٓأَبَتِ إِنِّي قَدۡ جَآءَنِي مِنَ ٱلۡعِلۡمِ مَا لَمۡ
يَأۡتِكَ فَٱتَّبِعۡنِيٓ أَهۡدِكَ صِرَٰطٗا سَوِيّٗا (٤٣)
يَٰٓأَبَتِ لَا تَعۡبُدِ ٱلشَّيۡطَٰنَۖ إِنَّ ٱلشَّيۡطَٰنَ كَانَ
لِلرَّحۡمَٰنِ عَصِيّٗا (٤٤) يَٰٓأَبَتِ إِنِّيٓ أَخَافُ أَن
يَمَسَّكَ عَذَابٞ مِّنَ ٱلرَّحۡمَٰنِ فَتَكُونَ لِلشَّيۡطَٰنِ
وَلِيّٗا (٤٥) قَالَ أَرَاغِبٌ أَنتَ عَنۡ ءَالِهَتِي
يَٰٓإِبۡرَٰهِيمُۖ لَئِن لَّمۡ تَنتَهِ لَأَرۡجُمَنَّكَۖ وَٱهۡجُرۡنِي مَلِيّٗا
(٤٦) قَالَ سَلَٰمٌ عَلَيۡكَۖ سَأَسۡتَغۡفِرُ لَكَ رَبِّيٓۖ إِنَّهُۥ
كَانَ بِي حَفِيّٗا (٤٧) وَأَعۡتَزِلُكُمۡ وَمَا تَدۡعُونَ مِن
دُونِ ٱللَّهِ وَأَدۡعُواْ رَبِّي عَسَىٰٓ أَلَّآ أَكُونَ بِدُعَآءِ
رَبِّي شَقِيّٗا (٤٨) فَلَمَّا ٱعۡتَزَلَهُمۡ وَمَا يَعۡبُدُونَ
مِن دُونِ ٱللَّهِ وَهَبۡنَا لَهُۥٓ إِسۡحَٰقَ وَيَعۡقُوبَۖ وَكُلّٗا
جَعَلۡنَا نَبِيّٗا (٤٩)

پس تم کھاؤ اور پیو اور اپنی آنکھیں ٹھنڈی کرو، پھر اگر تم آدمیوں میں سے کوئی ایک بھی دیکھو تو اس سے کہہ دو بیشک میں نے رحمان کیلئے صوم کی نذر مانی ہے تو میں ہرگز آج کسی انسان سے کلام نہیں کروں گی۔ پھر وہ اس (بچے) کو اٹھائے ہوئے اپنی قوم میں آئی؛ انہوں نے کہا اے مریمؑ تحقیق تم نے عجیب کام کیا ہے۔ اے ہارون کی بہن! نہ تیرا باپ بُرا آدمی تھا اور نہ تیری ماں کوئی بدکار عورت تھی۔ تو مریمؑ نے بچے کی طرف اشارہ کیا؛ انہوں نے کہا ہم اس سے کیسے کلام کریں جو ابھی جھولے میں بچہ ہے۔ بچے نے کہا بیشک میں اللہ کا بندہ ہوں؛ اس نے مجھے کتاب دی ہے اور مجھے نبی بنایا ہے۔ اور مجھے بابرکت بنایا ہے جہاں بھی میں ہوں، اور مجھے صلاۃ اور زکاۃ کی وصیت (حکم) کی ہے جب تک میں حیات رہوں۔ اور اپنی والدہ کے ساتھ نیکی کرنا اور اس نے مجھے سرکش شقی نہیں بنایا۔ اور سلام ہے مجھ پر جس دن میں پیدا ہوا اور جس دن میں مروں گا اور جس دن زندہ کرکے مجے اٹھایا جائے گا۔ یہ ہے عیسیٰؑ ابنِ مریمؑ، حق بات ہے جس میں وہ لوگ شک کر رہے ہیں۔ اللہ کیلئے (لائق) نہیں ہے کہ وہ کسی کو بیٹا بنا لے، وہ منزہ ہے؛ جب وہ کسی امر کا فیصلہ کرلیتا ہے تو صرف اسے کہتا ہے کن (ہوجا) تو وہ ہو جاتا ہے۔ اور بیشک اللہ میرا رب ہے اور تمہارا رب بھی ہے پس تم اسی کی عبادت کرو۔ یہی صراطِ مستقیم ہے۔ پھر گروہوں نے آپس میں اختلاف کیا، تو جن لوگوں نے کفر کیا ان کیلئے تباہی ہے عظیم دن حاضر ہونے کی جگہ پر۔ وہ خوب سن رہے ہوں گے اور خوب دیکھ رہے ہوں گے جس دن وہ ہمارے پاس آئیں گے لیکن ظا لمین آج کھلی گمراہی میں ہیں۔ (اے حبیبؐ) ان کو یوم حسرت سے ڈراؤ جب معاملے کا فیصلہ کر دیا جائے گا، اور وہ غفلت میں ہیں اور وہ ایمان نہیں لاتے۔ بیشک ہم ہی وراثت میں لیں گے زمین کو اور جو کچھ اس پر ہے اور ہماری طرف ہی وہ سب رجوع کریں گے۔ اور کتاب میں ابراھیمؑ کا ذکر کرو؛ بیشک وہ صدیق نبی تھا۔ جب اس نے اپنے چچا سے کہا اے میرے چچا تم کیوں ان کی عبادت کرتے ہو جو نہ سنتے ہیں اور نہ دیکھتے ہیں اور نہ تمہارے کچھ کام آ سکتے ہیں۔ اے میرے چچا بیشک میرے پاس علم آ چکا ہے جو تمہارے پاس نہیں آیا لہذا میرا اتباع کرو میں تمہیں سیدھا راستہ دکھاؤں گا۔ اے میرے چچا تم شیطان کی عبادت نہ کرو؛ بیشک شیطان ہمیشہ رحمان کا نافرمان ہے۔ اے میرے چچا بیشک مجھے خوف ہے کہ تمہیں رحمان کا عذاب چمٹ جائے تو تم شیطان کے ولی ہو جاؤ۔ اس (چچا) نے کہا اے ابراھیمؑ کیا تو میرے معبودوں سے پھر گیا ہے، اگر تو باز نہ آیا تو میں تجھے ضرور سنگسار کر دوں گا تو مجھ سے ہجرت کر جا لمبے عرصے کیلئے۔ اس نے کہا سلام علیک، میں اپنے رب سے تمہارے لئے استغفار کروں گا؛ بیشک وہ مجھ پر ہمیشہ مہربان ہے۔ اور میں تم لوگوں سے الگ ہوتا ہوں اور جن کو تم اللہ کے علاوہ پکارتے ہو، اور میں اپنے رب کو ہی پکاروں گا، امید ہے کہ میں اپنے رب کو پکار کر نامراد نہیں ہوں گا۔ پس جب وہ ان لوگوں سے الگ ہو گیا اور جن کی وہ اللہ کے علاوہ عبادت کرتے تھے، تو ہم نے اسے اسحٰقؑ اور یعقوبؑ عطا کئے؛ اور ہر ایک کو ہم نے نبی بنایا۔

50. And We gave them of Our mercy [Maola Mohammad swaaw], and We appointed for them Truthful Tongue [of Allah] the Ali [asws].
51. And mention in the Book, Musa. Indeed, he was purified sincere, and he was a Rasool, a Nabi.
52. And We called him from the side of the mountain at [his] right and brought him near, confiding [to him].
53. And We gave him out of Our mercy his brother Haroon a Nabi.
54. And mention in the Book, Ismaeel. Indeed, he was true to his promise, and he was a Rasool a Nabi.
55. And he used to command his people Salaat and Zakaat and he was to his Rabb pleasing [i.e. accepted by Him].
56. And mention in the Book, Idrees. Indeed, he was a truthful man, a Nabi.
57. And We raised him to a high station.
58. Those were the ones upon whom Allah bestowed favour from among the prophets of the descendants of Adam and of those We carried [in the ship] with Nuh, and of the descendants of Ibraheem and Israel [i.e. Yaqoob], and of those whom We guided and chose. When the verses of the Rahman were recited to them, they fell in Sajdah and weeping.
59. But there came after them successors [i.e. later generations] who neglected [wasted] Salaat and pursued lusts; so they are going to meet evil –
60. Except those who repent and believe and do righteousness; so those will enter Paradise and will not be wronged at all.
61. [Therein are] gardens of perpetual residence which the Rahman has promised His servants in the unseen [i.e. without showing them]. Indeed, His promise is to come [true] in front.
62. They will not hear therein any ill speech – only [greetings of] Salaam – and they will have their provision therein, morning and evening.
63. That is Paradise, which We give as inheritance to those of Our servants who were fearing of Allah.
64. And we [all who come down form Allah] descend not except by the order of your Rabb. To Him belongs that before us and that behind us and what is in between. And never is your Rabb forgetful –
65. Rabb of the heavens and the earth and whatever is between them – so worship Him and be steadfast for His worship. Do you know of anyone with similar name to Him?
66. And man [i.e. the disbeliever] says, "When I have died, am I going to be brought forth alive?"
67. Does man not remember that We created him before, while he was nothing?
68. So by your Rabb, We will surely gather them and the Shaitans; then We will bring them to be present around Hell upon their knees.
69. Then We will surely extract from every sect those of them who were worst rebellious against the Rahman.
70. Then, surely it is We who are most knowing of those most worthy of burning therein.
71. And there is none of you except he will come to it. This is an inevitable decree of your Rabb
72. Then We will save those who feared Allah and leave the wrongdoers within it, on their knees.

وَوَهَبۡنَا لَهُم مِّن رَّحۡمَتِنَا وَجَعَلۡنَا لَهُمۡ لِسَانَ
صِدۡقٍ عَلِيًّا (٥٠) وَٱذۡكُرۡ فِى ٱلۡكِتَـٰبِ مُوسَىٰٓ
إِنَّهُۥ كَانَ مُخۡلَصًا وَكَانَ رَسُولًا نَّبِيًّا (٥١)
وَنَـٰدَيۡنَـٰهُ مِن جَانِبِ ٱلطُّورِ ٱلۡأَيۡمَنِ وَقَرَّبۡنَـٰهُ
نَجِيًّا (٥٢) وَوَهَبۡنَا لَهُۥ مِن رَّحۡمَتِنَآ أَخَاهُ
هَـٰرُونَ نَبِيًّا (٥٣) وَٱذۡكُرۡ فِى ٱلۡكِتَـٰبِ إِسۡمَـٰعِيلَ
إِنَّهُۥ كَانَ صَادِقَ ٱلۡوَعۡدِ وَكَانَ رَسُولًا نَّبِيًّا
(٥٤) وَكَانَ يَأۡمُرُ أَهۡلَهُۥ بِٱلصَّلَوٰةِ وَٱلزَّكَوٰةِ
وَكَانَ عِندَ رَبِّهِۦ مَرۡضِيًّا (٥٥) وَٱذۡكُرۡ فِى
ٱلۡكِتَـٰبِ إِدۡرِيسَ إِنَّهُۥ كَانَ صِدِّيقًا نَّبِيًّا (٥٦)
وَرَفَعۡنَـٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا (٥٧) أُوْلَـٰٓئِكَ ٱلَّذِينَ أَنۡعَمَ
ٱللَّهُ عَلَيۡهِم مِّنَ ٱلنَّبِيِّـۧنَ مِن ذُرِّيَّةِ ءَادَمَ وَمِمَّنۡ
حَمَلۡنَا مَعَ نُوحٍ وَمِن ذُرِّيَّةِ إِبۡرَٰهِيمَ وَإِسۡرَٰٓءِيلَ
وَمِمَّنۡ هَدَيۡنَا وَٱجۡتَبَيۡنَآ إِذَا تُتۡلَىٰ عَلَيۡهِمۡ ءَايَـٰتُ
ٱلرَّحۡمَـٰنِ خَرُّواْ سُجَّدًا وَبُكِيًّا ۩ (٥٨) ۞
فَخَلَفَ مِنۢ بَعۡدِهِمۡ خَلۡفٌ أَضَاعُواْ ٱلصَّلَوٰةَ
وَٱتَّبَعُواْ ٱلشَّهَوَٰتِ فَسَوۡفَ يَلۡقَوۡنَ غَيًّا (٥٩) إِلَّا
مَن تَابَ وَءَامَنَ وَعَمِلَ صَـٰلِحًا فَأُوْلَـٰٓئِكَ
يَدۡخُلُونَ ٱلۡجَنَّةَ وَلَا يُظۡلَمُونَ شَيۡـًٔا (٦٠) جَنَّـٰتِ
عَدۡنٍ ٱلَّتِى وَعَدَ ٱلرَّحۡمَـٰنُ عِبَادَهُۥ بِٱلۡغَيۡبِ إِنَّهُۥ
كَانَ وَعۡدُهُۥ مَأۡتِيًّا (٦١) لَّا يَسۡمَعُونَ فِيهَا لَغۡوًا
إِلَّا سَلَـٰمًا وَلَهُمۡ رِزۡقُهُمۡ فِيهَا بُكۡرَةً وَعَشِيًّا (٦٢)
تِلۡكَ ٱلۡجَنَّةُ ٱلَّتِى نُورِثُ مِنۡ عِبَادِنَا مَن كَانَ تَقِيًّا
(٦٣) وَمَا نَتَنَزَّلُ إِلَّا بِأَمۡرِ رَبِّكَ لَهُۥ مَا بَيۡنَ
أَيۡدِينَا وَمَا خَلۡفَنَا وَمَا بَيۡنَ ذَٰلِكَ وَمَا كَانَ رَبُّكَ
نَسِيًّا (٦٤) رَّبُّ ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ وَمَا
بَيۡنَهُمَا فَٱعۡبُدۡهُ وَٱصۡطَبِرۡ لِعِبَـٰدَتِهِۦ هَلۡ تَعۡلَمُ لَهُۥ
سَمِيًّا (٦٥) وَيَقُولُ ٱلۡإِنسَـٰنُ أَءِذَا مَا مِتُّ
لَسَوۡفَ أُخۡرَجُ حَيًّا (٦٦) أَوَلَا يَذۡكُرُ ٱلۡإِنسَـٰنُ
أَنَّا خَلَقۡنَـٰهُ مِن قَبۡلُ وَلَمۡ يَكُ شَيۡـًٔا (٦٧) فَوَرَبِّكَ
لَنَحۡشُرَنَّهُمۡ وَٱلشَّيَـٰطِينَ ثُمَّ لَنُحۡضِرَنَّهُمۡ حَوۡلَ
جَهَنَّمَ جِثِيًّا (٦٨) ثُمَّ لَنَنزِعَنَّ مِن كُلِّ شِيعَةٍ
أَيُّهُمۡ أَشَدُّ عَلَى ٱلرَّحۡمَـٰنِ عِتِيًّا (٦٩) ثُمَّ لَنَحۡنُ
أَعۡلَمُ بِٱلَّذِينَ هُمۡ أَوۡلَىٰ بِهَا صِلِيًّا (٧٠) وَإِن
مِّنكُمۡ إِلَّا وَارِدُهَا كَانَ عَلَىٰ رَبِّكَ حَتۡمًا مَّقۡضِيًّا
(٧١) ثُمَّ نُنَجِّى ٱلَّذِينَ ٱتَّقَواْ وَّنَذَرُ ٱلظَّـٰلِمِينَ فِيهَا
جِثِيًّا (٧٢)

اور ہم نے ان کو اپنی رحمت (مولا محمدؐ) عطا کی اور ہم نے ان کیلئے (اللہ کی) لسانِ صدق علیؑ قرار دیا۔ اور کتاب میں موسیٰؑ کا ذکر کرو، بیشک وہ مخلص تھا اور وہ رسول نبی تھا۔ اور ہم نے اس کو طور کی داہنی جانب سے ندا دی اور ہم نے اسے سرگوشی کیلئے قریب کیا۔ اور ہم نے اپنی رحمت سے اسے بھائی ہارونؑ دیا ایک نبی۔ اور کتاب میں اسمٰیلؑ کا ذکر کرو بیشک وہ وعدے کا سچا تھا اور رسول نبی تھا۔ اور وہ اپنے گھر والوں کو صلاۃ اور زکاۃ کا حکم دیتا تھا، اور وہ اپنے رب کے نزدیک پسندیدہ تھا۔ اور کتاب میں ادریسؑ کا ذکر کرو بیشک وہ صدیق نبی تھا۔ اور ہم نے اسے اعلیٰ مقام پر بلند کیا۔ یہ وہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے انعام فرمایا جو نبیوں میں سے ہیں آدمؑ کی اولاد سے، اور ان سے جن کو ہم نے نوحؑ کے ساتھ سوار کیا اور ابراھیمؑ و اسرائیلؑ (یعقوبؑ) کی اولاد سے، اور ان سے جن کو ہم نے ھدایت دی اور ہم نے منتخب کیا؛ جب ان پر رحمان کی آیات تلاوت کی جاتی ہیں تو وہ سجدے میں گر جاتے ہیں روتے ہوئے۔ پھر ان کے بعد جانشین آئے جنہوں نے صلاۃ کو ضائع کیا اور شہوتوں (نفسانی خواہشات) کا اتباع کیا پس وہ عنقریب برائی (کے انجام) سے ملاقات کریں گے۔ سوائے ان کے جو توبہ کر لیں اور ایمان لے آئیں اور صالح عمل کریں تو وہ لوگ جنت میں داخل ہوں گے اور ان پر کچھ بھی ظلم نہیں کیا جائے گا۔ ہمیشہ رہنے والی جنتیں جن کا وعدہ رحمان نے اپنے بندوں سے بغیر دکھائے کر رکھا ہے؛ بیشک وہ اپنا وعدہ سامنے لانے والا ہے۔ وہ اس میں کوئی لغو (فضول بات) نہیں سنیں گے، صرف سلام؛ اور اس میں ان کیلئے ان کا رزق صبح و شام ہے۔ یہ وہ جنت ہے جو ہم اپنے بندوں کو وراثت میں دیں گے جو متقی رہے ہوں گے۔ اور ہمؐ نازل نہیں ہوتے مگر تیرے رب کے امر سے، اسی کا ہے جو ہمارے سامنے ہے اور جو ہمارے پیچھے ہے اور جو اس کے درمیان ہے، اور تیرا رب کبھی نہیں بھولتا۔ آسمانوں اور زمین کا رب اور جو ان دونوں کے درمیان ہے، پس اسی کی عبادت کرو اور اسی کی عبادت پر ثابت قدم رہو؛ کیا تم اس کا کوئی ہمنام جانتے ہو۔ اور انسان کہتا ہے کیا جب مر جاؤں گا پھر واقعی زندہ کرکے نکالا جاؤں گا۔ کیا انسان کو یاد نہیں آتا کہ ہم نے ہی اس سے قبل اس کو خلق کیا ہے جبکہ وہ کوئی شئ نہ تھا۔ پس تیرے رب کی قسم ہم ضرور ان کو محشور کریں گے اور شیطانوں کو، پھر ہم ضرور انکو گھٹنوں کے بل جہنم کے گرد حاضر کریں گے۔ پھر ہم چھانٹ لیں گے ہر گروہ سے کہ کون رحمان کے خلاف اشد سرکش ہے۔ پس یقیناً ہم زیادہ جانتے ہیں ان لوگوں کو جو زیادہ مستحق ہیں اس میں جھونک کر جلائے جانے کے۔ اور نہیں تم میں سے کوئی مگر اس پر وارد ہونے والا ہے، یہ تمہارے رب کا حتمی فیصلہ ہے۔ پھر ہم نجات دے دیں گے جن لوگوں نے تقویٰ کیا اور ہم چھوڑ دیں گے ظالموں کو اس میں گھٹنوں کے بل۔

73. And when Our verses are recited to them as clear evidences, those [Quraysh] who disbelieve [in Wilayat] say to those who believe [in Wilayat e Ali swsa], "Which of [our] two parties is best in position and best in assembly?"
74. And how many a generation have We destroyed before them who were better in possessions and [outward] appearance?
75. Say, "Whoever is in error [due to denial of Wilayat e Ali swsa] – let the Rahman extend for him an extension [in wealth and time] until, when they see that which they were promised – either punishment [at Qiyam e Qaim swsa] or the Hour [of Qiyamah] – they will come to know who is worst in position [near Imam e Qaim swsa] and weaker in forces."
76. And Allah increases those who were guided, in guidance [due to following Imam e Qaim swsa], and the enduring good deeds are better near your Rabb for reward and better for return.
77. Then, have you seen he who disbelieved in Our Ayaat and said, "I will surely be given wealth and children."?
78. Has he looked into the unseen, or has he taken from the Rahman a promise?
79. No! We will record what he says and extend [i.e. increase] for him from the punishment extensively.
80. And We will inherit him [in] what he mentions, and he will come to Us alone.
81. And they have taken besides Allah [false] deities that they would be for them [a source of] honour.
82. No! They [i.e. those "gods"] will deny their worship of them and will be against them opponents [on the Day of Judgement].
83. Do you not see that We have sent the Shaitans upon the disbelievers, inciting them [to evil] with [constant] incitement?
84. So be not impatient over them. We are counting [their breaths] for them which are numbered.
85. On the Day We will gather the righteous to the Rahman as a delegation [riding]
86. And will drive the criminals to Hell in thirst
87. None will have [power of] intercession except he who had taken from the Rahman a covenant [of Wilayat of Ali swsa and the Imams swsa].
88. And they say, "The Rahman has taken [for Himself] a son."
89. Certainly you have done an atrocious thing.
90. The heavens almost rupture therefrom and the earth splits open and the mountains collapse in devastation
91. That they attribute to the Rahman a son.
92. And it is not appropriate for the Rahman that He should take a son.
93. There is no one in the heavens and earth but that he comes to the Rahman as a servant.
94. Certainly He has enumerated them comprehensively and counted them a [full] counting.
95. And all of them are coming to Him on the Day of Qiyamah alone.
96. Indeed, those who have believed and done righteous deeds – the Rahman will appoint for them devotion [of Wilayat e Ali swsa in their hearts].
97. So, [O Mohammad sawaw], We have only made it [i.e. the Qur'an] easy in your tongue [by proclamation of Wilayat e Ali swsa] that you may give good tidings thereby to the righteous and warn thereby a hostile people [who deny Wilayat e Ali swsa].
98. And how many have We destroyed before them of generations? Do you perceive of them anyone or hear from them a sound [i.e. their mention]?

وَإِذَا تُتۡلَىٰ عَلَيۡهِمۡ ءَايَٰتُنَا بَيِّنَٰتٖ قَالَ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ
لِلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ أَيُّ ٱلۡفَرِيقَيۡنِ خَيۡرٞ مَّقَامٗا وَأَحۡسَنُ
نَدِيّٗا (٧٣) وَكَمۡ أَهۡلَكۡنَا قَبۡلَهُم مِّن قَرۡنٍ هُمۡ
أَحۡسَنُ أَثَٰثٗا وَرِءۡيٗا (٧٤) قُلۡ مَن كَانَ فِي
ٱلضَّلَٰلَةِ فَلۡيَمۡدُدۡ لَهُ ٱلرَّحۡمَٰنُ مَدًّاۚ حَتَّىٰٓ إِذَا رَأَوۡاْ
مَا يُوعَدُونَ إِمَّا ٱلۡعَذَابَ وَإِمَّا ٱلسَّاعَةَ
فَسَيَعۡلَمُونَ مَنۡ هُوَ شَرّٞ مَّكَانٗا وَأَضۡعَفُ جُندٗا
(٧٥) وَيَزِيدُ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ٱهۡتَدَوۡاْ هُدٗىۗ وَٱلۡبَٰقِيَٰتُ
ٱلصَّٰلِحَٰتُ خَيۡرٌ عِندَ رَبِّكَ ثَوَابٗا وَخَيۡرٞ مَّرَدّٗا
(٧٦) أَفَرَءَيۡتَ ٱلَّذِي كَفَرَ بِـَٔايَٰتِنَا وَقَالَ
لَأُوتَيَنَّ مَالٗا وَوَلَدًا (٧٧) أَطَّلَعَ ٱلۡغَيۡبَ أَمِ ٱتَّخَذَ
عِندَ ٱلرَّحۡمَٰنِ عَهۡدٗا (٧٨) كَلَّاۚ سَنَكۡتُبُ مَا
يَقُولُ وَنَمُدُّ لَهُۥ مِنَ ٱلۡعَذَابِ مَدّٗا (٧٩) وَنَرِثُهُۥ
مَا يَقُولُ وَيَأۡتِينَا فَرۡدٗا (٨٠) وَٱتَّخَذُواْ مِن دُونِ
ٱللَّهِ ءَالِهَةٗ لِّيَكُونُواْ لَهُمۡ عِزّٗا (٨١) كَلَّاۚ
سَيَكۡفُرُونَ بِعِبَادَتِهِمۡ وَيَكُونُونَ عَلَيۡهِمۡ ضِدّٗا
(٨٢) أَلَمۡ تَرَ أَنَّآ أَرۡسَلۡنَا ٱلشَّيَٰطِينَ عَلَى
ٱلۡكَٰفِرِينَ تَؤُزُّهُمۡ أَزّٗا (٨٣) فَلَا تَعۡجَلۡ عَلَيۡهِمۡۖ
إِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمۡ عَدّٗا (٨٤) يَوۡمَ نَحۡشُرُ ٱلۡمُتَّقِينَ
إِلَى ٱلرَّحۡمَٰنِ وَفۡدٗا (٨٥) وَنَسُوقُ ٱلۡمُجۡرِمِينَ
إِلَىٰ جَهَنَّمَ وِرۡدٗا (٨٦) لَّا يَمۡلِكُونَ ٱلشَّفَٰعَةَ إِلَّا
مَنِ ٱتَّخَذَ عِندَ ٱلرَّحۡمَٰنِ عَهۡدٗا (٨٧) وَقَالُواْ
ٱتَّخَذَ ٱلرَّحۡمَٰنُ وَلَدٗا (٨٨) لَّقَدۡ جِئۡتُمۡ شَيۡـًٔا إِدّٗا
(٨٩) تَكَادُ ٱلسَّمَٰوَٰتُ يَتَفَطَّرۡنَ مِنۡهُ وَتَنشَقُّ
ٱلۡأَرۡضُ وَتَخِرُّ ٱلۡجِبَالُ هَدًّا (٩٠) أَن دَعَوۡاْ
لِلرَّحۡمَٰنِ وَلَدٗا (٩١) وَمَا يَنۢبَغِي لِلرَّحۡمَٰنِ أَن
يَتَّخِذَ وَلَدًا (٩٢) إِن كُلُّ مَن فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ
وَٱلۡأَرۡضِ إِلَّآ ءَاتِي ٱلرَّحۡمَٰنِ عَبۡدٗا (٩٣) لَّقَدۡ
أَحۡصَىٰهُمۡ وَعَدَّهُمۡ عَدّٗا (٩٤) وَكُلُّهُمۡ ءَاتِيهِ يَوۡمَ
ٱلۡقِيَٰمَةِ فَرۡدًا (٩٥) إِنَّ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ
ٱلصَّٰلِحَٰتِ سَيَجۡعَلُ لَهُمُ ٱلرَّحۡمَٰنُ وُدّٗا (٩٦)
فَإِنَّمَا يَسَّرۡنَٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ ٱلۡمُتَّقِينَ وَتُنذِرَ
بِهِۦ قَوۡمٗا لُّدّٗا (٩٧) وَكَمۡ أَهۡلَكۡنَا قَبۡلَهُم مِّن قَرۡنٍ
هَلۡ تُحِسُّ مِنۡهُم مِّنۡ أَحَدٍ أَوۡ تَسۡمَعُ لَهُمۡ رِكۡزَۢا
(٩٨)

اور جب ان پر ہماری واضح آیات تلاوت کی جاتی ہیں تو جن (قریشی) لوگوں نے (ولایت سے) کفر کیا ہے وہ ان لوگوں سے جو (ولایتِ علیؑ پر) ایمان لائے ہیں کہتے ہیں ہم دونوں گروہوں میں سے کس کا مقام بہتر ہے اور کس کی مجلسیں زیادہ اچھی ہیں۔ اور ان سے قبل ہم نے کتنی ہی قوموں کو ہلاک کر دیا ہے جو زیادہ اچھے اثاثے اور ظاہری شان وشوکت رکھتے تھے۔ کہہ دو جو (انکارِ ولایتِ علیؑ کی) گمراہی میں رہتا ہے تو اس کیلئے رحمان رسی دراز کرکے مہلت دیتا ہے، حتیٰ کہ جب وہ اس کو دیکھ لیتے ہیں جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے یا تو عذاب (قیام قائمؑ کے وقت) اور یا ساعت؛ پھر انہیں معلوم ہو گا کہ کون بُری جگہ پر ہے (امامِ قائمؑ کے نزدیک) اور جتھے میں زیادہ کمزور ہے۔ اور جو لوگ ہدایت پر ہیں اللہ ان کی ہدایت میں اضافہ کرتا ہے (امامِ قائمؑ کا اتباع کرنے کی وجہ سے)؛ اور باقی رہنے والی نیکیاں تیرے رب کے نزدیک ثواب اور اچھے بدلے کے اعتبار سے بہتر ہیں۔ کیا پھر تو نے اس کو دیکھا جس نے ہماری آیات کا انکار کیا ہے اور کہا کہ مجھے ضرور مال اور اولاد دیئے جائیں گے۔ کیا وہ غیب پر مطلع ہو گیا ہے یا اس نے رحمان سے کوئی عہد لے لیا ہے۔ ہرگز نہیں؛ ہم لکھ رہے ہیں جو وہ کہتا ہے اور ہم اس کیلئے عذاب میں اضافہ کریں گے مزید اضافہ۔ اور ہم ان چیزوں کو وراثت میں لیں گے جو وہ کہتا ہے اور وہ ہمارے پاس فرادا (اکیلا) آئے گا۔ اور انہوں نے اللہ کے علاوہ معبود بنا لئے ہیں تاکہ وہ ان کے مددگار ہوں۔ ہرگز نہیں؛ وہ ان کی عبادت کا انکار کریں گے اور ان کے مخالف ہو جائیں گے۔ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ ہم نے کافروں پر شیاطین بھیجے ہیں جو ان کو اُکسا رہے ہیں بھڑکاتے ہوئے۔ پس تم ان کیلئے عجلت نہ کرو؛ ہم صرف ان کیلئے (سانس) گن رہے ہیں جو گنے ہوئے ہیں۔ اس دن ہم متقین کو محشور کرکے رحمان کی طرف وفد کی طرح (سواریوں پر) لے جائیں گے۔ اور ہم مجرموں کو جہنم کی طرف پیاسے ہانک کر لے جائیں گے۔ کوئی شفاعت کا اختیار نہیں رکھتا سوائے ان کے جنہوں نے رحمان سے عہد لیا ہوا ہے (ولایتِ علیؑ وآئمہؑ کا عہد)۔ اور انہوں نے کہا ہے کہ رحمان نے کوئی بیٹا بنا لیا ہے۔ تحقیق تم ہلاکت خیز شئ لائے ہو۔ قریب ہے کہ اس سے آسمان پھٹ جائیں اور زمین شق ہو جائے اور پہاڑ ٹکڑے ٹکڑے ہو کر گِر جائیں۔ اس وجہ سے کہ انہوں نے رحمان کیلئے بیٹا تجویز کیا ہے۔ اور رحمان کیلئے لائق نہیں کہ وہ کوئی بیٹا بنائے۔ آسمانوں اور زمین کی ہر چیز میں سے کوئی ایسا نہیں مگر یہ کہ رحمان کے حضور بطور عبد آتا ہے۔ تحقیق وہ ان پر محیط ہے اور ان کو گنتی کر کے شمار کر رکھا ہے۔ اور وہ سب قیامت کے دن اس کے حضور فرداً فرداً آئیں گے۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور صالح اعمال کئے رحمان ان کیلئے (دلوں میں ولایتِ علیؑ کی) محبت قرار دے گا۔ پس (اے حبیبؐ) ہم نے اس (قرآن) کو صرف تمہاری زبان (سے ولایتِ علیؑ کے اعلان) کے ساتھ آسان کیا ہے تاکہ تم اس سے متقین کو بشارت دو اور تم اس سے (ولایتِ علیؑ کی انکاری) جھگڑالو قوم کو خبردار کر دو۔ اور ہم نے ان سے قبل کتنی ہی قومیں ہلاک کی ہیں؛ کیا تم ان میں سے کسی ایک کو بھی محسوس کرتے ہو یا تم ان کی کوئی آہٹ (ذکر) بھی سنتے ہو۔

سورة طٰهٰ

Surah Taa Haa [sawaw]

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem

1. Taa Haa [Ya Talib al-Haqq al-Hadi Elaihe]
2. We have not sent down to you the Qur'an that you be distressed
3. But only as a reminder for those who fear [Allah] –
4. A revelation from He who created the earth and highest heavens,
5. The Rahman [who has] the Arsh [Throne] under control.
6. To Him belongs what is in the heavens and what is on the earth and what is between them and what is deep under the earth [treasures].
7. And if you speak aloud – then indeed, He knows the secret and what is [even] more hidden.
8. Allah – there is no deity except Him. To Him belong the best names.
9. And has the story of Musa reached you? –
10. When he saw a fire and said to his family, "Stay here; indeed, I have perceived a fire; perhaps I can bring you a burning coal or find at the fire some guidance."
11. And when he came to it, he was called, "O Musa,
12. Indeed, I am your Rabb, so remove your sandals. Indeed, you are in the sacred valley of Tuwa.
13. And I have chosen you, so listen to what is revealed [to you].
14. Indeed, I am Allah. There is no deity except Me, so worship Me and establish Salaat for My Zikr.
15. Indeed, the Hour is coming – I almost conceal it [i.e. its time] – so that every soul may be recompensed according to that for which it strives.
16. So do not let one avert you from it who does not believe in it and follows his desire, because [then] you would perish.
17. And what is that in your right hand, O Musa?"
18. He said, "It is my staff; I lean upon it, and I bring down leaves for my sheep and I have other uses for it."
19. [Allah] said, "Throw it down, O Musa."
20. So he threw it down, and thereupon it was a snake, moving swiftly.
21. [Allah] said, "Seize it and fear not; We will return it to its former condition.
22. And press your hand to your side; it will come out white without disease – another sign,
23. That We may show you [some] of Our greater Ayaat.
24. Go to Fir'aoun. Indeed, he has transgressed [i.e. tyrannized]."
25. [Musa] said, "My Rabb, expand for me my chest,
26. And ease for me my task
27. And untie the knot from my tongue
28. That they may understand my speech.
29. And appoint for me a Wazir [assistant] from my family –
30. Haroon, my brother.
31. Increase through him my strength
32. And let him share my task
33. That we may exalt You much
34. And we remember You much.
35. Indeed, You are ever Seeing us."
36. [Allah] said, "You have been granted your request, O Musa.
37. And We had already conferred favour upon you another time,
38. When We revealed to your mother what was revealed,

سُوْرَةُ طٰهٰ

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیازعام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

یا طالب الحق الھادی الیہ۔ ہم نے تم پر قرآن اس لئے نازل نہیں کیا کہ تم مشقت میں پڑو۔ مگر تذکرہ ہے اس کیلئے جو ڈرے۔ نازل کیا گیا اس کی طرف سے جس نے زمین اور بلند آسمانوں کو خلق کیا۔ رحمان نے عرش کو استوار کیا۔ اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے اور جو کچھ مٹی (زمین) کے نیچے (خزائن) ہیں۔ اور اگر تم اونچی آواز سے بات کرو تو بیشک وہ راز کو بھی جانتا ہے اور مخفی تر بات کو بھی۔ اللہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں؛ اسی کے اسمائے حسنیٰ (بہترین نام) ہیں۔ اور کیا تمہیں موسیٰؑ کی خبر پہنچی ہے۔ جب اس نے ایک آگ دیکھی تو اس نے اپنے گھر والوں سے کہا ٹھہرو مجھے (اس) آگ سے انس (کھینچ) محسوس ہو رہا ہے شاید میں تمہارے پاس اس میں سے کچھ آگ لے آؤں یا آگ پر (موجود سے) کوئی ھدایت پا لوں۔ پھر جب وہ اس کے پاس آیا تو ندا دی گئی اے موسیٰؑ! بیشک میں ہی تیرا رب ہوں لہذا اپنی جوتیاں اتار دو، بیشک تو وادئ مقدس طُوٰی میں ہے۔ اور میں نے تمہیں چن لیا ہے پس سنو جو وحی کی جاتی ہے۔ بیشک میں ہی اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں پس میری عبادت کرو اور میرے ذکر کیلئے صلاۃ قائم کرو۔ بیشک ساعت آنے والی ہے قریب ہوں کہ میں اس (کے وقت) کو مخفی رکھوں تاکہ ہر نفس کو جزا دی جائے جو سعی وہ کرتا ہے۔ پس وہ تمہیں اس سے نہ روک دے جو اس پر ایمان نہیں رکھتا اور اپنی خواہش کا اتباع کرتا ہے ورنہ تم ہلاک ہو جاؤ گے۔ اور اے موسیٰؑ وہ تیرے داہنے ہاتھ میں کیا ہے؟ اس نے کہا یہ میرا عصا ہے میں اس پر ٹیک لگاتا ہوں اور اس سے اپنی بھیڑبکریوں کیلئے پتے جھاڑتا ہوں اور میرے لئے اس میں دوسرے فائدے (استعمالات) بھی ہیں۔ اس نے کہا اے موسیٰؑ اس کو نیچے پھینکو۔ تو اس نے اسے پھینکا تو یکایک وہ ایک دوڑتا ہوا سانپ تھا۔ اس نے کہا اسے پکڑ لو اور خوف نہ کرو، ہم اسے اس کی پہلی حالت میں لوٹا دیں گے۔ اور اپنا ہاتھ اپنے بازو (بغل) سے ضم کرو سفید چمکتا ہوا نکلے گا بغیر بُرائی (بیماری) کے، (یہ ہے) دوسری آیت۔ تاکہ ہم تمہیں اپنی بڑی آیات میں سے دکھائیں۔ فرعون کے پاس جاؤ بیشک وہ سرکش ہو گیا ہے۔ اس نے کہا اے رب میرا سینہ میرے لئے کشادہ کر دے۔ اور میرا کام میرے لئے آسان کر دے۔ اور میری لسان کا عقدہ حل کر دے۔ تاکہ وہ میری بات سمجھ سکیں۔ اور تو میرے لئے میرے خاندان سے ایک وزیر بنا دے۔ ہارونؑ میرا بھائی۔ اس سے میری قوت شدید کر دے۔ اور اسے میرے امر میں شریک کر دے۔ تاکہ ہم تیری تسبیح کثرت سے کریں۔ اور ہم تیرا ذکر کثرت سے کریں۔ بیشک تو ہمیشہ سے ہمیں دیکھنے والا ہے۔ اس نے کہا تحقیق تمہیں دے دیا گیا جو تو نے مانگا اے موسیٰؑ۔ اور تحقیق ہم نے تم پر ایک اور مرتبہ بھی احسان کیا تھا۔ جب ہم نے تمہاری ماں کی طرف وحی کی تھی جو وحی کی جاتی ہے۔

سُوْرَةُ طٰهٰ

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

طه (١) مَآ أَنزَلْنَا عَلَيْكَ ٱلْقُرْءَانَ لِتَشْقَىٰٓ (٢)
إِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَن يَخْشَىٰ (٣) تَنزِيلًا مِّمَّنْ خَلَقَ
ٱلْأَرْضَ وَٱلسَّمَـٰوَٰتِ ٱلْعُلَى (٤) ٱلرَّحْمَـٰنُ عَلَى
ٱلْعَرْشِ ٱسْتَوَىٰ (٥) لَهُۥ مَا فِى ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَمَا
فِى ٱلْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ ٱلثَّرَىٰ (٦)
وَإِن تَجْهَرْ بِٱلْقَوْلِ فَإِنَّهُۥ يَعْلَمُ ٱلسِّرَّ وَأَخْفَى
(٧) ٱللَّهُ لَآ إِلَـٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ لَهُ ٱلْأَسْمَآءُ ٱلْحُسْنَىٰ
(٨) وَهَلْ أَتَىٰكَ حَدِيثُ مُوسَىٰٓ (٩) إِذْ رَءَا نَارًا
فَقَالَ لِأَهْلِهِ ٱمْكُثُوٓا۟ إِنِّىٓ ءَانَسْتُ نَارًا لَّعَلِّىٓ
ءَاتِيكُم مِّنْهَا بِقَبَسٍ أَوْ أَجِدُ عَلَى ٱلنَّارِ هُدًى
(١٠) فَلَمَّآ أَتَىٰهَا نُودِىَ يَـٰمُوسَىٰٓ (١١) إِنِّىٓ أَنَا۠
رَبُّكَ فَٱخْلَعْ نَعْلَيْكَ ۖ إِنَّكَ بِٱلْوَادِ ٱلْمُقَدَّسِ طُوًى
(١٢) وَأَنَا ٱخْتَرْتُكَ فَٱسْتَمِعْ لِمَا يُوحَىٰٓ (١٣)
إِنَّنِىٓ أَنَا ٱللَّهُ لَآ إِلَـٰهَ إِلَّآ أَنَا۠ فَٱعْبُدْنِى وَأَقِمِ
ٱلصَّلَوٰةَ لِذِكْرِىٓ (١٤) إِنَّ ٱلسَّاعَةَ ءَاتِيَةٌ أَكَادُ
أُخْفِيهَا لِتُجْزَىٰ كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا تَسْعَىٰ (١٥) فَلَا
يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَن لَّا يُؤْمِنُ بِهَا وَٱتَّبَعَ هَوَىٰهُ
فَتَرْدَىٰ (١٦) وَمَا تِلْكَ بِيَمِينِكَ يَـٰمُوسَىٰ (١٧)
قَالَ هِىَ عَصَاىَ أَتَوَكَّؤُا۟ عَلَيْهَا وَأَهُشُّ بِهَا
عَلَىٰ غَنَمِى وَلِىَ فِيهَا مَـَٔارِبُ أُخْرَىٰ (١٨)
قَالَ أَلْقِهَا يَـٰمُوسَىٰ (١٩) فَأَلْقَىٰهَا فَإِذَا هِىَ حَيَّةٌ
تَسْعَىٰ (٢٠) قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ ۖ سَنُعِيدُهَا
سِيرَتَهَا ٱلْأُولَىٰ (٢١) وَٱضْمُمْ يَدَكَ إِلَىٰ
جَنَاحِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوٓءٍ ءَايَةً
أُخْرَىٰ (٢٢) لِنُرِيَكَ مِنْ ءَايَـٰتِنَا ٱلْكُبْرَى (٢٣)
ٱذْهَبْ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ إِنَّهُۥ طَغَىٰ (٢٤) قَالَ رَبِّ
ٱشْرَحْ لِى صَدْرِى (٢٥) وَيَسِّرْ لِىٓ أَمْرِى
(٢٦) وَٱحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِى (٢٧) يَفْقَهُوا۟
قَوْلِى (٢٨) وَٱجْعَل لِّى وَزِيرًا مِّنْ أَهْلِى
(٢٩) هَـٰرُونَ أَخِى (٣٠) ٱشْدُدْ بِهِۦٓ أَزْرِى
(٣١) وَأَشْرِكْهُ فِىٓ أَمْرِى (٣٢) كَىْ نُسَبِّحَكَ
كَثِيرًا (٣٣) وَنَذْكُرَكَ كَثِيرًا (٣٤) إِنَّكَ كُنتَ
بِنَا بَصِيرًا (٣٥) قَالَ قَدْ أُوتِيتَ سُؤْلَكَ
يَـٰمُوسَىٰ (٣٦) وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَيْكَ مَرَّةً أُخْرَىٰٓ
(٣٧) إِذْ أَوْحَيْنَآ إِلَىٰٓ أُمِّكَ مَا يُوحَىٰٓ (٣٨)

39. [Saying], 'Put him into the chest and put it into the river, and the river will throw it onto the bank; there will take him an enemy to Me and an enemy to him.' And I bestowed upon you love from Me that you would be brought up under My Eyes [i.e. observation and care].
40. [And We favoured you] when your sister went and said, 'Shall I direct you to someone who will be responsible for him?' So We restored you to your mother that she might cool her eyes and not grieve. And you killed someone, but We saved you from retaliation and tried you with a [severe] trial. And you remained [some] years among the people of Madyan. Then you came [here] at the decreed time, O Musa.
41. And I produced you for Myself.
42. Go, you and your brother, with My signs and do not slacken in My Zikr.
43. Go, both of you, to Fir'aoun. Indeed, he has transgressed.
44. And speak to him with gentle speech that perhaps he may be reminded or fear [Allah]."
45. They said, "Our Rabb, indeed we are afraid that he will hasten [punishment] against us or that he will transgress."
46. [Allah] said, "Fear not. Indeed, I am with you both; I hear and I see.
47. So go to him and say, 'Indeed, we are the Rasools of your Rabb, so send with us the Children of Israel and do not torment them. We have come to you with a sign from your Rabb. And peace be upon he who follows the guidance.
48. Indeed, it has been revealed to us that the punishment will be upon whoever belies and turns away.' "
49. [Fir'aoun] said, "So who is the Rabb of you two, O Musa?"
50. He said, "Our Rabb is He who gave everything its body-form and then guided [it]."
51. [Fir'aoun] said, "Then what is the case of the former generations?"
52. [Musa] said, "The knowledge thereof is with my Rabb in a Book. My Rabb neither errs nor forgets."
53. [It is He] who has made for you the earth as a bed [spread out] and inserted therein for you pathways and sent down from the sky rainwater and produced thereby categories of various plants.
54. Eat [therefrom] and pasture your cattle. Indeed in that are Ayaat for men of extreme intelligence [the Masumeen swsa].[and in the Qur'an are Ayaat about the Masumeen swsa]
55. From it [i.e. the earth] We created you, and into it We will return you, and from it We will extract you another time.
56. And We certainly showed him [i.e. Fir'aoun] Our signs – all of them – but he belied and denied.
57. He said, "Have you come to us to drive us out of our land with your magic, O Musa?
58. Then we will surely bring you magic like it, so make between us and you an appointment, which we will not fail to keep and neither will you, in a place assigned."
59. [Musa] said, "Your appointment is on the day of the festival when the people assemble at mid-morning."
60. So Fir'aoun went away, put together his plan, and then came [to Musa].
61. Musa said to them [i.e. the magicians summoned by Fir'aoun], "Woe to you! Do not invent a lie against Allah or He will exterminate you with a punishment; and he has failed who invents [such falsehood]."
62. So they disputed over their affair among themselves and concealed their private conversation.

أَنِ ٱقْذِفِيهِ فِى ٱلتَّابُوتِ فَٱقْذِفِيهِ فِى ٱلْيَمِّ فَلْيُلْقِهِ
ٱلْيَمُّ بِٱلسَّاحِلِ يَأْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّى وَعَدُوٌّ لَّهُ ۚ
وَأَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّى وَلِتُصْنَعَ عَلَىٰ عَيْنِىٓ
(٣٩) إِذْ تَمْشِىٓ أُخْتُكَ فَتَقُولُ هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَىٰ
مَن يَكْفُلُهُۥ ۖ فَرَجَعْنَٰكَ إِلَىٰٓ أُمِّكَ كَىْ تَقَرَّ عَيْنُهَا
وَلَا تَحْزَنَ ۚ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنَٰكَ مِنَ ٱلْغَمِّ
وَفَتَنَّٰكَ فُتُونًا ۚ فَلَبِثْتَ سِنِينَ فِىٓ أَهْلِ مَدْيَنَ ثُمَّ
جِئْتَ عَلَىٰ قَدَرٍ يَٰمُوسَىٰ (٤٠) وَٱصْطَنَعْتُكَ
لِنَفْسِى (٤١) ٱذْهَبْ أَنتَ وَأَخُوكَ بِـَٔايَٰتِى وَلَا
تَنِيَا فِى ذِكْرِى (٤٢) ٱذْهَبَآ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ إِنَّهُۥ
طَغَىٰ (٤٣) فَقُولَا لَهُۥ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهُۥ يَتَذَكَّرُ
أَوْ يَخْشَىٰ (٤٤) قَالَا رَبَّنَآ إِنَّنَا نَخَافُ أَن يَفْرُطَ
عَلَيْنَآ أَوْ أَن يَطْغَىٰ (٤٥) قَالَ لَا تَخَافَآ ۖ إِنَّنِى
مَعَكُمَآ أَسْمَعُ وَأَرَىٰ (٤٦) فَأْتِيَاهُ فَقُولَآ إِنَّا
رَسُولَا رَبِّكَ فَأَرْسِلْ مَعَنَا بَنِىٓ إِسْرَٰٓءِيلَ وَلَا
تُعَذِّبْهُمْ ۖ قَدْ جِئْنَٰكَ بِـَٔايَةٍ مِّن رَّبِّكَ ۖ وَٱلسَّلَٰمُ عَلَىٰ
مَنِ ٱتَّبَعَ ٱلْهُدَىٰٓ (٤٧) إِنَّا قَدْ أُوحِىَ إِلَيْنَآ أَنَّ
ٱلْعَذَابَ عَلَىٰ مَن كَذَّبَ وَتَوَلَّىٰ (٤٨) قَالَ
فَمَن رَّبُّكُمَا يَٰمُوسَىٰ (٤٩) قَالَ رَبُّنَا ٱلَّذِىٓ
أَعْطَىٰ كُلَّ شَىْءٍ خَلْقَهُۥ ثُمَّ هَدَىٰ (٥٠) قَالَ
فَمَا بَالُ ٱلْقُرُونِ ٱلْأُولَىٰ (٥١) قَالَ عِلْمُهَا عِندَ
رَبِّى فِى كِتَٰبٍ ۖ لَّا يَضِلُّ رَبِّى وَلَا يَنسَى (٥٢)
ٱلَّذِى جَعَلَ لَكُمُ ٱلْأَرْضَ مَهْدًا وَسَلَكَ لَكُمْ فِيهَا
سُبُلًا وَأَنزَلَ مِنَ ٱلسَّمَآءِ مَآءً فَأَخْرَجْنَا بِهِۦٓ
أَزْوَٰجًا مِّن نَّبَاتٍ شَتَّىٰ (٥٣) كُلُوا۟ وَٱرْعَوْا۟
أَنْعَٰمَكُمْ ۗ إِنَّ فِى ذَٰلِكَ لَءَايَٰتٍ لِّأُو۟لِى ٱلنُّهَىٰ
(٥٤) ۞ مِنْهَا خَلَقْنَٰكُمْ وَفِيهَا نُعِيدُكُمْ وَمِنْهَا
نُخْرِجُكُمْ تَارَةً أُخْرَىٰ (٥٥) وَلَقَدْ أَرَيْنَٰهُ ءَايَٰتِنَا
كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَأَبَىٰ (٥٦) قَالَ أَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا
مِنْ أَرْضِنَا بِسِحْرِكَ يَٰمُوسَىٰ (٥٧) فَلَنَأْتِيَنَّكَ
بِسِحْرٍ مِّثْلِهِۦ فَٱجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا لَّا
نُخْلِفُهُۥ نَحْنُ وَلَآ أَنتَ مَكَانًا سُوًى (٥٨) قَالَ
مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ ٱلزِّينَةِ وَأَن يُحْشَرَ ٱلنَّاسُ ضُحًى
(٥٩) فَتَوَلَّىٰ فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهُۥ ثُمَّ أَتَىٰ
(٦٠) قَالَ لَهُم مُّوسَىٰ وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوا۟ عَلَى
ٱللَّهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُم بِعَذَابٍ ۖ وَقَدْ خَابَ مَنِ
ٱفْتَرَىٰ (٦١) فَتَنَٰزَعُوٓا۟ أَمْرَهُم بَيْنَهُمْ وَأَسَرُّوا۟
ٱلنَّجْوَىٰ (٦٢)

کہ اس (بچے) کو تابوت میں رکھ دے پھر اس (تابوت) کو دریا میں ڈال دے تو دریا اسے ساحل پر پھینک دے گا، اسے میرا دشمن اور اس (بچے) کا دشمن پکڑ لے گا؛ اور میں نے اپنی طرف سے تم پر محبت ڈال دی، اور تاکہ تو میرے آنکھوں کے سامنے پالا جائے۔ جب تیری بہن چل رہی تھی، پھر اس نے کہا کیا میں تمہیں اس کا پتہ دوں جو اس کی کفالت کر سکے؛ پھر ہم نے تمہیں واپس پہنچا دیا تمہاری ماں کے پاس تاکہ اس کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں اور وہ غم نہ کرے؛ اور تم نے ایک شخص کو قتل کر دیا تو ہم نے تجھے غم سے نجات دی اور ہم نے تمہیں آزمایا آزمائش میں ڈال کر، تو تم کئی سال اہلِ مدین میں پڑے رہے، پھر تم مقررہ وقت پر آئے ہو اے موسیٰؑ۔ اور میں نے اپنے نفس کیلئے تجھے ایجاد کیا ہے۔ تم اور تمہارا بھائی میری آیات کے ساتھ جاؤ اور میرے ذکر میں سستی نہ کرنا۔ تم دونوں فرعون کے پاس جاؤ بیشک وہ سرکش ہو گیا ہے۔ تو اس سے نرم بات کرنا شاید کہ وہ نصیحت قبول کر لے یا وہ ڈر جائے۔ دونوں نے کہا اے ہمارے رب بیشک ہمیں خوف ہے کہ وہ ہم پر زیادتی کرے گا یا کہ وہ سرکش ہو جائے گا۔ اس نے کہا تم دونوں نہ ڈرو بیشک میں تمہارے ساتھ ہوں میں سب سنتا ہوں اور دیکھتا ہوں۔ پس دونوں اس کے پاس جاؤ تو کہو بیشک ہم تیرے رب کے رسول ہیں پس بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ بھیج دے، اور تم انہیں عذاب نہ دو؛ ہم تیرے پاس تیرے رب کی آیت لے کر آئے ہیں؛ اور سلام ہے اس پر جو ھدایت کا اتباع کرتا ہے۔ بیشک ہماری طرف وحی کی گئی ہے کہ بیشک اس پر عذاب ہے جو جھٹلائے اور منہ موڑ لے۔ اس نے کہا تو تم دونوں کا رب کون ہے اے موسیٰؑ؟ اس نے کہا ہمارا رب وہ ہے جس نے ہر شئ کو اس کی ساخت عطا کی پھر اس کو ھدایت دی۔ اس نے کہا پھر پہلی قوموں کی کیا حالت تھی۔ اس نے کہا ان کا علم میرے رب کے پاس ایک کتاب میں ہے، میرا رب نہ چوکتا ہے اور نہ وہ بھولتا ہے۔ جس نے تمہارے لئے زمین کو بچھونا بنایا اور اس میں تمہارے چلنے کیلئے راستے جاری کر دیئے اور آسمان سے پانی نازل کیا؛ پھر اس کے ذریعہ سے مختلف اقسام کی نباتات نکالیں۔ کھاؤ اور اپنے مویشیوں کو بھی چراؤ؛ بیشک اس میں عقل کی انتہا والوں (معصومینؑ) کیلئے واقعی آیات ہیں (یعنی قرآن میں معصومینؑ کا ہی ذکر ہے)۔ اسی (زمین) سے ہم نے تمہیں خلق کیا اور اسی میں ہم تمہیں واپس لے جائیں گے اور اسی سے ہم تمہیں دوسری بار نکالیں گے۔ اور تحقیق ہم نے اسے (فرعون) اپنی سب آیات دکھائیں مگر اس نے تکذیب کی اور انکار کیا۔ اس نے کہا اے موسیٰؑ کیا تم ہمارے پاس اسلئے آئےہو کہ تم ہمیں ہماری سرزمین سے اپنے جادو سے نکال دو۔ پھر ہم بھی ضرور تمہارے سامنے اسی کی مثل جادو لائیں گے پس ہمارے اور اپنے درمیان وعدے کا وقت مقرر کر لو نہ ہم اس مقررہ کھلی جگہ کی خلاف ورزی کریں گے اور نہ تم۔ موسیٰؑ نے کہا تمہارے لئے وعدے کا وقت یومِ زینت (جشن) ہے اور یہ کہ لوگ دن چڑھے اٹھ کر اکٹھے ہو جائیں۔ پھر فرعون پلٹا اور اپنی تدبیر کو جمع کیا پھر آیا۔ موسیٰؑ نے ان سے کہا تمہارے لئے تباھی ہو تم اللہ پر جھوٹ نہ گھڑو ورنہ وہ عذاب سے تمہیں فنا کر دے گا، اور جس نے جھوٹ گھڑا وہ ناکام و نامراد ہو چکا ہے۔ تو انہوں نے آپس میں اپنے معاملہ میں تنازع کیا اور رازداری سے سرگوشیاں کیں۔

63. They said, "Indeed, these are two magicians who want to drive you out of your land with their magic and do away with your most exemplary way [i.e. religion or tradition].
64. So resolve upon your plan and then come [forward] in line. And he has succeeded today who overcomes."
65. They said, "O Musa, either you throw or we will be the first to throw."
66. He said, "Rather, you throw." And suddenly their ropes and staffs seemed to him from their magic that they were moving [like snakes].
67. So Musa sensed within himself apprehension.
68. Said We, "Fear not. Indeed, it is you who will be superior.
69. And throw what is in your right hand; it will swallow up what they have crafted. What they have crafted is but the trick of a magician, and the magician will not succeed wherever he is."
70. So the magicians fell down in Sajdah. They said, "We have believed in the Rabb of Haroon and Musa."
71. [Fir'aoun] said, "You believed him [i.e. Musa] before I gave you permission. Indeed, he is your leader who has taught you magic. So I will surely cut off your hands and your feet on opposite sides, and I will crucify you on the trunks of palm trees, and you will surely know which of us is more severe in [giving] punishment and more enduring."
72. They said, "Never will we prefer you over what has come to us of clear proofs and [over] He who created us. So decree whatever you are to decree. You can only decree for this worldly life.
73. Indeed, we have believed in our Rabb that He may forgive us our sins and what you compelled us [to do] of magic. And Allah is better and more enduring."
74. Indeed, whoever comes to his Rabb as a criminal – indeed, for him is Hell; he will neither die therein nor live.
75. But whoever comes to Him as a believer having done righteous deeds – for those will be the highest degrees [in position]:
76. Gardens of perpetual residence beneath which rivers flow, wherein they abide eternally. And that is the reward of one who purifies himself.
77. And We revealed to Musa, "Travel by night with My servants and strike for them a dry path through the sea [with staff]; you will not fear being overtaken [by Fir'aoun] nor be afraid [of drowning]."
78. So Fir'aoun pursued them with his soldiers, and there covered them from the sea that which covered them,
79. And Fir'aoun led his people astray and did not guide [them].
80. O Children of Israel, indeed We saved you from your enemy, and We made an appointment with you at the right side of the mountain, and We sent down to you manna and quails,
81. [Saying], "Eat from the good things with which We have provided you and do not transgress [or oppress others] therein, lest My anger should descend upon you. And he upon whom My anger descends has certainly fallen [i.e. perished]."
82. And indeed, I am the Perpetual Forgiver of whoever repents and believes and does righteousness and then continues in guidance [i.e. Wilayat e Masumeen swsa].
83. [Allah said], "And what made you to hasten from your people, O Musa?"

قَالُوٓاْ إِنۡ هَٰذَٰنِ لَسَٰحِرَانِ يُرِيدَانِ أَن يُخۡرِجَاكُم
مِّنۡ أَرۡضِكُم بِسِحۡرِهِمَا وَيَذۡهَبَا بِطَرِيقَتِكُمُ
ٱلۡمُثۡلَىٰ (٦٣) فَأَجۡمِعُواْ كَيۡدَكُمۡ ثُمَّ ٱئۡتُواْ صَفّٗاۚ
وَقَدۡ أَفۡلَحَ ٱلۡيَوۡمَ مَنِ ٱسۡتَعۡلَىٰ (٦٤) قَالُواْ
يَٰمُوسَىٰٓ إِمَّآ أَن تُلۡقِيَ وَإِمَّآ أَن نَّكُونَ أَوَّلَ مَنۡ
أَلۡقَىٰ (٦٥) قَالَ بَلۡ أَلۡقُواْۖ فَإِذَا حِبَالُهُمۡ وَعِصِيُّهُمۡ
يُخَيَّلُ إِلَيۡهِ مِن سِحۡرِهِمۡ أَنَّهَا تَسۡعَىٰ (٦٦)
فَأَوۡجَسَ فِي نَفۡسِهِۦ خِيفَةٗ مُّوسَىٰ (٦٧) قُلۡنَا لَا
تَخَفۡ إِنَّكَ أَنتَ ٱلۡأَعۡلَىٰ (٦٨) وَأَلۡقِ مَا فِي
يَمِينِكَ تَلۡقَفۡ مَا صَنَعُوٓاْۖ إِنَّمَا صَنَعُواْ كَيۡدُ سَٰحِرٖۖ
وَلَا يُفۡلِحُ ٱلسَّاحِرُ حَيۡثُ أَتَىٰ (٦٩) فَأُلۡقِيَ
ٱلسَّحَرَةُ سُجَّدٗا قَالُوٓاْ ءَامَنَّا بِرَبِّ هَٰرُونَ
وَمُوسَىٰ (٧٠) قَالَ ءَامَنتُمۡ لَهُۥ قَبۡلَ أَنۡ ءَاذَنَ
لَكُمۡۖ إِنَّهُۥ لَكَبِيرُكُمُ ٱلَّذِي عَلَّمَكُمُ ٱلسِّحۡرَۖ
فَلَأُقَطِّعَنَّ أَيۡدِيَكُمۡ وَأَرۡجُلَكُم مِّنۡ خِلَٰفٖ
وَلَأُصَلِّبَنَّكُمۡ فِي جُذُوعِ ٱلنَّخۡلِ وَلَتَعۡلَمُنَّ أَيُّنَآ أَشَدُّ
عَذَابٗا وَأَبۡقَىٰ (٧١) قَالُواْ لَن نُّؤۡثِرَكَ عَلَىٰ مَا
جَآءَنَا مِنَ ٱلۡبَيِّنَٰتِ وَٱلَّذِي فَطَرَنَاۖ فَٱقۡضِ مَآ أَنتَ
قَاضٍۖ إِنَّمَا تَقۡضِي هَٰذِهِ ٱلۡحَيَوٰةَ ٱلدُّنۡيَآ (٧٢) إِنَّآ
ءَامَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغۡفِرَ لَنَا خَطَٰيَٰنَا وَمَآ أَكۡرَهۡتَنَا
عَلَيۡهِ مِنَ ٱلسِّحۡرِۗ وَٱللَّهُ خَيۡرٞ وَأَبۡقَىٰٓ (٧٣) إِنَّهُۥ
مَن يَأۡتِ رَبَّهُۥ مُجۡرِمٗا فَإِنَّ لَهُۥ جَهَنَّمَ لَا يَمُوتُ
فِيهَا وَلَا يَحۡيَىٰ (٧٤) وَمَن يَأۡتِهِۦ مُؤۡمِنٗا قَدۡ
عَمِلَ ٱلصَّٰلِحَٰتِ فَأُوْلَٰٓئِكَ لَهُمُ ٱلدَّرَجَٰتُ ٱلۡعُلَىٰ
(٧٥) جَنَّٰتُ عَدۡنٖ تَجۡرِي مِن تَحۡتِهَا ٱلۡأَنۡهَٰرُ
خَٰلِدِينَ فِيهَاۚ وَذَٰلِكَ جَزَآءُ مَن تَزَكَّىٰ (٧٦)
وَلَقَدۡ أَوۡحَيۡنَآ إِلَىٰ مُوسَىٰٓ أَنۡ أَسۡرِ بِعِبَادِي
فَٱضۡرِبۡ لَهُمۡ طَرِيقٗا فِي ٱلۡبَحۡرِ يَبَسٗا لَّا تَخَٰفُ
دَرَكٗا وَلَا تَخۡشَىٰ (٧٧) فَأَتۡبَعَهُمۡ فِرۡعَوۡنُ
بِجُنُودِهِۦ فَغَشِيَهُم مِّنَ ٱلۡيَمِّ مَا غَشِيَهُمۡ (٧٨)
وَأَضَلَّ فِرۡعَوۡنُ قَوۡمَهُۥ وَمَا هَدَىٰ (٧٩) يَٰبَنِيٓ
إِسۡرَٰٓءِيلَ قَدۡ أَنجَيۡنَٰكُم مِّنۡ عَدُوِّكُمۡ وَوَٰعَدۡنَٰكُمۡ
مُّؤۡمِنِينَ (١٧) وَيُبَيِّنُ ٱللَّهُ لَكُمُ ٱلۡأٓيَٰتِۚ وَٱللَّهُ عَلِيمٌ
حَكِيمٌ (١٨) إِنَّ ٱلَّذِينَ يُحِبُّونَ أَن تَشِيعَ
ٱلۡفَٰحِشَةُ فِي ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَهُمۡ عَذَابٌ أَلِيمٞ فِي
ٱلدُّنۡيَا وَٱلۡأٓخِرَةِۚ وَٱللَّهُ يَعۡلَمُ وَأَنتُمۡ لَا تَعۡلَمُونَ
(١٩) وَلَوۡلَا فَضۡلُ ٱللَّهِ عَلَيۡكُمۡ وَرَحۡمَتُهُۥ وَأَنَّ
ٱللَّهَ رَءُوفٞ رَّحِيمٞ (٢٠) ۞ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ
ءَامَنُواْ لَا تَتَّبِعُواْ خُطُوَٰتِ ٱلشَّيۡطَٰنِۚ وَمَن يَتَّبِعۡ
خُطُوَٰتِ ٱلشَّيۡطَٰنِ فَإِنَّهُۥ يَأۡمُرُ بِٱلۡفَحۡشَآءِ
وَٱلۡمُنكَرِۚ وَلَوۡلَا فَضۡلُ ٱللَّهِ عَلَيۡكُمۡ وَرَحۡمَتُهُۥ مَا
زَكَىٰ مِنكُم مِّنۡ أَحَدٍ أَبَدٗا وَلَٰكِنَّ ٱللَّهَ يُزَكِّي مَن
يَشَآءُۗ وَٱللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٞ (٢١) وَلَا يَأۡتَلِ أُوْلُواْ
ٱلۡفَضۡلِ مِنكُمۡ وَٱلسَّعَةِ أَن يُؤۡتُوٓاْ أُوْلِي ٱلۡقُرۡبَىٰ
وَٱلۡمَسَٰكِينَ وَٱلۡمُهَٰجِرِينَ فِي سَبِيلِ ٱللَّهِۖ وَلۡيَعۡفُواْ
وَلۡيَصۡفَحُوٓاْۗ أَلَا تُحِبُّونَ أَن يَغۡفِرَ ٱللَّهُ لَكُمۡۗ وَٱللَّهُ
غَفُورٞ رَّحِيمٌ (٢٢) إِنَّ ٱلَّذِينَ يَرۡمُونَ
ٱلۡمُحۡصَنَٰتِ ٱلۡغَٰفِلَٰتِ ٱلۡمُؤۡمِنَٰتِ لُعِنُواْ فِي ٱلدُّنۡيَا
وَٱلۡأٓخِرَةِ وَلَهُمۡ عَذَابٌ عَظِيمٞ (٢٣) يَوۡمَ تَشۡهَدُ
عَلَيۡهِمۡ أَلۡسِنَتُهُمۡ وَأَيۡدِيهِمۡ وَأَرۡجُلُهُم بِمَا كَانُواْ
يَعۡمَلُونَ (٢٤) يَوۡمَئِذٖ يُوَفِّيهِمُ ٱللَّهُ دِينَهُمُ ٱلۡحَقَّ
وَيَعۡلَمُونَ أَنَّ ٱللَّهَ هُوَ ٱلۡحَقُّ ٱلۡمُبِينُ (٢٥)
ٱلۡخَبِيثَٰتُ لِلۡخَبِيثِينَ وَٱلۡخَبِيثُونَ لِلۡخَبِيثَٰتِۖ
وَٱلطَّيِّبَٰتُ لِلطَّيِّبِينَ وَٱلطَّيِّبُونَ لِلطَّيِّبَٰتِۚ أُوْلَٰٓئِكَ
مُبَرَّءُونَ مِمَّا يَقُولُونَۖ لَهُم مَّغۡفِرَةٞ وَرِزۡقٞ
كَرِيمٞ (٢٦) يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَا تَدۡخُلُواْ
بُيُوتًا غَيۡرَ بُيُوتِكُمۡ حَتَّىٰ تَسۡتَأۡنِسُواْ وَتُسَلِّمُواْ
عَلَىٰٓ أَهۡلِهَاۚ ذَٰلِكُمۡ خَيۡرٞ لَّكُمۡ لَعَلَّكُمۡ تَذَكَّرُونَ
(٢٧) فَإِن لَّمۡ تَجِدُواْ فِيهَآ أَحَدٗا فَلَا تَدۡخُلُوهَا
حَتَّىٰ يُؤۡذَنَ لَكُمۡۖ وَإِن قِيلَ لَكُمُ ٱرۡجِعُواْ فَٱرۡجِعُواْۖ
هُوَ أَزۡكَىٰ لَكُمۡۚ وَٱللَّهُ بِمَا تَعۡمَلُونَ عَلِيمٞ (٢٨)
لَّيۡسَ عَلَيۡكُمۡ جُنَاحٌ أَن تَدۡخُلُواْ بُيُوتًا غَيۡرَ
مَسۡكُونَةٖ فِيهَا مَتَٰعٞ لَّكُمۡۚ وَٱللَّهُ يَعۡلَمُ مَا تُبۡدُونَ وَمَا
تَكۡتُمُونَ (٢٩) قُل لِّلۡمُؤۡمِنِينَ يَغُضُّواْ مِنۡ
أَبۡصَٰرِهِمۡ وَيَحۡفَظُواْ فُرُوجَهُمۡۚ ذَٰلِكَ أَزۡكَىٰ لَهُمۡۗ
إِنَّ ٱللَّهَ خَبِيرُۢ بِمَا يَصۡنَعُونَ (٣٠)

اللہ تمہیں نصیحت کرتا ہے کہ تم دوبارہ تاابد اس کی مانند (نہ) کرنا اگر تم مؤمنین ہو۔ اور اللہ تمہارے لئے آیات بیان کرتا ہے؛ اور اللہ سب جاننے والا حکمت والا ہے۔ بیشک جو لوگ چاہتے ہیں کہ ایمان لانے والوں میں فحاشی پھیلے ان کیلئے دنیا و آخرت میں دردناک عذاب ہے (یعنی مؤمن پر واجب ہے کہ دوسرے مؤمن کے ستر بڑے گناہوں پر پردہ ڈالے)؛ اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ اور اگر اللہ کا فضل تم پر نہ ہوتا اور اس کی رحمت، اور بیشک اللہ رؤف و رحیم ہے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو شیطان کے نقشِ قدم کا اتباع نہ کرو؛ جو شیطان کے نقشِ قدم کا اتباع کرے گا تو وہ یقیناً اسے فحاشی اور بدی کا حکم دے گا؛ اور اگر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت تم پر نہ ہوتے تو تم میں سے کوئی ایک بھی تاابد پاک نہ ہوتا، لیکن اللہ پاک کر دیتا ہے جسے چاہتا ہے؛ اور اللہ سب سننے والا سب جاننے والا ہے۔ اور تم میں سے صاحبِ فضل اور مالدار اس بات کی قسم نہ اٹھا بیٹھیں کہ وہ کچھ (نہ) دیں گے قریبی رشتہ داروں اور مسکینوں اور اللہ کی سبیل میں ہجرت کرنے والوں کو، اور انہیں معاف کر دینا چاہیئے اور درگذر کرنا چاہیئے؛ کیا تمہیں محبوب نہیں کہ اللہ تمہیں بخش دے؛ اور اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔ بیشک جو لوگ پرہیزگار (بُرائی) سے بےخبر مؤمنات پر تہمت لگاتے ہیں ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت کی گئی ہے، اور ان کیلئے عذابِ عظیم ہے۔ جس دن ان کی زبانیں اور ان کے ہاتھ اور ان کے پاؤں ان کے اپنے خلاف (ان اعمال کی) گواہی دیں گے جو وہ کرتے رہے تھے۔ اس دن اللہ ان کو ان کا حق بدلہ پورا دے گا اور وہ جان لیں گے کہ بیشک اللہ ہی واضح حق ہے۔ خبیثہ عورتیں خبیث مردوں کیلئے اور خبیث مرد خبیثہ عورتوں کیلئے، اور پاکیزہ عورتیں پاک مردوں کیلئے اور پاک مرد پاکیزہ عورتوں کیلئے، یہ ان باتوں سے مبرا ہیں جو وہ کہتے ہیں؛ ان کیلئے مغفرت اور باعزت رزق ہے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو ان گھروں میں داخل نہ ہو جو تمہارے گھر نہیں ہیں حتیٰ کہ تم اجازت لے لو اور اس میں رہنے والوں پر تم سلام بھیج لو؛ یہ تمہارے لئے بہتر ہے شاید تم نصیحت لو۔ پھر اگر تم ان میں کسی ایک کو نہ پاؤ تو تم ان میں داخل نہ ہو حتیٰ کہ تمہیں اجازت دے دی جائے، اور اگر تمہیں کہا جائے کہ واپس چلے جاؤ تو واپس ہو جاؤ یہ تمہارے لئے زیادہ پاکیزہ ہے؛ اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اسے خوب جانتا ہے۔ تم پر کوئی الزام نہیں کہ تم ایسے گھروں میں داخل ہو جو غیررہائشی (ہوٹل دفاتر وغیرہ) ہوں اور ان میں تمہارا مال متاع ہو؛ اور اللہ جانتا ہے جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم چھپاتے ہو۔ مؤمنین سے کہہ دو اپنی نگاہیں نیچی رکھا کریں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں؛ یہ ان کیلئے زیادہ پاکیزہ ہے؛ بیشک اللہ اس سے باخبر ہے جو وہ کرتے ہیں۔

31. And tell the believing women to reduce [some] of their vision and guard their private parts and not expose their adornment except that which [necessarily] appears thereof and to wrap [lower portion of] their head-covers over their chests and not expose their adornment [i.e. beauty] except to their husbands, or their fathers, or their husbands' fathers, or their sons, or their husbands' sons, or their brothers, or their brothers' sons, or their sisters' sons, or their women, or that which their right hands possess [i.e. slaves], or those [simple minded] male attendants having no physical desire, or children who are not yet aware of the private aspects of women. And let them not stamp their feet [while walking] to make known what they conceal of their adornment. And turn to Allah in repentance, all of you, O believers, that you might succeed.
32. And marry the singles among you and the righteous among your male slaves and female slaves. If they are poor, Allah will enrich them from His bounty, and Allah is all-Encompassing all-Knowing.
33. And who do not find [the means for] marriage should keep chaste until Allah enriches them from His bounty. And those who seek a contract [for eventual emancipation] from among whom your right hands possess – then make a contract with them if you know there is within them goodness and give them from the wealth of Allah which He has given you. And do not compel your slave girls to prostitution, if they desire chastity, to seek [thereby] the temporary things of worldly life. And if someone should compel them, then indeed, Allah is [to them], after their compulsion, Forgiving and Merciful.
34. And We have certainly sent down to you clear verses and examples from those who passed on before you and an instruction for those who fear Allah.
35. Allah is the Noor of the heavens and the earth. The likeness of His Noor is like a niche [Syyeda Fatima swsa] within which is a lamp [Maola Mohammad sawaw]; the lamp is within glass [Maola Ali swsa], the glass as if it were a pearly [white shining] star [of Wilayat] lit from [the oil i.e. knowledge of] a blessed olive tree [Maola Hussain swsa], neither eastern [Jew] nor western [Christian], whose oil would almost glow even if untouched by fire [i.e. Maola Hassan swsa gives knowledge before the seeker asks]. Noor upon Noor [an Imam swsa after an Imam swsa]. Allah guides to His Noor [Wilayat] whom He wills. And Allah presents examples for the people, and Allah is Knowing of all things.
36. [Such Noor is] in houses [of prophets] which Allah has ordered to be raised [i.e. house of Maola Ali swsa and Syyeda Fatima swsa] and that His Ism be mentioned therein; exalting Him within them in the morning and the evenings
37. [Are] men [who don't leave Rasool Allah sawaw standing in Juma Salaat] whom neither trade nor sale distracts from the Zikr of Allah and establishment of Salaat and giving of Zakaat. They fear a Day in which the hearts and eyes will [fearfully] turn about –
38. That Allah may reward them the best for what they did and increase them from His bounty. And Allah gives provision to whom He wills without account [& measure].

وَقُل لِّلْمُؤْمِنَٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ أَبْصَٰرِهِنَّ
وَيَحْفَظْنَ فُرُوجَهُنَّ وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا مَا
ظَهَرَ مِنْهَا ۖ وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلَىٰ جُيُوبِهِنَّ ۖ
وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا لِبُعُولَتِهِنَّ أَوْ ءَابَآئِهِنَّ أَوْ
ءَابَآءِ بُعُولَتِهِنَّ أَوْ أَبْنَآئِهِنَّ أَوْ أَبْنَآءِ بُعُولَتِهِنَّ أَوْ
إِخْوَٰنِهِنَّ أَوْ بَنِىٓ إِخْوَٰنِهِنَّ أَوْ بَنِىٓ أَخَوَٰتِهِنَّ أَوْ
نِسَآئِهِنَّ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَٰنُهُنَّ أَوِ ٱلتَّٰبِعِينَ غَيْرِ
أُو۟لِى ٱلْإِرْبَةِ مِنَ ٱلرِّجَالِ أَوِ ٱلطِّفْلِ ٱلَّذِينَ لَمْ
يَظْهَرُوا۟ عَلَىٰ عَوْرَٰتِ ٱلنِّسَآءِ ۖ وَلَا يَضْرِبْنَ
بِأَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِينَ مِن زِينَتِهِنَّ ۚ وَتُوبُوٓا۟
إِلَى ٱللَّهِ جَمِيعًا أَيُّهَ ٱلْمُؤْمِنُونَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ
(٣١) وَأَنكِحُوا۟ ٱلْأَيَٰمَىٰ مِنكُمْ وَٱلصَّٰلِحِينَ مِنْ
عِبَادِكُمْ وَإِمَآئِكُمْ ۚ إِن يَكُونُوا۟ فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ ٱللَّهُ
مِن فَضْلِهِۦ ۗ وَٱللَّهُ وَٰسِعٌ عَلِيمٌ (٣٢) وَلْيَسْتَعْفِفِ
ٱلَّذِينَ لَا يَجِدُونَ نِكَاحًا حَتَّىٰ يُغْنِيَهُمُ ٱللَّهُ مِن
فَضْلِهِۦ ۗ وَٱلَّذِينَ يَبْتَغُونَ ٱلْكِتَٰبَ مِمَّا مَلَكَتْ
أَيْمَٰنُكُمْ فَكَاتِبُوهُمْ إِنْ عَلِمْتُمْ فِيهِمْ خَيْرًا ۖ وَءَاتُوهُم
مِّن مَّالِ ٱللَّهِ ٱلَّذِىٓ ءَاتَىٰكُمْ ۚ وَلَا تُكْرِهُوا۟ فَتَيَٰتِكُمْ
عَلَى ٱلْبِغَآءِ إِنْ أَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوا۟ عَرَضَ
ٱلْحَيَوٰةِ ٱلدُّنْيَا ۚ وَمَن يُكْرِههُّنَّ فَإِنَّ ٱللَّهَ مِنۢ بَعْدِ
إِكْرَٰهِهِنَّ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (٣٣) وَلَقَدْ أَنزَلْنَآ إِلَيْكُمْ
ءَايَٰتٍ مُّبَيِّنَٰتٍ وَمَثَلًا مِّنَ ٱلَّذِينَ خَلَوْا۟ مِن قَبْلِكُمْ
وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِينَ (٣٤) ۞ ٱللَّهُ نُورُ
ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ ۚ مَثَلُ نُورِهِۦ كَمِشْكَوٰةٍ فِيهَا
مِصْبَاحٌ ۖ ٱلْمِصْبَاحُ فِى زُجَاجَةٍ ۖ ٱلزُّجَاجَةُ كَأَنَّهَا
كَوْكَبٌ دُرِّىٌّ يُوقَدُ مِن شَجَرَةٍ مُّبَٰرَكَةٍ زَيْتُونَةٍ
لَّا شَرْقِيَّةٍ وَلَا غَرْبِيَّةٍ يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِىٓءُ وَلَوْ
لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ۚ نُّورٌ عَلَىٰ نُورٍ ۗ يَهْدِى ٱللَّهُ لِنُورِهِۦ
مَن يَشَآءُ ۚ وَيَضْرِبُ ٱللَّهُ ٱلْأَمْثَٰلَ لِلنَّاسِ ۗ وَٱللَّهُ
بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيمٌ (٣٥) فِى بُيُوتٍ أَذِنَ ٱللَّهُ أَن
تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ فِيهَا ٱسْمُهُۥ يُسَبِّحُ لَهُۥ فِيهَا
بِٱلْغُدُوِّ وَٱلْءَاصَالِ (٣٦) رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَٰرَةٌ
وَلَا بَيْعٌ عَن ذِكْرِ ٱللَّهِ وَإِقَامِ ٱلصَّلَوٰةِ وَإِيتَآءِ
ٱلزَّكَوٰةِ ۙ يَخَافُونَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيهِ ٱلْقُلُوبُ
وَٱلْأَبْصَٰرُ (٣٧) لِيَجْزِيَهُمُ ٱللَّهُ أَحْسَنَ مَا عَمِلُوا۟
وَيَزِيدَهُم مِّن فَضْلِهِۦ ۗ وَٱللَّهُ يَرْزُقُ مَن يَشَآءُ
بِغَيْرِ حِسَابٍ (٣٨)

اور مؤمنات سے کہہ دو اپنی نگاہیں نیچی رکھا کریں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں اور اپنی زینتوں کو ظاہر نہ کرو سوائے اس کے جو خود بخود ظاہر ہو جائے اور اپنی سر کی چادروں (کے نچلے حصہ) کو اپنے سینوں پر ڈالے رکھیں، اور اپنی زینتیں ظاہر نہ کریں مگر اپنے شوہروں کیلئے یا اپنے باپوں یا اپنے شوہروں کے باپوں یا اپنے بیٹوں یا اپنے شوہروں کے بیٹوں یا اپنے بھائیوں یا اپنے بھائیوں کے بیٹوں یا اپنے بہنوں کے بیٹوں یا اپنی عورتوں یا اپنے دائیں ہاتھ کی ملکیت یا (احمق) خادم مردوں جو کوئی غرض رکھنے والے نہ ہوں یا ان بچوں کیلئے جو عورتوں کی پوشیدہ باتوں سے ابھی واقف نہ ہوئے ہوں، اور وہ اپنے پاؤں (زمین پر چلتے ہوئے) نہ ماریں تاکہ ان کی وہ زینت جسے وہ چھپائے ہوئے ہیں معلوم ہو جائے؛ اے مؤمنو تم سب مل کر اللہ کی طرف پلٹو شاید کہ تم فلاح پاؤ۔ اور تم میں سے جو غیر شادی شدہ ہوں اور تمہارے غلام اور تمہاری کنیزیں جو نیک ہوں ان کے نکاح کر دو؛ اگر وہ غریب ہوں تو اللہ انہیں اپنے فضل سے غنی کر دے گا؛ اور اللہ بڑی وسعت والا سب جاننے والا ہے۔ اور جو نکاح (کے اسباب) نہ پائیں تو ان کو پاکدامنی اختیار کرنی چاہیئے حتیٰ کہ اللہ ان کو اپنے فضل سے غنی کردے؛ اور جو (آزادی کیلئے) تحریر چاہتے ہیں ان میں سے جو تمہارے دائیں ہاتھ کی ملکیت ہیں تو ان کیلئے لکھ لو اگر تم جانتے ہو کہ ان میں بھلائی ہے، اور ان کو اللہ کے مال سے دو جو اس نے تمہیں دیا ہے؛ اور اپنی کنیزوں کو عصمت فروشی پر مجبور نہ کرو اگر وہ پاکدامن رہنا چاہتی ہوں تاکہ تم دنیا کی زندگی کا سامان حاصل کرو؛ اور کوئی انہیں مجبور کرے تو ان کے مجبور کئے جانے کے بعد بیشک اللہ غفور و رحیم ہے۔ اور تحقیق ہم نے تمہاری طرف واضح بیان کر دینے والی آیات نازل کر دی ہیں اور ان لوگوں کی مثالیں جو تم سے قبل گذر چکے ہیں اور متقین کیلئے نصیحت۔ اللہ آسمان اور زمین کا نور ہے؛ اس کے نور کی مثال ایک طاق (سیدہ فاطمہؑ) کی طرح ہے جس میں چراغ (مولا محمدؐ) ہو؛ چراغ ایک فانوس (مولا علیؑ) میں ہو؛ فانوس گویا کہ وہ موتی کی طرح (چمکتا ہوا ولایت کا) ستارہ ہو جو زیتون (مولا حسینؑ) کے مبارک شجرہ (کے تیل یعنی علم) سے روشن کیا جاتا ہو جو نہ شرقی (یہودی) ہے اور نہ غربی (نصرانی) ہے، قریب ہے کہ اس کا تیل خود ہی روشنی دینے لگے اگرچہ اسے آگ نے چھوا بھی نہ ہو (یعنی امام حسنؑ سائل کے سوال سے پہلے علم عطا کرتے ہیں)؛ نور کے اوپر نور (امامؑ کے بعد امامؑ)؛ اللہ اپنے نور کیلئے جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے (یعنی جسے چاہتا ہے ولایت میں داخل کرتا ہے)؛ اور اللہ لوگوں کیلئے مثالیں پیش کرتا ہے؛ اور اللہ ہر شئ کو خوب جانتا ہے۔ (وہ نور انبیاءؑ) ان گھروں میں ہے جن کیلئے اللہ نے اذن دیا ہے کہ ان کو بلند کیا جائے (یعنی مولا علیؑ وسیدہ فاطمہؑ کا گھر) اور ان میں اس کے اسم کا ذکر کیا جائے، ان میں اس کی تسبیح کرتے ہیں صبح و شام۔ ایسے مرد (جو رسولؐ اللہ کو صلاۃ جمعہ میں چھوڑ کر نہیں جاتے) جن کو نہ تجارت غافل کرتی ہے اور نہ خرید و فروخت اللہ کے ذکر سے اور صلاۃ قائم کرنے سے اور زکاۃ دینے سے، وہ اس دن سے خوف کرتے ہیں جس میں قلوب اور نگاہیں الٹ جائیں گی۔ تاکہ اللہ ان کو بہترین جزا دے (ان اعمال کی) جو انہوں نے کئے اور اپنے فضل سے ان کیلئے اضافہ کرے؛ اور اللہ جسے چاہتا ہے بغیر حساب کے رزق دیتا ہے۔

39. And those [Banu Umayyads] who disbelieved – their deeds are like a mirage in a desert which a thirsty one [i.e. Na'sal] thinks is water until, when he comes to it, he finds it is nothing but finds Allah before him, and He will pay him in full his account; and Allah is swift in account.
40. Or [they are] like darknesses [Fulan & Fulan] within an unfathomable sea which is covered by waves [Na'sal], upon which are waves [people of Jamal], over which are clouds [usurper of Shaam] – darknesses [Banu Umayyads], some of them upon others. When one puts out his hand [therein], he can hardly see it [i.e. Muslims are trapped in their Fitna]. And he to whom Allah has not granted Noor [the infallible Imam swsa] – for him there is no light.
41. Do you not see that Allah is exalted by whomever is within the heavens and the earth and [by] the birds with wings spread [in flight]? Each [of them] has known his [means of] prayer and exalting [Him], and Allah is Knowing of what they do.
42. And to Allah belongs the kingdom of the heavens and the earth, and to Allah is the destination.
43. Do you not see that Allah drives clouds? Then He brings them together; then He makes them into a mass, and you see the rain emerge from within it. And He sends down from the sky, mountains [of clouds] within which is hail, and He strikes with it whom He wills and averts it from whom He wills. The flash of its lightening almost takes away the eyesight.
44. Allah alternates the night and the day. Indeed in that is a lesson for those who have vision.
45. Allah has created every [living] creature from water. And of them are those that move on their bellies, and of them are those that walk on two legs, and of them are those that walk on four. Allah creates what He wills. Indeed, Allah is over all things competent.
46. We have certainly sent down clear Ayaat. And Allah guides whom He wills to Sirat al-Mustaqeem.
47. But they [i.e. the hypocrites] say, "We have believed in Allah and in the Rasool, and we obey"; then a party of them turns away after that. And those are not believers.
48. And when they are called to [the words of] Allah and His Rasool to judge between them, at once a party of them turns aside [in refusal].
49. But if the right is theirs, they come to him in prompt obedience.
50. Is there disease in their hearts? Or have they doubted? Or do they fear that Allah will be unjust to them, or His Rasool? Rather, it is they who are the wrongdoers [i.e. the unjust].
51. The only statement of the [true] believers when they are called to Allah and His Rasool to judge between them is that they say, "We hear and we obey." And those are the successful. [Incident: [A Sahabi disputed Maola Ali swsa about a piece of land. Maola Ali swsa said let us go to Rasool Allah sawaw for the decision. Sahabi refused saying that the Rasool sawaw is your brother, rather we go to someone other than the Nabi sawaw. Sahabi's relative suggested to go to Ibne Sheba Jew. Maola Ali swsa refused to make anyone judge except the Nabi sawaw. Immediately this Ayat was revealed and when that Sahabi came to know about it, he came regretful to Rasool Allah sawaw.]
52. And whoever obeys Allah and His Rasool and fears Allah and is conscious of Him – it is those who are the attainers.
53. And they swear by Allah their strongest oaths that if you ordered them, they would go forth [in Allah's cause]. Say, "Do not swear. [Such] obedience is known. Indeed, Allah is Acquainted with that which you do."

وَٱلَّذِينَ كَفَرُوٓاْ أَعۡمَٰلُهُمۡ كَسَرَابِۭ بِقِيعَةٖ يَحۡسَبُهُ
ٱلظَّمۡـَٔانُ مَآءً حَتَّىٰٓ إِذَا جَآءَهُۥ لَمۡ يَجِدۡهُ شَيۡـٔٗا
وَوَجَدَ ٱللَّهَ عِندَهُۥ فَوَفَّىٰهُ حِسَابَهُۥۗ وَٱللَّهُ سَرِيعُ
ٱلۡحِسَابِ (٣٩) أَوۡ كَظُلُمَٰتٖ فِي بَحۡرٖ لُّجِّّ
يَغۡشَىٰهُ مَوۡجٞ مِّن فَوۡقِهِۦ مَوۡجٞ مِّن فَوۡقِهِۦ سَحَابٞۚ
ظُلُمَٰتُۢ بَعۡضُهَا فَوۡقَ بَعۡضٍ إِذَآ أَخۡرَجَ يَدَهُۥ لَمۡ
يَكَدۡ يَرَىٰهَاۗ وَمَن لَّمۡ يَجۡعَلِ ٱللَّهُ لَهُۥ نُورٗا فَمَا لَهُۥ
مِن نُّورٍ (٤٠) أَلَمۡ تَرَ أَنَّ ٱللَّهَ يُسَبِّحُ لَهُۥ مَن
فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ وَٱلطَّيۡرُ صَٰٓفَّٰتٖۖ كُلّٞ
قَدۡ عَلِمَ صَلَاتَهُۥ وَتَسۡبِيحَهُۥۗ وَٱللَّهُ عَلِيمُۢ بِمَا
يَفۡعَلُونَ (٤١) وَلِلَّهِ مُلۡكُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِۖ
وَإِلَى ٱللَّهِ ٱلۡمَصِيرُ (٤٢) أَلَمۡ تَرَ أَنَّ ٱللَّهَ يُزۡجِي
سَحَابٗا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيۡنَهُۥ ثُمَّ يَجۡعَلُهُۥ رُكَامٗا فَتَرَى
ٱلۡوَدۡقَ يَخۡرُجُ مِنۡ خِلَٰلِهِۦ وَيُنَزِّلُ مِنَ ٱلسَّمَآءِ
مِن جِبَالٖ فِيهَا مِنۢ بَرَدٖ فَيُصِيبُ بِهِۦ مَن يَشَآءُ
وَيَصۡرِفُهُۥ عَن مَّن يَشَآءُۖ يَكَادُ سَنَا بَرۡقِهِۦ
يَذۡهَبُ بِٱلۡأَبۡصَٰرِ (٤٣) يُقَلِّبُ ٱللَّهُ ٱلَّيۡلَ وَٱلنَّهَارَۚ
إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَعِبۡرَةٗ لِّأُوْلِي ٱلۡأَبۡصَٰرِ (٤٤) وَٱللَّهُ
خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٖ مِّن مَّآءٖۖ فَمِنۡهُم مَّن يَمۡشِي عَلَىٰ
بَطۡنِهِۦ وَمِنۡهُم مَّن يَمۡشِي عَلَىٰ رِجۡلَيۡنِ وَمِنۡهُم
مَّن يَمۡشِي عَلَىٰٓ أَرۡبَعٖۚ يَخۡلُقُ ٱللَّهُ مَا يَشَآءُۚ إِنَّ ٱللَّهَ
عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ قَدِيرٞ (٤٥) لَّقَدۡ أَنزَلۡنَآ ءَايَٰتٖ
مُّبَيِّنَٰتٖۚ وَٱللَّهُ يَهۡدِي مَن يَشَآءُ إِلَىٰ صِرَٰطٖ
مُّسۡتَقِيمٖ (٤٦) وَيَقُولُونَ ءَامَنَّا بِٱللَّهِ وَبِٱلرَّسُولِ
وَأَطَعۡنَا ثُمَّ يَتَوَلَّىٰ فَرِيقٞ مِّنۡهُم مِّنۢ بَعۡدِ ذَٰلِكَۚ وَمَآ
أُوْلَٰٓئِكَ بِٱلۡمُؤۡمِنِينَ (٤٧) وَإِذَا دُعُوٓاْ إِلَى ٱللَّهِ
وَرَسُولِهِۦ لِيَحۡكُمَ بَيۡنَهُمۡ إِذَا فَرِيقٞ مِّنۡهُم
مُّعۡرِضُونَ (٤٨) وَإِن يَكُن لَّهُمُ ٱلۡحَقُّ يَأۡتُواْ
إِلَيۡهِ مُذۡعِنِينَ (٤٩) أَفِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ أَمِ
ٱرۡتَابُواْ أَمۡ يَخَافُونَ أَن يَحِيفَ ٱللَّهُ عَلَيۡهِمۡ
وَرَسُولُهُۥۚ بَلۡ أُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلظَّٰلِمُونَ (٥٠) إِنَّمَا
كَانَ قَوۡلَ ٱلۡمُؤۡمِنِينَ إِذَا دُعُوٓاْ إِلَى ٱللَّهِ وَرَسُولِهِۦ
لِيَحۡكُمَ بَيۡنَهُمۡ أَن يَقُولُواْ سَمِعۡنَا وَأَطَعۡنَاۚ وَأُوْلَٰٓئِكَ
هُمُ ٱلۡمُفۡلِحُونَ (٥١) وَمَن يُطِعِ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ
وَيَخۡشَ ٱللَّهَ وَيَتَّقۡهِ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡفَآئِزُونَ (٥٢)
۞ وَأَقۡسَمُواْ بِٱللَّهِ جَهۡدَ أَيۡمَٰنِهِمۡ لَئِنۡ أَمَرۡتَهُمۡ
لَيَخۡرُجُنَّۖ قُل لَّا تُقۡسِمُواْۖ طَاعَةٞ مَّعۡرُوفَةٌۚ إِنَّ ٱللَّهَ
خَبِيرُۢ بِمَا تَعۡمَلُونَ (٥٣)

اور جن لوگوں (بنو امیہ) نے کفر کیا ہے ان کے اعمال سراب کی مانند ہیں کسی صحرا میں پیاسا (نعثل) اس کو پانی خیال کرتا ہے؛ حتیٰ کہ جب وہ اس کے پاس آتا ہے تو وہ اسے کوئی شئ نہیں پاتا اور وہ اپنے سامنے اللہ کو پاتا ہے؛ تو وہ اس کو اس کا پورا حساب چکا دے گا؛ اور اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔ یا گہرے سمندر میں تاریکیوں (فلانے اور ڈھمکانے) کی مانند جس پر موج (نعثل) کے اوپر موج (جمل والا) چھائی ہو اور اس کے اوپر بادل (غاصبِ شام)؛ تاریکیاں (بنوامیہ) ایک دوسرے کے اوپر؛ جب وہ اپنا ہاتھ نکالے تو ممکن نہیں کہ اسے دیکھ سکے (یعنی مسلمان ان کے فتنے میں مبتلا ہیں)؛ اور جس کیلئے اللہ نور (امامِ معصومؑ) نہ قرار دے پھر اس کیلئے کوئی نور نہیں۔ کیا تم نے نہیں دیکھا بیشک اللہ ہے جس کی سب تسبیح کر رہے ہیں جو آسمانوں اور زمین میں ہیں اور اڑنے والے پر پھیلائے؛ ہر ایک کو اپنی صلاۃ اور اپنی تسبیح معلوم ہے؛ اور اللہ سب جانتا ہے جو کچھ وہ کرتے ہیں۔ اور آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ ہی کیلئے ہے اور اللہ کی طرف آخری منزل ہے۔ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ بادل کو چلاتا ہے پھر ان کو آپس میں جوڑتا ہے پھر اسے تہہ بہ تہہ گھنا بنا دیتا ہے پھر تم دیکھتے ہو کہ اس کے درمیان سے بارش نکلتی ہے، اور وہ آسمان سے (بادلوں کے) پہاڑ جس میں اولے ہوتے ہیں نازل کرتا ہے پھر جس پر چاہتا ہے اس پر اسے برساتا ہے اور جس سے چاہتا ہے اس سے اسے ہٹا لیتا ہے؛ قریب ہے کہ اس کی بجلی کی چمک بصارتوں کو لے جائے۔ اللہ لیل و نہار کو بدلتا ہے؛ بیشک اس میں واقعی سبق ہے صاحبانِ بصارت کیلئے۔ اور اللہ نے ہر چلنے والے جاندار کو پانی سے خلق کیا، پس ان میں سے کوئی اپنے پیٹ پر چلتا ہے، اور ان میں سے کوئی دو ٹانگوں پر چلتا ہے، اور ان میں سے کوئی چار پر چلتا ہے؛ اللہ جو چاہتا ہے خلق کرتا ہے؛ بیشک اللہ ہر شئ پر قادر ہے۔ تحقیق ہم نے وضاحت کر دینے والی آیات نازل کر دی ہیں؛ اور اللہ جسے چاہتا ہے صراطِ مستقیم کی طرف ہدایت دیتا ہے۔ اور وہ کہتے ہیں ہم ایمان لائے اللہ پر اور رسولؐ پر اور ہم نے اطاعت کی پھر اس کے بعد ان میں سے ایک فریق منہ موڑ جاتا ہے؛ اور وہ لوگ مؤمنین نہیں ہیں۔ اور جب ان کو بلایا جاتا ہے اللہ اور اس کے رسولؐ کی طرف تاکہ وہ ان کے درمیان فیصلہ کرے تو ان میں سے ایک فریق اعراض کر جاتا ہے۔ اور اگر حق ان کا (بنتا) ہو تو اس (رسولؐ) کی طرف بڑے مطیع ہو کر آتے ہیں۔ کیا ان کے قلوب میں مرض ہے یا وہ شک میں پڑے ہوئے ہیں یا انہیں خوف ہے کہ اللہ اور اس کا رسولؐ ان پر ظلم کرے گا؛ بلکہ وہی لوگ ظالم ہیں۔ مؤمنین کا قول تو صرف یہ ہوتا ہے جب ان کو اللہ اور اس کے رسولؐ کی طرف بلایا جائے تاکہ وہ (رسولؐ) ان کے درمیان فیصلہ کرے تو وہ کہیں کہ ہم نے سنا اور ہم نے اطاعت کی؛ اور وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں (شانِ نزول مندرجہ ذیل ہے)۔ اور جو اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کریں اور اللہ سے خوف کھائے اور اس سے ڈرے تو وہی لوگ کامیاب ہیں۔ اور وہ اللہ کی قسمیں اٹھاتے ہیں اپنی پکی قسمیں کہ اگر آپؐ ان کو حکم دیں تو وہ ضرور نکلیں گے؛ کہہ دو تم قسمیں نہ کھاؤ، اطاعت معروف ہے؛ بیشک اللہ اس سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو۔

(واقعہ: مولا علیؑ سے ایک صحابی نے زمین کا جھگڑا کھڑا کر دیا تو مولا علیؑ نے کہا کہ چلو رسولؐ اللہ کے پاس فیصلے کیلئے چلتے ہیں۔ صحابی نے کہا نہیں وہ آپؐ کے بھائی ہیں میں تو نبیؐ کے علاوہ کسی اور کے پاس جاؤں گا۔ دوسرے صحابی نے کہا چلو ابن شبیہ یہودی کے پاس چلتے ہیں۔ مولا علیؑ نے نبیؐ کے علاوہ کسی اور کو حکم بنانے سے انکار کر دیا۔ اس پر یہ آیات نازل ہوئیں۔ جب اس صحابی کو آیات نازل ہونے کا پتہ چلا تو نادم ہو کر رسولؐ اللہ کے پاس آیا۔)

54. Say, "Obey Allah and obey the Rasool; but if you turn away – then upon him is only that [task of Risalat] with which he has been charged, and upon you is that [covenant of Wilayat & obedience] with which you have been charged. And if you obey him, you will be [rightly] guided. And there is not upon the Rasool except the [responsibility for] clear notification."
55. Allah has promised those who have believed among you and done righteous deeds that He will surely grant them [i.e. companions of Qaim swsa] succession [to authority] upon the earth just as He granted it to those before them and that He will surely establish for them [therein] their religion which He has chosen for them and that He will surely substitute for them, after their fear, security, [for] they worship Me, not associating anything with Me [i.e. not associating anyone in Wilayat e Ali swsa]. But whoever disbelieves after that – then those are the defiantly disobedient.
56. And establish Salaat and give Zakaat and obey the Rasool – that you may receive mercy.
57. Never think that the disbelievers are causing failure [to Allah] upon the earth. Their refuge will be the Fire – and how wretched the destination.
58. O you who believe, let those whom your right hands possess and those who have not [yet] reached puberty among you ask permission of you [before entering] at three times: before the Salaat al-Fajr and when you put aside your clothing [for rest] at noon and after the Salaat al-Esha. [These are] three times of privacy for you. There is no blame upon you nor upon them beyond these [periods], for they continually circulate among you – some of you, among others. Thus does Allah make clear to you the verses [i.e. His ordinances]; and Allah is all-Knowing all-Wise.
59. And when the children among you reach puberty, let them ask permission [at all times] as those before them have done. Thus does Allah make clear to you His verses; and Allah is all-Knowing all-Wise.
60. And women of post-menopausal age who have no desire for marriage – there is no blame upon them for putting aside their outer garments [but] not displaying adornment. But to modestly refrain [from that] is better for them. And Allah is all-Hearing all-Knowing.
61. There is not upon the blind [any] constraint nor upon the lame constraint nor upon the ill constraint nor upon yourselves when you eat from your [own] houses or the houses of your fathers or the houses of your mothers or the houses of your brothers or the houses of your sisters or the houses of your father's brothers or the houses of your father's sisters or the houses of your mother's brothers or the houses of your mother's sisters or [from houses] whose keys you possess or [from the house] of your friend. There is no blame upon you whether you eat together or separately. But when you enter houses, give greetings of peace upon yourselves – a greeting from Allah, blessed and good. Thus does Allah make clear to you the verses [of ordinance] that you may understand. [i.e. when you enter, say Salaam to its inhabitants and they will return your Salaam, thus it will be Salaam on yourselves.]

قُلۡ أَطِيعُواْ ٱللَّهَ وَأَطِيعُواْ ٱلرَّسُولَۖ فَإِن تَوَلَّوۡاْ
فَإِنَّمَا عَلَيۡهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيۡكُم مَّا حُمِّلۡتُمۡۖ وَإِن
تُطِيعُوهُ تَهۡتَدُواْۚ وَمَا عَلَى ٱلرَّسُولِ إِلَّا ٱلۡبَلَٰغُ
ٱلۡمُبِينُ (٥٤) وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنكُمۡ
وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَيَسۡتَخۡلِفَنَّهُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ
كَمَا ٱسۡتَخۡلَفَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمۡ
دِينَهُمُ ٱلَّذِي ٱرۡتَضَىٰ لَهُمۡ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّنۢ بَعۡدِ
خَوۡفِهِمۡ أَمۡنٗاۚ يَعۡبُدُونَنِي لَا يُشۡرِكُونَ بِي شَيۡـٔٗاۚ
وَمَن كَفَرَ بَعۡدَ ذَٰلِكَ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡفَٰسِقُونَ
(٥٥) وَأَقِيمُواْ ٱلصَّلَوٰةَ وَءَاتُواْ ٱلزَّكَوٰةَ
وَأَطِيعُواْ ٱلرَّسُولَ لَعَلَّكُمۡ تُرۡحَمُونَ (٥٦) لَا
تَحۡسَبَنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ مُعۡجِزِينَ فِي ٱلۡأَرۡضِۖ
وَمَأۡوَىٰهُمُ ٱلنَّارُۖ وَلَبِئۡسَ ٱلۡمَصِيرُ (٥٧) يَٰٓأَيُّهَا
ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لِيَسۡتَـٔۡذِنكُمُ ٱلَّذِينَ مَلَكَتۡ أَيۡمَٰنُكُمۡ
وَٱلَّذِينَ لَمۡ يَبۡلُغُواْ ٱلۡحُلُمَ مِنكُمۡ ثَلَٰثَ مَرَّٰتٖۚ مِّن
قَبۡلِ صَلَوٰةِ ٱلۡفَجۡرِ وَحِينَ تَضَعُونَ ثِيَابَكُم مِّنَ
ٱلظَّهِيرَةِ وَمِنۢ بَعۡدِ صَلَوٰةِ ٱلۡعِشَآءِۚ ثَلَٰثُ عَوۡرَٰتٖ
لَّكُمۡۚ لَيۡسَ عَلَيۡكُمۡ وَلَا عَلَيۡهِمۡ جُنَاحُۢ بَعۡدَهُنَّۚ
طَوَّٰفُونَ عَلَيۡكُم بَعۡضُكُمۡ عَلَىٰ بَعۡضٖۚ كَذَٰلِكَ
يُبَيِّنُ ٱللَّهُ لَكُمُ ٱلۡأٓيَٰتِۗ وَٱللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٞ (٥٨)
وَإِذَا بَلَغَ ٱلۡأَطۡفَٰلُ مِنكُمُ ٱلۡحُلُمَ فَلۡيَسۡتَـٔۡذِنُواْ كَمَا
ٱسۡتَـٔۡذَنَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡۚ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ ٱللَّهُ لَكُمۡ
ءَايَٰتِهِۦۗ وَٱللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٞ (٥٩) وَٱلۡقَوَٰعِدُ مِنَ
ٱلنِّسَآءِ ٱلَّٰتِي لَا يَرۡجُونَ نِكَاحٗا فَلَيۡسَ عَلَيۡهِنَّ
جُنَاحٌ أَن يَضَعۡنَ ثِيَابَهُنَّ غَيۡرَ مُتَبَرِّجَٰتِۭ بِزِينَةٖۖ
وَأَن يَسۡتَعۡفِفۡنَ خَيۡرٞ لَّهُنَّۗ وَٱللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٞ (٦٠)
لَّيۡسَ عَلَى ٱلۡأَعۡمَىٰ حَرَجٞ وَلَا عَلَى ٱلۡأَعۡرَجِ
حَرَجٞ وَلَا عَلَى ٱلۡمَرِيضِ حَرَجٞ وَلَا عَلَىٰٓ
أَنفُسِكُمۡ أَن تَأۡكُلُواْ مِنۢ بُيُوتِكُمۡ أَوۡ بُيُوتِ
ءَابَآئِكُمۡ أَوۡ بُيُوتِ أُمَّهَٰتِكُمۡ أَوۡ بُيُوتِ إِخۡوَٰنِكُمۡ
أَوۡ بُيُوتِ أَخَوَٰتِكُمۡ أَوۡ بُيُوتِ أَعۡمَٰمِكُمۡ أَوۡ
بُيُوتِ عَمَّٰتِكُمۡ أَوۡ بُيُوتِ أَخۡوَٰلِكُمۡ أَوۡ بُيُوتِ
خَٰلَٰتِكُمۡ أَوۡ مَا مَلَكۡتُم مَّفَاتِحَهُۥٓ أَوۡ صَدِيقِكُمۡۚ
لَيۡسَ عَلَيۡكُمۡ جُنَاحٌ أَن تَأۡكُلُواْ جَمِيعًا أَوۡ
أَشۡتَاتٗاۚ فَإِذَا دَخَلۡتُم بُيُوتٗا فَسَلِّمُواْ عَلَىٰٓ أَنفُسِكُمۡ
تَحِيَّةٗ مِّنۡ عِندِ ٱللَّهِ مُبَٰرَكَةٗ طَيِّبَةٗۚ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ
ٱللَّهُ لَكُمُ ٱلۡأٓيَٰتِ لَعَلَّكُمۡ تَعۡقِلُونَ (٦١)

کہہ دو اللہ کی اطاعت کرو اور رسولؐ کی اطاعت کرو، پھر اگر تم منہ موڑ لو تو رسولؐ پر صرف اس کی ذمہ داری ہے جو اسے اُٹھوایا گیا (یعنی کارِ رسالت) اور تم پر اس کی ذمہ داری ہے جو تمہیں اُٹھوایا گیا (یعنی عہد ولایت و اطاعت)؛ اور اگر تم نے اس کی اطاعت کی تو تم ہدایت پاؤ گے؛ اور رسولؐ کے ذمہ کچھ نہیں سوائے واضح پہنچا دینے کے۔ اللہ نے ان لوگوں سے وعدہ کیا ہے جو تم میں سے ایمان لائے اور صالح اعمال کئے کہ انہیں (یعنی اصحابِ قائمؑ کو) زمین میں ضرور خلیفہ بنائے گا جس طرح ان لوگوں کو خلیفہ کیا جو ان سے قبل تھے اور ان کیلئے ان کے دین کو قائم کردے گا جس کو اللہ نے ان کیلئے پسند کیا ہے اور ان کے خوف کے بعد ضرور ان کیلئے امن میں بدل دے گا؛ وہ میری عبادت کرتے ہیں میرے ساتھ کسی شئ کو شریک نہیں کرتے (یعنی ولایتِ علیؑ میں شرک نہیں کرتے)؛ اور جو اس کے بعد کفر کریں تو وہی لوگ فاسق ہیں۔ اور صلاۃ قائم کرو اور زکاۃ دو اور رسولؐ کی اطاعت کرو شاید تم پر رحم کیا جائے۔ تم خیال نہ کرنا کہ جن لوگوں نے کفر کیا ہے وہ زمین میں عاجز کر دینے والے ہیں، ان کی پناہ گاہ نار ہے، اور واقعی بُرا ٹھکانا ہے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو تم سے اجازت لیا کریں جو تمہارے دائیں ہاتھ کی ملکیت ہیں اور جو تم میں سے بلوغت کو نہیں پہنچے تین اوقات میں: صلاۃ فجر سے پہلے اور جب تم اپنے کپڑے اتارتے ہو ظہر میں (قیلولہ کیلئے) اور صلاۃ عشاء کے بعد؛ تین پردے کے اوقات تمہارے لئے؛ ان کے بعد نہ تم پر اور نہ ان پر کوئی الزام ہے؛ وہ تمہارے پاس باربار آتے جاتے ہیں تم میں بعض کے پاس بعض؛ اس طرح اللہ تمہارے لئے آیات بیان کرتا ہے؛ اور اللہ علیم وحکیم ہے۔ اور جب تمہارے بچے بلوغت کو پہنچ جائیں تو وہ اجازت لیا کریں جسطرح وہ اجازت لیتے تھے جو ان سے قبل تھے؛ اس طرح اللہ اپنی آیات تمہارے لئے بیان کرتا ہے؛ اور اللہ علیم و حکیم ہے۔ اور عورتوں میں سے جو (یائسگی سے) بیٹھ چکی ہیں جو نکاح نہیں کرنا چاہتیں تو ان پر کوئی الزام نہیں کہ اپنی چادریں اتار لیں جبکہ وہ اپنی زینت کی نمائش کرنے والی نہ ہوں اور اگر وہ بھی باعفت رہیں تو ان کیلئے بہتر ہے؛ اور اللہ سب سننے والا سب جاننے والا ہے۔ اندھے پر کوئی حرج نہیں اور نہ لنگڑے پر حرج ہے اور نہ مریض پر حرج ہے اور نہ تم پر کہ تم اپنے گھروں سے کھاؤ یا اپنے باپ دادا کے گھروں سے یا اپنی ماؤں کے گھروں سے یا اپنے بھائیوں کے گھروں سے یا اپنی بہنوں کے گھروں سے یا اپنے چچاؤں کے گھروں سے یا اپنی پھوپھیوں کے گھروں سے یا اپنے ماموؤں کے گھروں سے یا اپنی خالاؤں کے گھروں سے یا جن (گھروں) کی چابیوں کے تم مالک ہو یا تمہارے دوستوں (کے گھروں سے)؛ تم پر کوئی الزام نہیں کہ تم سب مل کر کھاؤ یا الگ الگ؛ پھر جب تم گھروں میں داخل ہو تو اپنے نفسوں پر سلام کیا کرو اللہ کی طرف سے بابرکت پاکیزہ دعائے ملاقات (طریقۂ سلام)؛ اس طرح اللہ تمہارے لئے آیات بیان کرتا ہے شاید کہ تم عقل کرو۔ (یعنی جب تم داخل ہو تو اس میں رہنے والوں کو سلام کرو تو وہ تم پر واپسی سلام کریں اسطرح تمہارے نفسوں پر سلام ہو گیا)

62. The believers are only those who believe in Allah and His Rasool and, when they are [meeting] with him for a matter of common interest, do not depart until they have asked his permission. Indeed, those who ask your permission, [O Mohammad sawaw] – those are the ones who believe in Allah and His Rasool. So when they ask your permission for something of their affairs, then give permission to whom you will among them and ask forgiveness for them of Allah. Indeed, Allah is Forgiving Merciful.
63. Do not make [your] calling of the Rasool among yourselves as the call of one of you to another [i.e. address only with respect like Ya Rasool Allah sawaw or Ya Nabi Allah sawaw] [But Allah and His Rasool sawaw likes that Syyeda Fatima swsa should address him by saying O my father]. Already Allah knows those of you who slip away, concealed by others. So those should be aware who go against his [i.e. the Prophet's] order, lest a trial strike them or a painful punishment.
64. Behold, surely to Allah belongs whatever is in the heavens and earth. Already He knows that upon which you [stand] and [knows] the Day when they will be returned to Him and He will inform them of what they have done. And Allah is Knowing of all things.

إِنَّمَا ٱلۡمُؤۡمِنُونَ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ بِٱللَّهِ وَرَسُولِهِۦ وَإِذَا كَانُواْ مَعَهُۥ عَلَىٰٓ أَمۡرٖ جَامِعٖ لَّمۡ يَذۡهَبُواْ حَتَّىٰ يَسۡتَـٔۡذِنُوهُۚ إِنَّ ٱلَّذِينَ يَسۡتَـٔۡذِنُونَكَ أُوْلَٰٓئِكَ ٱلَّذِينَ يُؤۡمِنُونَ بِٱللَّهِ وَرَسُولِهِۦۚ فَإِذَا ٱسۡتَـٔۡذَنُوكَ لِبَعۡضِ شَأۡنِهِمۡ فَأۡذَن لِّمَن شِئۡتَ مِنۡهُمۡ وَٱسۡتَغۡفِرۡ لَهُمُ ٱللَّهَۚ إِنَّ ٱللَّهَ غَفُورٞ رَّحِيمٞ (٦٢) لَّا تَجۡعَلُواْ دُعَآءَ ٱلرَّسُولِ بَيۡنَكُمۡ كَدُعَآءِ بَعۡضِكُم بَعۡضٗاۚ قَدۡ يَعۡلَمُ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ يَتَسَلَّلُونَ مِنكُمۡ لِوَاذٗاۚ فَلۡيَحۡذَرِ ٱلَّذِينَ يُخَالِفُونَ عَنۡ أَمۡرِهِۦٓ أَن تُصِيبَهُمۡ فِتۡنَةٌ أَوۡ يُصِيبَهُمۡ عَذَابٌ أَلِيمٌ (٦٣) أَلَآ إِنَّ لِلَّهِ مَا فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِۖ قَدۡ يَعۡلَمُ مَآ أَنتُمۡ عَلَيۡهِ وَيَوۡمَ يُرۡجَعُونَ إِلَيۡهِ فَيُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُواْۗ وَٱللَّهُ بِكُلِّ شَيۡءٍ عَلِيمُۢ (٦٤)

مؤمنین صرف وہ ہیں جو اللہ اور اس کے رسولؐ پر ایمان لائیں اور جب کسی اجتماعی کام (کے موقع) پر اس کے ساتھ ہوں تو وہ نہ جائیں حتیٰ کہ وہ اس سے اجازت لے لیں؛ بیشک جو لوگ تم سے اجازت لیتے ہیں وہی لوگ اللہ اور اس کے رسولؐ پر ایمان رکھتے ہیں، پس جب وہ اپنے بعض کام کیلئے تم سے اجازت مانگیں تو ان میں سے جسے تم چاہو اجازت دو اور ان کیلئے اللہ سے دعائے مغفرت کرو؛ بیشک اللہ غفور و رحیم ہے۔ (اے مسلمانو) تم رسولؐ کو اپنے درمیان بلانے (کے طریقے) کو اس طرح نہ بنا لو جس طرح تم ایک دوسرے کو (آواز دے کر) بلاتے ہو (یعنی صرف ادب کے ساتھ یا رسولؐ اللہ یا یانبیؐ اللہ کہہ کر مخاطب کرو)؛ اللہ ان کو خوب جانتا ہے جو تم میں سے کِھسک جاتے ہیں چھپ کر، تو جو رسولؐ کے حکم کی خلاف ورزی کرتے ہیں ان کو ڈرنا چاہیئے کہ ان پر آزمائش آپڑے یا ان پر دردناک عذاب آ پڑے۔ خبردار بیشک اللہ کیلئے ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے؛ تحقیق وہ جانتا ہے جس (عقیدے) پر تم ہو؛ اور جس دن وہ لوگ اس کی طرف واپس لائے جائیں گے تو وہ انہیں بتائے گا جو کچھ وہ کرتے رہے تھے؛ اور اللہ ہر شئ کو خوب جاننے والا ہے۔

(اللہ اور اس کا رسولؐ اس پر راضی ہیں کہ سیدہ فاطمۃ الزہراءؑ مولا محمدؐ کو اے میرے بابا کہہ کر مخاطب کریں)

Surah al-Furqan
[The Distinguisher]

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem

1. Blessed is He who sent down the Furqan [comprising of different Suras and decisive Ayaat] upon His Abd that he may be to the Aalameen a warner –
2. He to whom belongs the Kindom of the heavens and the earth and who has not taken a son and has not had a partner in Kingdom and has created every thing and determined its fate [destiny].
3. And they have taken besides Him gods which create nothing, while they are created, and possess not for themselves any harm or benefit and possess not [power to cause] death nor life nor resurrection.
4. And those who disbelieve say, "This [Qur'an] is not except a falsehood he invented, and another people assisted him in it." But they have committed an injustice and a falshood.
5. And they say, "Legends of the former peoples which he has written down, and they are dictated to him morning and evening."
6. Say, [O Mohammad sawaw], "It has been revealed by He Who knows [every] secret within the heavens and the earth. Indeed, He is ever Forgiving Merciful."
7. And they say, "What is this Rasool that eats food and walks in the markets? Why was there not sent down to him an angel so he would be with him a warner?
8. Or [why is not] a treasure presented to him [from heaven], or he should have a garden from which he eats?" And the wrongdoers [who do injustice to the rights of Aal e Mohammad swsa] say, "You follow not but a man affected by magic."
9. Look how they strike for you comparisons; but they have strayed, so they are not able to find Sabeel [Wilayat e Ali swsa].
10. Blessed is He who, if He willed, could have made for you [something] better than that – gardens beneath which rivers flow – and could make for you palaces.
11. But they have belied the Hour [Maola Ali swsa], and We have prepared for those who belie the Hour a Blaze. [Since the universe is made there are 12 Months in a year, 12 Hours in a day, 12 Hours in a night, 12 Imams; and Month and Hour are the names of the Imams]
12. When it [i.e. the Hellfire] sees them from a distant place, they will hear its fury and roaring.
13. And when they are thrown into a narrow place therein bound in chains, they will cry out thereupon for destruction.
14. [They will be told], "Do not call this Day for one destruction [death] but call for many destructions."
15. Say, "Is that better or the Garden of Eternity which is promised to the righteous? It will be for them a reward and destination.
16. For them therein is whatever they wish, [while] abiding eternally. It is ever upon your Rabb a promise [worthy to be] requested.
17. And [mention] the Day He will gather them and that which they worship besides Allah and will say, "Did you mislead these, My servants, or did they [themselves] stray from the Sabeel?"

سُوْرَةُ الفُرقان

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیاز عام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

بابرکت ہے جس نے اپنے عبد پر فرقان (جس میں مختلف سورتیں اور محکم آیات ہیں) نازل کیا تاکہ وہ عالمین کیلئے خبردار کرنے والا ہو۔ جس کیلئے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی ہے اور اس نے کوئی بیٹا نہیں بنایا اور اس کا بادشاہی میں کوئی شریک نہیں اور اس نے ہر شئ کو خلق کیا پھر اس کیلئے تقدیر مقرر کی۔ اور انہوں نے اس کے علاوہ معبود بنا لئے ہیں جو کوئی شئ خلق نہیں کرتے بلکہ وہ خود خلق کئے جاتے ہیں اور وہ اپنے نفسوں کیلئے بھی ضرر کا اختیار نہیں رکھتے اور نہ نفع کا، اور نہ وہ موت کا اختیار رکھتے ہیں اور نہ حیات کا اور نہ (مرنے کے بعد) اٹھانے کا۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا کہا کہ یہ جھوٹ ہے جسے اس نے گھڑ لیا ہے اور اس کام پر دوسرے لوگوں نے اس کی معاونت کی ہے، پس تحقیق وہ ظلم اور جھوٹ لائے ہیں۔ اور انہوں نے کہا پہلے لوگوں کی کہانیاں جن کو اس نے لکھ لیا ہے پس وہی اس کو صبح و شام املا کرائی جاتی ہیں۔ (اے حبیبؐ) کہہ دو اسے نازل کیا ہے اس نے جو آسمانوں اور زمین میں راز جانتا ہے؛ بیشک وہ ہمیشہ سے غفور و رحیم ہے۔ اور انہوں نے کہا یہ کیسا رسولؐ ہے جو طعام کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے؛ اس کی طرف کوئی فرشتہ کیوں نہیں نازل کیا گیا جو اس کے ساتھ (لوگوں کو) خبردار کرے۔ یا اس کی طرف کوئی خزانہ ڈال دیتا یا اس کا کوئی باغ ہوتا جس میں سے وہ کھاتا؛ اور (آلِ محمدؐ کے حق پر ظلم کرنے والے) ظالموں نے کہا تم لوگ اتباع نہیں کر رہے مگر ایک سحرزدہ آدمی کا۔ دیکھو تمہارے لئے کیسی مثالیں پیش کرتے ہیں پس وہ گمراہ ہیں اور سبیل (ولایتِ علیؑ) کی استطاعت نہیں رکھتے۔ بابرکت ہے وہ جو اگر چاہے تو تمہارے لئے اس سے بہتر بنا دے ایسے باغات جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں اور تمہارے لئے محلات بنا دے۔ بلکہ انہوں نے ساعت (مولا علیؑ) کی تکذیب کی، اور جو ساعت کو جھٹلائے اس کیلئے ہم نے بھڑکتی ہوئی آگ تیار کر رکھی ہے۔ جب وہ (جہنم) ان کو دور جگہ سے دیکھے گی تو وہ اس کا غیظ و غضب اور چیخ چنگھاڑ سن لیں گے۔ اور جب وہ اس میں ایک تنگ جگہ جکڑ کر پھینکے جائیں گے تو وہ وہاں ہلاکت کی دعا کریں گے۔ (ان سے کہا جائے گا) آج تم ایک ہلاکت (موت) کی دعا نہ کرو بلکہ بہت ساری ہلاکتوں کی دعا کرو۔ کہو کیا یہ بہتر ہے یا ابدی جنت جس کا متقین سے وعدہ کیا گیا ہے؛ جو ان کیلئے جزا اور آخری منزل ہو گی۔ اس میں ان کیلئے وہ سب کچھ ہوگا جو وہ چاہیں گے اس میں ہمشہ رہیں گے؛ تیرے رب کے ذمہ یہ ایسا وعدہ ہے جس کا سوال کیا جا سکتا ہے۔ اور جس دن وہ ان کو محشور کرے گا اور ان معبودوں کو جن کی وہ اللہ کے علاوہ عبادت کرتے تھے تو وہ ان سے کہے گا کیا تم نے میرے ان بندوں کو گمراہ کیا یا وہ خود سبیل سے گمراہ ہو گئے تھے۔

(جب سے کائنات بنی ہے سال میں بارہ شہر، دن میں بارہ ساعت، رات میں بارہ ساعت، اور بارہ امامؑ ہیں۔ شہر اور ساعت امام کے ہی نام ہیں)

سُوْرَةُ الفُرقان

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

تَبَارَكَ ٱلَّذِى نَزَّلَ ٱلْفُرْقَانَ عَلَىٰ عَبْدِهِۦ لِيَكُونَ
لِلْعَـٰلَمِينَ نَذِيرًا (١) ٱلَّذِى لَهُۥ مُلْكُ ٱلسَّمَـٰوَٰتِ
وَٱلْأَرْضِ وَلَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَلَمْ يَكُن لَّهُۥ شَرِيكٌ
فِى ٱلْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَىْءٍ فَقَدَّرَهُۥ تَقْدِيرًا
(٢) وَٱتَّخَذُوا۟ مِن دُونِهِۦٓ ءَالِهَةً لَّا يَخْلُقُونَ شَيْـًٔا
وَهُمْ يُخْلَقُونَ وَلَا يَمْلِكُونَ لِأَنفُسِهِمْ ضَرًّا وَلَا
نَفْعًا وَلَا يَمْلِكُونَ مَوْتًا وَلَا حَيَوٰةً وَلَا نُشُورًا
(٣) وَقَالَ ٱلَّذِينَ كَفَرُوٓا۟ إِنْ هَـٰذَآ إِلَّآ إِفْكٌ ٱفْتَرَىٰهُ
وَأَعَانَهُۥ عَلَيْهِ قَوْمٌ ءَاخَرُونَ ۖ فَقَدْ جَآءُو ظُلْمًا
وَزُورًا (٤) وَقَالُوٓا۟ أَسَـٰطِيرُ ٱلْأَوَّلِينَ ٱكْتَتَبَهَا
فَهِىَ تُمْلَىٰ عَلَيْهِ بُكْرَةً وَأَصِيلًا (٥) قُلْ أَنزَلَهُ
ٱلَّذِى يَعْلَمُ ٱلسِّرَّ فِى ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ ۚ إِنَّهُۥ
كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًا (٦) وَقَالُوا۟ مَالِ هَـٰذَا
ٱلرَّسُولِ يَأْكُلُ ٱلطَّعَامَ وَيَمْشِى فِى ٱلْأَسْوَاقِ ۙ
لَوْلَآ أُنزِلَ إِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُونَ مَعَهُۥ نَذِيرًا (٧)
أَوْ يُلْقَىٰٓ إِلَيْهِ كَنزٌ أَوْ تَكُونُ لَهُۥ جَنَّةٌ يَأْكُلُ
مِنْهَا ۚ وَقَالَ ٱلظَّـٰلِمُونَ إِن تَتَّبِعُونَ إِلَّا رَجُلًا
مَّسْحُورًا (٨) ٱنظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوا۟ لَكَ
ٱلْأَمْثَـٰلَ فَضَلُّوا۟ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ سَبِيلًا (٩)
تَبَارَكَ ٱلَّذِىٓ إِن شَآءَ جَعَلَ لَكَ خَيْرًا مِّن ذَٰلِكَ
جَنَّـٰتٍ تَجْرِى مِن تَحْتِهَا ٱلْأَنْهَـٰرُ وَيَجْعَل لَّكَ
قُصُورًۢا (١٠) بَلْ كَذَّبُوا۟ بِٱلسَّاعَةِ ۖ وَأَعْتَدْنَا لِمَن
كَذَّبَ بِٱلسَّاعَةِ سَعِيرًا (١١) إِذَا رَأَتْهُم مِّن
مَّكَانٍۭ بَعِيدٍ سَمِعُوا۟ لَهَا تَغَيُّظًا وَزَفِيرًا (١٢)
وَإِذَآ أُلْقُوا۟ مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِينَ دَعَوْا
هُنَالِكَ ثُبُورًا (١٣) لَّا تَدْعُوا۟ ٱلْيَوْمَ ثُبُورًا
وَٰحِدًا وَٱدْعُوا۟ ثُبُورًا كَثِيرًا (١٤) قُلْ أَذَٰلِكَ
خَيْرٌ أَمْ جَنَّةُ ٱلْخُلْدِ ٱلَّتِى وُعِدَ ٱلْمُتَّقُونَ ۚ كَانَتْ
لَهُمْ جَزَآءً وَمَصِيرًا (١٥) لَّهُمْ فِيهَا مَا
يَشَآءُونَ خَـٰلِدِينَ ۚ كَانَ عَلَىٰ رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْـُٔولًا
(١٦) وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا يَعْبُدُونَ مِن دُونِ
ٱللَّهِ فَيَقُولُ ءَأَنتُمْ أَضْلَلْتُمْ عِبَادِى هَـٰٓؤُلَآءِ أَمْ هُمْ
ضَلُّوا۟ ٱلسَّبِيلَ (١٧)

18. They will say, "Exalted are You! It was not for us to take besides You any Aoliya [guardians]. But You provided comforts for them and their fathers until they forgot the Zikr and became a people ruined."
19. So they will deny you, [disbelievers], in what you say, and you cannot avert [punishment] or [find] help. And whoever commits injustice among you – We will make him taste a great punishment.
20. And We did not send before you, [O Mohammad sawaw], any of the Rasools except that they ate food and walked in the markets. And We have made some of you [people] as trial for others [i.e. after Rasool Allah sawaw injustice will be done to Aal e Mohammad swsa] – will you have patience? And ever is your Rabb, Seeing. [When this Ayat was revealed, Rasool Allah sawaw called Ali swsa, Fatima swsa, Hassan swsa, and Hussain swsa in the room and he was crying so much that it was heard outside the holy house. Then Aal e Mohammad swsa said: Ya Rasool Allah sawaw we are happy on the Amr of Allah and we will be patient.]

قَالُواْ سُبۡحَـٰنَكَ مَا كَانَ يَنۢبَغِى لَنَآ أَن نَّتَّخِذَ مِن
دُونِكَ مِنۡ أَوۡلِيَآءَ وَلَـٰكِن مَّتَّعۡتَهُمۡ وَءَابَآءَهُمۡ حَتَّىٰ
نَسُواْ ٱلذِّكۡرَ وَكَانُواْ قَوۡمَۢا بُورًا (١٨) فَقَدۡ
كَذَّبُوكُم بِمَا تَقُولُونَ فَمَا تَسۡتَطِيعُونَ صَرۡفًا
وَلَا نَصۡرًاۚ وَمَن يَظۡلِم مِّنكُمۡ نُذِقۡهُ عَذَابًا
كَبِيرًا (١٩) وَمَآ أَرۡسَلۡنَا قَبۡلَكَ مِنَ ٱلۡمُرۡسَلِينَ
إِلَّآ إِنَّهُمۡ لَيَأۡكُلُونَ ٱلطَّعَامَ وَيَمۡشُونَ فِى ٱلۡأَسۡوَاقِۗ
وَجَعَلۡنَا بَعۡضَكُمۡ لِبَعۡضٍ فِتۡنَةً أَتَصۡبِرُونَۗ
وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيرًا (٢٠)

وہ کہیں گے تو منزہ ہے ہمارے لئے مناسب نہ تھا کہ ہم تیرے علاوہ دوسروں کو اولیاء بناتے لیکن تو نے ان کو مال متاع دیا اور ان کے باپ دادا کو حتیٰ کہ وہ ذکر کو بھول گئے، اور وہ فنا ہونے والی قوم ہو گئے۔ تو وہ تمہیں جھٹلا دیں گے جو تم کہہ رہے ہو، پھر تم (عذاب کو) واپس نہیں پھیر سکو گے اور نہ نصرت (حاصل کر سکو گے)، اور جو تم میں سے ظلم کرے ہم اسے بڑے عذاب کا ذائقہ چکھائیں گے۔ اور ہم نے تم سے قبل مرسلین نہیں بھیجے مگر بیشک وہ طعام کھاتے تھے اور وہ بازاروں میں چلتے پھرتے تھے؛ اور ہم نے تم میں بعض کو بعض کیلئے آزمائش بنا دیا (یعنی رسولؐ اللہ کے بعد آل محمدؐ پر ظلم ہوں گے)؛ کیا تم صبر کرتے ہو، اور تمہارا رب سب دیکھ رہا ہے۔

(اس آیت کے نازل ہونے کے بعد جبرائیلؑ موجود تھے کہ رسولؐ اللہ نے علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ کو کمرے میں بلا کر اتنا گریہ کیا کہ بیت الشرف کے باہر سنائی دیتا تھا۔ آل محمدؐ نے کہا یا رسولؐ اللہ ہم اللہ کے امر پر راضی ہیں صبر کریں گے۔)

21. And those who do not expect the meeting with Us say, “Why were not angels sent down to us, or [why] do we [not] see our Rabb?" They have certainly become arrogant within themselves and rebelled with great rebellion.
22. The day they see the angels – no good tidings will be there that day for the criminals, and [the angels] will say, “Inaccessible, [you are] forbidden [from paradise].”
23. And We will proceed to what they have done of deeds, so we will make them as dust scattered [due to denial of the merits of Maola Ali swsa].
24. The companions of the Paradise, that Day, are [in] a good settlement and best resting place.
25. And [mention] the Day when the heaven will split open with [emerging] Ghamam [Maola Ali swsa], and the angels will be sent down in successive descent.
26. True sovereignty, that Day, is for the Rahman. And it will be upon the disbelievers a difficult Day.
27. And the Day the [First] wrongdoer will bite on his hands [in regret] he will say, "Oh, I wish I had taken with the Rasool , Sabeel [Maola Ali swsa as well].
28. Oh, woe to me! I wish I had not taken Fulana as a friend.
29. He led me away from the Zikr [Maola Ali swsa] after it had come to me. And ever is Shaitan [in human form], to man, a deserter.”
30. And the Rasool has said, "O my Rabb, indeed my people left this Qur’an [Maola Ali swsa] as abandoned.”
31. And thus have We made for every Nabi an enemy from among the criminals. But sufficient is your Rabb as a Guide and a Helper.
32. And those who disbelieve say, "Why was the Qur'an not revealed to him all at once?" Thus [it is] that We may strengthen thereby your heart. And We have recited it in stepwise arrangement.
33. And they do not come to you with an example [i.e. argument or question] but We [already] bring to you the truth and the best explanation.
34. The ones who are gathered on their faces to Hell – those are the worst in position and farthest astray from Sabeel.
35. And We had certainly given Musa the Book and appointed with him his brother Haroon as Wazir.
36. And We said, "Go both of you to the people who have belied Our signs." Then We destroyed them with [complete] destruction.
37. And the people of Nuh – when they belied the Rasools, We drowned them, and We made them for mankind an Ayat. And We have prepared for the wrongdoers a painful punishment.
38. And [We destroyed] Aad and Samood and the companions of the Rass [well] and many generations between them.
39. And for each We presented examples [as warnings], and each We destroyed with [total] destruction.
40. And they have already come upon the town which was showered with a rain of evil [i.e. stones]. So have they not seen it? But they are not expecting resurrection.
41. And when they see you, [O Mohammad sawaw], they take you not except in ridicule, [saying], "Is this the one whom Allah has sent as a Rasool?
42. He almost would have misled us from our gods had we not been steadfast in [worship of] them." But they are going to know soon, when they see the punishment, who is farthest astray from Sabeel.

۞ وَقَالَ ٱلَّذِينَ لَا يَرۡجُونَ لِقَآءَنَا لَوۡلَآ أُنزِلَ
عَلَيۡنَا ٱلۡمَلَٰٓئِكَةُ أَوۡ نَرَىٰ رَبَّنَاۗ لَقَدِ ٱسۡتَكۡبَرُواْ فِيٓ
أَنفُسِهِمۡ وَعَتَوۡ عُتُوّٗا كَبِيرٗا (٢١) يَوۡمَ يَرَوۡنَ
ٱلۡمَلَٰٓئِكَةَ لَا بُشۡرَىٰ يَوۡمَئِذٖ لِّلۡمُجۡرِمِينَ وَيَقُولُونَ
حِجۡرٗا مَّحۡجُورٗا (٢٢) وَقَدِمۡنَآ إِلَىٰ مَا عَمِلُواْ
مِنۡ عَمَلٖ فَجَعَلۡنَٰهُ هَبَآءٗ مَّنثُورًا (٢٣) أَصۡحَٰبُ
ٱلۡجَنَّةِ يَوۡمَئِذٍ خَيۡرٞ مُّسۡتَقَرّٗا وَأَحۡسَنُ مَقِيلٗا (٢٤)
وَيَوۡمَ تَشَقَّقُ ٱلسَّمَآءُ بِٱلۡغَمَٰمِ وَنُزِّلَ ٱلۡمَلَٰٓئِكَةُ
تَنزِيلٗا (٢٥) ٱلۡمُلۡكُ يَوۡمَئِذٍ ٱلۡحَقُّ لِلرَّحۡمَٰنِۚ
وَكَانَ يَوۡمًا عَلَى ٱلۡكَٰفِرِينَ عَسِيرٗا (٢٦)
وَيَوۡمَ يَعَضُّ ٱلظَّالِمُ عَلَىٰ يَدَيۡهِ يَقُولُ يَٰلَيۡتَنِي
ٱتَّخَذۡتُ مَعَ ٱلرَّسُولِ سَبِيلٗا (٢٧) يَٰوَيۡلَتَىٰ
لَيۡتَنِي لَمۡ أَتَّخِذۡ فُلَانًا خَلِيلٗا (٢٨) لَّقَدۡ أَضَلَّنِي
عَنِ ٱلذِّكۡرِ بَعۡدَ إِذۡ جَآءَنِيۗ وَكَانَ ٱلشَّيۡطَٰنُ
لِلۡإِنسَٰنِ خَذُولٗا (٢٩) وَقَالَ ٱلرَّسُولُ يَٰرَبِّ إِنَّ
قَوۡمِي ٱتَّخَذُواْ هَٰذَا ٱلۡقُرۡءَانَ مَهۡجُورٗا (٣٠)
وَكَذَٰلِكَ جَعَلۡنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوّٗا مِّنَ ٱلۡمُجۡرِمِينَۗ
وَكَفَىٰ بِرَبِّكَ هَادِيٗا وَنَصِيرٗا (٣١) وَقَالَ ٱلَّذِينَ
كَفَرُواْ لَوۡلَا نُزِّلَ عَلَيۡهِ ٱلۡقُرۡءَانُ جُمۡلَةٗ وَٰحِدَةٗۚ
كَذَٰلِكَ لِنُثَبِّتَ بِهِۦ فُؤَادَكَۖ وَرَتَّلۡنَٰهُ تَرۡتِيلٗا
(٣٢) وَلَا يَأۡتُونَكَ بِمَثَلٍ إِلَّا جِئۡنَٰكَ بِٱلۡحَقِّ
وَأَحۡسَنَ تَفۡسِيرًا (٣٣) ٱلَّذِينَ يُحۡشَرُونَ عَلَىٰ
وُجُوهِهِمۡ إِلَىٰ جَهَنَّمَ أُوْلَٰٓئِكَ شَرّٞ مَّكَانٗا وَأَضَلُّ
سَبِيلٗا (٣٤) وَلَقَدۡ ءَاتَيۡنَا مُوسَى ٱلۡكِتَٰبَ
وَجَعَلۡنَا مَعَهُۥٓ أَخَاهُ هَٰرُونَ وَزِيرٗا (٣٥) فَقُلۡنَا
ٱذۡهَبَآ إِلَى ٱلۡقَوۡمِ ٱلَّذِينَ كَذَّبُواْ بِـَٔايَٰتِنَا فَدَمَّرۡنَٰهُمۡ
تَدۡمِيرٗا (٣٦) وَقَوۡمَ نُوحٖ لَّمَّا كَذَّبُواْ ٱلرُّسُلَ
أَغۡرَقۡنَٰهُمۡ وَجَعَلۡنَٰهُمۡ لِلنَّاسِ ءَايَةٗۖ وَأَعۡتَدۡنَا
لِلظَّٰلِمِينَ عَذَابًا أَلِيمٗا (٣٧) وَعَادٗا وَثَمُودَاْ
وَأَصۡحَٰبَ ٱلرَّسِّ وَقُرُونَۢا بَيۡنَ ذَٰلِكَ كَثِيرٗا
(٣٨) وَكُلّٗا ضَرَبۡنَا لَهُ ٱلۡأَمۡثَٰلَۖ وَكُلّٗا تَبَّرۡنَا
تَتۡبِيرٗا (٣٩) وَلَقَدۡ أَتَوۡاْ عَلَى ٱلۡقَرۡيَةِ ٱلَّتِيٓ
أُمۡطِرَتۡ مَطَرَ ٱلسَّوۡءِۚ أَفَلَمۡ يَكُونُواْ يَرَوۡنَهَاۚ بَلۡ
كَانُواْ لَا يَرۡجُونَ نُشُورٗا (٤٠) وَإِذَا رَأَوۡكَ
إِن يَتَّخِذُونَكَ إِلَّا هُزُوًا أَهَٰذَا ٱلَّذِي بَعَثَ ٱللَّهُ
رَسُولًا (٤١) إِن كَادَ لَيُضِلُّنَا عَنۡ ءَالِهَتِنَا
لَوۡلَآ أَن صَبَرۡنَا عَلَيۡهَاۚ وَسَوۡفَ يَعۡلَمُونَ حِينَ
يَرَوۡنَ ٱلۡعَذَابَ مَنۡ أَضَلُّ سَبِيلًا (٤٢)

وَعَمِلُواْ ٱلصَّـٰلِحَـٰتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّـَٔاتِهِمْ
وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَحْسَنَ ٱلَّذِى كَانُواْ يَعْمَلُونَ (٧)
وَوَصَّيْنَا ٱلْإِنسَـٰنَ بِوَٰلِدَيْهِ حُسْنًا ۖ وَإِن جَـٰهَدَاكَ
لِتُشْرِكَ بِى مَا لَيْسَ لَكَ بِهِۦ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَآ ۚ
إِلَىَّ مَرْجِعُكُمْ فَأُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (٨)
وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّـٰلِحَـٰتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ
فِى ٱلصَّـٰلِحِينَ (٩) وَمِنَ ٱلنَّاسِ مَن يَقُولُ ءَامَنَّا
بِٱللَّهِ فَإِذَآ أُوذِىَ فِى ٱللَّهِ جَعَلَ فِتْنَةَ ٱلنَّاسِ
كَعَذَابِ ٱللَّهِ وَلَئِن جَآءَ نَصْرٌ مِّن رَّبِّكَ لَيَقُولُنَّ
إِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ ۚ أَوَلَيْسَ ٱللَّهُ بِأَعْلَمَ بِمَا فِى
صُدُورِ ٱلْعَـٰلَمِينَ (١٠) وَلَيَعْلَمَنَّ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ
ءَامَنُواْ وَلَيَعْلَمَنَّ ٱلْمُنَـٰفِقِينَ (١١) وَقَالَ ٱلَّذِينَ
كَفَرُواْ لِلَّذِينَ ءَامَنُواْ ٱتَّبِعُواْ سَبِيلَنَا وَلْنَحْمِلْ
خَطَـٰيَـٰكُمْ وَمَا هُم بِحَـٰمِلِينَ مِنْ خَطَـٰيَـٰهُم مِّن
شَىْءٍ ۖ إِنَّهُمْ لَكَـٰذِبُونَ (١٢) وَلَيَحْمِلُنَّ أَثْقَالَهُمْ
وَأَثْقَالًا مَّعَ أَثْقَالِهِمْ ۖ وَلَيُسْـَٔلُنَّ يَوْمَ ٱلْقِيَـٰمَةِ عَمَّا
كَانُواْ يَفْتَرُونَ (١٣) وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ
قَوْمِهِۦ فَلَبِثَ فِيهِمْ أَلْفَ سَنَةٍ إِلَّا خَمْسِينَ عَامًا
فَأَخَذَهُمُ ٱلطُّوفَانُ وَهُمْ ظَـٰلِمُونَ (١٤) فَأَنجَيْنَـٰهُ
وَأَصْحَـٰبَ ٱلسَّفِينَةِ وَجَعَلْنَـٰهَآ ءَايَةً لِّلْعَـٰلَمِينَ
(١٥) وَإِبْرَٰهِيمَ إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ ٱعْبُدُواْ ٱللَّهَ
وَٱتَّقُوهُ ۖ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ
(١٦) إِنَّمَا تَعْبُدُونَ مِن دُونِ ٱللَّهِ أَوْثَـٰنًا
وَتَخْلُقُونَ إِفْكًا ۚ إِنَّ ٱلَّذِينَ تَعْبُدُونَ مِن دُونِ ٱللَّهِ
لَا يَمْلِكُونَ لَكُمْ رِزْقًا فَٱبْتَغُواْ عِندَ ٱللَّهِ ٱلرِّزْقَ
وَٱعْبُدُوهُ وَٱشْكُرُواْ لَهُۥٓ ۖ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ (١٧)
وَإِن تُكَذِّبُواْ فَقَدْ كَذَّبَ أُمَمٌ مِّن قَبْلِكُمْ ۖ وَمَا عَلَى
ٱلرَّسُولِ إِلَّا ٱلْبَلَـٰغُ ٱلْمُبِينُ (١٨)

19. Have they not considered how Allah begins creation and then repeats it? Indeed that, for Allah, is easy.
20. Say, [O Mohammad sawaw], "Travel through the land and observe how He began creation. Then Allah orignates another creation [i.e. development]. Indeed Allah, over all things, is competent."
21. He punishes whom He wills and has mercy upon whom He wills, and to Him you will be returned.
22. And you will not subdue [Allah] upon the earth nor in the heaven. And you have not other than Allah any protector or any helper.
23. And the ones who disbelieve in the Ayaat of Allah and the meeting with Him – those have despaired of My mercy, and they will have a painful punishment.
24. And the answer of his [i.e. Ibraheem's] people was not but that they said, "Kill him or burn him," but Allah saved him from the fire. Indeed in that are signs for a people who believe.
25. And [Ibraheem] said, "You have only taken, other than Allah, idols as [a bond of] devotion among you in worldly life. Then on the Day of Qiyamah you will deny one another and curse one another, and your refuge will be the Fire, and you will not have any helpers."
26. And Loot believed him. [Ibraheem] said, "Indeed, I will emigrate to [the service of] my Rabb. Indeed, He is the Exalted in Might, the Wise."
27. And We gave to him Is'haq and Yaqoob and placed in his descendants prophethood and Book. And We gave him his reward in this world, and indeed, he is in the Hereafter among the righteous.
28. And [mention] Loot, when he said to his people, "Indeed, you commit such immorality as no one has preceded you with it from among the worlds [mankind].
29. Do you approach men and obstruct the road [for robbery] and commit in your meetings [every] evil." And the answer of his people was not but that they said, "Bring us the punishment of Allah, if you should be of the truthful."
30. He said, "My Rabb, support me against the corrupting people."
31. And when Our messengers [i.e. angels] came to Ibraheem with the good tidings, they said, "Indeed, we will destroy the people of that [i.e. Loot's] city. Indeed, its people have been wrongdoers."
32. [Ibraheem] said, "Indeed, within it is Loot." They said, "We are more knowing of who is within it. We will surely save him and his family, except his wife. She is to be of those who remain behind."
33. And when Our messengers [i.e. angels] came to Loot, he was distressed for them and felt for them great discomfort [felt helpless to protect them]. They said, "Fear not, nor grieve. Indeed, we will save you and your family, except your wife; she is to be of those who remain behind.
34. Indeed, we will bring down on the people of this city punishment from the sky because they have been defiantly disobedient."
35. And We have certainly left in it [i.e. town] a sign as clear evidence for a people who use reason.

أَوَلَمۡ يَرَوۡاْ كَيۡفَ يُبۡدِئُ ٱللَّهُ ٱلۡخَلۡقَ ثُمَّ يُعِيدُهُۥٓۚ
إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى ٱللَّهِ يَسِيرٞ (١٩) قُلۡ سِيرُواْ فِي
ٱلۡأَرۡضِ فَٱنظُرُواْ كَيۡفَ بَدَأَ ٱلۡخَلۡقَۚ ثُمَّ ٱللَّهُ
يُنشِئُ ٱلنَّشۡأَةَ ٱلۡأٓخِرَةَۚ إِنَّ ٱللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ
قَدِيرٞ (٢٠) يُعَذِّبُ مَن يَشَآءُ وَيَرۡحَمُ مَن يَشَآءُۖ
وَإِلَيۡهِ تُقۡلَبُونَ (٢١) وَمَآ أَنتُم بِمُعۡجِزِينَ فِي
ٱلۡأَرۡضِ وَلَا فِي ٱلسَّمَآءِۖ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ
ٱللَّهِ مِن وَلِيّٖ وَلَا نَصِيرٖ (٢٢) وَٱلَّذِينَ كَفَرُواْ
بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ وَلِقَآئِهِۦٓ أُوْلَٰٓئِكَ يَئِسُواْ مِن رَّحۡمَتِي
وَأُوْلَٰٓئِكَ لَهُمۡ عَذَابٌ أَلِيمٞ (٢٣) فَمَا كَانَ
جَوَابَ قَوۡمِهِۦٓ إِلَّآ أَن قَالُواْ ٱقۡتُلُوهُ أَوۡ حَرِّقُوهُ
فَأَنجَىٰهُ ٱللَّهُ مِنَ ٱلنَّارِۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَأٓيَٰتٖ لِّقَوۡمٖ
يُؤۡمِنُونَ (٢٤) وَقَالَ إِنَّمَا ٱتَّخَذۡتُم مِّن دُونِ ٱللَّهِ
أَوۡثَٰنٗا مَّوَدَّةَ بَيۡنِكُمۡ فِي ٱلۡحَيَوٰةِ ٱلدُّنۡيَاۖ ثُمَّ يَوۡمَ
ٱلۡقِيَٰمَةِ يَكۡفُرُ بَعۡضُكُم بِبَعۡضٖ وَيَلۡعَنُ
بَعۡضُكُم بَعۡضٗا وَمَأۡوَىٰكُمُ ٱلنَّارُ وَمَا لَكُم مِّن
نَّٰصِرِينَ (٢٥) ۞ فَـَٔامَنَ لَهُۥ لُوطٞۘ وَقَالَ إِنِّي
مُهَاجِرٌ إِلَىٰ رَبِّيٓۖ إِنَّهُۥ هُوَ ٱلۡعَزِيزُ ٱلۡحَكِيمُ
(٢٦) وَوَهَبۡنَا لَهُۥٓ إِسۡحَٰقَ وَيَعۡقُوبَ وَجَعَلۡنَا
فِي ذُرِّيَّتِهِ ٱلنُّبُوَّةَ وَٱلۡكِتَٰبَ وَءَاتَيۡنَٰهُ أَجۡرَهُۥ فِي
ٱلدُّنۡيَاۖ وَإِنَّهُۥ فِي ٱلۡأٓخِرَةِ لَمِنَ ٱلصَّٰلِحِينَ (٢٧)
وَلُوطًا إِذۡ قَالَ لِقَوۡمِهِۦٓ إِنَّكُمۡ لَتَأۡتُونَ ٱلۡفَٰحِشَةَ
مَا سَبَقَكُم بِهَا مِنۡ أَحَدٖ مِّنَ ٱلۡعَٰلَمِينَ (٢٨)
أَئِنَّكُمۡ لَتَأۡتُونَ ٱلرِّجَالَ وَتَقۡطَعُونَ ٱلسَّبِيلَ وَتَأۡتُونَ
فِي نَادِيكُمُ ٱلۡمُنكَرَۖ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوۡمِهِۦٓ إِلَّآ
أَن قَالُواْ ٱئۡتِنَا بِعَذَابِ ٱللَّهِ إِن كُنتَ مِنَ
ٱلصَّٰدِقِينَ (٢٩) قَالَ رَبِّ ٱنصُرۡنِي عَلَى ٱلۡقَوۡمِ
ٱلۡمُفۡسِدِينَ (٣٠) وَلَمَّا جَآءَتۡ رُسُلُنَآ إِبۡرَٰهِيمَ
بِٱلۡبُشۡرَىٰ قَالُوٓاْ إِنَّا مُهۡلِكُوٓاْ أَهۡلِ هَٰذِهِ ٱلۡقَرۡيَةِۖ إِنَّ
أَهۡلَهَا كَانُواْ ظَٰلِمِينَ (٣١) قَالَ إِنَّ فِيهَا لُوطٗاۚ
قَالُواْ نَحۡنُ أَعۡلَمُ بِمَن فِيهَاۖ لَنُنَجِّيَنَّهُۥ وَأَهۡلَهُۥٓ إِلَّا
ٱمۡرَأَتَهُۥ كَانَتۡ مِنَ ٱلۡغَٰبِرِينَ (٣٢) وَلَمَّآ أَن
جَآءَتۡ رُسُلُنَا لُوطٗا سِيٓءَ بِهِمۡ وَضَاقَ بِهِمۡ
ذَرۡعٗا وَقَالُواْ لَا تَخَفۡ وَلَا تَحۡزَنۡۖ إِنَّا مُنَجُّوكَ
وَأَهۡلَكَ إِلَّا ٱمۡرَأَتَكَ كَانَتۡ مِنَ ٱلۡغَٰبِرِينَ (٣٣)
إِنَّا مُنزِلُونَ عَلَىٰٓ أَهۡلِ هَٰذِهِ ٱلۡقَرۡيَةِ رِجۡزٗا مِّنَ
ٱلسَّمَآءِ بِمَا كَانُواْ يَفۡسُقُونَ (٣٤) وَلَقَد تَّرَكۡنَا
مِنۡهَآ ءَايَةَۢ بَيِّنَةٗ لِّقَوۡمٖ يَعۡقِلُونَ (٣٥)

کیا ان لوگوں نے دیکھا نہیں کہ اللہ کس طرح تخلیق کی ابتداء کرتا ہے پھر اس کا اعادہ کرتا ہے؛ بیشک یہ اللہ کیلئے آسان ہے۔ کہہ دو زمین میں چلو پھرو پھر دیکھو اس نے کس طرح تخلیق کی ابتداء کی پھر اللہ دوسری مخلوق پیدا کرتا ہے؛ بیشک اللہ ہر شئ پر قادر ہے۔ وہ جسے چاہے گا عذاب دے گا اور وہ جس پر چاہے گا رحم کرے گا اور اسی کی طرف تم پلٹائے جاؤ گے۔ اور تم نہ زمین میں عاجز کرنے والے ہو اور نہ آسمان میں، اور اللہ کے علاوہ تمہارے لئے کوئی ولی نہیں اور نہ ہی مدد گار۔ اور جن لوگوں نے اللہ کی آیات اور اس سے ملاقات کا کفر کیا ہے وہ میری رحمت سے مایوس ہو گئے ہیں اور انہی لوگوں کیلئے دردناک عذاب ہے۔ پھر اس کی قوم کا جواب اس کے سوا کچھ نہ تھا کہ انہوں نے کہا اسے قتل کر دو یا اس کو جلا دو، پھر اللہ نے اس کو نار سے نجات دی؛ بیشک اس میں ایمان لانے والی قوم کیلئے آیات ہیں۔ اور اس نے کہا تم نے دنیا کی زندگی میں اللہ کے علاوہ بتوں کو اپنے درمیان محبت کا ذریعہ بنا لیا ہے، پھر قیامت کے دن تم ایک دوسرے کا انکار کرو گے اور تم ایک دوسرے پر لعنت کرو گے، اور تمہاری پناہ گاہ نار ہوگی اور تمہارے لئے مدد گاروں میں سے کوئی نہ ہوگا۔ تو لوطؑ نے اسے مان لیا، اور ابراھیمؑ نے کہا میں اپنے رب کی طرف ہجرت کرتا ہوں؛ بیشک وہ زبردست حکمت والا ہے۔ اور ہم نے اسے اسحٰقؑ اور یعقوبؑ عطا کیا اور ہم نے اس کی نسل میں نبوت اور کتاب قرار دی اور ہم نے اسے دنیا میں اس کا اجر عطا کیا، اور بیشک وہ آخرت میں واقعی صالحین میں سے ہو گا۔ اور لوطؑ جب اس نے اپنی قوم سے کہا بیشک تم وہ فحاشی کرتے ہو جو تم سے پہلے دنیا والوں میں سے کسی ایک نے نہیں کی۔ کیا واقعی تم مَردوں کے پاس آتے ہو اور تم راستہ قطع (رہزنی) کرتے ہو اور تم اپنی محفلوں میں سب بُرے کام کرتے ہو؛ پھر اس کی قوم کا کوئی جواب نہ تھا سوائے اس کے کہ انہوں نے کہا ہم پر اللہ کا عذاب لے آ اگر تم سچوں میں سے ہو۔ لوطؑ نے کہا اے رب مفسدوں کی قوم کے خلاف میری نصرت فرما۔ اور جب ہمارے بھیجے ہوئے (ملائکہ) ابراھیمؑ کے پاس بشارت لے کر آئے تو انہوں نے کہا بیشک ہم اس بستی کے باشندوں کو ہلاک کرنے والے ہیں، بیشک اس کے باشندے ظالم ہیں۔ ابراھیمؑ نے کہا بیشک اس میں تو لوطؑ بھی ہے؛ انہوں نے کہا ہم خوب جانتے ہیں اس میں کون ہے، ہم ضرور اسے اور اس کے گھر والوں کو نجات دیں گے سوائے اس کی بیوی کے، وہ پیچھے رہنے والوں میں سے ہے۔ اور جب ہمارے بھیجے ہوئے لوطؑ کے پاس آئے تو وہ ان کی وجہ سے پریشان ہوا اور ان کیلئے بہت تنگی محسوس کی، اور انہوں نے کہا تم نہ ڈرو اور نہ تم غم کرو، بیشک ہم تمہیں اور تمہارے گھر والوں کو نجات دیں گے سوائے تمہاری بیوی کے جو پیچھے رہنے والوں میں سے ہے۔ ہم اس بستی کے باشندوں پر آسمان سے عذاب نازل کرنے والے ہیں کیونکہ وہ نافرمانی کرتے رہے ہیں۔ اور تحقیق ہم نے اس (بستی) میں ایک واضح نشانی چھوڑ دی ہے عقل کرنے والی قوم کیلئے۔

36. And to Madyan [We sent] their brother Shu'ayb, and he said, "O my people, worship Allah and expect the Last Day and do not commit abuse on the earth, spreading corruption."
37. But they belied him, so the earthquake seized them, and they became within their home [corpses] fallen prone.
38. And [We destroyed] Aad and Samood, and it has become clear to you from their [ruined] dwellings. And Shaitan had made pleasing to them their deeds and averted them from the Sabeel, and they were endowed with perception.
39. And [We destroyed] Qaroon and Fir'aoun and Haman. And Musa had already come to them with clear evidences, and they were arrogant in the land, but they could not outrun [Our punishment].
40. So each We seized for his sin; and among them were those upon whom We sent a storm of stones [nation of Loot a.s.], and among them were those who were seized by the lethal shriek [nation of Shuaib a.s. & Saleh a.s.], and among them were those whom We caused the earth to swallow [nation of Hood a.s.], and among them were those whom We drowned [nation of Fir'aoun]. And Allah would not have wronged them, but it was they who were wronging themselves.
41. The example of those who take Aoliya [guardians] other than Allah is like that of the spider who takes [i.e. constructs] a home. And indeed, the weakest of homes is the home of the spider, if they only knew.
42. Indeed, Allah knows whatever thing they call upon other than Him. And He is the Exalted in Might, the Wise.
43. And these examples We present to the people, but none will understand them except those of knowledge [Aal e Mohammad swsa].
44. Allah created the heavens and the earth with the Haqq. Indeed in that is a sign for the believers.

وَإِلَىٰ مَدۡيَنَ أَخَاهُمۡ شُعَيۡبٗا فَقَالَ يَٰقَوۡمِ ٱعۡبُدُواْ ٱللَّهَ
وَٱرۡجُواْ ٱلۡيَوۡمَ ٱلۡأٓخِرَ وَلَا تَعۡثَوۡاْ فِي ٱلۡأَرۡضِ
مُفۡسِدِينَ (٣٦) فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَتۡهُمُ ٱلرَّجۡفَةُ
فَأَصۡبَحُواْ فِي دَارِهِمۡ جَٰثِمِينَ (٣٧) وَعَادٗا
وَثَمُودَاْ وَقَد تَّبَيَّنَ لَكُم مِّن مَّسَٰكِنِهِمۡۖ وَزَيَّنَ
لَهُمُ ٱلشَّيۡطَٰنُ أَعۡمَٰلَهُمۡ فَصَدَّهُمۡ عَنِ ٱلسَّبِيلِ
وَكَانُواْ مُسۡتَبۡصِرِينَ (٣٨) وَقَٰرُونَ وَفِرۡعَوۡنَ
وَهَٰمَٰنَۖ وَلَقَدۡ جَآءَهُم مُّوسَىٰ بِٱلۡبَيِّنَٰتِ
فَٱسۡتَكۡبَرُواْ فِي ٱلۡأَرۡضِ وَمَا كَانُواْ سَٰبِقِينَ
(٣٩) فَكُلًّا أَخَذۡنَا بِذَنۢبِهِۦۖ فَمِنۡهُم مَّنۡ أَرۡسَلۡنَا
عَلَيۡهِ حَاصِبٗا وَمِنۡهُم مَّنۡ أَخَذَتۡهُ ٱلصَّيۡحَةُ وَمِنۡهُم
مَّنۡ خَسَفۡنَا بِهِ ٱلۡأَرۡضَ وَمِنۡهُم مَّنۡ أَغۡرَقۡنَاۚ وَمَا
كَانَ ٱللَّهُ لِيَظۡلِمَهُمۡ وَلَٰكِن كَانُوٓاْ أَنفُسَهُمۡ
يَظۡلِمُونَ (٤٠) مَثَلُ ٱلَّذِينَ ٱتَّخَذُواْ مِن دُونِ ٱللَّهِ
أَوۡلِيَآءَ كَمَثَلِ ٱلۡعَنكَبُوتِ ٱتَّخَذَتۡ بَيۡتٗاۖ وَإِنَّ
أَوۡهَنَ ٱلۡبُيُوتِ لَبَيۡتُ ٱلۡعَنكَبُوتِۖ لَوۡ كَانُواْ
يَعۡلَمُونَ (٤١) إِنَّ ٱللَّهَ يَعۡلَمُ مَا يَدۡعُونَ مِن
دُونِهِۦ مِن شَيۡءٖۚ وَهُوَ ٱلۡعَزِيزُ ٱلۡحَكِيمُ (٤٢)
وَتِلۡكَ ٱلۡأَمۡثَٰلُ نَضۡرِبُهَا لِلنَّاسِۖ وَمَا يَعۡقِلُهَآ إِلَّا
ٱلۡعَٰلِمُونَ (٤٣) خَلَقَ ٱللَّهُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضَ
بِٱلۡحَقِّۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَأٓيَةٗ لِّلۡمُؤۡمِنِينَ (٤٤)

اور مدین کی طرف ہم نے ان کے بھائی شعیبؑ (کو بھیجا)، تو اس نے کہا اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو اور یومِ آخر کی امید رکھو اور زمین میں فسادی بن کر فساد نہ کرو۔ تو انہوں نے اس کی تکذیب کی پھر زلزلے نے ان کو آ پکڑا تو وہ صبح کو اپنے گھروں میں اوندھے منہ (مُردہ) پڑے رہ گئے۔ اور عاد اور ثمود (کو ہم نے ہلاک کیا) اور یہ تمہارے لئے ان کے مسکنوں سے واضح ہو چکی ہے، اور ان کے اعمال کو شیطان نے ان کیلئے خوشنما بنا دیا تو انکو سبیل سے روک دیا حالانکہ وہ بصیرت والے لوگ تھے۔ اور قارون اور فرعون اور ہامان، اور موسیٰؑ ان کے پاس واضح دلائل لے کر آیا مگر انہوں نے زمین میں تکبر کیا اور وہ سبقت لے جانے والے نہ تھے۔ پھر ہر ایک کو ہم نے اس کے گناہ کی وجہ سے پکڑ لیا، پس ان میں سے (کچھ وہ ہیں) جن پر ہم نے پتھروں کی آندھی بھیجی (قومِ لوطؑ)، اور ان میں سے (کچھ وہ ہیں) جن کو جان لیوا چنگھاڑ نے آ پکڑا (قومِ شعیبؑ وصالحؑ)، اور ان میں سے (کچھ وہ ہیں) جن کو ہم نے زمین میں دھنسا دیا (قومِ ہودؑ)، اور ان میں سے (کچھ وہ ہیں) جن کو ہم نے غرق کر دیا (قومِ فرعون)، اور اللہ ان پر ظلم کرنے والا نہیں تھا بلکہ وہ خود اپنے نفسوں پر ظلم کرتے تھے۔ جن لوگوں نے اللہ کے علاوہ اولیاء بنا لئے ہیں ان کی مثال مکڑی کی مثل ہے، جو ایک گھر بناتی ہے؛ اور بیشک سب گھروں سے زیادہ کمزور واقعی مکڑی کا گھر ہے کاش وہ لوگ جانتے ہوتے۔ بیشک اللہ جانتا ہے جو وہ لوگ اللہ کے سوا جس شئ کو بھی پکارتے ہیں؛ اور وہ زبردست حکمت والا ہے۔ اور یہ مثالیں ہم لوگوں کیلئے پیش کرتے ہیں، اور ان کو نہیں سمجھتے مگر عالم لوگ (آلِ محمدؐ)۔ اللہ نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ خلق کیا ہے؛ بیشک اس میں مؤمنین کیلئے واقعی آیت ہے۔

45. Recite, [O Mohammad sawaw], what has been revealed to you of the Book and establish Salaat. Indeed, Salaat prohibits from immoral and evil [i.e. prohibits from the Wilayat of those who did injustice to Maola Ali swsa], and certainly the Zikr of Allah [Maola Ali swsa and the Imams swsa] is greater. And Allah knows that which you do.
46. And do not argue with the People of the Book except in a way that is best [i.e. the Qur'an], except for those who commit injustice among them, and say, "We believe in that which has been revealed to us and revealed to you. And our God and your God is one; and we are Muslims [in submission] to Him."
47. And thus We have sent down to you the Book [i.e. the Qur'an]. And those [Aal e Mohammad swsa] to whom We gave the Book believe in it. And among these [Muslims] are those who believe in it. And none reject Our verses except the disbelievers.
48. And you did not read before it any book, nor did you inscribe one with your right hand. [i.e. the Rasools of Allah do not learn to read & write in the world]. Then [i.e. otherwise] the falsifiers would have had [cause for] doubt.
49. Rather, it [i.e. the Qur'an] is clear verses [preserved] within the chests of those [infallible Imams swsa] who have been given knowledge. And none reject Our verses except the wrongdoers.
50. And they say, "Why are not signs sent down to him from his Rabb?" Say, "The signs are only with Allah, and I am only a clear warner."
51. And is it not sufficient for them that We revealed to you the Book [i.e. the Qur'an] which is recited to them? Indeed in that is a mercy and Zikr for a people who believe.
52. Say, "Sufficient is Allah between me and you as Witness. He knows what is in the heavens and earth. And they who have believed in falsehood and disbelieved in Allah – it is those who are the losers."
53. And they [Quraysh] urge you to hasten the punishment. And if the term would not have been specified, punishment would have certainly reached them. But it will surely come to them suddenly while they perceive not.
54. They urge you to hasten the punishment. And indeed, Hell will be encompassing of the disbelievers
55. On the Day the punishment will cover them from above them and from below their feet and it is said, "Taste [the result of] what you used to do."
56. O My servants who have believed, indeed My earth is spacious [i.e. if a disobedient ruler makes it difficult to practice Deen, then migrate from there], so worship only Me.
57. Every soul will taste death. Then to Us you will be returned.
58. And those who believe and do righteous deeds – We will surely abide them in Paradise [elevated] chambers beneath which rivers flow, wherein they abide eternally. Excellent is the reward of the [righteous] workers
59. Who have been patient and upon their Rabb they rely.
60. And how many a walking creature carries not its [own] provision. Allah provides for it and for you. And He is all-Hearing, all-Knowing.
61. If you asked them, "Who created the heavens and earth and subjected the sun and the moon?" they would surely say, "Allah." Then how are they deluded?
62. Allah extends provision for whom He wills of His servants and restricts for him. Indeed Allah is, of all things, Knowing.

ٱتْلُ مَآ أُوحِيَ إِلَيْكَ مِنَ ٱلْكِتَٰبِ وَأَقِمِ ٱلصَّلَوٰةَ ۖ إِنَّ
ٱلصَّلَوٰةَ تَنْهَىٰ عَنِ ٱلْفَحْشَآءِ وَٱلْمُنكَرِ ۗ وَلَذِكْرُ ٱللَّهِ
أَكْبَرُ ۗ وَٱللَّهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُونَ (٤٥) ۞ وَلَا
تُجَٰدِلُوٓا۟ أَهْلَ ٱلْكِتَٰبِ إِلَّا بِٱلَّتِى هِىَ أَحْسَنُ إِلَّا
ٱلَّذِينَ ظَلَمُوا۟ مِنْهُمْ ۖ وَقُولُوٓا۟ ءَامَنَّا بِٱلَّذِىٓ أُنزِلَ
إِلَيْنَا وَأُنزِلَ إِلَيْكُمْ وَإِلَٰهُنَا وَإِلَٰهُكُمْ وَٰحِدٌ
وَنَحْنُ لَهُۥ مُسْلِمُونَ (٤٦) وَكَذَٰلِكَ أَنزَلْنَآ إِلَيْكَ
ٱلْكِتَٰبَ ۚ فَٱلَّذِينَ ءَاتَيْنَٰهُمُ ٱلْكِتَٰبَ يُؤْمِنُونَ بِهِۦ ۖ
وَمِنْ هَٰٓؤُلَآءِ مَن يُؤْمِنُ بِهِۦ ۚ وَمَا يَجْحَدُ بِـَٔايَٰتِنَآ
إِلَّا ٱلْكَٰفِرُونَ (٤٧) وَمَا كُنتَ تَتْلُوا۟ مِن قَبْلِهِۦ
مِن كِتَٰبٍ وَلَا تَخُطُّهُۥ بِيَمِينِكَ ۖ إِذًا لَّٱرْتَابَ
ٱلْمُبْطِلُونَ (٤٨) بَلْ هُوَ ءَايَٰتٌۢ بَيِّنَٰتٌ فِى
صُدُورِ ٱلَّذِينَ أُوتُوا۟ ٱلْعِلْمَ ۚ وَمَا يَجْحَدُ بِـَٔايَٰتِنَآ إِلَّا
ٱلظَّٰلِمُونَ (٤٩) وَقَالُوا۟ لَوْلَآ أُنزِلَ عَلَيْهِ ءَايَٰتٌ
مِّن رَّبِّهِۦ ۖ قُلْ إِنَّمَا ٱلْـَٔايَٰتُ عِندَ ٱللَّهِ وَإِنَّمَآ أَنَا۠
نَذِيرٌ مُّبِينٌ (٥٠) أَوَلَمْ يَكْفِهِمْ أَنَّآ أَنزَلْنَا عَلَيْكَ
ٱلْكِتَٰبَ يُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ ۚ إِنَّ فِى ذَٰلِكَ لَرَحْمَةً
وَذِكْرَىٰ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ (٥١) قُلْ كَفَىٰ بِٱللَّهِ
بَيْنِى وَبَيْنَكُمْ شَهِيدًا ۖ يَعْلَمُ مَا فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ
وَٱلْأَرْضِ ۗ وَٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ بِٱلْبَٰطِلِ وَكَفَرُوا۟
بِٱللَّهِ أُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ ٱلْخَٰسِرُونَ (٥٢) وَيَسْتَعْجِلُونَكَ
بِٱلْعَذَابِ ۚ وَلَوْلَآ أَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَآءَهُمُ ٱلْعَذَابُ
وَلَيَأْتِيَنَّهُم بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ (٥٣)
يَسْتَعْجِلُونَكَ بِٱلْعَذَابِ وَإِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيطَةٌۢ
بِٱلْكَٰفِرِينَ (٥٤) يَوْمَ يَغْشَىٰهُمُ ٱلْعَذَابُ مِن
فَوْقِهِمْ وَمِن تَحْتِ أَرْجُلِهِمْ وَيَقُولُ ذُوقُوا۟ مَا
كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (٥٥) يَٰعِبَادِىَ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟ إِنَّ
أَرْضِى وَٰسِعَةٌ فَإِيَّٰىَ فَٱعْبُدُونِ (٥٦) كُلُّ نَفْسٍ
ذَآئِقَةُ ٱلْمَوْتِ ۖ ثُمَّ إِلَيْنَا تُرْجَعُونَ (٥٧) وَٱلَّذِينَ
ءَامَنُوا۟ وَعَمِلُوا۟ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَنُبَوِّئَنَّهُم مِّنَ ٱلْجَنَّةِ
غُرَفًا تَجْرِى مِن تَحْتِهَا ٱلْأَنْهَٰرُ خَٰلِدِينَ فِيهَا ۚ
نِعْمَ أَجْرُ ٱلْعَٰمِلِينَ (٥٨) ٱلَّذِينَ صَبَرُوا۟ وَعَلَىٰ
رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ (٥٩) وَكَأَيِّن مِّن دَآبَّةٍ لَّا
تَحْمِلُ رِزْقَهَا ٱللَّهُ يَرْزُقُهَا وَإِيَّاكُمْ ۚ وَهُوَ ٱلسَّمِيعُ
ٱلْعَلِيمُ (٦٠) وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَ ٱلسَّمَٰوَٰتِ
وَٱلْأَرْضَ وَسَخَّرَ ٱلشَّمْسَ وَٱلْقَمَرَ لَيَقُولُنَّ ٱللَّهُ ۖ
فَأَنَّىٰ يُؤْفَكُونَ (٦١) ٱللَّهُ يَبْسُطُ ٱلرِّزْقَ لِمَن
يَشَآءُ مِنْ عِبَادِهِۦ وَيَقْدِرُ لَهُۥٓ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ بِكُلِّ شَىْءٍ
عَلِيمٌ (٦٢)

(اے حبیبؐ) تلاوت کرو جو کتاب میں سے تمہاری طرف وحی کی گئی ہے اور صلاۃ قائم کرو؛ بیشک صلاۃ فحش (بیہودہ) اور مُنکَر (بُرے) سے روکتی ہے (یعنی مولا علیؑ پر ظلم کرنے والوں کی ولایت سے روکتی ہے)؛ اور اللہ کا ذکر (مولا علیؑ اور آئمہؑ) اکبر ہے؛ اور اللہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔ اور تم اہلِ کتاب سے بحث نہ کرو مگر اس (طریقہ) سے جو اچھا ہے (یعنی قرآن)، سوائے ان لوگوں کے جو ان میں سے ظلم کرنے والے ہوں اور کہو ہم ایمان لاتے ہیں اس پر جو ہماری طرف نازل ہوا اور جو تمہاری طرف نازل ہوا اور ہمارا معبود اور تمہارا معبود واحد ہے اور ہم اس کے مطیع (مسلمان) ہیں۔ اور اسی طرح ہم نے تمہاری طرف کتاب نازل کی ہے؛ تو جن لوگوں (یعنی آلِ محمدؐ) کو ہم نے کتاب دی تھی وہ اس پر ایمان رکھتے ہیں، اور اِن لوگوں (یعنی مسلمانوں) میں بھی ایسے ہیں جو اس پر ایمان رکھتے ہیں؛ اور ہماری آیات کا کوئی انکار نہیں کرتا سوائے کافروں کے۔ اور تم اس سے قبل کوئی کتاب نہیں پڑھا کرتے تھے اور نہ تم اپنے دائیں ہاتھ سے لکھتے تھے (یعنی اللہ کے رسول دنیا میں آ کر پڑھنا لکھنا نہیں سیکھتے)، (اگر ایسا ہوتا) تب باطل پرست واقعی شک کر سکتے تھے۔ بلکہ وہ واضح آیات ہیں ان لوگوں (یعنی آئمۂ معصومینؑ) کے سینوں میں جن کو علم دیا گیا ہے؛ اور ہماری آیات (معصومینؑ) کا کوئی انکار نہیں کرتا سوائے ظالموں کے۔ اور وہ کہتے ہیں کہ اس پر اس کے رب کی طرف سے آیات کیوں نہیں نازل کی گئیں؛ کہہ دو آیات صرف اللہ کے پاس ہیں؛ اور میں صرف کھلا خبردار کرنے والا ہوں۔ کیا ان کیلئے کافی نہیں کہ ہم نے تمہاری طرف کتاب نازل کی ہے جو ان پر تلاوت کی جاتی ہے؛ بیشک اس میں واقعی رحمت اور ایمان رکھنے والی قوم کیلئے ذکر ہے۔ کہہ دو میرے اور تمہارے درمیان اللہ گواہ کافی ہے، وہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے؛ اور جو لوگ باطل پر ایمان لائے اور اللہ سے کفر کیا، وہی لوگ خسارہ پانے والے ہیں۔ اور وہ (قریش) تم سے عذاب کیلئے عجلت کرتے ہیں؛ اور اگر ایک مقررہ مدت نہ ہوتی تو ان پر ضرور عذاب آتا؛ اور وہ ضرور اچانک آئے گا اور ان کو شعور بھی نہ ہو گا۔ وہ تم سے عذاب کیلئے عجلت کرتے ہیں؛ اور بیشک جہنم کافروں کا واقعی احاطہ کئے ہوئے ہے۔ جس دن ان کو عذاب ڈھانپ لے گا ان کے اوپر سے اور ان کے پاؤں کے نیچے سے بھی اور اللہ کہے گا ذائقہ چکھو جو تم کرتے رہے تھے۔ اے میرے بندو جو ایمان لائے ہو بیشک میری زمین وسیع ہے (یعنی اگر فاسق حاکم دین میں تنگی کرے تو ہجرت کرجاؤ) پس تم میری ہی عبادت کرو۔ ہر نفس (جان دار) کو موت کا ذائقہ چکھنا ہے پھر تم سب ہماری طرف واپس لائے جاؤ گے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور صالح اعمال کئے تو ہم ان کو جنت میں بالا خانوں میں جگہ دیں گے جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے؛ عمل کرنے والوں کا اجر بہت اچھا ہے۔ جو لوگ صبر کرتے ہیں اور وہ اپنے رب پر توکل کرتے ہیں۔ اور کتنے ہی چلنے والے (جان دار) ہیں جو اپنا رزق نہیں اُٹھاتے، اللہ ان کو رزق دیتا ہے اور تمہیں بھی، اور وہ سب سننے والا سب جاننے والا ہے۔ اور اگر تم ان سے سوال کرو کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے خلق کیا ہے اور شمس وقمر کو (کس نے) مسخر کیا ہے تو وہ یقیناً کہیں گے اللہ نے، پھر وہ کہاں سے بہکائے جا رہے ہیں۔ اللہ رزق کشادہ کرتا ہے اپنے بندوں میں سے جس کیلئے چاہتا ہے اور (جسے چاہتا ہے) اسے بقدر ضرورت دیتا ہے؛ بیشک اللہ ہر شئ کو خوب جانتا ہے۔

63. And if you asked them, "Who sends down rainwater from the sky and gives life thereby to the earth after its lifelessness?" they would surely say, "Allah." Say, "Praise to Allah"; but most of them do not reason.
64. And this worldly life is nothing but amusement and play. And indeed, the home of the Hereafter – that is the [eternal] life, if only they knew.
65. And when they board a ship, they supplicate Allah, sincere to Him in religion [i.e. faith and hope]. But when He delivers them to the land, at once they associate others with Him
66. So that they will deny what We have granted them, and they will enjoy themselves. But they are going to know soon.
67. Have they not seen that We made sacred territory [Makkah] secure, while people are being taken away all around them [i.e. areas other than Makkah]? Then in falsehood do they believe, and in the favour of Allah they disbelieve?
68. And who is more unjust than one who invents a lie about Allah or belies the Haqq when it has come to him? Is there not in Hell a [sufficient] residence for the disbelievers?
69. And those who strive for Us [i.e. for the sake of Wilayat of Mohammad o Aal e Mohammad swsa] – We will surely guide [i.e. to keep steadfast] them to Our Sabeels. And indeed, Allah is with the doers of good [Shian e Ali swsa].

وَلَئِن سَأَلۡتَهُم مَّن نَّزَّلَ مِنَ ٱلسَّمَآءِ مَآءٗ فَأَحۡيَا بِهِ
ٱلۡأَرۡضَ مِنۢ بَعۡدِ مَوۡتِهَا لَيَقُولُنَّ ٱللَّهُۚ قُلِ ٱلۡحَمۡدُ
لِلَّهِۚ بَلۡ أَكۡثَرُهُمۡ لَا يَعۡقِلُونَ (٦٣) وَمَا هَٰذِهِ
ٱلۡحَيَوٰةُ ٱلدُّنۡيَآ إِلَّا لَهۡوٞ وَلَعِبٞۚ وَإِنَّ ٱلدَّارَ ٱلۡأٓخِرَةَ
لَهِيَ ٱلۡحَيَوَانُۚ لَوۡ كَانُواْ يَعۡلَمُونَ (٦٤) فَإِذَا
رَكِبُواْ فِي ٱلۡفُلۡكِ دَعَوُاْ ٱللَّهَ مُخۡلِصِينَ لَهُ ٱلدِّينَ
فَلَمَّا نَجَّىٰهُمۡ إِلَى ٱلۡبَرِّ إِذَا هُمۡ يُشۡرِكُونَ (٦٥)
لِيَكۡفُرُواْ بِمَآ ءَاتَيۡنَٰهُمۡ وَلِيَتَمَتَّعُواْۚ فَسَوۡفَ يَعۡلَمُونَ
(٦٦) أَوَلَمۡ يَرَوۡاْ أَنَّا جَعَلۡنَا حَرَمًا ءَامِنٗا
وَيُتَخَطَّفُ ٱلنَّاسُ مِنۡ حَوۡلِهِمۡۚ أَفَبِٱلۡبَٰطِلِ يُؤۡمِنُونَ
وَبِنِعۡمَةِ ٱللَّهِ يَكۡفُرُونَ (٦٧) وَمَنۡ أَظۡلَمُ مِمَّنِ
ٱفۡتَرَىٰ عَلَى ٱللَّهِ كَذِبًا أَوۡ كَذَّبَ بِٱلۡحَقِّ لَمَّا
جَآءَهُۥٓۚ أَلَيۡسَ فِي جَهَنَّمَ مَثۡوٗى لِّلۡكَٰفِرِينَ (٦٨)
وَٱلَّذِينَ جَٰهَدُواْ فِينَا لَنَهۡدِيَنَّهُمۡ سُبُلَنَاۚ وَإِنَّ ٱللَّهَ لَمَعَ
ٱلۡمُحۡسِنِينَ (٦٩)

اور اگر تم ان سے سوال کرو کہ آسمان سے پانی کس نے نازل کیا پھر اس سے زمین کو اس کی موت کے بعد زندہ کر دیا تو یقیناً وہ کہیں گے اللہ نے؛ کہہ دو ہر حمد اللہ کیلئے ہے؛ لیکن ان کی اکثریت عقل نہیں کرتی۔ اور یہ دنیا کی حیات کچھ نہیں سوائے تماشے اور کھیل کے؛ اور بیشک آخرت کا گھر یقیناً وہی حیات ہے، کاش وہ لوگ جانتے ہوتے۔ پس جب وہ کشتی میں سوار ہوتے ہیں تو اللہ سے دعا کرتے ہیں دین میں اس کیلئے مخلص ہو کر، پھر جب وہ ان کو خشکی کی طرف بچا لاتا ہے تو یکایک وہ شرک کرنے لگ جاتے ہیں۔ تاکہ ناشکری کریں اس کی جو ہم نے ان کو دیا ہے، اور تاکہ وہ فائدے اٹھائیں (مال متاع سے)، پس عنقریب وہ جان لیں گے۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ بیشک ہم نے پُرامن حرم بنایا ہے حالانکہ لوگ ان کے گردوپیش سے اچک لئے جاتے ہیں؛ کیا پھر وہ باطل پر ایمان رکھتے ہیں اور اللہ کی نعمت کا وہ کفر کرتے ہیں۔ اور اس سے بڑا ظالم کون ہو گا جو اللہ پر جھوٹ باندھے یا حق کی تکذیب کرے جبکہ وہ اس کے پاس آگیا ہو؛ کیا کافروں کیلئے جہنم میں ٹھکانا نہیں ہے۔ اور جن لوگوں نے ہم میں (یعنی محمدؐ وآلِ محمدؐ کی ولایت کی خاطر) جدوجہد کی ہم انہیں ضرور اپنے راستوں کی ہدایت (پر ثابت قدم) کریں گے؛ اور بیشک اللہ نیکو کاروں (شیعانِ علیؑ) کے ساتھ ہے۔

سورة الرُّوم

Surah ar-Room

[The Romans]

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem

1. Alif Laam Meem.
2. The Romans [Byzantines] have been defeated
3. In the nearest land. But they, after their defeat, will overcome
4. Within a few years. To Allah belongs the command [i.e. decree] before and after. And that day [of Qiyamah] the believers will rejoice
5. On the help of Allah [i.e. intercession of Syyeda Fatima swsa]. He gives help to whom He wills, and He is the Exalted in Might, the Merciful.
6. [It is] the promise of Allah. Allah does not fail in His promise, but most of the people do not know.
7. They know what is apparent of the worldly life, but they, of the Hereafter, are unaware.
8. Do they not ponder within themselves? Allah has not created the heavens and the earth and what is between them except with the Haqq and for a specified term. And indeed, many of the people, in the meeting with their Rabb, are disbelievers.
9. Have they not traveled through the earth and observed how was the end of those before them? They were greater than them in power, and they plowed [or excavated] the earth and built it up more than they [i.e. the Makkans] have built it up, and their Rasools came to them with clear evidences. And Allah would not ever have wronged them, but they were wronging themselves.
10. Then the end of those who did evil was the worst [consequence] because they belied the Ayaat of Allah and used to ridicule them.
11. Allah begins creation; then He will repeat it; then to Him you will be returned.
12. And the Day the Hour appears the criminals will be in despair.
13. And there will not be for them among their [alleged] partners any intercessors, and they will [then] be deniers of their partners.
14. And the Day the Hour appears – that Day they will become separated from one another [towards paradise & hell].
15. And as for those who had believed and done righteous deeds, they will be in a garden [of Paradise], delighted.
16. But as for those who disbelieved and belied Our Ayaat and the meeting of the Hereafter, those will be brought into the punishment [to remain].
17. So exalted is Allah when you reach the evening and when you reach the morning.
18. And to Him is every praise throughout the heavens and the earth, and at nightfall and when you are at midday.
19. He brings the living [Momin] out of the dead [Kafir] and brings the dead out of the living and brings to life the earth after its lifelessness. And thus will you be brought out [from the graves].
20. And of His signs is that He created you from dust; then, suddenly you were human beings dispersing [throughout the earth].
21. And of His signs is that He created for you mates from yourselves [i.e. same material] that you may find tranquility in them; and He placed between you love and compassion. Indeed in that are signs for a people who give thought.

سُوْرَةُ الرُّوم

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیازعام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

الٓمّٓ ۔ رومی مغلوب ہو گئے۔ قریب کی سرزمین میں اور وہ اپنے مغلوب ہونے کے بعد (پھر) غالب آ جائیں گے۔ چند سالوں میں؛ امر (حکم کرنا) اللہ ہی کیلئے ہے پہلے بھی اور بعد میں بھی؛ اور اس (قیامت کے) دن مؤمنین خوش ہوں گے۔ اللہ کی نصرت (شفاعتِ سیدہ فاطمہؑ) پر؛ وہ جس کی چاہتا ہے نصرت کرتا ہے؛ اور وہ زبردست رحم کرنے والا ہے۔ یہ اللہ کا وعدہ ہے؛ اللہ اپنے وعدے کی خلاف ورزی نہیں کرتا لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ وہ دنیا کی حیات کا ظاہر جانتے ہیں، اور وہ آخرت سے غافل ہیں۔ کیا انہوں نے اپنے نفسوں میں غور نہیں کیا، اللہ نے آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے خلق نہیں کیا مگر حق کے ساتھ اور مدتِ مقررہ کیلئے؛ اور بیشک لوگوں میں اکثریت اپنے رب کے ساتھ ملاقات کا واقعی انکار کرنے والی ہے۔ کیا وہ زمین میں چلے پھرے نہیں تو وہ دیکھتے ان لوگوں کا کیسا انجام ہوا جو ان سے قبل تھے؛ وہ قوت میں ان سے زیادہ تھے اور انہوں نے زمین کو کھودا (ہل جوتا) اور اسے اِن سے زیادہ آباد (تعمیر) کیا جتنا انہوں نے آباد کیا ہے اور ان کے پاس ان کے رسول واضح دلائل لے کر آئے؛ پس اللہ نہیں تھا کہ ان پر ظلم کرے بلکہ وہ خود اپنے نفسوں پر ظلم کرتے تھے۔ پھر جن لوگوں نے بُرے کام کئے تھے ان کا انجام بہت بُرا ہوا کیونکہ انہوں نے اللہ کی آیات کی تکذیب کی اور وہ ان کا مذاق اڑاتے رہتے تھے۔ اللہ ہی تخلیق کی ابتداء کرتا ہے پھر وہی اس کا اعادہ کرے گا پھر اسی کی طرف تم واپس لائے جاؤ گے۔ اور جس دن ساعت قائم ہو گی تو مجرم مایوس ہو جائیں گے۔ اور ان کے شریکوں میں سے کوئی بھی ان کیلئے شفاعت کرنے والا نہ ہو گا اور وہ اپنے شریکوں سے منکر ہو جائیں گے۔ اور جس دن ساعت قائم ہو گی اس دن وہ (لوگ جنت اور دوزخ کی طرف) متفرق ہو جائیں گے۔ تو رہے وہ جو ایمان لائے اور انہوں نے صالح اعمال کئے تو وہ باغات میں خوش وخرم ہوں گے۔ اور رہے وہ جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیات کی اور آخرت کی ملاقات کی تکذیب کی تو وہ عذاب میں حاضر رکھے جائیں گے۔ پس اللہ کی تسبیح کرو جب تم شام کرتے ہو اور جب تم صبح کرتے ہو۔ اور آسمانوں اور زمین میں اسی کیلئے حمد ہے اور عشا کے وقت اور جب تم ظہر کرتے ہو۔ وہ مُردے (کافر) سے زندہ (مؤمن) کو نکالتا ہے اور وہ زندہ (مؤمن) سے مُردے (منکر) کو نکالتا ہے اور وہ زمین کو اس کی موت کے بعد حیات دیتا ہے؛ اور اسی طرح تم (قبروں سے) نکالے جاؤ گے۔ اور اس کی آیات میں سے ہے کہ اس نے تمہیں تراب سے خلق کیا پھر یکایک تم انسان پھیلتے جا رہے ہو۔ اور اس کی آیات میں سے ہے کہ اس نے تمہارے لئے تمہاری جنس سے ازواج خلق کیں تاکہ تم ان کے پاس سکون حاصل کرو اور تمہارے درمیان محبت اور رحمت قرار دی؛ بیشک اس میں تفکر کرنے والی قوم کیلئے آیات ہیں۔

سُوْرَةُ الرُّوم

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

الٓمّٓ (١) غُلِبَتِ ٱلرُّومُ (٢) فِىٓ أَدْنَى ٱلْأَرْضِ
وَهُم مِّنۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُونَ (٣) فِى بِضْعِ
سِنِينَ ۗ لِلَّهِ ٱلْأَمْرُ مِن قَبْلُ وَمِنۢ بَعْدُ ۚ وَيَوْمَئِذٍ
يَفْرَحُ ٱلْمُؤْمِنُونَ (٤) بِنَصْرِ ٱللَّهِ ۚ يَنصُرُ مَن
يَشَآءُ ۖ وَهُوَ ٱلْعَزِيزُ ٱلرَّحِيمُ (٥) وَعْدَ ٱللَّهِ ۖ لَا
يُخْلِفُ ٱللَّهُ وَعْدَهُۥ وَلَـٰكِنَّ أَكْثَرَ ٱلنَّاسِ لَا
يَعْلَمُونَ (٦) يَعْلَمُونَ ظَـٰهِرًا مِّنَ ٱلْحَيَوٰةِ ٱلدُّنْيَا
وَهُمْ عَنِ ٱلْـَٔاخِرَةِ هُمْ غَـٰفِلُونَ (٧) أَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوا۟
فِىٓ أَنفُسِهِم ۗ مَّا خَلَقَ ٱللَّهُ ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضَ
وَمَا بَيْنَهُمَآ إِلَّا بِٱلْحَقِّ وَأَجَلٍ مُّسَمًّى ۗ وَإِنَّ كَثِيرًا
مِّنَ ٱلنَّاسِ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ لَكَـٰفِرُونَ (٨) أَوَلَمْ
يَسِيرُوا۟ فِى ٱلْأَرْضِ فَيَنظُرُوا۟ كَيْفَ كَانَ عَـٰقِبَةُ
ٱلَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ كَانُوٓا۟ أَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَأَثَارُوا۟
ٱلْأَرْضَ وَعَمَرُوهَآ أَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوهَا
وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُم بِٱلْبَيِّنَـٰتِ ۖ فَمَا كَانَ ٱللَّهُ لِيَظْلِمَهُمْ
وَلَـٰكِن كَانُوٓا۟ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ (٩) ثُمَّ كَانَ
عَـٰقِبَةَ ٱلَّذِينَ أَسَـٰٓـُٔوا۟ ٱلسُّوٓأَىٰٓ أَن كَذَّبُوا۟ بِـَٔايَـٰتِ
ٱللَّهِ وَكَانُوا۟ بِهَا يَسْتَهْزِءُونَ (١٠) ٱللَّهُ يَبْدَؤُا۟
ٱلْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُۥ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ (١١) وَيَوْمَ
تَقُومُ ٱلسَّاعَةُ يُبْلِسُ ٱلْمُجْرِمُونَ (١٢) وَلَمْ يَكُن
لَّهُم مِّن شُرَكَآئِهِمْ شُفَعَـٰٓؤُا۟ وَكَانُوا۟ بِشُرَكَآئِهِمْ
كَـٰفِرِينَ (١٣) وَيَوْمَ تَقُومُ ٱلسَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ
يَتَفَرَّقُونَ (١٤) فَأَمَّا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَعَمِلُوا۟
ٱلصَّـٰلِحَـٰتِ فَهُمْ فِى رَوْضَةٍ يُحْبَرُونَ (١٥)
وَأَمَّا ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ وَكَذَّبُوا۟ بِـَٔايَـٰتِنَا وَلِقَآئِ
ٱلْـَٔاخِرَةِ فَأُو۟لَـٰٓئِكَ فِى ٱلْعَذَابِ مُحْضَرُونَ (١٦)
فَسُبْحَـٰنَ ٱللَّهِ حِينَ تُمْسُونَ وَحِينَ تُصْبِحُونَ
(١٧) وَلَهُ ٱلْحَمْدُ فِى ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ
وَعَشِيًّا وَحِينَ تُظْهِرُونَ (١٨) يُخْرِجُ ٱلْحَىَّ
مِنَ ٱلْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ ٱلْمَيِّتَ مِنَ ٱلْحَىِّ وَيُحْىِ
ٱلْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ وَكَذَٰلِكَ تُخْرَجُونَ (١٩)
وَمِنْ ءَايَـٰتِهِۦٓ أَنْ خَلَقَكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ إِذَآ أَنتُم
بَشَرٌ تَنتَشِرُونَ (٢٠) وَمِنْ ءَايَـٰتِهِۦٓ أَنْ خَلَقَ
لَكُم مِّنْ أَنفُسِكُمْ أَزْوَٰجًا لِّتَسْكُنُوٓا۟ إِلَيْهَا وَجَعَلَ
بَيْنَكُم مَّوَدَّةً وَرَحْمَةً ۚ إِنَّ فِى ذَٰلِكَ لَـَٔايَـٰتٍ لِّقَوْمٍ
يَتَفَكَّرُونَ (٢١)

22. And of His signs is the creation of the heavens and the earth and the diversity of your languages and your colours. Indeed in that are signs for the learned.
23. And of His signs is your sleep by night and day and your seeking of His bounty. Indeed in that are signs for a people who listen.
24. And of His signs is [that] He shows you the lightening [causing] fear and aspiration, and He sends down rainwater from the sky by which He brings to life the earth after its lifelessness. Indeed in that are signs for a people who use reason.
25. And of His signs is that the heaven and earth stand [i.e. remain] by His command. Then when He calls you with a [single] call from the earth, immediately you will come forth.
26. And to Him belongs whoever is in the heavens and earth. All are to Him devoutly obedient.
27. And it is He who begins creation; then He repeats it, and that is [even] easier for Him. To Him belongs the highest similitude in the heavens and earth. And He is the Exalted in Might, the Wise.
28. He presents to you an example from yourselves. Do you have among those whom your right hands possess [i.e. slaves] any partners in what We have provided for you so that you are equal therein [and] would fear them as your fear of one another [within a partnership]? Thus do We detail the verses for a people who use reason.
29. But those who wrong follow their [own] desires without knowledge. Then who can guide one whom Allah has sent astray? And for them there are no helpers.
30. So [My Habib sawaw] direct your face [i.e. self] toward the religion [of Wilayat], inclining to the Haqq - the Fitrah of Allah [i.e. La Ilaha Illallah Mohammad ur Rasool Allah Ali Amirul Momineen] upon which He has originated [created without any existing example] mankind. No change can be done in the creation of Allah. That is the upright religion [of Syyeda Fatima swsa], but most of the people do not know.
31. [Adhere to it], turning in repentance to Him, and fear Him and establish Salaat and do not be of the polytheists
32. [Or] of those who have divided their religion and become sects, every faction rejoicing in what it has.
33. And when adversity touches the people, they call upon their Rabb, turning in repentance to Him. Then when He lets them taste mercy from Him, at once a party of them associate others with their Rabb,
34. So that they will deny what We have granted them. Then enjoy yourselves, for you are going to know.
35. Or have We sent down to them an authority [i.e. a proof or scripture], and it speaks of what [gods] they have been associating with Him?
36. And when We let the people taste mercy, they rejoice therein, and if evil afflicts them for what their hands have put forth, immediately they despair.
37. Do they not see that Allah extends provision for whom He wills and restricts [it]? Indeed in that are signs for a people who believe.
38. So give the near of kin her [Syyeda Fatima swsa] right [i.e. state of Fadak], as well as the needy and the traveler. That is best for those who desire the countenance of Allah, and it is they who will be the successful.

وَمِنۡ ءَايَٰتِهِۦ خَلۡقُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ
وَٱخۡتِلَٰفُ أَلۡسِنَتِكُمۡ وَأَلۡوَٰنِكُمۡۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ
لَأٓيَٰتٖ لِّلۡعَٰلِمِينَ (٢٢) وَمِنۡ ءَايَٰتِهِۦ مَنَامُكُم
بِٱلَّيۡلِ وَٱلنَّهَارِ وَٱبۡتِغَآؤُكُم مِّن فَضۡلِهِۦٓۚ إِنَّ فِي
ذَٰلِكَ لَأٓيَٰتٖ لِّقَوۡمٖ يَسۡمَعُونَ (٢٣) وَمِنۡ ءَايَٰتِهِۦ
يُرِيكُمُ ٱلۡبَرۡقَ خَوۡفٗا وَطَمَعٗا وَيُنَزِّلُ مِنَ
ٱلسَّمَآءِ مَآءٗ فَيُحۡيِۦ بِهِ ٱلۡأَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِهَآۚ إِنَّ
فِي ذَٰلِكَ لَأٓيَٰتٖ لِّقَوۡمٖ يَعۡقِلُونَ (٢٤) وَمِنۡ
ءَايَٰتِهِۦٓ أَن تَقُومَ ٱلسَّمَآءُ وَٱلۡأَرۡضُ بِأَمۡرِهِۦۚ ثُمَّ
إِذَا دَعَاكُمۡ دَعۡوَةٗ مِّنَ ٱلۡأَرۡضِ إِذَآ أَنتُمۡ تَخۡرُجُونَ
(٢٥) وَلَهُۥ مَن فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِۖ كُلّٞ
لَّهُۥ قَٰنِتُونَ (٢٦) وَهُوَ ٱلَّذِي يَبۡدَؤُاْ ٱلۡخَلۡقَ ثُمَّ
يُعِيدُهُۥ وَهُوَ أَهۡوَنُ عَلَيۡهِۚ وَلَهُ ٱلۡمَثَلُ ٱلۡأَعۡلَىٰ فِي
ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِۚ وَهُوَ ٱلۡعَزِيزُ ٱلۡحَكِيمُ
(٢٧) ضَرَبَ لَكُم مَّثَلٗا مِّنۡ أَنفُسِكُمۡۖ هَل لَّكُم مِّن
مَّا مَلَكَتۡ أَيۡمَٰنُكُم مِّن شُرَكَآءَ فِي مَا
رَزَقۡنَٰكُمۡ فَأَنتُمۡ فِيهِ سَوَآءٞ تَخَافُونَهُمۡ كَخِيفَتِكُمۡ
أَنفُسَكُمۡۚ كَذَٰلِكَ نُفَصِّلُ ٱلۡأٓيَٰتِ لِقَوۡمٖ يَعۡقِلُونَ
(٢٨) بَلِ ٱتَّبَعَ ٱلَّذِينَ ظَلَمُوٓاْ أَهۡوَآءَهُم بِغَيۡرِ عِلۡمٖۖ
فَمَن يَهۡدِي مَنۡ أَضَلَّ ٱللَّهُۖ وَمَا لَهُم مِّن نَّٰصِرِينَ
(٢٩) فَأَقِمۡ وَجۡهَكَ لِلدِّينِ حَنِيفٗاۚ فِطۡرَتَ ٱللَّهِ ٱلَّتِي
فَطَرَ ٱلنَّاسَ عَلَيۡهَاۚ لَا تَبۡدِيلَ لِخَلۡقِ ٱللَّهِۚ ذَٰلِكَ
ٱلدِّينُ ٱلۡقَيِّمُ وَلَٰكِنَّ أَكۡثَرَ ٱلنَّاسِ لَا يَعۡلَمُونَ
(٣٠) ۞ مُنِيبِينَ إِلَيۡهِ وَٱتَّقُوهُ وَأَقِيمُواْ ٱلصَّلَوٰةَ
وَلَا تَكُونُواْ مِنَ ٱلۡمُشۡرِكِينَ (٣١) مِنَ ٱلَّذِينَ
فَرَّقُواْ دِينَهُمۡ وَكَانُواْ شِيَعٗاۖ كُلُّ حِزۡبِۭ بِمَا
لَدَيۡهِمۡ فَرِحُونَ (٣٢) وَإِذَا مَسَّ ٱلنَّاسَ ضُرّٞ
دَعَوۡاْ رَبَّهُم مُّنِيبِينَ إِلَيۡهِ ثُمَّ إِذَآ أَذَاقَهُم مِّنۡهُ
رَحۡمَةً إِذَا فَرِيقٞ مِّنۡهُم بِرَبِّهِمۡ يُشۡرِكُونَ (٣٣)
لِيَكۡفُرُواْ بِمَآ ءَاتَيۡنَٰهُمۡۚ فَتَمَتَّعُواْ فَسَوۡفَ تَعۡلَمُونَ
(٣٤) أَمۡ أَنزَلۡنَا عَلَيۡهِمۡ سُلۡطَٰنٗا فَهُوَ يَتَكَلَّمُ بِمَا
كَانُواْ بِهِۦ يُشۡرِكُونَ (٣٥) وَإِذَآ أَذَقۡنَا ٱلنَّاسَ
رَحۡمَةٗ فَرِحُواْ بِهَاۖ وَإِن تُصِبۡهُمۡ سَيِّئَةُۢ بِمَا قَدَّمَتۡ
أَيۡدِيهِمۡ إِذَا هُمۡ يَقۡنَطُونَ (٣٦) أَوَلَمۡ يَرَوۡاْ أَنَّ ٱللَّهَ
يَبۡسُطُ ٱلرِّزۡقَ لِمَن يَشَآءُ وَيَقۡدِرُۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ
لَأٓيَٰتٖ لِّقَوۡمٖ يُؤۡمِنُونَ (٣٧) فَـَٔاتِ ذَا ٱلۡقُرۡبَىٰ
حَقَّهُۥ وَٱلۡمِسۡكِينَ وَٱبۡنَ ٱلسَّبِيلِۚ ذَٰلِكَ خَيۡرٞ لِّلَّذِينَ
يُرِيدُونَ وَجۡهَ ٱللَّهِۖ وَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡمُفۡلِحُونَ (٣٨)

اور اس کی آیات میں سے ہے آسمانوں اور زمین کی تخلیق اور تمہاری زبانوں اور تمہارے رنگوں کا اختلاف؛ بیشک اس میں علم رکھنے والوں کیلئے آیات ہیں۔ اور اس کی آیات میں سے ہے تمہارا سونا لیل ونہار میں اور تمہارا اس کے فضل کو تلاش کرنا؛ بیشک اس میں سننے والی قوم کیلئے آیات ہیں۔ اور اس کی آیات میں سے ہے کہ وہ تمہیں برق (چمکتی بجلی) دکھاتا ہے خوف اور طمع کے ساتھ اور وہ آسمان سے پانی نازل کرتا ہے تو اس سے زمین کو اس کی موت کے بعد زندہ کرتا ہے؛ بیشک اس میں عقل کرنے والی قوم کیلئے آیات ہیں۔ اور اس کی آیات میں سے ہے کہ آسمان اور زمین اس کے حکم سے قائم ہیں؛ پھر جب وہ تمہیں پکارے گا زمین سے (نکلنے کیلئے) پکار تو یکایک تم نکل آؤ گے۔ اسی کیلئے ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے؛ سب اسی کے مطیع ہیں۔ اور وہ وہی ہے جو تخلیق کی ابتداء کرتا ہے پھر وہی اس کا اعادہ کرے گا اور وہ اس کیلئے آسان ترین ہے؛ اور اسی کیلئے اعلیٰ مَثل ہے آسمانوں اور زمین میں، اور وہ زبردست اور حکمت والا ہے۔ اللہ نے تمہارے لئے خود تم میں سے مثال پیش کی ہے؛ کیا تمہارے ان (غلاموں) جو تمہارے دائیں ہاتھ کی ملکیت ہیں میں سے کچھ اس رزق میں شریک ہیں جو ہم نے تمہیں دیا ہے پس تم اس (رزق) میں مساوی ہو کہ تم ان سے ڈرو جیسا تمہارا ڈر اپنوں کیلئے ہے؛ اس طرح ہم عقل کرنے والی قوم کیلئے آیات تفصیل سے بیان کرتے ہیں۔ بلکہ جن لوگوں نے ظلم کیا ہے وہ اپنی خواہشات کا اتباع کرتے ہیں علم کے بغیر، تو اسے کون ہدایت دے گا جسے اللہ نے گمراہ کر دیا ہو؛ اور ان کیلئے نصرت کرنے والوں میں سے کوئی نہیں۔ پس (اے حبیبؐ) اپنا چہرہ دینِ (ولایت) کیلئے قائم کردو حق کی طرف مڑا ہوا؛ اللہ کی فطرت (لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی امیرالمؤمنین) وہ ہے جس پر اس نے انسانوں کو پیدا کیا ہے؛ اللہ کی خلقت (ساخت) میں تبدیلی نہیں (کی جا سکتی)؛ یہی قیم (سیدہ فاطمہؑ کا قائم رہنے والا سیدھا) دین ہے، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اللہ کی طرف رجوع کرتے ہوئے اسی سے ڈرو اور صلاۃ قائم کرو اور مشرکین میں سے نہ ہو جاؤ۔ ان لوگوں میں سے جنہوں نے اپنے دین میں تفریق پیدا کر لی اور گروہوں میں (تقسیم) ہو گئے؛ ہر گروہ کے پاس جو کچھ ہے اس پر وہ خوش ہیں۔ اور جب لوگوں کو ضرر چھوتا ہے تو اپنے رب کو پکارتے ہیں اس کی طرف رجوع کرتے ہوئے پھر جب وہ انہیں اپنی رحمت کا ذائقہ چکھا تا ہے تو یکا یک ان میں سے ایک فریق اپنے رب سے شرک کرنے لگتے ہیں۔ تاکہ اس کی ناشکری کریں جو کچھ ہم نے انہیں دیا ہے؛ پس فائدہ اٹھا لو، پھر عنقریب تم جان لو گے۔ آیا ہم نے کوئی دلیل ان پر نازل کی ہے کہ جو ان (معبودوں) کے متعلق بتاتی ہے جن کو وہ اللہ کے ساتھ شریک بناتے ہیں۔ اور جب ہم لوگوں کو رحمت کا ذائقہ چکھاتے ہیں تو وہ اس پر خوش ہو جاتے ہیں؛ اور اگر کوئی بُری چیز ان پر آ پڑتی ہے اس کی وجہ سے جو انہوں نے اپنے ہاتھوں سے آگے بھیجا ہے تو یکایک وہ مایوس ہو جاتے ہیں۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا بیشک اللہ رزق کشادہ کرتا ہے جس کیلئے چاہتا ہے اور وہ بقدر ضرورت دیتا ہے (جس کیلئے چاہتا ہے)؛ بیشک اس میں ایمان لانے والی قوم کیلئے آیات ہیں۔ پس اپنے قریبی رشتہ دار (سیدہ فاطمہؑ) کو اس کا حق (جاگیرِ فدک) دو اور مسکینوں اور مسافر کو؛ یہ بہتر ہے ان لوگوں کیلئے جو وجہ اللہ چاہتے ہیں اور وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔

39. And whatever you give as usury to increase within the wealth of people will not increase with Allah. But what you give in Zakaat, desiring the countenance of Allah – those are the multipliers.
40. Allah is the one who created you, then provided for you, then will cause you to die, and then will give you life. Are there any of your "partners" who does anything of that? Exalted is He and high above what they associate with Him.
41. Corruption has appeared throughout the land and sea by [reason of] what the hands of people have earned so He may let them taste part of [the consequence of] what they have done that perhaps they will return [to righteousness].
42. Say, [O Mohammad sawaw], "Travel through the land and observe how was the end of those before. Most of them were polytheists.
43. So direct your face [i.e. self] toward the upright religion before a Day comes from Allah of which there is no repelling. That Day, they will be divided [towards Paradise and Hell].
44. Whoever disbelieves – upon him is [the consequence of] his disbelief. And whoever does righteousness – they are for themselves preparing,
45. That He may reward those who have believed and done righteous deeds due to His bounty. Indeed, He does not like the disbelievers.
46. And of His signs is that He sends the winds as bringers of good tidings and to let you taste His mercy [i.e. rain] and so the ships may sail at His command and so you may seek of His bounty, and perhaps you will be grateful.
47. And We have already sent the Rasools before you to their peoples, so they came to them with clear evidences; then We took revenge from those who committed crimes, and support of the believers is ever incumbent upon Us.
48. It is Allah who sends the winds, and they move high the clouds and spread them in the sky however He wills, and He makes them fragments so you see the rain emerge from within them. And when He causes it to fall upon whom He wills of His servants, immediately they rejoice
49. Although they were, before it was sent down upon them – before that, in despair.
50. So observe the effects of the mercy of Allah – how He gives life to the earth after its lifelessness. Indeed, That [same one] will give life to the dead, and He is over all things competent.
51. And if We send a [bad] wind and they saw [their crops] turned yellow, they would remain thereafter disbelievers.
52. So [My Habib sawaw] indeed, you will not make the dead hear, nor will you make the deaf hear the call when they turn their backs, retreating.
53. And you cannot guide the blind away from their error. You will only make hear those who believe in Our Ayaat so they are Muslims [obedient].
54. Allah is the one who created you from weakness, then made after weakness strength, then made after strength weakness and white hair. He creates what He wills, and He is the Knowing, the Competent.

وَمَآ ءَاتَيۡتُم مِّن رِّبٗا لِّيَرۡبُوَاْ فِيٓ أَمۡوَٰلِ ٱلنَّاسِ فَلَا
يَرۡبُواْ عِندَ ٱللَّهِۖ وَمَآ ءَاتَيۡتُم مِّن زَكَوٰةٖ تُرِيدُونَ
وَجۡهَ ٱللَّهِ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡمُضۡعِفُونَ (٣٩) ٱللَّهُ
ٱلَّذِي خَلَقَكُمۡ ثُمَّ رَزَقَكُمۡ ثُمَّ يُمِيتُكُمۡ ثُمَّ يُحۡيِيكُمۡۖ
هَلۡ مِن شُرَكَآئِكُم مَّن يَفۡعَلُ مِن ذَٰلِكُم مِّن شَيۡءٖۚ
سُبۡحَٰنَهُۥ وَتَعَٰلَىٰ عَمَّا يُشۡرِكُونَ (٤٠) ظَهَرَ
ٱلۡفَسَادُ فِي ٱلۡبَرِّ وَٱلۡبَحۡرِ بِمَا كَسَبَتۡ أَيۡدِي ٱلنَّاسِ
لِيُذِيقَهُم بَعۡضَ ٱلَّذِي عَمِلُواْ لَعَلَّهُمۡ يَرۡجِعُونَ
(٤١) قُلۡ سِيرُواْ فِي ٱلۡأَرۡضِ فَٱنظُرُواْ كَيۡفَ
كَانَ عَٰقِبَةُ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلُۚ كَانَ أَكۡثَرُهُم
مُّشۡرِكِينَ (٤٢) فَأَقِمۡ وَجۡهَكَ لِلدِّينِ ٱلۡقَيِّمِ مِن
قَبۡلِ أَن يَأۡتِيَ يَوۡمٞ لَّا مَرَدَّ لَهُۥ مِنَ ٱللَّهِۖ يَوۡمَئِذٖ
يَصَّدَّعُونَ (٤٣) مَن كَفَرَ فَعَلَيۡهِ كُفۡرُهُۥۖ وَمَنۡ
عَمِلَ صَٰلِحٗا فَلِأَنفُسِهِمۡ يَمۡهَدُونَ (٤٤) لِيَجۡزِيَ
ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ مِن فَضۡلِهِۦٓۚ
إِنَّهُۥ لَا يُحِبُّ ٱلۡكَٰفِرِينَ (٤٥) وَمِنۡ ءَايَٰتِهِۦٓ أَن
يُرۡسِلَ ٱلرِّيَاحَ مُبَشِّرَٰتٖ وَلِيُذِيقَكُم مِّن رَّحۡمَتِهِۦ
وَلِتَجۡرِيَ ٱلۡفُلۡكُ بِأَمۡرِهِۦ وَلِتَبۡتَغُواْ مِن فَضۡلِهِۦ
وَلَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُونَ (٤٦) وَلَقَدۡ أَرۡسَلۡنَا مِن قَبۡلِكَ
رُسُلًا إِلَىٰ قَوۡمِهِمۡ فَجَآءُوهُم بِٱلۡبَيِّنَٰتِ فَٱنتَقَمۡنَا
مِنَ ٱلَّذِينَ أَجۡرَمُواْۖ وَكَانَ حَقًّا عَلَيۡنَا نَصۡرُ
ٱلۡمُؤۡمِنِينَ (٤٧) ٱللَّهُ ٱلَّذِي يُرۡسِلُ ٱلرِّيَٰحَ فَتُثِيرُ
سَحَابٗا فَيَبۡسُطُهُۥ فِي ٱلسَّمَآءِ كَيۡفَ يَشَآءُ
وَيَجۡعَلُهُۥ كِسَفٗا فَتَرَى ٱلۡوَدۡقَ يَخۡرُجُ مِنۡ خِلَٰلِهِۦۖ
فَإِذَآ أَصَابَ بِهِۦ مَن يَشَآءُ مِنۡ عِبَادِهِۦٓ إِذَا هُمۡ
يَسۡتَبۡشِرُونَ (٤٨) وَإِن كَانُواْ مِن قَبۡلِ أَن يُنَزَّلَ
عَلَيۡهِم مِّن قَبۡلِهِۦ لَمُبۡلِسِينَ (٤٩) فَٱنظُرۡ إِلَىٰٓ
ءَاثَٰرِ رَحۡمَتِ ٱللَّهِ كَيۡفَ يُحۡيِ ٱلۡأَرۡضَ بَعۡدَ
مَوۡتِهَآۚ إِنَّ ذَٰلِكَ لَمُحۡيِ ٱلۡمَوۡتَىٰۖ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ
شَيۡءٖ قَدِيرٞ (٥٠) وَلَئِنۡ أَرۡسَلۡنَا رِيحٗا فَرَأَوۡهُ
مُصۡفَرّٗا لَّظَلُّواْ مِنۢ بَعۡدِهِۦ يَكۡفُرُونَ (٥١) فَإِنَّكَ
لَا تُسۡمِعُ ٱلۡمَوۡتَىٰ وَلَا تُسۡمِعُ ٱلصُّمَّ ٱلدُّعَآءَ إِذَا
وَلَّوۡاْ مُدۡبِرِينَ (٥٢) وَمَآ أَنتَ بِهَٰدِ ٱلۡعُمۡيِ عَن
ضَلَٰلَتِهِمۡۖ إِن تُسۡمِعُ إِلَّا مَن يُؤۡمِنُ بِـَٔايَٰتِنَا فَهُم
مُّسۡلِمُونَ (٥٣) ۞ ٱللَّهُ ٱلَّذِي خَلَقَكُم مِّن
ضَعۡفٖ ثُمَّ جَعَلَ مِنۢ بَعۡدِ ضَعۡفٖ قُوَّةٗ ثُمَّ جَعَلَ
مِنۢ بَعۡدِ قُوَّةٖ ضَعۡفٗا وَشَيۡبَةٗۚ يَخۡلُقُ مَا يَشَآءُۖ وَهُوَ
ٱلۡعَلِيمُ ٱلۡقَدِيرُ (٥٤)

اور جو سود تم دیتے ہو تاکہ لوگوں کے اموال میں بڑھ جائے مگر وہ اللہ کے نزدیک نہیں بڑھتا، اور جو زکاۃ تم دیتے ہو وجہ اللہ کو چاہتے ہوئے پس وہی لوگ (اپنا مال) بڑھانے والے ہیں۔ اللہ ہی ہے جس نے تمہیں خلق کیا پھر تمہیں رزق دیا پھر تمہیں موت دیتا ہے پھر تمہیں زندہ کرے گا؛ کیا تمہارے شریکوں میں سے کوئی ہے جو ان میں سے کوئی شئ کرتا ہو؛ وہ منزہ ہے اور بہت بلند ہے ان سے جن کو وہ شریک بناتے ہیں۔ خشکی اور سمندر میں فساد ظاہر ہو گیا ہے ان اعمال کی وجہ سے جو لوگوں نے اپنے ہاتھوں سے کمائے ہیں تاکہ ان کو بعض اعمال کا ذائقہ چکھائے جو انہوں نے کئے ہیں شاید کہ وہ واپس آ جائیں۔ کہہ دو زمین میں چلو پھرو پھر دیکھو ان لوگوں کا کیسا انجام ہوا جو پہلے تھے؛ ان کی اکثریت مشرک تھی۔ پس اپنے چہرے کو سیدھے قائم دین کیلئے قائم رکھو اس سے قبل کہ اللہ کی طرف سے وہ دن آجائے جس کا رد نہیں اس دن وہ (لوگ) الگ الگ ہو جائیں گے۔ جس نے کفر کیا تو اس کا کفر اسی پر ہے اور جس نے صالح عمل کئے تو وہ اپنے نفسوں کیلئے جگہ بناتے ہیں۔ تاکہ وہ اپنے فضل سے ان لوگوں کو جزا دے جو ایمان لائے اور جنہوں نے صالح اعمال کئے؛ بیشک وہ کافروں کو پسند نہیں کرتا۔ اور اس کی آیات میں سے ہے کہ وہ بشارت دینے والی ہواؤں کو ارسال کرتا ہے تاکہ تمہیں اپنی رحمت میں سے ذائقہ چکھائے اور تاکہ کشتیاں اس کے حکم سے چلیں اور تاکہ تم اس کے فضل میں سے تلاش کرو اور شاید تم شکر کرو۔ اور تحقیق ہم نے تم سے قبل ان کی قوم کی طرف رسولوں کو بھیجا تو وہ ان کے پاس واضح دلائل لے کر آئے پھر ہم نے ان سے انتقام لیا جنہوں نے جرم کیا؛ اور ہم پر مؤمنین کی نصرت کرنا حق تھا۔ اللہ ہی ہے جو ہواؤں کو ارسال کرتا ہے پھر وہ بادل اوپر اٹھاتی ہیں پھر جیسا وہ چاہتا ہے ان کو آسمان میں پھیلا دیتا ہے اور وہ ان کو ٹکڑے بنا دیتا ہے پھر تم دیکھتے ہو کہ بارش ان کے اندر سے نکلتی ہے، تو جب وہ اس کو اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے برساتا ہے تو یکایک وہ خوش ہو جاتے ہیں۔ اور یقیناً اس سے قبل کہ اسے ان پر نازل کیا جائے اس سے پہلے وہ واقعی مایوس ہو رہے تھے۔ پس اللہ کی رحمت کے آثار کی طرف دیکھو کس طرح وہ زمین کو اس کی موت کے بعد حیات دیتا ہے؛ بیشک وہ مُردوں کو زندہ کرنے والا ہے، اور ہر شئ پر قادر ہے۔ اور اگر ہم ایسی ہوا ارسال کر دیں کہ وہ اسے (کھیتی) زرد ہوئی دیکھیں تو اس کے بعد وہ ضرور کفر کرتے رہ جائیں گے۔ پس یقیناً (اے حبیبؐ) تم مُردوں کو نہیں سنا سکتے اور نہ تم بہروں کو پکار سنا سکتے ہو جبکہ وہ پیٹھ پھیر کر واپس جا رہے ہوں۔ اور نہ تم اندھوں کو ان کی گمراہی سے ہدایت دے سکتے ہو؛ تم نہیں سنا سکتے مگر جو ہماری آیات پر ایمان لائے پھر وہ مسلمان (اطاعت گذار) ہوں۔ اللہ ہی ہے جس نے تمہیں ضعف سے خلق کیا پھر ضعف کے بعد قوت بنا دیا پھر قوت کے بعد ضعف اور بڑھاپا بنا دیا؛ وہ جو چاہتا ہے خلق کرتا ہے، اور وہ سب جاننے والا قدرت رکھنے والا ہے۔

55. And the Day the Hour appears the criminals will swear they had remained but an hour [in the world]. Thus they were deluded [in the world as well].
56. And those [Vicegerents a.s.] who were given knowledge and faith will say, “You remained the extent of Allah's decree [book] until the Day of Qiyamah, and this is the Day of Qiyamah, but you did not used to know.”
57. So that Day, their excuse will not benefit those who wronged, nor will they be asked to appease [Allah].
حٰمٓ۔ قسم ہے واضح بیان کرنے والی کتاب کی۔ بیشک ہم نے اسے عربی قرآن بنایا ہے تاکہ تم لوگ سمجھ سکو۔ بیشک وہ اُم الکتاب میں ہمارے ہاں یقیناً حکمت والا علیّ (امیرالمؤمنینؑ) ہے۔ کیا پھر ہم تم سے ذکر واپس لے جائیں تمہاری پرواہ کئے بغیر اسلئے کہ تم حد سے گذری ہوئی قوم ہو؟ اور ہم نے پہلے لوگوں میں کتنے ہی نبی بھیجے۔ اور ان کے پاس کوئی نبی نہیں آتا تھا مگر وہ اس کا مذاق اڑاتے تھے۔ پھر ہم نے ہلاک کر دیا جو ان (قریش) سے زیادہ طاقتور تھے اور پہلے لوگوں کی مثالیں گذر چکی ہیں۔ اور اگر تم ان سے سوال کرو کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے خلق کیا ہے تو وہ لازمی کہیں گے کہ ان کو زبردست اور سب جاننے والے نے خلق کیا ہے۔ جس نے زمین کو تمہارے لئے گہوارہ (جائے قرار) بنایا اور تمہارے لئے اس میں راستے بنائے تاکہ تم ہدایت پا سکو۔ اور جس نے آسمان سے ایک خاص مقدار میں پانی نازل کیا، تو اس کے ذریعہ سے ہم نے مردہ علاقے کو دوبارہ زندہ کر دیا، اسی طرح تم (قبروں سے) نکالے جاؤ گے۔ اور جس نے تمام قسموں کے جوڑے خلق کئے اور تمہارے لئے کشتیاں اور جانور بنائے جن پر تم سوار ہوتے ہو۔ تاکہ تم ان کی پشتوں پر چڑھو پھر جب تم ان پر بیٹھ جاؤ تو تم اپنے رب کی نعمت کا ذکر کرو اور تم کہو منزہ ہے وہ جس نے ہمارے لئے ان چیزوں کو مسخر کر دیا اور ہم ان کو قابو میں لا سکنے والے نہ تھے۔ اور بیشک ہم اپنے رب کی طرف واقعی پلٹنے والے ہیں۔ اور انہوں نے اس کے بندوں میں سے (بعض کو) اس کا جز بنا دیا؛ بیشک انسان واقعی صریح ناشکرا ہے۔ کیا اس نے اس (مخلوق) سے بیٹیاں بنا لی ہیں جسے وہ خلق کرتا ہے اور تمہیں بیٹوں کیلئے منتخب کر لیا ہے۔ اور جب ان میں سے کسی ایک کو اس (اولاد) کی بشارت دی جاتی ہے جسے وہ رحمان کیلئے مثال پیش کرتا ہے تو اس کا چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے اور وہ غم سے بھر جاتا ہے۔ کیا وہ جس کی نشوونما زیوروں میں ہوتی ہے اور وہ جھگڑے میں واضح بیان نہ کر سکے۔ اور انہوں نے ملائکہ کو جو رحمان کے بندے ہیں مؤنث بنا دیا ہے؛ کیا وہ ان کی خلقت پر چشم دید گواہ تھے؛ ان کی گواہی لکھ لی جائے گی اور ان سے پوچھا جائے گا۔ اور انہوں نے کہا ہے اگر رحمان چاہتا تو ہم ان کی عبادت نہ کرتے؛ انہیں اس کا کوئی علم نہیں، وہ اندازے (اٹکل پچو) لگانے کے سوا کچھ نہیں کر رہے۔ کیا ہم نے اس سے قبل ان کو کوئی کتاب دی ہے تو وہ اس سے تمسک میں ہیں۔ بلکہ انہوں نے کہا ہے بیشک ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک دین پر پایا اور یقیناً ہم ان کے نقشِ قدم پر ہدایت یافتہ ہیں۔ اور اسی طرح ہم نے تم سے قبل کسی بستی میں کوئی خبردار کرنے والا نہیں بھیجا مگر اس کے خوشحال لوگوں نے کہا بیشک ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک دین پر پایا اور یقیناً ہم ان کے نقشِ قدم کی اقتدا کر رہے ہیں۔ (ہر نذیر نے) کہا کیا اگر میں تمہارے پاس اس سے بہتر ہدایت لے آؤں جس پر تم نے اپنے باپ دادا کو پایا ہے؛ انہوں نے کہا بیشک ہم اس چیز کے منکر ہیں جس کے ساتھ تم کو بھیجا گیا ہے۔

سُوۡرَةُ الزّخرُف

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

حمٓ (١) وَٱلۡكِتَـٰبِ ٱلۡمُبِينِ (٢) إِنَّا جَعَلۡنَـٰهُ
قُرۡءَٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمۡ تَعۡقِلُونَ (٣) وَإِنَّهُۥ فِىٓ
أُمِّ ٱلۡكِتَـٰبِ لَدَيۡنَا لَعَلِىٌّ حَكِيمٌ (٤) أَفَنَضۡرِبُ
عَنكُمُ ٱلذِّكۡرَ صَفۡحًا أَن كُنتُمۡ قَوۡمًا مُّسۡرِفِينَ
(٥) وَكَمۡ أَرۡسَلۡنَا مِن نَّبِىٍّ فِى ٱلۡأَوَّلِينَ (٦) وَمَا
يَأۡتِيهِم مِّن نَّبِىٍّ إِلَّا كَانُواْ بِهِۦ يَسۡتَهۡزِءُونَ (٧)
فَأَهۡلَكۡنَآ أَشَدَّ مِنۡهُم بَطۡشًا وَمَضَىٰ مَثَلُ ٱلۡأَوَّلِينَ
(٨) وَلَئِن سَأَلۡتَهُم مَّنۡ خَلَقَ ٱلسَّمَـٰوَٰتِ
وَٱلۡأَرۡضَ لَيَقُولُنَّ خَلَقَهُنَّ ٱلۡعَزِيزُ ٱلۡعَلِيمُ (٩)
ٱلَّذِى جَعَلَ لَكُمُ ٱلۡأَرۡضَ مَهۡدًا وَجَعَلَ لَكُمۡ فِيهَا
سُبُلًا لَّعَلَّكُمۡ تَهۡتَدُونَ (١٠) وَٱلَّذِى نَزَّلَ مِنَ
ٱلسَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَأَنشَرۡنَا بِهِۦ بَلۡدَةً مَّيۡتًا كَذَٰلِكَ
تُخۡرَجُونَ (١١) وَٱلَّذِى خَلَقَ ٱلۡأَزۡوَٰجَ كُلَّهَا
وَجَعَلَ لَكُم مِّنَ ٱلۡفُلۡكِ وَٱلۡأَنۡعَـٰمِ مَا تَرۡكَبُونَ
(١٢) لِتَسۡتَوُۥاْ عَلَىٰ ظُهُورِهِۦ ثُمَّ تَذۡكُرُواْ نِعۡمَةَ
رَبِّكُمۡ إِذَا ٱسۡتَوَيۡتُمۡ عَلَيۡهِ وَتَقُولُواْ سُبۡحَـٰنَ ٱلَّذِى
سَخَّرَ لَنَا هَـٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُۥ مُقۡرِنِينَ (١٣)
وَإِنَّآ إِلَىٰ رَبِّنَا لَمُنقَلِبُونَ (١٤) وَجَعَلُواْ لَهُۥ مِنۡ
عِبَادِهِۦ جُزۡءًا إِنَّ ٱلۡإِنسَـٰنَ لَكَفُورٌ مُّبِينٌ (١٥)
أَمِ ٱتَّخَذَ مِمَّا يَخۡلُقُ بَنَاتٍ وَأَصۡفَىٰكُم بِٱلۡبَنِينَ
(١٦) وَإِذَا بُشِّرَ أَحَدُهُم بِمَا ضَرَبَ لِلرَّحۡمَـٰنِ
مَثَلًا ظَلَّ وَجۡهُهُۥ مُسۡوَدًّا وَهُوَ كَظِيمٌ (١٧)
أَوَمَن يُنَشَّؤُاْ فِى ٱلۡحِلۡيَةِ وَهُوَ فِى ٱلۡخِصَامِ غَيۡرُ
مُبِينٍ (١٨) وَجَعَلُواْ ٱلۡمَلَـٰٓئِكَةَ ٱلَّذِينَ هُمۡ عِبَـٰدُ
ٱلرَّحۡمَـٰنِ إِنَـٰثًا أَشَهِدُواْ خَلۡقَهُمۡ سَتُكۡتَبُ شَهَـٰدَتُهُمۡ
وَيُسۡـَٔلُونَ (١٩) وَقَالُواْ لَوۡ شَآءَ ٱلرَّحۡمَـٰنُ مَا
عَبَدۡنَـٰهُم مَّا لَهُم بِذَٰلِكَ مِنۡ عِلۡمٍ إِنۡ هُمۡ إِلَّا
يَخۡرُصُونَ (٢٠) أَمۡ ءَاتَيۡنَـٰهُمۡ كِتَـٰبًا مِّن قَبۡلِهِۦ
فَهُم بِهِۦ مُسۡتَمۡسِكُونَ (٢١) بَلۡ قَالُوٓاْ إِنَّا وَجَدۡنَآ
ءَابَآءَنَا عَلَىٰٓ أُمَّةٍ وَإِنَّا عَلَىٰٓ ءَاثَـٰرِهِم مُّهۡتَدُونَ
(٢٢) وَكَذَٰلِكَ مَآ أَرۡسَلۡنَا مِن قَبۡلِكَ فِى قَرۡيَةٍ
مِّن نَّذِيرٍ إِلَّا قَالَ مُتۡرَفُوهَآ إِنَّا وَجَدۡنَآ ءَابَآءَنَا
عَلَىٰٓ أُمَّةٍ وَإِنَّا عَلَىٰٓ ءَاثَـٰرِهِم مُّقۡتَدُونَ (٢٣)
۞ قَـٰلَ أَوَلَوۡ جِئۡتُكُم بِأَهۡدَىٰ مِمَّا وَجَدتُّمۡ عَلَيۡهِ
ءَابَآءَكُمۡ قَالُوٓاْ إِنَّا بِمَآ أُرۡسِلۡتُم بِهِۦ كَـٰفِرُونَ
(٢٤)

25. So We took revenge from them; then see how was the end of the beliers.
26. And [recall, O Mohammad sawaw], when Ibraheem said to his uncle and his people, "Indeed, I am disassociated from that which you worship
27. Except for He who originated me; and indeed, He will guide me."
28. And He made him [Qaim swsa] a word remaining among his [i.e. Hussain's swsa] descendants that they might return [to him].
29. However, I gave enjoyment to these [people of Makkah] and their fathers until there came to them the Haqq and a clear Rasool.
30. But when the Haqq came to them, they said, "This is magic, and indeed we are, concerning it, disbelievers."
31. And they said, "Why was this Qur'an not sent down upon a great man from [one of] the two cities [Makkah & Ta'if]?"
32. Do they distribute the mercy of your Rabb? It is We Who have apportioned among them their livelihood in the life of this world and have raised some of them above others in degrees [of rank] that they may make use of one another for service. But the mercy of your Rabb is better than whatever [wealth] they accumulate.
33. And if it were not that the people would become one community [of disbelievers], We would have made for those who disbelieve in the Rahman – for their houses – ceilings and stairways of silver upon which they ascend
34. And for their houses – doors and couches [of silver] upon which to recline
35. And gold ornament. But all that is not but the enjoyment of worldly life. And the Hereafter with your Rabb is for the righteous.
36. And whoever turns away from Zikr of the Rahman – We appoint for him a Shaitan, and he is to him a companion.
37. And indeed, they [Shaitans] avert them from the Sabeel while they think that they are [rightly] guided
38. Until, when he [i.e. Qunfuz] comes to Us [at Judgement], he says [to his Shaitan guardian], "Oh, I wish there was between me and you the distance between the East and the West [40000 km] – how wretched a companion."
39. And [it will be siad] never will it benefit you this Day, when you have wronged, that you are [all] sharing in the punishment.
40. Then will you make the deaf hear, [O Mohammad sawaw], or guide the blind or he who is in clear error?
41. And if] We take you away [from Makkah to Madina], indeed, [even then] We will take retribution upon them [through Ali swsa].
42. Or whether [or not] We show you that which We have promised them, indeed, We are Perfect in Ability.
43. So adhere to that [Wilayat e Ali swsa] which is revealed to you. Indeed, you are on Sirat al-Mustaqeem [Wilayat e Ali swsa].
44. And indeed, he is Zikr for you and your people, and soon you [all people] are going to be questioned [about Ali swsa].
45. And [O Habib sawaw, during Mai'raj] ask those We sent before you of Our Rasools; have We made besides the Rahman gods to be worshipped? [During Mai'raj on fourth sky in Bait e Ma'moor Rasool Allah sawaw lead congregational Salaat to all prophets, the Rasools, truthful, martyrs, and angels. Just after finishing Salaat, Jibraeel said: Ya Rasool Allah sawaw ask them 'what Tashahud they recited'? Then all of them answered: Nash'hado Un La Ilaha Illa Allah wa Annaka Rasool Allah wa Anna Aliyan Amirul Momineen.]
46. And certainly did We send Musa with Our signs to Fir'aoun and his assembly of chiefs, and he said, "Indeed, I am the Rasool of the Rabb of the Aalameen."
47. But when he brought them Our signs, at once they laughed at them.
48. And We showed them not a sign except that it was greater than its sister [sign], and We seized them with affliction that perhaps they might return [to faith].

فَٱنتَقَمۡنَا مِنۡهُمۡۖ فَٱنظُرۡ كَيۡفَ كَانَ عَٰقِبَةُ ٱلۡمُكَذِّبِينَ
(٢٥) وَإِذۡ قَالَ إِبۡرَٰهِيمُ لِأَبِيهِ وَقَوۡمِهِۦٓ إِنَّنِي
بَرَآءٞ مِّمَّا تَعۡبُدُونَ (٢٦) إِلَّا ٱلَّذِي فَطَرَنِي
فَإِنَّهُۥ سَيَهۡدِينِ (٢٧) وَجَعَلَهَا كَلِمَةَۢ بَاقِيَةٗ فِي
عَقِبِهِۦ لَعَلَّهُمۡ يَرۡجِعُونَ (٢٨) بَلۡ مَتَّعۡتُ هَٰٓؤُلَآءِ
وَءَابَآءَهُمۡ حَتَّىٰ جَآءَهُمُ ٱلۡحَقُّ وَرَسُولٞ مُّبِينٞ
(٢٩) وَلَمَّا جَآءَهُمُ ٱلۡحَقُّ قَالُواْ هَٰذَا سِحۡرٞ وَإِنَّا
بِهِۦ كَٰفِرُونَ (٣٠) وَقَالُواْ لَوۡلَا نُزِّلَ هَٰذَا
ٱلۡقُرۡءَانُ عَلَىٰ رَجُلٖ مِّنَ ٱلۡقَرۡيَتَيۡنِ عَظِيمٍ (٣١)
أَهُمۡ يَقۡسِمُونَ رَحۡمَتَ رَبِّكَۚ نَحۡنُ قَسَمۡنَا بَيۡنَهُم
مَّعِيشَتَهُمۡ فِي ٱلۡحَيَوٰةِ ٱلدُّنۡيَاۚ وَرَفَعۡنَا بَعۡضَهُمۡ فَوۡقَ
بَعۡضٖ دَرَجَٰتٖ لِّيَتَّخِذَ بَعۡضُهُم بَعۡضٗا سُخۡرِيّٗاۗ
وَرَحۡمَتُ رَبِّكَ خَيۡرٞ مِّمَّا يَجۡمَعُونَ (٣٢) وَلَوۡلَآ
أَن يَكُونَ ٱلنَّاسُ أُمَّةٗ وَٰحِدَةٗ لَّجَعَلۡنَا لِمَن يَكۡفُرُ
بِٱلرَّحۡمَٰنِ لِبُيُوتِهِمۡ سُقُفٗا مِّن فِضَّةٖ وَمَعَارِجَ
عَلَيۡهَا يَظۡهَرُونَ (٣٣) وَلِبُيُوتِهِمۡ أَبۡوَٰبٗا وَسُرُرًا
عَلَيۡهَا يَتَّكِـُٔونَ (٣٤) وَزُخۡرُفٗاۚ وَإِن كُلُّ ذَٰلِكَ
لَمَّا مَتَٰعُ ٱلۡحَيَوٰةِ ٱلدُّنۡيَاۚ وَٱلۡأٓخِرَةُ عِندَ رَبِّكَ
لِلۡمُتَّقِينَ (٣٥) وَمَن يَعۡشُ عَن ذِكۡرِ ٱلرَّحۡمَٰنِ
نُقَيِّضۡ لَهُۥ شَيۡطَٰنٗا فَهُوَ لَهُۥ قَرِينٞ (٣٦) وَإِنَّهُمۡ
لَيَصُدُّونَهُمۡ عَنِ ٱلسَّبِيلِ وَيَحۡسَبُونَ أَنَّهُم مُّهۡتَدُونَ
(٣٧) حَتَّىٰٓ إِذَا جَآءَنَا قَالَ يَٰلَيۡتَ بَيۡنِي وَبَيۡنَكَ
بُعۡدَ ٱلۡمَشۡرِقَيۡنِ فَبِئۡسَ ٱلۡقَرِينُ (٣٨) وَلَن
يَنفَعَكُمُ ٱلۡيَوۡمَ إِذ ظَّلَمۡتُمۡ أَنَّكُمۡ فِي ٱلۡعَذَابِ
مُشۡتَرِكُونَ (٣٩) أَفَأَنتَ تُسۡمِعُ ٱلصُّمَّ أَوۡ تَهۡدِي
ٱلۡعُمۡيَ وَمَن كَانَ فِي ضَلَٰلٖ مُّبِينٖ (٤٠) فَإِمَّا
نَذۡهَبَنَّ بِكَ فَإِنَّا مِنۡهُم مُّنتَقِمُونَ (٤١) أَوۡ نُرِيَنَّكَ
ٱلَّذِي وَعَدۡنَٰهُمۡ فَإِنَّا عَلَيۡهِم مُّقۡتَدِرُونَ (٤٢)
فَٱسۡتَمۡسِكۡ بِٱلَّذِيٓ أُوحِيَ إِلَيۡكَۖ إِنَّكَ عَلَىٰ صِرَٰطٖ
مُّسۡتَقِيمٖ (٤٣) وَإِنَّهُۥ لَذِكۡرٞ لَّكَ وَلِقَوۡمِكَۖ وَسَوۡفَ
تُسۡـَٔلُونَ (٤٤) وَسۡـَٔلۡ مَنۡ أَرۡسَلۡنَا مِن قَبۡلِكَ مِن
رُّسُلِنَآ أَجَعَلۡنَا مِن دُونِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ءَالِهَةٗ يُعۡبَدُونَ
(٤٥) وَلَقَدۡ أَرۡسَلۡنَا مُوسَىٰ بِـَٔايَٰتِنَآ إِلَىٰ فِرۡعَوۡنَ
وَمَلَإِيْهِۦ فَقَالَ إِنِّي رَسُولُ رَبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ (٤٦)
فَلَمَّا جَآءَهُم بِـَٔايَٰتِنَآ إِذَا هُم مِّنۡهَا يَضۡحَكُونَ
(٤٧) وَمَا نُرِيهِم مِّنۡ ءَايَةٍ إِلَّا هِيَ أَكۡبَرُ مِنۡ
أُخۡتِهَاۖ وَأَخَذۡنَٰهُم بِٱلۡعَذَابِ لَعَلَّهُمۡ يَرۡجِعُونَ (٤٨)

پھر ہم نے ان سے انتقام لیا تو دیکھو جھٹلانے والوں کا انجام کیسا ہوا۔ اور جب ابراھیمؑ نے اپنے چچا اور اپنی قوم سے کہا بیشک میں ان سے برآت (اعلانِ لا تعلقی) کرتا ہوں جن کی تم عبادت کرتے ہو۔ سوائے اس کے جس نے مجھے پیدا کیا ہے اور بیشک وہی میری ہدایت کرے گا۔ اور اللہ نے اس (قائمؑ) کو اس (حسینؑ) کے پیچھے باقی رہنے والا کلمہ بنا دیا تاکہ وہ لوگ اس کی طرف رجوع کریں۔ بلکہ میں نے ان کو اور ان کے باپ دادا کو مال متاع دیا حتیٰ کہ ان کے پاس حق اور واضح بیان کرنے والا رسول آگیا۔ اور جب ان کے پاس حق آ گیا تو انہوں نے کہا یہ جادو ہے اور یقیناً ہم اس کے منکر ہیں۔ اور انہوں نے کہا یہ قرآن دو بستیوں (مکہ و طائف) میں سے کسی بڑے آدمی پر نازل کیوں نہیں کیا گیا۔ کیا وہ لوگ تیرے رب کی رحمت تقسیم کرتے ہیں؛ ہم نے دنیا کی حیات میں ان کی معیشت ان کے درمیان تقسیم کی ہے اور ہم نے بعض کے بعض پر درجات بلند کئے ہیں تاکہ وہ ایک دوسرے سے خدمت لیں؛ اور تیرے رب کی رحمت اس (مال و دولت) سے بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں۔ اور اگر یہ نہ ہوتا کہ سارے لوگ واحد اُمت (یعنی سب کافر) ہو جائیں تو جو رحمان سے کفر کرتے ہیں ہم ضرور ان لوگوں کے گھروں کی چھتیں چاندی سے بنا دیتے اور سیڑھیاں جن پر وہ چڑھتے ہیں۔ اور ان کے گھروں کے دروازے اور تخت جن پر وہ ٹیک لگا کر بیٹھتے ہیں۔ سونے کے (بنا دیتے)؛ اور یہ سب کچھ نہیں مگر دنیا کی حیات کا مال متاع؛ اور آخرت تیرے رب کے ہاں متقین کیلئے ہے۔ اور جو رحمان کے **ذکر** سے نگاہیں پھیر لے تو ہم اس کیلئے ایک شیطان مقرر کر دیتے ہیں تو وہ اس کا ساتھی ہو جاتا ہے۔ اور وہ ان لوگوں کو سبیل سے روکتے ہیں اور وہ خیال کرتے ہیں کہ یقیناً وہ ہدایت یافتہ ہیں۔ حتیٰ کہ جب وہ (قنفذ) ہمارے پاس آئے گا تو وہ (اپنے شیطان سرپرست سے) کہے گا کاش میرے اور تمہارے درمیان دو مشرقوں کی دوری (چالیس ہزار کلومیڑ) ہوتی پس بہت بُرا ساتھی ہے۔ اور (کہا جائے گا) ہرگز آج تمہیں (کوئی بات) نفع نہیں دی سکتی جبکہ تم نے ظلم کیا بیشک تم عذاب میں مشترک ہو۔ (اے حبیبؐ) کیا پھر تم بہروں کو سناؤ گے یا تم اندھوں کو ہدایت دو گے اور جو کھلی گمراہی میں ہیں۔ پس اگر ہم تمہیں (مکہ سے مدینہ) لے جائیں تو (پھر بھی) یقیناً ہم ان سے (علیؑ کے ذریعے) انتقام لینے والے ہیں۔ یا ہم تمہیں وہ دکھا دیں جس کا ہم نے ان سے وعدہ کیا ہے پس بیشک ہم ان پر قدرت رکھتے ہیں۔ پس تم اس (ولایتِ علیؑ) سے تمسک رکھو جس کی تمہاری طرف وحی کی گئی ہے، بیشک تم صراطِ مستقیم (ولایتِ علیؑ) پر ہو۔ اور بیشک وہ تمہارے لئے اور تمہاری قوم کیلئے **ذکر** ہے، اور عنقریب تم لوگوں سے (علیؑ کے متعلق) سوال کیا جائے گا۔ اور (اے حبیبؐ دورانِ معراج) رسولوں میں جن کو ہم نے تم سے قبل بھیجا ان سے پوچھ لو کیا ہم نے رحمان کے علاوہ معبود بنائے تھے کہ ان کی عبادت کی جائے۔ اور تحقیق ہم نے موسیٰؑ کو اپنی آیات کے ساتھ فرعون اور اس کے ملاؤں کی طرف بھیجا تو اس نے کہا بیشک میں رب العالمین کا رسول ہوں۔ پھر جب وہ ان کے پاس آیات لے کر آیا تو یکایک وہ ان پر ہنسنے لگے۔ اور ہم نہیں دکھاتے تھے ان کو کوئی آیت مگر وہ دوسری (ساتھی آیت) سے بڑی ہوتی تھی، اور ہم نے ان کو عذاب سے پکڑ لیا شاید کہ وہ پلٹ آئیں۔

(رسولؐ اللہ نے معراج پر چوتھے آسمان پر بیتِ معمور میں تمام انبیاء ومرسلین وصدیقین وشہداء وملائکہ کو باجماعت صلاۃ پڑھائی، صلاۃ ختم ہونے پر فوراً جبرائیلؑ نے عرض کی یا رسولؐ اللہ ان سے پوچھیں کہ تم تشہد کیا پڑھتے ہو؟ تو سب نے جواب دیا: نشھد ان لا الہ الا اللہ و انک رسول اللہ و ان علیا امیر المؤمنین۔)

49. And they said [to Musa], "O magician [scholar], invoke for us your Rabb by what He has promised you. Indeed, we will be guided."
50. But when We removed from them the affliction, at once they broke their word.
51. And Fir'aoun called out among his people; he said, "O my people, does not the kingdom of Egypt belong to me, and these rivers flowing beneath me; then do you not see?
52. Or am I [not] better than this one [i.e. Musa] who is insignificant and hardly makes himself clear?
53. Then why have there not been placed upon him bracelets of gold or come with him the angels in conjunction?"
54. So he bluffed his people, and they obeyed him. Indeed, they were [themselves] a people defiantly disobedient [of Allah].
55. And when they angered Us, We took retribution from them and drowned them all.
56. And We made them a precedent and an example for the later peoples.
57. And when the son of Mariyam was presented as an example, immediately your people laughed aloud. [i.e. when Rasool Allah sawaw said about Maola Ali swsa that he is like Esa in my Ummah.]
58. And they said, "Are our gods [Laat, Manaat, & Uzza whom we used to worship] better, or is he [Ali swsa]?" They did not present it [i.e. the comparison] to you except [merely] to dispute. Rather [in fact], they are quarrelsome people.
59. He [i.e. Esa] was not but a servant upon whom We bestowed favour, and We made him an example for the Children of Israel.
60. And if We willed, We could have made [instead] of you angels succeeding [one another] on the earth.
61. And indeed, he [Ali swsa] is a sure sign of the Hour, so be not in doubt about it, and follow Me. This is Sirat al-Mustaqeem.
62. And never let Shaitan [Fulan] avert you [from Ali swsa]. Indeed, he is to you a clear enemy.
63. And when Esa brought clear proofs, he said, "I have come to you with wisdom [i.e. prophethood] and to make clear to you some of that over which you differ, so fear Allah and obey me.
64. Indeed, Allah is my Rabb and your Rabb, so worship Him. This is Sirat al-Mustaqeem."
65. But the parties from among them differed [and separated], so woe to those who have wronged from the punishment of a painful Day.
66. Are they waiting except for the Hour [time of Zahoor of Qaim swsa] to come upon them suddenly while they perceive not?
67. Close friends, that Day, will be enemies to each other, except for the righteous
68. [To whom Allah will say], "O My servants, there is no fear upon you this Day, nor will you grieve,
69. [You] who believed in Our Ayaat [the Imams swsa] and were Muslims.
70. Enter Paradise, you and your wives, delighted."
71. Circulated among them will be plates and vessels of gold. And therein [paradise] is whatever the souls desire and [what] delights the eyes, and you will abide therein eternally.
72. And that is Paradise which you are made to inherit for what you used to do.
73. For you therein is much fruit from which you will eat.
74. Indeed, the criminals will be in the punishment of Hell, abiding eternally.
75. It will not be allowed to subside for them, and they, therein, are in despair.

وَقَالُواْ يَٰٓأَيُّهَ ٱلسَّاحِرُ ٱدۡعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ
عِندَكَ إِنَّنَا لَمُهۡتَدُونَ (٤٩) فَلَمَّا كَشَفۡنَا عَنۡهُمُ
ٱلۡعَذَابَ إِذَا هُمۡ يَنكُثُونَ (٥٠) وَنَادَىٰ فِرۡعَوۡنُ
فِي قَوۡمِهِۦ قَالَ يَٰقَوۡمِ أَلَيۡسَ لِي مُلۡكُ مِصۡرَ
وَهَٰذِهِ ٱلۡأَنۡهَٰرُ تَجۡرِي مِن تَحۡتِيٓۖ أَفَلَا تُبۡصِرُونَ
(٥١) أَمۡ أَنَا۠ خَيۡرٞ مِّنۡ هَٰذَا ٱلَّذِي هُوَ مَهِينٞ وَلَا
يَكَادُ يُبِينُ (٥٢) فَلَوۡلَآ أُلۡقِيَ عَلَيۡهِ أَسۡوِرَةٞ مِّن
ذَهَبٍ أَوۡ جَآءَ مَعَهُ ٱلۡمَلَٰٓئِكَةُ مُقۡتَرِنِينَ (٥٣)
فَٱسۡتَخَفَّ قَوۡمَهُۥ فَأَطَاعُوهُۚ إِنَّهُمۡ كَانُواْ قَوۡمٗا
فَٰسِقِينَ (٥٤) فَلَمَّآ ءَاسَفُونَا ٱنتَقَمۡنَا مِنۡهُمۡ
فَأَغۡرَقۡنَٰهُمۡ أَجۡمَعِينَ (٥٥) فَجَعَلۡنَٰهُمۡ سَلَفٗا وَمَثَلٗا
لِّلۡأٓخِرِينَ (٥٦) ۞ وَلَمَّا ضُرِبَ ٱبۡنُ مَرۡيَمَ
مَثَلًا إِذَا قَوۡمُكَ مِنۡهُ يَصِدُّونَ (٥٧) وَقَالُوٓاْ
ءَأَٰلِهَتُنَا خَيۡرٌ أَمۡ هُوَۚ مَا ضَرَبُوهُ لَكَ إِلَّا جَدَلَۢاۚ
بَلۡ هُمۡ قَوۡمٌ خَصِمُونَ (٥٨) إِنۡ هُوَ إِلَّا عَبۡدٌ
أَنۡعَمۡنَا عَلَيۡهِ وَجَعَلۡنَٰهُ مَثَلٗا لِّبَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ
(٥٩) وَلَوۡ نَشَآءُ لَجَعَلۡنَا مِنكُم مَّلَٰٓئِكَةٗ فِي
ٱلۡأَرۡضِ يَخۡلُفُونَ (٦٠) وَإِنَّهُۥ لَعِلۡمٞ لِّلسَّاعَةِ فَلَا
تَمۡتَرُنَّ بِهَا وَٱتَّبِعُونِۚ هَٰذَا صِرَٰطٞ مُّسۡتَقِيمٞ
(٦١) وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ ٱلشَّيۡطَٰنُۖ إِنَّهُۥ لَكُمۡ عَدُوّٞ
مُّبِينٞ (٦٢) وَلَمَّا جَآءَ عِيسَىٰ بِٱلۡبَيِّنَٰتِ قَالَ قَدۡ
جِئۡتُكُم بِٱلۡحِكۡمَةِ وَلِأُبَيِّنَ لَكُم بَعۡضَ ٱلَّذِي
تَخۡتَلِفُونَ فِيهِۖ فَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ وَأَطِيعُونِ (٦٣) إِنَّ ٱللَّهَ
هُوَ رَبِّي وَرَبُّكُمۡ فَٱعۡبُدُوهُۚ هَٰذَا صِرَٰطٞ مُّسۡتَقِيمٞ
(٦٤) فَٱخۡتَلَفَ ٱلۡأَحۡزَابُ مِنۢ بَيۡنِهِمۡۖ فَوَيۡلٞ لِّلَّذِينَ
ظَلَمُواْ مِنۡ عَذَابِ يَوۡمٍ أَلِيمٍ (٦٥) هَلۡ يَنظُرُونَ
إِلَّا ٱلسَّاعَةَ أَن تَأۡتِيَهُم بَغۡتَةٗ وَهُمۡ لَا يَشۡعُرُونَ
(٦٦) ٱلۡأَخِلَّآءُ يَوۡمَئِذِۭ بَعۡضُهُمۡ لِبَعۡضٍ عَدُوٌّ إِلَّا
ٱلۡمُتَّقِينَ (٦٧) يَٰعِبَادِ لَا خَوۡفٌ عَلَيۡكُمُ ٱلۡيَوۡمَ وَلَآ
أَنتُمۡ تَحۡزَنُونَ (٦٨) ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ بِـَٔايَٰتِنَا
وَكَانُواْ مُسۡلِمِينَ (٦٩) ٱدۡخُلُواْ ٱلۡجَنَّةَ أَنتُمۡ
وَأَزۡوَٰجُكُمۡ تُحۡبَرُونَ (٧٠) يُطَافُ عَلَيۡهِم
بِصِحَافٖ مِّن ذَهَبٖ وَأَكۡوَابٖۖ وَفِيهَا مَا تَشۡتَهِيهِ
ٱلۡأَنفُسُ وَتَلَذُّ ٱلۡأَعۡيُنُۖ وَأَنتُمۡ فِيهَا خَٰلِدُونَ (٧١)
وَتِلۡكَ ٱلۡجَنَّةُ ٱلَّتِيٓ أُورِثۡتُمُوهَا بِمَا كُنتُمۡ تَعۡمَلُونَ
(٧٢) لَكُمۡ فِيهَا فَٰكِهَةٞ كَثِيرَةٞ مِّنۡهَا تَأۡكُلُونَ
(٧٣) إِنَّ ٱلۡمُجۡرِمِينَ فِي عَذَابِ جَهَنَّمَ خَٰلِدُونَ
(٧٤) لَا يُفَتَّرُ عَنۡهُمۡ وَهُمۡ فِيهِ مُبۡلِسُونَ (٧٥)

اور انہوں نے کہا اے جادوگر (عالم) ہمارے لئے اپنے رب سے اس کے ذریعے دعا کر جس کا اس نے تم سے عہد کیا ہے تو بیشک ہم ہدایت یافتہ ہو جائیں گے۔ پس جب ہم ان سے عذاب ہٹا دیتے تو یکایک وہ عہد توڑ دیتے۔ اور فرعون نے اپنی قوم میں ندا دے کر کہا اے میری قوم کیا مصر کی بادشاھی میری نہیں اور یہ نہریں میرے نیچے بہہ رہی ہیں، کیا پھر تم دیکھتے نہیں ہو۔ کیا میں بہتر ہوں اس سے جو پست ہے اور نہ وہ واضح بیان کر سکتا ہے۔ پھر کیوں نہ اس پر سونے کے کنگن اتارے گئے یا اس کے ساتھ ملائکہ ساتھی بن کر آئے۔ تو اس نے اپنی قوم کو ہلکا (خفیف) کر دیا؛ تو انہوں نے اس کی اطاعت کی؛ بیشک وہ فاسقوں کی قوم تھی۔ پھر جب انہوں نے ہمیں غضبناک کر دیا تو ہم نے ان سے انتقام لیا اور ان سب کو ہم نے اکٹھا غرق کر دیا۔ تو ہم نے انہیں بعد میں آنے والوں کیلئے پیشوا اور مثال بنا دیا۔ اور جب ابن مریمؑ کی مثال پیش کی گئی تو یکایک تیری قوم اس پر قہقہے لگانے لگی (یعنی جب رسولؐ اللہ نے مولا علیؑ کے بارے میں کہا کہ میری امت میں اس کی مثال عیسیٰؑ کی سی ہے)۔ اور انہوں نے کہا ہمارے معبود (لات، منات، عزی جن کی ہم پہلے عبادت کرتے تھے) بہتر ہیں یا وہ (علیؑ)؛ یہ بات انہوں نے تم سے نہیں کی مگر جھگڑے کیلئے بلکہ وہ ہیں ہی جھگڑالو قوم۔ وہ سوائے ایک بندے کے کچھ نہیں تھا اس پر ہم نے انعام کیا اور ہم نے اسے بنی اسرائیل کیلئے ایک مثال بنایا۔ اور اگر ہم چاہیں تو واقعی تم میں ملائکہ بنا دیتے جو زمین میں جانشین ہوتے۔ اور بیشک وہ (علیؑ) واقعی ساعت کی علامت ہے پس تم اس میں شک نہ کرو اور میرا اتباع کرو؛ یہی صراطِ مستقیم ہے۔ اور (فلانہ) شیطان تم کو (علیؑ سے) نہ روک دے بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ اور جب عیسیٰؑ واضح دلائل لے کر آیا تو اس نے کہا میں تمہارے پاس حکمت لے کر آیا ہوں اور تاکہ میں تمہارے لئے واضح بیان کر دوں بعض چیزیں جن میں تم اختلاف کرتے ہو، پس اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ بیشک اللہ ہی میرا رب ہے اور تمہارا رب بھی پس اسی کی عبادت کرو یہی صراطِ مستقیم ہے۔ پھر گروہوں نے آپس میں اختلاف کیا، پس تباہی ہے ان لوگوں کیلئے جنہوں نے ظلم کیا ایک دردناک دن کے عذاب سے۔ کیا وہ انتظار کر رہے ہیں مگر ساعت (وقتِ ظہور قائمؑ) کا کہ اچانک ان پر آجائے اور انہیں شعور بھی نہ ہو۔ قریبی دوست اس دن ایک دوسرے کے دشمن ہوں گے سوائے متقین کے۔ اے میرے بندو آج تم پر کوئی خوف نہیں اور نہ تم غمگین ہو گے۔ جو لوگ ہماری آیات (آئمہؑ) پر ایمان لائے اور وہ مسلمان رہے۔ داخل ہو جاؤ جنت میں تم اور تمہاری ازواج خوش وخرم۔ اور ان پر سونے کے تھال اور پیالے گردش کرائے جائیں گے اور اس (جنت) میں وہ ہوگا جس کی دل خواہش کریں گے اور جس سے نگاہیں لذت پائیں گی، اور تم اس میں ہمیشہ رہنے والے ہو۔ اور یہ وہ جنت ہے جس کو تم وراثت میں لے رہے ہو ان اعمال کی وجہ سے جو تم کرتے رہے تھے۔ اس میں تمہارے لئے بہت سے پھل ہیں جن میں سے تم کھاؤ گے۔ بیشک مجرم جہنم کے عذاب میں ہمیشہ رہیں گے۔ جو ان سے ہلکا نہیں کیا جائے گا اور وہ اس میں مایوس ہوں گے۔

76. And We did not wrong them, but it was they who were the wrongdoers [leaving Wilayat of Ahlul Bait swsa].
77. And they will call, "O Malik, let your Rabb put an end to us!" He will say, "Indeed, you will remain."
78. We had certainly brought you the Haqq [Wilayat e Ali swsa], but most of you disliked the Haqq [Wilayat e Ali swsa].
79. Or have they devised [some] matter [that they will not like to see Nabuwat & Imamat in Ahlul Bait swsa]? But indeed, We are devising [a plan].
80. Or do they think that We hear not their secrets and their private conversations? Yes, [We do], and Our messengers [i.e. angels] are with them recording.
81. Say, [O Mohammad sawaw], "If the Rahman had a son, then I would be the first of [his] worshippers."
82. Exalted is the Rabb of the heavens and the earth, Rabb of the Arsh, above what they describe.
83. So leave them to converse vainly and amuse themselves until they meet their Day which they are promised.
84. And it is He [i.e. Allah] Who is [the only] God in the heaven, and on the earth [the only] God. And He is all-Wise, all-Knowing.
85. And blessed is He to Whom belongs the kingdom of the heavens and the earth and whatever is between them and with whom is knowledge of the Hour and to whom you will be returned.
86. And those they invoke besides Him do not possess [power of] intercession; but only those who testify to the Haqq, and they know.
87. And if you asked them who created them, they would surely say, "Allah." So how are they deluded?
88. [Allah acknowledges] and swears by his saying, "O my Rabb, indeed these are a people who do not believe."
89. So turn aside from them and say, "Salaam." But they are going to know.

وَمَا ظَلَمْنَـٰهُمْ وَلَـٰكِن كَانُواْ هُمُ ٱلظَّـٰلِمِينَ (٧٦)
وَنَادَوْاْ يَـٰمَـٰلِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ ۖ قَالَ إِنَّكُم
مَّـٰكِثُونَ (٧٧) لَقَدْ جِئْنَـٰكُم بِٱلْحَقِّ وَلَـٰكِنَّ
أَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ كَـٰرِهُونَ (٧٨) أَمْ أَبْرَمُوٓاْ أَمْرًا
فَإِنَّا مُبْرِمُونَ (٧٩) أَمْ يَحْسَبُونَ أَنَّا لَا نَسْمَعُ
سِرَّهُمْ وَنَجْوَىٰهُم ۚ بَلَىٰ وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُونَ
(٨٠) قُلْ إِن كَانَ لِلرَّحْمَـٰنِ وَلَدٌ فَأَنَا۠ أَوَّلُ
ٱلْعَـٰبِدِينَ (٨١) سُبْحَـٰنَ رَبِّ ٱلسَّمَـٰوَٰتِ
وَٱلْأَرْضِ رَبِّ ٱلْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُونَ (٨٢)
فَذَرْهُمْ يَخُوضُواْ وَيَلْعَبُواْ حَتَّىٰ يُلَـٰقُواْ يَوْمَهُمُ
ٱلَّذِى يُوعَدُونَ (٨٣) وَهُوَ ٱلَّذِى فِى ٱلسَّمَآءِ
إِلَـٰهٌ وَفِى ٱلْأَرْضِ إِلَـٰهٌ ۚ وَهُوَ ٱلْحَكِيمُ ٱلْعَلِيمُ
(٨٤) وَتَبَارَكَ ٱلَّذِى لَهُۥ مُلْكُ ٱلسَّمَـٰوَٰتِ
وَٱلْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَعِندَهُۥ عِلْمُ ٱلسَّاعَةِ
وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ (٨٥) وَلَا يَمْلِكُ ٱلَّذِينَ يَدْعُونَ
مِن دُونِهِ ٱلشَّفَـٰعَةَ إِلَّا مَن شَهِدَ بِٱلْحَقِّ وَهُمْ
يَعْلَمُونَ (٨٦) وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُولُنَّ
ٱللَّهُ ۖ فَأَنَّىٰ يُؤْفَكُونَ (٨٧) وَقِيلِهِۦ يَـٰرَبِّ إِنَّ
هَـٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُونَ (٨٨) فَٱصْفَحْ عَنْهُمْ
وَقُلْ سَلَـٰمٌ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ (٨٩)

اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ ظالم (ولایتِ اہلبیتؑ ترک کرنے والے) لوگ تھے۔ اور وہ ندا دیں گے اے مالک! تیرا رب ہمارا خاتمہ ہی کر دے؛ وہ کہے گا بیشک تم پڑے رہو گے۔ تحقیق ہم تمہارے پاس حق (ولایتِ علیؑ) لے کر آئے تھے لیکن تمہاری اکثریت حق (ولایتِ علیؑ) کو ناپسند کرنے والی تھی۔ کیا انہوں نے کسی امر کا پکا فیصلہ کر لیا ہے (کہ نبوت وامامت اہلبیتؑ میں اکٹھی نہیں ہونے دیں گے) تو یقیناً ہم بھی پکا فیصلہ کر رہے ہیں۔ آیا وہ خیال کرتے ہیں کہ ہم ان کی راز کی باتیں اور سرگوشیاں نہیں سنتے؛ کیوں نہیں اور ہمارے بھیجے ہوئے (ملائکہ) ان کے پاس لکھ رہے ہیں۔ کہہ دو اگر رحمان کا کوئی بیٹا ہوتا تو میں عابدین میں اول ہوں۔ منزہ ہے آسمانوں اور زمین کا رب عرش کا رب ان صفات سے جو وہ لوگ بیان کرتے ہیں۔ پس انہیں چھوڑ دو وہ فضول بحث کریں اور کھیلتے رہیں حتیٰ کہ وہ اپنا وہ دن پا لیں جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ اور وہ وہی ہے جو آسمان میں بھی معبود ہے اور زمین میں بھی معبود ہے؛ اور وہ حکمت والا اور سب جاننے والا ہے۔ اور بہت بابرکت ہے وہ جس کیلئے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی ہے اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے، اور اس کے پاس ساعت کا علم ہے اور اسی کی طرف تم سب پلٹائے جاؤ گے۔ اور اس کے علاوہ جن کو وہ پکارتے ہیں وہ شفاعت کا اختیار نہیں رکھتے سوائے ان کے جو حق کی شہادت دیں اور وہ علم بھی رکھتے ہوں۔ اور اگر تم ان سے سوال کرو کہ انہیں کس نے خلق کیا ہے تو وہ لازمی کہیں گے اللہ نے، پھر کہاں سے وہ بہکائے جا رہے ہیں۔ اور قسم ہے حبیبؐ کے قول کی کہ بیشک یہ قوم ایمان نہیں لاتی۔ پس ان کو نظرانداز کرو اور کہہ دو سلام؛ پس عنقریب وہ جان لیں گے۔

سورة الدّخان

Surah ad-Dukhan

[The Smoke]

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem

1. Ha Meem [I swear by Mohammad sawaw].
2. By the clear Book [Ali swsa],
3. Indeed, We sent it down during a blessed night [Syyeda Fatima Zahra swsa]. Indeed, We were to warn [mankind].
4. Therein [i.e. on that night] is made distinct [revealed] every wise Amr [Wise Man: an Imam after an Imam] –
5. [Every] matter [proceeding] from Us. Indeed, We are senders [of the Rasools]
6. As mercy from your Rabb. Indeed, He is all-Hearing, all-Knowing,
7. Rabb of the heavens and the earth and that between them, if you would be certain.
8. There is no god except Him; He gives life and causes death. [He is] your Rabb and the Rabb of your first forefathers.
9. But they are in doubt [Lailatul Qadr], amusing themselves.
10. Then watch for the Day when the sky will bring a visible smoke
11. Covering the people; this is a painful punishment.
12. [They will say], "Our Rabb, remove from us the punishment; indeed, we are believers."
13. How will there be for them a reminder [at that time]? And there had come to them a clear Rasool.
14. Then they turned away from him and said, "[He was] taught [and is] a madman."
15. Indeed, We will remove the torment for a little. Indeed, you [disbelievers] will return [to disbelief].
16. The Day We will strike with the greatest assault, indeed, We will take retribution.
17. And certainly We had already tried before them the people of Fir'aoun, and there came to them a noble Rasool [i.e. Musa],
18. [Saying], "Deliver to me the servants of Allah. Indeed, I am to you a trustworthy Rasool,"
19. And [saying], "Be not haughty with Allah. Indeed, I have come to you with Sultan e Mubeen [clear authority].
20. And indeed, I have sought refuge in my Rabb and your Rabb, lest you stone me.
21. But if you do not believe me, then leave me alone."
22. And [finally] he called to his Rabb that these were a criminal people.
23. [Allah said], "Then set out with My servants by night. Indeed, you are to be pursued.
24. And leave the sea in stillness. Indeed, they are an army to be drowned."
25. How many they left behind of gardens and springs
26. And crops and noble sites
27. And comfort wherein they were amused.
28. Thus. And We caused to inherit it another people.
29. And the heaven and earth wept not for them, nor were they respited. [In history only on the martyrdom of Hazrat Yahya a.s. and Maola Hussain sky and earth wept blood.]
30. And We certainly saved the Children of Israel from the humiliating torment –
31. From Fir'aoun. Indeed, he was a haughty one among the extravagant transgressors.
32. And We certainly chose them [i.e. the Imams swsa] on basis of knowledge over [all] the worlds.
33. And We gave them of signs that in which there was a clear trial.
34. Indeed, these [disbelievers] are saying,
35. "There is not but our first death, and we will not be resurrected.
36. Then bring [back] our forefathers, if you should be truthful."

سُوْرَةُ الدّخان

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیاز عام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

حٰمٓ (محمدؐ کی قسم) ۔ واضح بیان کرنے والی کتاب (علیؑ) کی قسم۔ بیشک ہم نے اسے مبارک رات (فاطمۃ الزہراءؑ) میں نازل کیا ہے بیشک ہم خبردار کرنے والے تھے۔ اس میں تمام امرِحکیم (رجل حکیم: امامؑ کے بعد امامؑ) نمایاں (صادر) کئے جاتے ہیں۔ ہمارے ہاں سے امر؛ بیشک ہم بھیجنے والے تھے۔ رحمت تیرے رب کی طرف سے؛ بیشک وہ سب سننے والا سب جاننے والا ہے۔ آسمانوں اور زمین کا رب اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے، اگر تم یقین رکھنے والے ہو۔ کوئی معبود نہیں سوائے اس کے وہی حیات دیتا ہے اور وہی موت دیتا ہے؛ تمہارا رب اور تمہارے پہلے باپ دادا کا رب۔ بلکہ وہ شک میں کھیل رہے ہیں (لیلۃ القدر کے بارے میں)۔ پس دھیان رکھو اس دن کا جب آسمان واضح دھواں لئے ہوئے آئے گا۔ وہ لوگوں پر چھا جائے گا؛ یہ درد ناک عذاب ہے۔ اے ہمارے رب ہم سے عذاب ہٹا دے بیشک ہم ایمان لانے والے ہیں۔ کہاں سے ان کیلئے یاد دھانی آئے گی، حالانکہ ان کے پاس رسولِ مبینؐ آ چکا تھا۔ پھر انہوں نے اس سے منہ موڑ لئے اور انہوں نے کہا پڑھایا ہوا ہے مجنون ہے۔ بیشک ہم ذرا سا عذاب ہٹانے والے ہیں یقیناً تم دوبارہ وہی کرنے والے ہو۔ جس دن ہم بہت بڑے حملے سے ضرب لگائیں گے بیشک ہم انتقام لیں گے۔ اور تحقیق ان سے پہلے ہم نے فرعون کی قوم کو آزمائش میں ڈالا تھا اور ان کے پاس ایک معزز رسول آیا تھا۔ کہ اللہ کے بندوں کو میرے حوالے کردو بیشک میں تمہارے لئے ایک امین رسول ہوں۔ اور یہ کہ اللہ کے مقابلے میں سرکشی نہ کرو اور میں تمہارے پاس سلطانِ مبینؐ کے ساتھ آیا ہوں۔ اور بیشک میں نے اپنے رب اور تمہارے رب کی پناہ لی ہے کہ تم مجھے پتھر مارو۔ اور اگر تم مجھ پر ایمان نہیں لاتے تو مجھ سے الگ دور رہو۔ پھر اس نے اپنے رب کو پکارا بیشک یہ مجرموں کی قوم ہے۔ (اللہ نے کہا) پس میرے بندوں کو ساتھ لے کر رات میں چل پڑو بیشک تمہارا پیچھا کیا جائے گا۔ اور سمندر کو پُرسکون کھلا چھوڑ دے؛ بیشک وہ غرق ہونے والا لشکر ہیں۔ وہ کتنے ہی باغات اور چشمے چھوڑ گئے۔ اور کھیت اور عمدہ قیام گاہیں۔ اور وہ سامانِ عیش جس میں وہ مزے کر رہے تھے۔ اس طرح ہم نے ان چیزوں کو دوسری قوم کو وراثت میں دے دیا۔ پھر ان پر آسمان وزمین نہ روئے اور نہ ہی ان کو مہلت دی گئی تھی (تاریخ میں صرف حضرت یحییٰؑ اور مولا حسینؑ کی شہادت پر آسمان وزمین خون روئے) ۔ اور تحقیق ہم نے بنی اسرائیل کو ذلت آمیز عذاب سے نجات دی۔ فرعون سے؛ بیشک وہ حد سے گذرنے والوں میں سب سے اونچے درجے والا تھا۔ اور تحقیق ہم نے انؑ (ائمہؑ) کو علم کی بنا پر عالمین پر چن لیا۔ اور ہم نے انہیں ایسی آیات عطا کیں جن میں واضح آزمائش تھی۔ بیشک یہ لوگ واقعی کہتے ہیں۔ ہماری پہلی موت کے سوا کچھ نہیں اور نہ ہم دوبارہ اُٹھائے جانے والے ہیں۔ پس ہمارے باپ دادا کو (واپس) لے آؤ اگر تم سچے ہو۔

سُوْرَةُ الدّخان

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

حمٓ (١) وَٱلْكِتَـٰبِ ٱلْمُبِينِ (٢) إِنَّآ أَنزَلْنَـٰهُ فِى
لَيْلَةٍ مُّبَـٰرَكَةٍ إِنَّا كُنَّا مُنذِرِينَ (٣) فِيهَا يُفْرَقُ كُلُّ
أَمْرٍ حَكِيمٍ (٤) أَمْرًا مِّنْ عِندِنَآ إِنَّا كُنَّا مُرْسِلِينَ
(٥) رَحْمَةً مِّن رَّبِّكَ إِنَّهُۥ هُوَ ٱلسَّمِيعُ ٱلْعَلِيمُ
(٦) رَبِّ ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَآ إِن
كُنتُم مُّوقِنِينَ (٧) لَآ إِلَـٰهَ إِلَّا هُوَ يُحْىِۦ وَيُمِيتُ
رَبُّكُمْ وَرَبُّ ءَابَآئِكُمُ ٱلْأَوَّلِينَ (٨) بَلْ هُمْ فِى
شَكٍّ يَلْعَبُونَ (٩) فَٱرْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِى ٱلسَّمَآءُ
بِدُخَانٍ مُّبِينٍ (١٠) يَغْشَى ٱلنَّاسَ هَـٰذَا عَذَابٌ
أَلِيمٌ (١١) رَّبَّنَا ٱكْشِفْ عَنَّا ٱلْعَذَابَ إِنَّا
مُؤْمِنُونَ (١٢) أَنَّىٰ لَهُمُ ٱلذِّكْرَىٰ وَقَدْ جَآءَهُمْ
رَسُولٌ مُّبِينٌ (١٣) ثُمَّ تَوَلَّوْا۟ عَنْهُ وَقَالُوا۟ مُعَلَّمٌ
مَّجْنُونٌ (١٤) إِنَّا كَاشِفُوا۟ ٱلْعَذَابِ قَلِيلًا إِنَّكُمْ
عَآئِدُونَ (١٥) يَوْمَ نَبْطِشُ ٱلْبَطْشَةَ ٱلْكُبْرَىٰٓ إِنَّا
مُنتَقِمُونَ (١٦) ۞ وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ
فِرْعَوْنَ وَجَآءَهُمْ رَسُولٌ كَرِيمٌ (١٧) أَنْ أَدُّوٓا۟
إِلَىَّ عِبَادَ ٱللَّهِ إِنِّى لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ (١٨) وَأَن
لَّا تَعْلُوا۟ عَلَى ٱللَّهِ إِنِّىٓ ءَاتِيكُم بِسُلْطَـٰنٍ مُّبِينٍ
(١٩) وَإِنِّى عُذْتُ بِرَبِّى وَرَبِّكُمْ أَن تَرْجُمُونِ
(٢٠) وَإِن لَّمْ تُؤْمِنُوا۟ لِى فَٱعْتَزِلُونِ (٢١)
فَدَعَا رَبَّهُۥٓ أَنَّ هَـٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُونَ (٢٢)
فَأَسْرِ بِعِبَادِى لَيْلًا إِنَّكُم مُّتَّبَعُونَ (٢٣)
وَٱتْرُكِ ٱلْبَحْرَ رَهْوًا إِنَّهُمْ جُندٌ مُّغْرَقُونَ (٢٤)
كَمْ تَرَكُوا۟ مِن جَنَّـٰتٍ وَعُيُونٍ (٢٥) وَزُرُوعٍ
وَمَقَامٍ كَرِيمٍ (٢٦) وَنَعْمَةٍ كَانُوا۟ فِيهَا فَـٰكِهِينَ
(٢٧) كَذَٰلِكَ وَأَوْرَثْنَـٰهَا قَوْمًا ءَاخَرِينَ (٢٨)
فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ ٱلسَّمَآءُ وَٱلْأَرْضُ وَمَا كَانُوا۟
مُنظَرِينَ (٢٩) وَلَقَدْ نَجَّيْنَا بَنِىٓ إِسْرَٰٓءِيلَ مِنَ
ٱلْعَذَابِ ٱلْمُهِينِ (٣٠) مِن فِرْعَوْنَ إِنَّهُۥ كَانَ
عَالِيًا مِّنَ ٱلْمُسْرِفِينَ (٣١) وَلَقَدِ ٱخْتَرْنَـٰهُمْ عَلَىٰ
عِلْمٍ عَلَى ٱلْعَـٰلَمِينَ (٣٢) وَءَاتَيْنَـٰهُم مِّنَ ٱلْـَٔايَـٰتِ
مَا فِيهِ بَلَـٰٓؤٌا۟ مُّبِينٌ (٣٣) إِنَّ هَـٰٓؤُلَآءِ لَيَقُولُونَ
(٣٤) إِنْ هِىَ إِلَّا مَوْتَتُنَا ٱلْأُولَىٰ وَمَا نَحْنُ
بِمُنشَرِينَ (٣٥) فَأْتُوا۟ بِـَٔابَآئِنَآ إِن كُنتُمْ صَـٰدِقِينَ
(٣٦)

37. Are they better or the people of Tubba and those before them? We destroyed them, [for] indeed, they were criminals.
38. And We did not create the heavens and earth and that between them in play.
39. We did not create them except with the Haqq, but most of them do not know.
40. Indeed, the Day of Judgement is the appointed time for them all –
41. The Day when no relation will avail a relation at all, nor will they be helped –
42. Except those [Shias of Maola Ali swsa] on whom Allah has mercy. Indeed, He is the Exalted in Might, the Merciful.
43. Indeed, the tree of Zaqqum [bitter cactus]
44. Is food for the sinful [enemy of Mohammad sawaw].
45. Like murky oil, it boils within bellies
46. Like the boiling of scalding water.
47. [It will be commanded], "Seize him and drag him into the midst of the Hellfire,
48. Then pour over his head from the torment of scalding water."
49. [It will be said], "Taste! Indeed, you are the honoured, the noble! [As Abu Jahal used to call him self as honourable noble.]
50. Indeed, this is what you used to dispute."
51. Indeed, the righteous will be in a secure place:
52. Within gardens and springs,
53. Wearing [garments of] fine silk and brocade, facing each other.
54. Thus. And We will marry them to fair women with large, [beautiful] eyes.
55. They will call therein for every [kind of] fruit – safe and secure.
56. They will not taste death therein except the first death, and He will have protected them from the punishment of Hellfire
57. As bounty from your Rabb. That is what is the great attainment.
58. And indeed, We have eased it [i.e. the Qur'an] in your tongue that they might be reminded.
59. So watch, [O Mohammad sawaw]; indeed, they are watching.

أَهُمۡ خَيۡرٌ أَمۡ قَوۡمُ تُبَّعٖ وَٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡۚ أَهۡلَكۡنَٰهُمۡۖ
إِنَّهُمۡ كَانُواْ مُجۡرِمِينَ (٣٧) وَمَا خَلَقۡنَا
ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضَ وَمَا بَيۡنَهُمَا لَٰعِبِينَ (٣٨)
مَا خَلَقۡنَٰهُمَآ إِلَّا بِٱلۡحَقِّ وَلَٰكِنَّ أَكۡثَرَهُمۡ لَا
يَعۡلَمُونَ (٣٩) إِنَّ يَوۡمَ ٱلۡفَصۡلِ مِيقَٰتُهُمۡ أَجۡمَعِينَ
(٤٠) يَوۡمَ لَا يُغۡنِي مَوۡلًى عَن مَّوۡلٗى شَيۡـٔٗا وَلَا
هُمۡ يُنصَرُونَ (٤١) إِلَّا مَن رَّحِمَ ٱللَّهُۚ إِنَّهُۥ هُوَ
ٱلۡعَزِيزُ ٱلرَّحِيمُ (٤٢) إِنَّ شَجَرَتَ ٱلزَّقُّومِ
(٤٣) طَعَامُ ٱلۡأَثِيمِ (٤٤) كَٱلۡمُهۡلِ يَغۡلِي فِي
ٱلۡبُطُونِ (٤٥) كَغَلۡيِ ٱلۡحَمِيمِ (٤٦) خُذُوهُ
فَٱعۡتِلُوهُ إِلَىٰ سَوَآءِ ٱلۡجَحِيمِ (٤٧) ثُمَّ صُبُّواْ
فَوۡقَ رَأۡسِهِۦ مِنۡ عَذَابِ ٱلۡحَمِيمِ (٤٨) ذُقۡ إِنَّكَ
أَنتَ ٱلۡعَزِيزُ ٱلۡكَرِيمُ (٤٩) إِنَّ هَٰذَا مَا كُنتُم
بِهِۦ تَمۡتَرُونَ (٥٠) إِنَّ ٱلۡمُتَّقِينَ فِي مَقَامٍ أَمِينٖ
(٥١) فِي جَنَّٰتٖ وَعُيُونٖ (٥٢) يَلۡبَسُونَ مِن
سُندُسٖ وَإِسۡتَبۡرَقٖ مُّتَقَٰبِلِينَ (٥٣) كَذَٰلِكَ
وَزَوَّجۡنَٰهُم بِحُورٍ عِينٖ (٥٤) يَدۡعُونَ فِيهَا بِكُلِّ
فَٰكِهَةٍ ءَامِنِينَ (٥٥) لَا يَذُوقُونَ فِيهَا ٱلۡمَوۡتَ
إِلَّا ٱلۡمَوۡتَةَ ٱلۡأُولَىٰۖ وَوَقَىٰهُمۡ عَذَابَ ٱلۡجَحِيمِ
(٥٦) فَضۡلٗا مِّن رَّبِّكَۚ ذَٰلِكَ هُوَ ٱلۡفَوۡزُ ٱلۡعَظِيمُ
(٥٧) فَإِنَّمَا يَسَّرۡنَٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمۡ يَتَذَكَّرُونَ
(٥٨) فَٱرۡتَقِبۡ إِنَّهُم مُّرۡتَقِبُونَ (٥٩)

کیا وہ بہتر ہیں یا تُبع کی قوم اور جو ان سے قبل ہوئے ہیں؛ ہم نے ان کو ہلاک کر دیا، بیشک وہ مجرم لوگ تھے۔ ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے کھیلتے ہوئے خلق نہیں کیا۔ ہم نے ان دونوں کو خلق نہیں کیا مگر حق کے ساتھ لیکن ان کی اکثریت نہیں جانتی۔ بیشک فیصلے کا دن ان سب کیلئے مقررہ وقت ہے۔ جس دن کوئی رشتہ دار کسی رشتہ دار کے کچھ کام نہیں آئے گا اور نہ ان کی نصرت کی جا سکے گی۔ سوائے جس پر اللہ رحم کرے (یعنی شیعانِ مولا علیؑ)؛ بیشک وہی زبردست اور رحم کرنے والا ہے۔ بیشک زقوم (کڑوا تھوہر) کا درخت۔ گناہ گار (دشمنِ محمدؐ) کا طعام ہوگا۔ پگھلے ہوئے تانبے جیسا پیٹوں میں اُبال کھائے گا۔ جیسے کھولتا پانی اُبلتا ہے۔ پکڑ لو اسے اور اسے گھسیٹتے ہوئے جہنم کے درمیان لے جاؤ۔ پھر اس کے سر پر کھولتے ہوئے پانی کا عذاب ڈالو۔ ذائقہ چکھو، بیشک تم ہی زبردست اور عزت دار آدمی ہو (جیسے ابوجہل اپنے آپ کو زبردست و عزت دار کہتا تھا)۔ بیشک یہ وہی ہے جس میں تم لوگ شک کرتے تھے۔ بیشک متقین پُر امن مقام میں ہوں گے۔ باغات اور چشموں میں۔ وہ ریشم و دیبا کے لباس پہنے ہوئے آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے۔ اسی طرح، اور ہم آہو چشم حوروں سے ان کا ازدواج کر دیں گے۔ ان میں وہ ہر طرح کے پھل طلب کریں گے امن وامان میں۔ ان میں وہ کبھی موت کا ذائقہ نہیں چکھیں گے سوائے پہلی موت کے، اور وہ ان کو جہنم کے عذاب سے بچا لے گا۔ تیرے رب کے فضل سے؛ وہی عظیم کامیابی ہے۔ پس ہم نے اسے صرف تیری زبان سے آسان کر دیا ہے تاکہ وہ لوگ نصیحت حاصل کریں۔ پس دھیان (انتظار) کرو بیشک وہ بھی انتظار کر رہے ہیں۔

سورة الجَاثيَة

Surah al-Jasiyah

[The Kneeling]

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem

1. Ha Meem.
2. The revelation of the Book is from Allah, the Exalted in Might, the Wise.
3. Indeed, within the heavens and earth are signs for the believers.
4. And in the creation of yourselves and what He disperses of moving creatures are signs for people who are certain [in faith].
5. And [in] the alternation of night and day and [in] what Allah sends down from the sky of provision [i.e. rain] and gives life thereby to the earth after its lifelessness and [in His] directing of the winds are signs for a people who reason.
6. These are the verses of Allah which We recite to you with the Haqq. Then in what statement after Allah and His verses will they believe?
7. Woe to every sinful liar
8. Who hears the verses of Allah recited to him, then persists arrogantly as if he had not heard them. So give him tidings of a painful punishment.
9. And when he knows anything of Our verses, he takes them in ridicule. Those will have a humiliating punishment.
10. Before them is Hell, and what they had earned will not avail them at all nor what they had taken besides Allah as Aoliya. And they will have a great punishment.
11. This [Qur'an] is guidance. And those who have disbelieved in the verses of their Rabb will have a painful punishment of foul nature.
12. It is Allah who subjected to you the sea so that ships may sail upon it by His command and that you may seek of His bounty; and perhaps you will be grateful.
13. And He has subjected to you whatever is in the heavens and whatever is on the earth – all from Him. Indeed in that are signs for a people who give thought.
14. Say, [O Mohammad sawaw], to those who have believed that they [should] forgive those who expect not the days of Allah [i.e. those who have Marifat of the Masumeen swsa should teach those who don't have Marifat] so that He may recompense a people for what they used to earn.
15. Whoever does a good deed – it is for himself; and whoever does evil – it is against itself. Then to your Rabb you will be returned.
16. And We did certainly give the Children of Israel the Book and judgement and prophethood, and We provided them with good things and preferred them over the worlds.
17. And We gave them clear proofs of the matter [of religion]. And they did not differ except after knowledge had come to them – out of jealous animosity between themselves. Indeed, your Rabb will judge between them on the Day of Qiyamah concerning that over which they used to differ.
18. Then We put you [people] on Shariah of Amr; so follow it and do not follow the desires of those who do not know.
19. Indeed, they will never avail you against Allah at all. And indeed, the wrongdoers are Aoliya of one another; but Allah is the Wali of the righteous.
20. This [Qur'an] is enlightenment for mankind and guidance and mercy for a people who are certain [in faith].

سُوْرَةُ الجَاثِيَة

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیاز عام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

حٰمٓ ۔ کتاب کا نزول اللہ کی طرف سے ہے جو زبردست اور حکیم ہے۔ بیشک آسمانوں اور زمین میں مؤمنین کیلئے آیات ہیں۔ اور تمہاری اپنی خلقت میں اور جو وہ چلنے والے (جان دار) پھیلاتا ہے یقین کرنے والی قوم کیلئے آیات ہیں۔ اور لیل و نہار کے آنے جانے میں اور اس رزق میں جو اللہ نے آسمان سے نازل کیا ہے پھر اس سے زمین کو زندہ کر دیا اس کی موت کے بعد اور ہواؤں کی گردش میں عقل کرنے والی قوم کیلئے آیات ہیں۔ یہ اللہ کی آیات ہیں جن کو ہم تم پر حق کے ساتھ تلاوت کر رہے ہیں، پھر اللہ اور اس کی آیات کے بعد کس بات پر وہ ایمان لائیں گے۔ تباہی ہے ہر جھوٹے بدعمل کیلئے۔ جو اللہ کی آیات سنتا ہے جو اس پر تلاوت کی جاتی ہیں پھر تکبر کرتے ہوئے اصرار کرتا ہے گویا اس نے ان کو سنا ہی نہیں، پس اس کو درد ناک عذاب کی بشارت دے دو۔ اور جب وہ ہماری آیات میں سے کوئی چیز جان لیتا ہے تو اس کو مذاق بنا لیتا ہے؛ انہی لوگوں کیلئے ذلت آمیز عذاب ہے۔ ان کے آگے جہنم ہے، اور ان کے کچھ کام نہیں آئے گا جو کچھ انہوں نے کمایا اور نہ وہ جن کو انہوں نے اللہ کے علاوہ اولیاء بنا لیا ہے، اور ان کیلئے عظیم عذاب ہے۔ یہ ھدایت ہے، اور جن لوگوں نے اپنے رب کی آیات سے کفر کیا ان کیلئے دردناک سزا کا عذاب ہے۔ اللہ وہی ہے جس نے تمہارے لئے سمندر کو مسخر کیا تاکہ اس میں کشتیاں اس کے حکم سے چلیں اور تاکہ تم اس کے فضل میں سے تلاش کرو اور تاکہ تم شکر کرو۔ اور اس نے وہ ساری چیزیں اپنے پاس سے تمہارے لئے مسخر کر دیں جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں؛ بیشک اس میں تفکر کرنے والی قوم کیلئے واقعی آیات ہیں۔ (اے حبیبؐ) ان لوگوں کو کہہ دو جو ایمان لائے ہیں کہ وہ ان لوگوں کو بخش دیں جو ایام اللہ کی توقع نہیں رکھتے (یعنی جو معرفتِ معصومینؑ رکھتے ہیں وہ ان کو تعلیم کریں جو معرفت نہیں رکھتے) تاکہ اللہ اس قوم کو اس کی جزا دے جو وہ کماتے رہے ہیں۔ جو صالح عمل کرے گا تو اپنے نفس (کے فائدے) کیلئے، اور جو بُرائی کرے گا تو اسی پر (وبال) ہے، پھر تم سب اپنے رب کی طرف واپس لائے جاؤ گے۔ اور تحقیق ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب اور قوتِ فیصلہ اور نبوت عطا کی تھی اور ہم نے ان کو پاکیزہ چیزوں کا رزق دیا اور ہم نے ان کو تمام دنیا والوں پر فضیلت دی۔ اور ہم نے ان کو (دین کے) معاملہ میں واضح دلائل دیئے؛ پس انہوں نے اختلاف نہیں کیا مگر اس کے بعد کہ ان کے پاس علم آگیا تھا آپس میں ایک دوسرے پر زیادتی کرنے کیلئے؛ بیشک تیرا رب قیامت کے دن ان کے درمیان فیصلہ کر دے گا جن میں وہ اختلاف کیا کرتے تھے۔ پھر ہم نے تم (لوگوں) کو امر کی شریعت پر قائم کر دیا پس اسی کا اتباع کرو اور ان لوگوں کی خواہشات کا اتباع نہ کرو جو علم نہیں رکھتے۔ بیشک وہ اللہ کے مقابلے میں تمہارے کچھ کام نہیں آ سکتے؛ اور بیشک ظالم ایک دوسرے کے اولیاء ہیں، اور اللہ متقین کا ولی ہے۔ یہ لوگوں کیلئے بصیرت کی باتیں ہیں اور یقین رکھنے والی قوم کیلئے ھدایت و رحمت ہے۔

سُوْرَةُ الجَاثِيَة

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

حمٓ (١) تَنزِيلُ ٱلۡكِتَٰبِ مِنَ ٱللَّهِ ٱلۡعَزِيزِ ٱلۡحَكِيمِ
(٢) إِنَّ فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ لَأٓيَٰتٖ لِّلۡمُؤۡمِنِينَ (٣) وَفِي خَلۡقِكُمۡ وَمَا يَبُثُّ مِن دَآبَّةٍ
ءَايَٰتٞ لِّقَوۡمٖ يُوقِنُونَ (٤) وَٱخۡتِلَٰفِ ٱلَّيۡلِ
وَٱلنَّهَارِ وَمَآ أَنزَلَ ٱللَّهُ مِنَ ٱلسَّمَآءِ مِن رِّزۡقٖ
فَأَحۡيَا بِهِ ٱلۡأَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِهَا وَتَصۡرِيفِ ٱلرِّيَٰحِ
ءَايَٰتٞ لِّقَوۡمٖ يَعۡقِلُونَ (٥) تِلۡكَ ءَايَٰتُ ٱللَّهِ نَتۡلُوهَا
عَلَيۡكَ بِٱلۡحَقِّۖ فَبِأَيِّ حَدِيثِۭ بَعۡدَ ٱللَّهِ وَءَايَٰتِهِۦ
يُؤۡمِنُونَ (٦) وَيۡلٞ لِّكُلِّ أَفَّاكٍ أَثِيمٖ (٧) يَسۡمَعُ
ءَايَٰتِ ٱللَّهِ تُتۡلَىٰ عَلَيۡهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسۡتَكۡبِرٗا كَأَن لَّمۡ
يَسۡمَعۡهَاۖ فَبَشِّرۡهُ بِعَذَابٍ أَلِيمٖ (٨) وَإِذَا عَلِمَ مِنۡ
ءَايَٰتِنَا شَيۡـٔا ٱتَّخَذَهَا هُزُوًاۚ أُوْلَٰٓئِكَ لَهُمۡ عَذَابٞ
مُّهِينٞ (٩) مِّن وَرَآئِهِمۡ جَهَنَّمُۖ وَلَا يُغۡنِي عَنۡهُم
مَّا كَسَبُواْ شَيۡـٔٗا وَلَا مَا ٱتَّخَذُواْ مِن دُونِ ٱللَّهِ
أَوۡلِيَآءَۖ وَلَهُمۡ عَذَابٌ عَظِيمٞ (١٠) هَٰذَا هُدٗىۖ
وَٱلَّذِينَ كَفَرُواْ بِـَٔايَٰتِ رَبِّهِمۡ لَهُمۡ عَذَابٞ مِّن
رِّجۡزٍ أَلِيمٞ (١١) ۞ ٱللَّهُ ٱلَّذِي سَخَّرَ لَكُمُ
ٱلۡبَحۡرَ لِتَجۡرِيَ ٱلۡفُلۡكُ فِيهِ بِأَمۡرِهِۦ وَلِتَبۡتَغُواْ مِن
فَضۡلِهِۦ وَلَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُونَ (١٢) وَسَخَّرَ لَكُم مَّا
فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِي ٱلۡأَرۡضِ جَمِيعٗا مِّنۡهُۚ إِنَّ
فِي ذَٰلِكَ لَأٓيَٰتٖ لِّقَوۡمٖ يَتَفَكَّرُونَ (١٣) قُل لِّلَّذِينَ
ءَامَنُواْ يَغۡفِرُواْ لِلَّذِينَ لَا يَرۡجُونَ أَيَّامَ ٱللَّهِ
لِيَجۡزِيَ قَوۡمَۢا بِمَا كَانُواْ يَكۡسِبُونَ (١٤) مَنۡ
عَمِلَ صَٰلِحٗا فَلِنَفۡسِهِۦۖ وَمَنۡ أَسَآءَ فَعَلَيۡهَاۖ ثُمَّ إِلَىٰ
رَبِّكُمۡ تُرۡجَعُونَ (١٥) وَلَقَدۡ ءَاتَيۡنَا بَنِيٓ
إِسۡرَٰٓءِيلَ ٱلۡكِتَٰبَ وَٱلۡحُكۡمَ وَٱلنُّبُوَّةَ وَرَزَقۡنَٰهُم
مِّنَ ٱلطَّيِّبَٰتِ وَفَضَّلۡنَٰهُمۡ عَلَى ٱلۡعَٰلَمِينَ (١٦)
وَءَاتَيۡنَٰهُم بَيِّنَٰتٖ مِّنَ ٱلۡأَمۡرِۖ فَمَا ٱخۡتَلَفُوٓاْ إِلَّا مِنۢ
بَعۡدِ مَا جَآءَهُمُ ٱلۡعِلۡمُ بَغۡيَۢا بَيۡنَهُمۡۚ إِنَّ رَبَّكَ يَقۡضِي
بَيۡنَهُمۡ يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِ فِيمَا كَانُواْ فِيهِ يَخۡتَلِفُونَ
(١٧) ثُمَّ جَعَلۡنَٰكَ عَلَىٰ شَرِيعَةٖ مِّنَ ٱلۡأَمۡرِ
فَٱتَّبِعۡهَا وَلَا تَتَّبِعۡ أَهۡوَآءَ ٱلَّذِينَ لَا يَعۡلَمُونَ (١٨)
إِنَّهُمۡ لَن يُغۡنُواْ عَنكَ مِنَ ٱللَّهِ شَيۡـٔٗاۚ وَإِنَّ ٱلظَّٰلِمِينَ
بَعۡضُهُمۡ أَوۡلِيَآءُ بَعۡضٖۖ وَٱللَّهُ وَلِيُّ ٱلۡمُتَّقِينَ (١٩)
هَٰذَا بَصَٰٓئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدٗى وَرَحۡمَةٞ لِّقَوۡمٖ
يُوقِنُونَ (٢٠)

21. Or do those who commit evils think We will make them like those who have believed and done righteous deeds – [make them] equal in their life and their death? Evil is that which they judge [i.e. assume].
22. And Allah created the heavens and earth with the Haqq and so that every soul may be recompensed for what it has earned, and they will not be wronged.
23. Have you seen he who has taken as his god his [own] desire, and Allah has sent him astray due to knowledge [i.e. who declares his own Wilayat in spite of having knowledge of Wilayat e Ali swsa & paying allegiance to him] and has set a seal upon his hearing and his heart and put over his vision a veil? So who will guide him after Allah? Then will you not be reminded?
24. And they say, "There is not but our worldly life; we die and live, and nothing destroys us except time." And they have of that no knowledge; they are only assuming.
25. And when Our verses are recited to them as clear evidences, their argument is only that they say, "Bring [back] our forefathers, if you are truthful."
26. Say, "Allah causes you to live, then causes you to die; then He will assemble you for the Day of Qiyamah, about which there is no doubt, but most of the people do not know."
27. And to Allah belongs the dominion of the heavens and the earth. And the Day the Hour appears – that Day the falsifiers will lose [who were calling Deen of Allah Batil].
28. And you will see every nation kneeling [from fear]. Every nation will be called to its book [and told], "Today you will be recompensed for what you used to do.
29. This, Our book, speaks about you in truth [i.e. Kitab e Natiq of Allah are Mohammad o Aal e Mohammad swsa]. Indeed, We were having transcribed whatever you used to do."
30. So as for those who believed and did righteous deeds, their Rabb will admit them into His mercy. That is what is the clear attainment.
31. But as for those who disbelieved, [it will be said], "Were not Our verses recited to you, but you were arrogant and became a nation of criminals?
32. And when it was said, 'Indeed, the promise of Allah is truth and the Hour [of Qiyamah] – no doubt about it,' you said, 'We know not what is the Hour. We assume only assumption, and we are not convinced.' "
33. And the evil consequences of what they did will appear to them, and they will be enveloped by what they used to ridicule.
34. And it will be said, "Today We will forget you [i.e. to leave in punishment] as you forgot the meeting of this Day of yours, and your refuge is the Fire, and for you there are no helpers.
35. That is because you took the Ayaat [the Imams swsa] of Allah in ridicule, and worldly life deceived you." So that Day they will not be removed from it [Hell], nor will they be asked to appease [Allah].
36. So, to Allah belongs every praise – Rabb of the heavens and Rabb of the earth, Rabb of the Aalameen.
37. And to Him belongs [all] grandeur within the heavens and the earth, and He is the Exalted in Might, the Wise.

أَمۡ حَسِبَ ٱلَّذِينَ ٱجۡتَرَحُواْ ٱلسَّيِّـَٔاتِ أَن نَّجۡعَلَهُمۡ
كَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّـٰلِحَـٰتِ سَوَآءً
مَّحۡيَاهُمۡ وَمَمَاتُهُمۡۚ سَآءَ مَا يَحۡكُمُونَ (٢١)
وَخَلَقَ ٱللَّهُ ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضَ بِٱلۡحَقِّ
وَلِتُجۡزَىٰ كُلُّ نَفۡسِۭ بِمَا كَسَبَتۡ وَهُمۡ لَا
يُظۡلَمُونَ (٢٢) أَفَرَءَيۡتَ مَنِ ٱتَّخَذَ إِلَـٰهَهُۥ هَوَىٰهُ
وَأَضَلَّهُ ٱللَّهُ عَلَىٰ عِلۡمٖ وَخَتَمَ عَلَىٰ سَمۡعِهِۦ
وَقَلۡبِهِۦ وَجَعَلَ عَلَىٰ بَصَرِهِۦ غِشَـٰوَةٗ فَمَن يَهۡدِيهِ
مِنۢ بَعۡدِ ٱللَّهِۚ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ (٢٣) وَقَالُواْ مَا هِيَ
إِلَّا حَيَاتُنَا ٱلدُّنۡيَا نَمُوتُ وَنَحۡيَا وَمَا يُهۡلِكُنَآ إِلَّا
ٱلدَّهۡرُۚ وَمَا لَهُم بِذَٰلِكَ مِنۡ عِلۡمٍۖ إِنۡ هُمۡ إِلَّا
يَظُنُّونَ (٢٤) وَإِذَا تُتۡلَىٰ عَلَيۡهِمۡ ءَايَـٰتُنَا بَيِّنَـٰتٖ مَّا
كَانَ حُجَّتَهُمۡ إِلَّآ أَن قَالُواْ ٱئۡتُواْ بِـَٔابَآئِنَآ إِن كُنتُمۡ
صَـٰدِقِينَ (٢٥) قُلِ ٱللَّهُ يُحۡيِيكُمۡ ثُمَّ يُمِيتُكُمۡ ثُمَّ
يَجۡمَعُكُمۡ إِلَىٰ يَوۡمِ ٱلۡقِيَـٰمَةِ لَا رَيۡبَ فِيهِ وَلَـٰكِنَّ
أَكۡثَرَ ٱلنَّاسِ لَا يَعۡلَمُونَ (٢٦) وَلِلَّهِ مُلۡكُ
ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِۚ وَيَوۡمَ تَقُومُ ٱلسَّاعَةُ يَوۡمَئِذٖ
يَخۡسَرُ ٱلۡمُبۡطِلُونَ (٢٧) وَتَرَىٰ كُلَّ أُمَّةٖ جَاثِيَةٗۚ
كُلُّ أُمَّةٖ تُدۡعَىٰٓ إِلَىٰ كِتَـٰبِهَا ٱلۡيَوۡمَ تُجۡزَوۡنَ مَا
كُنتُمۡ تَعۡمَلُونَ (٢٨) هَـٰذَا كِتَـٰبُنَا يَنطِقُ عَلَيۡكُم
بِٱلۡحَقِّۚ إِنَّا كُنَّا نَسۡتَنسِخُ مَا كُنتُمۡ تَعۡمَلُونَ (٢٩)
فَأَمَّا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّـٰلِحَـٰتِ فَيُدۡخِلُهُمۡ
رَبُّهُمۡ فِي رَحۡمَتِهِۦۚ ذَٰلِكَ هُوَ ٱلۡفَوۡزُ ٱلۡمُبِينُ
(٣٠) وَأَمَّا ٱلَّذِينَ كَفَرُوٓاْ أَفَلَمۡ تَكُنۡ ءَايَـٰتِي تُتۡلَىٰ
عَلَيۡكُمۡ فَٱسۡتَكۡبَرۡتُمۡ وَكُنتُمۡ قَوۡمٗا مُّجۡرِمِينَ (٣١)
وَإِذَا قِيلَ إِنَّ وَعۡدَ ٱللَّهِ حَقّٞ وَٱلسَّاعَةُ لَا رَيۡبَ
فِيهَا قُلۡتُم مَّا نَدۡرِي مَا ٱلسَّاعَةُ إِن نَّظُنُّ إِلَّا ظَنّٗا
وَمَا نَحۡنُ بِمُسۡتَيۡقِنِينَ (٣٢) وَبَدَا لَهُمۡ سَيِّـَٔاتُ مَا
عَمِلُواْ وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُواْ بِهِۦ يَسۡتَهۡزِءُونَ
(٣٣) وَقِيلَ ٱلۡيَوۡمَ نَنسَىٰكُمۡ كَمَا نَسِيتُمۡ لِقَآءَ
يَوۡمِكُمۡ هَـٰذَا وَمَأۡوَىٰكُمُ ٱلنَّارُ وَمَا لَكُم مِّن
نَّـٰصِرِينَ (٣٤) ذَٰلِكُم بِأَنَّكُمُ ٱتَّخَذۡتُمۡ ءَايَـٰتِ ٱللَّهِ
هُزُوٗا وَغَرَّتۡكُمُ ٱلۡحَيَوٰةُ ٱلدُّنۡيَاۚ فَٱلۡيَوۡمَ لَا
يُخۡرَجُونَ مِنۡهَا وَلَا هُمۡ يُسۡتَعۡتَبُونَ (٣٥) فَلِلَّهِ
ٱلۡحَمۡدُ رَبِّ ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَرَبِّ ٱلۡأَرۡضِ رَبِّ
ٱلۡعَـٰلَمِينَ (٣٦) وَلَهُ ٱلۡكِبۡرِيَآءُ فِي ٱلسَّمَـٰوَٰتِ
وَٱلۡأَرۡضِۖ وَهُوَ ٱلۡعَزِيزُ ٱلۡحَكِيمُ (٣٧)

کیا جن لوگوں نے برائیوں کا ارتکاب کیا ہے ان کا خیال ہے کہ ہم انہیں ان لوگوں کی مانند قرار دیں گے جو ایمان لائے ہیں اور جنہوں نے صالح اعمال کئے ہیں، ان کی حیات اور ان کی ممات مساوی ہو؛ بہت بُرا ہے جو وہ فیصلہ کر رہے ہیں۔ اور اللہ نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ خلق کیا اور تاکہ ہر نفس کو اس کی جزا دے جو اس نے کمایا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ کیا پھر تم نے اس کو دیکھا جس نے اپنی خواہشِ نفس کو اپنا معبود بنا لیا اور اللہ نے اسے علم کی بنا پر گمراہ کر دیا (یعنی ولایتِ علیؑ کا علم رکھنے اور بیعت کرنے کے باوجود اپنی ولایت نصب کردی) اور اس کی سماعت اور اس کے قلب پر مہر لگا دی اور اس کی بصارت پر پردہ ڈال دیا؛ پس اللہ کے بعد اسے کون ہدایت دے گا؛ کیا پھر تم لوگ سبق نہیں لیتے۔ اور وہ کہتے ہیں کہ ہماری دنیا کی حیات کے سوا کچھ بھی نہیں، ہم مرتے ہیں اور ہم جیتے ہیں اور کوئی چیز ہمیں ہلاک نہیں کرتی سوائے زمانے کے، اور اس معاملے کا ان کو کچھ علم نہیں، سوائے ظن کے وہ کچھ نہیں کرتے۔ اور جب ان پر ہماری واضح آیات تلاوت کی جاتی ہیں تو ان کے پاس اس کے سوا کوئی حجت نہیں ہوتی کہ وہ کہتے ہیں کہ لے آؤ ہمارے باپ دادا کو اگر تم سچے ہو۔ (اے حبیبؐ) کہہ دو اللہ ہی تمہیں حیات دیتا ہے پھر وہ تمہیں موت دے گا پھر وہ تمہیں یومِ قیامت جمع کرے گا جس میں کوئی شک نہیں لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اور آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ کیلئے ہے؛ اور جس دن ساعت قائم ہو گی اس دن باطل پرست (اللہ کے دین کو باطل کہنے والے) خسارے میں ہو جائیں گے۔ اور تم ہر امت کو گھٹنوں کے بل دیکھو گے، ہر امت کو اس کی کتاب کی طرف بلایا جائے گا؛ آج تمہیں ان اعمال کی جزا دی جائے گی جو تم کرتے رہے تھے۔ یہ ہماری کتاب ہے جو تمہارے اوپر حق کے ساتھ بول رہی ہے (یعنی اللہ کی کتابِ ناطق محمدؐ وآلِ محمدؐ)؛ بیشک ہم لکھواتے رہے جو کچھ تم کرتے رہے تھے۔ پھر رہے وہ لوگ جو ایمان لائے اور جنہوں نے صالح اعمال کئے تو ان کا رب ان کو اپنی رحمت میں داخل کرے گا؛ یہی واضح کامیابی ہے۔ اور رہے وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا تھا، (ان سے کہا جائے گا) کیا پھر میری آیات تم پر تلاوت نہیں کی جاتی تھیں پھر تم نے تکبر کیا اور تم مجرموں کی قوم تھے۔ اور جب کہا جاتا تھا بیشک اللہ کا وعدہ حق سچ ہے اور ساعت (قیامت کی گھڑی) اس میں کوئی شک نہیں تو تم کہتے تھے ہمیں ادراک نہیں ساعت کیا ہوتی ہے، ہم گمان نہیں کرتے سوائے ظن کے اور ہم یقین کرنے والے نہیں ہیں۔ اور ان کیلئے بُرائیاں ظاہر ہو جائیں گی جو انہوں نے کیں اور ان کو وہ چیز گھیر لے گی جس کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھے۔ اور کہا جائے گا آج ہم تمہیں بُھلائے دیتے ہیں (یعنی عذاب میں ترک کرتے ہیں) جس طرح تم اپنے اس دن کی ملاقات کو بھول گئے تھے اور تمہاری پناہ گاہ نار ہے اور تمہارے لئے کوئی مدد گار نہیں۔ یہ اسلئے کہ تم نے اللہ کی آیات (آئمہؑ) کو مذاق بنا لیا تھا اور تمہیں دنیا کی حیات نے دھوکا دیا، پس آج وہ اس (دوزخ) میں سے نہیں نکالے جائیں گے اور نہ ان کو رحم کی درخواست کی اجازت ہو گی۔ پس ہر حمد اللہ کیلئے ہے آسمانوں کا رب اور زمین کا رب، رب العالمین۔ اور آسمانوں اور زمین میں اسی کیلئے بڑائی ہے اور وہ زبردست اور حکمت والا ہے۔

Surah al-Ahqaf
[Sandhills]

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem

1. Ha Meem.
2. The revelation of the Book is from Allah, the Exalted in Might, the Wise.
3. We did not create the heavens and earth and what is between them except with the Haqq and [for] a specified term. But those who disbelieve, from that of which they are warned, are turning away.
4. Say, [O Mohammad sawaw], "Have you considered that which you invoke besides Allah? Show me what they have created of the earth; or did they have partnership in [creation of] the heavens? Bring me a book [revealed] before this or a [remaining] trace of knowledge, if you are truthful."
5. And who is more astray than he who invokes besides Allah those who will not respond to him until the Day of Qiyamah [i.e. never], and they, of their invocation, are unaware.
6. And when the people are gathered [that Day], they [who were invoked] will be enemies to them, and they will be deniers of their worship.
7. And when Our verses are recited to them as clear evidences, those who disbelieve say of the Haqq when it has come to them, "This is obvious magic."
8. Or do they say, "He has invented it [the Qur'an]?" Say, "If I have invented it, you will not possess for me [the power of protection] from Allah at all. He is most knowing of what you are involved [and uttering] concerning it. Sufficient is He as Witness between me and you, and He is the Forgiving, the Merciful."
9. Say, "I am not something new among the Rasools, nor am I arrested to know what will be done with me or with you. I do not follow anything except which is revealed to me [about Ali swsa], and I am not but a clear warner."
10. Say, "Have you considered: if it [i.e. the Qur'an] was from Allah, and you disbelieved in it while a witness from the Children of Israel has testified to something similar and believed while you were arrogant…?" Indeed, Allah does not guide the wrongdoing people.
11. And those who disbelieve say about those who believe, "If it [i.e. the Qur'an] had [truly] been good, they would not have preceded us to it." And when they are not guided by it, they will say, "This is an ancient falsehood."
12. And before it was the Book of Musa a guide and a mercy. And this is a confirming Book in an Arabic language to warn those who have wronged and as good tidings to the doers of good.
13. Indeed, those who say, "Our Rabb is Allah," and then remain steadfast [on Wilayat e Ali swsa] – there will be no fear concerning them, nor will they grieve.
14. Those are the companions of the Paradise, abiding eternally therein as reward for what they used to do.

سُوْرَةُ الأحقاف

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیازعام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

حٰمٓ ۔ کتاب کا نزول اللہ زبردست اور حکمت والے کی طرف سے ہے۔ ہم نے خلق نہیں کیا آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے مگر حق کے ساتھ اور مقررہ مدت کیلئے؛ اور جن لوگوں نے کفر کیا وہ اس (حقیقت) سے منہ موڑے ہوئے ہیں جس سے ان کو خبر دار کیا گیا ہے۔ (اے حبیبؐ) کہہ دو کیا تم نے دیکھا (سوچا) کہ جن کو تم اللہ کے علاوہ پکارتے ہو، مجھے دکھاؤ انہوں نے زمین میں کیا خلق کیا ہے یا آسمانوں میں ان کا حصہ ہے؛لاؤ میرے پاس کوئی کتاب جو اس سے قبل آئی ہو یا علم کے کوئی (باقی) آثار اگر تم سچے ہو۔ اور اس شخص سے زیادہ گمراہ کون ہو گا جو اللہ کے علاوہ ان کو پکارتا ہے جو یومِ قیامت تک اسے جواب نہیں دے سکتے اور وہ ان کی دعا سے بھی غافل ہیں۔ اور جب تمام لوگ محشور کئے جائیں گے تو وہ ان (پکارنے والوں) کے دشمن ہوں گے اور وہ ان کی عبادت کے منکر ہوں گے۔ اور جب ان پر ہماری واضح آیات تلاوت کی جاتی ہیں تو جن لوگوں نے کفر کیا ہے وہ حق کے متعلق کہتے ہیں جب وہ ان کے پاس آگیا کہ یہ کھلا جادو ہے۔ یا وہ کہتے ہیں کہ اس نے اس (قرآن) کو خود گھڑ لیا ہے؛ کہہ دو اگر میں نے اسے گھڑ لیا ہے تو تم میرے لئے اللہ سے (بچاؤ کا) کچھ اختیار نہیں رکھتے؛ وہ خوب جانتا ہے جو تم اس کے بارے میں کہہ رہے ہو؛ میرے اور تمہارے درمیان وہی گواہ کافی ہے؛ اور وہ غفور اور رحیم ہے۔ کہہ دو میں رسولوں میں کوئی نیا تو نہیں ہوں اور نہ مجھے (جاننے سے) پکڑا ہے کہ میرے ساتھ کیا ہوگا اور تمہارے ساتھ؛ میں اتباع نہیں کرتا مگر جو وحی میری طرف کی جاتی ہے (علیؑ کے بارے میں) اور میں کچھ نہیں سوائے واضح خبردار کر دینے والے کے۔ کہہ دو کیا تم نے دیکھا (سوچا) کہ اگر یہ اللہ کی طرف سے ہو اور تم نے اس سے انکار کر دیا اور بنی اسرائیل میں سے ایک گواہ اس کے مثل (کلام) کی گواہی بھی دے چکا ہے پھر وہ ایمان لے آیا جبکہ تم نے تکبر کیا؛ بیشک اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا ہے انہوں نے ان لوگوں کے متعلق جو ایمان لائے ہیں کہا کہ اگر یہ (قرآن) خیر ہوتا تو وہ اس کی طرف ہم سے سبقت نہ لے جاتے؛ اور جب وہ اس سے ہدایت نہیں پاتے تو وہ کہیں گے یہ پرانا جھوٹ ہے۔ اور اس سے قبل موسٰیؑ کی کتاب پیشوا اور رحمت تھی؛ اور یہ کتاب تصدیق کرنے والی ہے عربی زبان میں تاکہ ان لوگوں کو خبردار کرے جنہوں نے ظلم کیا ہے اور نیکو کاروں کیلئے بشارت ہے۔ بیشک جو لوگ کہتے ہیں ہمارا رب اللہ ہے پھر (ولایتِ علیؑ پر) ثابت قدم رہتے ہیں تو ان پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ وہ اہلِ جنت ہیں اس میں ہمیشہ رہیں گے ان اعمال کی جزا میں جو وہ کرتے رہے تھے۔

سُوْرَةُ الأحقاف

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

حمٓ (١) تَنزِيلُ ٱلْكِتَـٰبِ مِنَ ٱللَّهِ ٱلْعَزِيزِ ٱلْحَكِيمِ
(٢) مَا خَلَقْنَا ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ
إِلَّا بِٱلْحَقِّ وَأَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ وَٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ عَمَّآ
أُنذِرُوا۟ مُعْرِضُونَ (٣) قُلْ أَرَءَيْتُم مَّا تَدْعُونَ
مِن دُونِ ٱللَّهِ أَرُونِى مَاذَا خَلَقُوا۟ مِنَ ٱلْأَرْضِ أَمْ
لَهُمْ شِرْكٌ فِى ٱلسَّمَـٰوَٰتِ ۖ ٱئْتُونِى بِكِتَـٰبٍ مِّن
قَبْلِ هَـٰذَآ أَوْ أَثَـٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ إِن كُنتُمْ صَـٰدِقِينَ
(٤) وَمَنْ أَضَلُّ مِمَّن يَدْعُوا۟ مِن دُونِ ٱللَّهِ مَن
لَّا يَسْتَجِيبُ لَهُۥٓ إِلَىٰ يَوْمِ ٱلْقِيَـٰمَةِ وَهُمْ عَن
دُعَآئِهِمْ غَـٰفِلُونَ (٥) وَإِذَا حُشِرَ ٱلنَّاسُ كَانُوا۟
لَهُمْ أَعْدَآءً وَكَانُوا۟ بِعِبَادَتِهِمْ كَـٰفِرِينَ (٦) وَإِذَا
تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ ءَايَـٰتُنَا بَيِّنَـٰتٍ قَالَ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟
لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ هَـٰذَا سِحْرٌ مُّبِينٌ (٧) أَمْ
يَقُولُونَ ٱفْتَرَىٰهُ ۖ قُلْ إِنِ ٱفْتَرَيْتُهُۥ فَلَا تَمْلِكُونَ لِى
مِنَ ٱللَّهِ شَيْـًٔا ۖ هُوَ أَعْلَمُ بِمَا تُفِيضُونَ فِيهِ ۖ كَفَىٰ
بِهِۦ شَهِيدًۢا بَيْنِى وَبَيْنَكُمْ ۖ وَهُوَ ٱلْغَفُورُ ٱلرَّحِيمُ
(٨) قُلْ مَا كُنتُ بِدْعًا مِّنَ ٱلرُّسُلِ وَمَآ أَدْرِى
مَا يُفْعَلُ بِى وَلَا بِكُمْ ۖ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَىٰٓ إِلَىَّ
وَمَآ أَنَا۠ إِلَّا نَذِيرٌ مُّبِينٌ (٩) قُلْ أَرَءَيْتُمْ إِن كَانَ
مِنْ عِندِ ٱللَّهِ وَكَفَرْتُم بِهِۦ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنۢ بَنِىٓ
إِسْرَٰٓءِيلَ عَلَىٰ مِثْلِهِۦ فَـَٔامَنَ وَٱسْتَكْبَرْتُمْ ۖ إِنَّ ٱللَّهَ
لَا يَهْدِى ٱلْقَوْمَ ٱلظَّـٰلِمِينَ (١٠) وَقَالَ ٱلَّذِينَ
كَفَرُوا۟ لِلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لَوْ كَانَ خَيْرًا مَّا سَبَقُونَآ
إِلَيْهِ ۚ وَإِذْ لَمْ يَهْتَدُوا۟ بِهِۦ فَسَيَقُولُونَ هَـٰذَآ إِفْكٌ
قَدِيمٌ (١١) وَمِن قَبْلِهِۦ كِتَـٰبُ مُوسَىٰٓ إِمَامًا
وَرَحْمَةً ۚ وَهَـٰذَا كِتَـٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا
لِّيُنذِرَ ٱلَّذِينَ ظَلَمُوا۟ وَبُشْرَىٰ لِلْمُحْسِنِينَ (١٢)
إِنَّ ٱلَّذِينَ قَالُوا۟ رَبُّنَا ٱللَّهُ ثُمَّ ٱسْتَقَـٰمُوا۟ فَلَا خَوْفٌ
عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ (١٣) أُو۟لَـٰٓئِكَ أَصْحَـٰبُ
ٱلْجَنَّةِ خَـٰلِدِينَ فِيهَا جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوا۟ يَعْمَلُونَ
(١٤)

15. And We have instructed to man, to his parents, good treatment. His mother carried him with hardship and gave birth to him with hardship, and his gestation and weaning [period] is thirty months. [He grows] until, when he reaches maturity and reaches [the age of] forty years, he says, "My Rabb, enable me to be grateful for Your favour which You have bestowed upon me and upon my parents and to work righteousness of which You will approve and make righteous for me my offspring. Indeed, I have repented to You, and indeed, I am of the Muslims."
16. Those are the ones from whom We will accept the best of what they did and overlook their misdeeds, [their being] among the companions of the Paradise. [That is] the promise of truth which they had been promised.
17. But one who says to his parents, "Uff [fie] to you; do you promise me that I will be brought forth [from the earth] when generations before me have already passed on [into oblivion]?" while they both call to Allah for help [and to their son], "Woe to you! Believe! Indeed, the promise of Allah is truth." But he says, "This is not but legends of the former peoples" –
18. Those are the ones upon whom the word [i.e. decree] has come true, [who will be] among nations which had passed on before them of jinn and men. Indeed, they [all] were losers.
19. And for all there are degrees [of reward and punishment] for what they have done, and [it is] so that He may fully compensate them for their deeds, and they will not be wronged.
20. And the Day those who disbelieved are exposed to the Fire [it will be said to those enemies of the Haqq], "You exhausted your pleasures during your worldly life and enjoyed them, so this Day you will be awarded the punishment of [extreme] humiliation because you were arrogant upon the earth without right and because you were defiantly disobedient."
21. And mention, [O Mohammad sawaw], the brother of Aad, when he warned his people in [the region of] al-Ahqaf – and warners had already passed on before him and after him – [saying], "Do not worship except Allah. Indeed, I fear for you the punishment of a grievous day."
22. They said, "Have you come to delude us away from our gods? Then bring us what you promise us, if you are of the truthful."
23. He said, "Knowledge [of its time] is only with Allah, and I convey to you that with which I was sent; but I see you [to be] a people behaving ignorantly."
24. And when they saw it as a cloud approaching their valleys, they said, "This is a cloud bringing us rain!" Rather, it is that for which you were impatient: a wind, within it a painful punishment,
25. Destroying everything by command of its Rabb. And they became so that nothing could be seen [of them] except their dwellings. Thus do We recompense the criminal people.
26. And We had certainly established them in such as We have not established you, and We made for them hearing and vision and hearts [i.e. intellect]. But their hearing and vision and hearts availed them not from anything [of the punishment] when they were [continually] rejecting the signs of Allah; and they were enveloped by what they used to ridicule.

وَوَصَّيْنَا ٱلْإِنسَـٰنَ بِوَٰلِدَيْهِ إِحْسَـٰنًا ۖ حَمَلَتْهُ أُمُّهُۥ
كُرْهًا وَوَضَعَتْهُ كُرْهًا ۖ وَحَمْلُهُۥ وَفِصَـٰلُهُۥ
ثَلَـٰثُونَ شَهْرًا ۚ حَتَّىٰٓ إِذَا بَلَغَ أَشُدَّهُۥ وَبَلَغَ أَرْبَعِينَ
سَنَةً قَالَ رَبِّ أَوْزِعْنِىٓ أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ ٱلَّتِىٓ
أَنْعَمْتَ عَلَىَّ وَعَلَىٰ وَٰلِدَىَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَـٰلِحًا
تَرْضَىٰهُ وَأَصْلِحْ لِى فِى ذُرِّيَّتِىٓ ۖ إِنِّى تُبْتُ إِلَيْكَ
وَإِنِّى مِنَ ٱلْمُسْلِمِينَ (١٥) أُو۟لَـٰٓئِكَ ٱلَّذِينَ نَتَقَبَّلُ
عَنْهُمْ أَحْسَنَ مَا عَمِلُوا۟ وَنَتَجَاوَزُ عَن سَيِّـَٔاتِهِمْ
فِىٓ أَصْحَـٰبِ ٱلْجَنَّةِ ۖ وَعْدَ ٱلصِّدْقِ ٱلَّذِى كَانُوا۟
يُوعَدُونَ (١٦) وَٱلَّذِى قَالَ لِوَٰلِدَيْهِ أُفٍّ لَّكُمَآ
أَتَعِدَانِنِىٓ أَنْ أُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ ٱلْقُرُونُ مِن قَبْلِى
وَهُمَا يَسْتَغِيثَانِ ٱللَّهَ وَيْلَكَ ءَامِنْ إِنَّ وَعْدَ ٱللَّهِ
حَقٌّ فَيَقُولُ مَا هَـٰذَآ إِلَّآ أَسَـٰطِيرُ ٱلْأَوَّلِينَ (١٧)
أُو۟لَـٰٓئِكَ ٱلَّذِينَ حَقَّ عَلَيْهِمُ ٱلْقَوْلُ فِىٓ أُمَمٍ قَدْ
خَلَتْ مِن قَبْلِهِم مِّنَ ٱلْجِنِّ وَٱلْإِنسِ ۖ إِنَّهُمْ كَانُوا۟
خَـٰسِرِينَ (١٨) وَلِكُلٍّ دَرَجَـٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوا۟ ۖ
وَلِيُوَفِّيَهُمْ أَعْمَـٰلَهُمْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ (١٩) وَيَوْمَ
يُعْرَضُ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ عَلَى ٱلنَّارِ أَذْهَبْتُمْ
طَيِّبَـٰتِكُمْ فِى حَيَاتِكُمُ ٱلدُّنْيَا وَٱسْتَمْتَعْتُم بِهَا فَٱلْيَوْمَ
تُجْزَوْنَ عَذَابَ ٱلْهُونِ بِمَا كُنتُمْ تَسْتَكْبِرُونَ فِى
ٱلْأَرْضِ بِغَيْرِ ٱلْحَقِّ وَبِمَا كُنتُمْ تَفْسُقُونَ (٢٠)
۞ وَٱذْكُرْ أَخَا عَادٍ ۘ إِذْ أَنذَرَ قَوْمَهُۥ بِٱلْأَحْقَافِ
وَقَدْ خَلَتِ ٱلنُّذُرُ مِنۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِۦٓ أَلَّا
تَعْبُدُوٓا۟ إِلَّا ٱللَّهَ إِنِّىٓ أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ
عَظِيمٍ (٢١) قَالُوٓا۟ أَجِئْتَنَا لِتَأْفِكَنَا عَنْ ءَالِهَتِنَا
فَأْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ إِن كُنتَ مِنَ ٱلصَّـٰدِقِينَ (٢٢)
قَالَ إِنَّمَا ٱلْعِلْمُ عِندَ ٱللَّهِ وَأُبَلِّغُكُم مَّآ أُرْسِلْتُ بِهِۦ
وَلَـٰكِنِّىٓ أَرَىٰكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُونَ (٢٣) فَلَمَّا رَأَوْهُ
عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ أَوْدِيَتِهِمْ قَالُوا۟ هَـٰذَا عَارِضٌ
مُّمْطِرُنَا ۚ بَلْ هُوَ مَا ٱسْتَعْجَلْتُم بِهِۦ ۖ رِيحٌ فِيهَا
عَذَابٌ أَلِيمٌ (٢٤) تُدَمِّرُ كُلَّ شَىْءٍۭ بِأَمْرِ رَبِّهَا
فَأَصْبَحُوا۟ لَا يُرَىٰٓ إِلَّا مَسَـٰكِنُهُمْ ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِى
ٱلْقَوْمَ ٱلْمُجْرِمِينَ (٢٥) وَلَقَدْ مَكَّنَّـٰهُمْ فِيمَآ إِن
مَّكَّنَّـٰكُمْ فِيهِ وَجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَأَبْصَـٰرًا وَأَفْـِٔدَةً
فَمَآ أَغْنَىٰ عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَلَآ أَبْصَـٰرُهُمْ وَلَآ
أَفْـِٔدَتُهُم مِّن شَىْءٍ إِذْ كَانُوا۟ يَجْحَدُونَ بِـَٔايَـٰتِ ٱللَّهِ
وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا۟ بِهِۦ يَسْتَهْزِءُونَ (٢٦)

اور ہم نے انسان کو ہدایت کی کہ وہ اپنے والدین سے حُسنِ سلوک کرے؛ اس کی ماں نے اسے مشقت سے اٹھایا اور مشقت سے اسے جنا؛ اور اس کے حمل اور اس کے دودھ چھڑانے میں تیس مہینے لگے؛ حتیٰ کہ جب وہ اپنی بلوغت کو پہنچا اور چالیس سال (کی عمر) کو پہنچا، اس نے کہا اے میرے رب مجھے توفیق دے کہ میں تیری اس نعمت کا شکر ادا کروں جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر انعام فرمائی اور یہ کہ میں ایسا صالح عمل کروں جس سے تو راضی ہو اور میری اولاد کو بھی میرے لئے صالح بنا دے، بیشک میں نے تیرے حضور توبہ کی اور بیشک میں مسلمانوں میں سے ہوں۔ یہ وہ لوگ ہیں جن سے ہم وہ بہترین اعمال قبول کرتے ہیں جو انہوں نے کئے ہوں اور ہم ان کی برائیوں سے درگذر کر جاتے ہیں یہ اہلِ جنت میں ہوں گے؛ سچا وعدہ جو ان سے کیا جاتا تھا۔ اور جس شخص نے اپنے والدین سے کہا اُف تم دونوں کیلئے، کیا تم مجھے وعدہ دیتے ہو کہ میں (قبر سے) نکالا جاؤں گا اور مجھ سے قبل کئی نسلیں گذر چکی ہیں، اور وہ دونوں اللہ سے استغاثہ کرتے ہیں، (کہتے ہیں) تیری تباہی، ایمان لے آ، بیشک اللہ کا وعدہ حق ہے، تو وہ کہتا ہے یہ کچھ نہیں ہے سوائے پہلے لوگوں کے قصے کہانیوں کے۔ یہ وہی لوگ ہیں جن پر اللہ کا قول حق ثابت ہو چکا ہے جنوں اور انسانوں کی ان امتوں میں (ہوں گے) جو ان سے قبل گذر چکی ہیں؛ بیشک وہ خسارہ پانے والے تھے۔ اور ہر ایک کیلئے درجات ہیں ان اعمال کے لحاظ سے جو انہوں نے کئے ہیں، اور تاکہ وہ ان کے اعمال کا ان کو پورا بدلہ دے اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ اور جس دن ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا ہے نار کے سامنے پیش کیا جائے گا، (ان دشمنانِ حق سے کہا جائے گا) تم نے ختم کر لیں اپنی آسائشیں اپنی دنیا کی زندگی میں اور تم نے ان سے لطف اٹھا لیا، پس آج تمہیں ذلت کے عذاب سے جزا دی جائے گی اسلئے کہ تم زمین میں بغیر حق کے تکبر کرتے تھے اور اسلئے کہ تم نافرمانیاں کرتے تھے۔ اور عاد کے بھائی کا ذکر کرو؛ جب اس نے احقاف میں اپنی قوم کو خبردار کیا تھا اور خبردار کرنے والے اس سے پہلے بھی گذر چکے ہیں اور اس کے بعد بھی کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو؛ بیشک میں تم پر ایک عظیم دن کے عذاب سے خوف کھاتا ہوں۔ انہوں نے کہا کیا تو اسلئے ہمارے پاس آیا ہے کہ تو ہمیں ہمارے معبودوں سے بہکا دے، پھر تو ہم پر وہ (عذاب) لے آ جس کا تو ہم سے وعدہ کرتا ہے اگر تو سچوں میں سے ہے۔ اس نے کہا علم صرف اللہ کے پاس ہے، اور میں تمہیں وہ (پیغام) پہنچاتا ہوں جس کے ساتھ مجھے بھیجا گیا ہے لیکن میں تمہیں جہالت برتنے والی قوم دیکھتا ہوں۔ پھر جب انہوں نے اس (عذاب) کو دیکھا بادل (کی شکل) اپنی وادیوں کی طرف آتے ہوئے تو انہوں نے کہا یہ بادل ہمارے لئے بارش لایا ہے؛ بلکہ وہ وہی چیز ہے جس کیلئے تم عجلت کرتے تھے؛ ہوا جس میں درد ناک عذاب تھا۔ اپنے رب کے حکم سے ہر شئ تباہ کرنے والا پھر وہ (اس طرح) ہو گئے کہ ان کے مساکن کے سوا کچھ نظر نہیں آتا تھا؛ اس طرح ہم مجرم قوم کو جزا دیتے ہیں۔ اور تحقیق ہم نے ان کو ان چیزوں میں اقتدار دیا تھا جن میں ہم نے تم لوگوں کو نہیں دیا اور ہم نے ان کی سماعتیں اور بصارتیں اور دل بنائے تھے مگر ان کی سماعتیں ان کے کچھ کام نہ آئیں اور نہ ان کی بصارتیں اور نہ ان کے دل، اسلئے کہ وہ اللہ کی آیات سے انکار کرتے تھے اور ان کو اسی چیز نے گھیر لیا جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔

27. And We have already destroyed what surrounds you of [those] cities, and We have diversified the signs [or verses] that perhaps they might return [from disbelief].
28. Then why did not those help them whom they took besides Allah as gods by which to approach [Him]? But they were lost from them. And that was their falsehood and what they were inventing.
29. And [mention, O Mohammad sawaw], when We directed to you a group of the jinn, listening to the Qur'an. And when they attended it, they said, "Listen quietly." And when it was concluded, they went back to their people as warners.
30. They said, "O our people, indeed we have heard a [recited] Book revealed after Musa confirming what was before it which guides to the truth and to a straight path.
31. O our people, respond to the Caller [i.e. the Rasool] of Allah and believe in him; He will forgive for you your sins and protect you from a painful punishment.
32. But he who does not respond to the Caller of Allah will not cause failure [to Him] upon earth, and he will not have besides Him any guardians. Those are in manifest error."
33. Do they not see that Allah, Who created the heavens and earth and was not tired by their creation, is able to give life to the dead? Yes. Indeed, He is over all things competent.
34. And the Day those who disbelieved are exposed to the Fire [it will be said], "Is this not the truth?" They will say, "Yes, by our Rabb." He will say, "Then taste the punishment for what you used to deny."
35. So be patient, [O Mohammad sawaw], as were those of determination among the Rasools and do not be impatient for them. It will be – on the Day they see that which they are promised – as though they had not remained [in the world] except an hour of a day. [This is] notification. So will any be destroyed except the defiantly disobedient people?

وَلَقَدۡ أَهۡلَكۡنَا مَا حَوۡلَكُم مِّنَ ٱلۡقُرَىٰ وَصَرَّفۡنَا ٱلۡأٓيَٰتِ لَعَلَّهُمۡ يَرۡجِعُونَ (٢٧) فَلَوۡلَا نَصَرَهُمُ ٱلَّذِينَ ٱتَّخَذُواْ مِن دُونِ ٱللَّهِ قُرۡبَانًا ءَالِهَةَۢۖ بَلۡ ضَلُّواْ عَنۡهُمۡۚ وَذَٰلِكَ إِفۡكُهُمۡ وَمَا كَانُواْ يَفۡتَرُونَ (٢٨) وَإِذۡ صَرَفۡنَآ إِلَيۡكَ نَفَرٗا مِّنَ ٱلۡجِنِّ يَسۡتَمِعُونَ ٱلۡقُرۡءَانَ فَلَمَّا حَضَرُوهُ قَالُوٓاْ أَنصِتُواْۖ فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوۡاْ إِلَىٰ قَوۡمِهِم مُّنذِرِينَ (٢٩) قَالُواْ يَٰقَوۡمَنَآ إِنَّا سَمِعۡنَا كِتَٰبًا أُنزِلَ مِنۢ بَعۡدِ مُوسَىٰ مُصَدِّقٗا لِّمَا بَيۡنَ يَدَيۡهِ يَهۡدِيٓ إِلَى ٱلۡحَقِّ وَإِلَىٰ طَرِيقٖ مُّسۡتَقِيمٖ (٣٠) يَٰقَوۡمَنَآ أَجِيبُواْ دَاعِيَ ٱللَّهِ وَءَامِنُواْ بِهِۦ يَغۡفِرۡ لَكُم مِّن ذُنُوبِكُمۡ وَيُجِرۡكُم مِّنۡ عَذَابٍ أَلِيمٖ (٣١) وَمَن لَّا يُجِبۡ دَاعِيَ ٱللَّهِ فَلَيۡسَ بِمُعۡجِزٖ فِي ٱلۡأَرۡضِ وَلَيۡسَ لَهُۥ مِن دُونِهِۦٓ أَوۡلِيَآءُۚ أُوْلَٰٓئِكَ فِي ضَلَٰلٖ مُّبِينٍ (٣٢) أَوَلَمۡ يَرَوۡاْ أَنَّ ٱللَّهَ ٱلَّذِي خَلَقَ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ وَلَمۡ يَعۡيَ بِخَلۡقِهِنَّ بِقَٰدِرٍ عَلَىٰٓ أَن يُحۡـِۧيَ ٱلۡمَوۡتَىٰۚ بَلَىٰٓ إِنَّهُۥ عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ قَدِيرٞ (٣٣) وَيَوۡمَ يُعۡرَضُ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ عَلَى ٱلنَّارِ أَلَيۡسَ هَٰذَا بِٱلۡحَقِّۚ قَالُواْ بَلَىٰ وَرَبِّنَاۚ قَالَ فَذُوقُواْ ٱلۡعَذَابَ بِمَا كُنتُمۡ تَكۡفُرُونَ (٣٤) فَٱصۡبِرۡ كَمَا صَبَرَ أُوْلُواْ ٱلۡعَزۡمِ مِنَ ٱلرُّسُلِ وَلَا تَسۡتَعۡجِل لَّهُمۡۚ كَأَنَّهُمۡ يَوۡمَ يَرَوۡنَ مَا يُوعَدُونَ لَمۡ يَلۡبَثُوٓاْ إِلَّا سَاعَةٗ مِّن نَّهَارِۭۚ بَلَٰغٞۚ فَهَلۡ يُهۡلَكُ إِلَّا ٱلۡقَوۡمُ ٱلۡفَٰسِقُونَ (٣٥)

اور تحقیق تمہارے ارد گرد جو بستیاں ہیں ان کو ہم نے ہلاک کیا اور باربار مختلف طریقے سے آیات بھیجیں شاید کہ وہ پلٹ آئیں۔ پھر کیوں نہ انہوں نے ان کی نصرت کی جن کو انہوں نے اللہ کے علاوہ قرب حاصل کرنے کیلئے معبود بنا لیا تھا؛ بلکہ وہ ان سے گم ہو گئے، اور یہ ان کا جھوٹ تھا اور جو وہ گھڑا کرتے تھے۔ اور جب ہم نے جنوں کے ایک گروہ کو تمہاری طرف بھیجا تاکہ وہ قرآن سنیں، پھر جب وہ وہاں حاضر ہو گئے تو انہوں نے (آپس میں) کہا خاموش رہو، پھر جب (تلاوت) ختم ہو گئی تو وہ خبردار کرنے والے بن کر اپنی قوم کی طرف پلٹے۔ انہوں نے کہا اے ہماری قوم بیشک ہم نے ایک کتاب سنی ہے جو موسیٰؑ کے بعد نازل کی گئی ہے تصدیق کرنے والی ہے ان (کتابوں) کی جو اس سے پہلے ہیں، حق کی طرف اور سیدھے راستے کی طرف ھدایت دیتی ہے۔ اے ہماری قوم اللہ کی طرف دعوت دینے والے کی دعوت قبول کر لو اور اس پر ایمان لے آؤ وہ تمہارے گناہوں کو تمہارے لئے بخش دے گا اور تمہیں درد ناک عذاب سے بچا لے گا۔ اور جو اللہ کی طرف بلانے والے کی دعوت قبول نہیں کرے گا تو وہ زمین میں عاجز کر سکنے والا نہیں ہے اور اللہ کے سوا اس کے کوئی اولیاء نہیں ہیں؛ وہ کھلی گمراہی میں ہیں۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا (سوچا) بیشک اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو خلق کیا ہے اور ان کی تخلیق سے نہیں تھکا وہ اس پر قادر ہے کہ مُردوں کو زندہ کر دے؛ کیوں نہیں بیشک وہ ہر شئ پر قادر ہے۔ اور جس دن ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا ہے نار پر پیش کیا جائے گا؛ (پوچھا جائے گا) کیا یہ حق نہیں ہے؛ وہ کہیں گے کیوں نہیں ہمارے رب کی قسم؛ اللہ کہے گا پس عذاب کا ذائقہ چکھو اسلئے کہ تم کفر کرتے تھے۔ پس (اے حبیبؐ) صبر کرو جس طرح رسولوں میں سے اولوا العزم نے صبر کیا اور ان کیلئے (عذاب کی) عجلت نہ کرو؛ جس دن وہ اس چیز کو دیکھ لیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جا رہا ہے (تو ایسا لگے گا) گویا کہ وہ (دنیا میں) نہیں رہے مگر دن کی ایک گھڑی؛ بات پہنچا دی گئی، پھر کیا کوئی اور ھلاک کیا جائے گا سوائے فاسقوں کی قوم کے۔

Surah Mohammad sawaw

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem

1. Those who disbelieved [after martyrdom of the Rasool sawaw] and prohibited [people] from the Sabeel of Allah [i.e. Maola Ali swsa] – He will waste their deeds.
2. And those who believe and do righteous deeds and believe in what has been sent down upon Mohammad [about Ali swsa] – and it [i.e. Ali swsa] is the Haqq from their Rabb – He will remove from them their misdeeds and amend their condition.
3. That is because those who disbelieve follow Batil [enemies of Mohammad sawaw & Ali swsa], and those who believe follow the Haqq from their Rabb. Thus does Allah present to the people their examples.
4. So when you meet those who disbelieve [in battle], strike [their] necks until, when you have inflicted slaughter upon them, then secure their bonds, and either [confer] favour afterwards or ransom [them] until the war lays down its burdens. That [is the command]. And if Allah had willed, He could have taken vengeance upon them [Himself], but [He ordered armed struggle] to test some of you by means of others. And those who are killed in the path of Allah – never will He waste their deeds.
5. He will guide them and amend their condition
6. And admit them to Paradise, which He has made known to them.
7. O you who believe, if you support Allah, He will support you and plant firmly your feet.
8. And those who disbelieve – for them is destruction, and He will waste their deeds.
9. That is because they disliked what Allah revealed [about Ali swsa], so He rendered worthless their deeds.
10. Have they not traveled through the land [i.e. have not read the Qur'an] and seen how was the end of those before them? Allah destroyed [everything] over them, and for the disbelievers [in Wilayat e Ali swsa] is something comparable.
11. That is because Allah is the Maola of those who believe and because the disbelievers have no Maola for them.
12. Indeed, Allah will admit those who believe and do righteous deeds [according to Wilayat e Ali swsa] to gardens beneath which rivers flow, and those who disbelieve enjoy themselves and eat as cattle eat, and the Fire will be a residence for them.
13. And how many a city was stronger than your city [i.e. Makkah] from which you are driven out? We destroyed them; and there was no helper for them.
14. So is he [i.e. Ali swsa] who is on clear evidence from his Rabb like him [usurper of rights] to whom the evil of his work has been made attractive and they follow their [own] desires?
15. A description of Paradise, which the righteous are promised, wherein are rivers of water unaltered, rivers of milk the taste of which never changes, rivers of drink delicious to those who drink, and rivers of purified honey, in which they will have from all [kinds of] fruits and forgiveness from their Rabb... [Are its inhabitants] like those who abide eternally in the Fire and are given to drink scalding water that will sever their [i.e. hypocrites'] intestines?
16. And among them, [O Mohammad sawaw], are those [hypocrites] who listen to you, until when they depart from you, they say to those who have been given the knowledge, "What has he said just now?" Those are the ones of whom Allah has sealed over their hearts and who follow their [own] desires.

مَاذَا قَالَ ءَانِفًا ۚ أُوْلَـٰٓئِكَ ٱلَّذِينَ طَبَعَ ٱللَّهُ عَلَىٰ
قُلُوبِهِمْ وَٱتَّبَعُوٓاْ أَهْوَآءَهُمْ (١٦)

سُوْرَةُ محَمَّدٌ

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیازعام رحم کرنے والا،
مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

جن لوگوں نے کفر کیا (شہادتِ رسولؐ کے بعد) اور اللہ کی سبیل (مولا علیؑ) سے روکا اللہ نے ان کے اعمال کو ضائع کر دیا۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے صالح اعمال کئے اور اس پر ایمان لائے جو محمدؐ پر نازل کیا گیا ہے (علیؑ کے بارے میں) اور وہ (علیؑ) حق ہے ان کے رب کی طرف سے، اللہ نے ان کی بُرائیاں ان سے مٹا دیں اور ان کا حال درست کر دیا۔ یہ اسلئے کہ جن لوگوں نے کفر کیا ہے انہوں نے باطل (اعداء محمدؐ وعلیؑ) کا اتباع کیا ہے اور بیشک جو لوگ ایمان لائے ہیں انہوں نے حق کا اتباع کیا ہے جو ان کے رب کی طرف سے ہے؛ اس طرح اللہ لوگوں کیلئے ان کی مثالیں پیش کرتا ہے۔ پس جب تمہاری مدبھیڑ ہو ان لوگوں سے جنہوں نے کفر کیا ہے تو گردنیں مارنا ہے؛ حتیٰ کہ جب تم ان کو کچل دو تو سخت میثاق کرو پھر یا اس کے بعد احسان کرو یا فدیہ لے لو حتیٰ کہ جنگ اپنے ہتھیار رکھ دے، یہ ہے؛ اور اگر اللہ چاہتا تو ضرور خود ان سے بدلہ لے لیتا لیکن (جنگ اسلئے) تاکہ تم لوگوں کو ایک دوسرے کے ذریعے آزمائے؛ اور جو لوگ اللہ کی سبیل میں قتل ہو جائیں تو اللہ ان کے اعمال کو ہرگز ضائع نہ کرے گا۔ وہ ان کی ہدایت کرے گا اور ان کا حال درست کر دے گا۔ اور ان کو اس جنت میں داخل کرے گا جس کا ان کو تعارف کرا چکا ہے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو اگر تم اللہ کی نصرت کرو گے تو وہ تمہاری نصرت کرے گا اور تمہارے قدموں کو ثابت رکھے گا۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا ہے تو ان کیلئے ہلاکت ہے اور اللہ نے ان کے اعمال کو ضائع کر دیا ہے۔ یہ اسلئے کہ انہوں نے اس کو ناپسند کیا جو اللہ نے (علیؑ کے بارے میں) نازل کیا ہے تو اللہ نے ان کے اعمال ضائع کر دیئے۔ کیا پھر وہ زمین میں چلے پھرے نہیں (یعنی کیا قرآن نہیں پڑھا) پھر وہ دیکھتے کہ ان لوگوں کا انجام کیسا ہوا جو ان سے قبل تھے؛ اللہ نے ان پر تباہی کر دی، اور (ولایتِ علیؑ کے) کافروں کیلئے بھی اسی کی مثل (انجام) ہیں۔ یہ اسلئے کہ اللہ ان لوگوں کا مولا ہے جو ایمان لائے ہیں اور بیشک کافروں کیلئے کوئی مولا نہیں۔ بیشک اللہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے ہیں اور جنہوں نے (ولایتِ علیؑ کے ساتھ) صالح اعمال کئے ہیں ان جنتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں؛ اور جن لوگوں نے کفر کیا ہے وہ مزے کر رہے ہیں اور وہ کھا رہے ہیں جس طرح جانور کھاتے ہیں اور نار ان کیلئے ٹھکانا ہے۔ اور کتنی ہی بستیاں تھیں جو تمہاری بستی سے زیادہ طاقتور تھیں جس سے تمہیں نکال دیا ہے ہم نے انہیں ہلاک کر دیا اور ان کا کوئی ناصر نہ تھا۔ کیا پھر وہ (علیؑ) جو اپنے رب کی طرف سے واضح دلیل پر ہو اس (غاصبِ حق) کی طرح ہو سکتا ہے جس کیلئے اس کا بُرا عمل خوشنما بنا دیا گیا ہو اور وہ اپنی نفسانی خواہشات کا اتباع کرتے ہوں۔ اس جنت کا حال جس کا متقین سے وعدہ کیا گیا ہے؛ اس میں صاف تازے پانی کی نہریں ہوں گی اور ایسے دودھ کی نہریں جس کو مزا بدلا نہیں ہوگا، اور ایسے مشروب کی نہریں جو پینے والوں کیلئے لذیذ ہو گا، اور صاف شہد کی نہریں؛ اور ان میں ان کیلئے ہر طرح کے ثمرات ہوں گے اور ان کے رب کی طرف سے مغفرت؛ (کیا جنتی ہو سکتے ہیں) اس کی طرح جو نار میں ہمیشہ رہیں گے اور جن کو ایسا گرم پانی پلایا جائے گا جو ان (منافقین) کی آنتوں کو قطع کر دے گا۔ اور ان (منافقین) میں سے کچھ ایسے ہیں جو تمہاری بات سنتے ہیں حتیٰ کہ جب تمہارے پاس سے نکلتے ہیں تو ان سے جن کو علم عطا کیا گیا ہے کہتے ہیں ابھی اسؑ نے کیا کہا تھا، یہ وہ لوگ ہیں جن کے قلوب پر اللہ نے چھاپا لگا دیا ہے اور وہ اپنی خواہشات کا اتباع کرتے ہیں۔

سُوْرَةُ محَمَّدٌ

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ وَصَدُّواْ عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ أَضَلَّ
أَعْمَـٰلَهُمْ (١) وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ
ٱلصَّـٰلِحَـٰتِ وَءَامَنُواْ بِمَا نُزِّلَ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَهُوَ
ٱلْحَقُّ مِن رَّبِّهِمْ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّـَٔاتِهِمْ وَأَصْلَحَ
بَالَهُمْ (٢) ذَٰلِكَ بِأَنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ ٱتَّبَعُواْ ٱلْبَـٰطِلَ
وَأَنَّ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ ٱتَّبَعُواْ ٱلْحَقَّ مِن رَّبِّهِمْ كَذَٰلِكَ
يَضْرِبُ ٱللَّهُ لِلنَّاسِ أَمْثَـٰلَهُمْ (٣) فَإِذَا لَقِيتُمُ ٱلَّذِينَ
كَفَرُواْ فَضَرْبَ ٱلرِّقَابِ حَتَّىٰٓ إِذَآ أَثْخَنتُمُوهُمْ
فَشُدُّواْ ٱلْوَثَاقَ فَإِمَّا مَنًّۢا بَعْدُ وَإِمَّا فِدَآءً حَتَّىٰ
تَضَعَ ٱلْحَرْبُ أَوْزَارَهَا ذَٰلِكَ وَلَوْ يَشَآءُ ٱللَّهُ
لَٱنتَصَرَ مِنْهُمْ وَلَـٰكِن لِّيَبْلُوَاْ بَعْضَكُم بِبَعْضٍ
وَٱلَّذِينَ قُتِلُواْ فِى سَبِيلِ ٱللَّهِ فَلَن يُضِلَّ أَعْمَـٰلَهُمْ
(٤) سَيَهْدِيهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ (٥) وَيُدْخِلُهُمُ
ٱلْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ (٦) يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ إِن
تَنصُرُواْ ٱللَّهَ يَنصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ أَقْدَامَكُمْ (٧)
وَٱلَّذِينَ كَفَرُواْ فَتَعْسًا لَّهُمْ وَأَضَلَّ أَعْمَـٰلَهُمْ (٨)
ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ كَرِهُواْ مَآ أَنزَلَ ٱللَّهُ فَأَحْبَطَ أَعْمَـٰلَهُمْ
(٩) ۞ أَفَلَمْ يَسِيرُواْ فِى ٱلْأَرْضِ فَيَنظُرُواْ
كَيْفَ كَانَ عَـٰقِبَةُ ٱلَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ دَمَّرَ ٱللَّهُ
عَلَيْهِمْ وَلِلْكَـٰفِرِينَ أَمْثَـٰلُهَا (١٠) ذَٰلِكَ بِأَنَّ ٱللَّهَ
مَوْلَى ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَأَنَّ ٱلْكَـٰفِرِينَ لَا مَوْلَىٰ لَهُمْ
(١١) إِنَّ ٱللَّهَ يُدْخِلُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ
ٱلصَّـٰلِحَـٰتِ جَنَّـٰتٍ تَجْرِى مِن تَحْتِهَا ٱلْأَنْهَـٰرُ
وَٱلَّذِينَ كَفَرُواْ يَتَمَتَّعُونَ وَيَأْكُلُونَ كَمَا تَأْكُلُ
ٱلْأَنْعَـٰمُ وَٱلنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ (١٢) وَكَأَيِّن مِّن
قَرْيَةٍ هِىَ أَشَدُّ قُوَّةً مِّن قَرْيَتِكَ ٱلَّتِىٓ أَخْرَجَتْكَ
أَهْلَكْنَـٰهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ (١٣) أَفَمَن كَانَ عَلَىٰ
بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّهِۦ كَمَن زُيِّنَ لَهُۥ سُوٓءُ عَمَلِهِۦ
وَٱتَّبَعُوٓاْ أَهْوَآءَهُم (١٤) مَّثَلُ ٱلْجَنَّةِ ٱلَّتِى وُعِدَ
ٱلْمُتَّقُونَ فِيهَآ أَنْهَـٰرٌ مِّن مَّآءٍ غَيْرِ ءَاسِنٍ وَأَنْهَـٰرٌ
مِّن لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهُۥ وَأَنْهَـٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ
لِّلشَّـٰرِبِينَ وَأَنْهَـٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى وَلَهُمْ فِيهَا
مِن كُلِّ ٱلثَّمَرَٰتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّن رَّبِّهِمْ كَمَنْ هُوَ
خَـٰلِدٌ فِى ٱلنَّارِ وَسُقُواْ مَآءً حَمِيمًا فَقَطَّعَ
أَمْعَآءَهُمْ (١٥) وَمِنْهُم مَّن يَسْتَمِعُ إِلَيْكَ حَتَّىٰٓ
إِذَا خَرَجُواْ مِنْ عِندِكَ قَالُواْ لِلَّذِينَ أُوتُواْ ٱلْعِلْمَ

17. And those who are guided – He increases them in guidance and gives them their righteousness.
18. Then do they await except that the Hour should come upon them unexpectedly? But already there have come [some of] its indications. Then how [i.e. what good] for them will be their remembrance when it has come to them?
19. So know that there is no god except Allah and [O Mohammad sawaw] ask forgiveness for your followers and for the believing men and believing women. And Allah knows of your movement and your resting place.
20. Those who believe say, "Why has a Surah not been sent down?" But when a decisive Surah is revealed and fighting is mentioned therein, you see those in whose hearts is disease [i.e. hypocrisy] looking at you with a look of one overcome by death. And more appropriate for them [would have been]
21. Obedience and good words. And when the matter [of fighting] was determined, if they had been true to Allah, it would have been better for them.
22. So would you [the usurpers of rights] perhaps, if you will be in command, cause corruption on earth and sever your [ties of] relationship?
23. Those [who do so] are the ones that Allah has cursed, so He deafened them and blinded their vision.
24. Then do they not reflect upon the Qur'an, or are there locks upon [their] hearts?
25. Indeed, those [usurpers of rights] who turned on their backs [to disbelief] after guidance [Wilayat e Ali swsa] had become clear to them – Shaitan [in human form] enticed them and prolonged hope for them.
26. That is because they said to those who disliked what Allah sent down [about Ali swsa], "We will obey you in part of the matter [i.e. we will not give Khums to Bani Hashim]." And Allah knows what they conceal.
27. Then how [will it be] when the angels take them in death, striking their faces and their backs?
28. That is because they followed [usurper of right] who angered Allah and disliked His Pleasure [i.e. Ali swsa], so He rendered worthless their deeds.
29. Or do those [who spoke nonsense on the day of Ghadeer] in whose hearts is disease think that Allah would never expose their [feelings of] hatred?
30. And if We willed, We could show them to you, and you would know them by their mark; but you will surely know them by the tone of [their] speech [i.e. grudge to Ali swsa is apparent from their face and speech]. And Allah knows your deeds.
31. And We will surely test you until We make evident those who strive among you [for the cause of Allah] and the patient, and We will test your affairs.
32. Indeed, those who disbelieved and averted [people] from the Sabeel of Allah [Amirul Momineen swsa] and opposed the Rasool [concerning Ali swsa] after guidance had become clear to them – never will they harm Allah at all, and He will soon render worthless their deeds.
33. O you who believe, obey Allah and obey the Rasool and do not invalidate your deeds.
34. Indeed, those who disbelieved and averted [people] from the Sabeel of Allah [Wilayat e Ali swsa] and then died while they were disbelievers – never will Allah forgive them.
35. So do not weaken and call for peace while you are superior; and Allah is with you and will never deprive you of [the reward of] your deeds.
36. The worldly life is only play and amusement. And if you believe and fear Allah, He will give you your rewards and not ask you for your possessions.
37. If He should ask you for them and press you, you would withhold, and He would expose your hatred [i.e. unwillingness].
38. Here you are – those invited to spend in the Sabeel of Allah – so among you are those who withhold [out of greed]. And whoever withholds only withholds [benefit] from himself; and Allah is the Free of need, while you are the needy. And if you turn away [from Wilayat e Ali swsa], He will replace you with another [devotee] people; then they will not be the likes of you.

تَتَوَلَّوۡاْ يَسۡتَبۡدِلۡ قَوۡمًا غَيۡرَكُمۡ ثُمَّ لَا يَكُونُوٓاْ أَمۡثَٰلَكُم (٣٨)

اور جو لوگ ہدایت یافتہ ہیں اللہ ان کی ہدایت میں اضافہ کرتا ہے اور ان کو ان کا تقویٰ عطا کرتا ہے۔ پھر کیا وہ صرف ساعت کا انتظار کر رہے ہیں کہ وہ اچانک ان پر آجائے، پس اس کی شرطیں (علامات) تو آچکی ہیں، تو ان کا نصیحت قبول کرنا کہاں سے ہوگا جب وہ آ جائے گی۔ پس جان لو بیشک کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے اور استغفار کرو اپنے پیروکاروں کیلئے اور مؤمنین اور مؤمنات کیلئے؛ اور اللہ تمہاری آمدورفت (سرگرمیوں) کو جانتا ہے اور تمہارے ٹھکانے کو بھی۔ اور جو لوگ ایمان لائے ہیں کہتے ہیں کہ کوئی سورۃ کیوں نہیں نازل کی جاتی، پھر جب ایک محکم سورۃ نازل کر دی گئی جس میں جنگ کا ذکر کیا گیا تھا تو تم نے دیکھا کہ جن (منافق) لوگوں کے قلوب میں مرض ہے وہ تمہاری طرف اس شخص کی طرح دیکھ رہے ہیں جس پر موت چھائی ہوئی ہو؛ پس ان کیلئے زیادہ بہتر تھا۔ اطاعت اور اچھی بات، پھر جب (جہاد کا) معاملہ پختہ ہو گیا تھا تو اگر وہ اللہ سے سچے ہوتے تو یقیناً ان کیلئے بہتر ہوتا۔ پھر تم (غاصبانِ حق) سے اور کیا توقع ہو سکتی ہے اگر تم حاکم بن جاؤ تو تم زمین میں فساد کرو گے اور اپنے رشتوں کو قطع کرو گے۔ انہی لوگوں پر اللہ نے لعنت کی ہے تو ان کو بہرا کر دیا ہے اور ان کی بصارتوں کو اندھا کر دیا ہے۔ کیا پھر وہ قرآن میں تدبر نہیں کرتے یا قلوب پر ان کے قفل لگے ہوئے ہیں۔ بیشک جو (غاصبانِ حق) لوگ اپنی پیٹھوں پر پھر گئے بعد اس کے کہ ان کیلئے ہدایت (ولایتِ علیؑ) واضح ہو گئی، شیطان (آدمی) نے انہیں اُکسایا؛ اور انہیں امیدیں دلائیں۔ یہ اسلئے کہ انہوں نے ان لوگوں سے کہا جنہوں نے اس کو ناپسند کیا جو اللہ نے (علیؑ کے بارے میں) نازل کیا ہے کہ ہم بعض معاملات میں تمہاری اطاعت کریں گے (یعنی خمس بنی ہاشمؑ کو نہیں دیں گے) اور اللہ ان کے اسرار کو جانتا ہے۔ پھر کیسا (حال ہوگا) جب ملائکہ ان کے چہروں اور ان کی پیٹھوں پر مارتے ہوئے ان کو وفات دیں گے۔ یہ اس لئے کہ انہوں نے اس (غاصبِ حق) کا اتباع کیا جس نے اللہ کو غضبناک کیا اور انہوں نے اللہ کی رضا (علیؑ) کو ناپسند کیا تو اس نے ان کے اعمال ضائع کر دیئے۔ کیا ان (غدیر کے دن زبان درازی کرنے والے) لوگوں کا جن کے قلوب میں مرض ہے خیال ہے کہ اللہ ان کے کینے کو ہرگز ظاہر نہیں کرے گا۔ اور اگر ہم چاہیں تو ان کو تمہیں دکھا دیں تو تم ان کو یقیناً ان کے چہروں سے پہچان لو گے؛ اور ان کے اندازِ کلام سے تو تم ان کو لازمی پہچان لو گے (یعنی بغض علیؑ ان کے چہرے و زبان سے ظاہر ہوتا ہے)؛ اور اللہ تمہارے اعمال کو جانتا ہے۔ اور ہم ضرور تمہیں آزمائیں گے حتیٰ کہ ہم ظاہر کر دیں کہ تم میں سے مجاہد اور صابر کون ہیں اور ہم تمہاری خبروں کی جانچ پڑتال کرلیں۔ بیشک جن لوگوں نے کفر کیا اور اللہ کی سبیل (امیرالمؤمنینؑ) سے روکا اور رسولؐ کی مخالفت کی (علیؑ کے بارے میں) بعد اس کے کہ ان کیلئے ہدایت واضح ہو چکی تھی، وہ ہرگز اللہ کو کچھ بھی ضرر نہیں پہنچا سکتے؛ اور اللہ ان کے اعمال ضائع کر دے گا۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو اللہ کی اطاعت کرو اور رسولؐ کی اطاعت کرو اور اپنے اعمال کو باطل نہ کرو۔ بیشک جن لوگوں نے کفر کیا ہے اور اللہ کی سبیل (ولایتِ علیؑ) سے روکا پھر وہ مر گئے جبکہ وہ کفار تھے تو اللہ ہرگز ان کی مغفرت نہیں کرے گا۔ پس تم کمزور نہ بنو اور صلح کی طرف دعوت نہ دو اور تم غالب رہنے والے ہو، اور اللہ تمہارے ساتھ ہے اور وہ ہرگز تمہیں تمہارے اعمال سے محروم نہیں کرے گا۔ دنیا کی حیات صرف ایک کھیل اور تماشہ ہے؛ اور اگر تم ایمان رکھو اور تقویٰ اختیار کرو تو وہ تمہیں تمہارے اجر دے گا اور وہ تمہارے اموال تم سے نہ مانگے گا۔ اگر وہ تم سے وہ مانگ لے پھر تم سے اصرار کرے تو تم بخل کرو گے اور وہ تمہارے کینہ و نفرت کو ظاہر کر دے گا۔ یہ تم ہی لوگ ہو جن کو اللہ کی سبیل میں خرچ کرنے کی دعوت دی جا رہی ہے؛ پھر تم میں سے کچھ ہیں جو بخل کر رہے ہیں، اور جو بخل کرتا ہے تو صرف اپنے نفس (کے فائدے) سے بخل کرتا ہے؛ اور اللہ تو غنی ہے اور تم محتاج ہو، اور اگر تم نے (ولایتِ علیؑ سے) منہ موڑا تو اللہ تمہاری بجائے کسی اور (موالی) قوم کو لے آئے گا پھر وہ تمہاری مثل نہ ہوں گے۔

وَٱلَّذِينَ ٱهۡتَدَوۡاْ زَادَهُمۡ هُدًى وَءَاتَىٰهُمۡ تَقۡوَىٰهُمۡ (١٧) فَهَلۡ يَنظُرُونَ إِلَّا ٱلسَّاعَةَ أَن تَأۡتِيَهُم بَغۡتَةٗۖ فَقَدۡ جَآءَ أَشۡرَاطُهَاۚ فَأَنَّىٰ لَهُمۡ إِذَا جَآءَتۡهُمۡ ذِكۡرَىٰهُمۡ (١٨) فَٱعۡلَمۡ أَنَّهُۥ لَآ إِلَٰهَ إِلَّا ٱللَّهُ وَٱسۡتَغۡفِرۡ لِذَنۢبِكَ وَلِلۡمُؤۡمِنِينَ وَٱلۡمُؤۡمِنَٰتِۗ وَٱللَّهُ يَعۡلَمُ مُتَقَلَّبَكُمۡ وَمَثۡوَىٰكُمۡ (١٩) وَيَقُولُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَوۡلَا نُزِّلَتۡ سُورَةٞۖ فَإِذَآ أُنزِلَتۡ سُورَةٞ مُّحۡكَمَةٞ وَذُكِرَ فِيهَا ٱلۡقِتَالُۙ رَأَيۡتَ ٱلَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٞ يَنظُرُونَ إِلَيۡكَ نَظَرَ ٱلۡمَغۡشِيِّ عَلَيۡهِ مِنَ ٱلۡمَوۡتِۖ فَأَوۡلَىٰ لَهُمۡ (٢٠) طَاعَةٞ وَقَوۡلٞ مَّعۡرُوفٞۚ فَإِذَا عَزَمَ ٱلۡأَمۡرُ فَلَوۡ صَدَقُواْ ٱللَّهَ لَكَانَ خَيۡرٗا لَّهُمۡ (٢١) فَهَلۡ عَسَيۡتُمۡ إِن تَوَلَّيۡتُمۡ أَن تُفۡسِدُواْ فِي ٱلۡأَرۡضِ وَتُقَطِّعُوٓاْ أَرۡحَامَكُمۡ (٢٢) أُوْلَٰٓئِكَ ٱلَّذِينَ لَعَنَهُمُ ٱللَّهُ فَأَصَمَّهُمۡ وَأَعۡمَىٰٓ أَبۡصَٰرَهُمۡ (٢٣) أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ ٱلۡقُرۡءَانَ أَمۡ عَلَىٰ قُلُوبٍ أَقۡفَالُهَآ (٢٤) إِنَّ ٱلَّذِينَ ٱرۡتَدُّواْ عَلَىٰٓ أَدۡبَٰرِهِم مِّنۢ بَعۡدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ ٱلۡهُدَى ٱلشَّيۡطَٰنُ سَوَّلَ لَهُمۡ وَأَمۡلَىٰ لَهُمۡ (٢٥) ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمۡ قَالُواْ لِلَّذِينَ كَرِهُواْ مَا نَزَّلَ ٱللَّهُ سَنُطِيعُكُمۡ فِي بَعۡضِ ٱلۡأَمۡرِۖ وَٱللَّهُ يَعۡلَمُ إِسۡرَارَهُمۡ (٢٦) فَكَيۡفَ إِذَا تَوَفَّتۡهُمُ ٱلۡمَلَٰٓئِكَةُ يَضۡرِبُونَ وُجُوهَهُمۡ وَأَدۡبَٰرَهُمۡ (٢٧) ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمُ ٱتَّبَعُواْ مَآ أَسۡخَطَ ٱللَّهَ وَكَرِهُواْ رِضۡوَٰنَهُۥ فَأَحۡبَطَ أَعۡمَٰلَهُمۡ (٢٨) أَمۡ حَسِبَ ٱلَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ أَن لَّن يُخۡرِجَ ٱللَّهُ أَضۡغَٰنَهُمۡ (٢٩) وَلَوۡ نَشَآءُ لَأَرَيۡنَٰكَهُمۡ فَلَعَرَفۡتَهُم بِسِيمَٰهُمۡۚ وَلَتَعۡرِفَنَّهُمۡ فِي لَحۡنِ ٱلۡقَوۡلِۚ وَٱللَّهُ يَعۡلَمُ أَعۡمَٰلَكُمۡ (٣٠) وَلَنَبۡلُوَنَّكُمۡ حَتَّىٰ نَعۡلَمَ ٱلۡمُجَٰهِدِينَ مِنكُمۡ وَٱلصَّٰبِرِينَ وَنَبۡلُوَاْ أَخۡبَارَكُمۡ (٣١) إِنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ وَصَدُّواْ عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ وَشَآقُّواْ ٱلرَّسُولَ مِنۢ بَعۡدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ ٱلۡهُدَىٰ لَن يَضُرُّواْ ٱللَّهَ شَيۡـٔٗا وَسَيُحۡبِطُ أَعۡمَٰلَهُمۡ (٣٢) ۞ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ أَطِيعُواْ ٱللَّهَ وَأَطِيعُواْ ٱلرَّسُولَ وَلَا تُبۡطِلُوٓاْ أَعۡمَٰلَكُمۡ (٣٣) إِنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ وَصَدُّواْ عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ ثُمَّ مَاتُواْ وَهُمۡ كُفَّارٞ فَلَن يَغۡفِرَ ٱللَّهُ لَهُمۡ (٣٤) فَلَا تَهِنُواْ وَتَدۡعُوٓاْ إِلَى ٱلسَّلۡمِ وَأَنتُمُ ٱلۡأَعۡلَوۡنَ وَٱللَّهُ مَعَكُمۡ وَلَن يَتِرَكُمۡ أَعۡمَٰلَكُمۡ (٣٥) إِنَّمَا ٱلۡحَيَوٰةُ ٱلدُّنۡيَا لَعِبٞ وَلَهۡوٞۚ وَإِن تُؤۡمِنُواْ وَتَتَّقُواْ يُؤۡتِكُمۡ أُجُورَكُمۡ وَلَا يَسۡـَٔلۡكُمۡ أَمۡوَٰلَكُمۡ (٣٦) إِن يَسۡـَٔلۡكُمُوهَا فَيُحۡفِكُمۡ تَبۡخَلُواْ وَيُخۡرِجۡ أَضۡغَٰنَكُمۡ (٣٧) هَٰٓأَنتُمۡ هَٰٓؤُلَآءِ تُدۡعَوۡنَ لِتُنفِقُواْ فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ فَمِنكُم مَّن يَبۡخَلُۖ وَمَن يَبۡخَلۡ فَإِنَّمَا يَبۡخَلُ عَن نَّفۡسِهِۦۚ وَٱللَّهُ ٱلۡغَنِيُّ وَأَنتُمُ ٱلۡفُقَرَآءُۚ وَإِن

Surah al-Fateh
[The Victory]

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem

1. Indeed, We have given you, [O Mohammad sawaw], a clear victory
2. That Allah may forgive for your sake what preceded of your followers and those who will follow and complete His favour upon you and guide you to Sirat-e-Mustaqeem
3. And [that] Allah may aid you with a mighty help.
4. It is He Who sent down Sakina [tranquility: Eman] into the hearts of the Momineen that they would increase in faith along with their [present] faith. And to Allah belong the soldiers of the heavens and the earth, and ever is Allah all-Knowing all-Wise.
5. [And] that He may admit the believing men and the believing women to gardens beneath which rivers flow to abide therein eternally and remove from them their misdeeds – and ever is that, in the sight of Allah, a great attainment –
6. And [that] He may punish the hypocrite men and hypocrite women, and the polytheist men and polytheist women – those who assume about Allah an assumption of evil nature [who opposed Bait e Rizwan, and blamed Rasool Allah sawaw]. Upon them is a misfortune of evil nature; and Allah has become angry with them and has cursed them and prepared for them Hell, and evil it is as a destination.
7. And to Allah belong the soldiers of the heavens and the earth. And ever is Allah Exalted in Might and Wise.
8. Indeed, We have sent you as a witness and a bringer of good tidings and a warner
9. That you [people] may believe in Allah and His Rasool and support him and respect him [i.e. the Prophet sawaw] and glorify Him morning and evening.
10. Indeed, those who pledge allegiance to you, [O Mohammad sawaw] – they are actually pledging allegiance to Allah. The Hand of Allah [Yadullah] is over their hands. So he who breaks his word only breaks it to the detriment of himself. And he who fulfills that which he has promised Allah – then He will give him a great reward.
11. Those who remained behind of the bedouins will say to you, "Our properties and our families occupied us, so ask forgiveness for us." They say with their tongues what is not within their hearts. Say, "Then who could prevent Allah at all if He intended for you harm or intended for you benefit? Rather, ever is Allah, with what you do, Acquainted.
12. But you did Zunn that the Rasool and the believers would never return to their families, ever, and that [Ijtihad] was made pleasing in your hearts. And you assumed an Zunn of evil and became a people ruined."
13. And whoever has not believed in Allah and His Rasool – then indeed, We have prepared for the disbelievers a Blaze.
14. And to Allah belongs the kingdom of the heavens and the earth. He forgives whom He wills and punishes whom He wills. And ever is Allah Forgiving and Merciful.

سُوْرَةُ الفَتْح

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیاز عام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

دو مشرقوں (محمدؐ وعلیؑ) کا رب اور دو مغربوں (حسنؑ وحسینؑ) کا رب۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں (محمدؐ یا علیؑ) کی تکذیب کرو گے۔ اس نے دو سمندروں (علیؑ وفاطمہؑ) کو چھوڑ دیا جو ملاقات کرتے ہیں۔ ان دونوں کے درمیان برزخ (رسولؐ) ہے وہ ایک دوسرے سے نہیں بڑھتے (یعنی علیؑ وفاطمہؑ کی منزلت برابر ہے)۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کی تکذیب کرو گے۔ ان دونوں میں سے لؤلؤ (حسنؑ) اور مرجان (حسینؑ) نکلتے ہیں۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں (ولایتِ علیؑ یا قربیٰ کی مودت) کی تکذیب کرو گے۔ اور جہاز (سفینۂ نجات) اسی کیلئے ہیں جو سمندر میں پہاڑوں کی طرح اُٹھے ہوئے ہیں۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کی تکذیب کرو گے۔ ہر چیز جو اس (زمین) پر ہے فنا ہو جانے والی ہے۔ اور تیرے جلال و اکرام والے رب کا چہرہ (معصومینؑ: وجہ اللہ) باقی رہے گا۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کی تکذیب کرو گے۔ آسمانوں اور زمین میں جو بھی ہیں سب اسی سے مانگتے ہیں؛ ہر دن وہ شان میں ہے۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کی تکذیب کرو گے۔ عنقریب ہم تمہارے لئے فارغ ہیں اے دو وزنی چیزو (قرآن و عترتِ اہلبیتؑ)۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کی تکذیب کرو گے۔ اے گروہ جن و انس اگر تم استطاعت رکھتے ہو کہ تم آسمانوں اور زمین کی سرحدوں سے نکلو تو نکلو؛ تم نہیں نکل سکتے مگر سلطان (حجۃ اللہ) کی مدد سے۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کی تکذیب کرو گے۔ تم دونوں پر نار کا شعلہ اور دھواں بھیجا جائے گا تو تم اپنا دفاع نہ کر سکو گے۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کی تکذیب کرو گے۔ پھر جب آسمان پھٹ جائے گا تو لال چمڑے کی طرح سرخ ہو جائے گا۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کی تکذیب کرو گے۔ پس اس دن نہ کسی انسان سے اس کے گناہ کے بارے میں پوچھا جائے گا اور نہ جن سے (جو مولا علیؑ کی ولایت پر ہیں، ان کے دشمنوں سے برآت کرتے ہیں اور حلال وحرام کا خیال رکھتے ہیں)۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کی تکذیب کرو گے۔ مجرم اپنے چہروں سے پہچان لئے جائیں گے تو انہیں پیشانی کے بالوں اور پاؤں سے پکڑ لیا جائے گا (رجعت میں بھی قائمؑ ان کو چہروں سے پہچان کر سیف سے ہلاک کر دیں گے)۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کی تکذیب کرو گے۔ یہ وہ جہنم ہے جس کی مجرم لوگ تکذیب کرتے تھے۔ وہ اس (جہنم) اور گرم کھولتے ہوئے پانی کے درمیان گردش کرتے رہیں گے۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کی تکذیب کرو گے۔ اور جو اپنے رب کے مقام سے خوف کھاتا ہے اس کیلئے دو جنتیں ہیں۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کی تکذیب کرو گے۔ دونوں (پھلوں سے لدی) شاخوں والی ہیں۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کی تکذیب کرو گے۔ دونوں میں دو چشمے بہتے ہیں۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کی تکذیب کرو گے۔ دونوں میں ہر پھل کی دو قسمیں ہیں۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کی تکذیب کرو گے۔ وہ ایسے بستروں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے جن کے استر دیبا کے ہوں گے؛ اور دونوں جنتوں کے پھل قریب جھکے ہوئے ہوں گے۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کی تکذیب کرو گے۔ ان میں شرمیلی نگاہوں والیاں ہوں گی جن کو ان (جنتیوں) سے پہلے نہ کسی انسان نے مس کیا ہوگا اور نہ جن نے۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کی تکذیب کرو گے۔ گویا کہ ہو یاقوت اور مرجان ہیں۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کی تکذیب کرو گے۔

60. Is the reward for good [anything] but good? [i.e. The reward of faith in Tauheed is paradise.]
61. So which of the favours of your Rabb will you both deny?
62. And besides these two are two [other] gardens [on earth] –
63. So which of the favours of your Rabb will you both deny? –
64. Dark dark green [in color].
65. So which of the favours of your Rabb will you both deny?
66. In both of them are two springs gushing forth.
67. So which of the favours of your Rabb will you both deny?
68. In both of them are fruit and palm trees and pomegranates.
69. So which of the favours of your Rabb will you both deny?
70. In them are good and beautiful ones –
71. So which of the favours of your Rabb will you both deny? –
72. Fair ones reserved in pavilions –
73. So which of the favours of your Rabb will you both deny? –
74. Man has not touched before them nor jinn –
75. So which of the favours of your Rabb will you both deny? –
76. Reclining on green cushions and beautiful fine carpets.
77. So which of the favours of your Rabb will you both deny?
78. Blessed is the name of your Rabb, Owner of Majesty and Honour. [the Masumeen swsa are the Majesty & Honour of Allah, and for their sake Allah blesses His servants.]

Surah al-Waqi'ah
[The Occurrence]

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem
1. When the Occurrence [Qiyamah] occurs,
2. There is, at its occurrence, no denial.
3. It will bring down [some to Hell] and raise up [others to Paradise].
4. When the earth is shaken with a quake,
5. And the mountains are broken down, crumbling
6. So they become dust dispersing,
7. And you become [of] three kinds:
8. Then the companions of the Yameen [right] – how [lucky] are the companions of the Yameen?
9. And the companions of the left – how [wretched] are companions of the left?
10. And the forerunners are the excelling ones [prophets & vicegerents] –
11. Those are the near ones [to Allah]
12. In the Gardens of Bliss,
13. A [large] company of the former peoples
14. And a few of the later peoples,
15. On thrones decorated [with gold & gems],
16. Reclining on them, facing each other.
17. There will circulate among them young boys made eternal
18. With bowls, jugs and a cup [of drink] from a flowing spring –
19. No headache will they have therefrom, nor will they be intoxicated –
20. And fruit of what they select
21. And the meat of birds, from whatever they desire.
22. And [for them are] fair women with large [beautiful] eyes,
23. The likenesses of pearls well-protected,
24. As reward for what they used to do.
25. They will not hear therein ill speech [vulgar, lie, song] or commission of sin –
26. Only a saying [of] Salaam [peace], Salaam.
27. The companions of the Yameen [Maola Ali swsa] – how [happy] are the companions of the Yameen?

هَلۡ جَزَآءُ ٱلۡإِحۡسَٰنِ إِلَّا ٱلۡإِحۡسَٰنُ (٦٠) فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (٦١) وَمِن دُونِهِمَا جَنَّتَانِ (٦٢) فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (٦٣) مُدۡهَآمَّتَانِ (٦٤) فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (٦٥) فِيهِمَا عَيۡنَانِ نَضَّاخَتَانِ (٦٦) فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (٦٧) فِيهِمَا فَٰكِهَةٞ وَنَخۡلٞ وَرُمَّانٞ (٦٨) فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (٦٩) فِيهِنَّ خَيۡرَٰتٌ حِسَانٞ (٧٠) فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (٧١) حُورٞ مَّقۡصُورَٰتٞ فِي ٱلۡخِيَامِ (٧٢) فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (٧٣) لَمۡ يَطۡمِثۡهُنَّ إِنسٞ قَبۡلَهُمۡ وَلَا جَآنّٞ (٧٤) فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (٧٥) مُتَّكِـِٔينَ عَلَىٰ رَفۡرَفٍ خُضۡرٖ وَعَبۡقَرِيٍّ حِسَانٖ (٧٦) فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (٧٧) تَبَٰرَكَ ٱسۡمُ رَبِّكَ ذِي ٱلۡجَلَٰلِ وَٱلۡإِكۡرَامِ (٧٨)

کیا احسان کی جزا سوائے احسان کے (کچھ اور) ہے (یعنی توحید پر ایمان کی جزا جنت ہے)۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کی تکذیب کرو گے۔ اور ان دو کے علاوہ دو اور (زمینی) جنتیں ہیں۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کی تکذیب کرو گے۔ دونوں نہایت سبز ہیں۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کی تکذیب کرو گے۔ ان دونوں میں دو ابلتے ہوئے چشمے ہیں۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کی تکذیب کرو گے۔ ان دونوں میں پھل اور کھجوریں اور انار ہیں۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کی تکذیب کرو گے۔ ان میں خوب سیرت اور خوبصورت (بیویاں) ہیں۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کی تکذیب کرو گے۔ خیموں میں ٹھہرائی ہوئی حوریں ہیں۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کی تکذیب کرو گے۔ ان کو ان (جنتیوں) سے پہلے نہ کسی انسان نے چھوا ہوگا اور نہ کسی جن نے۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کی تکذیب کرو گے۔ وہ سبز قالینوں اور خوبصورت نفیس مسندوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کی تکذیب کرو گے۔ تیرے جلال و اکرام والے رب کا اسم بڑا بابرکت ہے (اللہ کا جلال و اکرام معصومینؑ ہیں جن کے صدقے اللہ بندوں پر کرم کرتا ہے)۔

سُوۡرَةُ الواقِعَة

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیاز عام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

جب واقعة (قیامت) وقوع پذیر ہو جائے گی۔ کوئی اس کے وقوع پذیر ہونے کی تکذیب کرنے والا نہ ہوگا۔ (بعض کو جہنم میں) نیچے کرنے والی (اور بعض کو جنت میں) بلند کرنے والی۔ جب زمین زلزلے سے لرز جائے گی۔ اور پہاڑ پیس کر ریزہ ریزہ کر دیئے جائیں گے۔ تو وہ اڑتا ہوا غبار بن جائیں گے۔ اور تم لوگ تین قسموں میں (تقسیم) ہو جاؤ گے۔ پس دائیں بازو والے، کیا (خوش نصیب) ہیں دائیں بازو والے۔ اور بائیں بازو والے، کیا (بد نصیب) ہیں بائیں بازو والے۔ اور سابقون تو سبقت لے جانے والے ہیں (انبیاء واوصیاء)۔ وہی مقرب لوگ ہیں۔ وہ نعمت والی جنتوں میں ہوں گے۔ پہلوں میں سے بہت سے لوگ۔ اور پچھلوں میں سے بہت کم لوگ۔ (سونے جواہرات سے) مرصع تختوں پر۔ ان پر آمنے سامنے تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے۔ ان کے درمیان ابدی لڑکے گردش کر رہے ہوں گے۔ چشمے سے پیالوں اور صراحیوں اور گلاسوں کے ساتھ ۔ جس سے نہ ان کو سر درد ہو گا اور نہ ان کو نشہ چڑھے گا۔ اور پھل جو وہ منتخب کریں گے۔ اور پرندوں کا گوشت جن کی وہ خواہش کریں گے۔ اور خوبصورت آنکھوں والی حوریں۔ حفاظت سے چھپا کر رکھے ہوئے موتیوں کی مانند۔ جزا ان (اعمال) کی جو وہ کرتے رہے تھے۔ اس میں نہ وہ بیہودہ کلام (فحش، جھوٹ، گانا) سنیں گے اور نہ گناہ کی سرزدگی ہو گی۔ سوائے سلام سلام کہنے کے۔ اور یمین (مولا علیؑ) کے اصحاب، کیا (خوش بخت) ہیں یمین کے اصحاب۔

سُوۡرَةُ الواقِعَة

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

إِذَا وَقَعَتِ ٱلۡوَاقِعَةُ (١) لَيۡسَ لِوَقۡعَتِهَا كَاذِبَةٌ (٢) خَافِضَةٞ رَّافِعَةٌ (٣) إِذَا رُجَّتِ ٱلۡأَرۡضُ رَجّٗا (٤) وَبُسَّتِ ٱلۡجِبَالُ بَسّٗا (٥) فَكَانَتۡ هَبَآءٗ مُّنۢبَثّٗا (٦) وَكُنتُمۡ أَزۡوَٰجٗا ثَلَٰثَةٗ (٧) فَأَصۡحَٰبُ ٱلۡمَيۡمَنَةِ مَآ أَصۡحَٰبُ ٱلۡمَيۡمَنَةِ (٨) وَأَصۡحَٰبُ ٱلۡمَشۡـَٔمَةِ مَآ أَصۡحَٰبُ ٱلۡمَشۡـَٔمَةِ (٩) وَٱلسَّٰبِقُونَ ٱلسَّٰبِقُونَ (١٠) أُوْلَٰٓئِكَ ٱلۡمُقَرَّبُونَ (١١) فِي جَنَّٰتِ ٱلنَّعِيمِ (١٢) ثُلَّةٞ مِّنَ ٱلۡأَوَّلِينَ (١٣) وَقَلِيلٞ مِّنَ ٱلۡأٓخِرِينَ (١٤) عَلَىٰ سُرُرٖ مَّوۡضُونَةٖ (١٥) مُّتَّكِـِٔينَ عَلَيۡهَا مُتَقَٰبِلِينَ (١٦) يَطُوفُ عَلَيۡهِمۡ وِلۡدَٰنٞ مُّخَلَّدُونَ (١٧) بِأَكۡوَابٖ وَأَبَارِيقَ وَكَأۡسٖ مِّن مَّعِينٖ (١٨) لَّا يُصَدَّعُونَ عَنۡهَا وَلَا يُنزِفُونَ (١٩) وَفَٰكِهَةٖ مِّمَّا يَتَخَيَّرُونَ (٢٠) وَلَحۡمِ طَيۡرٖ مِّمَّا يَشۡتَهُونَ (٢١) وَحُورٌ عِينٞ (٢٢) كَأَمۡثَٰلِ ٱللُّؤۡلُؤِ ٱلۡمَكۡنُونِ (٢٣) جَزَآءَۢ بِمَا كَانُواْ يَعۡمَلُونَ (٢٤) لَا يَسۡمَعُونَ فِيهَا لَغۡوٗا وَلَا تَأۡثِيمًا (٢٥) إِلَّا قِيلٗا سَلَٰمٗا سَلَٰمٗا (٢٦) وَأَصۡحَٰبُ ٱلۡيَمِينِ مَآ أَصۡحَٰبُ ٱلۡيَمِينِ (٢٧)

28. [They will be] among thornless Lote trees
29. And banana trees layered [with fruit]
30. And shade extended
31. And water flowing constantly
32. And fruit, abundant [and varied],
33. Neither limited [to season] nor forbidden,
34. And [upon] beds raised high.
35. Indeed, We have produced them [i.e. the women of Paradise] in a [new] creation
36. And made them virgins,
37. Devoted [to their husbands speaking Arabic] and of equal age,
38. For the companions of the Yameen [who are]
39. A company of the former peoples [like Habeel, Hizqeel, Habib Najjar]
40. And a company of the later peoples [i.e. from Ummah of the Nabi Akram sawaw].
41. And the companions of the Shimal [enemies of the Masumeen swsa] – how [wretched] are the companions of the left?
42. [They will be] in scorching windy-fire and scalding water
43. And a shade of black smoke,
44. Neither cool nor beneficial.
45. Indeed they were, before that, indulging in affluence,
46. And they used to persist in the great violation,
47. And they used to say, "When we die and become dust and bones, are we indeed to be resurrected?
48. Or our forefathers [as well]?"
49. Say, [O Mohammad sawaw], "Indeed, the former and later peoples
50. Are surely to be gathered together for the appointment of a known Day."
51. Then indeed you, O you who are astray beliers,
52. Will be eating from tree of Zaqqum [bitter thorny fruit]
53. And filling with it your bellies
54. And drinking on top of it from scalding water
55. And will drink as the drinking of thirsty camels.
56. That is their entertainment on the Day of Recompense.
57. We have created you, so why do you not testify?
58. Have you seen that which you emit?
59. Is it you who creates it, or are We the Creators?
60. We have decreed death among you, and We are not to be overcome
61. In that We will bring in your place likes of you and produce you in that [form] which you do not know.
62. And surely you have already known the first creation, so will you not ponder?
63. And have you seen that [seed] which you sow?
64. Is it you who makes it grow, or are We the growers?
65. If We willed, We could make it [dry] debris, and you would remain wondering [over hardship],
66. [Saying], "Indeed, we are [now] in debt;
67. Rather, we have been deprived."
68. And have you seen the water that you drink?
69. Is it you who brought it down from the clouds, or is it We who bring it down?
70. If We willed, We could make it bitter, so why are you not grateful?
71. Have you seen the fire that you ignite?
72. Is it you who produced its tree, or are We the producers?
73. We have made it a reminder and provision for the travellers [in the desert],
74. So exalt the name of your Rabb, the Most Great.
75. Then I swear by the stations of the stars [i.e. I swear by the status of the Imams swsa],
76. And indeed, it is certainly an oath – if you could know – [most] great.
77. Indeed, it is a noble Qur'an
78. In a Book well-protected [Syyeda Fatima Zahra swsa];

فِى سِدْرٍ مَّخْضُودٍ (٢٨) وَطَلْحٍ مَّنضُودٍ (٢٩)
وَظِلٍّ مَّمْدُودٍ (٣٠) وَمَآءٍ مَّسْكُوبٍ (٣١)
وَفَٰكِهَةٍ كَثِيرَةٍ (٣٢) لَّا مَقْطُوعَةٍ وَلَا مَمْنُوعَةٍ
(٣٣) وَفُرُشٍ مَّرْفُوعَةٍ (٣٤) إِنَّآ أَنشَأْنَٰهُنَّ
إِنشَآءً (٣٥) فَجَعَلْنَٰهُنَّ أَبْكَارًا (٣٦) عُرُبًا
أَتْرَابًا (٣٧) لِّأَصْحَٰبِ ٱلْيَمِينِ (٣٨) ثُلَّةٌ مِّنَ
ٱلْأَوَّلِينَ (٣٩) وَثُلَّةٌ مِّنَ ٱلْءَاخِرِينَ (٤٠)
وَأَصْحَٰبُ ٱلشِّمَالِ مَآ أَصْحَٰبُ ٱلشِّمَالِ (٤١)
فِى سَمُومٍ وَحَمِيمٍ (٤٢) وَظِلٍّ مِّن يَحْمُومٍ
(٤٣) لَّا بَارِدٍ وَلَا كَرِيمٍ (٤٤) إِنَّهُمْ كَانُوا۟ قَبْلَ
ذَٰلِكَ مُتْرَفِينَ (٤٥) وَكَانُوا۟ يُصِرُّونَ عَلَى
ٱلْحِنثِ ٱلْعَظِيمِ (٤٦) وَكَانُوا۟ يَقُولُونَ أَئِذَا مِتْنَا
وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَٰمًا أَءِنَّا لَمَبْعُوثُونَ (٤٧)
أَوَءَابَآؤُنَا ٱلْأَوَّلُونَ (٤٨) قُلْ إِنَّ ٱلْأَوَّلِينَ
وَٱلْءَاخِرِينَ (٤٩) لَمَجْمُوعُونَ إِلَىٰ مِيقَٰتِ يَوْمٍ
مَّعْلُومٍ (٥٠) ثُمَّ إِنَّكُمْ أَيُّهَا ٱلضَّآلُّونَ ٱلْمُكَذِّبُونَ
(٥١) لَءَاكِلُونَ مِن شَجَرٍ مِّن زَقُّومٍ (٥٢)
فَمَالِـُٔونَ مِنْهَا ٱلْبُطُونَ (٥٣) فَشَٰرِبُونَ عَلَيْهِ
مِنَ ٱلْحَمِيمِ (٥٤) فَشَٰرِبُونَ شُرْبَ ٱلْهِيمِ (٥٥)
هَٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ ٱلدِّينِ (٥٦) نَحْنُ خَلَقْنَٰكُمْ
فَلَوْلَا تُصَدِّقُونَ (٥٧) أَفَرَءَيْتُم مَّا تُمْنُونَ (٥٨)
ءَأَنتُمْ تَخْلُقُونَهُۥٓ أَمْ نَحْنُ ٱلْخَٰلِقُونَ (٥٩) نَحْنُ
قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ ٱلْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوقِينَ (٦٠)
عَلَىٰٓ أَن نُّبَدِّلَ أَمْثَٰلَكُمْ وَنُنشِئَكُمْ فِى مَا لَا
تَعْلَمُونَ (٦١) وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ ٱلنَّشْأَةَ ٱلْأُولَىٰ فَلَوْلَا
تَذَكَّرُونَ (٦٢) أَفَرَءَيْتُم مَّا تَحْرُثُونَ (٦٣)
ءَأَنتُمْ تَزْرَعُونَهُۥٓ أَمْ نَحْنُ ٱلزَّٰرِعُونَ (٦٤) لَوْ
نَشَآءُ لَجَعَلْنَٰهُ حُطَٰمًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُونَ (٦٥) إِنَّا
لَمُغْرَمُونَ (٦٦) بَلْ نَحْنُ مَحْرُومُونَ (٦٧)
أَفَرَءَيْتُمُ ٱلْمَآءَ ٱلَّذِى تَشْرَبُونَ (٦٨) ءَأَنتُمْ
أَنزَلْتُمُوهُ مِنَ ٱلْمُزْنِ أَمْ نَحْنُ ٱلْمُنزِلُونَ (٦٩)
لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنَٰهُ أُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُونَ (٧٠)
أَفَرَءَيْتُمُ ٱلنَّارَ ٱلَّتِى تُورُونَ (٧١) ءَأَنتُمْ أَنشَأْتُمْ
شَجَرَتَهَآ أَمْ نَحْنُ ٱلْمُنشِـُٔونَ (٧٢) نَحْنُ جَعَلْنَٰهَا
تَذْكِرَةً وَمَتَٰعًا لِّلْمُقْوِينَ (٧٣) فَسَبِّحْ بِٱسْمِ رَبِّكَ
ٱلْعَظِيمِ (٧٤) ۞ فَلَآ أُقْسِمُ بِمَوَٰقِعِ ٱلنُّجُومِ
(٧٥) وَإِنَّهُۥ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُونَ عَظِيمٌ (٧٦)
إِنَّهُۥ لَقُرْءَانٌ كَرِيمٌ (٧٧) فِى كِتَٰبٍ مَّكْنُونٍ
(٧٨)

کانٹوں کے بغیر بیریوں کے درمیان۔ اور تہہ بر تہہ کیلے۔ اور پھیلی ہوئی چھاؤں۔ اور ہردم رواں پانی۔ اور کثرت سے پھل۔ نہ ختم ہونے والے اور نہ پابندی والے۔ اور اونچی نشت گاہوں میں۔ بیشک ہم نے ان (حوروں) کو پیدا کیا ہے نئے سرے سے پیدائش۔ تو ہم نے انہیں باکرہ بنایا ہے۔ (اپنے شوہروں سے عربی بولنے والی) محبت کرنے والی اور ہم عمر۔ یمین کے اصحاب کیلئے۔ پہلوں میں سے بہت سارے (ہابیل، حزقیل، حبیب نجار وغیرہ)۔ اور پچھلوں میں سے بھی بہت سارے (یعنی امتِ نبی اکرمؐ میں سے)۔ اور اصحابِ شمال، کیا (بد بخت) ہیں اصحابِ شمال (اعداء آلِ محمدؐ)۔ گرم ناری ہوا اور کھولتے پانی میں۔ اور کالے دھوئیں کا سایہ۔ نہ ٹھنڈا اور نہ آرام دہ۔ بیشک وہ اس سے قبل خوشحال تھے۔ اور وہ گناہ عظیم پر اصرار کرتے رہتے تھے۔ اور وہ کہا کرتے تھے کیا جب ہم مَر جائیں گے اور ہم مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہم پھر واقعی (زندہ کرکے) اٹھائے جائیں گے۔ کیا ہمارے پہلے باپ دادا بھی۔ (اے حبیبؐ) کہہ دو بیشک اولین اور آخرین۔ سب ایک معین دن کے مقررہ وقت پر ضرور جمع کئے جائیں گے۔ پھر بیشک تم اے گمراہو اور تکذیب کرنے والو۔ زقوم کے درخت سے ضرور کھانے والے ہو۔ تو اسی سے پیٹ بھرنے والے ہو۔ پھر اس پر کھولتا ہوا پانی پینے والے ہو۔ پھر پینے والے ہو جیسے پیاسے اونٹ پیتے ہیں۔ یہ جزا کے دن ان کی ضیافت ہے۔ ہم نے تمہیں خلق کیا ہے پھر تم کیوں تصدیق نہیں کرتے۔ کیا پھر تم نے دیکھا (سوچا) کہ جو (نطفہ) تم ڈالتے ہو۔ کیا تم ہو جو اس (بچے) کو خلق کرتے ہو یا ہم خلق کرنے والے ہیں۔ ہم نے تمہارے درمیان موت کو مقدر کیا ہے اور ہم پر کوئی سبقت لے جانے والا نہیں۔ کہ ہم تمہیں تم جیسوں سے بدل دیں اور ہم تمہیں نئے سرے سے وہ بنا دیں جو تم نہیں جانتے۔ اور تحقیق تم پہلی پیدائش جانتے ہو پھر کیوں نہیں تم سبق لیتے۔ کیا پھر تم نے دیکھا جو کچھ تم کاشت کرتے ہو۔ کیا تم ہو جو اسے اگاتے ہو یا ہم اگانے والے ہیں۔ اگر ہم چاہیں تو اسے بھوسہ بنا دیں تو تم حیران و متعجب رہ جاؤ۔ بیشک ہم واقع مقروض ہوگئے۔ بلکہ ہم تو محروم ہوگئے۔ کیا پھر تم نے دیکھا کہ پانی جو تم پیتے ہو۔ کیا تم اسے بادل سے نازل کرتے ہو یا ہم نازل کرنے والے ہیں۔ اگر ہم چاہیں تو ہم اسے کڑوا بنا دیں پھر کیوں نہیں تم شکر کرتے۔ کیا پھر تم نے دیکھا نار جو تم جلاتے ہو۔ کیا تم ہو جس نے اس کا درخت پیدا کیا یا ہم پیدا کرنے والے ہیں۔ ہم نے اسے یاد دھانی اور محتاجوں کیلئے سامانِ زندگی بنایا ہے۔ پس اپنے ربِ عظیم کے **اسم** کی تسبیح کرو۔ پس نہیں، میں ستاروں کے مقامات کی قسم کھاتا ہوں (ائمہؑ کے مقام کی قسم)۔ اور بیشک یہ واقعی عظیم قسم ہے اگر تم جانو۔ بیشک یہ واقعی کریم قرآن ہے۔ ایک محفوظ کتاب (سیدہ فاطمۃ الزہراءؑ) میں۔

79. None can touch it except the purifying ones [the Masumeen swsa].
80. [It is] a revelation from the Rabb of the Alameen.
81. Then is it to this statement that you are indifferent
82. And you make the means of your provision that you belie?
83. Then why, when it [i.e. the soul at death] reaches the throat
84. And you are at that time looking on [that Maola Ali swsa giving good news of paradise to his lover and of hell to his enemy] –
85. And We are nearer to him [i.e. Ali swsa] than you, but you do not see [us] –
86. Then why do you not, if you are not to be recompensed [on the day of Qiyamah],
87. Bring it [i.e. life] back, if you are truthful?
88. And if he [i.e. the deceased] was of those brought near [to the Imam swsa],
89. Then [for him is] happiness and bounty [breeze & fragrance of paradise in grave] and a garden of Bliss [in the hereafter].
90. And if he was of the companions of the Yameen [Maola Ali aswsa],
91. Then [the angels will say], "Salaam for you; [you are] from the companions of the Yameen."
92. But if he was of the beliers [who were] astray,
93. Then [for him is] entertainment of scalding water [in grave]
94. And burning in Hellfire [in the hereafter].
95. Indeed, this is the certain Haqq,
96. So exalt the Ism [name] of your Rabb, the Most Great.

Surah al-Hdeed

[The Iron, Zulfiqar]

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem

1. Whatever is in the heavens and earth exalts Allah, and He is the Exalted in Might, the Wise.
2. His is the kingdom of the heavens and the earth. He gives life and causes death, and He is over all things competent.
3. He is the First and the Last, the Apparent and the Intimate, and He is, of all things, Knower. [i.e. Maola Ali swsa is the expresser of the attributes of Allah.]
4. It is He Who created the heavens and earth in six days and then arranged the Arsh. He knows what penetrates into the earth and what emerges from it and what descends from the heaven and what ascends therein; and He is with you wherever you are. And Allah, of what you do, is Seeing.
5. His is the kingdom of the heavens and earth. And to Allah are returned [all] matters.
6. He causes the night to enter the day and causes the day to enter the night, and He is Knowing of that within the chests.
7. Believe in Allah and His Rasool and spend out of that in which He has made you successive inheritors. So those who have believed among you and spent, there will be a great reward.
8. And what is wrong with you, you do not believe in Allah while the Rasool invites you to believe in your Rabb and He has taken your covenant, if you are [truly] believers?
9. It is He Who sends down upon His Abd [Mohammad sawaw] verses of clear evidence that He may bring you out from darknesses [Kufr] into the Noor [Wilayat e Ali swsa]. And indeed, Allah is to you Kind and Merciful.

لَّا يَمَسُّهُۥٓ إِلَّا ٱلۡمُطَهَّرُونَ (٧٩) تَنزِيلٌ مِّن
رَّبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ (٨٠) أَفَبِهَٰذَا ٱلۡحَدِيثِ أَنتُم
مُّدۡهِنُونَ (٨١) وَتَجۡعَلُونَ رِزۡقَكُمۡ أَنَّكُمۡ تُكَذِّبُونَ
(٨٢) فَلَوۡلَآ إِذَا بَلَغَتِ ٱلۡحُلۡقُومَ (٨٣) وَأَنتُمۡ
حِينَئِذٖ تَنظُرُونَ (٨٤) وَنَحۡنُ أَقۡرَبُ إِلَيۡهِ مِنكُمۡ
وَلَٰكِن لَّا تُبۡصِرُونَ (٨٥) فَلَوۡلَآ إِن كُنتُمۡ غَيۡرَ
مَدِينِينَ (٨٦) تَرۡجِعُونَهَآ إِن كُنتُمۡ صَٰدِقِينَ
(٨٧) فَأَمَّآ إِن كَانَ مِنَ ٱلۡمُقَرَّبِينَ (٨٨) فَرَوۡحٞ
وَرَيۡحَانٞ وَجَنَّتُ نَعِيمٖ (٨٩) وَأَمَّآ إِن كَانَ مِنۡ
أَصۡحَٰبِ ٱلۡيَمِينِ (٩٠) فَسَلَٰمٞ لَّكَ مِنۡ أَصۡحَٰبِ
ٱلۡيَمِينِ (٩١) وَأَمَّآ إِن كَانَ مِنَ ٱلۡمُكَذِّبِينَ
ٱلضَّآلِّينَ (٩٢) فَنُزُلٞ مِّنۡ حَمِيمٖ (٩٣) وَتَصۡلِيَةُ
جَحِيمٍ (٩٤) إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ حَقُّ ٱلۡيَقِينِ (٩٥)
فَسَبِّحۡ بِٱسۡمِ رَبِّكَ ٱلۡعَظِيمِ (٩٦)

جسے طاہر کرنے والوں (یعنی معصومینؑ) کے سوا کوئی مس نہیں کر سکتا۔ عالمین کے رب کی طرف سے نازل کردہ ہے۔ کیا پھر تم اس کلام سے بے اعتنائی برتتے ہو۔ اور تم اپنا (ذریعۂ) رزق بناتے ہو کہ یقیناً تم تکذیب کرتے ہو۔ پھر کیوں نہیں کہ جب (جان) حلق تک پہنچ جاتی ہے۔ اور تم اس وقت دیکھ رہے ہوتے ہو (کہ مولا علیؑ اپنے حبدار کو جنت کی اور اپنے دشمن کو دوزخ کی بشارت دے رہے ہوتے ہیں)۔ اور **ہم** تم سے زیادہ اس (علیؑ) کے قریب ہوتے ہیں لیکن تم (ہمیں) نہیں دیکھتے۔ پھر کیوں نہیں، اگر (یومِ قیامت) تمہیں بدلہ نہیں دیا جانا۔ تم اس (جان) کو واپس نہیں لاتے اگر تم سچے ہو۔ لیکن اگر وہ (مرنے والا امامؑ کے نزدیک) مقربین میں سے ہو۔ تو راحت ورزق (اور جنت کی ہوا و خوشبو قبر میں) اور نعمت والی جنت (آخرت میں)۔ اور اگر وہ یمین کے اصحاب میں سے ہو۔ (تو کہا جاتا ہے) پس سلام ہے تمہیں کہ یمین کے اصحاب میں سے ہے۔ اور اگر وہ تکذیب کرنے والوں اور گمراہوں میں سے ہو۔ تو ضیافت کھولتے ہوئے پانی سے ہے (قبر میں)۔ اور جہنم میں ڈال کر جلانا ہے (آخرت میں)۔ بیشک یہ واقعی یقینی حق ہے۔ پس اپنے عظیم رب کے **اسم** کی تسبیح کرو۔

سُوۡرَةُ الحَدِيد

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

سَبَّحَ لِلَّهِ مَا فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِۖ وَهُوَ
ٱلۡعَزِيزُ ٱلۡحَكِيمُ (١) لَهُۥ مُلۡكُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ
وَٱلۡأَرۡضِۖ يُحۡيِۦ وَيُمِيتُۖ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ
قَدِيرٌ (٢) هُوَ ٱلۡأَوَّلُ وَٱلۡأٓخِرُ وَٱلظَّٰهِرُ
وَٱلۡبَاطِنُۖ وَهُوَ بِكُلِّ شَيۡءٍ عَلِيمٌ (٣) هُوَ ٱلَّذِي
خَلَقَ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٖ ثُمَّ
ٱسۡتَوَىٰ عَلَى ٱلۡعَرۡشِۚ يَعۡلَمُ مَا يَلِجُ فِي ٱلۡأَرۡضِ
وَمَا يَخۡرُجُ مِنۡهَا وَمَا يَنزِلُ مِنَ ٱلسَّمَآءِ وَمَا
يَعۡرُجُ فِيهَاۖ وَهُوَ مَعَكُمۡ أَيۡنَ مَا كُنتُمۡۚ وَٱللَّهُ بِمَا
تَعۡمَلُونَ بَصِيرٞ (٤) لَّهُۥ مُلۡكُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ
وَٱلۡأَرۡضِۚ وَإِلَى ٱللَّهِ تُرۡجَعُ ٱلۡأُمُورُ (٥) يُولِجُ
ٱلَّيۡلَ فِي ٱلنَّهَارِ وَيُولِجُ ٱلنَّهَارَ فِي ٱلَّيۡلِۚ وَهُوَ
عَلِيمُۢ بِذَاتِ ٱلصُّدُورِ (٦) ءَامِنُواْ بِٱللَّهِ
وَرَسُولِهِۦ وَأَنفِقُواْ مِمَّا جَعَلَكُم مُّسۡتَخۡلَفِينَ فِيهِۖ
فَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنكُمۡ وَأَنفَقُواْ لَهُمۡ أَجۡرٞ كَبِيرٞ (٧)
وَمَا لَكُمۡ لَا تُؤۡمِنُونَ بِٱللَّهِۖ وَٱلرَّسُولُ يَدۡعُوكُمۡ
لِتُؤۡمِنُواْ بِرَبِّكُمۡ وَقَدۡ أَخَذَ مِيثَٰقَكُمۡ إِن كُنتُم
مُّؤۡمِنِينَ (٨) هُوَ ٱلَّذِي يُنَزِّلُ عَلَىٰ عَبۡدِهِۦٓ
ءَايَٰتِۭ بَيِّنَٰتٖ لِّيُخۡرِجَكُم مِّنَ ٱلظُّلُمَٰتِ إِلَى ٱلنُّورِۚ
وَإِنَّ ٱللَّهَ بِكُمۡ لَرَءُوفٞ رَّحِيمٞ (٩)

سُوۡرَةُ الحَدِيد

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیازعام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

جوکچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اللہ کی تسبیح کرتے ہیں اور وہ زبردست اور حکمت والا ہے۔ آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اسی کیلئے ہے، وہی زندہ کرتا ہے وہی مارتا ہے اور وہ ہر شئ پر قادر ہے۔ وہی اول اور آخر اور ظاہر اور باطن ہے، اور وہ ہر شئ کو خوب جاننے والا ہے (یعنی مولا علیؑ مظہرِ صفاتِ الٰہیہ ہے)۔ وہ وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ ایام میں خلق کیا پھر عرش کو استوار کیا؛ وہ جانتا ہے جو کچھ زمین میں داخل ہوتا ہے اور جو کچھ اس سے نکلتا ہے اور جو کچھ آسمان سے نازل ہوتا ہے اور جو کچھ اس میں چڑھتا ہے؛ اور وہ تمہارے ساتھ ہے جہاں بھی تم ہو؛ اور جو تم کرتے ہو اللہ اسے دیکھ رہا ہے۔ آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اسی کی ہے؛ اور اللہ کی طرف تمام امور پلٹائے جاتے ہیں۔ وہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور وہ دن کو رات میں داخل کرتا ہے؛ اور وہ خوب جانتا ہے جو سینوں میں ہے۔ ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسولؐ پر اور خرچ کرو ان چیزوں میں سے جن میں اس نے تمہیں جانشین (وارث) بنایا ہے؛ پس جو لوگ تم میں سے ایمان لائے ہیں اور جنہوں نے خرچ کیا ہے ان کیلئے بڑا اجر ہے۔ اور تمہیں کیا ہے کہ تم اللہ پر ایمان نہیں لاتے جبکہ رسولؐ تمہیں دعوت دے رہا ہے کہ تم اپنے رب پر ایمان لاؤ اور اس نے تم سے میثاق بھی لیا تھا اگر تم مؤمنین ہو۔ وہ وہی ہے جو اپنے عبد پر واضح آیات نازل کرتا ہے تاکہ تمہیں ظلمات (کفر) سے نور (ولایتِ علیؑ) کی طرف نکال لائے؛ اور بیشک اللہ تم پر شفقت کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔

10. And why do you not spend in the Sabeel of Allah while to Allah belongs the heritage of the heavens and the earth? Not equal among you are those who spent before the conquest [of Makkah] and fought [and those who did so after it]. [i.e. No one is equal to Maola Ali swsa.] Those are greater in degree than they who spent afterwards and fought. But to all Allah has promised the best [reward]. And Allah, with what you do, is Acquainted.
11. Who is it that would loan Allah a goodly loan [i.e. spending in the way of the Imam swsa] so He will multiply it for him and he will have a noble reward?
12. On the Day you see the believing men and believing women, their Noor [the Imam swsa] striving before them and on their right [to take them to paradise], [it will be said], "Your good tidings today are [of] gardens beneath which rivers flow, wherein you will abide eternally." That is what is the great attainment.
13. On the [same] Day the hypocrite men and hypocrite women will say to those who believed, "Wait for us [pay some attention to us] that we may acquire some of your Noor." It will be said, "Go back behind you and seek Noor." And a wall [Rasool Allah sawaw] will be placed between them with a door [Maola Ali swsa] in it, its interior having Rahmat [for Shias of Ali swsa], but on the outside of it is torment in front [for enemies of Aal e Mohammad swsa].
14. They [i.e. the hypocrites] will call to them [i.e. the believers], "Were we not with you [in fasting & prayers]?" They will say, "Yes, but you afflicted yourselves [with sin] and you awaited [misfortune for us] and you doubted, and wishful thinking deluded you until there came the command of Allah. And the Deceiver [i.e. Shaitan] deceived you concerning Allah.
15. So today no ransom will be taken from you or from those who disbelieved. Your refuge is the Fire. It [Hell] is your Maola [guardian], and wretched is the destination."
16. Has the time not come for those who have believed that their hearts should become humbly submissive for the Zikr of Allah and what has come down of the Haqq [truth]? And [in Ghaibat e Kubra] let them not be like those who were given the Book before, and a long period passed over them, so their hearts hardened; and many of them are defiantly disobedient.
17. Know that Allah gives life [by justice of the Imam swsa] to the earth after its lifelessness [by Kufr of disbelievers]. Certainly We have made clear to you the signs; perhaps you will understand.
18. Indeed, the men who practice charity and the women who practice charity and [they who] have loaned Allah a goodly loan – it will be multiplied for them, and they will have a noble reward.
19. And those who have believed in Allah and His Rasools – those are [in the ranks of] the truthful and the witness [faith in the Masumeen swsa, testifying their Ahadees, waiting for Qaim swsa], with their Rabb. For them is their reward and their light. But those who have disbelieved and belied Our Ayaat [i.e. denied Wilayat & right of Ali swsa] – those are the companions of Hellfire.
20. Know that the life of this world is but play and amusement and adornment and boasting among you and competition in increase of wealth and children – like the example of a rain whose [resulting] plant growth pleases the tillers; then it dries and you see it turned yellow; then it becomes [scattered] debris. And in the Hereafter is severe punishment, and forgiveness from Allah and approval. And what is the worldly life except the enjoyment of delusion.

وَمَا لَكُمۡ أَلَّا تُنفِقُواْ فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ وَلِلَّهِ مِيرَٰثُ
ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِۚ لَا يَسۡتَوِي مِنكُم مَّنۡ أَنفَقَ
مِن قَبۡلِ ٱلۡفَتۡحِ وَقَٰتَلَۚ أُوْلَٰٓئِكَ أَعۡظَمُ دَرَجَةٗ مِّنَ
ٱلَّذِينَ أَنفَقُواْ مِنۢ بَعۡدُ وَقَٰتَلُواْۚ وَكُلّٗا وَعَدَ ٱللَّهُ
ٱلۡحُسۡنَىٰۚ وَٱللَّهُ بِمَا تَعۡمَلُونَ خَبِيرٞ (١٠) مَّن ذَا
ٱلَّذِي يُقۡرِضُ ٱللَّهَ قَرۡضًا حَسَنٗا فَيُضَٰعِفَهُۥ لَهُۥ
وَلَهُۥٓ أَجۡرٞ كَرِيمٞ (١١) يَوۡمَ تَرَى ٱلۡمُؤۡمِنِينَ
وَٱلۡمُؤۡمِنَٰتِ يَسۡعَىٰ نُورُهُم بَيۡنَ أَيۡدِيهِمۡ وَبِأَيۡمَٰنِهِم
بُشۡرَىٰكُمُ ٱلۡيَوۡمَ جَنَّٰتٞ تَجۡرِي مِن تَحۡتِهَا ٱلۡأَنۡهَٰرُ
خَٰلِدِينَ فِيهَاۚ ذَٰلِكَ هُوَ ٱلۡفَوۡزُ ٱلۡعَظِيمُ (١٢) يَوۡمَ
يَقُولُ ٱلۡمُنَٰفِقُونَ وَٱلۡمُنَٰفِقَٰتُ لِلَّذِينَ ءَامَنُواْ
ٱنظُرُونَا نَقۡتَبِسۡ مِن نُّورِكُمۡ قِيلَ ٱرۡجِعُواْ
وَرَآءَكُمۡ فَٱلۡتَمِسُواْ نُورٗا فَضُرِبَ بَيۡنَهُم بِسُورٖ
لَّهُۥ بَابُۢ بَاطِنُهُۥ فِيهِ ٱلرَّحۡمَةُ وَظَٰهِرُهُۥ مِن
قِبَلِهِ ٱلۡعَذَابُ (١٣) يُنَادُونَهُمۡ أَلَمۡ نَكُن مَّعَكُمۡۖ
قَالُواْ بَلَىٰ وَلَٰكِنَّكُمۡ فَتَنتُمۡ أَنفُسَكُمۡ وَتَرَبَّصۡتُمۡ
وَٱرۡتَبۡتُمۡ وَغَرَّتۡكُمُ ٱلۡأَمَانِيُّ حَتَّىٰ جَآءَ أَمۡرُ ٱللَّهِۚ
وَغَرَّكُم بِٱللَّهِ ٱلۡغَرُورُ (١٤) فَٱلۡيَوۡمَ لَا يُؤۡخَذُ
مِنكُمۡ فِدۡيَةٞ وَلَا مِنَ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْۚ مَأۡوَىٰكُمُ ٱلنَّارُۖ
هِيَ مَوۡلَىٰكُمۡۖ وَبِئۡسَ ٱلۡمَصِيرُ (١٥) ۞ أَلَمۡ يَأۡنِ
لِلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ أَن تَخۡشَعَ قُلُوبُهُمۡ لِذِكۡرِ ٱللَّهِ وَمَا
نَزَلَ مِنَ ٱلۡحَقِّ وَلَا يَكُونُواْ كَٱلَّذِينَ أُوتُواْ
ٱلۡكِتَٰبَ مِن قَبۡلُ فَطَالَ عَلَيۡهِمُ ٱلۡأَمَدُ فَقَسَتۡ
قُلُوبُهُمۡۖ وَكَثِيرٞ مِّنۡهُمۡ فَٰسِقُونَ (١٦) ٱعۡلَمُوٓاْ أَنَّ
ٱللَّهَ يُحۡيِ ٱلۡأَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِهَاۚ قَدۡ بَيَّنَّا لَكُمُ ٱلۡأٓيَٰتِ
لَعَلَّكُمۡ تَعۡقِلُونَ (١٧) إِنَّ ٱلۡمُصَّدِّقِينَ
وَٱلۡمُصَّدِّقَٰتِ وَأَقۡرَضُواْ ٱللَّهَ قَرۡضًا حَسَنٗا
يُضَٰعَفُ لَهُمۡ وَلَهُمۡ أَجۡرٞ كَرِيمٞ (١٨) وَٱلَّذِينَ
ءَامَنُواْ بِٱللَّهِ وَرُسُلِهِۦٓ أُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلصِّدِّيقُونَۖ
وَٱلشُّهَدَآءُ عِندَ رَبِّهِمۡ لَهُمۡ أَجۡرُهُمۡ وَنُورُهُمۡۖ
وَٱلَّذِينَ كَفَرُواْ وَكَذَّبُواْ بِـَٔايَٰتِنَآ أُوْلَٰٓئِكَ
أَصۡحَٰبُ ٱلۡجَحِيمِ (١٩) ٱعۡلَمُوٓاْ أَنَّمَا ٱلۡحَيَوٰةُ
ٱلدُّنۡيَا لَعِبٞ وَلَهۡوٞ وَزِينَةٞ وَتَفَاخُرُۢ بَيۡنَكُمۡ وَتَكَاثُرٞ
فِي ٱلۡأَمۡوَٰلِ وَٱلۡأَوۡلَٰدِۖ كَمَثَلِ غَيۡثٍ أَعۡجَبَ
ٱلۡكُفَّارَ نَبَاتُهُۥ ثُمَّ يَهِيجُ فَتَرَىٰهُ مُصۡفَرّٗا ثُمَّ يَكُونُ
حُطَٰمٗاۖ وَفِي ٱلۡأٓخِرَةِ عَذَابٞ شَدِيدٞ وَمَغۡفِرَةٞ مِّنَ
ٱللَّهِ وَرِضۡوَٰنٞۚ وَمَا ٱلۡحَيَوٰةُ ٱلدُّنۡيَآ إِلَّا مَتَٰعُ
ٱلۡغُرُورِ (٢٠)

اور تمہیں کیا ہے کہ تم اللہ کی سبیل میں خرچ نہیں کرتے اور آسمانوں اور زمین کی میراث اللہ کیلئے ہے؛ تم میں سے جن لوگوں نے فتح (مکہ) سے قبل خرچ کیا اور لڑے وہ مساوی نہیں ہیں (یعنی مولا علیؑ کسی کے مساوی نہیں)؛ ان کا زیادہ عظیم درجہ ہے ان لوگوں سے جنہوں نے اس (فتح) کے بعد خرچ کیا اور لڑے؛ اور سب سے اللہ نے اچھا وعدہ کیا ہے؛ اور اللہ اس سے باخبر ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔ کون ہے وہ جو اللہ کو قرض دے قرضۂ حسنہ (یعنی امامؑ کے کام میں خرچ کرے) تو وہ اسے اس کیلئے کئی گنا بڑھا دے گا اور اس کیلئے باعزت اجر ہے۔ جس دن تم مؤمنین اور مؤمنات کو دیکھو گے کہ ان کا نور (امامؑ) ان کے آگے اور ان کے دائیں ہاتھ (جنت تک پہنچانے کی) سعی کر رہا ہو گا (ان سے کہا جائے گا) بشارت ہے آج تمہارے لئے ایسی جنتوں کی جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں جن میں تم ہمیشہ رہو گے؛ یہ ہی عظیم کامیابی ہے۔ اس دن منافقین اور منافقات ان لوگوں سے جو ایمان رکھتے ہیں کہیں گے ہمارا انتظار کرو تاکہ ہم تمہارے نور سے کچھ حاصل کر سکیں، ان سے کہا جائے گا واپس جاؤ اپنے پیچھے اور نور تلاش کرو؛ پھر ان کے درمیان ایک دیوار (رسولؐ اللہ) حائل کر دی جائے گی جس میں ایک دروازہ (مولا علیؑ) ہو گا؛ اس کے اندر کی طرف (شیعانِ علیؑ کیلئے) رحمت ہوگی اور اس کے باہر (اعداء آلِ محمدؐ کیلئے) سامنے عذاب ہو گا۔ وہ ندا دیں گے (مؤمنوں کو) کیا ہم (صوم وصلاۃ میں) تمہارے ساتھ نہ تھے؛ وہ کہیں گے کیوں نہیں، لیکن تم نے اپنے نفسوں کو فتنے (گناہ) میں ڈالا اور تم (ہمارے لئے بُرے وقت کا) انتظار کرتے رہے اور تم شک کرتے رہے اور جھوٹی توقعات نے تمہیں دھوکا دیا حتیٰ کہ اللہ کا حکم آ گیا اور دھوکے باز (شیطان) نے تمہیں اللہ کے بارے میں دھوکا دیا۔ پس آج تم سے کوئی فدیہ نہیں لیا جائے گا اور نہ ان لوگوں سے جنہوں نے کفر کیا؛ تمہاری پناہ گاہ نار ہے؛ وہی (جہنم) تمہارا مولا ہے اور بہت بُری آخری منزل ہے۔ کیا ابھی ان لوگوں کیلئے جو ایمان لائے ہیں وقت نہیں آیا کہ ان کے قلوب اللہ کے **ذکر** کیلئے اطاعت میں جھک جائیں اور جو حق (کے بارے) نازل ہوا، اور (تم لوگ غیبتِ کبریٰ کے دوران) ان لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جن کو اس سے قبل کتاب دی گئی تھی پھر ان پر طویل مدت گذر گئی تو ان کے قلوب سخت ہوگئے؛ اور ان میں سے اکثر فاسق ہیں۔ جان لو بیشک اللہ زمین کو اس کی موت (کافروں کے کفر) کے بعد (امامؑ کے عدل سے) زندہ کرتا ہے؛ ہم نے تمہارے لئے آیات واضح بیان کر دیں ہیں تاکہ تم عقل کرو۔ بیشک صدقہ دینے والے اور صدقہ دینے والیاں اور اللہ کو قرضہ دینے والے قرضۂ حسنہ، ان کیلئے کئی گنا بڑھا دیا جائے گا اور ان کیلئے باعزت اجر ہے۔ اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے ہیں وہی لوگ اپنے رب کے نزدیک سچے اور شہادت دینے والے ہیں (معصومینؑ پر ایمان، انکی احادیث کی تصدیق، قائم کا انتظار)، ان کیلئے ان کا اجر اور ان کا نور ہے؛ اور جن لوگوں نے کفر کیا ہے اور ہماری آیات کی تکذیب کی ہے (یعنی ولایتِ علیؑ اور حقِ علیؑ کا انکار) وہی لوگ اہلِ جہنم ہیں۔ جان لو دنیا کی حیات صرف کھیل اور تماشہ اور زینت اور تمہارا ایک دوسرے پر فخر کرنا اور اموال واولاد میں کثرت کا مقابلہ ہے؛ بارش کی مثل جس کی (وجہ سے اگنے والی) نباتات کاشتکاروں کو خوش کرتی ہیں پھر وہ خشک ہو جاتی ہے تو تم اسے زرد ہوا دیکھتے ہو پھر وہ بھوسہ بن جاتی ہے؛ اور آخرت میں شدید عذاب ہے اور اللہ کی طرف سے مغفرت اور خوشنودی بھی؛ اور دنیا کی حیات فریب کے مال متاع کے سوا کچھ نہیں۔

21. Race [i.e. compete] toward forgiveness from your Rabb and a Garden whose width is like the width of the heavens and earth, prepared for those who believed in Allah and His Rasools. That is the bounty of Allah which He gives to whom He wills, and Allah is the Possessor of great bounty.
22. No disaster strikes [Momineen] upon the earth or among yourselves except that it is in a register before We bring it into being – indeed that, for Allah, is easy –
23. In order that you not despair over what has escaped you and not exult [in pride] over what He has given you. And Allah does not like everyone self-deluded boastful –
24. [Those] who are stingy and enjoin upon people stinginess. And whoever turns away – then indeed, Allah is the Free of need, the Praiseworthy.
25. We have already sent Our Rasools with clear evidences and sent down with them the Book and the Mezaan [balance] that the people may maintain [their affairs] in justice. And We sent down iron [Zulfiqar], wherein is great military might [against enemies] and benefits for the people [Mohammad sawaw & Ali swsa], and so that Allah may make evident those who support Him and His Rasools unseen. Indeed, Allah is Powerful and Exalted in Might [i.e. Allah takes revenge through Ali swsa].
26. And surely We have already sent Nuh and Ibraheem and placed in their descendants prophethood and Book; and among them is he who is guided, but many of them are defiantly disobedient.
27. Then We sent following their footsteps [i.e. traditions] Our Rasools and followed [them] with Esa, the son of Mariyam, and gave him the Injeel. And We placed in the hearts of those who followed him compassion and mercy; and monasticism [monkery] which they innovated; We did not prescribe it for them except [that they did so] seeking the approval of Allah. But they did not observe it with due observance. So We gave the ones who believed among them their reward, but many of them are defiantly disobedient.
28. O you who believe, fear Allah and believe in His Rasool; He will [then] give you a double portion of His mercy [Hassan swsa & Hussain swsa] and make for you a Noor [Maola Ali swsa] by which you will walk and forgive you; and Allah is Forgiving and Merciful.
29. [This is] so that the People of the Book may know that they are not able [to obtain] anything from the bounty of Allah and that Fazal [all bounty] is in the hand of Allah; He gives it to whom He wills. And Allah is the Possessor of great bounty.

سَابِقُوٓاْ إِلَىٰ مَغۡفِرَةٖ مِّن رَّبِّكُمۡ وَجَنَّةٍ عَرۡضُهَا
كَعَرۡضِ ٱلسَّمَآءِ وَٱلۡأَرۡضِ أُعِدَّتۡ لِلَّذِينَ ءَامَنُواْ
بِٱللَّهِ وَرُسُلِهِۦۚ ذَٰلِكَ فَضۡلُ ٱللَّهِ يُؤۡتِيهِ مَن يَشَآءُۚ
وَٱللَّهُ ذُو ٱلۡفَضۡلِ ٱلۡعَظِيمِ (٢١) مَآ أَصَابَ مِن
مُّصِيبَةٖ فِي ٱلۡأَرۡضِ وَلَا فِيٓ أَنفُسِكُمۡ إِلَّا فِي
كِتَٰبٖ مِّن قَبۡلِ أَن نَّبۡرَأَهَآۚ إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى ٱللَّهِ
يَسِيرٞ (٢٢) لِّكَيۡلَا تَأۡسَوۡاْ عَلَىٰ مَا فَاتَكُمۡ وَلَا
تَفۡرَحُواْ بِمَآ ءَاتَىٰكُمۡۗ وَٱللَّهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخۡتَالٖ
فَخُورٍ (٢٣) ٱلَّذِينَ يَبۡخَلُونَ وَيَأۡمُرُونَ ٱلنَّاسَ
بِٱلۡبُخۡلِۗ وَمَن يَتَوَلَّ فَإِنَّ ٱللَّهَ هُوَ ٱلۡغَنِيُّ ٱلۡحَمِيدُ
(٢٤) لَقَدۡ أَرۡسَلۡنَا رُسُلَنَا بِٱلۡبَيِّنَٰتِ وَأَنزَلۡنَا مَعَهُمُ
ٱلۡكِتَٰبَ وَٱلۡمِيزَانَ لِيَقُومَ ٱلنَّاسُ بِٱلۡقِسۡطِۖ وَأَنزَلۡنَا
ٱلۡحَدِيدَ فِيهِ بَأۡسٞ شَدِيدٞ وَمَنَٰفِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعۡلَمَ ٱللَّهُ
مَن يَنصُرُهُۥ وَرُسُلَهُۥ بِٱلۡغَيۡبِۚ إِنَّ ٱللَّهَ قَوِيٌّ
عَزِيزٞ (٢٥) وَلَقَدۡ أَرۡسَلۡنَا نُوحٗا وَإِبۡرَٰهِيمَ
وَجَعَلۡنَا فِي ذُرِّيَّتِهِمَا ٱلنُّبُوَّةَ وَٱلۡكِتَٰبَۖ فَمِنۡهُم
مُّهۡتَدٖۖ وَكَثِيرٞ مِّنۡهُمۡ فَٰسِقُونَ (٢٦) ثُمَّ قَفَّيۡنَا
عَلَىٰٓ ءَاثَٰرِهِم بِرُسُلِنَا وَقَفَّيۡنَا بِعِيسَى ٱبۡنِ مَرۡيَمَ
وَءَاتَيۡنَٰهُ ٱلۡإِنجِيلَ وَجَعَلۡنَا فِي قُلُوبِ ٱلَّذِينَ
ٱتَّبَعُوهُ رَأۡفَةٗ وَرَحۡمَةٗ وَرَهۡبَانِيَّةً ٱبۡتَدَعُوهَا مَا
كَتَبۡنَٰهَا عَلَيۡهِمۡ إِلَّا ٱبۡتِغَآءَ رِضۡوَٰنِ ٱللَّهِ فَمَا
رَعَوۡهَا حَقَّ رِعَايَتِهَاۖ فَـَٔاتَيۡنَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنۡهُمۡ
أَجۡرَهُمۡۖ وَكَثِيرٞ مِّنۡهُمۡ فَٰسِقُونَ (٢٧) يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ
ءَامَنُواْ ٱتَّقُواْ ٱللَّهَ وَءَامِنُواْ بِرَسُولِهِۦ يُؤۡتِكُمۡ
كِفۡلَيۡنِ مِن رَّحۡمَتِهِۦ وَيَجۡعَل لَّكُمۡ نُورٗا تَمۡشُونَ
بِهِۦ وَيَغۡفِرۡ لَكُمۡۚ وَٱللَّهُ غَفُورٞ رَّحِيمٞ (٢٨) لِّئَلَّا
يَعۡلَمَ أَهۡلُ ٱلۡكِتَٰبِ أَلَّا يَقۡدِرُونَ عَلَىٰ شَيۡءٖ مِّن
فَضۡلِ ٱللَّهِ وَأَنَّ ٱلۡفَضۡلَ بِيَدِ ٱللَّهِ يُؤۡتِيهِ مَن يَشَآءُۚ
وَٱللَّهُ ذُو ٱلۡفَضۡلِ ٱلۡعَظِيمِ (٢٩)

سبقت کرو اپنے رب کی مغفرت اور اس جنت کی طرف جس کی چوڑائی آسمان اور زمین کی چوڑائی جتنی ہے جو ان لوگوں کیلئے تیار کی گئی ہے جو اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان رکھتے ہیں؛ یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے اسے عطا کرتا ہے؛ اور اللہ عظیم فضل والا ہے۔ (مؤمنین پر) زمین میں کوئی مصیبت نہیں آتی اور نہ تمہارے نفسوں میں مگر وہ کتاب میں (درج) ہے اس سے قبل کہ ہم اسے پیدا کریں؛ بیشک یہ اللہ کیلئے بہت آسان ہے۔ تاکہ تم مایوس نہ ہو اس پر جو تم سے کھو گیا اور نہ تم اس پر اِتراؤ جو اس نے تمہیں دیا ہے؛ اور اللہ کسی خود پسند (متکبر) اور شیخی بکھارنے والے کو پسند نہیں کرتا۔ جو لوگ بخل کرتے ہیں اور لوگوں کو بھی بخل کا حکم دیتے ہیں؛ اور جو کوئی منہ موڑ لے تو بیشک اللہ غنی اور حمید ہے۔ تحقیق ہم نے اپنے رسولوں کو واضح دلائل کے ساتھ بھیجا اور ہم نے ان کے ساتھ کتاب اور میزان نازل کئے تاکہ لوگ انصاف پر قائم ہوں، اور ہم نے لوہے (ذوالفقار) کو نازل کیا جس میں (دشمنوں کے خلاف) شدید جنگی طاقت اور لوگوں (محمدؐ وعلیؑ) کیلئے منافع ہیں اور تاکہ اللہ ظاہر کردے کہ کون بِن دیکھے اللہ اور اس کے رسولوں کی نصرت کرتا ہے؛ بیشک اللہ قوت والا اور زبردست ہے (یعنی علیؑ کے ذریعے کفار سے انتقام لیتا ہے)۔ اور تحقیق ہم نے نوحؑ اور ابراھیمؑ کو بھیجا اور ہم نے ان دونوں کی نسل میں نبوت اور کتاب قرار دی، پس ان میں ھدایت یافتہ بھی تھے اور ان میں اکثر فاسق تھے۔ پھر ہم نے ان کے نقشِ قدم کے پیچھے پیچھے رسولوں کو بھیجا اور ہم نے (ان کے) پیچھے عیسیٰؑ ابنِ مریمؑ کو بھیجا اور ہم نے اس کو انجیل عطا کی، اور ہم نے ان لوگوں کے قلوب میں جنہوں نے اس کا اتباع کیا ہمدردی اور رحم ڈال دیا؛ اور رھبانیت انہوں نے (خود) اس بدعت کو بنایا ہم نے اس کو ان پر فرض نہیں کیا تھا مگر اللہ کی خوشنودی کی تلاش میں (انہوں نے کیا) پھر اس کا لحاظ نہ رکھا جو اس کی رعایت و لحاظ کا حق تھا، پھر ہم نے ان لوگوں کو جو ان میں سے ایمان لائے تھے ان کا اجر دیا، اور ان میں سے اکثر فاسق ہیں۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو اللہ سے ڈرو اور اس کے رسولؐ پر ایمان لاؤ وہ تمہیں اپنی رحمت سے دوگنا حصہ (حسنؑ اور حسینؑ) عطا فرمائے گا اور تمہارے لئے ایسا نور (امام علیؑ) قرار دے گا جس میں تم چلو گے اور تمہیں بخش دے گا؛ اور اللہ غفور اور رحیم ہے۔ تاکہ اہلِ کتاب جان لیں کہ وہ اللہ کے فضل میں سے کس شئ پر بھی قادر نہیں ہیں اور بیشک فضل اللہ کے ہاتھ میں ہے وہ جسے چاہتا ہے اس کو عطا کرتا ہے؛ اور اللہ عظیم فضل والا ہے۔

Surah al-Mujadilah
[The Pleading]

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem

1. Certainly Allah has heard the speech of the one who pleads with you, [O Mohammad sawaw], concerning her husband and directs her complaint to Allah. And Allah hears your dialogue; indeed, Allah is all-Hearing all-Seeing.
2. Those who pronounce Zihar among you [to separate] from their wives – they are not [consequently] their mothers. Their mothers are none but those who gave birth to them. And indeed they are surely saying an evil statement and a falsehood. And indeed, Allah is Pardoning Forgiving.
3. And those who pronounce Zihar from their wives and then [wish to] go back on what they said – then [there must be] the freeing of a slave before they touch one another. That is what you are admonished thereby; and Allah is Acquainted with what you do.
4. And he who does not find [a slave] – then a fast for two months consecutively before they touch one another; and he who is unable – then the feeding of sixty poor persons. That is for you to believe [completely] in Allah and His Rasool; and those are the limits [set by] Allah. And for the disbelievers is a painful punishment.
5. Indeed, those who oppose Allah and His Rasool are disgraced as those before them were disgraced. And We have certainly sent down verses of clear evidence. And for the disbelievers is a humiliating punishment
6. On the Day when Allah will resurrect them all and inform them of what they did. Allah had encompassed it in knowledge, while they forgot it; and Allah is, over all things, Witness.
7. Have you not considered that Allah knows what is in the heavens and what is on the earth? There is in no private conversation among three but that He is the fourth of them, nor are there five but that He is the sixth of them – and no less than that and no more except that He is with them wherever they are. Then He will inform them of what they did, on the Day of Qiyamah [i.e. Fulan & Fulan did meeting with their company and made a written promise to oppose Maola Ali after Rasool Allah sawaw, and decided future plot]. Indeed Allah is, of all things, Knowing.
8. Have you not considered those who were forbidden from private conversation [i.e. ridicule and conspiracy] and then return to that which they were forbidden and converse among themselves about sin and aggression and disobedience to the Rasool? And when they come to you, they greet you with that [i.e. good morning & good evening] by which Allah does not greet you [i.e. Allah's way of greeting is Assalam o Alaikum] and they say among themselves, "Why does Allah not punish us for what we say?" Sufficient for them is Hell, which they will [enter to] burn, and wretched is the destination.
9. O you who believe, when you converse privately, do not converse about sin and aggression [against Maola Ali swsa] and disobedience to the Rasool but converse about righteousness and piety. And fear Allah, to whom you will be gathered.
10. Private conversation is only from Shaitan that he may grieve those who have believed, but he will not harm them at all except by permission of Allah. And upon Allah let the believers rely.

سُوْرَةُ المجَادلة

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیاز عام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

اللہ نے سن لی اس عورت کی بات جو اپنے شوہر کے بارے میں تم سے جھگڑا کر رہی ہے اور اللہ کے حضور شکایت کر رہی ہے اور اللہ تم دونوں کی گفتگو سن رہا ہے؛ بیشک اللہ سمیع و بصیر ہے۔ تم میں سے جو لوگ اپنی بیویوں سے ظہار کر دیتے ہیں وہ ان کی مائیں نہیں (بن جاتی) ہیں؛ ان کی مائیں نہیں ہیں سوائے ان کے جنہوں نے ان کو جنا ہے؛ اور بیشک وہ واقعی بڑی ناگوار اور جھوٹی بات کہتے ہیں؛ اور بیشک اللہ معاف کرنے والا اور بخشنے والا ہے۔ اور جو لوگ اپنی بیویوں سے ظہار کر دیتے ہیں پھر وہ اعادہ کریں جو انہوں نے کہا تو ایک غلام آزاد کرنا ہوگا اس سے قبل کہ وہ ایک دوسرے کو مس کریں؛ یہ ہے جس کا تمہیں وعظ کیا جاتا ہے اور اللہ اس سے باخبر ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔ پھر جو شخص (غلام) نہ پائے تو مسلسل دو مہینے کے صیام اس سے قبل کہ وہ ایک دوسرے کو مس کریں، اور جو (اس کی بھی) استطاعت نہ رکھے تو ساٹھ مسکینوں کو طعام کھلانا ہے؛ یہ اسلئے کہ تم اللہ اور اس کے رسولؐ پر ایمان رکھو؛ اور یہ اللہ کی حدود ہیں؛ اور کافروں کیلئے درد ناک عذاب ہے۔ بیشک جو لوگ اللہ اور اس کے رسولؐ کی مخالفت کرتے ہیں وہ ذلیل کر دیئے جائیں گے جس طرح ان لوگوں کو ذلیل کر دیا گیا جو ان سے قبل تھے اور ہم نے واضح آیات نازل کر دیں ہیں اور کافروں کیلئے رسواکن عذاب ہے۔ جس دن اللہ سب کو اکٹھا اٹھائے گا تو انہیں خبر دے گا جو انہوں نے کیا؛ اللہ نے اس کا احاطہ کر رکھا ہے اور وہ اسے بھول گئے ہیں اور اللہ ہر شئ پر گواہ ہے۔ کیا تم نے نہیں دیکھا بیشک اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے؛ نہیں ہوتی کوئی سرگوشی تین میں مگر وہ ان کا چوتھا ہوتا ہے اور نہ پانچ میں مگر وہ ان کا چھٹا ہوتا ہے اور نہ اس سے کم اور نہ زیادہ مگر وہ ان کے ساتھ ہوتا ہے جہاں کہیں بھی وہ ہوں، پھر یومِ قیامت وہ ان کو خبر دے گا جو کچھ انہوں نے کیا ہے (جب فلانے ڈھمکانے نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ بیٹھ کر لکھ کر مولا علیؑ کی مخالفت کا عہد کیا کہ رسولؐ کے جانے کے بعد ہم ایسا ایسا کریں گے)؛ بیشک اللہ ہر شئ کو خوب جانتا ہے۔ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جن کو سرگوشی کرنے سے روکا گیا تھا پھر وہ اسی کا اعادہ کرتے ہیں جس سے ان کو روکا گیا تھا اور وہ گناہ اور زیادتی اور رسولؐ کی نافرمانی کیلئے سرگوشیاں کرتے ہیں، اور جب تمہارے پاس آتے ہیں تو تمہیں (اس طریقے سے) سلام کرتے ہیں (یعنی صبح بخیر، شام بخیر کہتے ہیں) جس طرح اللہ نے تم پر سلام نہیں کیا ہے (یعنی اللہ کے سلام کا طریقہ السلام علیکم ہے)، اور وہ اپنے دلوں میں کہتے ہیں کہ اللہ ہمیں ان باتوں کی وجہ سے عذاب کیوں نہیں دیتا جو ہم کہتے ہیں؛ ان کیلئے جہنم کافی ہے جس میں وہ جلیں گے، بہت بُری آخری منزل ہے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو جب تم آپس میں سرگوشی کرتے ہو تو گناہ اور زیادتی (یعنی مولا علیؑ کے خلاف) اور رسولؐ کی نافرمانی کیلئے سرگوشی نہ کرو بلکہ تم نیکی اور تقویٰ کیلئے سرگوشی کرو؛ اور اس اللہ سے ڈرو جس کی طرف تمہیں محشور کیا جائے گا۔ سرگوشی صرف شیطان کی طرف سے ہے تاکہ وہ لوگ غمگین ہوں جو ایمان لائے ہیں اور وہ ان کو کچھ ضرر نہیں پہنچا سکتا مگر اللہ کے اذن سے؛ اور مؤمنین کو اللہ پر ہی توکل کرنا چاہیئے۔

سُوْرَةُ المجَادلة

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

قَدْ سَمِعَ ٱللَّهُ قَوْلَ ٱلَّتِى تُجَـٰدِلُكَ فِى زَوْجِهَا
وَتَشْتَكِىٓ إِلَى ٱللَّهِ وَٱللَّهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَآ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ
سَمِيعٌۢ بَصِيرٌ (١) ٱلَّذِينَ يُظَـٰهِرُونَ مِنكُم مِّن
نِّسَآئِهِم مَّا هُنَّ أُمَّهَـٰتِهِمْ ۖ إِنْ أُمَّهَـٰتُهُمْ إِلَّا ٱلَّـٰٓـِٔى
وَلَدْنَهُمْ ۚ وَإِنَّهُمْ لَيَقُولُونَ مُنكَرًا مِّنَ ٱلْقَوْلِ
وَزُورًا ۚ وَإِنَّ ٱللَّهَ لَعَفُوٌّ غَفُورٌ (٢) وَٱلَّذِينَ
يُظَـٰهِرُونَ مِن نِّسَآئِهِمْ ثُمَّ يَعُودُونَ لِمَا قَالُوا۟
فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مِّن قَبْلِ أَن يَتَمَآسَّا ۚ ذَٰلِكُمْ
تُوعَظُونَ بِهِۦ ۚ وَٱللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ (٣) فَمَن
لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِن قَبْلِ أَن
يَتَمَآسَّا ۖ فَمَن لَّمْ يَسْتَطِعْ فَإِطْعَامُ سِتِّينَ مِسْكِينًا ۚ
ذَٰلِكَ لِتُؤْمِنُوا۟ بِٱللَّهِ وَرَسُولِهِۦ ۚ وَتِلْكَ حُدُودُ ٱللَّهِ ۗ
وَلِلْكَـٰفِرِينَ عَذَابٌ أَلِيمٌ (٤) إِنَّ ٱلَّذِينَ يُحَآدُّونَ
ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ كُبِتُوا۟ كَمَا كُبِتَ ٱلَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ
وَقَدْ أَنزَلْنَآ ءَايَـٰتٍۭ بَيِّنَـٰتٍ ۚ وَلِلْكَـٰفِرِينَ عَذَابٌ
مُّهِينٌ (٥) يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ ٱللَّهُ جَمِيعًا فَيُنَبِّئُهُم بِمَا
عَمِلُوٓا۟ ۚ أَحْصَىٰهُ ٱللَّهُ وَنَسُوهُ ۚ وَٱللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ
شَهِيدٌ (٦) أَلَمْ تَرَ أَنَّ ٱللَّهَ يَعْلَمُ مَا فِى ٱلسَّمَـٰوَٰتِ
وَمَا فِى ٱلْأَرْضِ ۖ مَا يَكُونُ مِن نَّجْوَىٰ ثَلَـٰثَةٍ
إِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ إِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَآ
أَدْنَىٰ مِن ذَٰلِكَ وَلَآ أَكْثَرَ إِلَّا هُوَ مَعَهُمْ أَيْنَ مَا
كَانُوا۟ ۖ ثُمَّ يُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوا۟ يَوْمَ ٱلْقِيَـٰمَةِ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ
بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيمٌ (٧) أَلَمْ تَرَ إِلَى ٱلَّذِينَ نُهُوا۟
عَنِ ٱلنَّجْوَىٰ ثُمَّ يَعُودُونَ لِمَا نُهُوا۟ عَنْهُ
وَيَتَنَـٰجَوْنَ بِٱلْإِثْمِ وَٱلْعُدْوَٰنِ وَمَعْصِيَتِ ٱلرَّسُولِ
وَإِذَا جَآءُوكَ حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ ٱللَّهُ
وَيَقُولُونَ فِىٓ أَنفُسِهِمْ لَوْلَا يُعَذِّبُنَا ٱللَّهُ بِمَا نَقُولُ ۚ
حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ يَصْلَوْنَهَا ۖ فَبِئْسَ ٱلْمَصِيرُ (٨)
يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟ إِذَا تَنَـٰجَيْتُمْ فَلَا تَتَنَـٰجَوْا۟
بِٱلْإِثْمِ وَٱلْعُدْوَٰنِ وَمَعْصِيَتِ ٱلرَّسُولِ وَتَنَـٰجَوْا۟
بِٱلْبِرِّ وَٱلتَّقْوَىٰ ۖ وَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ ٱلَّذِىٓ إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ
(٩) إِنَّمَا ٱلنَّجْوَىٰ مِنَ ٱلشَّيْطَـٰنِ لِيَحْزُنَ ٱلَّذِينَ
ءَامَنُوا۟ وَلَيْسَ بِضَآرِّهِمْ شَيْـًٔا إِلَّا بِإِذْنِ ٱللَّهِ ۚ
وَعَلَى ٱللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ ٱلْمُؤْمِنُونَ (١٠)

کہہ دو اے لوگو جو یہودی بن گئے ہو اگر تمہارا خیال ہے کہ بیشک لوگوں کی بجائے تم اللہ کے اولیاء ہو تو موت کی تمنا کرو اگر تم سچے ہو۔ اور وہ کبھی بھی اس کی تمنا نہیں کریں گے ان (اعمال) کی وجہ سے جو انہوں نے اپنے ہاتھوں سے آگے بھیجے ہیں؛ اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے۔ کہہ دو بیشک موت جس سے تم فرار کرتے ہو تو یقیناً وہ تم سے ملنے والی ہے پھر تم غیب اور حاضر کے جاننے والے کی طرف پلٹائے جاؤ گے تو وہ تمہیں خبر دے گا جو کچھ تم کرتے رہے تھے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو جب یوم جمعہ (میثاقِ ولایت کے دن) کی طرف سے صلاۃ (صلاۃ الولایۃ) کیلئے ندا دی جائے تو اللہ کے ذکر (امیرالمؤمنین علیؑ) کی طرف سعی کرو اور خریدوفروخت (خود ساختہ امامت کے دکاندار) چھوڑ دو؛ یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانتے ہو۔ اور جب صلاۃ (بیعتِ علیؑ کی تجدید) پوری ہو جائے تو زمین (ائمۂ معصومینؑ) میں منتشر ہو جاؤ اور اللہ کے فضل (فضائلِ معصومینؑ) میں سے تلاش کرو اور اللہ کا ذکر کثرت سے کرو تاکہ تم فلاح پا جاؤ۔ اور جب انہوں نے تجارت (١) یا تماشہ (٢) دیکھا تو اس کی طرف دوڑ گئے اور تمہیںؐ (علیؑ کے ساتھ صلاۃ میں) قائم چھوڑ دیا؛ کہہ دو جو اللہ کے پاس (ولایتِ علیؑ و اوصیاءؑ) ہے وہ تماشے سے اور تجارت سے بہتر ہے (یعنی غیر معصوموں کی بیعت سے بہتر ہے)؛ اور اللہ رازقوں میں بہترین ہے۔

سُوۡرَةُ المنَافِقون

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیازعام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

(اے حبیبؐ) جب منافقین تمہارے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں ہم گواہی دیتے ہیں بیشک آپ اللہ کے واقعی رسولؐ ہیں اور اللہ جانتا ہے کہ بیشک تم واقعی اس کے رسولؐ ہو؛ اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ بیشک منافقین بالکل جھوٹے ہیں (ولایتِ علیؑ کے بارے میں)۔ انہوں نے اپنی قسموں (کلمۂ اسلام) کو ڈھال بنا لیا ہے پھر وہ اللہ کی سبیل (علیؑ) سے روکتے ہیں؛ بیشک بہت بُرا ہے جو وہ کر رہے ہیں۔ یہ اسلئے کہ وہ (رسالت پر) ایمان لائے پھر انہوں نے (ولایتِ وصیؑ سے) کفر کیا تو اللہ نے ان کے قلوب پر چھاپا لگا دیا پس وہ کچھ نہیں سمجھتے۔ اور جب تم انہیں دیکھو تو ان کے جسم تمہیں اچھے لگیں؛ اور اگر وہ بات کریں تو تم ان کی بات سنتے رہ جاؤ؛ گویا کہ (دیوار کے ساتھ) لگائی ہوئی لکڑیاں ہوں (یعنی نہ سنتے ہیں نہ عقل کرتے ہیں)؛ وہ خیال کرتے ہیں کہ ہر چنگھاڑ (آواز) ان کے خلاف ہے؛ یہ دشمن ہیں پس ان سے چوکنے رہو؛ اللہ ان کو ہلاک کرے، کدھر سے بہکائے جا رہے ہیں۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ (ولایتِ علیؑ کی طرف پلٹ) آؤ تاکہ اللہ کا رسولؐ تمہارے لئے دعائے مغفرت کرے تو اپنے سروں کو جھٹکے سے موڑتے ہیں اور تم دیکھتے ہو کہ وہ متکبر بنتے ہوئے (ولایتِ علیؑ کی طرف) آنے سے رکتے ہیں۔ ان کیلئے مساوی ہے خواہ تم ان کیلئے دعائے مغفرت کرو یا تم ان کیلئے دعائے مغفرت نہ کرو اللہ ہرگز ان کی مغفرت نہیں کرے گا؛ بیشک اللہ فاسقوں کی قوم کو ہدایت نہیں کرتا۔ یہ وہ لوگ ہیں جو کہتے ہیں کہ جو لوگ اللہ کے رسولؐ کے پاس ہیں ان پر خرچ نہ کرو حتیٰ کہ وہ بھاگ جائیں؛ اور آسمانوں اور زمین کے خزانے اللہ کیلئے ہیں لیکن منافقین نہیں سمجھتے۔ وہ کہتے ہیں اگر ہم مدینہ واپس پہنچ گئے تو عزت دار ذلیل کو وہاں سے نکال دے گا؛ حالانکہ عزت تو اللہ کیلئے اور اس کے رسولؐ کیلئے اور مؤمنین کیلئے ہے لیکن منافقین نہیں جانتے۔

سُوۡرَةُ المنَافِقون

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

إِذَا جَآءَكَ ٱلۡمُنَـٰفِقُونَ قَالُواْ نَشۡهَدُ إِنَّكَ لَرَسُولُ
ٱللَّهِۗ وَٱللَّهُ يَعۡلَمُ إِنَّكَ لَرَسُولُهُۥ وَٱللَّهُ يَشۡهَدُ إِنَّ
ٱلۡمُنَـٰفِقِينَ لَكَـٰذِبُونَ (١) ٱتَّخَذُوٓاْ أَيۡمَـٰنَهُمۡ جُنَّةً
فَصَدُّواْ عَن سَبِيلِ ٱللَّهِۚ إِنَّهُمۡ سَآءَ مَا كَانُواْ
يَعۡمَلُونَ (٢) ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمۡ ءَامَنُواْ ثُمَّ كَفَرُواْ فَطُبِعَ
عَلَىٰ قُلُوبِهِمۡ فَهُمۡ لَا يَفۡقَهُونَ (٣) ۞ وَإِذَا
رَأَيۡتَهُمۡ تُعۡجِبُكَ أَجۡسَامُهُمۡۖ وَإِن يَقُولُواْ تَسۡمَعۡ
لِقَوۡلِهِمۡۖ كَأَنَّهُمۡ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌۖ يَحۡسَبُونَ كُلَّ
صَيۡحَةٍ عَلَيۡهِمۡۚ هُمُ ٱلۡعَدُوُّ فَٱحۡذَرۡهُمۡۚ قَـٰتَلَهُمُ ٱللَّهُۖ
أَنَّىٰ يُؤۡفَكُونَ (٤) وَإِذَا قِيلَ لَهُمۡ تَعَالَوۡاْ يَسۡتَغۡفِرۡ
لَكُمۡ رَسُولُ ٱللَّهِ لَوَّوۡاْ رُءُوسَهُمۡ وَرَأَيۡتَهُمۡ
يَصُدُّونَ وَهُم مُّسۡتَكۡبِرُونَ (٥) سَوَآءٌ عَلَيۡهِمۡ
أَسۡتَغۡفَرۡتَ لَهُمۡ أَمۡ لَمۡ تَسۡتَغۡفِرۡ لَهُمۡ لَن يَغۡفِرَ ٱللَّهُ
لَهُمۡۚ إِنَّ ٱللَّهَ لَا يَهۡدِى ٱلۡقَوۡمَ ٱلۡفَـٰسِقِينَ (٦) هُمُ
ٱلَّذِينَ يَقُولُونَ لَا تُنفِقُواْ عَلَىٰ مَنۡ عِندَ رَسُولِ
ٱللَّهِ حَتَّىٰ يَنفَضُّواْۗ وَلِلَّهِ خَزَآئِنُ ٱلسَّمَـٰوَٰتِ
وَٱلۡأَرۡضِ وَلَـٰكِنَّ ٱلۡمُنَـٰفِقِينَ لَا يَفۡقَهُونَ (٧)
يَقُولُونَ لَئِن رَّجَعۡنَآ إِلَى ٱلۡمَدِينَةِ لَيُخۡرِجَنَّ
ٱلۡأَعَزُّ مِنۡهَا ٱلۡأَذَلَّۚ وَلِلَّهِ ٱلۡعِزَّةُ وَلِرَسُولِهِۦ
وَلِلۡمُؤۡمِنِينَ وَلَـٰكِنَّ ٱلۡمُنَـٰفِقِينَ لَا يَعۡلَمُونَ (٨)

9. O you who believe, let not your wealth and your children divert you from the Zikr of Allah. And whoever does that – then those are the losers.
10. And spend [in the way of Allah] from what We have provided you before death approaches one of you and he says, "My Rabb, if only You would delay me for a brief term so I would give charity and be among the righteous."
11. But never will Allah delay a soul when its time has come. And Allah is Acquainted with what you do.

Surah at-Taghabun
[Deprivation/Mutual Loss and Gain]

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem

1. Whatever is in the heavens and whatever is on the earth is exalting Allah, to Him belongs the kingdom, and to Him belongs every praise, and He is over all things competent.
2. It is He Who created you, so among you is the disbeliever, and among you is the believer [i.e. Allah knows from Aalam e Zarr who is believer or denier of Wilayat]. And Allah, of what you do, is Seeing.
3. He created the heavens and earth with the Haqq and formed you and made good your forms; and to Him is the [final] destination.
4. He knows what is within the heavens and earth and knows what you conceal and what you declare. And Allah is Knowing of that within the chests.
5. Has there not come to you the news of those who disbelieved before? So they tasted the bad consequence of their affair, and they will have a painful punishment.
6. That is because their Rasools used to come to them with clear evidences, but they said, "Shall human beings guide us?" and disbelieved and turned away. And Allah can do without them; and Allah is Free of need and Praiseworthy.
7. Those who disbelieve have claimed that they will never be resurrected. Say, "Yes, by my Rabb, you will surely be resurrected; then you will surely be informed of what you did. And that, for Allah, is easy."
8. So believe in Allah and His Rasool and the Noor [Maola Ali swsa and the Imams swsa] which We have sent down. And Allah is Acquainted with what you do.
9. The Day He will assemble you for the Day of Assembly – that is the Day of Deprivation [to return the usurped things]. And whoever believes in Allah and does righteousness – He will remove from him his misdeeds and admit him to gardens beneath which rivers flow, wherein they will abide forever. That is the great attainment.
10. But the ones who disbelieved and belied Our Ayaat – those are the companions of the Fire, abiding eternally therein; and wretched is the destination.
11. No disaster strikes except by permission of Allah. And whoever believes in Allah – He will guide his heart. And Allah is Knowing of all things.
12. And obey Allah and obey the Rasool; but if you turn away – then upon Our Rasool is only [the duty of] clear delivery [of message].
13. Allah – there is no God except Him. And upon Allah let the believers rely.

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَا تُلۡهِكُمۡ أَمۡوَٰلُكُمۡ وَلَآ أَوۡلَٰدُكُمۡ عَن ذِكۡرِ ٱللَّهِۚ وَمَن يَفۡعَلۡ ذَٰلِكَ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡخَٰسِرُونَ (٩) وَأَنفِقُواْ مِن مَّا رَزَقۡنَٰكُم مِّن قَبۡلِ أَن يَأۡتِيَ أَحَدَكُمُ ٱلۡمَوۡتُ فَيَقُولَ رَبِّ لَوۡلَآ أَخَّرۡتَنِيٓ إِلَىٰٓ أَجَلٖ قَرِيبٖ فَأَصَّدَّقَ وَأَكُن مِّنَ ٱلصَّٰلِحِينَ (١٠) وَلَن يُؤَخِّرَ ٱللَّهُ نَفۡسًا إِذَا جَآءَ أَجَلُهَاۚ وَٱللَّهُ خَبِيرُۢ بِمَا تَعۡمَلُونَ (١١)

اے لوگو جو ایمان لائے ہو تمہارے اموال اور تمہاری اولاد تمہیں اللہ کے ذکر سے غافل نہ کر دیں اور جو ایسا کرے گا تو وہ لوگ خسارہ پانے والے ہیں۔ اور اس میں سے خرچ کرو جو رزق ہم نے تمہیں دیا ہے اس سے قبل کہ تم میں سے کسی کی موت آجائے تو وہ کہے اے میرے رب کیوں نہ تو نے مجھے قریبی مدت تک مؤخر کیا تو میں صدقہ دیتا اور میں صالحین میں سے ہو جاتا۔ اور اللہ ہرگز کسی نفس کو مؤخر نہیں کرتا جب اس کی اجل (مدت) آ جاتی ہے؛ اور اللہ اس سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو۔

سُوۡرَةُ التّغَابُن

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

يُسَبِّحُ لِلَّهِ مَا فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِي ٱلۡأَرۡضِۖ لَهُ ٱلۡمُلۡكُ وَلَهُ ٱلۡحَمۡدُۖ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ قَدِيرٌ (١) هُوَ ٱلَّذِي خَلَقَكُمۡ فَمِنكُمۡ كَافِرٞ وَمِنكُم مُّؤۡمِنٞۚ وَٱللَّهُ بِمَا تَعۡمَلُونَ بَصِيرٌ (٢) خَلَقَ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضَ بِٱلۡحَقِّ وَصَوَّرَكُمۡ فَأَحۡسَنَ صُوَرَكُمۡۖ وَإِلَيۡهِ ٱلۡمَصِيرُ (٣) يَعۡلَمُ مَا فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ وَيَعۡلَمُ مَا تُسِرُّونَ وَمَا تُعۡلِنُونَۚ وَٱللَّهُ عَلِيمُۢ بِذَاتِ ٱلصُّدُورِ (٤) أَلَمۡ يَأۡتِكُمۡ نَبَؤُاْ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ مِن قَبۡلُ فَذَاقُواْ وَبَالَ أَمۡرِهِمۡ وَلَهُمۡ عَذَابٌ أَلِيمٞ (٥) ذَٰلِكَ بِأَنَّهُۥ كَانَت تَّأۡتِيهِمۡ رُسُلُهُم بِٱلۡبَيِّنَٰتِ فَقَالُوٓاْ أَبَشَرٞ يَهۡدُونَنَا فَكَفَرُواْ وَتَوَلَّواْۚ وَّٱسۡتَغۡنَى ٱللَّهُۚ وَٱللَّهُ غَنِيٌّ حَمِيدٞ (٦) زَعَمَ ٱلَّذِينَ كَفَرُوٓاْ أَن لَّن يُبۡعَثُواْۚ قُلۡ بَلَىٰ وَرَبِّي لَتُبۡعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلۡتُمۡۚ وَذَٰلِكَ عَلَى ٱللَّهِ يَسِيرٞ (٧) فَـَٔامِنُواْ بِٱللَّهِ وَرَسُولِهِۦ وَٱلنُّورِ ٱلَّذِيٓ أَنزَلۡنَاۚ وَٱللَّهُ بِمَا تَعۡمَلُونَ خَبِيرٞ (٨) يَوۡمَ يَجۡمَعُكُمۡ لِيَوۡمِ ٱلۡجَمۡعِۖ ذَٰلِكَ يَوۡمُ ٱلتَّغَابُنِۗ وَمَن يُؤۡمِنۢ بِٱللَّهِ وَيَعۡمَلۡ صَٰلِحٗا يُكَفِّرۡ عَنۡهُ سَيِّـَٔاتِهِۦ وَيُدۡخِلۡهُ جَنَّٰتٖ تَجۡرِي مِن تَحۡتِهَا ٱلۡأَنۡهَٰرُ خَٰلِدِينَ فِيهَآ أَبَدٗاۚ ذَٰلِكَ ٱلۡفَوۡزُ ٱلۡعَظِيمُ (٩) وَٱلَّذِينَ كَفَرُواْ وَكَذَّبُواْ بِـَٔايَٰتِنَآ أُوْلَٰٓئِكَ أَصۡحَٰبُ ٱلنَّارِ خَٰلِدِينَ فِيهَاۖ وَبِئۡسَ ٱلۡمَصِيرُ (١٠) مَآ أَصَابَ مِن مُّصِيبَةٍ إِلَّا بِإِذۡنِ ٱللَّهِۗ وَمَن يُؤۡمِنۢ بِٱللَّهِ يَهۡدِ قَلۡبَهُۥۚ وَٱللَّهُ بِكُلِّ شَيۡءٍ عَلِيمٞ (١١) وَأَطِيعُواْ ٱللَّهَ وَأَطِيعُواْ ٱلرَّسُولَۚ فَإِن تَوَلَّيۡتُمۡ فَإِنَّمَا عَلَىٰ رَسُولِنَا ٱلۡبَلَٰغُ ٱلۡمُبِينُ (١٢) ٱللَّهُ لَآ إِلَٰهَ إِلَّا هُوَۚ وَعَلَى ٱللَّهِ فَلۡيَتَوَكَّلِ ٱلۡمُؤۡمِنُونَ (١٣)

سُوۡرَةُ التّغَابُن

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیاز عام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اللہ کی تسبیح کرتے ہیں، اسی کیلئے بادشاہی ہے اور اسی کیلئے ہر حمد ہے اور وہ ہر شئ پر قادر ہے۔ وہ وہی ہے جس نے تمہیں خلق کیا پھر تم میں سے کوئی کافر ہے اور تم میں سے کوئی مؤمن (یعنی اللہ عالمِ ذر سے ان کے ولایت پر ایمان یا کفر کو جانتا ہے)؛ اور اللہ دیکھ رہا ہے جو تم کر رہے ہو۔ اس نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ خلق کیا اور اس نے تمہاری صورتیں بنائیں تو تمہاری اچھی صورتیں بنائیں اور اسی کی طرف آخری منزل ہے۔ وہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اور وہ جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو اور جو تم ظاہر کرتے ہو؛ اور اللہ خوب جانتا ہے جو سینوں میں ہے۔ کیا تمہارے پاس ان لوگوں کی خبر نہیں پہنچی جنہوں نے اس سے پہلے کفر کیا تو انہوں نے اپنے کام کے وبال کا ذائقہ چکھ لیا اور ان کیلئے درد ناک عذاب ہے۔ یہ اسلئے کہ ان کے پاس ان کے رسول واضح دلائل لے کر آتے رہے تھے تو انہوں نے کہا کیا ہمیں بشر ہدایت دیں گے، تو انہوں نے کفر کیا اور منہ موڑ لیا اور اللہ بے پروا ہو گیا اور اللہ غنی اور حمید ہے۔ گمان کیا ان لوگوں نے جنہوں نے کفر کیا کہ انہیں ہرگز نہیں اٹھایا جائے گا؛ کہہ دو کیوں نہیں، میرے رب کی قسم تم ضرور اٹھائے جاؤ گے پھر ضرور تمہیں اس کی خبر دی جائے گی جو تم نے کیا؛ اور یہ اللہ کیلئے بہت آسان ہے۔ پس ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسولؐ اور اس نور (مولا علیؑ اور ائمہؑ) پر جو ہم نے نازل کیا؛ اور اللہ اس سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو۔ جس دن وہ یومِ اجتماع کیلئے تمہیں جمع کرے گا وہ دن محرومی (غبن واپس کرنے) کا ہوگا؛ اور جو اللہ پر ایمان رکھتا ہے اور صالح عمل کرتا ہے اللہ اس کے گناہ اس سے مٹا دے گا اور اسے جنتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں وہ اس میں تاابد ہمیشہ رہیں گے؛ یہ عظیم کامیابی ہے۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیات کی تکذیب کی وہ اہلِ نار ہیں اس میں ہمیشہ رہیں گے؛ اور بہت بُری آخری منزل ہے۔ کوئی مصیبت نہیں آتی مگر اللہ کے اذن سے؛ اور جو اللہ پر ایمان رکھتا ہے وہ اس کے قلب کو ہدایت دیتا ہے؛ اور اللہ ہر شئ کو خوب جانتا ہے۔ اور اللہ کی اطاعت کرو اور رسولؐ کی اطاعت کرو پھر اگر تم منہ موڑ لو تو ہمارے رسولؐ پر صرف واضح پہنچا دینا ہے۔ اللہ، کوئی معبود نہیں سوائے اس کے؛ اور مؤمنین کو اللہ پر ہی توکل کرنا چاہیئے۔

14. O you who believe, indeed, among your spouses and your children are enemies to you, so beware of them. But if you pardon and overlook and forgive – then indeed, Allah is Forgiving and Merciful.
15. Your wealth and your children are but a trial, and Allah has with Him a great reward.
16. So fear Allah as much as you are able and listen and obey and spend [in the way of Allah]; it is better for your selves. And whoever is protected from the stinginess of his soul [i.e. not giving Zakat but spending in wrong things] – it is those who will be the successful.
17. If you loan Allah a goodly loan [i.e. spending in the way of the Imam swsa], He will multiply it for you and forgive you. And Allah is Most Appreciative and Forbearing,
18. Knower of the unseen and the witnessed, the Exalted in Might, the Wise.

Surah at-Talaq
[The Divorce]

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem

1. O Nabi [sawaw], when you [people] divorce women, divorce them for [the commencement of] their waiting period and keep count of the waiting period, and fear Allah, your Rabb. Do not turn them out of their [husbands'] houses, nor should they [themselves] leave [during that period] unless they are committing a clear immorality. And those are the limits of Allah. And whoever transgresses the limits of Allah has certainly wronged himself. You know not; perhaps Allah will bring about after that a [different] matter [situation].
2. And when they have [nearly] fulfilled their term, either retain them according to acceptable terms or part with them according to acceptable terms. And bring to witness two just men from among you and establish the testimony for Allah. That is instructed to whoever should believe in Allah and the Last Day. And whoever fears Allah – He will make for him a way out
3. And give sustenance to him from where he does not expect. And whoever relies upon Allah – then He is sufficient for him. Indeed, Allah will accomplish His purpose [command]. Allah has already set for everything a [destined] extent.
4. And those who no longer expect menstruation among your women – if you doubt, then their waiting period is three months, and [also for] those who have not menstruated. And for those who are pregnant, their term is until they give birth. And whoever fears Allah – He will make for him of his matter easy.
5. That is the command of Allah, which He has sent down to you; and whoever fears Allah – He will remove for him his misdeeds and make great for him reward.
6. Lodge them [in a section] of where you dwell out of your means and do not harm them in order to oppress them. And if they should be pregnant, then spend on them until they give birth. And if they breastfeed for you, then give them their payment and enjoin among yourselves in the acceptable way; but if you are in discord, then there may breastfeed for him [i.e. the father] another woman.

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ إِنَّ مِنۡ أَزۡوَٰجِكُمۡ وَأَوۡلَـٰدِكُمۡ عَدُوّٗا لَّكُمۡ فَٱحۡذَرُوهُمۡۚ وَإِن تَعۡفُواْ وَتَصۡفَحُواْ وَتَغۡفِرُواْ فَإِنَّ ٱللَّهَ غَفُورٞ رَّحِيمٌ (١٤) إِنَّمَآ أَمۡوَٰلُكُمۡ وَأَوۡلَـٰدُكُمۡ فِتۡنَةٞۚ وَٱللَّهُ عِندَهُۥٓ أَجۡرٌ عَظِيمٞ (١٥) فَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ مَا ٱسۡتَطَعۡتُمۡ وَٱسۡمَعُواْ وَأَطِيعُواْ وَأَنفِقُواْ خَيۡرٗا لِّأَنفُسِكُمۡۗ وَمَن يُوقَ شُحَّ نَفۡسِهِۦ فَأُوْلَـٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡمُفۡلِحُونَ (١٦) إِن تُقۡرِضُواْ ٱللَّهَ قَرۡضًا حَسَنٗا يُضَـٰعِفۡهُ لَكُمۡ وَيَغۡفِرۡ لَكُمۡۚ وَٱللَّهُ شَكُورٌ حَلِيمٌ (١٧) عَـٰلِمُ ٱلۡغَيۡبِ وَٱلشَّهَـٰدَةِ ٱلۡعَزِيزُ ٱلۡحَكِيمُ (١٨)

اے لوگو جو ایمان لائے ہو بیشک تمہاری ازواج اور تمہاری اولاد میں سے بعض تمہارے دشمن ہیں پس ان سے ہوشیار رہو، اور اگر تم معاف کردو اور درگذر کرو اور بخش دو تو بیشک اللہ غفور اور رحیم ہے۔ تمہارے اموال اور تمہاری اولاد محض آزمائش ہیں؛ اور اللہ کے پاس عظیم اجر ہے۔ پس اللہ سے ڈرتے رہو جتنی تمہیں استطاعت ہے اور سنو اور اطاعت کرو اور خرچ کرو یہ تمہارے اپنے لئے بہتر ہے؛ اور جو اپنے نفس کی کنجوسی (زکاۃ نہ دینا اور غلط کاموں میں خرچ کرنے) سے بچا لئے گئے تو وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔ اگر تم اللہ کو قرضہ دو قرضۂ حسنہ (یعنی امامؑ کے کام میں لگانا) وہ اسے تمہارے لئے کئی گنا بڑھا دے گا اور تمہاری مغفرت کر دے گا؛ اور اللہ شکور اور حلیم ہے۔ غیب اور حاضر کا جاننے والا زبردست اور حکمت والا ہے۔

سُوۡرَةُ الطّلَاق

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیاز عام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

اے نبیؐ جب تم لوگ عورتوں کو طلاق دو تو انہیں ان کی عدت تک طلاق دو اور عدت کو شمار کرو اور اپنے رب اللہ سے ڈرو، نہ تم انہیں ان کے گھروں سے نکالو اور نہ وہ نکلیں سوائے اس کے کہ وہ کوئی واضح فحش کام کریں؛ اور یہ اللہ کی حدود ہیں؛ اور جو اللہ کی حدود سے تجاوز کرے گا تو اس نے اپنے نفس پر ظلم کیا؛ تمہیں ادراک نہیں شاید کہ اللہ اس کے بعد کوئی (نیا) معاملہ پیدا کردے۔ پھر جب وہ اپنی مدت تک پہنچ جائیں تو انہیں معروف طریقے سے روک لو یا معروف طریقے سے ان سے جدا ہو جاؤ اور اپنوں میں سے دو صاحبِ عدل آدمیوں کو گواہ بنا لو اور گواہی اللہ کیلئے قائم کرو؛ یہ وعظ (نصیحت) اسے کی جاتی ہے جو اللہ اور یوم آخر پر ایمان رکھتا ہے؛ اور جو اللہ سے ڈرے اس کیلئے وہ کوئی نکلنے کا راستہ بنا دیتا ہے۔ اور وہ اسے وہاں سے رزق دے گا جہاں سے وہ گمان بھی نہیں کرتا؛ اور جو اللہ پر توکل کرے تو وہ اس کیلئے کافی ہے؛ بیشک اللہ اپنا امر پورا کرکے رہنے والا ہے؛ اللہ نے ہر شئ کیلئے ایک تقدیر مقرر کی ہے۔ اور تمہاری عورتوں میں سے جو حیض سے مایوس ہو چکی ہوں اگر تمہیں شک ہو تو ان کی عدت تین مہینے ہے، اور (یہی حکم) جنہیں حیض نہ آیا ہو؛ اور حاملہ عورتوں کی مدت ہے کہ وہ اپنے حمل وضع کر دیں؛ اور جو اللہ سے ڈرے اس کیلئے وہ اس کے معاملے میں آسانی بنا دیتا ہے۔ یہ اللہ کا حکم ہے جو اس نے تمہاری طرف نازل کیا ہے؛ اور جو اللہ سے ڈرے گا وہ اس کی بُرائیاں اس سے مٹا دے گا اور اس کیلئے اجر بڑا کر دے گا۔ ان کو اسی جگہ رکھو جہاں تم رہتے ہو اپنے مقدور کے مطابق اور تم ان پر تنگی کرنے کیلئے ان کو ضرر نہ پہنچاؤ؛ اور اگر وہ حاملہ ہوں تو ان پر خرچ کرو حتیٰ کہ وہ اپنے حمل وضع کر دیں، پھر اگر وہ (بچے کو) تمہارے لئے دودھ پلائیں تو ان کو ان کے اجر دو، اور آپس میں معروف طریقے سے مشورہ کرو، اور اگر تم ایک دوسرے سے تنگ ہو تو کوئی دوسری اس کیلئے دودھ پلائے گی۔

سُوۡرَةُ الطّلَاق

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِيُّ إِذَا طَلَّقۡتُمُ ٱلنِّسَآءَ فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَأَحۡصُواْ ٱلۡعِدَّةَۖ وَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ رَبَّكُمۡۖ لَا تُخۡرِجُوهُنَّ مِنۢ بُيُوتِهِنَّ وَلَا يَخۡرُجۡنَ إِلَّآ أَن يَأۡتِينَ بِفَـٰحِشَةٖ مُّبَيِّنَةٖۚ وَتِلۡكَ حُدُودُ ٱللَّهِۚ وَمَن يَتَعَدَّ حُدُودَ ٱللَّهِ فَقَدۡ ظَلَمَ نَفۡسَهُۥۚ لَا تَدۡرِي لَعَلَّ ٱللَّهَ يُحۡدِثُ بَعۡدَ ذَٰلِكَ أَمۡرٗا (١) فَإِذَا بَلَغۡنَ أَجَلَهُنَّ فَأَمۡسِكُوهُنَّ بِمَعۡرُوفٍ أَوۡ فَارِقُوهُنَّ بِمَعۡرُوفٖ وَأَشۡهِدُواْ ذَوَيۡ عَدۡلٖ مِّنكُمۡ وَأَقِيمُواْ ٱلشَّهَـٰدَةَ لِلَّهِۚ ذَٰلِكُمۡ يُوعَظُ بِهِۦ مَن كَانَ يُؤۡمِنُ بِٱللَّهِ وَٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأٓخِرِۚ وَمَن يَتَّقِ ٱللَّهَ يَجۡعَل لَّهُۥ مَخۡرَجٗا (٢) وَيَرۡزُقۡهُ مِنۡ حَيۡثُ لَا يَحۡتَسِبُۚ وَمَن يَتَوَكَّلۡ عَلَى ٱللَّهِ فَهُوَ حَسۡبُهُۥٓۚ إِنَّ ٱللَّهَ بَـٰلِغُ أَمۡرِهِۦۚ قَدۡ جَعَلَ ٱللَّهُ لِكُلِّ شَيۡءٖ قَدۡرٗا (٣) وَٱلَّـٰٓـِٔي يَئِسۡنَ مِنَ ٱلۡمَحِيضِ مِن نِّسَآئِكُمۡ إِنِ ٱرۡتَبۡتُمۡ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلَـٰثَةُ أَشۡهُرٖ وَٱلَّـٰٓـِٔي لَمۡ يَحِضۡنَۚ وَأُوْلَـٰتُ ٱلۡأَحۡمَالِ أَجَلُهُنَّ أَن يَضَعۡنَ حَمۡلَهُنَّۚ وَمَن يَتَّقِ ٱللَّهَ يَجۡعَل لَّهُۥ مِنۡ أَمۡرِهِۦ يُسۡرٗا (٤) ذَٰلِكَ أَمۡرُ ٱللَّهِ أَنزَلَهُۥٓ إِلَيۡكُمۡۚ وَمَن يَتَّقِ ٱللَّهَ يُكَفِّرۡ عَنۡهُ سَيِّـَٔاتِهِۦ وَيُعۡظِمۡ لَهُۥٓ أَجۡرًا (٥) أَسۡكِنُوهُنَّ مِنۡ حَيۡثُ سَكَنتُم مِّن وُجۡدِكُمۡ وَلَا تُضَآرُّوهُنَّ لِتُضَيِّقُواْ عَلَيۡهِنَّۚ وَإِن كُنَّ أُوْلَـٰتِ حَمۡلٖ فَأَنفِقُواْ عَلَيۡهِنَّ حَتَّىٰ يَضَعۡنَ حَمۡلَهُنَّۚ فَإِنۡ أَرۡضَعۡنَ لَكُمۡ فَـَٔاتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّۖ وَأۡتَمِرُواْ بَيۡنَكُم بِمَعۡرُوفٖۖ وَإِن تَعَاسَرۡتُمۡ فَسَتُرۡضِعُ لَهُۥٓ أُخۡرَىٰ (٦)

7. Let a man of wealth spend from his wealth, and he whose provision is restricted – let him spend from what Allah has given him. Allah does not charge a soul except [according to] what He has given it. Allah will bring about, after hardship, ease.
8. And how many a city was rebelled against the command of its Rabb and His Rasools, so We took it to severe account and punished it with a terrible punishment.
9. And it tasted the bad consequence of its affair [i.e. rebellion], and the outcome of its affair was loss.
10. Allah has prepared for them a severe punishment; so fear Allah, O you men of understanding who have believed. Allah has sent down to you Zikr [Mohammad].
11. Rasool [Mohammad sawaw] reciting to you the distinct verses of Allah that He may bring out those who believe and do righteous deeds from darknesses into the Noor. And whoever believes in Allah and does righteousness – He will admit him into gardens beneath which rivers flow to abide therein forever. Certainly Allah has given him best provision.
12. It is Allah Who has created seven heavens and of the earth, the like of them. [His] command descends among them so you may know that Allah is over all things competent and that Allah has encompassed all things in knowledge.

Surah at-Tahreem
[The Prohibition]

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem

1. O Nabi [sawaw], why do you prohibit [yourself from] what Allah has made lawful for you, seeking to please your wives? And Allah is Forgiving and Merciful.
2. Allah has already ordained for you [Muslims] the dissolution of your oaths. And Allah is your Maola, and He is the Knowing, the Wise.
3. And when the Prophet confided to one of his wives a statement; and when she informed [another] of it and Allah showed it to him, he made known part of it and avoided a part. And when he informed her about it, she said, "Who told you this?" He said, "I was informed by the Knowing, the Acquainted."
4. If you two [wives] repent to Allah, [it is best], for certainly your hearts have deviated. But if you cooperate against him – then indeed Allah is his Maola, and Jibraeel and the righteous of the believers [Ali swsa] and the angels, after that, are [his] aiders.
5. Perhaps his Rabb, if he divorced you, would substitute for him wives better than you – Muslim ladies, Momin ladies, devoutly obedient ladies, repentant ladies, worshipping ladies, and fast keeping ladies – [ones] previously married and virgins.
6. O you who believe, protect yourselves and your families from a Fire [by enjoining Ma'roof and forbidding Munkar] whose fuel is people and stones, over which are [appointed] angels, harsh and severe; they do not disobey Allah in what He commands them, and do what they are commanded.

لِيُنفِقْ ذُو سَعَةٍ مِّن سَعَتِهِۦۖ وَمَن قُدِرَ عَلَيْهِ
رِزْقُهُۥ فَلْيُنفِقْ مِمَّآ ءَاتَىٰهُ ٱللَّهُۚ لَا يُكَلِّفُ ٱللَّهُ نَفْسًا
إِلَّا مَآ ءَاتَىٰهَاۚ سَيَجْعَلُ ٱللَّهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُسْرًا (٧)
وَكَأَيِّن مِّن قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ أَمْرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهِۦ
فَحَاسَبْنَٰهَا حِسَابًا شَدِيدًا وَعَذَّبْنَٰهَا عَذَابًا نُّكْرًا
(٨) فَذَاقَتْ وَبَالَ أَمْرِهَا وَكَانَ عَٰقِبَةُ أَمْرِهَا
خُسْرًا (٩) أَعَدَّ ٱللَّهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيدًاۖ فَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ
يَٰٓأُوْلِى ٱلْأَلْبَٰبِ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْۚ قَدْ أَنزَلَ ٱللَّهُ إِلَيْكُمْ
ذِكْرًا (١٠) رَّسُولًا يَتْلُواْ عَلَيْكُمْ ءَايَٰتِ ٱللَّهِ
مُبَيِّنَٰتٍ لِّيُخْرِجَ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ
ٱلصَّٰلِحَٰتِ مِنَ ٱلظُّلُمَٰتِ إِلَى ٱلنُّورِۚ وَمَن يُؤْمِنۢ
بِٱللَّهِ وَيَعْمَلْ صَٰلِحًا يُدْخِلْهُ جَنَّٰتٍ تَجْرِى مِن
تَحْتِهَا ٱلْأَنْهَٰرُ خَٰلِدِينَ فِيهَآ أَبَدًاۖ قَدْ أَحْسَنَ ٱللَّهُ
لَهُۥ رِزْقًا (١١) ٱللَّهُ ٱلَّذِى خَلَقَ سَبْعَ سَمَٰوَٰتٍ
وَمِنَ ٱلْأَرْضِ مِثْلَهُنَّ يَتَنَزَّلُ ٱلْأَمْرُ بَيْنَهُنَّ
لِتَعْلَمُوٓاْ أَنَّ ٱللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ وَأَنَّ ٱللَّهَ قَدْ
أَحَاطَ بِكُلِّ شَىْءٍ عِلْمًۢا (١٢)

خوشحال آدمی کو اپنی وسعت کے مطابق خرچہ کرنا چاہیئے؛ اور جس پر اس کا رزق بقدرِ ضرورت ہے تو وہ اس سے خرچے جو اللہ نے اسے دیا ہے؛ اللہ کسی شخص کو مکلف نہیں کرتا مگر جتنا اسے دیا ہے؛ اللہ تنگی کے بعد آسانی قرار دے گا۔ اور کتنی ہی بستیاں ہیں جنہوں نے اپنے رب اور اس کے رسولوں کے حکم سے سرکشی کی تو ہم نے ان کا شدید حساب کے ساتھ محاسبہ کیا اور ہم نے انہیں بہت بُری سزا سے عذاب دیا۔ تو انہوں نے اپنے کام کے وبال کا ذائقہ چکھا اور ان کے کام کا انجام خسارہ ہی تھا۔ اللہ نے ان کیلئے شدید عذاب تیار کر رکھا ہے پس اللہ سے ڈرو اے صاحبانِ عقل، جو ایمان لائے ہو؛ یقیناً اللہ نے تمہاری طرف ذکر (محمدؐ) نازل کر دیا ہے۔ ایک رسولؐ جو تم پر اللہ کی واضح آیات تلاوت کرتا ہے تاکہ وہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے ہیں اور صالح اعمال کرتے ہیں ظلمات سے نور کی طرف نکال لائے؛ اور جو اللہ پر ایمان لائے گا اور صالح عمل کرے گا وہ اسے جنتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں ان میں تاابد ہمیشہ رہے گا؛ یقیناً اللہ نے اسے بہترین رزق دیا ہے۔ اللہ وہی ہے جس نے سات آسمان خلق کئے اور زمین سے بھی انہی کے مثل، ان کے درمیان امر نازل ہوتا رہتا ہے تاکہ تم جان لو بیشک اللہ ہر شئ پر قادر ہے، اور بیشک اللہ نے علم میں ہر شئ کا احاطہ کر رکھا ہے۔

سُوْرَةُ التّحْريم

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِىُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ أَحَلَّ ٱللَّهُ لَكَۖ تَبْتَغِى
مَرْضَاتَ أَزْوَٰجِكَۚ وَٱللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (١) قَدْ
فَرَضَ ٱللَّهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ أَيْمَٰنِكُمْۚ وَٱللَّهُ مَوْلَىٰكُمْۖ وَهُوَ
ٱلْعَلِيمُ ٱلْحَكِيمُ (٢) وَإِذْ أَسَرَّ ٱلنَّبِىُّ إِلَىٰ بَعْضِ
أَزْوَٰجِهِۦ حَدِيثًا فَلَمَّا نَبَّأَتْ بِهِۦ وَأَظْهَرَهُ ٱللَّهُ
عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهُۥ وَأَعْرَضَ عَنۢ بَعْضٍۖ فَلَمَّا
نَبَّأَهَا بِهِۦ قَالَتْ مَنْ أَنۢبَأَكَ هَٰذَاۖ قَالَ نَبَّأَنِىَ ٱلْعَلِيمُ
ٱلْخَبِيرُ (٣) إِن تَتُوبَآ إِلَى ٱللَّهِ فَقَدْ صَغَتْ
قُلُوبُكُمَاۖ وَإِن تَظَٰهَرَا عَلَيْهِ فَإِنَّ ٱللَّهَ هُوَ مَوْلَىٰهُ
وَجِبْرِيلُ وَصَٰلِحُ ٱلْمُؤْمِنِينَۖ وَٱلْمَلَٰٓئِكَةُ بَعْدَ
ذَٰلِكَ ظَهِيرٌ (٤) عَسَىٰ رَبُّهُۥٓ إِن طَلَّقَكُنَّ أَن
يُبْدِلَهُۥٓ أَزْوَٰجًا خَيْرًا مِّنكُنَّ مُسْلِمَٰتٍ مُّؤْمِنَٰتٍ
قَٰنِتَٰتٍ تَٰٓئِبَٰتٍ عَٰبِدَٰتٍ سَٰٓئِحَٰتٍ ثَيِّبَٰتٍ وَأَبْكَارًا
(٥) يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ قُوٓاْ أَنفُسَكُمْ وَأَهْلِيكُمْ
نَارًا وَقُودُهَا ٱلنَّاسُ وَٱلْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلَٰٓئِكَةٌ
غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُونَ ٱللَّهَ مَآ أَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُونَ
مَا يُؤْمَرُونَ (٦)

سُوْرَةُ التّحْريم

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیازعام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

اے نبیؐ تم کیوں اس چیز کو حرام کرتے ہو جو اللہ نے تمہارے لئے حلال کی ہے، تم اپنی ازواج کی رضامندی چاہتے ہو؛ اور اللہ غفور اور رحیم ہے۔ تحقیق اللہ نے تمہارے لئے تمہاری قسموں کا حل (ختم کرنا) مقرر کر دیا ہے اور اللہ تمہارا مولا ہے اور وہ علیم اور حکیم ہے۔ اور جب نبیؐ نے اپنی ازواج میں ایک کو ایک بات راز میں کہی، پھر جب اس (زوجہ) نے وہ بات (دوسری) کو بتا دی اور اللہ نے نبیؐ پر وہ ظاہر کر دیا تو نبیؐ نے اس کے بعض حصے سے اگاہ کیا اور بعض حصے سے اعراض کیا، پھر جب نبیؐ نے اسے یہ خبر دی تو اس نے کہا آپؐ کو اس کی کس نے خبر دی؟ نبیؐ نے کہا مجھے سب جاننے والے اور ہر شئ سے باخبر نے خبر دی ہے۔ اگر تم دونوں (ازواج) اللہ سے توبہ کرو (تو بہتر ہے) پس یقیناً تم دونوں (ازواج) کے قلوب (حق سے) ہٹ گئے ہیں، اور اگر تم نے نبیؐ کے خلاف پشت پناہی کی تو بیشک اللہ ہی اس کا مولا ہے اور جبرائیلؑ اور مؤمنین کا صالحؑ (علیؑ) اور ملائکہ اس کے بعد پشت پناہ ہیں۔ اگر نبیؐ تم (ازواج) کو طلاق دے دے تو ہو سکتا ہے اس کا رب تم سے بہتر ازواج اس کو (تمہارے) بدلے میں عطا کر دے سچی مسلمان، مؤمنہ خواتین، اطاعت گذار، توبہ کرنے والیاں، عبادت گذار، صوم رکھنے والیاں، مطلقہ و بیوہ اور کنواری خواتین۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو اپنے نفسوں کو اور اپنے گھر والوں کو نار سے بچاؤ (یعنی امر بالمعروف و نہی عن المنکر کرو) جس کا ایندھن انسان اور پتھر ہیں جس پر نہایت تند خو اور سخت گیر ملائکہ (مقرر) ہیں جو اللہ کی نافرمانی نہیں کرتے جو وہ ان کو حکم دیتا ہے اور وہ وہی کرتے ہیں جو ان کو حکم دیا جاتا ہے۔

7. O you who have disbelieved, make no excuses that Day. You will only be recompensed for what you used to do.
8. O you who believe, repent to Allah with sincere repentance [i.e. not to commit that sin again]. Perhaps your Rabb will remove from you your misdeeds and admit you into gardens beneath which rivers flow [on] the Day when Allah will not disgrace the Prophet and those who believed with him. Their [i.e. Momineen's] Noor [the Imam swsa] will proceed before them and on their right; they will say, "Our Rabb, perfect for us our Noor and forgive us. Indeed, You are over all things competent."
9. O Nabi [sawaw], strive against the disbelievers and the hypocrites and be harsh upon them. And their refuge is Hell, and wretched is the destination.
10. Allah presents an example for those who disbelieved [by disclosing the secret of the Nabi sawaw] of the wife of Nuh and the wife of Loot. They both were under two of Our righteous servants but both betrayed them, so they [i.e. those prophets] did not avail them from Allah at all, and it was said, "Enter the Fire with those who enter."
11. And Allah presents an example of those who believed: the wife of Fir'aoun, when she said, "My Rabb, build for me near You a house in Paradise and save me from Fir'aoun and his deeds and save me from the wrongdoing people."
12. And [the example of] Mariyam, the daughter of Imran, who guarded her chastity, so We blew into her of Our Rooh, and she believed in the Kalimat [words] of her Rabb and His Books and was of the devoutly obedient.

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ لَا تَعْتَذِرُوا۟ ٱلْيَوْمَ ۖ إِنَّمَا
تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (٧) يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ
ءَامَنُوا۟ تُوبُوٓا۟ إِلَى ٱللَّهِ تَوْبَةً نَّصُوحًا عَسَىٰ
رَبُّكُمْ أَن يُكَفِّرَ عَنكُمْ سَيِّـَٔاتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ جَنَّـٰتٍ
تَجْرِى مِن تَحْتِهَا ٱلْأَنْهَـٰرُ يَوْمَ لَا يُخْزِى ٱللَّهُ
ٱلنَّبِىَّ وَٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ مَعَهُۥ ۖ نُورُهُمْ يَسْعَىٰ بَيْنَ
أَيْدِيهِمْ وَبِأَيْمَـٰنِهِمْ يَقُولُونَ رَبَّنَآ أَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا
وَٱغْفِرْ لَنَآ ۖ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ (٨)
يَـٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِىُّ جَـٰهِدِ ٱلْكُفَّارَ وَٱلْمُنَـٰفِقِينَ وَٱغْلُظْ
عَلَيْهِمْ ۚ وَمَأْوَىٰهُمْ جَهَنَّمُ ۖ وَبِئْسَ ٱلْمَصِيرُ (٩)
ضَرَبَ ٱللَّهُ مَثَلًا لِّلَّذِينَ كَفَرُوا۟ ٱمْرَأَتَ نُوحٍ
وَٱمْرَأَتَ لُوطٍ ۖ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا
صَـٰلِحَيْنِ فَخَانَتَاهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ ٱللَّهِ
شَيْـًٔا وَقِيلَ ٱدْخُلَا ٱلنَّارَ مَعَ ٱلدَّٰخِلِينَ (١٠)
وَضَرَبَ ٱللَّهُ مَثَلًا لِّلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ ٱمْرَأَتَ فِرْعَوْنَ
إِذْ قَالَتْ رَبِّ ٱبْنِ لِى عِندَكَ بَيْتًا فِى ٱلْجَنَّةِ
وَنَجِّنِى مِن فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهِۦ وَنَجِّنِى مِنَ ٱلْقَوْمِ
ٱلظَّـٰلِمِينَ (١١) وَمَرْيَمَ ٱبْنَتَ عِمْرَٰنَ ٱلَّتِىٓ
أَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيهِ مِن رُّوحِنَا
وَصَدَّقَتْ بِكَلِمَـٰتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهِۦ وَكَانَتْ مِنَ
ٱلْقَـٰنِتِينَ (١٢)

اے لوگو جنہوں نے کفر کیا تھا آج تم عذر نہ کرو؛ تمہیں صرف اسی کی جزا دی جا رہی ہے جو تم کرتے رہے تھے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو اللہ کی طرف توبہ کرو خلوص کے ساتھ توبہ (یعنی دوبارہ وہ گناہ نہ کرنا)؛ ہو سکتا ہے تمہارا رب تم سے تمہاری بُرائیاں مٹا دے اور تمہیں جنتوں میں داخل کرے جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، اس دن اللہ نبیؐ کو اور ان لوگوں کو جو اس نے ساتھ ایمان لائے ہیں رسوا نہ کرے گا، ان (مؤمنین) کا نور (امامؑ) ان کے آگے اور ان کے دائیں جانب سعی کر رہا ہوگا، وہ کہیں گے اے ہمارے رب ہمارے لئے ہمارا نور مکمل کر دے اور ہمیں بخش دے، بیشک تو ہر شئ پر قادر ہے۔ اے نبیؐ کفار اور منافقین سے جہاد کرو اور ان پر سخت رہو اور ان کی پناہ گاہ جہنم ہے؛ اور بہت بُری آخری منزل ہے۔ جن لوگوں نے (رسولؐ کا راز افشا کر کے) کفر کیا ہے اللہ نے ان کیلئے مثال پیش کی ہے نوحؑ کی بیوی اور لوطؑ کی بیوی کی؛ وہ ہمارے صالح بندوں میں سے دو بندوں کے ماتحت تھیں پس ان دونوں نے خیانت کی تو وہ (دو نبیؑ) اللہ سے (بچانے کیلئے) ان دونوں عورتوں کے کچھ بھی کام نہ آ سکے اور ان دونوں عورتوں سے کہا گیا تم دونوں نار میں داخل ہو جاؤ داخل ہونے والوں کے ساتھ ۔ اور جو لوگ ایمان لائے اللہ ان کیلئے مثال پیش کرتا ہے فرعون کی بیوی کی جب اس نے کہا اے میرے رب میرے لئے اپنے پاس جنت میں گھر بنا دے اور مجھے فرعون اور اس کے عمل سے نجات دے اور مجھے ظالموں کی قوم سے نجات دے۔ اور مریمؑ بنتِ عمران جس نے اپنی عصمت کی حفاظت کی تو ہم نے اس میں اپنی روح میں سے پھونک دیا اور اس نے اپنے رب کے کلمات اور اس کی کتابوں کی تصدیق کی اور وہ اطاعت گذاروں میں سے تھی۔

Surah al-Mulk
[The Kingdom]

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem

1. Blessed is He in Whose hand is the kingdom, and He is over all things competent –
2. [He] Who created death and life to test you [as to] which of you is best in deed – and He is the Exalted in Might, the Forgiving –
3. Who created seven heavens one above another. You do not see in the creation of the Rahman any inconsistency. So return [your] vision [to the sky]; do you see any flaw?
4. Then return [your] vision twice again. [Your] vision will return to you humbled while it is fatigued.
5. And We have certainly beautified the nearest heaven with lamps [i.e. stars] and have made [from] them missiles for the Shaitans and have prepared for them the punishment of the Blaze.
6. And for those who disbelieved in their Rabb is the punishment of Hell, and wretched is the destination.
7. When they are thrown into it, they hear from it a [dreadful] wailing while it boils up.
8. It almost bursts with rage. Every time a company is thrown into it, its keepers ask them, "Did there not come to you a warner?"
9. They will say, "Yes, a warner did come to us, but we belied and said, 'Allah has not sent down anything. You are not but in great error.' "
10. And they will say, "If only we had been listening or reasoning, we would not be among the companions of the Blaze."
11. And they will admit their sin, so away with the companions of the Blaze.
12. Indeed, those who fear their Rabb unseen will have forgiveness and great reward.
13. And conceal your speech or proclaim it; indeed, He is Knowing of that within the chests.
14. Does He who created not know, while He is the Subtle, the Acquainted?
15. It is He who made the earth tamed [subservient] for you – so walk in its paths [spacious sides] and eat of His provision – and to Him is the Resurrection.
16. Do you feel secure that He Who is [holding authority] in the heaven would [not] cause the earth to swallow you and suddenly it would sway?
17. Or do you feel secure that He Who is [holding authority] in the heaven would [not] send against you a storm of stones? Then you would know how [severe] was My warning.
18. And already had those before them belied, and how [terrible] was My rejection.
19. Do they not see the birds above them spreading [their wings] and folding in? None holds them [aloft] except the Rahman. Indeed He is, of all things, Seeing.
20. Or who is it that could be an army for you to aid you other than the Rahman? The disbelievers are not but in delusion.
21. Or who is it that could provide for you if He withheld His provision? But they have persisted in [opposing] pride and aversion [from the Haqq].
22. Then is one who walks fallen on his face [by turning away from Wilayat e Ali swsa] better guided or one who walks upright on Sirat-e-Mustaqeem [Wilayat e Ali swsa]?

سُوْرَةُ المُلک

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیاز عام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

بابرکت ہے وہ جس کے ہاتھ میں بادشاھی ہے اور وہ ہر شئ پر قادر ہے۔ جس نے موت اور حیات کو خلق کیا تاکہ وہ تمہیں آزما کر دیکھے کہ تم میں سے کون احسن عمل کرتا ہے؛ اور وہ عزیز اور غفور ہے۔ جس نے سات آسمان اوپر تلے خلق کئے؛ تم رحمان کی تخلیق میں کوئی تفاوت (بے ترتیبی) نہیں دیکھو گے؛ پس نگاہ دوڑاؤ کیا تم کوئی عیب دیکھتے ہو۔ پھر دوبارہ نگاہ دوڑاؤ نگاہ پست ہو کر تمہاری طرف واپس لوٹ آئے گی جبکہ وہ تھکی ہوگی۔ اور تحقیق ہم نے آسمانِ دنیا کو چراغوں (ستاروں) سے مزین کیا ہے اور انہیں شیطانوں کو سنگسار کرنے والا بنایا ہے اور ہم نے ان کیلئے بھڑکتی ہوئی آگ کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔ اور جن لوگوں نے اپنے رب سے کفر کیا ہے ان کیلئے جہنم ہے؛ اور بہت بُری آخری منزل ہے۔ جب وہ اس میں ڈالے جائیں گے تو وہ اس کے دھاڑنے کی آواز سنیں گے اور وہ جوش کھا رہی ہوگی۔ قریب ہوگی کہ غصے سے پھٹ جائے۔ ہر دفعہ جب اس میں ایک فوج ڈالی جائے گی تو اس کے داروغے ان سے پوچھیں گے کیا تمہارے پاس نذیر نہیں آیا تھا۔ وہ کہیں گے کیوں نہیں ہمارے پاس نذیر آیا تھا تو ہم نے تکذیب کر دی اور ہم نے کہا اللہ نے کوئی شئ نازل نہیں کی، تم نہیں مگر بڑی گمراہی میں۔ اور وہ کہیں گے اگر ہم سنتے یا عقل کرتے تو ہم اہلِ دوزخ میں نہ ہوتے۔ پس وہ اپنے گناہ کا اعتراف کر لیں گے، پس دور ہوئے اہلِ دوزخ۔ بیشک جو لوگ بِن دیکھے اپنے رب سے ڈرتے ہیں ان کیلئے مغفرت اور بڑا اجر ہے۔ اور اپنی بات کو چپکے سے کرو یا اسے اونچی آواز سے کرو؛ بیشک وہ سب جانتا ہے جو سینوں میں ہے۔ کیا وہ نہیں جانتا جس نے خلق کیا ہے؛ اور وہ لطیف اور خبیر ہے۔ وہ وہی ہے جس نے تمہارے لئے زمین کو تابع بنا دیا تو تم اس کے راستوں (اور اطراف) پر چلتے ہو اور اس کا رزق کھاؤ اور اسی کی طرف (قبروں سے) اٹھ کر جانا ہے۔ کیا تم اس سے امان میں ہو جو آسمان میں ہے کہ وہ تمہیں زمین میں دھنسا دے تو یکایک وہ ہچکولے کھانے لگے۔ کیا تم اس سے امان میں ہو جو آسمان میں ہے کہ وہ تم پر پتھر برسانے والی اندھی بھیج دے؛ پھر تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ میری تنبیہہ کیسی تھی۔ اور تحقیق ان لوگوں نے تکذیب کی جو ان سے قبل تھے پھر میری بُری سزا کیسی تھی۔ کیا انہوں نے اپنے اوپر پرندوں کو پر پھیلاتے اور سکیڑتے نہیں دیکھا؛ رحمان کے سوا ان کو کوئی نہیں تھامتا؛ بیشک وہ ہر شئ کو دیکھ رہا ہے۔ یا یہ کون سا تمہارا لشکر ہے جو رحمان کے علاوہ تمہاری نصرت کرے گا؛ نہیں ہیں کفار مگر دھوکے میں پڑے ہوئے۔ یا وہ کون ہے جو تمہیں رزق دے گا اگر اللہ اپنا رزق روک لے، بلکہ وہ سرکشی اور نفرت (وگریز) میں گہرے اڑے ہوئے ہیں۔ کیا پھر وہ جو (ولایتِ علی سے منہ موڑ کر) اپنے چہرے کے بل اوندھا چل رہا ہو زیادہ ہدایت یافتہ ہے یا وہ جو صراطِ مستقیم (ولایتِ علیؑ) پر سیدھا چل رہا ہو۔

سُوْرَةُ المُلک

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

تَبَـٰرَكَ ٱلَّذِى بِيَدِهِ ٱلْمُلْكُ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ (١) ٱلَّذِى خَلَقَ ٱلْمَوْتَ وَٱلْحَيَوٰةَ لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا ۚ وَهُوَ ٱلْعَزِيزُ ٱلْغَفُورُ (٢) ٱلَّذِى خَلَقَ سَبْعَ سَمَـٰوَٰتٍ طِبَاقًا ۖ مَّا تَرَىٰ فِى خَلْقِ ٱلرَّحْمَـٰنِ مِن تَفَـٰوُتٍ ۖ فَٱرْجِعِ ٱلْبَصَرَ هَلْ تَرَىٰ مِن فُطُورٍ (٣) ثُمَّ ٱرْجِعِ ٱلْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنقَلِبْ إِلَيْكَ ٱلْبَصَرُ خَاسِئًا وَهُوَ حَسِيرٌ (٤) وَلَقَدْ زَيَّنَّا ٱلسَّمَآءَ ٱلدُّنْيَا بِمَصَـٰبِيحَ وَجَعَلْنَـٰهَا رُجُومًا لِّلشَّيَـٰطِينِ ۖ وَأَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ ٱلسَّعِيرِ (٥) وَلِلَّذِينَ كَفَرُوا۟ بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ ۖ وَبِئْسَ ٱلْمَصِيرُ (٦) إِذَآ أُلْقُوا۟ فِيهَا سَمِعُوا۟ لَهَا شَهِيقًا وَهِىَ تَفُورُ (٧) تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ ٱلْغَيْظِ ۖ كُلَّمَآ أُلْقِىَ فِيهَا فَوْجٌ سَأَلَهُمْ خَزَنَتُهَآ أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيرٌ (٨) قَالُوا۟ بَلَىٰ قَدْ جَآءَنَا نَذِيرٌ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ ٱللَّهُ مِن شَىْءٍ إِنْ أَنتُمْ إِلَّا فِى ضَلَـٰلٍ كَبِيرٍ (٩) وَقَالُوا۟ لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ أَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِىٓ أَصْحَـٰبِ ٱلسَّعِيرِ (١٠) فَٱعْتَرَفُوا۟ بِذَنۢبِهِمْ فَسُحْقًا لِّأَصْحَـٰبِ ٱلسَّعِيرِ (١١) إِنَّ ٱلَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُم بِٱلْغَيْبِ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيرٌ (١٢) وَأَسِرُّوا۟ قَوْلَكُمْ أَوِ ٱجْهَرُوا۟ بِهِۦٓ ۖ إِنَّهُۥ عَلِيمٌۢ بِذَاتِ ٱلصُّدُورِ (١٣) أَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَهُوَ ٱللَّطِيفُ ٱلْخَبِيرُ (١٤) هُوَ ٱلَّذِى جَعَلَ لَكُمُ ٱلْأَرْضَ ذَلُولًا فَٱمْشُوا۟ فِى مَنَاكِبِهَا وَكُلُوا۟ مِن رِّزْقِهِۦ ۖ وَإِلَيْهِ ٱلنُّشُورُ (١٥) ءَأَمِنتُم مَّن فِى ٱلسَّمَآءِ أَن يَخْسِفَ بِكُمُ ٱلْأَرْضَ فَإِذَا هِىَ تَمُورُ (١٦) أَمْ أَمِنتُم مَّن فِى ٱلسَّمَآءِ أَن يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ۖ فَسَتَعْلَمُونَ كَيْفَ نَذِيرِ (١٧) وَلَقَدْ كَذَّبَ ٱلَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ (١٨) أَوَلَمْ يَرَوْا۟ إِلَى ٱلطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صَـٰٓفَّـٰتٍ وَيَقْبِضْنَ ۚ مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلَّا ٱلرَّحْمَـٰنُ ۚ إِنَّهُۥ بِكُلِّ شَىْءٍۭ بَصِيرٌ (١٩) أَمَّنْ هَـٰذَا ٱلَّذِى هُوَ جُندٌ لَّكُمْ يَنصُرُكُم مِّن دُونِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ۚ إِنِ ٱلْكَـٰفِرُونَ إِلَّا فِى غُرُورٍ (٢٠) أَمَّنْ هَـٰذَا ٱلَّذِى يَرْزُقُكُمْ إِنْ أَمْسَكَ رِزْقَهُۥ ۚ بَل لَّجُّوا۟ فِى عُتُوٍّ وَنُفُورٍ (٢١) أَفَمَن يَمْشِى مُكِبًّا عَلَىٰ وَجْهِهِۦٓ أَهْدَىٰٓ أَمَّن يَمْشِى سَوِيًّا عَلَىٰ صِرَٰطٍ مُّسْتَقِيمٍ (٢٢)

23. Say, "It is He Who has produced you and made for you hearing and vision and hearts; little are you grateful."
24. Say, "It is He Who has multiplied you throughout the earth, and to Him you will be gathered."
25. And they say, "When is this promise, if you are truthful?"
26. Say, "The knowledge is only with Allah, and I am only a clear warner."
27. But when they see him [i.e. Amirul Momineen swsa] approaching, the faces of those who disbelieved [i.e. usurped the rights] will be distressed, and it will be said [to them], "This is that for which you used to call [i.e. you called yourselves as Amirul Momineen]."
28. Say, [O Mohammad sawaw], "Have you considered: **if Allah should destroy you and those who are with you, and save me and those who are with me**, who can protect the disbelievers from a painful punishment?"
29. Say, "He is the Rahman; we have believed in Him, and upon Him we have relied. And soon you will [come to] know who it is that is in clear error."
30. Say, "Have you seen [considered]: if your water becomes sunken [into the earth], then who could bring you flowing water?" [i.e. It is Allah Who will cause Zahoor of Imam Qaim swsa after Ghaibat e Kubra.]

Surah al-Qalam

[The Pen]

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem

1. Noon [i.e. Mohammad sawaw, and name of the river of an ink in Paradise]. I swear by the pen [Ali swsa] and what they inscribe,
2. You are not, [O Mohammad sawaw], by the favour of your Rabb, a madman [in the love of Ali swsa].
3. And indeed, for you is a reward never ending [& uninterrupted].
4. And indeed, you are of a great moral character [and on great Deen of Islam].
5. So you will see and they will see
6. Which [Fulan & Fulan] of you is the afflicted [by madness].
7. Indeed, your Rabb is most knowing of who has gone astray from His Sabeel [Wilayat e Ali swsa], and He is most knowing of the [rightly] guided.
8. Then do not obey the beliers.
9. They wish that you would soften [compromise your Deen for them], so they would soften [toward you].
10. And do not obey every mean habitual swearer
11. Defamer, going about with slander [malicious rumours] –
12. A preventer of Khair [Ali swsa], transgressing and sinful,
13. Cruel, besides all that, an illegitimate.
14. [Even if] he is a possessor of wealth and children,
15. When Our verses are recited to him, he says, "Stories of the former peoples."
16. We will brand him on the snout [Maola Ali swsa will put a mark on their noses and lips in Raj'at].
17. Indeed, We have tried them as We tried the companions of the garden, when they swore that they would surely pluck its fruit in the morning
18. And not making exception [not saying in-sha Allah].
19. So there encircled upon it [i.e. the garden] a visitation [disaster] from your Rabb while they were asleep.
20. And it became as though reaped [black burned down by lightening].
21. And they called one another at morning,
22. [Saying], "Go early to your crop if you would cut [the fruit/produce]."
23. So they set out, while they lowered their voices,
24. [Saying], "There will surely not enter it today upon you [any] poor person."
25. And they went early in determination, [assuming themselves] able.
26. But when they saw it, they said, "Indeed, we are lost;
27. Rather, we have been deprived."

قُلۡ هُوَ ٱلَّذِيٓ أَنشَأَكُمۡ وَجَعَلَ لَكُمُ ٱلسَّمۡعَ وَٱلۡأَبۡصَٰرَ وَٱلۡأَفۡـِٔدَةَۖ قَلِيلٗا مَّا تَشۡكُرُونَ (٢٣) قُلۡ هُوَ ٱلَّذِي ذَرَأَكُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ وَإِلَيۡهِ تُحۡشَرُونَ (٢٤) وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا ٱلۡوَعۡدُ إِن كُنتُمۡ صَٰدِقِينَ (٢٥) قُلۡ إِنَّمَا ٱلۡعِلۡمُ عِندَ ٱللَّهِ وَإِنَّمَآ أَنَا۠ نَذِيرٞ مُّبِينٞ (٢٦) فَلَمَّا رَأَوۡهُ زُلۡفَةٗ سِيٓـَٔتۡ وُجُوهُ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ وَقِيلَ هَٰذَا ٱلَّذِي كُنتُم بِهِۦ تَدَّعُونَ (٢٧) قُلۡ أَرَءَيۡتُمۡ إِنۡ أَهۡلَكَنِيَ ٱللَّهُ وَمَن مَّعِيَ أَوۡ رَحِمَنَا فَمَن يُجِيرُ ٱلۡكَٰفِرِينَ مِنۡ عَذَابٍ أَلِيمٖ (٢٨) قُلۡ هُوَ ٱلرَّحۡمَٰنُ ءَامَنَّا بِهِۦ وَعَلَيۡهِ تَوَكَّلۡنَاۖ فَسَتَعۡلَمُونَ مَنۡ هُوَ فِي ضَلَٰلٖ مُّبِينٖ (٢٩) قُلۡ أَرَءَيۡتُمۡ إِنۡ أَصۡبَحَ مَآؤُكُمۡ غَوۡرٗا فَمَن يَأۡتِيكُم بِمَآءٖ مَّعِينِۢ (٣٠)

کہہ دو وہ وہی ہے جس نے تمہیں پیدا کیا اور تمہارے لئے سماعت اور بصارتیں اور دل بنائے؛ قلیل ہے جو تم شکر کرتے ہو۔ کہہ دو وہ وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں پھیلایا اور اسی کی طرف تم محشور کئے جاؤ گے۔ اور وہ کہتے ہیں یہ وعدہ کب (پورا) ہو گا اگر تم سچے ہو۔ کہہ دو علم صرف اللہ کے پاس ہے، اور میں صرف واضح طور پر خبردار کرنے والا ہوں۔ پھر جب وہ اسے (یعنی امیرالمؤمنینؑ کو) قریب آتے ہوئے دیکھ لیں گے تو ان لوگوں کے چہرے بُرے بن جائیں گے جنہوں نے کفر کیا ہے (حق غصب کیا) اور (ان سے) کہا جائے گا یہی ہے وہ جس کو تم طلب کرتے تھے (یعنی امیرالمؤمنین کہلواتے تھے)۔ کہہ دو کیا تم نے دیکھا کہ **اگر اللہ تمہیں اور جو تمہارے ساتھ ہیں ہلاک کردے اور مجھے اور جو میرے ساتھ ہیں نجات دے دے،** تو کافروں کو درد ناک عذاب سے کون بچائے گا۔ کہہ دو وہ رحمان ہے جس پر ہم ایمان لائے ہیں اور اسی پر ہم نے توکل کیا ہے پس عنقریب تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ کون صریح گمراہی میں ہے۔ کہہ دو کیا تم نے دیکھا اگر تمہارا پانی (زمین میں) اتر جائے تو کون تمہارے پاس چشمے کا بہتا پانی لائے گا (یعنی غیبتِ کبریٰ کے بعد اللہ ہی امامِ قائمؑ کا ظہور کرے گا)۔

[آیت ۲۸ کا ترجمہ وہی کیا ہے جو معصوم ص نے فرمایا ہے]

سُوۡرَةُ القَلَم

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیازعام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

نٓۚ وَٱلۡقَلَمِ وَمَا يَسۡطُرُونَ (١) مَآ أَنتَ بِنِعۡمَةِ رَبِّكَ بِمَجۡنُونٖ (٢) وَإِنَّ لَكَ لَأَجۡرًا غَيۡرَ مَمۡنُونٖ (٣) وَإِنَّكَ لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٖ (٤) فَسَتُبۡصِرُ وَيُبۡصِرُونَ (٥) بِأَيِّيكُمُ ٱلۡمَفۡتُونُ (٦) إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعۡلَمُ بِمَن ضَلَّ عَن سَبِيلِهِۦ وَهُوَ أَعۡلَمُ بِٱلۡمُهۡتَدِينَ (٧) فَلَا تُطِعِ ٱلۡمُكَذِّبِينَ (٨) وَدُّواْ لَوۡ تُدۡهِنُ فَيُدۡهِنُونَ (٩) وَلَا تُطِعۡ كُلَّ حَلَّافٖ مَّهِينٍ (١٠) هَمَّازٖ مَّشَّآءِۭ بِنَمِيمٖ (١١) مَّنَّاعٖ لِّلۡخَيۡرِ مُعۡتَدٍ أَثِيمٍ (١٢) عُتُلِّۭ بَعۡدَ ذَٰلِكَ زَنِيمٍ (١٣) أَن كَانَ ذَا مَالٖ وَبَنِينَ (١٤) إِذَا تُتۡلَىٰ عَلَيۡهِ ءَايَٰتُنَا قَالَ أَسَٰطِيرُ ٱلۡأَوَّلِينَ (١٥) سَنَسِمُهُۥ عَلَى ٱلۡخُرۡطُومِ (١٦) إِنَّا بَلَوۡنَٰهُمۡ كَمَا بَلَوۡنَآ أَصۡحَٰبَ ٱلۡجَنَّةِ إِذۡ أَقۡسَمُواْ لَيَصۡرِمُنَّهَا مُصۡبِحِينَ (١٧) وَلَا يَسۡتَثۡنُونَ (١٨) فَطَافَ عَلَيۡهَا طَآئِفٞ مِّن رَّبِّكَ وَهُمۡ نَآئِمُونَ (١٩) فَأَصۡبَحَتۡ كَٱلصَّرِيمِ (٢٠) فَتَنَادَوۡاْ مُصۡبِحِينَ (٢١) أَنِ ٱغۡدُواْ عَلَىٰ حَرۡثِكُمۡ إِن كُنتُمۡ صَٰرِمِينَ (٢٢) فَٱنطَلَقُواْ وَهُمۡ يَتَخَٰفَتُونَ (٢٣) أَن لَّا يَدۡخُلَنَّهَا ٱلۡيَوۡمَ عَلَيۡكُم مِّسۡكِينٞ (٢٤) وَغَدَوۡاْ عَلَىٰ حَرۡدٖ قَٰدِرِينَ (٢٥) فَلَمَّا رَأَوۡهَا قَالُوٓاْ إِنَّا لَضَآلُّونَ (٢٦) بَلۡ نَحۡنُ مَحۡرُومُونَ (٢٧)

ن (یعنی محمدؐ، اور جنت میں روشنائی کے دریا کا نام بھی آپؐ کے نام پر رکھا) قسم ہے قلم (علیؑ) کی اور جو وہ لکھ رہے ہیں۔ تم اپنے رب کی نعمت سے (علیؑ کی محبت میں) مجنون نہیں ہو۔ اور بیشک تمہارے لئے نہ ختم ہونے والا اجر ہے۔ اور بیشک تم واقعی خُلق عظیم پر ہو (اور عظیم دینِ اسلام پر ہو)۔ پس عنقریب تم دیکھ لو گے اور وہ بھی دیکھ لیں گے۔ کہ تم میں سے کون (فلانہ ڈھمکانہ جنون میں) مبتلا ہے۔ بیشک تیرا رب ہی ان کو خوب جانتا ہے جو اس کی سبیل (ولایتِ علیؑ) سے گمراہ ہو گئے ہیں، اور وہ ہدایت یافتہ کو بھی خوب جانتا ہے۔ پس تم تکذیب کرنے والوں کی اطاعت نہ کرو۔ وہ چاہتے ہیں کہ اگر تم نرم ہو جاؤ تو وہ بھی نرم ہو جائیں۔ اور ہر عادی قسمیں کھانے والے اور ذلیل کی اطاعت نہ کرو۔ طعنے دے کر بدنام کرنے والا اور تہمتیں لگاتے پھرنے والا۔ خیر (علیؑ) سے منع کرنے والا اور حد سے بڑھنے والا اور بدکار۔ سفاک اور اس کے بعد زنا زادہ ۔ اگرچہ وہ مال اور بیٹوں والا ہو۔ جب اس پر ہماری آیات تلاوت کی جاتی ہیں تو کہتا ہے پہلے لوگوں کے قصے کہانیاں۔ عنقریب ہم اس کی سونڈ پر داغ لگائیں گے (یعنی رجعت میں مولا علیؑ ان کے ناک اور ہونٹوں پر نشان لگائیں گے)۔ بیشک ہم ان کو آزمائیں گے جس طرح ہم نے باغ والوں کو آزمایا، جب انہوں نے قسم کھائی کہ وہ صبح سویرے ضرور اس کے پھل توڑ لیں گے۔ اور وہ کوئی استثناء نہیں کر رہے تھے (یعنی ان شاء اللہ نہ کہا)۔ تو تیرے رب کی طرف سے ایک پھرنے والی (آفت) اس (باغ) پر پھر گئی جبکہ وہ سوئے ہوئے تھے۔ تو وہ کٹی ہوئی فصل کی مانند ہو کر رہ گئی۔ پھر صبح انہوں نے ایک دوسرے کو ندا دی۔ کہ صبح سویرے اپنی کھیتی کی طرف نکل چلو اگر تم نے پھل توڑنے ہیں۔ پھر وہ چل پڑے اور وہ چپکے چپکے کہہ رہے تھے۔ کہ آج کوئی مسکین تمہارے پاس (باغ میں) داخل نہ ہو۔ اور وہ صبح سویرے طے شدہ بات پر قادر سمجھتے ہوئے گئے۔ مگر جب انہوں نے اسے دیکھا تو کہا بیشک ہم گمراہ (کھونے والے) ہیں۔ بلکہ ہم محروم ہیں۔

سُوۡرَةُ القَلَم

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

28. The most moderate of them said, "Did I not say to you, 'Why do you not exalt [Allah]?' "
29. They said, "Exalted is our Rabb! Indeed, we were wrongdoers."
30. Then they approached one another, blaming each other.
31. They said, "O woe to us; indeed we were transgressors.
32. Perhaps our Rabb will substitute for us [one] better than it. Indeed, we are toward our Rabb desirous [devout]."
33. Like that is the punishment [of this world]. And surely the punishment of the Hereafter is greater, if they only knew.
34. Indeed, for the righteous with their Rabb are the Gardens of Bliss.
35. Then will We treat the Muslims like the criminals?
36. What is [the matter] with you? How do you judge?
37. Or do you have a book in which you learn
38. That surely for you therein is whatever you choose?
39. Or do you have oaths [binding] upon Us, extending until the Day of Qiyamah, that indeed for you is whatever you judge [order]?
40. Ask them which of them, for that [claim], is responsible.
41. Or do they have partners? Then let them bring their partners, if they are truthful.
42. The Day the shin will be uncovered [i.e. reality of the Masumeen swsa will be exposed] and they are invited to do Sajdah but they [hypocrites] will not be able [to do Sajdah],
43. Their eyes humbled, humiliation will cover them. And certainly they used to be invited to do Sajdah while they were sound.
44. So leave Me, [O Mohammad sawaw], and [the matter of] whoever denies this statement [i.e. the Qur'an]. We will progressively lead them [to punishment] from where they do not know.
45. And I will give them time. Indeed, My plan is firm.
46. Or do you ask of them a payment, so they are by debt burdened down?
47. Or have they [knowledge of] the unseen, so they write [it] down?
48. Then be patient for the decision of your Rabb, [O Mohammad sawaw], and be not like the companion of the fish [i.e. Yunus a.s.] when he called out while he was distressed.
49. If not that a favour [i.e. mercy] from his Rabb overtook him, he would have been thrown onto the naked shore while he was blamed.
50. And his Rabb chose him and made him of the righteous.
51. And indeed, those who disbelieve would almost make you slip with their eyes [i.e. evil looks] when they hear the Zikr [merits of Ali swsa], and they say, "Indeed, he is mad."
52. But it is not except a Zikr [Ali swsa] for the Alameen.

Surah al-Haqqah

[The Inevitable Reality]

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem

1. The Inevitable Reality –
2. What is the Inevitable Reality?
3. And that you know what is the Inevitable Reality?
4. Samood and Aad belied the Striking Calamity [i.e. the Qiyamah].
5. So as for Samood, they were destroyed by the overpowering [blast].
6. And as for Aad, they were destroyed by a screaming freezing, violent wind

قَالَ أَوۡسَطُهُمۡ أَلَمۡ أَقُل لَّكُمۡ لَوۡلَا تُسَبِّحُونَ (٢٨)
قَالُواْ سُبۡحَـٰنَ رَبِّنَآ إِنَّا كُنَّا ظَـٰلِمِينَ (٢٩) فَأَقۡبَلَ
بَعۡضُهُمۡ عَلَىٰ بَعۡضٖ يَتَلَـٰوَمُونَ (٣٠) قَالُواْ
يَـٰوَيۡلَنَآ إِنَّا كُنَّا طَـٰغِينَ (٣١) عَسَىٰ رَبُّنَآ أَن
يُبۡدِلَنَا خَيۡرٗا مِّنۡهَآ إِنَّآ إِلَىٰ رَبِّنَا رَٰغِبُونَ (٣٢)
كَذَٰلِكَ ٱلۡعَذَابُۖ وَلَعَذَابُ ٱلۡأٓخِرَةِ أَكۡبَرُۚ لَوۡ كَانُواْ
يَعۡلَمُونَ (٣٣) إِنَّ لِلۡمُتَّقِينَ عِندَ رَبِّهِمۡ جَنَّـٰتِ
ٱلنَّعِيمِ (٣٤) أَفَنَجۡعَلُ ٱلۡمُسۡلِمِينَ كَٱلۡمُجۡرِمِينَ
(٣٥) مَا لَكُمۡ كَيۡفَ تَحۡكُمُونَ (٣٦) أَمۡ لَكُمۡ
كِتَـٰبٞ فِيهِ تَدۡرُسُونَ (٣٧) إِنَّ لَكُمۡ فِيهِ لَمَا
تَخَيَّرُونَ (٣٨) أَمۡ لَكُمۡ أَيۡمَـٰنٌ عَلَيۡنَا بَـٰلِغَةٌ إِلَىٰ
يَوۡمِ ٱلۡقِيَـٰمَةِ إِنَّ لَكُمۡ لَمَا تَحۡكُمُونَ (٣٩) سَلۡهُمۡ
أَيُّهُم بِذَٰلِكَ زَعِيمٌ (٤٠) أَمۡ لَهُمۡ شُرَكَآءُ فَلۡيَأۡتُواْ
بِشُرَكَآئِهِمۡ إِن كَانُواْ صَـٰدِقِينَ (٤١) يَوۡمَ يُكۡشَفُ
عَن سَاقٖ وَيُدۡعَوۡنَ إِلَى ٱلسُّجُودِ فَلَا يَسۡتَطِيعُونَ
(٤٢) خَـٰشِعَةً أَبۡصَـٰرُهُمۡ تَرۡهَقُهُمۡ ذِلَّةٞۖ وَقَدۡ كَانُواْ
يُدۡعَوۡنَ إِلَى ٱلسُّجُودِ وَهُمۡ سَـٰلِمُونَ (٤٣)
فَذَرۡنِي وَمَن يُكَذِّبُ بِهَـٰذَا ٱلۡحَدِيثِۖ سَنَسۡتَدۡرِجُهُم
مِّنۡ حَيۡثُ لَا يَعۡلَمُونَ (٤٤) وَأُمۡلِي لَهُمۡۚ إِنَّ
كَيۡدِي مَتِينٌ (٤٥) أَمۡ تَسۡـَٔلُهُمۡ أَجۡرٗا فَهُم مِّن
مَّغۡرَمٖ مُّثۡقَلُونَ (٤٦) أَمۡ عِندَهُمُ ٱلۡغَيۡبُ فَهُمۡ
يَكۡتُبُونَ (٤٧) فَٱصۡبِرۡ لِحُكۡمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُن
كَصَاحِبِ ٱلۡحُوتِ إِذۡ نَادَىٰ وَهُوَ مَكۡظُومٞ (٤٨)
لَّوۡلَآ أَن تَدَارَكَهُۥ نِعۡمَةٞ مِّن رَّبِّهِۦ لَنُبِذَ بِٱلۡعَرَآءِ
وَهُوَ مَذۡمُومٞ (٤٩) فَٱجۡتَبَـٰهُ رَبُّهُۥ فَجَعَلَهُۥ مِنَ
ٱلصَّـٰلِحِينَ (٥٠) وَإِن يَكَادُ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ
لَيُزۡلِقُونَكَ بِأَبۡصَـٰرِهِمۡ لَمَّا سَمِعُواْ ٱلذِّكۡرَ
وَيَقُولُونَ إِنَّهُۥ لَمَجۡنُونٞ (٥١) وَمَا هُوَ إِلَّا ذِكۡرٞ
لِّلۡعَـٰلَمِينَ (٥٢)

ان میں سے ایک میانہ رو آدمی نے کہا کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ تم تسبیح کیوں نہیں کرتے۔ انہوں نے کہا ہمارا رب منزہ ہے بیشک ہم ہی ظالم تھے۔ پھر وہ ایک دوسرے کی طرف بڑھے ایک دوسرے کو الزام دیتے ہوئے۔ انہوں نے کہا ہائے ہماری ہلاکت بیشک ہم سرکش ہو گئے تھے۔ ہو سکتا ہے ہمارا رب ہمارے لئے اس سے بہتر بدل دے بیشک ہم اپنے رب کی طرف راغب ہوتے ہیں۔ اسی طرح عذاب ہوتا ہے؛ اور آخرت کا عذاب اس سے بڑا ہے کاش وہ جانتے ہوں۔ بیشک متقین کیلئے ان کے رب کے پاس نعیم والی جنت ہے۔ کیا پھر ہم مسلمانوں کو مجرموں کی طرح قرار دیں گے۔ تم لوگوں کو کیا ہے، تم کیسے فیصلے کرتے ہو۔ کیا تمہارے پاس کوئی کتاب ہے جس میں سے تم درس لیتے ہو۔ بیشک تمہارے لئے اس میں وہ ہے جو تم منتخب کرتے ہو۔ یا تمہارے لئے ہم پر کوئی عہد ہے جو قیامت کے دن تک مؤثر ہے کہ تمہارے لئے یقیناً وہی کچھ ہے جو تم حکم کرو۔ ان سے پوچھو ان میں سے اس کا کون ضامن ہے۔ یا ان کے کچھ شریک ہیں تو وہ اپنے شریکوں کو لائیں اگر وہ سچے ہیں۔ جس دن پنڈلی کھولی جائے گی (یعنی حقیقتِ معصومینؑ ظاہر کی جائے گی) اور ان کو سجدہ کرنے کیلئے بلایا جائے گا تو وہ (منافق سجدہ) نہ کر سکیں گے۔ ان کی نگاہیں نیچی ہوں گی ذلت ان پر چھائی ہوئی ہو گی؛ اور ان کو سجدہ کرنے کی طرف بلایا جاتا تھا جبکہ وہ صحیح سالم تھے۔ پس (اے حبیبؐ) چھوڑ دو مجھے اور جو اس کلام کی تکذیب کرتے ہیں؛ ہم انہیں بتدریج (وہاں سے تباہی کی طرف) لے جائیں گے جہاں سے انہیں علم بھی نہ ہوگا۔ اور میں ان کو ڈھیل دوں گا؛ بیشک میری تدبیر مضبوط ہے۔ کیا تم ان سے کوئی اجر مانگتے ہو تو وہ قرض کے بوجھ تلے دبے جاتے ہیں۔ کیا ان کے پاس غیب (کا علم) ہے تو وہ اسے لکھ رہے ہیں۔ پس اپنے رب کے فیصلے تک صبر کرو اور مچھلی والے (یونسؑ) کی طرح نہ ہو جاؤ جب اس نے ندا دی جبکہ وہ غم سے بھرا ہوا تھا۔ اگر اس کے رب کی نعمت اسے نہ تھام لیتی تو وہ چٹیل میدان پر پھینک دیا جاتا جبکہ وہ مذموم (مورد الزام) ہوتا۔ تو اس کے رب نے اسے منتخب کرلیا اور اسے صالحین میں سے قرار دیا۔ اور بیشک جن لوگوں نے کفر کیا ہے ایسا لگتا ہے کہ وہ اپنی (بد) نظروں سے واقعی تمہیں پھسلا دیں گے جب وہ ذکر (فضائلِ امیرالمؤمنینؑ) سنتے ہیں اور وہ کہتے ہیں بیشک یہؑ واقعی مجنون ہے۔ اور وہ (علیؑ) عالمین کیلئے ذکر (یاد دھانی، نصیحت) کے سوا کچھ نہیں۔

سُوۡرَةُ الحَاقَّة

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

ٱلۡحَآقَّةُ (١) مَا ٱلۡحَآقَّةُ (٢) وَمَآ أَدۡرَىٰكَ مَا
ٱلۡحَآقَّةُ (٣) كَذَّبَتۡ ثَمُودُ وَعَادُۢ بِٱلۡقَارِعَةِ (٤)
فَأَمَّا ثَمُودُ فَأُهۡلِكُواْ بِٱلطَّاغِيَةِ (٥) وَأَمَّا عَادٞ
فَأُهۡلِكُواْ بِرِيحٖ صَرۡصَرٍ عَاتِيَةٖ (٦)

سُوۡرَةُ الحَاقَّة

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیاز عام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

الحاقة (واقع ہو کر رہنے والی)۔ حاقہ کیا ہے۔ اور جو تو جانتا ہے کہ حاقہ کیا ہے۔ ثمود اور عاد نے قارعة (ٹوٹ پڑنے والی آفت) کی تکذیب کی۔ تو رہے ثمود تو وہ حد سے نکلی ہوئی چنگھاڑ سے ہلاک کئے گئے۔ اور رہے عاد تو وہ حد سے نکلی ہوئی سنسناتی برفانی ہوا سے ہلاک کئے گئے۔

7. Which He [i.e. Allah] imposed upon them for seven nights and eight days in succession, so you would see the people therein fallen as if they were hollow trunks of palm trees.
8. Then do you see of them any remains?
9. And there came Fir'aoun and those before him and the overturned cities with sin.
10. And they disobeyed the Rasool of their Rabb, so He seized them with a seizure exceeding [in severity].
11. Indeed, when the water overflowed, We carried you [i.e. your ancestors] in the sailing ship
12. That We might make it for you a reminder and [that] a conscious ear would be conscious [retainer] of it. [i.e. Maola Ali swsa remembers whatever Allah revealed.]
13. Then when the Horn is blown with a single blast
14. And the earth and the mountains are lifted and levelled [crushed] with a single crushing stroke –
15. Then on that Day, the Occurrence [i.e. Qiyamah] will occur,
16. And the heaven will split [open], for that Day it is infirm [frail].
17. And the angels are at its edges. And there will bear the Arsh [Throne] of your Rabb above them, that Day, eight [of them: Mohammad sawaw, Ali swsa, Hassan swsa, Hussain swsa, Nuh a.s., Ibraheem a.s., Musa a.s., Esa a.s.].
18. That Day, you will be presented [for judgement]; no secret of you shall remain hidden.
19. So as for he [Shia of Ali swsa] who is given his [deed] book in his right hand, he will say, "Here, read my book!
20. Indeed, I was certain that I would be meeting my account."
21. So he will be in a pleasant life –
22. In a lofty [elite] garden,
23. Its [fruit] to be picked hanging near.
24. [They will be told], "Eat and drink in satisfaction for what you put forth in the days past."
25. But as for he [the enemy of Ali swsa] who is given his [deed] book in his left hand, he will say, "Oh, I wish I had not been given my book
26. And had not known what is my account.
27. I wish it [i.e. my death] had been the decisive one.
28. My wealth has not availed me.
29. Gone from me is my statesmanship."
30. [Allah will say], "Seize him and shackle him.
31. Then cast him into Hellfire to burn.
32. Then into a chain whose length is seventy cubits [about 105 feet] insert [tie] him."
33. Indeed, he did not used to believe in Allah, the Most Great,
34. Nor did he encourage the feeding of the poor [i.e. usurped the rights of Aal e Mohammad swsa].
35. So there is not for him here this Day any devoted friend
36. Nor any food except from the sweat of disbelievers;
37. None will eat it except the sinners.
38. But nay! I swear by what you see
39. And what you do not see
40. Indeed, it [i.e. the Qur'an] is the word of a noble Rasool [Jibraeel] [about Wilayat e Ali swsa].
41. And it is not the word of a poet; little do you believe.
42. Nor the word of a soothsayer; little do you remember.
43. [It is] a revelation from the Rabb of the Alameen.
44. And if he [i.e. the angel] fabricated about Us some [false] sayings,
45. We would certainly have seized him [i.e. the angel] by the right hand;
46. Then We would certainly have cut from him [i.e. the angel] the aorta.
47. And there is no one of you who could prevent [Us] from him.
48. And indeed, it [i.e. the Qur'an] is surely a reminder for the righteous.

سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَثَمَانِيَةَ أَيَّامٍ حُسُومًا فَتَرَى الْقَوْمَ فِيهَا صَرْعَىٰ كَأَنَّهُمْ أَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ (٧) فَهَلْ تَرَىٰ لَهُم مِّن بَاقِيَةٍ (٨) وَجَاءَ فِرْعَوْنُ وَمَن قَبْلَهُ وَالْمُؤْتَفِكَاتُ بِالْخَاطِئَةِ (٩) فَعَصَوْا رَسُولَ رَبِّهِمْ فَأَخَذَهُمْ أَخْذَةً رَّابِيَةً (١٠) إِنَّا لَمَّا طَغَا الْمَاءُ حَمَلْنَاكُمْ فِي الْجَارِيَةِ (١١) لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَتَعِيَهَا أُذُنٌ وَاعِيَةٌ (١٢) فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّورِ نَفْخَةٌ وَاحِدَةٌ (١٣) وَحُمِلَتِ الْأَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَاحِدَةً (١٤) فَيَوْمَئِذٍ وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ (١٥) وَانشَقَّتِ السَّمَاءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَاهِيَةٌ (١٦) وَالْمَلَكُ عَلَىٰ أَرْجَائِهَا وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمَانِيَةٌ (١٧) يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُونَ لَا تَخْفَىٰ مِنكُمْ خَافِيَةٌ (١٨) فَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ فَيَقُولُ هَاؤُمُ اقْرَءُوا كِتَابِيَهْ (١٩) إِنِّي ظَنَنتُ أَنِّي مُلَاقٍ حِسَابِيَهْ (٢٠) فَهُوَ فِي عِيشَةٍ رَّاضِيَةٍ (٢١) فِي جَنَّةٍ عَالِيَةٍ (٢٢) قُطُوفُهَا دَانِيَةٌ (٢٣) كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيئًا بِمَا أَسْلَفْتُمْ فِي الْأَيَّامِ الْخَالِيَةِ (٢٤) وَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ بِشِمَالِهِ فَيَقُولُ يَا لَيْتَنِي لَمْ أُوتَ كِتَابِيَهْ (٢٥) وَلَمْ أَدْرِ مَا حِسَابِيَهْ (٢٦) يَا لَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ (٢٧) مَا أَغْنَىٰ عَنِّي مَالِيَهْ (٢٨) هَلَكَ عَنِّي سُلْطَانِيَهْ (٢٩) خُذُوهُ فَغُلُّوهُ (٣٠) ثُمَّ الْجَحِيمَ صَلُّوهُ (٣١) ثُمَّ فِي سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُونَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوهُ (٣٢) إِنَّهُ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللَّهِ الْعَظِيمِ (٣٣) وَلَا يَحُضُّ عَلَىٰ طَعَامِ الْمِسْكِينِ (٣٤) فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هَاهُنَا حَمِيمٌ (٣٥) وَلَا طَعَامٌ إِلَّا مِنْ غِسْلِينٍ (٣٦) لَّا يَأْكُلُهُ إِلَّا الْخَاطِئُونَ (٣٧) فَلَا أُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُونَ (٣٨) وَمَا لَا تُبْصِرُونَ (٣٩) إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ (٤٠) وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ قَلِيلًا مَّا تُؤْمِنُونَ (٤١) وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ قَلِيلًا مَّا تَذَكَّرُونَ (٤٢) تَنزِيلٌ مِّن رَّبِّ الْعَالَمِينَ (٤٣) وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْأَقَاوِيلِ (٤٤) لَأَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِينِ (٤٥) ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِينَ (٤٦) فَمَا مِنكُم مِّنْ أَحَدٍ عَنْهُ حَاجِزِينَ (٤٧) وَإِنَّهُ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِينَ (٤٨)

اللہ نے اس کو ان پر مسلسل سات راتیں اور آٹھ دن مسلط رکھا، تو تم نے دیکھا کہ لوگ اس میں گرے پڑے ہیں گویا وہ کھجور کے کھوکھلے تنے گرے ہوں۔ پھر کیا تم ان میں سے کوئی باقی (بچا) دیکھتے ہو۔ اور آیا گناہ کے (ارتکاب کے) ساتھ فرعون اور جو اس سے قبل تھے اور الٹائی گئی بستیوں والے۔ تو انہوں نے اپنے رب کے رسول کی نافرمانی کی تو اس نے ان کو پکڑ لیا حد سے بڑھی ہوئی پکڑ۔ بیشک جب پانی حد سے گذر گیا تو ہم نے تمہیں چلنے والی کشتی میں سوار کر دیا۔ تاکہ ہم اس کو تمہارے لئے ایک سبق بنا دیں اور یاد رکھنے والے کان اسے یاد رکھیں (یعنی جو کچھ اللہ نے نازل کیا مولا علیؑ کو یاد ہے)۔ پھر جب صور میں پھونکا جائے گا ایک ہی پھونک۔ اور زمین اور پہاڑوں کو اٹھایا جائے گا تو ایک ہی دفع ریزہ ریزہ کرکے ہموار کر دیا جائے گا۔ تو اس دن واقع ہونے والی آفت واقع ہو جائے گی۔ اور آسمان شق ہو جائے گا تو وہ اس دن کمزور ہوگا۔ اور ملائکہ اس کے اطراف پر ہوں گے؛ اور اس دن آٹھ (محمدؐ، علیؑ، حسنؑ، حسینؑ، نوحؑ، ابرھیمؑ، موسٰیؑ، عیسٰیؑ) اپنے اوپر تیرے رب کا عرش اٹھائے ہوں گے۔ اس دن تم لوگ پیش کئے جاؤ گے تمہارا کوئی راز چھپا نہ رہے گا۔ پس رہا وہ (مولا علیؑ کا شیعہ) جس کو اس کی کتاب (نامۂ اعمال) اس کے دائیں ہاتھ میں دی جائے گی تو وہ کہے گا لو پڑھو میری کتاب۔ بیشک میں سمجھتا تھا کہ مجھے ضرور میرا حساب ملنے والا ہے۔ تو وہ پسندیدہ زندگی میں ہو گا۔ جنتِ عالیہ میں۔ اس کے پھل توڑنے کیلئے قریب جھکے ہوں گے۔ اطمینان و مزے سے کھاؤ اور پیو ان (اعمال) کی وجہ سے جو تم نے گذرے ہوئے ایام میں آگے بھیجے ہیں۔ اور رہا وہ (دشمنِ علیؑ) جس کو اس کی کتاب اس کے بائیں ہاتھ میں دی جائے گی، تو وہ کہے گا اے کاش مجھے میری کتاب نہ دی جاتی۔ اور میں نہ جانتا کہ میرا حساب کیا ہے۔ اے کاش وہ (موت) فیصلہ کن ہوتی۔ میرا مال میرے کچھ کام نہ آیا۔ میری سلطانی مجھ سے ختم ہو گئی۔ (حکم ہوگا) پکڑ لو اسے اور اسے طوق ڈال دو۔ پھر اسے جہنم میں جلنے کیلئے ڈال دو۔ پھر اسے ستر ہاتھ لمبی (۳۵ گز) زنجیر میں جکڑ دو۔ بیشک یہ عظیم اللہ پر ایمان نہیں رکھتا تھا۔ اور نہ مسکین کو طعام کھلانے کی ترغیب دیتا تھا (یعنی آلِ محمدؐ کا حق غصب کیا)۔ پس آج یہاں اس کا نہ کوئی ہمدرد دوست ہے۔ اور نہ کوئی کھانا سوائے کافروں کے پسینے کے۔ جسے خطاکاروں کے سوا کوئی نہیں کھاتا۔ پس نہیں، میں قسم کھاتا ہوں ان کی جو تم دیکھتے ہو۔ اور جو تم نہیں دیکھتے۔ بیشک یہ واقعی باعزت بھیجے ہوئے (جبرائیلؑ) کا قول ہے (ولایتِ علیؑ کے بارے میں)۔ اور یہ کسی شاعر کا قول نہیں ہے؛ قلیل ہے جو تم ایمان لاتے ہو۔ اور نہ کسی کاہن کا قول ہے؛ قلیل ہے جو تم یاد رکھتے ہو۔ رب العالمین کی طرف سے نازل کردہ ہے۔ اور اگر وہ (فرشتہ) ہم پر کوئی بات گھڑ لاتا۔ ہم ضرور اس کا دایاں ہاتھ پکڑ لیتے۔ پھر ہم ضرور اس کی شہ رگ قطع کر دیتے۔ پھر تم میں سے کوئی اس سے روکنے والا نہ ہوتا۔ اور بیشک یہ متقین کیلئے تذکرہ ہے۔

49. And indeed, We surely know that among you are beliers.
50. And indeed, he [Mohammad sawaw] is surely [a cause of] regret upon the disbelievers.
51. And indeed, he [Ali swsa] is surely the truth of certainty.
52. So exalt the Ism [name] of your Rabb, the Most Great.

Surah al-Ma'arij

[The Ways of Ascent]

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem

1. A demander demanded for a punishment bound to happen
2. To the disbelievers [due to denial of Wilayat e Ali swsa]; of it there is no preventer.
3. [It is] from Allah, owner of Mai'rajs [& the ways of ascent].
4. The angels and the Rooh ascend to Him [in the morning of Lailatul Qadr from the Nabi sawaw & the Imams swsa] in a Day the extent of which is fifty thousand years.
5. So be patient with gracious patience.
6. Indeed, they see it [as] distant,
7. But We see it [as] near.
8. On the Day the sky will be like murky oil [or molten copper],
9. And the mountains will be like wool,
10. And no friend will ask [anything of] a friend,
11. They will be made to see each other. The criminal will wish that he could be ransomed from the punishment of that Day by his children
12. And his wife and his brother
13. And Fasila [mother] who sheltered him
14. And whoever is on earth entirely [so] then it could save him.
15. Never! Indeed, it is the Flame [of Hell],
16. A remover of head skin.
17. It invites he who turned his back and went away [from the Haqq]
18. And collected [wealth] and hoarded [and did not spend in the Sabeel of Allah].
19. Indeed, mankind was created anxious:
20. When evil [poverty] touches him, distressed,
21. And when good [richness] touches him, withholding [of it],
22. Except the observers of Salaat [i.e. Shias of Ali swsa] –
23. Those who are constant in their Salaat
24. And those [who spend in the way of Mohammad o Aal e Mohammad swsa] within whose wealth is a known right
25. For the petitioner [Maola Mohammad sawaw who asked for Ajr-e-Risalat] and the deprived [Maola Ali swsa who was deprived of his rights] –
26. And those who believe in the Day of Recompense [and Zahoor of Qaim swsa]
27. And those who are fearful of the punishment of their Rabb –
28. Indeed, the punishment of their Rabb is not that from which one is safe –
29. And those who guard their chastity
30. Except from their wives or those their right hands possess, for indeed, they are not to be blamed –
31. But whoever seeks beyond that, then they are the transgressors –
32. And those who keep faithful to their trusts [Wilayat e Masumeen swsa] and covenant [of Wilayat]
33. And those who are in their testimonies [of Tauheed, Risalat, & Wilayat] upright [steadfast]
34. And those who guard their Salaat [by reciting all testimonies]:
35. They will be in gardens, honoured.
36. So what is [the matter] with those who disbelieve, hastening towards you [O Mohammad sawaw],,
37. From the right and the left in separate groups?
38. Does every person among them desire to enter a garden of Bliss?
39. Never! Indeed, We have created them from that [Nutfa] which they know.

وَإِنَّا لَنَعۡلَمُ أَنَّ مِنكُم مُّكَذِّبِينَ (٤٩) وَإِنَّهُۥ لَحَسۡرَةٌ عَلَى ٱلۡكَٰفِرِينَ (٥٠) وَإِنَّهُۥ لَحَقُّ ٱلۡيَقِينِ (٥١) فَسَبِّحۡ بِٱسۡمِ رَبِّكَ ٱلۡعَظِيمِ (٥٢)

اور ہم بیشک واقعی جانتے ہیں کہ یقیناً تم میں سے کچھ تکذیب کرنے والے ہیں۔ اور بیشک یہ (محمدؐ) کافروں کیلئے موجبِ حسرت ہے۔ اور بیشک یہ (علیؑ) یقینی حق ہے۔ پس اپنے عظیم رب کے **اسم** کی تسبیح کرو۔

سُوۡرَةُ المَعَارِج

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیازِ عام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

سَأَلَ سَآئِلُۢ بِعَذَابٖ وَاقِعٖ (١) لِّلۡكَٰفِرِينَ لَيۡسَ لَهُۥ دَافِعٞ (٢) مِّنَ ٱللَّهِ ذِي ٱلۡمَعَارِجِ (٣) تَعۡرُجُ ٱلۡمَلَٰٓئِكَةُ وَٱلرُّوحُ إِلَيۡهِ فِي يَوۡمٖ كَانَ مِقۡدَارُهُۥ خَمۡسِينَ أَلۡفَ سَنَةٖ (٤) فَٱصۡبِرۡ صَبۡرٗا جَمِيلًا (٥) إِنَّهُمۡ يَرَوۡنَهُۥ بَعِيدٗا (٦) وَنَرَىٰهُ قَرِيبٗا (٧) يَوۡمَ تَكُونُ ٱلسَّمَآءُ كَٱلۡمُهۡلِ (٨) وَتَكُونُ ٱلۡجِبَالُ كَٱلۡعِهۡنِ (٩) وَلَا يَسۡـَٔلُ حَمِيمٌ حَمِيمٗا (١٠) يُبَصَّرُونَهُمۡۚ يَوَدُّ ٱلۡمُجۡرِمُ لَوۡ يَفۡتَدِي مِنۡ عَذَابِ يَوۡمِئِذِۭ بِبَنِيهِ (١١) وَصَٰحِبَتِهِۦ وَأَخِيهِ (١٢) وَفَصِيلَتِهِ ٱلَّتِي تُـٔۡوِيهِ (١٣) وَمَن فِي ٱلۡأَرۡضِ جَمِيعٗا ثُمَّ يُنجِيهِ (١٤) كَلَّآۖ إِنَّهَا لَظَىٰ (١٥) نَزَّاعَةٗ لِّلشَّوَىٰ (١٦) تَدۡعُواْ مَنۡ أَدۡبَرَ وَتَوَلَّىٰ (١٧) وَجَمَعَ فَأَوۡعَىٰٓ (١٨) ۞ إِنَّ ٱلۡإِنسَٰنَ خُلِقَ هَلُوعًا (١٩) إِذَا مَسَّهُ ٱلشَّرُّ جَزُوعٗا (٢٠) وَإِذَا مَسَّهُ ٱلۡخَيۡرُ مَنُوعًا (٢١) إِلَّا ٱلۡمُصَلِّينَ (٢٢) ٱلَّذِينَ هُمۡ عَلَىٰ صَلَاتِهِمۡ دَآئِمُونَ (٢٣) وَٱلَّذِينَ فِيٓ أَمۡوَٰلِهِمۡ حَقّٞ مَّعۡلُومٞ (٢٤) لِّلسَّآئِلِ وَٱلۡمَحۡرُومِ (٢٥) وَٱلَّذِينَ يُصَدِّقُونَ بِيَوۡمِ ٱلدِّينِ (٢٦) وَٱلَّذِينَ هُم مِّنۡ عَذَابِ رَبِّهِم مُّشۡفِقُونَ (٢٧) إِنَّ عَذَابَ رَبِّهِمۡ غَيۡرُ مَأۡمُونٖ (٢٨) وَٱلَّذِينَ هُمۡ لِفُرُوجِهِمۡ حَٰفِظُونَ (٢٩) إِلَّا عَلَىٰٓ أَزۡوَٰجِهِمۡ أَوۡ مَا مَلَكَتۡ أَيۡمَٰنُهُمۡ فَإِنَّهُمۡ غَيۡرُ مَلُومِينَ (٣٠) فَمَنِ ٱبۡتَغَىٰ وَرَآءَ ذَٰلِكَ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡعَادُونَ (٣١) وَٱلَّذِينَ هُمۡ لِأَمَٰنَٰتِهِمۡ وَعَهۡدِهِمۡ رَٰعُونَ (٣٢) وَٱلَّذِينَ هُم بِشَهَٰدَٰتِهِمۡ قَآئِمُونَ (٣٣) وَٱلَّذِينَ هُمۡ عَلَىٰ صَلَاتِهِمۡ يُحَافِظُونَ (٣٤) أُوْلَٰٓئِكَ فِي جَنَّٰتٖ مُّكۡرَمُونَ (٣٥) فَمَالِ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ قِبَلَكَ مُهۡطِعِينَ (٣٦) عَنِ ٱلۡيَمِينِ وَعَنِ ٱلشِّمَالِ عِزِينَ (٣٧) أَيَطۡمَعُ كُلُّ ٱمۡرِيٕٖ مِّنۡهُمۡ أَن يُدۡخَلَ جَنَّةَ نَعِيمٖ (٣٨) كَلَّآۖ إِنَّا خَلَقۡنَٰهُم مِّمَّا يَعۡلَمُونَ (٣٩)

سُوۡرَةُ المَعَارِج

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

سائل نے عذاب مانگا جو واقع ہو کر رہتا ہے۔ کافروں کیلئے (ولایتِ علیؑ کے انکار کی وجہ سے)، جس کو کوئی دفع کرنے والا نہیں۔ اس اللہ کی طرف سے جو معراجوں (اور معراجوں کے راستوں) کا مالک ہے۔ ملائکہ اور روح اس کی طرف بلند ہوتے ہیں (لیلۃ القدر کی صبح نبیؐ و آئمہ کے پاس سے) ایک یوم میں جس کی مقدار پچاس ہزار سال ہے۔ پس (اے حبیبؐ) صبر کرو اچھا صبر۔ وہ لوگ اسے دور دیکھتے (سمجھتے) ہیں۔ اور ہم اسے قریب دیکھتے ہیں۔ اس دن آسمان پگھلے ہوئے تانبے کی طرح ہو جائے گا۔ اور پہاڑ اون کی طرح ہو جائیں گے۔ اور کوئی ہمدرد دوست کسی ہمدرد دوست کو نہ پوچھے گا۔ وہ ایک دوسرے کو دکھائے جائیں گے؛ مجرم چاہے گا کہ اس دن کے عذاب سے (بچنے کیلئے) کاش وہ فدیہ میں دے سکے اپنے بیٹے۔ اور اپنی بیوی اور اپنا بھائی۔ اور فصیلہ (ماں) جو اسے پناہ دیتی تھی۔ اور ان سب لوگوں کو جو زمین میں ہیں، پھر وہ اپنے آپ کو نجات دلا دے۔ ہرگز نہیں؛ بیشک یہ شعلے والی آگ ہے۔ چہرے کی کھال کو ادھیڑ دینے والی۔ بلائے گی اس کو جس نے (حق سے) پیٹھ پھیری اور منہ موڑا۔ اور جمع کیا پھر سنبھال سنبھال کر رکھا (اللہ کی سبیل میں خرچ نہ کیا)۔ بیشک انسان جلدباز وبےچین خلق کیا گیا ہے۔ جب اسے بُری تکلیف (غربت) مس کرتی ہے تو گھبرا جاتا ہے۔ اور جب اسے بھلائی (امارت) مس کرتی ہے تو منع کرنے لگتا ہے۔ سوائے صلاۃ قائم کرنے والے (شیعانِ علیؑ) کے۔ جو لوگ اپنی صلاۃ پر دائم (مسلسل ہمیشہ قائم) ہیں۔ اور جن لوگوں کے اموال میں مقررہ حق ہے۔ سائل (مولا محمدؐ جس نے اجر رسالت کا سوال کیا) اور محروم (مولا علیؑ جسے حق سے محروم کر دیا گیا) کیلئے (یعنی محمدؐ و آل محمدؐ کی سبیل میں خرچ کرنے والے)۔ اور جو لوگ یومِ جزا (اور ظہورِ قائمؑ) کی تصدیق کرتے ہیں۔ اور جو لوگ اپنے رب کے عذاب سے ڈرتے ہیں۔ بیشک ان کے رب کا عذاب ایسا نہیں کہ کوئی اس سے محفوظ ہو۔ اور جو لوگ اپنی عصمت کی حفاظت کرتے ہیں۔ سوائے اپنی ازواج کے یا جو ان کے دائیں ہاتھ کی ملکیت ہیں پس بیشک وہ موردِ الزام نہیں ہیں۔ پھر جو اس کے علاوہ چاہیں تو وہ لوگ حد سے تجاوز کرنے والے ہیں۔ اور جو لوگ اپنی امانتوں (ولایتِ معصومینؑ) اور اپنے عہد (میثاقِ ولایت) کی حفاظت کرتے ہیں۔ اور جو لوگ اپنی **شہادات** (توحید، رسالت، امامت کی شہادات) پر قائم رہتے ہیں۔ اور جو لوگ اپنی **صلاۃ** کی حفاظت کرتے ہیں۔ وہ لوگ جنت میں باعزت ہوں گے۔ پس (اے حبیبؐ) کیا ہے ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا ہے تمہاری طرف دوڑے چلے آ رہے ہیں۔ دائیں طرف سے اور بائیں طرف سے مختلف گروہوں میں۔ کیا ان میں سے ہر شخص طمع رکھتا ہے کہ اسے نعیم والی جنت میں داخل کر دیا جائے۔ ہرگز نہیں؛ بیشک ہم نے ان کو اس (نطفے) سے خلق کیا ہے جس کو وہ جانتے ہیں۔

40. So I swear by the Rabb of the Easts [Mohammad sawaw & Ali swsa] and the Wests [Hassan swsa & Hussain swsa] that indeed We are Able
41. To replace them with better than them; and We are not to be overcome.
42. So leave them to converse vainly and play themselves until they meet their Day which they are promised –
43. The Day they will emerge from the graves rapidly as if they were, toward an altar, hastening.
44. Their eyes cast down, humiliation will cover them. That is the Day [of Zahoor of Qaim swsa] which they had been promised.

Surah Nuh [a.s.]

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem

1. Indeed, We sent Nuh to his people, [saying], "Warn your people before there comes to them a painful punishment."
2. He said, "O my people, indeed I am to you a clear warner,
3. [Saying], 'Worship Allah, fear Him and obey me.
4. He [i.e. Allah] will forgive you of your sins and delay you for a specified term. Indeed, the time [set by] Allah, when it comes, will not be delayed, if you only knew.' "
5. He said, "My Rabb, indeed I invited my people [to truth] night and day.
6. But my invitation increased them not except in flight [i.e. aversion].
7. And indeed, every time I invited them that You may forgive them, they put their fingers in their ears, covered themselves with their garments, persisted, and were arrogant with [great] pride.
8. Then I invited them publicly.
9. Then I announced to them and [also] confided to them secretly
10. And said, 'Ask forgiveness of your Rabb. Indeed, He is ever a Perpetual Forgiver.
11. He will send [rain from] the sky upon you in abundant showers
12. And give you increase in wealth and children and provide for you gardens and provide for you rivers.
13. What is [the matter] with you that you do not attribute to Allah [due] grandeur [i.e. they are afraid of the Greatness of Allah]
14. While He has created you having [different] ways [of behaviour]?
15. Do you not see how Allah has created seven heavens in layers
16. And made the moon therein a light and made the sun a lamp?
17. And Allah has caused you to grow from the earth a [progressive] growth.
18. Then He will return you into it and extract you [another] extraction.
19. And Allah has made for you the earth an expanse
20. That you may go along therein wide paths.' "
21. Nuh said, "My Rabb, indeed they have disobeyed me and followed him whose wealth and children will not increase him except in loss.
22. And they conspired an immense conspiracy
23. And said, 'Never leave your gods and never leave Wadd nor Suwa or Yaghoos and Ya'ooq and Nasr.'

فَلَآ أُقۡسِمُ بِرَبِّ ٱلۡمَشَٰرِقِ وَٱلۡمَغَٰرِبِ إِنَّا
لَقَٰدِرُونَ (٤٠) عَلَىٰٓ أَن نُّبَدِّلَ خَيۡرٗا مِّنۡهُمۡ وَمَا
نَحۡنُ بِمَسۡبُوقِينَ (٤١) فَذَرۡهُمۡ يَخُوضُواْ
وَيَلۡعَبُواْ حَتَّىٰ يُلَٰقُواْ يَوۡمَهُمُ ٱلَّذِي يُوعَدُونَ
(٤٢) يَوۡمَ يَخۡرُجُونَ مِنَ ٱلۡأَجۡدَاثِ سِرَاعٗا
كَأَنَّهُمۡ إِلَىٰ نُصُبٖ يُوفِضُونَ (٤٣) خَٰشِعَةً
أَبۡصَٰرُهُمۡ تَرۡهَقُهُمۡ ذِلَّةٞۚ ذَٰلِكَ ٱلۡيَوۡمُ ٱلَّذِي كَانُواْ
يُوعَدُونَ (٤٤)

پس نہیں، میں قسم کھاتا ہوں مشرقوں (محمدؐ وعلیؑ) اور مغربوں (حسنؑ وحسینؑ) کے رب کی بیشک ہم واقعی قادر ہیں۔ اس پر کہ ہم ان کی جگہ ان سے بہتر لوگ لے آئیں، اور ہم پر کوئی سبقت لینے والا نہیں۔ پس چھوڑ دو ان کو کہ وہ فضول بحث (نکتہ چینی) کریں اور وہ کھیلیں حتیٰ کہ وہ اپنے دن کو آملیں جس کا ان دے وعدہ کیا جا رہا ہے۔ اس دن وہ اپنی قبروں سے سرعت سے نکلیں گے گویا کہ وہ (اپنے) نصب کئے ہوئے بتوں کی طرف دوڑے جا رہے ہیں۔ ان کی نگاہیں نیچی ہوں گی ذلت ان پر چھائی ہو گی؛ یہ وہ (ظہور قائمؑ کا) دن ہے جس کا ان سے وعدہ کیا جا رہا ہے۔

سُوۡرَةُ نُوح

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

إِنَّآ أَرۡسَلۡنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوۡمِهِۦٓ أَنۡ أَنذِرۡ قَوۡمَكَ مِن
قَبۡلِ أَن يَأۡتِيَهُمۡ عَذَابٌ أَلِيمٞ (١) قَالَ يَٰقَوۡمِ إِنِّي
لَكُمۡ نَذِيرٞ مُّبِينٌ (٢) أَنِ ٱعۡبُدُواْ ٱللَّهَ وَٱتَّقُوهُ
وَأَطِيعُونِ (٣) يَغۡفِرۡ لَكُم مِّن ذُنُوبِكُمۡ وَيُؤَخِّرۡكُمۡ
إِلَىٰٓ أَجَلٍ مُّسَمًّىۚ إِنَّ أَجَلَ ٱللَّهِ إِذَا جَآءَ لَا يُؤَخَّرُۘ
لَوۡ كُنتُمۡ تَعۡلَمُونَ (٤) قَالَ رَبِّ إِنِّي دَعَوۡتُ
قَوۡمِي لَيۡلٗا وَنَهَارٗا (٥) فَلَمۡ يَزِدۡهُمۡ دُعَآءِيٓ إِلَّا
فِرَارٗا (٦) وَإِنِّي كُلَّمَا دَعَوۡتُهُمۡ لِتَغۡفِرَ لَهُمۡ
جَعَلُوٓاْ أَصَٰبِعَهُمۡ فِيٓ ءَاذَانِهِمۡ وَٱسۡتَغۡشَوۡاْ ثِيَابَهُمۡ
وَأَصَرُّواْ وَٱسۡتَكۡبَرُواْ ٱسۡتِكۡبَارٗا (٧) ثُمَّ إِنِّي
دَعَوۡتُهُمۡ جِهَارٗا (٨) ثُمَّ إِنِّيٓ أَعۡلَنتُ لَهُمۡ
وَأَسۡرَرۡتُ لَهُمۡ إِسۡرَارٗا (٩) فَقُلۡتُ ٱسۡتَغۡفِرُواْ
رَبَّكُمۡ إِنَّهُۥ كَانَ غَفَّارٗا (١٠) يُرۡسِلِ ٱلسَّمَآءَ
عَلَيۡكُم مِّدۡرَارٗا (١١) وَيُمۡدِدۡكُم بِأَمۡوَٰلٖ وَبَنِينَ
وَيَجۡعَل لَّكُمۡ جَنَّٰتٖ وَيَجۡعَل لَّكُمۡ أَنۡهَٰرٗا (١٢) مَّا
لَكُمۡ لَا تَرۡجُونَ لِلَّهِ وَقَارٗا (١٣) وَقَدۡ خَلَقَكُمۡ
أَطۡوَارًا (١٤) أَلَمۡ تَرَوۡاْ كَيۡفَ خَلَقَ ٱللَّهُ سَبۡعَ
سَمَٰوَٰتٖ طِبَاقٗا (١٥) وَجَعَلَ ٱلۡقَمَرَ فِيهِنَّ نُورٗا
وَجَعَلَ ٱلشَّمۡسَ سِرَاجٗا (١٦) وَٱللَّهُ أَنۢبَتَكُم مِّنَ
ٱلۡأَرۡضِ نَبَاتٗا (١٧) ثُمَّ يُعِيدُكُمۡ فِيهَا
وَيُخۡرِجُكُمۡ إِخۡرَاجٗا (١٨) وَٱللَّهُ جَعَلَ لَكُمُ
ٱلۡأَرۡضَ بِسَاطٗا (١٩) لِّتَسۡلُكُواْ مِنۡهَا سُبُلٗا
فِجَاجٗا (٢٠) قَالَ نُوحٞ رَّبِّ إِنَّهُمۡ عَصَوۡنِي
وَٱتَّبَعُواْ مَن لَّمۡ يَزِدۡهُ مَالُهُۥ وَوَلَدُهُۥٓ إِلَّا خَسَارٗا
(٢١) وَمَكَرُواْ مَكۡرٗا كُبَّارٗا (٢٢) وَقَالُواْ لَا
تَذَرُنَّ ءَالِهَتَكُمۡ وَلَا تَذَرُنَّ وَدّٗا وَلَا سُوَاعٗا وَلَا
يَغُوثَ وَيَعُوقَ وَنَسۡرٗا (٢٣)

سُوۡرَةُ نُوح

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیازعام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

بیشک ہم نے نوحؑ کو اس کی قوم کی طرف بھیجا کہ اپنی قوم کو خبردار کر اس سے قبل کہ ان پر ایک درد ناک عذاب آ جائے۔ اس نے کہا اے میری قوم بیشک میں تمہارے لئے واضح خبردار کرنے والا ہوں۔ کہ اللہ کی عبادت کرو اور اسی سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ وہ تمہارے لئے تمہارے گناہ بخش دے گا اور تمہیں ایک مقررہ مدت تک مؤخر کر دے گا؛ بیشک جب اللہ کی مدت آ جاتی ہے تو مؤخر نہیں کی جاتی کاش تم جانتے ہوتے۔ اس نے کہا اے میرے رب بیشک میں نے اپنی قوم کو رات اور دن دعوت دی۔ تو میری دعوت نے ان میں اضافہ نہیں کیا سوائے فرار کے۔ اور بیشک ہر دفعہ میں نے ان کو دعوت دی تاکہ تو ان کو بخش دے تو انہوں نے اپنے کانوں میں اپنی انگلیاں ٹھونس لیں اور اپنے کپڑوں سے اپنے کو ڈھانپ لیا اور انہوں نے اصرار کیا اور تکبر کرتے ہوئے بڑے بنے۔ پھر بیشک میں نے ان کو کھلے طور پر دعوت دی۔ پھر بیشک میں نے ان کیلئے علانیہ کہا اور رازدارانہ طور پر ان کیلئے میں نے چپکے سے کہا۔ تو میں نے کہا اپنے رب سے استغفار کرو؛ بیشک وہ ہمیشہ سے بہت بخشنے والا ہے۔ وہ آسمان سے تم پر خوب بارشیں برسائے گا۔ اور وہ تمہیں اموال اور اولاد میں بڑھائے گا اور تمہارے لئے باغات بنا دے گا اور تمہارے لئے نہریں بنا دے گا۔ تمہیں کیا ہے کہ تم اللہ کیلئے کسی وقار کی توقع نہیں رکھتے (یعنی اللہ کی عظمت سے خوف نہیں کھاتے)؟ اور تحقیق اس نے تمہیں مختلف اطوار (عادات) میں خلق کیا ہے۔ کیا تم نہیں دیکھتے کہ اللہ نے کس طرح سات آسمانوں کو اوپرتلے خلق کیا ہے۔ اور ان میں قمر کو نور بنایا ہے اور شمس کو چراغ بنایا ہے۔ اور اللہ نے تمہیں پیدا کرتے ہوئے زمین سے پیدا کیا۔ پھر وہ تمہیں اسی میں واپس لے جائے گا اور تمہیں نکالے گا (قبروں سے) نکالتے ہوئے۔ اور اللہ نے تمہارے لئے زمین کو بچھونا بنایا۔ تاکہ تم اس کے کھلے راستوں پر چلو۔ نوحؑ نے کہا اے میرے رب بیشک انہوں نے میری نافرمانی کی ہے اور انہوں نے ان (دولتمندوں) کا اتباع کیا جن کے مال اور اولاد نے ان کیلئے اضافہ نہیں کیا سوائے خسارے کے۔ اور انہوں نے بہت بڑی خفیہ تدبیریں چلیں۔ اور انہوں نے کہا اپنے معبودوں کو نہ چھوڑو اور نہ چھوڑو ود کو اور نہ سواع کو اور نہ یغوث اور یعوق اور نسر کو۔

24. And already they have misled many. And, [my Rabb], do not increase the wrongdoers except in error."
25. Because of their sins they were drowned and put into the Fire, and they found not for themselves besides Allah [any] helpers.
26. And Nuh said, "My Rabb, do not leave upon the earth from among the disbelievers an inhabitant.
27. Indeed, if You leave them, they will mislead Your servants and not beget except [every] wicked one and [confirmed] disbeliever.
28. My Rabb, forgive me and my parents and whoever enters my house [i.e. in Wilayat] a believer and the believing men and believing women. And do not increase the wrongdoers except in destruction."

Surah al-Jinn

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem

1. Say, [O Mohammad sawaw], "It has been revealed to me that a group of the jinn listened and said, 'Indeed, we have heard an amazing Qur'an [i.e. recitation].
2. It guides to the right path, and we have believed in it. And we will never associate with our Rabb anyone.
3. And [it teaches] that exalted is the Majesty of our Rabb; He has not taken a wife or a son
4. And that our foolish one [i.e. Iblees] has been saying about Allah an extravagant transgression.
5. And we had thought that mankind and the jinn would never speak about Allah a lie.
6. And that there were men from mankind who sought refuge in men from the jinn, so they [only] increased them in burden [i.e. sin].
7. And they had thought, as you thought, that Allah would never send anyone [as a Rasool].
8. And we have sought [to reach] the heaven but found it filled with powerful guards and burning flames [missiles].
9. And we used to sit therein in positions for hearing, but whoever listens now will find a burning flame waiting for him.
10. And we do not know [therefore] whether evil is intended for those on earth or whether their Rabb intends for them a right course.
11. And among us are the righteous, and among us are other than that; we are following different ways.
12. And we have become certain that we will never be able to subdue Allah upon earth, nor can we escape Him by flight.
13. And when we heard the guidance [Qur'an/ Wilayat e Maola], we believed in it. And whoever believes in his Rabb will not fear deprivation or burden.
14. And among us are Muslims [in submission to Allah], and among us are the unjust. And whoever has accepted Islam [i.e. testified Wilayat e Masumeen swsa] – those have sought out the right path.
15. But as for the unjust [usurper of Shaam & his company], they will be, for Hell, firewood.'
16. And [Allah revealed to me] that if they had remained steadfast on the way [of Wilayat e Ali swsa], We would certainly give them to drink abundant water [i.e. faith & knowledge]
17. So We might test them therein [by Ali swsa]. And whoever turns away from the Zikr of his Rabb He will put into arduous punishment.
18. And [He revealed] that the Masajid [the Imams swsa] are for Allah, so do not invoke with Allah anyone [i.e. don't take anyone Imam except Aal e Mohammad swsa].

وَقَدۡ أَضَلُّواْ كَثِيرٗاۖ وَلَا تَزِدِ ٱلظَّٰلِمِينَ إِلَّا ضَلَٰلٗا (٢٤) مِّمَّا خَطِيٓـَٔاتِهِمۡ أُغۡرِقُواْ فَأُدۡخِلُواْ نَارٗا فَلَمۡ يَجِدُواْ لَهُم مِّن دُونِ ٱللَّهِ أَنصَارٗا (٢٥) وَقَالَ نُوحٞ رَّبِّ لَا تَذَرۡ عَلَى ٱلۡأَرۡضِ مِنَ ٱلۡكَٰفِرِينَ دَيَّارًا (٢٦) إِنَّكَ إِن تَذَرۡهُمۡ يُضِلُّواْ عِبَادَكَ وَلَا يَلِدُوٓاْ إِلَّا فَاجِرٗا كَفَّارٗا (٢٧) رَّبِّ ٱغۡفِرۡ لِي وَلِوَٰلِدَيَّ وَلِمَن دَخَلَ بَيۡتِيَ مُؤۡمِنٗا وَلِلۡمُؤۡمِنِينَ وَٱلۡمُؤۡمِنَٰتِ وَلَا تَزِدِ ٱلظَّٰلِمِينَ إِلَّا تَبَارٗا (٢٨)

اور انہوں نے کثیر لوگوں کو گمراہ کیا اور ظالموں میں اضافہ نہ کر سوائے گمراہی کے۔ ان کی خطاؤں کی وجہ سے ہی وہ غرق کئے گئے اور نار میں داخل کر دیئے گئے، پھر انہوں نے اپنے لئے اللہ کے علاوہ کوئی مدد گار نہ پایا۔ اور نوحؑ نے کہا اے میرے رب کافروں میں سے کوئی زمین پر بسنے والا نہ چھوڑ۔ بیشک اگر ان کو تو نے چھوڑ دیا تو وہ تیرے بندوں کو گمراہ کریں گے اور وہ نہیں پیدا کریں گے مگر بدکار اور سخت کافر۔ اے میرے رب مجھے بخش دے اور میرے والدین کو اور جو مؤمن ہو کر میرے گھر (یعنی ولایت میں) داخل ہوا اور مؤمنین اور مؤمنات کو؛ اور ظالموں کیلئے اضافہ نہ کر سوائے تباہی (خسارے) کے۔

سُوۡرَةُ الجنّ

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیاز عام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

(اے حبیبؐ) کہہ دو میری طرف وحی کی گئی ہے بیشک جنوں کے ایک گروہ نے غور سے سنا پھر انہوں نے کہا بیشک ہم نے عجیب قرآن سنا ہے۔ جو صحیح راستے کی طرف ہدایت کرتا ہے پس ہم اس پر ایمان لے آئے ہیں؛ اور ہم اپنے رب کے ساتھ کسی ایک کو شریک نہیں کریں گے۔ اور بیشک ہمارے رب کی شان بہت بلند ہے نہ اس نے کوئی بیوی بنائی ہے اور نہ کوئی بیٹا۔ اور بیشک ہمارے بیوقوف لوگ اللہ کے بارے میں حد سے بڑھ کر ظلم کی باتیں کہتے رہے ہیں۔ اور بیشک ہمارا گمان تھا کہ انسان اور جن اللہ پر ہرگز جھوٹ نہیں بولیں گے۔ اور بیشک انسانوں میں سے کچھ لوگ جنوں میں سے کچھ لوگوں کی پناہ مانگا کرتے تھے تو انہوں نے ان کے بوجھ (خسارے) میں اضافہ کیا۔ اور بیشک انہوں نے ظن کیا جس طرح تم نے ظن کیا کہ اللہ ہرگز کسی کو مبعوث نہیں کرے گا۔ اور بیشک ہم نے آسمان کو ٹٹولا تو ہم نے اسے طاقتور پہرے داروں اور شہابوں سے بھرا پایا۔ اور بیشک ہم کچھ سننے کیلئے آسمان میں بہت سی جگہوں پر بیٹھا کرتے تھے؛ مگر اب جو سنے تو اپنے لئے گھات میں ایک شہاب لگا ہوا پاتا ہے۔ اور بیشک ہم نہیں جانتے تھے کہ آیا جو زمین میں (رہتے) ہیں ان کے ساتھ کوئی بُرا ارادہ کیا گیا ہے یا ان کے رب نے ان کے ساتھ صحیح رستے کا ارادہ کیا ہے۔ اور بیشک ہم میں سے کچھ صالح لوگ ہیں اور ہم میں سے کچھ اس کے علاوہ ہیں؛ ہم مختلف راستوں پر ہیں۔ اور بیشک ہم نے سمجھ لیا کہ ہم ہرگز اللہ کو زمین میں عاجز نہیں کرسکتے اور ہم ہرگز اسے بھاگ کر عاجز نہیں کر سکتے۔ اور بیشک جب ہم نے ہدایت (ولایتِ مولاؑ) سنی تو ہم اس پر ایمان لے آئے؛ پس جو اپنے رب پر ایمان لائے گا تو نہ اسے حق تلفی کا خوف ہوگا اور نہ ظلم کا۔ اور بیشک ہم میں سے کچھ مسلمان ہیں اور ہم میں سے کچھ ظالم ہیں؛ پس جو اسلام لے آیا (یعنی اقرارِ ولایتِ معصومینؑ کیا) تو اس نے صحیح رستہ ڈھونڈ لیا۔ اور رہے ظالم (غاصبِ شام اور اسکے ساتھی) تو وہ جہنم کا ایندھن ہیں۔ اور یہ (میری طرف وحی کی گئی ہے) کہ اگر وہ (ولایتِ علیؑ کے) راستے پر قائم رہتے تو ہم ضرور انہیں وافر پانی (ایمان وعلم) سے سیراب کرتے۔ تاکہ اس (علیؑ) سے ان کی آزمائش کریں؛ اور جو اپنے رب کے ذکر سے منہ موڑے گا وہ اس کو سخت عذاب میں ڈال دے گا۔ اور بیشک مساجد (آئمہؑ) اللہ کیلئے ہیں پس تم اللہ کے ساتھ کسی کو نہ پکارو (یعنی آلِ محمدؐ کے علاوہ کسی کو امام نہ بناؤ)۔

سُوۡرَةُ الجنّ

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

قُلۡ أُوحِيَ إِلَيَّ أَنَّهُ ٱسۡتَمَعَ نَفَرٞ مِّنَ ٱلۡجِنِّ فَقَالُوٓاْ إِنَّا سَمِعۡنَا قُرۡءَانًا عَجَبٗا (١) يَهۡدِيٓ إِلَى ٱلرُّشۡدِ فَـَٔامَنَّا بِهِۦۖ وَلَن نُّشۡرِكَ بِرَبِّنَآ أَحَدٗا (٢) وَأَنَّهُۥ تَعَٰلَىٰ جَدُّ رَبِّنَا مَا ٱتَّخَذَ صَٰحِبَةٗ وَلَا وَلَدٗا (٣) وَأَنَّهُۥ كَانَ يَقُولُ سَفِيهُنَا عَلَى ٱللَّهِ شَطَطٗا (٤) وَأَنَّا ظَنَنَّآ أَن لَّن تَقُولَ ٱلۡإِنسُ وَٱلۡجِنُّ عَلَى ٱللَّهِ كَذِبٗا (٥) وَأَنَّهُۥ كَانَ رِجَالٞ مِّنَ ٱلۡإِنسِ يَعُوذُونَ بِرِجَالٖ مِّنَ ٱلۡجِنِّ فَزَادُوهُمۡ رَهَقٗا (٦) وَأَنَّهُمۡ ظَنُّواْ كَمَا ظَنَنتُمۡ أَن لَّن يَبۡعَثَ ٱللَّهُ أَحَدٗا (٧) وَأَنَّا لَمَسۡنَا ٱلسَّمَآءَ فَوَجَدۡنَٰهَا مُلِئَتۡ حَرَسٗا شَدِيدٗا وَشُهُبٗا (٨) وَأَنَّا كُنَّا نَقۡعُدُ مِنۡهَا مَقَٰعِدَ لِلسَّمۡعِۖ فَمَن يَسۡتَمِعِ ٱلۡأٓنَ يَجِدۡ لَهُۥ شِهَابٗا رَّصَدٗا (٩) وَأَنَّا لَا نَدۡرِيٓ أَشَرٌّ أُرِيدَ بِمَن فِي ٱلۡأَرۡضِ أَمۡ أَرَادَ بِهِمۡ رَبُّهُمۡ رَشَدٗا (١٠) وَأَنَّا مِنَّا ٱلصَّٰلِحُونَ وَمِنَّا دُونَ ذَٰلِكَۖ كُنَّا طَرَآئِقَ قِدَدٗا (١١) وَأَنَّا ظَنَنَّآ أَن لَّن نُّعۡجِزَ ٱللَّهَ فِي ٱلۡأَرۡضِ وَلَن نُّعۡجِزَهُۥ هَرَبٗا (١٢) وَأَنَّا لَمَّا سَمِعۡنَا ٱلۡهُدَىٰٓ ءَامَنَّا بِهِۦۖ فَمَن يُؤۡمِنۢ بِرَبِّهِۦ فَلَا يَخَافُ بَخۡسٗا وَلَا رَهَقٗا (١٣) وَأَنَّا مِنَّا ٱلۡمُسۡلِمُونَ وَمِنَّا ٱلۡقَٰسِطُونَۖ فَمَنۡ أَسۡلَمَ فَأُوْلَٰٓئِكَ تَحَرَّوۡاْ رَشَدٗا (١٤) وَأَمَّا ٱلۡقَٰسِطُونَ فَكَانُواْ لِجَهَنَّمَ حَطَبٗا (١٥) وَأَلَّوِ ٱسۡتَقَٰمُواْ عَلَى ٱلطَّرِيقَةِ لَأَسۡقَيۡنَٰهُم مَّآءً غَدَقٗا (١٦) لِّنَفۡتِنَهُمۡ فِيهِۚ وَمَن يُعۡرِضۡ عَن ذِكۡرِ رَبِّهِۦ يَسۡلُكۡهُ عَذَابٗا صَعَدٗا (١٧) وَأَنَّ ٱلۡمَسَٰجِدَ لِلَّهِ فَلَا تَدۡعُواْ مَعَ ٱللَّهِ أَحَدٗا (١٨)

19. And that when the Abd [the Nabi sawaw] of Allah stood up calling Him [i.e. inviting to Wilayat e Ali swsa], they [Quraysh] almost became around him a compacted mass."
20. Say, [O Mohammad sawaw], "I only call [towards the Amr of] my Rabb and do not associate with Him anyone."
21. Say, "Indeed, I do not possess for you harm [if you turn away from Wilayat e Ali swsa] or right direction."
22. Say, "Indeed, there will never protect me from Allah anyone [if I conceal what has been commanded to me], nor will I find in other than Him a refuge.
23. But [I have for you] only delivery [of Wilayat e Ali swsa] from Allah, and His messages." And whoever disobeys Allah and His Rasool [regarding Wilayat e Ali swsa] – then indeed, for him is the fire of Hell; they will abide therein forever.
24. [The disbelievers continue] until, when they see that [Raj'at] which they are promised, then they [Fulan & Fulan & usurper of Shaam & their companions] will know who is weaker in helpers and less in number.
25. Say, "I do not know if what you are promised is near or if my Rabb will grant for it a [long] period."
26. [He is] Knower of the unseen, and He does not disclose His [knowledge of the] unseen to anyone
27. Except whom He makes Irtaza [Murtaza swsa] from the Rasool [sawaw], and indeed, He sends before him and behind him observers [i.e. the knowledge bestowed by Allah & the Rasool sawaw is in his heart]
28. That he [the Nabi sawaw] may make evident that they have conveyed the messages of their Rabb; and he [the Imam swsa] has encompassed whatever is with them and has enumerated all things in number [i.e. Imam e Mubeen swsa knows whatever has happened and what will happen from Azal to Abad].

Surah al-Muzzammil [sawaw]
[One who wears cloak of Tat'heer]

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem

1. O you who wraps himself in chador e Tat'heer [your feet are swollen by standing whole night in prayer, so],
2. Arise [to pray] in the night, but for a little –
3. Half of it – or a little less from it
4. Or add to it, and recite the Qur'an with measured rhythmic recitation.
5. Indeed, We will cast upon you a heavy word.
6. Indeed, the rising at night it is more potent way to tread [oneself] and more suitable for words [speech, decisions].
7. Indeed, for you by day is prolonged occupation.
8. And do Zikr of the name of your Rabb and devote yourself to him with [complete] devotion.
9. [He is] the Rabb of the East and the West; there is no God except Him, so take Him as Disposer of [your] affairs.
10. And be patient over what they say [about you] and avoid them with gracious avoidance.
11. And leave Me [to deal with] and the beliers [of your Wasi swsa], the possessors of wealth [in life], and allow them respite a little.
12. Indeed, with Us [for them] are shackles and burning fire
13. And food that chokes and a painful punishment –
14. On the Day the earth and the mountains will quake and the mountains will become a heap of sand pouring down.
15. Indeed, We have sent to you a Rasool as a witness upon you just as We sent to Fir'aoun a Rasool.
16. But Fir'aoun disobeyed the Rasool, so We seized him with a ruinous seizure.
17. Then how can you fear, if you disbelieve, a Day that will make the children grey-haired?
18. The heaven will break apart therefrom; ever is His promise fulfilled.

وَأَنَّهُۥ لَمَّا قَامَ عَبۡدُ ٱللَّهِ يَدۡعُوهُ كَادُواْ يَكُونُونَ
عَلَيۡهِ لِبَدٗا (١٩) قُلۡ إِنَّمَآ أَدۡعُواْ رَبِّي وَلَآ
أُشۡرِكُ بِهِۦٓ أَحَدٗا (٢٠) قُلۡ إِنِّي لَآ أَمۡلِكُ لَكُمۡ
ضَرّٗا وَلَا رَشَدٗا (٢١) قُلۡ إِنِّي لَن يُجِيرَنِي مِنَ
ٱللَّهِ أَحَدٞ وَلَنۡ أَجِدَ مِن دُونِهِۦ مُلۡتَحَدًا (٢٢) إِلَّا
بَلَٰغٗا مِّنَ ٱللَّهِ وَرِسَٰلَٰتِهِۦۚ وَمَن يَعۡصِ ٱللَّهَ
وَرَسُولَهُۥ فَإِنَّ لَهُۥ نَارَ جَهَنَّمَ خَٰلِدِينَ فِيهَآ أَبَدًا
(٢٣) حَتَّىٰٓ إِذَا رَأَوۡاْ مَا يُوعَدُونَ فَسَيَعۡلَمُونَ
مَنۡ أَضۡعَفُ نَاصِرٗا وَأَقَلُّ عَدَدٗا (٢٤) قُلۡ إِنۡ
أَدۡرِيٓ أَقَرِيبٞ مَّا تُوعَدُونَ أَمۡ يَجۡعَلُ لَهُۥ رَبِّيٓ
أَمَدًا (٢٥) عَٰلِمُ ٱلۡغَيۡبِ فَلَا يُظۡهِرُ عَلَىٰ غَيۡبِهِۦٓ
أَحَدًا (٢٦) إِلَّا مَنِ ٱرۡتَضَىٰ مِن رَّسُولٖ فَإِنَّهُۥ
يَسۡلُكُ مِنۢ بَيۡنِ يَدَيۡهِ وَمِنۡ خَلۡفِهِۦ رَصَدٗا (٢٧)
لِّيَعۡلَمَ أَن قَدۡ أَبۡلَغُواْ رِسَٰلَٰتِ رَبِّهِمۡ وَأَحَاطَ بِمَا
لَدَيۡهِمۡ وَأَحۡصَىٰ كُلَّ شَيۡءٍ عَدَدَۢا (٢٨)

اور بیشک جب اللہ کا عبدؑ اس کی دعوت کیلئے کھڑا ہوا (یعنی جب رسولؐ اللہ ولایتِ علیؑ کی دعوت کیلئے کھڑے ہوئے) تو قریب تھے کہ وہ (قریش) اس پر ہجوم کر آئیں۔ کہہ دو میں تو صرف اپنے رب (کے امر کی طرف تم) کو پکارتا ہوں اور میں اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا۔ کہہ دو بیشک میں تمہارے لئے نہ کسی ضرر کا اختیار رکھتا ہوں (اگر تم ولایتِ علیؑ سے منہ موڑ لو) اور نہ بھلائی کا۔ کہہ دو بیشک ہرگز مجھے اللہ سے کوئی نہیں بچا سکتا (اگر میں وہ چھپاؤں جس کا مجھے امر کیا گیا ہے) اور میں اس کے علاوہ ہرگز کوئی جائے پناہ نہیں پاتا۔ سوائے اللہ کی طرف سے (ولایتِ علیؑ) پہنچا دینا اور اس کے پیغامات؛ اور جو اللہ اور اس کے رسولؐ کی (ولایتِ علیؑ کے بارے میں) نافرمانی کرے تو بیشک اس کیلئے جہنم کی نار ہے اس میں وہ تاابد ہمیشہ رہیں گے۔ حتیٰ کہ جب وہ اس (رجعت) کو دیکھ لیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے تو ان (فلانے ڈھمکانے اور اہلِ شؤم اور انکے ساتھیوں) کو معلوم ہو جائے گا کہ کس کے مدد گار زیادہ کمزور ہیں اور کون تعداد میں کمتر ہے۔ کہہ دو کہ مجھے ادراک نہیں آیا وہ قریب ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہے یا میرا رب اس کیلئے لمبی مدت قرار دیتا ہے۔ وہ عالم الغیب ہے پس وہ اپنے غیب کو کسی پر ظاہر نہیں کرتا۔ سوائے جو ارتضٰی (مرتضٰیؑ) رسولؐ سے ہے تو بیشک اس کے آگے اور پیچھے محافظ لگا دیتا ہے (یعنی اللہ و رسولؐ کا عطا کردہ علم اس کے قلب میں ہے)۔ تاکہ وہ (نبیؐ) ظاہر کردے کہ انہوں نے اپنے رب کے پیغامات پہنچا دیئے اور وہ (امامؑ) احاطہ کئے ہوئے ہے ان سب چیزوں کا جو ان کے پاس ہیں اور اس نے ہر شئ کی تعداد گن رکھی ہے (یعنی امامِ مبینؑ ازل سے ابد تک جو ہو چکا ہے اور جو ہوگا سب جانتا ہے)۔

سُوۡرَةُ المُزمّلّ

اللہ کے اسم کے ساتھ جو سب پر بلا امتیاز عام رحم کرنے والا، مؤمنین پر خصوصی ابدی رحم کرنے والا ہے۔

اے مزملؑ (چادر تطہیر لپیٹنے والے۔ اے حبیبؐ رات بھر عبادت میں کھڑے رہنے سے تیرے قدموں میں ورم آ گیا ہے لہذا)۔ رات میں قیام کرو مگر قلیل۔ اس کا نصف یا اس سے کچھ کم کر لو۔ یا اس پر کچھ اضافہ کر لو اور قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر تلاوت کرو۔ بیشک ہم عنقریب تمہاری طرف ایک بھاری قول اتار رہے ہیں۔ بیشک رات کا اٹھنا (نفس کو) سخت پامال کرنے والا اور قول کو زیادہ درست بنانے والا ہے۔ بیشک تمہارے لئے دن میں طویل مصروفیت ہوتی ہے۔ اور اپنے رب کے **اسم** کا ذکر کرو اور سب سے کٹ کر اخلاص کے ساتھ خالص **اسی** کے ہو جاؤ۔ مشرق اور مغرب کا رب، کوئی معبود نہیں سوائے اس کے پس اسی کو وکیل بنا لو۔ اور صبر کرو اس پر جو وہ کہہ رہے ہیں (تمہارے بارے میں) اور اچھے طریقے کی دوری کے ساتھ ان سے الگ ہو جاؤ۔ اور چھوڑ دو مجھے اور (تمہارے وصیؑ کو) جھٹلانے والے خوشحال لوگوں کو اور ان کو تھوڑی سی مہلت دے دو۔ بیشک ہمارے پاس بیڑیاں اور بھڑکتی ہوئی آگ ہے۔ اور حلق میں پھنسنے والا طعام اور درد ناک عذاب ہے۔ اس دن زمین اور پہاڑ لرزیں گے اور پہاڑ بھربھری ریت کے ڈھیر بن جائیں گے۔ بیشک ہم نے تمہاری طرف ایک رسولؐ بھیجا ہے تم پر گواہ جس طرح ہم نے فرعون کی طرف ایک رسول بھیجا تھا۔ تو فرعون نے رسول کی نافرمانی کی تو ہم نے اسے تباہ کن گرفت سے پکڑ لیا۔ پھر تم کیسا تقویٰ کرتے ہو اگر تم اس دن کا کفر کرتے ہو جو بچوں کو سفید بالوں والا بوڑھا بنا دے گا۔ آسمان اس سے پھٹا جا رہا ہو گا؛ اس کا وعدہ پورا ہو کر رہنے والا ہے۔

سُوۡرَةُ المُزمّلّ

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

يَٰٓأَيُّهَا ٱلۡمُزَّمِّلُ (١) قُمِ ٱلَّيۡلَ إِلَّا قَلِيلٗا (٢)
نِّصۡفَهُۥٓ أَوِ ٱنقُصۡ مِنۡهُ قَلِيلًا (٣) أَوۡ زِدۡ عَلَيۡهِ
وَرَتِّلِ ٱلۡقُرۡءَانَ تَرۡتِيلًا (٤) إِنَّا سَنُلۡقِي عَلَيۡكَ
قَوۡلٗا ثَقِيلًا (٥) إِنَّ نَاشِئَةَ ٱلَّيۡلِ هِيَ أَشَدُّ وَطۡـٔٗا
وَأَقۡوَمُ قِيلًا (٦) إِنَّ لَكَ فِي ٱلنَّهَارِ سَبۡحٗا طَوِيلٗا
(٧) وَٱذۡكُرِ ٱسۡمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلۡ إِلَيۡهِ تَبۡتِيلٗا (٨)
رَّبُّ ٱلۡمَشۡرِقِ وَٱلۡمَغۡرِبِ لَآ إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ فَٱتَّخِذۡهُ
وَكِيلٗا (٩) وَٱصۡبِرۡ عَلَىٰ مَا يَقُولُونَ وَٱهۡجُرۡهُمۡ
هَجۡرٗا جَمِيلٗا (١٠) وَذَرۡنِي وَٱلۡمُكَذِّبِينَ أُوْلِي
ٱلنَّعۡمَةِ وَمَهِّلۡهُمۡ قَلِيلًا (١١) إِنَّ لَدَيۡنَآ أَنكَالٗا
وَجَحِيمٗا (١٢) وَطَعَامٗا ذَا غُصَّةٖ وَعَذَابًا أَلِيمٗا
(١٣) يَوۡمَ تَرۡجُفُ ٱلۡأَرۡضُ وَٱلۡجِبَالُ وَكَانَتِ
ٱلۡجِبَالُ كَثِيبٗا مَّهِيلًا (١٤) إِنَّآ أَرۡسَلۡنَآ إِلَيۡكُمۡ
رَسُولٗا شَٰهِدًا عَلَيۡكُمۡ كَمَآ أَرۡسَلۡنَآ إِلَىٰ فِرۡعَوۡنَ
رَسُولٗا (١٥) فَعَصَىٰ فِرۡعَوۡنُ ٱلرَّسُولَ
فَأَخَذۡنَٰهُ أَخۡذٗا وَبِيلٗا (١٦) فَكَيۡفَ تَتَّقُونَ إِن
كَفَرۡتُمۡ يَوۡمٗا يَجۡعَلُ ٱلۡوِلۡدَٰنَ شِيبًا (١٧) ٱلسَّمَآءُ
مُنفَطِرُۢ بِهِۦۚ كَانَ وَعۡدُهُۥ مَفۡعُولًا (١٨)

19. Indeed, this is a Tazkirah [reminder], so whoever wants may take to his Rabb Sabeel [way].
20. Indeed, your Rabb knows, [O Mohammad sawaw], that you stand [in prayer] almost two thirds of the night or half of it or a third of it, and [so do] a group of those with you. And Allah determines [the extent of] the night and the day. He has known that you [Muslims] will not be able to count it and has turned to you in forgiveness, so recite what is easy [for you] of the Qur'an. He has known that there will be among you those who are ill and others traveling throughout the land seeking [something] of the bounty of Allah and others fighting for the Sabeel of Allah. So recite what is easy from it and establish Salaat and give Zakaat and loan Allah a goodly loan. And whatever good you send forward for yourselves – you will find it with Allah. It is better and greater in reward. And seek forgiveness of Allah. Indeed, Allah is Forgiving Merciful.

Surah al-Muddassir [sawaw]

[One who wears Chador-e-Tat'heer]

With the Ism of Allah the Rahman the Raheem

1. O you who covers himself [with Kisa al-Yamani],
2. Arise [in Raj'at] and warn
3. And magnify your Rabb
4. So purify who returns to you
5. And avoid unclean [evil ones]
6. And you do not confer favour to acquire more [i.e. Allah does not want majority of so-called Muslims]
7. And for your Rabb be patient.
8. And when the trumpet is blown [and Jibraeel will announce the Zahoor of Wali Ullah Hujjat ibn al-Hassan al-Qaim bil Haqq swsa],
9. Then that Day will be a difficult day
10. For the disbelievers – not easy.
11. Leave Me [to deal] with the one I created alone [illegitimate enemy of Haqq: Waleed bin Mugheera who mocked the Nabi sawaw]
12. And to whom I granted extensive wealth
13. And children present [with him]
14. And spread [everything] for him, easing [his life].
15. Then he desires that I should add more.
16. Never! Indeed, he has been toward Our Ayaat opposing [i.e. he opposes Rasool Allah sawaw due to Wilayat e Ali swsa].
17. I will cover him with arduous torment.
18. Indeed, he thought and planned [that after Rasool Allah sawaw they will not allow allegiance to Ali swsa to occur].
